کچھ بھی ہو مولانا محمد علی کے انتقال کو ہندوستان کا زبردست اور ناقابل تلافی نقصان سمجھ رہا ہے اور واقعی ہندوستان کی اس سے زیادہ بدقسمتی اور کیا ہو سکتی ہے کہ وہ مولانا محمد علی ایسے خادم ملک و قوم کی خدمات سے محروم ہو گیا اور وہ قوم کیوں نہ ماتم کرے جو آج منزل مقصود کے قریب گرمنزل مقصود تک پہونچنے سے پہلے اپنے رہنما کی رہنمائی سے محروم ہو کر بے یار و مددگار رہ گئی۔

زمیندار

جوہر کے انتقال کی جانکاہی تھی ... ہر فرد قوم رنج سے ہے بیقرار آج
ثابت یہ کہہ رہا ہے لباس کبود رنگ ... ہے لہر آسماں بھی ہوا سوگوار آج
کسا ہوا ہے چہرہ مہتاب رنج سے ... دنیا کا آفتاب بھی ہے تار تار آج
اہمیت ہے کہ گریہ شبنم کو دیکھ کر ... گلشن میں ہے نم گل بھی ہوئی اشکبار آج
دشمن بھی نوحہ خواں ہے ترے جنازہ کو دیکھ کر ... تنہا نہیں الم میں ترے دوستدار آج
کاشانۂ وطن میں بچھی شمع صفو فشاں
رخصت ہوئی چمن سے چمن کی بہار آج

ہلال

آخر جس روز کا دھڑکا لگا ہوا تھا آ گیا اور سینہ وہلوکر رہ گیا۔ رپورٹر کی تیز زبان ہمارے کلیجوں پر خنجر چلا گئی۔ آج وہ سرفروش دنیا میں نہیں ... آج ملت کو ایسا غم کھانے کے لئے چھوڑ گیا۔

محمد علی! آہ محمد علی! آج اس عالم آب و گل میں نہیں لیکن محمد علی کے وہ نقوش قلم یزل اب بھی موجود ہیں جن کے اندر حریت و آزادی، شجاعت و ہمت صداقت و ایثار کے ہزاروں جلوے ملیں گے۔ کیا ملت عزیز کے اس سرمایہ گراں ارزش کے کھوئے جانے کے بعد ہم اس کی وراثت ذہنی دعلمی کے حقدار نہیں؟ ہیں اور ضرور ہیں۔

ہمدم

اسلامی ہند آج اُس فدائے قوم کے ماتم میں نوحہ خواں ہے جس کی قوم پروری ضرب المثل تھی جس کی جدوجہد نے مسلمانان ہند کو خواب گراں سے بیدار کر کے شاہراہ ترقی پر لگا دیا جس نے اخلاق کے نتھنے ہوؤں کے ٹھوکر اغیار کے حملے برداشت کئے مگر قوم کا ساتھ نہ چھوڑا ... مولانا محمد علی اُن برگزیدہ ہستیوں میں سے تھے جنہیں قدرت اس لئے پیدا کرتی ہے کہ وہ دنیا میں انقلاب پیدا کر دیں ... خیالات فاسدہ کو فنا کر کے ایسے جذبات برانگیختہ کریں جس سے ارتقائے نسل انسانی کو مدد ملے۔

پیغام صلح

اے خدا! اس تحفۂ اجمال کے زمانہ میں بدنصیب و مظلوم مسلمان اس درد انگیز اور منحوس تیر کو کس طرح سہیں کہ رئیس الاحرار شہید ملت مولانا محمد علی جوہر ایڈیٹر کامریڈ و ہمدرد کا ۴ جنوری کو لندن میں انتقال ہو گیا۔ آہ عالم اسلامی کا مایہ ناز فرزند مسلمانان ہند کا جلیل القدر رہنما ... کا علمبردار سیاست اسلامی کا ماہر آج مسلمان ... وطن کا شیدائی آج دین و وطن پر قربان ہو گیا۔ انا للہ ...

(باقی صفحہ ۷ پر ملاحظہ فرمائیے)

احمدآباد میں ہڑتال

تمام مل اور کارخانے بند ہے

احمدآباد ۶ جنوری۔ مولانا محمد علی کی وفات حسرت آیات کے ماتم میں کل تمام ملوں میں ہڑتال منائی گئی اور جملہ کارخانے بند رہے۔ بعض ملوں کو لوگوں نے زبردستی بند کرا دیا اور ان کے سامنے مجمع ... کی۔ (ا۔پ)

آہ محمد علی

(از ڈاکٹر سعید احمد صاحب بریلوی)

جا ہی پہونچا آج تو بھی آہ! بی اماں کے پاس
داغ لگتا تھا یہ انگلستان ہی کے نام پر
راہ آزادی میں دیدی جان ہو کر بیقرار
تو گیا تھا ہم کو آزادی دلانے کے لئے
کیا غلاموں کی قیادت سے وہاں شرم آ گئی
قوم کو چھوڑا اسی ذلت میں مرنے کے لئے
کہہ دیا تھا صاف تو نے بر سر اجلاس عام
آشکارا مر کے راز بزم شور ے کر دیا
ایسی نفرت ہو گئی تھی اس غلامستان سے
روٹھنے والے! اگر ہم تجھ کو کیسے چھوڑ دیں
بچہ بچہ ہے وطن کا آج سرگرم فغاں
اک طرف ماتم میں تیرے "جامعہ" ہے سوگوار
عالموں کی انجمن پر مردنی چھائی ہوئی
کانگریس کی محفلیں سونی نظر آتی ہیں آج
مادر ہند آج ہے ماتم کناں تیرے لئے
کیسے تو لندن میں رہتا سبھوں کو چھوڑ کر
تو نہ آیا پس، جنازہ تیرا لایا جائے گا
مرجع احرار ہو گا ہند میں تیرا مزار

بزم آرا جس جگہ ہیں اجمل و بی آرد اس
موت کی بجلی گرائی ضیغم اسلام پر
آہ اے شیدائے حریت وطن تجھ پر نثار
قوم کو قید غلامی سے چھڑانے کے لئے
روح جو قید بدن سے اس قدر گھبرا گئی
اس سیہ بختی پہ اپنی صبر کرنے کے لئے
میں وطن میں جاؤں گا، الپس نہ بننے کو غلام
جو زباں سے کہہ چکا تھا اس کو پورا کر دیا
قبر کو دو گز زمیں مانگی تو انگلستان سے
رشتۂ الفت بھلا کر دل سے بالکل توڑ دیں
تیرے غم میں بن گیا بزم عزا ہندوستاں
اک طرف "دارالخلافت" فرط غم سے اشکبار
شدت رنج و الم سے "لیگ" گھبرائی ہوئی
غمزدوں کے دل کی آہیں تا فلک جاتی ہیں آج
ہندو و مسلم ہیں مصروف فغاں تیرے لئے
قبر میں کیا چین آتا دیس سے منہ موڑ کر
پھر تجھے آغوش مادر میں سلایا جائے گا
تیری حق گوئی زمانے میں رہے گی یادگار

خدمت قوم و وطن میں جان دینا عید ہے
حق یہ ہے مردہ ہیں ہم تو زندہ جاوید ہے

ڈالے گی۔ اور کس کے برکاتِ تیور فرا عنہ یوروپ میں گھبراہٹ پیدا کریں گے افسوس اب محمد علی دنیا میں موجود نہیں۔ مسلمانوں میں اس کے تصور کی بھی تاب نہ تھی مگر مشیت نے اس کو واقعہ کر دیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

اودھ اخبار

لندن کی اس منحوس خبر نے کہ ہندوستان کے رہنمائے اعظم مولانا محمد علی نے جو محض آزادی کا مطالبہ کرنے لندن تشریف لے گئے تھے وطن سے دور وطن کی خدمت انجام دیتے ہوئے حقیقی مگر ذاتی آزادی حاصل کر لی اور ۴ جنوری ۱۹۳۱ء کو انتقال فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ہندوستان میں ماتم کدہ کی فضائیں پیدا کر دیں اور آج ہر ہندوستانی خواہ اُس کا نقطۂ نظر

بڑی بڑی امیدیں وابستہ تھیں، انہوں نے گول میز کانفرنس میں تقریر کرتے ہوئے صحیح کہا تھا شاید کوئی غیبی طاقت اس سے کہلا رہی تھی کہ "میں غلام ملک میں ہرگز واپس نہ جاؤں گا، اگر تم نے ہندوستان کو آزاد نہ کیا تو میں یہیں مر جاؤں گا، تمہیں یا تو آزادی کا پروانہ میرے حوالے کرنا پڑے گا یا میرے لئے قبر مہیا کرنی ہوگی" آہ! کس کو معلوم تھا کہ یہ الفاظ اس قدر صحیح نکلیں گے، اور شمع ملت کا یہ پروانہ اتنی جلدی جل بجھے گا۔

ہمت

مسلمانوں کے لئے مولانا محمد علی کی موت ہر زمانہ میں ایک مصیبت ہوتی لیکن اس زمانہ میں مصیبت عظیم ہے۔ مسلمانان ہند کے لئے ایسا نازک زمانہ

مصری قرآن شریف۔ مجلد چرمی ایک روپیہ بارہ آنہ ۔ ... قرآن مجید مصری مجلد چرمی ... کلام مجید ... حمائل شریف مصری مجلد چرمی ایک روپیہ ... قرآن مجید ملنے کا پتہ: مولوی محمد ابراہیم خاں ... دہلی

پورے اسلامی کتب خانہ کی برابر

ایک زبردست اسلامی انسائیکلوپیڈیا

جو سارے اسلامی ضخیم کتابوں کی روح اور سینکڑوں ہزاروں دینی اور دنیاوی مسائل ہیں

فلاح دین و دنیا

کاغذ اعلیٰ تقطیع بڑی کتابی	مختصر فہرست مضامین فلاح دین و دنیا				کتابت و طباعت لاجواب
باب ہفتم حیات و ممات	حقوق اللہ و حقوق العباد				باب اول عقائد

نئی روشنی کے مسلمان مذہب سے ناواقف ہیں

خواجہ بک ڈپو نمبر ۲۳ جامع مسجد دہلی

رمضان المبارک کے لئے سالانہ رعایتی اعلان

سحری اور افطار کے اوقات کی پابندی ... خواجہ حسن نظامی ...

المشتہر: الیکٹرو ٹائمنگ منیجر نصیر واچ کمپنی صدر بازار میرٹھ (یو۔پی)

آزمائی ہوئی شرطیہ علاج ... دربھنگہ ۵۲

عمر بڑھ سکتی ہے بڈھے جوان ہو سکتے ہیں

صورت کی تبدیلی ممکن ہے

لقمان الملک حکیم نابینا صاحب کا لاجواب نسخہ

عمل جراحی کے بغیر غدود کا پیوند

معجون مددگار غدود

چہرہ کی تبدیلی

عورتوں کے حسن کی واپسی

ملنے کا پتہ: احمد نبی منیجر رسالہ نظام المشائخ نمبر ۲۲ کوچہ چیلان دہلی

مشرق کا آفتاب مغرب میں غروب ہو گیا

مولانا محمد علی کی وفات حسرت آیات

بیت المقدس میں آخری آرامگاہ

لندن ۴ر جنوری ۔ مولانا محمد علی آج صبح ساڑھے نو بجے اس جہان فانی سے انتقال فرما گئے ۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

مولانا محمد علی نے نصف شب تک کام کیا ۔ مولانا نے ہند مسلمانوں سے آخری اپیل کی ہے کہ وہ اختلافات کو نظر انداز کر کے ہندوستانی قومیت کے لئے سعی و کوشش کریں ۔ یہ خیال ظاہر کیا جاتا ہے کہ مولانا کی فوری وفات خون کی ایک رگ پھٹ جانے کی وجہ سے ہوئی ۔ مولانا صبح پانچ بجے بیہوش تھے ۔ مولانا شوکت علی آئرلینڈ گئے ہوئے تھے ۔ آج صبح لندن پہنچے ۔ لیکن آپ کو اپنے برادر صغیر سے گفتگو کرنے کا موقع نہیں ملا ۔ مولانا شوکت علی نے فرمایا کہ مولانا ایک جری بہادر تھے اور لڑتے لڑتے ہی آپکا انتقال ہو گیا ۔

لندن ۸ر جنوری ۔ مولانا شوکت علی اور ان کے اعزا کا خیال تھا کہ مولانا محمد علی مرحوم کی نعش کو ہندوستان لیا جائے اور وہیں دفن کیا جائے چنانچہ اس امر کی اطلاع کسی اشاعت میں دی جا چکی ہے ۔ اب معلوم ہوا ہے کہ مفتی اعظم بیت المقدس نے مولانا شوکت علی کو تار دیا کہ مولانا مرحوم کی نعش کو مسجد حضرت عمرؓ (بیت المقدس) میں دفن کیا جائے ۔ کہا جاتا ہے کہ مولانا مرحوم کے اعزا نے مفتی اعظم کی پیشکش کو منظور کر لیا ہے اور اب مولانا مرحوم کی نعش ہندوستان آنے کی بجائے فلسطین جائے گی ۔

دہلی

بمبئی

کلکتہ

کراچی

لندن

پشاور

مراد آباد

رنگون

بنگلور

مدراس

لکھنو

علی گڈھ

پونا

بلگام

میرٹھ

امرتسر

اٹاوہ

لائلپور

لدھیانہ

راولپنڈی

مغل سرائے

دربھنگہ

بہرائچ

تعزیتی جلسوں کی رودادیں

مختلف مقامات کی اطلاعات

بربری مسلمانوں کی مظلومیت اور فرانس کا دعوی حریت

نابغۃ الادوان امیر شکیب ارسلان کی فرانس کو تنبیہ!

(ترجمہ خصوصی)

حضرت امیر لبنان نابغۃ الادوان امیر شکیب ارسلان موجودہ دنیائے اسلام کی ایک عظیم و جلیل ہستی ہیں ۔ انہوں نے پیرس کی جامع مسجد پر اظہار خیال کرتے ہوئے فرانس کی فطرت کو ذیل کے الفاظ میں بے نقاب کیا ہے ۔

لوگ کہتے ہیں کہ فرانس ایک اسلامی حکومت ہے کیونکہ ڈھائی کروڑ مسلمان اس کے زیر سایہ امن و امان کی زندگی گزارتے ہیں اور اس نے مسلمانوں کے لئے پیرس میں ایک جامع مسجد بھی بنا دی ہے جو اس بات کی دلیل ہے کہ ...

... اور وہ یوروپین کھانوں میں اصلاح کی ضرورت محسوس کرنے لگتے ہیں ۔

نوزان

دستخط امیر شکیب ارسلان

(الشوریٰ)

مملکت حجاز اور ٹرکی میں معاہدہ

اہم دفعات پر جانبین نے دستخط کر دیے

(ترجمہ خصوصی)

مملکت حجاز و نجد اور حکومت ترکی کے درمیان جو معاہدہ مکہ مکرمہ میں بتاریخ ۳ر اگست ۱۹۲۹ء مطابق ۲۷ر صفر ۱۳۴۸ھ طے ہوا تھا اور جس میں جانبین کے نمائندے شریک تھے ان کی دفعات کو مع تصدیق کے ذیل میں درج کیا جاتا ہے ۔

مملکت حجاز و نجد اور صدر جمہوریہ ترکیہ کے درمیان اتحاد و اتفاق کی بنیاد پر معاہدہ طے ہوا ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ دونوں حکومتوں کے درمیان استمراری اتحاد و روابط قائم رہیں ۔ اور حسن تفاہم کی روح میں ترقی ہوتی رہے ۔ جلالۃ الملک مملکت حجاز و نجد کی جانب سے فواد بک حمزہ وکیل ...

... پر تبادلہ کی تصدیق ہو جائے ۔

جدہ ۲۰ر رجب ۱۳۴۹ھ مطابق ۱۰ر دسمبر ۱۹۳۰ء

دستخط ۔ فواد حمزہ وکیل معاملات خارجیہ نمائندہ نجد و حجاز

" ۔ عبد الغنی سنی بک نمائندہ ترکی ۔ (ام القریٰ)

مکتوب مصر

شاہ فواد کی جانشینی کے مسئلہ پر اختلاف رائے

ناگ ہمادی کا بند مکمل ہو گیا

(ترجمہ خصوصی) (وقت جمعیۃ) (بذریعہ ہوائی ڈاک)

قاہرہ ۵ر جنوری ۔ گزشتہ ہفتہ کے اختتام پر ملکہ نازلی کے ہاں ایک لڑکی پیدا ہوئی ہے ۔ خیال کیا جاتا تھا کہ ملکہ کے ہاں لڑکا پیدا ہو گا

ناگ ہمادی کا عظیم الشان بند تیار ہو گیا

مجلس مقننہ کے آئندہ اجلاس میں سوالات کی بھرمار

آرڈیننسوں کو کس طرح بروئے کار لایا گیا؟

عام مدارس کی ترقی

پشاور میں مارشل لاء

سول نافرمانی کے جرم میں سزا یافتگان کی تعداد

کتنے اشخاص آرڈیننسوں کی زد میں آئے!

ایک دوسرے سوال کے ذریعہ سردار رنجیت سنگھ صاحب یہ دریافت کرنا چاہتے ہیں کہ آرڈیننس نمبر ۹ کے ماتحت کن کن علاقہ جات کو متشددہ قرار دیا جا چکا ہے ۔ ہر صوبہ میں رقبہ جات کے نام علیحدہ علیحدہ طور پر بتائے جائیں ۔ (پیلو)

کیا عراق کو جمعیۃ الاقوام کا رکن نہیں بنایا جائیگا؟

مصری اخبارات میں چہ میگوئیاں

عراق میں ایک اور انگریزی اخبار کا اجرار

بغداد ۵ر جنوری ۔ ایک مصری اخبار نے یہ خبر شائع کی ہے کہ ماموریٔ انتداب مستقل (پرمانٹ مینڈیٹ کمیشن) نے جمعیۃ الاقوام کی مجلس عاملہ کے نام ایک پوشیدہ مکتوب روانہ کیا ہے جس میں یہ شبہ ظاہر کیا گیا ہے کہ عراق سیاسی اور انتظامی پہلو سے ابھی اس قابل نہیں ہوا ہے کہ اس کو جمعیۃ الاقوام کا رکن بنایا جائے ۔

مقامی اخبارات میں مذکورہ خبر پر شدید نکتہ چینی کی جا رہی ہے معلوم ہوا ہے کہ سرکاری حلقوں نے اس خبر کی تصدیق نہیں کی ہے ۔ تاہم یہ خیال کیا جاتا ہے کہ ماموریٔ انتداب مستقل سے یہ دریافت کیا گیا ہے کہ بحالات موجودہ عراق جمعیۃ کا رکن بننے کی کس حد تک قابلیت رکھتا ہے ۔ برطانوی حکومت نے وعدہ کیا تھا کہ وہ جمعیۃ کے لئے عراق کی رکنیت کی سفارش ۱۹۳۲ء ...

... حصہ میں انگریزی ہوتی ہے اور دوسرے حصہ میں عربی ۔ یہ اخبار ایک عراقی کی ادارت میں نکل رہا ہے اس لئے خیال کیا جاتا ہے کہ اخبار مذکور مصری سیاست میں زیادہ حصہ لے گا ۔

مسٹر پٹیل سابق صدر اسمبلی کی رہائی

کانگریسی کارکنوں کی طرف سے پرجوش استقبال

کوئمبیٹور ۷ر جنوری ۔ مسٹر وی جے پٹیل سابق صدر اسمبلی سنٹرل جیل سے آج صبح ساڑھے آٹھ بجے رہا کر دئے گئے ۔ آپ کی میعاد سزا کو ختم ہونے میں ایک ماہ اکیس روز رہ گئے تھے ۔ آپ کی رہائی کے وقت جیل کے اندر مسٹر سلیبر ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اور سپرنٹنڈنٹ جیل موجود تھے رہائی کے وقت کانگریسی کارکن اور کثیر لوگ جیل کے دروازہ پر موجود تھے جنھوں نے مسٹر پٹیل کا استقبال کیا ۔ اور آپ کو ہار پہنائے ۔ آپ ایک موٹر کار میں بیٹھ کر دین کٹرامانا آئینگر کے مکان پر تشریف لے گئے جہاں آپ نے قیام کیا ۔ آج رات آپ مدراس روانہ ہو جائیں گے اور وہاں سے جمعہ کے روز بمبئی تشریف لیجائیں گے ۔ (اپ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

۱۳ جنوری ۱۹۳۱ء

مولانا محمد علی مرحوم

دہلی میں حضرت ناظم الجمعیۃ کی آمد

اسٹیشن پر باشندگان دہلی کا ہجوم غفیر

مولانا محمد علی کے انتقال پر حضرت مولانا کا حزن و ملال

...آیا۔ حضرت مولانا احمد سعید صاحب نے فرمایا کہ اس وقت حضرت مولانا کے انتقال کا تازہ زخم ایسا ہے کہ ہم اس وقت مظاہرہ کو پسند نہیں کرتے جیسا کہ اب تک ہوا۔ ہماری دلی خواہش یہ ہے کہ لوگ اب منتشر ہو جائیں۔ اس کے بعد حضرت مولانا جمعیۃ علماء ہند واقع بلیماران میں تشریف لائے جہاں مسلمانوں کا مجمع کثیر حضرت مولانا کے ساتھ آیا اور دیر تک جیل کے حالات اور مولانا محمد علی کی وفات پر گفتگو ہوتی رہی۔ مولانا کی صحت بحمد اللہ اچھی ہے۔

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کی رہائی

دہلی کی مقامی حکومت کا خلاف قانون رویہ

لاہور ہائیکورٹ کا فیصلہ

دہلی ۱۱ جنوری۔ حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند ... لاہور ہائیکورٹ کے فیصلہ کے مطابق ... گجرات جیل سے رہا ہو گئے۔

... عدالت عالیہ نے اپنے فیصلہ میں لکھا ہے کہ ان میں سے کسی شخص نے عدالت ماتحت کی کارروائی میں حصہ نہیں لیا اور نہ ان میں سے کسی کی جانب ...

کے ہیں جیسا کہ مذکورہ بالا اشخاص کے مقدمہ میں لیکن مسٹر جسٹس نے فرمایا کہ ان لوگوں کی مسلیں سامنے موجود نہیں ہیں اس لئے کوئی رائے ظاہر نہیں کی جا سکتی۔

حضرت مولانا مفتی محمد نعیم صاحب لدھیانوی کو قید محض

آپ کو بی کلاس میں رکھا جائے گا

لدھیانہ ۸ جنوری۔ مولانا مفتی محمد نعیم رکن ورکنگ کمیٹی جمعیۃ علماء ہند کے خلاف ۶ ماہ سے مقدمہ زیر دفعہ ۱۰۸ چودھری میراں بخش مجسٹریٹ کی عدالت میں زیر سماعت تھا آج احاطہ جیل میں مجسٹریٹ نے اس کا فیصلہ سنایا ...

... کے ساتھ اے کلاس کا سلوک کیا جائے۔ معلوم ہوا ہے کہ معززین شہر اور وکلاء صاحبان کی طرف سے بھی یہ کوشش کی جا رہی ہے کہ مولانا کو اے کلاس میں رکھا جائے۔ فی الحال مولانا بی کلاس میں رکھے گئے ہیں۔

جمعیۃ علمائے آسام کے دفتر پر پولیس کا چھاپہ

ناظم جمعیۃ کی گرفتاری

سلہٹ (آسام) ۸ جنوری۔ پولیس نے مقامی جمعیۃ العلماء کے دفتر کی تلاشی لی۔ کاغذات اور دیگر اشیاء ضبط کر لیں اور ناظم جمعیۃ مولانا ... کو گرفتار کر لیا۔ (دپ)

ڈاکٹر ہرڈیکر کی سزایابی

چھ ماہ قید سخت اور جرمانہ

بمبئی ۱۰ جنوری۔ ڈاکٹر این ایس ہرڈیکر بانی ہندوستانی سیوادل کا مقدمہ آج چیف پریذیڈنسی مجسٹریٹ کے سامنے پیش ہوا۔ ڈاکٹر ہرڈیکر نے مقدمہ کی کارروائی میں حصہ لینے سے انکار کر دیا۔ مجسٹریٹ نے آپ کو چھ ماہ قید بامشقت اور دو سو روپیہ جرمانہ یا مزید ایک ہفتہ قید بامشقت کی سزا دی ہے۔

ڈاکٹر ہرڈیکر ہبلی میں ... کے ماتحت گرفتار کئے گئے تھے ... (دپ)

یوتھ لیگ کے ڈکٹیٹر کی برأت

عدالت عالیہ بمبئی نے ماتحت عدالت کے فیصلہ کو مسترد کر دیا

بمبئی ... جمعیۃ نوجوانان کو جسٹس مرفی اور جسٹس بیومونٹ نے بری کر دیا ہے ... (دپ)

بنارس کے ایک تھانہ میں بم پھٹ گیا

بنارس ۹ جنوری۔ گذشتہ رات گرنی کے تھانہ میں ایک بم پھٹ گیا ... کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی ہے۔

گجرات جیل سے رہائی کے بعد حضرت مولانا احمد سعید صاحب کا بیان

مولانا محمد علی کی وفات ایک قومی مصیبت ہے

ایثار و خدمت کی عدیم النظیر مثال

... میں جن کی یاد اہل ہند کے دلوں سے نہیں مٹ سکتی۔ وہ جب کسی کے مقابلہ میں ڈٹ جاتے تھے تو کبھی پیچھے ہٹنے کا نام نہ لیتے تھے انہوں نے ملک کے لئے لڑتے ہوئے جان دی اور اپنے پیچھے ایثار و خدمت کی نہایت عدیم النظیر مثال چھوڑی ہے ان کے محاسن کے دوست دشمن سب مداح تھے اور سچ تو یہ ہے کہ مسلمانوں میں ان کے مرنے سے جو جگہ خالی ہوئی ہے اس کا پُر ہونا محال ہے۔

گجرات جیل میں مولانا محمد علی کی روح کو ایصال ثواب

علماء و زعماء ہند کی طرف سے پیغام تعزیت

۵ جنوری ۱۹۳۱ء کو تین بجے شام مولانا محمد علی مرحوم کی وفات کی خبر گجرات جیل میں سنی گئی۔ تمام مسلمان اسیروں کو اس خبر سے سخت صدمہ پہنچا۔ اسی وقت تعزیت کا ایک تار ڈاکٹر انصاری صاحب نے اپنی طرف سے اور ایک تعزیت کا تار مولانا ظفر علی خاں صاحب، حضرت قبلہ مفتی محمد کفایت اللہ و حضرت مولانا احمد سعید صاحبان، مولانا حبیب الرحمن، ڈاکٹر محمد عالم، مسٹر آصف علی، مسٹر فرید الحق انصاری، خان محمد عبد الغفار خان پشاوری، شیخ حسام الدین، خواجہ عبد الرحمن غازی، خان علی گل خان اور آغا عبد اللہ باد شاہ سرحدی کی طرف سے بیگم صاحبہ مولانا محمد علی کو لندن بھیجے گئے۔ اور ۶ جنوری کی صبح کو سب مسلمان اسیروں نے جمع ہو کر قرآن شریف ختم کیا اور ایصال ثواب کر کے دعائے مغفرت کی۔

مولانا محمد علی کا آخری مکتوب وزیر اعظم کے نام

مسلمان بغیر کسی تامل کے سول نافرمانی کی تحریک میں شریک ہو نگے

فرقہ پرستی کی عمارت کو بیخ و بن سے اکھاڑ پھینکنے کی تجویز

لندن ۷ جنوری۔ مولانا محمد علی مرحوم نے اپنی وفات سے چند روز پیشتر وزیر اعظم کو چٹھی ارسال کی تھی اسکو خاص اہمیت دی جا رہی ہے چٹھی میں مولانا مرحوم نے فرقہ پرستی کا قلع قمع کرنے کے لئے بہترین تدابیر اختیار کرنے کی تجویز کا مضمون مرحوم کی جملہ تحریرات کے مانند موثر ہے اس میں آپ نے اپنی اس تجویز کو دہرایا ہے جو اس قاعدہ پر مبنی ہے کہ کوئی تحریک اسمبلی یا کونسل میں دیگر فرقہ جات کے آراء حاصل کئے بغیر منظور نہ کی جائے۔ سب سے زیادہ اہم بات یہ ہے کہ ...

... ہندوستان کی آزادی کی تحریک میں ... مسلمانوں کی آزادی بھی شامل ہوگی ... اگر یہ آزادی حاصل کرنے میں ناکام رہے تو بلا کسی تاخیر کے بغیر سول نافرمانی کی تحریک میں شریک ہو جائیں گے ...

مولانا محمد علی مرحوم کی صاحبزادی کی تلاشی

ریلوے پولیس کا مذموم رویہ

مراد آباد میں احتجاجی جلسہ

مراد آباد ۹ جنوری۔ کل شام کے وقت مولوی محمد یعقوب کی صدارت میں ایک عام جلسہ منعقد ہوا۔ ہندو و مسلمان کثیر تعداد میں شریک تھے۔ مقررین نے مولانا محمد علی مرحوم کی قومی و وطنی خدمات کا اعتراف کیا۔

ایک تجویز میں خفیہ پولیس کے اس رویہ کی سخت مذمت کی گئی جو کہ اس نے مولانا مرحوم کی صاحبزادی کی تلاشی لے کر ظاہر کیا ہے۔ کہا جاتا ہے مولانا مرحوم کی صاحبزادی اپنے والد کے انتقال کی خبر سن کر رامپور تشریف ...

تحقیقات سے معلوم ہوا ہے کہ تلاشی سے مقامی خفیہ پولیس کا کوئی تعلق نہیں تھا بلکہ ریلوے پولیس نے تلاشی لی تھی۔

مقامی جمعیۃ علماء کانگرس کمیٹی کے کارکنوں نے شہر میں ہڑتال کا اعلان کر دیا ہے۔ سیاہ جھنڈوں کے ساتھ جلوس نکالے جائیں گے اور جلسہ منعقد ہوگا۔

جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ کا اجلاس

حالات حاضرہ اور اہم امور پر غور کرنے کے لئے جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس عاملہ کا اجلاس بتاریخ ۲۵ شعبان ۱۳۴۹ھ مطابق ۱۵ جنوری ۱۹۳۱ء روز پنجشنبہ بمقام دفتر جمعیۃ علمائے ہند واقع بلیماران دہلی منعقد ہوگا۔ دفتر سے ایجنڈا جاری کر دیا گیا ہے۔ ارکان عاملہ کی خدمت میں التماس ہے کہ ۱۵ جنوری کی صبح تک دہلی تشریف لے آئیں۔ اور دہلی پہنچنے کے وقت سے مطلع فرمائیں تاکہ اسٹیشن پر استقبال کیا جا سکے۔

مشترکہ بورڈ کا تعزیتی جلسہ

تجویز یادگار کی تائید

مشترکہ بورڈ مسلم انجمن ہائے دہلی کا ایک غیر معمولی جلسہ بروز چہار شنبہ ۷ جنوری ۱۹۳۱ء بوقت شب منعقد ہوا اور حسب ذیل تجاویز منظور ہوئیں:

(۱) مشترکہ بورڈ مسلم انجمن ہائے دہلی کا یہ جلسہ مسلمانان ہند کے قائد اعظم مولانا محمد علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی وفات حسرت آیات پر اپنے انتہائی دلی رنج و ملال کا اظہار کرتا ہے ...

(۲) مشترکہ بورڈ مسلم انجمن ہائے دہلی کا یہ جلسہ جمعیۃ علمائے ہند کی تجویز ... یادگار ... کی پرزور تائید کرتا ہے ...

(۳) مشترکہ بورڈ مسلم انجمن ہائے دہلی کا یہ جلسہ تجویز کرتا ہے کہ مولانا شوکت علی صاحب و بیگم صاحبہ مولانا محمد علی کی خدمت میں ...

بیگم صاحبہ مولانا محمد علی کو وائسرائے کا برقی تار

ایک عظیم شخصیت کا فقدان

دہلی ۹ جنوری۔ وائسرائے ہند نے مولانا محمد علی کی بیگم صاحبہ کو سکرٹری آف سٹیٹ کی معرفت ذیل کا برقی تار ارسال کیا ہے۔ میں نے نہایت افسوس اور رنج کے ساتھ آپ کے خاوند کی وفات کی خبر سنی ہے۔ مجھے اس میں شبہ نہیں کہ مولانا کے اندر جو مفاد عام کا جذبہ تھا اس کی بناء پر مولانا کا نفر نس کی شرکت پر مجبور ہوئے جس کے بعد ان کی حالت تشویشناک ہو گئی تھی اور اسی کے سبب سے ان کی فوری موت واقع ہوئی۔ ہندوستان کو ایک عظیم شخصیت کے فقدان سے سخت نقصان پہنچا ہے۔ مجھے آپ سے اور آپ کے متعلقین سے ... دلی ہمدردی ہے۔

رئیس الاحرار مولانا محمد علی صاحب کی وفات حسرت آیات

قرآن خوانی اور ایصال ثواب

سرائے صالحہ ۹ جنوری ۱۹۳۱ء۔ آج سرائے صالحہ کی ... مسجد ... میں ... باشندگان ... مولانا مرحوم کے لئے دعائے مغفرت کی گئی ...

ناظم جمعیۃ علماء کا برقی تار مولانا شوکت علی کے نام

مولانا کی وفات ایک ناقابل تلافی نقصان ہے

دہلی ۸ جنوری۔ مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب نائب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے مولانا شوکت علی کو ذیل کا برقی تار ارسال کیا ہے:

"مولانا محمد علی کی وفات ایک ناقابل تلافی نقصان ہے ہم سب آپ کے اور آپ کے اہل خاندان کے غم میں شریک ہیں اور پورے صبر کے ساتھ گہری ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔"

صوبہ سندھ کے ماتحت مجلس کے ارکین کی فہرست

لندن ۱۰ جنوری۔ صوبہ سندھ کے مسئلہ پر غور کرنے کیلئے جو ماتحت مجلس مقرر کی گئی ہے وہ حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے۔

لارڈ رسل (صدر مجلس)، مارکوئیس آف زٹ لینڈ، لارڈ ریڈنگ، سر آغا خاں، مسٹر جناح، سر شاہنواز خاں بھٹو، سر غلام حسین ہدایت اللہ، سر ابراہیم، سر محمد شفیع، ڈاکٹر شفاعت احمد خاں، سردار سمپورن سنگھ، ڈاکٹر مونجے، مسٹر جیکر، راجا نرندرا ناتھ، مسٹر چنتامنی، مسٹر جادھو، سر فیروز سیٹھنا، مسٹر ... اور مسٹر ...

فیڈریشن کمیٹی کی رپورٹ

دو شنبہ کو سب کمیٹی میں پیش ہوگی

لندن ۹ جنوری۔ فیڈرل سب کمیٹی کے اجلاس میں لارڈ سینکی نے اعلان کیا مجھے امید ہے کہ میری کمیٹی کی رپورٹ دو شنبہ کی صبح کو کمیٹی کے ہاتھوں میں پہنچ جائے گی۔ اس لئے میں تجویز کرتا ہوں کہ اسی دن سہ پہر جلسہ منعقد کیا جائے۔ اگر ارکان کو رپورٹ پر کامل غور و خوض کا کافی موقع نہ ملا تو کمیٹی پھر جلسہ کر کے رپورٹ کا مطالعہ کرے۔ اور سہ شنبہ کی صبح کو پھر جلسہ کرے مجھے امید ہے کہ آئندہ پنج شنبہ کو کانفرنس کی کامل کمیٹی یا اس کے بعد اجلاس میں رپورٹ پیش ہو سکے گی۔ اگر ایسا ہوا تو کانفرنس کا اجلاس ۱۹ یا ۲۰ جنوری کو ختم ہو جائے گا۔

بعض گول میز یونگی ہندوستان کو روانگی

لندن ۹ جنوری۔ نواب صاحب بھوپال، سر ... پی راما سوامی آئر اور سر سلطان احمد کل لندن سے ہندوستان روانہ ہو گئے ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ جملہ گول میزی مندوبین ... جنوری تک ہندوستان روانہ ہو جائیں گے۔

حکومت خود اختیاری اور ہندوستان

برطانیہ کو کوئی خطرہ نہیں ہے

وزیر اعظم کا اظہار خیال

لندن ۸ جنوری۔ ... وزیر اعظم مسٹر میکڈانلڈ نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان کی ضروریات اور حکومت کے تحفظ کی تکمیل کے لئے حالات پیدا کئے جا رہے ہیں۔ ... ہندوستان کو حکومت خود اختیاری ... سے برطانیہ یا اس کی نو آبادیات کو کوئی نقصان پہنچنے کا اندیشہ نہیں ہے۔

برما میں باغیوں کا تعاقب جاری ہے

باغیوں کے سردار کی گرفتاری کے لئے انعام مقرر کر دیا گیا

رنگون ۸ جنوری۔ سرکاری افواج باغیوں کا تعاقب کرنے میں اس وقت تک مصروف ہیں۔ مزید ہنگامہ کی کوئی اطلاع نہیں ملی ہے ...

حکومت نے باغیوں کے سردار کی گرفتاری کے لئے انعام مقرر کیا ہے ... (دپ)

سکھدیو کی گرفتاری کے متعلق غلط فہمی کا ازالہ!

نمائندہ اخبار کی غلطی

لاہور ۹ جنوری۔ سابق مقدمہ سازش لاہور کے مفرور ملزم سکھدیو کی گرفتاری کی جو خبر حال میں شائع ہوئی تھی ...

احمد آباد میں زبردست پکٹنگ

بدیشی صنعت کے تیار شدہ مال کی فروخت بند ہو گئی

احمد آباد ۱۰ جنوری۔ رتن پول منڈی میں تقریباً پچاس دکانوں پر کل رضاکاروں نے زبردست پکٹنگ لگایا۔ ان پارچہ فروشوں نے مقامی کانگرس کمیٹی سے یہ وعدہ کر لیا تھا کہ ۱۵ مارچ تک بدیشی پارچہ جات فروخت نہیں کریں گے لیکن یہ لوگ اس وقت ایسے پارچہ جات فروخت کر رہے تھے جن کا سوت بدیشی تھا۔ اس پر مقامی کانگرس کمیٹی نے پکٹنگ شروع کر دیا۔ پکٹنگ نصف شب تک جاری رہا۔ پولیس بھی موقع پر پہنچ گئی اور مجمع کو منتشر کرنے کی کوشش کی۔ لیکن کچھ دیر بعد پولیس بھی واپس چلی گئی اور دکانداروں نے یہ وعدہ کر لیا کہ وہ ایسا مال فروخت نہیں کریں گے جس میں بدیشی سوت استعمال کیا گیا ہو۔ (دپ)

گجرات سپیشل جیل کو توڑ دینے کا ارادہ

گجرات ۸ جنوری۔ خیال کیا جاتا ہے کہ گجرات سپیشل جیل عنقریب توڑ دی جائیگی کیونکہ حکومت اس کے اخراجات برداشت نہیں کر سکتی۔ یہ بھی افواہ ہے کہ مرکزی جیلوں کے اندر ہی سیاسی قیدیوں کے لئے جداگانہ بلاک بنائے جائیں گے۔

ایک گمنام پمفلٹ

میرے نام دہلی سے چار صفحہ کا ایک مطبوعہ پمفلٹ آیا ہے جس میں پمفلٹ شائع کرنے والے کا نام و پتہ تو کجا اس مطبع کا نام تک درج نہیں ہے جہاں چھاپا گیا ہے۔ مضامین وہی ہیں جو ملا منظور الدین کے اخبار ... میں جمعیۃ علمائے ہند اور اس کے جناب صدر اور ناظم جیسے معزز و محترم ہستیوں کے متعلق ...

... اسی کے ساتھ میں حکومت کو یہ اطمینان دلاتا ہوں کہ اگر اس کا یہ خیال ہو کہ چند نالوں اور خود غرضوں کے ذریعہ جمعیۃ علمائے ہند کے خلاف غلط سلط الزاموں کا پروپیگنڈا کر کے وہ اس کی عظمت و عزت کو نقصان پہنچا لیگی ...

امرتسر کے حکیم صاحب رہا کر دیے گئے

مریض نارنگیوں کے بجائے بم دے گیا!

امرتسر ۱۰ جنوری۔ امرتسر کی پولیس نے ایک حکیم صاحب کو بم رکھنے کے جرم میں گرفتار کر لیا تھا اب معلوم ہوا ہے کہ حکیم صاحب رہا کر دئیے گئے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ بم نارنگیوں کی ٹوکری میں ... حکیم صاحب کے بیان ... ایک مریض نے ... کوئی چیز موجود ہے۔

مزید کانگرس کمیٹیاں خلاف قانون

گزٹ میں حکومت بمبئی کا اعلان

بمبئی ۱۰ جنوری۔ حکومت بمبئی نے گزٹ کی اشاعت غیر معمولی میں کانگرس کمیٹیوں کو اور دیگر متعلقہ سیاسی مجالس کو خلاف قانون قرار دیا ہے ...

کیا لارڈ سینکی اور وزیر ہند ہندوستان آئیں گے

ہندوستانی سیاسی حلقوں میں چہ میگوئیاں

...

مرکز میں ذمہ داری کا سوال

ہندوستانی مندوبین کی تقریریں

لندن ۷ جنوری۔ گول میز کانفرنس کی مجلس واضع دستور وفاقی کے اجلاس میں آج سر سی۔ پی راما سوامی آئر سر سلطان احمد اور سر علی امام نے تقریریں کیں تینوں اصحاب نے مرکز کو ذمہ داری دینے کی تائید کی۔

سر سی۔ پی راما سوامی آئر نے فرمایا اگر وزراء اور مجالس مقننہ کے شانوں پر ذمہ داری ڈالدی گئی تو وہ اپنی ذمہ داری کو حتی الامکان پورا کرنے کی کوشش کریں گے اور یہ یقینی امر ہے کہ وہ اپنی ذمہ داری کو پورا کرنے میں کامیاب ثابت ہوں گے۔

سر سلطان احمد کی تقریر

سر سلطان احمد نے اس برقی اثر کی طرف اشارہ کیا جو لارڈ ریڈنگ کی تقریر نے ہندوستان میں پیدا کر دیا ہے آپ نے فرمایا میں یقین کرتا ہوں کہ قدامت پسند جماعت بھی لارڈ ریڈنگ کے خیالات سے عنقریب متفق ہو جائیگی۔

سر سلطان احمد نے فرمایا اگر ہندوستان کو مطمئن نہیں کیا گیا تو وہ برطانیہ کے غیر مفید ثابت ہوگا اور اس کی وجہ سے دنیا کا امن و امان معرض خطرہ میں پڑ جائے گا۔ آپ نے سر سیموئل سے درخواست کی کہ وہ حقائق کو پیش نظر رکھتے ہوئے ہندوستانی مسائل پر غور کریں۔

سر راما سوامی آئر کی تقریر

سر سی پی راما سوامی آئر نے فرمایا کہ مدراس میں امن و قانون کے تحفظ کی ذمہ داری مسلسل پانچ سال تک ایک وزیر کے ذمہ رہی ہے۔ ...

ہے اس کا خاتمہ کر دیا جائے۔

(۲) صوبجاتی امور رجن میں قانون و امن کا قلمدان وزارت بھی شامل ہے) کا نظم و نسق خود صوبہ انجام دے لیکن وہ مجلس مقننہ کے سامنے ذمہ دار ہو۔

(۳) صوبجاتی مجلس عاملہ کی نوعیت وحدانی طرز کی ہو۔

(۴) انفرادی وزراء مشترکہ طور پر مجلس مقننہ کے سامنے ذمہ دار ہیں (راجہ نریندرا ناتھ مشترکہ ذمہ داری کے اصول سے اختلاف رکھتے ہیں)

(۵) (۱) وزراء کے انتخاب کی ذمہ داری گورنر پر عائد ہوگی۔

(ب) مجلس مقننہ میں جس رکن کے متبعین سب سے زیادہ تعداد میں ہونگے گورنر اسکو وزراء کے نام پیش کرنیکے لئے بیش کریگا۔

ج عام طور پر وزراء کا انتخاب منتخب شدہ اراکین مجلس مقننہ سے ہوگا۔

(د) غیر منتخب شدہ اور غیر سرکاری رکن اس حالت میں وزیر منتخب ہو سکیگا جبکہ وہ مجلس مقننہ میں چھ ماہ کے اندر اندر انتخاب حاصل کرے لیکن اس حد کے ماتحت گورنر اسے مجلس مقننہ کا رکن منتخب کر سکے گا۔ سرکاری رکن کو کابینہ کا رکن نہیں بنایا جائیگا (ارکوس ٹ لینٹ) اور سر ابرٹ ہلٹن کو موخر الذکر فقرے سے اختلاف ہے۔

(۶) صوبجاتی مجلس عاملہ کے انتخاب میں اقلیتوں کے مفادات کا مناسب تحفظ کیا جائے۔ اس سلسلہ میں گورنر کو مخصوص ہدایات دی جائیں۔

(۷) (۱) گورنر کو مجلس مقننہ کے معطل کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔

(ب) گورنر کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ کسی مسودہ قانون کو منظور کرے یا مسترد کرے یا دوبارہ غور کرنے کے لئے مجلس مقننہ کو واپس دیدے یا گورنر جنرل کے ملاحظہ کے واسطے محفوظ رکھ لے۔ ...

مخلوط انتخاب اور مسلمان

مسلم مندوبین کا جلسہ

لندن ۸ جنوری۔ گذشتہ شام کو سر آغا خاں کے پہنچتے ہی مسلم مندوبین کا ایک خصوصی اجلاس ... ہوٹل میں منعقد ہوا اور اقلیتوں کی ماتحت مجلس میں سر جین لال کی تقریر سے جو صورت حال پیدا ہو گئی ہے ...

صوبوں کی حکومت کے متعلق سفارشات

لندن ... جنوری۔ مجلس واضع دستور صوبجاتی کی رپورٹ میں حسب ذیل سفارشات کی گئی ہیں۔

پنجاب اور بنگال کی قسمت کا فیصلہ

وائسرائے کے اختیارات میں تخفیف

دونوں صوبوں کی اقلیتیں قائم رہینگی

لندن ۸ جنوری۔ سر تیج بہادر سپرو نے وفاقی حکومت کے نظام اساسی کی تشکیل کی کمیٹی کے سامنے اپنا اسکیم پیش کیا۔ ہندوستان کی آیندہ مرکزی حکومت کے متعلق انہوں نے کہا کہ وزیر ہند کے اختیارات کو کم کر دینا چاہیے اسی طرح وائسرائے کے اختیارات میں بھی تخفیف ہونی چاہیے بلکہ اس کی جگہ تاج برطانیہ کو کافی اختیارات حاصل ہوں۔ سر تیج بہادر سپرو نے آرمی غنوں کے اجراء کے لئے وائسرائے کو جو اختیارات حاصل ہیں انھیں کم کر دینے پر زور دیا۔ لارڈ پیل نے اپنی تقریر میں ان مشکلات کا اظہار کیا جو ہندوستان کی ترقی کی راہ میں حائل ہیں انہوں نے کہا کہ وائسرائے کے اختیارات میں مسودات کی منظوری کا اختیار رہنا لازمی ہے لارڈ پیل نے مجوزہ اسکیم کے ماتحت وزرات کی دشواریوں کو بھی بتلایا اور کہا کہ وزیر مالیات کے اختیارات کس قدر محدود ہو جاتے ہیں۔ اجلاس ختم ہونے سے پہلے لارڈ سنکے صدر نے اعلان کیا کہ کمیٹی کی رپورٹ دو شنبہ تک تیار ہو جائیگی۔

معلوم ہوا ہے کہ اقلیتوں کی سب کمیٹی نے ہندو مسلمانوں میں مفاہمت کی پھر ایک کوشش کی پنجاب کا معاملہ ایک حد تک طے ہو گیا ہے جس کی بنیاد حکومت ہند کے مراسلہ پر ہے۔ بنگال کا مسئلہ بھی عنقریب طے ہو جائے گا جس کے لئے آغا خاں، مسٹر غزنوی اور سر جین لال سیتلواد انتہائی کوششیں کر رہے ہیں۔ خیال ہے کہ بنگال کے نمایندے ۵۱ فیصدی نمایندگی پر راضی ہو جائیں گے بشرطیکہ انتخاب جداگانہ رکھا جائے ریاستوں کے نمایندوں اور لارڈ لوتھین نے بھی تقریر کی۔ سندھ کو علیحدہ صوبہ بنانے کی سب کمیٹی کے ارکان کا بھی اعلان کر دیا گیا۔

اس پر غور و خوض کیا گیا مسلم مندوبین کا خیال ہے کہ سر جین لال نے ہندو مسلم مفاہمت کے لئے جو اپیل کی ہے وہ قابل غور ہے۔ اور بغیر بحث و تمحیص کے لئے اس پر کوئی فیصلہ نہیں کیا جا سکتا۔ چنانچہ اس جلسہ میں اسی امر پر نصف شب تک بحث ہوتی رہی اس جلسہ میں بارہ مسلم مندوبین شریک ہوئے۔

چاہتے ہیں۔ مخلوط انتخاب کے اصول کو کسی حالت میں قبول نہیں کریں گے۔

چارسدہ اور مردان میں پکٹنگ

شراب اور ولایتی کپڑے کی دوکانوں سے گرفتاریاں

کیا سکھ یونین پوگرفتار نہیں ہوا؟

اقلیتوں کی ماتحت مجلس میں ایک اعلان کریگا کہ کن شرائط اور قیود کے تحت مسلمان مخلوط انتخاب کے اصول کو قبول کر سکتے ہیں۔

باخبر حلقوں میں خیال کیا جاتا ہے کہ بعض مسلم مندوبین جو حکومت ہند کے مراسلہ کی بنا پر جداگانہ انتخاب کو قائم رکھنا ...

دار شعبان المکرم سے یہ رعایتی سلسلہ جاری ہوتا ہے تاکہ خریدار مناسب وقت میں گھڑیاں منگا کر شروع رمضان المبارک سے کام لے سکیں

حق مضمون اشتہار ہذا محفوظ ہے کوئی صاحب اسے نقل کرکے فائدہ کی جگہ نقصان نہ اٹھائیں

رعایت کا مبارک مہینہ

جو سال میں ایک ہی بار آتا ہے اس سے ضرور فائدہ اٹھائیے

لیجئے رواں گیارہ کے بعد خدا کے فضل و کرم سے پھر ہم کو اور آپ کو رمضان المبارک کا مہینہ نصیب ہوتا ہے ... ہم نے ابھی سے یہی مہینہ اپنے خریداروں کو فائدہ پہنچانے کیلئے انتخاب کر رکھا ہے لہذا حسب معمول اعلان کیا جاتا ہے کہ مندرجہ ذیل گھڑیوں، ٹائم پیسوں اور گھنٹوں کی قیمت میں بیحد رعایت کر دی گئی ہے اس رعایت سے ہر شخص خواہ کسی مذہب و ملت کے ہوں فائدہ اٹھا سکتے ہیں ... جلد فرمائش بھیجئے ورنہ یہ زریں موقعہ پھر ایک سال بعد آئے گا۔

راقم منیجر



بغیر استاد انگریزی سکھانے والی لاجواب کتاب

لارج انگلش ٹیچر

... کارخانہ چمن بک ڈپو علی گڈھ سٹی

فوٹو کھینچنے کا لاجواب عجیب و غریب عمدہ کیمرہ

اس کیمرہ سے ہر شخص بغیر کسی کی مدد کے جاہے ... نہایت خوبصورت فوٹو ... کھینچ سکتا ہے ...

رفاہ عام کمپنی ڈاکخانہ ڈبائی ضلع بلند شہر

بخشی پاکٹ ڈائری ۱۹۳۱ء

نہایت آب و تاب سے چھپکر تیار ہو گئی ہے!!

قیمت صرف ایک آنہ

یہ ڈائری ہندوستان بھر میں اپنے نمونے کی لاثانی ڈائری ہے ...

حضرات تاجران کتب بخشی ڈائری کیلئے جلدی آڈر روانہ کریں۔

پتہ: منیجر بخشی پاکٹ ڈائری ... کلکتہ

آفتاب حریت کا غروب

میرٹھ میں مکمل ہڑتال و جلوس و جلسہ

۵ جنوری شام کو ۷ بجے کے قریب رئیس الاحرار مولانا محمد علی صاحب مرحوم کے انتقال پر ملال کی خبر سنی گئی۔ اسی وقت کانگریس و جمعیۃ علماء کے والنٹیروں نے منتشر کہ تمام شہر میں منادی کی کہ ۶ جنوری کو ہڑتال رہیگی۔ چنانچہ چھ جنوری کو تمام بازار میں مکمل ہڑتال منائی گئی اور شام کو میدان برف خانہ سے ایک جلوس نکالا گیا جو ٹاؤن ہال پر آکر ختم ہوا اور وہاں شیخ کریم ادریس کی صدارت میں ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا اس میں حضرت مولانا محمد علی کی تعزیت میں رزلیوشن پاس ہوا اور آپ کی قومی و ملکی خدمات کا اعتراف کیا گیا۔

کامریڈ ... سہائے۔ مسٹر اقبال احمد ایڈوکیٹ و مولانا مصباح الاسلام کی تقریریں ہوئیں۔ نامہ نگار

ناگپور میں جلسہ

ہندوؤں کی جانب سے مولانا کی خدمات کا اعتراف

ناگپور ۷ جنوری۔ مختلف عام مجالس کے زیر اہتمام کل شام کو شیواجی کے مندر میں ایک جلسہ ہوا مولانا محمد علی مرحوم کی وفات پر رنج و ملال کی ایک تجویز بالاتفاق پاس ہوئی۔ جس میں مرحوم کے اعزا کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا گیا شہر کے معززین نے مولانا محمد علی کی خدمات کا پر زور الفاظ میں تذکرہ کیا گیا۔

ہندو مسلمانوں نے متفقہ ہڑتال منائی

ناگپور ۶ جنوری۔ مولانا محمد علی کی وفات کے ماتم میں ناگپور جنگی کونسل نے ہڑتال کا اعلان کیا چنانچہ ہندو مسلمانوں نے متفقہ طور پر ہڑتال کی۔ (ا۔ پ)

رائے بریلی میں مولانا محمد علی مرحوم کا ماتم

مولانا محمد علی کی وفات کی خبر سے رائے بریلی میں ایک سنسنی پیدا کر دی

...

ایسے نازک موقعہ پر جبکہ ہندوستان کو صحیح رہبری کی ضرورت درپیش تھی۔ مرحوم کا موت کے بے رحم ہاتھوں سے چھن جانا ملک و قوم کیلئے ناقابل تلافی نقصان تصور کرتا ہے۔

عظیم الشان سالانہ رعایتی اعلان

شاندار قرآن مجید مترجم مجلد پارچہ چھپا شدہ

پانچ روپے کی بجائے صرف تین روپے

یکم شعبان سے آخر رمضان المبارک تک رعایت حضرات اس کلام پاک کو جس نے دیکھا وہ دل و جان سے شیدا ہو گیا اس کے حروف کی خوشنمائی موتی کی آب سے زیادہ چھپائی نہایت عمدہ صحت کا یہ عالم کہ ایک ایک نقطہ اور زیر و زبر کی ذمہ داری۔ ترجمہ مولانا مولوی شاہ اشرف علی تھانوی کا لکھا ہوا کاغذ عمدہ سفید ... جلد کپڑے کی روپہلی بیلوں سے آراستہ اس پر آپ کا نام بھی ہوگا۔

قرآن مجید معرا مجلد پارچہ

اس کا ہدیہ بھی آخر رمضان المبارک تک دو روپے کی بجائے صرف ایک روپیہ آٹھ آنے کر دیا ہے اس قرآن مجید کو بچے اور بڑے نہایت پسند کرتے ہیں اس کے جلی حروف کاغذ سفید اور اس میں متبرک مقامات کے نقشے مع سوانح عمری حضرت رسول اللہ بھی درج ہے۔ ہزاروں ہدیہ ہو رہے ہیں۔ مسلمان بچیوں کے پڑھنے کی دس کتابیں ... ان دس کتابوں کا نام زنانہ بستہ ہے ہم نے ان کو بھی آخر رمضان تک ایک روپے کی بجائے بارہ آنے میں کر دیا ہے۔

(۱) بسم اللہ کی کتاب (۲) کہانیوں کی کتاب (۳) کھیل کی کتاب (۴) لکھنے کی کتاب (۵) نماز کی کتاب (۶) کھانا پکانے کی کتاب (۷) تندرستی کی کتاب (۸) تہذیب کی کتاب (۹) پردے کی کتاب (۱۰) دلہن کا اصلی جہیز ... ہر ایک لڑکی اس کو پڑھ کر اس پر عمل کرنے سے پوری گھر گرہستی سے ہوشیار ہو جاتی ہے۔

پتہ: ایچ۔ محمد یوسف خاں منیجر شہرت ایجنسی فراشخانہ دہلی

دنیا میں ایک نیا تیل

سفید بال ایک ہفتہ میں جڑ سے کالا

... احمد علی خاں ... دربھنگہ بہار

لاثانی قرآن مجید معری بہت خوشخط اور سستا

یہ قرآن مجید باعتبار فن کتابت عربی کی بہترین کتاب کا منظر ہے ...

بے روزگاروں کو مژدہ

موجودہ وقت میں امریکن ... بے روزگاری دور ہو سکتی ہے ... صرف دو سو روپیہ کرایہ ... تجارت کا شوق ہو ... آسان ... طلب کریں۔

برٹش ہوم لمیٹڈ بمبئی فورٹ

پایوریں

دانتوں کی اکثر بیماریوں کے لئے حکمی دوا ہے "پایوریا" کے لئے تو اکسیر ہی ہے ...

قیمت دو روپے آٹھ آنے (عہ)

پتہ: منیجر انصاری دواخانہ شاہجہان پور (یو۔ پی)

محبوب عاشق کے قدموں پر

دیکھئے لوگ کیا کہتے ہیں

... پتہ: فضل شاہ عالم پوسٹ بکس نمبر ۲۵ دہلی

آپریشن یا نشتر کی زحمت نہ اٹھائیے

... ہمدرد دواخانہ ... دہلی

آزمائی ہوئی شرطیہ علاج ...

... دربھنگہ ۵۲

روزنامہ الجمعیۃ

تمام ہندوستان کے مسلمانوں کی سب سے بڑی مذہبی جماعت جمعیۃ علمائے ہند کا واحد ترجمان الجمعیۃ دارالحکومت ہند دہلی سے نہایت آب و تاب کے ساتھ شایع ہو رہا ہے۔ اس اخبار کی خصوصیات حسب ذیل ہیں۔

(۱) ہندوستان اور بیرون ہند کی خبروں کا خاص اہتمام کیا گیا ہے۔ ایسوشی ایٹڈ پریس کی خبریں، رائٹر کے تار، انگریزی اخبارات کے تراجم نامہ نگاران خصوصی کی اطلاعات اور دیگر ذرائع سے خبریں فراہم کی جاتی ہیں۔

(۲) گول میز کانفرنس کی طویل کارروائیاں، دنیائے اسلام کے انقلابات، فلسطین کے حالات، عربی اخبارات کے تراجم، دلچسپ معلومات تاریخی مضامین، حوادث و احکام، معاصرین کے افکار و آراء اور عام مباحث پر مخصوص مقالات شایع کئے جاتے ہیں۔

(۳) مسائل حاضرہ پر مقالات مدیریہ میں بصیرت افروز تبصرے کئے جاتے ہیں اور وقت کی ضروریات کے متعلق مسلمانان ہند کی سیاسی و مذہبی رہنمائی کی جاتی ہے اور ان بد صحیح رائے قائم کرنے میں امداد پہنچائی جاتی ہے۔

(۴) ہر انگریزی مہینہ کی یکم ۵-۹-۱۳-۱۶-۲۰-۲۴-۲۸ تاریخوں پر ۲۹×۲۲ سائز کے آٹھ صفحات کا سہ روزہ ایڈیشن شایع کیا جاتا ہے اور ان کے علاوہ دیگر تاریخوں میں ۲۶×۲۰ کے چار صفحات کا روزانہ ایڈیشن شایع ہوتا ہے۔ یہ دونوں ایڈیشن قارئین الجمعیۃ کو تمام اخبارات سے بے نیاز کر دیتے ہیں اور پڑھنے کے لئے بہت کافی مواد بہم پہنچاتے ہیں۔ الجمعیۃ کے دونوں ایڈیشنوں کی مجموعی قیمت حسب ذیل ہے:- سہ ماہی للعہ۔ ششماہی ... سالانہ ...

صرف سہ روزہ ایڈیشن منگانے والوں سے حسب ذیل قیمت لی جاتی ہے۔ سہ ماہی ... ششماہی ... سالانہ ...

اور صرف روزانہ ایڈیشن کے خریداروں سے سہ ماہی ... ششماہی ... سالانہ ... لئے جاتے ہیں۔ نمونہ مفت بھیجا جاتا ہے۔ خط و کتابت کا پتہ حسب ذیل ہے:-

(منیجر الجمعیۃ دہلی)

لوٹو لوٹو لوٹو



... پانچ (۵) سال کی گارنٹی ساتھ میں مفت دی جاتی ہے۔

لندن واچ کمپنی ... کلکتہ

مطلب انجمن اصلاح الاسلام دہلی

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۲۶۵

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

سہ روزہ
ید اللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ
دہلی

ایڈیٹر بلال احمد زبیری بی - اے

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
۱ ۵ ۹ ۱۳ ۱۷ ...
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
یک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ
یک کالم
½ کالم
¼ کالم

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

جلد ۱۳ | دہلی یوم جمعہ ۲۶ شعبان المعظم ۱۳۴۹ھ ہجری مطابق ۱۶ جنوری ۱۹۳۱ء | نمبر ۳

معاصرین کے افکار و آراء

ماہ صیام کا احترام (امارت)

رمضان المبارک کو تمام مہینوں میں جو فضیلت و برتری حاصل ہے اس سے مسلمانوں کا ادنیٰ طبقہ نا واقف نہیں ہے - اسی ماہ مبارک میں قرآن حکیم کا نزول ہوا -

شہر رمضان الذی انزل فیہ القرآن ھدی للناس و بینات من الھدی والفرقان (البقرہ)

مہینہ رمضان کا ہے جس میں قرآن نازل کیا گیا جو لوگوں کیلئے ہدایت ہے اور دلیل روشن راہ پانے کی اور حق کو باطل سے جدا کرنے کی -

نزول قرآن کی برکت سے اس ماہ کو تمام مہینوں سے افضل و احترام حاصل ہے - اور اسی ماہ میں اللہ عزوجل نے ایک ایسی رات مقرر فرمادی ہے جو ہزار مہینوں سے زیادہ افضل و برتر ہے -

لیلۃ القدر خیر من الف شھر (القدر) — شب قدر ہزار راتوں سے بہتر ہے -

اس ماہ مبارک میں عبادتوں کا ثواب ستر گونہ سے سات سو گونہ تک زیادہ ہوتا ہے - اس ماہ سعید میں خداوند قدوس اپنے بندوں کی مغفرت اور ان کی ترقی درجات کے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دیتا ہے - اس ماہ مبارک میں ہر عاقل بالغ مسلمان مرد و عورت پر روزہ فرض ہے -

یا ایھا الذین آمنوا کتب علیکم الصیام کما کتب علی الذین من قبلکم لعلکم تتقون ایاما معدودات فمن کان منکم مریضا او علی سفر فعدۃ من ایام اخر (البقرہ)

اے ایمان والو فرض کیا گیا ہے تم پر روزہ جیسے کہ فرض کیا گیا تھا تم سے اگلوں پر تاکہ تم پرہیزگار ہو جاؤ - چند روز ہیں گنتی کے پھر جو کوئی تم میں سے بیمار ہو یا مسافر تو اس پر ان کی گنتی ہے اور دنوں سے -

بجز تندرست مسلمان پر اس مہینہ میں روزہ رکھنا فرض ہے - بیمار و مسافر کو اجازت ہے کہ دوسرے دنوں میں اس روزہ کی قضا رکھے - روزہ تزکیہ نفس و تصفیہ باطن کے لئے بہترین چیز ہے - اور روزہ کی جزا خود اللہ عزوجل عطا فرماتا ہے ...

سمجھ کر قبول کر لیں گے - بھائی پرمانند کی تقریر ہم نے پڑھی - اس کے بعد علامہ اقبال کے خطبہ صدارت کا مطالعہ بھی کیا اور مسٹر جیکر اور بعض دوسرے اصحاب کی تنقیدیں بھی پڑھیں اور ہم اسی نتیجہ پر پہنچے کہ ان سب میں ایک بھی ایسا نہیں جس نے فرقہ وارانہ مسئلہ کو زیادہ پیچیدہ بنانے کی کوشش نہ کی ہو ...

"جنگ اور جہاد" (سچ)

ڈیلی ہیرالڈ (لندن) میں یورپ کی جنگ عظیم کے متعلق حسب ذیل اعداد شائع ہوئے ہیں:

ساری دنیا — ۹۰ لاکھ انسان ہلاک ہوئے — ۲ کروڑ انسان زخمی ہوئے — ۵۶ ارب پونڈ صرف ہوئے

برطانوی امپائر — ۹ لاکھ ۵ ہزار انسان ہلاک ہوئے — ۲۰ لاکھ انسان زخمی ہوئے — ۱۳ ارب پونڈ صرف ہوئے

یہ اعداد صرف چار سال (۱۹۱۴ء تا ۱۹۱۸ء) کی ایک جنگ کے ہیں ...

نہرو رپورٹ اور گول میز کانفرنس (سچ)

فرقہ وارانہ مسئلہ اور گول میز کانفرنس (انقلاب)

پنجاب کی اکثریت (سچ)

ہندوستانی پارچہ بافی کا مدوجزر

(از حضرت مولانا عبدالصمد صاحب رحمانی مونگیری نائب ناظم جمعیۃ علماء ہند)

یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ آج کا مفلس ہندوستان کل انگریزی عہد سے پہلے خوشحال تھا - آج کا محتاج اور قلاش ہندوستان کل انگریزی عہد سے پہلے سرمایہ دار تھا ...

چرخہ اور پارچہ بافی

ہندوستان کے پورے طول و عرض میں کتنے چرخے چلتے تھے - اس کی صحیح تعداد تو ہمارے سامنے نہیں ہے لیکن چند اضلاع کی تعداد ...

ہندوستان کی تجارتی طاقت

ہندوستانی کپڑے کی ارزانی و نفاست



نئی قلم کمپنی ... دہلی

سفید بال پندرہ دن میں جڑ سے کالا
... منیجر ... اسٹور ... دربھنگہ

رمضان المبارک کا رعایتی اعلان
مزید رعایت

ملنے کا پتہ ... کمپنی - صدر بازار میرٹھ (یو - پی)

چار روپے بارہ آنہ میں دس گھڑیاں اور سب چیزیں

گریٹ سوئیٹرز لینڈ واچ ایجنسی بڑا بازار کلکتہ

ضرورت ہے
ایمپائر آف انڈیا انشورنس کمپنی کو
دہلی سنٹرل انڈیا اور راجپوتانہ کے لئے ... ایجنٹوں کی ضرورت ہے - معاوضہ نہایت معقول دیا جاتا ہے - مزید مفصل حالات کے لئے حسب ذیل پتہ پر دریافت کریں -
قاضی فضل عظیم اسپیشل ... ہوٹل فتحپوری - دہلی

مفت
اگر آپ معلوم کرنا چاہتے ہیں
مفت طلب کیجئے
منیجر ... مقام جلال آباد ضلع مظفر نگر

برص سفید داغ ایک دن میں جڑ سے آرام
منیجر دفتر معالج برص نمبر ۸ دربھنگہ بہار

صراط مستقیم
صراط مستقیم کا مطالعہ کیجئے
منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

بے روزگاروں کو خوشخبری
ہندوستان میں اپنی نوعیت کا یہ پہلا کالج ہے جو غریبوں کو موٹر کا کام سکھا کر ...
منیجر امپیریل ٹریننگ کالج چاندنی چوک متصل امپیریل بنک دہلی

پیام
ہفتہ وار
ملک کے مشہور اخبار نویسوں کی ادارت میں کلکتہ سے شائع ہونا شروع ہوگیا ہے ...
منیجر پیام ... کلکتہ

مکتبہ علمیہ کے گرانمایہ تحفے
تاریخ القرآن
بستان العارفین
تفسیر مظہری
اعجاز القرآن
تعلیم الاسلام
رباعیات عمر خیام معہ سوانح
علم مجلسی
فتاوی رشیدیہ
احسن الوظائف
عطر مجربات
جملہ کتابیں ملنے کا پتہ - مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

نئی گھڑیوں کا جہاز آگیا
خریدنے میں جلدی کیجئے
ہر ایک رسٹ واچ ... میں


نرولی واچ اینڈ کلاک کمپنی
ہاٹ کھولہ کلکتہ

کانفرنس کی ماتحت مجلس میں سر سپرو کی تقریر

جدید دستور اساسی کی تفصیلات کا خاکہ

لارڈ پیل کا زہر آلود بیان

لندن ۹ جنوری مجلس واضع دستور وفاقی کے اجلاس میں کل نہایت اہم امور پر غور و خوض کیا گیا۔ یہ اجلاس شام کے وقت ختم ہو گیا۔ آئندہ اجلاس دو شنبہ اور سہ شنبہ کو منعقد ہو گا۔ لارڈ سینکے رپورٹ کا مسودہ پیش کریں گے۔ اس مسودہ پر بحث و تمحیص کرنے کے بعد آخری رپورٹ کانفرنس کے سامنے پیش کر دی جائے گی۔

سر اکبر حیدری نے اپنی تقریر میں فرمایا کہ وہ اعلیٰ حضرت نظام دکن ...

... ہونے سے پہلے دوبارہ غور کریں گے ورنہ یہ مثل صحیح ثابت ہو جائے گی کہ سیاسی ضد سب سے زیادہ طاقتور ہوتی ہے خواہ اس سے ذاتی نقصان ہو۔

سر تیج بہادر سپرو نے لارڈ ریڈنگ کے مدبرانہ رویہ کی تعریف کی پھر آپ نے لارڈ سینکے کے متعلق فرمایا کہ انہوں نے اپنی قسم کے مطابق انتہائی غیر جانبداری سے کام لیا ہے۔

لارڈ لوتھین کی تقریر

لارڈ لوتھین نے لبرل مندوبین نے ایک عمدہ تقریر کی جو آپ کی تقریر لارڈ پیل کی تقریر سے بالکل مختلف تھی۔ لارڈ لوتھین نے فرمایا کہ غیر ذمہ داری کا علاج ذمہ داری ہے۔ ہندوستان میں جو غیر ذمہ داری پائی جاتی ہے اس کا علاج صرف اسی طرح کیا جا سکتا ہے کہ اس کو مرکزی ذمہ داری دیدی جائے۔ آپ نے دو ایوانوں کے قیام کی ضرورت کی طرف بھی اشارہ کیا۔

سر تیج بہادر سپرو کی تقریر

سر تیج بہادر سپرو نے اپنی تقریر میں فرمایا کہ مجلس واضع دستور وفاقی کے جملہ مندوبین اس پر متفق ہو گئے ہیں کہ مرکز کو ذمہ داری دیدی جائے۔ برطانوی ہند، ریاستہائے ہند یورپین، مزدور حکومت اور لبرلوں کے نمائندوں نے متفقہ طور پر مرکز کے لئے ذمہ داری کا مطالبہ کیا ہے۔ لارڈ پیل کی تقریر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ انہوں نے رکاوٹیں پیدا کرنے کے سوا کوئی تعمیری تجویز پیش نہیں کی ہے۔ قدامت پسندوں کو کانفرنس نے بیدار کر دیا ہے۔ لیکن ان کے ہوش و حواس اس وقت تک پراگندہ ہیں۔ مجھے امید ہے کہ قدامت پسند اپنے رویہ پر کانفرنس ختم ...

بمبئی میں زبردست مظاہرے

پتھروں اور زنجیروں سے ٹریم کے راستے روک دئیے گئے

پولیس نے لاٹھیاں چلا کر ڈیڑھ سو آدمیوں کو سخت زخمی کیا

بمبئی ۱۲ جنوری رسہ پہر کے بعد سے بابر کلیا دیوی روڈ کے قریب اور اسکے نواح میں مظاہرے ہوتے رہے۔ مجمعوں نے ٹریم کے راستوں کو پتھروں اور لوہے کی زنجیروں سے مسدود کر دیا اور متعدد مقامات پر ٹریم کی آمد و رفت قطعاً رک گئی۔ پولیس نے متواتر لاٹھیوں کے حملے کئے جن سے ایک سو پچاس آدمی زخمی ہوئے جن کی حالت خراب ہے سارے زخمی ہسپتال پہنچا دئے گئے ہیں۔

... کرنا کیونکہ انسانی فطرت خلوت کی بجائے اجتماع کو پسند کرتی ہے اور اجتماع میں نئی نئی آوازیں سننے میں آتی ہیں۔ سنسان دنیا میں انسان کی طبیعت نہیں لگ سکتی۔ انسان اجتماع پسند ہے اور اجتماع میں صداؤں کا جوہر پوشیدہ ہے۔

ہندوستان کی صنعت و تجارت کی بربادی کے اسباب

... شرق ہو گیا اور ہندوستان کا بازار سرد ہو گیا جس کا اندازہ ذیل کے نقشہ سے ہو سکتا ہے کہ کس طرح توازن میں تفاوت ہوتا گیا۔

تجارتی بورڈ کی ڈائری (از اخبار خلافت جلد ۲، نمبر ۴۸ مورخہ ۲۸ فروری ۱۹۲۵ء)۔

ہندوستانی کپڑا لندن میں

۱۷۹۲ء	۱۷،۹۷،۳۴۵ لاکھ پونڈ یعنی	۲،۶۹،۶۰،۱۷۵ کروڑ روپیہ
۱۷۹۸ء	۳۲،۴۵،۷۴۵ "	۴،۸۶،۸۶،۱۷۵ "
۱۸۰۵ء	۹،۷۸،۳۱۷ "	۱،۳۶،۷۴،۷۵۵ "
۱۸۱۰ء	۱،۸۱،۲۷۳ "	۲۷،۱۹،۰۹۵ لاکھ روپیہ

انگریزی کپڑا ہندوستان میں

۱۷۹۲ء	۲۷۶ پونڈ یعنی	۴،۱۴۰ روپیہ
۱۷۹۸ء	۷،۳۱۷ "	۱،۰۹،۷۵۵ "
۱۸۰۵ء	۲۸،۵۲۵ "	۴،۲۷،۸۷۵ "
۱۸۱۰ء	۱،۱۸،۴۰۸ "	۱۷،۷۶،۱۲۰ "

بالآخر اس بڑھتی ہوئی مقدار کا نتیجہ یہ ہوا جتنا ولایتی کپڑا ہندوستان میں زیادہ آنے لگا اسی مقدار سے غلہ گراں ہوتا گیا اور غریب ہندوستانی فاقوں سے مرنے لگے جس کا اندازہ ذیل کے نقشہ سے ہو گا۔ اس میں کپڑے کے بھاؤ کو دکھلایا گیا ہے:۔

سنین	انگریزی کپڑے کی درآمد	چاولوں کا بھاؤ فی روپیہ	آٹے کا بھاؤ فی روپیہ	... بھاؤ
۱۸۰۰ء	نامعلوم	ایک من ۵ سیر	ایک من ۵ سیر	۶ سیر
۱۸۱۴ء	۸ لاکھ گز	۳۷ سیر	۳۷ سیر	۵ سیر
۱۸۲۴ء	۲ کروڑ گز	۳۰ سیر	۳۳ سیر	۵ سیر
۱۸۳۵ء	۵ کروڑ گز	۲۴ سیر	۲۲ سیر	۳ سیر
۱۸۵۵ء	۶۱ کروڑ گز	۱۷ سیر	۱۴ سیر	۱ سیر
۱۹۲۵ء	ایک ارب ۵۶ کروڑ گز	۷ سیر	۷ سیر	۱ سیر

”ہماری شور و غل کی دنیا“

آوازوں کے بغیر انسانی زندگی محال ہے

عنوان مذکور کے ماتحت معاصر انگلشمین اپنے مقالہ افتتاحیہ ...

صیہونی تحریک کے خلاف عیسائی اور مسلمانوں کا متفقہ احتجاج

ٹیونس میں عیسائیوں کی طرف سے ”صیہونی تحریک برباد“ کے نعرے

صیہونیت کے داعی اکبر کا حشر اور ٹیونس کے اخبارات کے بیانات

(ترجمہ مخصوصی)

صیہونی تحریک کا فتنہ روز بروز زیادہ بڑھتا جا رہا ہے اور فلسطین سے باہر امریکہ، اسکندریہ، تیونس اور مغرب اقصیٰ میں اس شجر خبیثہ کی شاخیں پھیلائی جا رہی ہیں اگرچہ برطانوی حکومت کی سفید کتاب (کتاب ابیض) نے یہودیوں کے گہرے منصوبوں کو پردے کار کرنے سے ایک حد تک روک ...

... مگر ابھی عزیز ”بز ربهان“ کو ابھی اسی پر اصرار ہے کہ ان کی مساعی کامیاب ہوں گی۔ خیر اس کا نتیجہ وہ خود اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں گے اور ان کو عنقریب معلوم ہو جائے گا کہ ان کا صیہونی پروپیگنڈا بجائے مفید ہونے کے خود انہیں کے لئے کتنا ضرر رساں اور برباد کن ہے اس لئے موریس صاحب ...

ٹیونس والوں کا سلوک

ٹیونس میں یہودی جلسوں کی حقیقت

ٹیونس میں صیہونی تحریک کے داعی کا ورود

یہودیوں کا مقصد اعلیٰ

صیہونی تحریک کے داعی کو ٹیونس کے ایک اخبار کا مشورہ

اعلیٰحضرت رضا شاہ پہلوی شاہ ایران کی ایک انگریز سے گفتگو

”ہم غیر ملکی تسلط کو کسی طرح برداشت نہیں کر سکتے“

مشرقی تہذیب و تمدن ہمارا قومی سرمایہ ہے

(از ادارۂ الجمعیۃ)

”نیویارک ٹائمس“ میں مسٹر رذر فیلا فوربس ایرانی سیاسی صورت حال کے متعلق ایک دلچسپ مضمون سپرد قلم کیا ہے۔ ہم ذیل میں اس مضمون کے بعض حصص کا ترجمہ ہدیہ ناظرین کرتے ہیں:۔

رضا شاہ نے خلوت میں مجھے بتایا کہ فارس کو غیر ممالک کے باشندوں کے بغیر اپنا نظام حکومت قائم رکھنا چاہئے۔ میں توقع کرتا ہوں کہ چار پانچ سال کے عرصہ میں اس امر کی ضرورت پیدا ہو جائے گی کہ صرف ایرانی حکام ...

سابقہ ایک ایسے ملک پر حکومت کرتا ہے جس میں مختلف قومیں اور مختلف لوگ آباد ہیں۔ اعلیٰ حضرت نے ترجمان خصوصی کے ذریعہ فرمایا کہ ایرانی قوم کے مصائب میں تبدیلی پیدا کرنا امر محال ہے لیکن میں کوشش کر رہا ہوں کہ ایرانی قوم اس حقیقت کو سمجھ جائے کہ غیر قوم پر اپنی زندگی کا دارومدار رکھنا کتنی بڑی غلطی ہے ...

مراسلات

(اڈیٹر کا مراسلہ نگار حضرات کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

قوم پرور اخبارات کو ایک مشورہ

فرقہ وارانہ مسائل کا ایک حل

(باقی صفحہ ... پر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

۱۶ر جنوری ۱۹۳۱ء

۱۹۳۰ء کا مردود قانون "ساردا ایکٹ"

مردم شماری کا بائیکاٹ

بمبئی، احمد آباد، مدراس اور بنگال کے بعض مقامات سے یہ خبریں آرہی ہیں کہ وہاں کے مقامی کارکن مردم شماری کا بائیکاٹ کرنے کے واسطے کانگرس کے ماتحت جدوجہد کر رہے ہیں اور مکانوں کے دروازوں سے ان نشانات کو مٹا رہے ہیں جو مردم شماری کے محکمہ کی طرف سے لکھے گئے ہیں ہم ان حضرات کی اس کارروائی کو سمجھنے سے قطعاً قاصر ہیں اور کانگرس کی طرف سے اس جدوجہد کو کسی طرح مناسب خیال نہیں کرتے ہیں۔ مردم شماری کا کام ایک ایسا کام ہے جو نہ صرف حکومت کے لئے مفید ہے بلکہ اس کے فراہم شدہ اعداد و شمار سے خود قوم بھی فائدہ حاصل کرتی ہے ایک ایسے غیر مضرت رساں بلکہ مفید کام کی مخالفت کرکے خواہ مخواہ قوتوں کو ضائع کرنا ہم نہیں سمجھ سکتے کہ کہاں کی دانشمندی اور کہاں کا تدبر ہے۔ علاوہ اسکے جہاں تک ہمیں معلوم ہے ہم وثوق کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ مردم شماری کا بائیکاٹ کرنے کے لئے آل انڈیا کانگریس کمیٹی یا اس کی ورکنگ کمیٹی کا کوئی ریزولیوشن موجود نہیں ہے اور اس صورت میں ایک ایسے کام کے متعلق جو آل انڈیا اہمیت رکھتا ہے مقامی طور پر کانگرس کمیٹیوں یا اسکے کارکنوں کی سرگرمیاں کسی طرح آئینی طور پر جائز نہیں ہو سکتیں ان وجوہ کی بنا پر ہم ان تمام کانگرسی اداروں اور کانگرسی حضرات کو جو اس تحریک میں حصہ لے رہے ہیں متنبہ کرنا چاہتے ہیں کہ وہ اس فعل عبث سے باز آئیں اور مردم شماری کا بائیکاٹ کرکے اس میں مداخلت نہ کریں۔

حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی کی رہائی

خانگی مصائب و آفات کا صبر و شکر کیساتھ مقابلہ

حضرت مولانا الحاج الحافظ عبدالحلیم صدیقی سابق ناظم جمعیۃ علمائے ہند و حال رکن مجلس عاملہ جمعیۃ علمائے ہند و ادیب ندوۃ العلماء لکھنؤ ۱۳ر جنوری کو فیض آباد جیل سے رہا ہو کر بخیر لکھنؤ تشریف لائے آپکی صحت بحمد اللہ اچھی ہے لیکن آپ کے زمانہ اسارت میں دو مرتبہ مکان پر سرقہ کی واردات ہوئی جس کے باعث تمام اثاث البیت غائب ہو گیا ام خالد بھی عرصہ سے علیل ہیں لیکن ان تمام پریشانیوں کے باوجود حضرت مولانا ...

ڈاک بازار جھاؤ لال کے پتہ سے روانہ کی جائے۔ (نامہ نگار)

مجلس واضع دستور وفاقی کی رپورٹ کا مسودہ

کابینہ اور گورنر جنرل کے تعلقات

لنڈن ۱۴ر جنوری۔ آج سہ پہر کے وقت مجلس واضع دستور وفاقی کے اجلاس میں لارڈ سینکے نے اپنی رپورٹ کا مسودہ پڑھ کر سنایا۔ یہ مسودہ ۱۱ صفحات پر مشتمل ہے۔ اس کی نقول اراکین میں تقسیم کر دی گئی ہیں توقع کی جاتی ہے کہ اس مسودہ پر جو بحث و تمحیص کی جائے گی وہ کل ختم ہو جائے گی۔

معلوم ہوا ہے کہ مسودہ میں لارڈ سینکے نے اس امر کی طرف بھی اشارہ کیا ہے کہ ماتحت مجلس نے وفاقی آئین کے جملہ اہم نکات پر غور و خوض نہیں کیا ہے لارڈ سینکے کا خیال ہے کہ ماتحت مجلس کانفرنس کی بہترین خدمت صرف اسی طریقہ پر کر سکتی ہے کہ بعض بڑے بڑے اصول کی وضاحت کر دی جائے اور متنازعہ و بحث طلب معاملات کو (جو کہ ثانوی حیثیت رکھتے ہیں) کسی موقع کے لئے چھوڑ دیا جائے تاکہ ہندوستان اور انگلستان کی رائے عامہ سے ان امور کے متعلق استصواب کیا جا سکے اسطرح ان امور کی بنیاد رائے عامہ پر قائم کی جائے گی۔

مذکورہ مسودہ میں مرکزی مجلس عاملہ کے متعلق یہ سفارش کی گئی ہے کہ بعض ضروری تحفظات کے ساتھ وفاقی حکومت کی زیادہ تر ذمہ داری ہندوستانیوں کے شانوں پر ڈالی جائے مجلس کی رائے میں اس حکمت کو اس طرح بروئے کار لایا جا سکتا ہے کہ مستعمرات کے آئین کے مطابق مرکزی مجلس عاملہ کے اختیارات تاج برطانیہ یا گورنر جنرل کے ہاتھ میں دیدئے جائیں۔ گورنر جنرل وزراء کی ایک مجلس شوریٰ مرتب کریں گے یہ مجلس گورنر جنرل کی مرضی کے مطابق اپنے فرائض کو انجام دیگی۔ اس سلسلہ میں مجلس واضع دستور وفاقی نے یہ تجویز پیش کی ہے کہ گورنر جنرل کو ...

عام اشخاص کے مانند ہر ایک ایوان میں شریک ہو سکیں۔

یہ مسئلہ بھی بہت زیادہ اہم ہے کہ گورنر جنرل کے تعلقات کابینہ کے ساتھ کس قسم کے ہونے چاہئیں۔ ایک یہ تجویز بھی پیش کی گئی ہے کہ گورنر جنرل کابینہ کے جلسوں کی صدارت کیا کریں لیکن ماتحت مجلس کی یہ رائے ہے کہ وائسرائے حسب مرضی کابینہ کی صدارت کر سکتا ہے۔ لیکن یہ ضروری امر ہے کہ گورنر جنرل امور عامہ سے باخبر رہے۔ اس لئے اسکو ان جملہ کاغذات یا اطلاعات کے حاصل کرنے کا حق حاصل ہونا چاہئے جو کہ وزراء کے معرفت سے حاصل کئے جا سکتے ہیں جن امور کا تعلق خاص وائسرائے سے ہوگا ان کے اخراجات کے لئے مجلس مقننہ کی منظوری حاصل کرنی ضروری نہیں ہوگی۔

ہندو سبھا کا تار وزیر اعظم کے نام

ہندو جداگانہ انتخاب کو قومیت کے منافی سمجھتے ہیں

کلکتہ ۱۴ر جنوری۔ آنریبل راجہ سر رام پال سنگھ صدر ہندو سبھا نے وزیر اعظم اور گول میز کانفرنس کے متعدد نمائندوں کے نام ذیل کا برقی تار ارسال کیا ہے "ہندو جداگانہ انتخاب کی پر زور مخالفت کرتے ہیں کیونکہ وہ قومی حکومت کے منافی ہے۔ ہندو اقلیتوں کے تحفظ کی اس معیار پر جس کا تصفیہ جمعیۃ الاقوام کر چکی ہے پورے طور پر حمایت کرتے ہیں اور آپ سے اپیل کرتے ہیں کہ ہندوستان میں وہی طریقہ اختیار کیا جائے جو جمعیۃ الاقوام تجویز کر چکی ہے۔ جن صوبوں میں ہندو اقلیت میں ہیں وہ اپنا تحفظ نہیں چاہتے بلکہ وہ مخلوط انتخاب کے طریقہ پر مسلم اکثریت کے ساتھ کام کرنے کے لئے تیار ہیں۔ ہندو مسلم اکثریت کے لئے نشستوں کی تخصیص کے خلاف بھی احتجاج کرتے ہیں۔" (داپ)

لنکا شائر کے پارچہ بافی کے کارخانوں میں تنازعہ

پچیس ہزار کاریگروں نے کام چھوڑ دیا

لنڈن ۱۱ر جنوری۔ کل لنکا شائر میں اس تنازعہ نے نازک صورت اختیار کر لی جو کہ پارچہ بافی کے کارخانوں کے مالکوں اور ملازموں کے درمیان کچھ عرصہ سے جاری ہے۔ چنانچہ کل ۲۵ ہزار کاریگروں نے کام بند کر دیا۔ تنازعہ کو ختم کرنے کے لئے جو گفت و شنید جاری تھی ...

دار الحکومت

دہلی کے ایک کٹرہ پر زبردست پکٹنگ

دو درجن رضاکاروں کی گرفتاری

دہلی ۱۳ر جنوری۔ کٹرہ اللہ دیا دھا چاندنی چوک پر کئی روز سے زبردست پکٹنگ جاری ہے پولیس نے اب تک کوئی گرفتاری نہیں کی تھی مگر آج بدیشی پارچہ کی گانٹھ پر بڑھنے کے باعث پولیس نے ۱۸ رضاکاروں کو گرفتار کر لیا اور ان کو کوتوالی لے گئی۔ گرفتاری کے بعد فوراً دوسرے رضاکار پکٹنگ کرنے کے لئے پہونچ گئے جن میں سے پولیس نے چھ رضاکاروں کو گرفتار کر لیا ان کے بعد ڈکٹیٹر کانگرس کمیٹی خود معہ چند سربرآوردہ کانگرسی مسلمانوں اور ساتھ ستر رضاکاروں کے کٹرہ اللہ دیا پر پہونچ گئے اور پکٹنگ کرنا شروع کر دیا سنا گیا ہے کہ کٹرہ کے دوکانداروں نے ان گرفتاریوں پر اپنی پشیمانی کا اظہار کیا اور یہ بھی کہا کہ ہم آج ہی کانگرس سے مفاہمت کی کوشش کریں گے پکٹنگ بدستور جاری ہے۔

عدالت سشن میں خواتین کے مقدمہ کی اپیل

وکیل استغاثہ کے نام عدالت کا نوٹس

دہلی ۱۵ر جنوری۔ آج خاں صاحب چودھری نعمت خاں ڈسٹرکٹ و سشن جج کی عدالت میں سٹی مجسٹریٹ کے فیصلہ کے خلاف اپیل دائر کی گئی جس میں چالیس خواتین کو پولیس ایکٹ کے ماتحت چھ چھ ماہ قید کی سزائیں دی گئی تھیں درخواست ہنگامی کی جانب سے دہلی کے معزز وکلاء موجود تھے۔ مسٹر ...

اسکی تک صحیح تاریخ معلوم نہ ہو سکی۔

مولانا محمد ابراہیم صاحب سیالکوٹی بری کردئے گئے

ہندوستان کے مفتی اعظم

حضرت علامہ مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کے خلاف دعویٰ

جمعیۃ علمائے ہند کا کام روک دینے کے لئے حکم امتناعی کی درخواست

چند غیر معروف اشخاص کا قابل نفرت و حقارت فعل

ایک عرصہ سے یہ افواہ سنی جا رہی تھی کہ جمعیۃ علماء ہند پر مخالفین کی جانب سے ایک آخری حملہ کیا جانے والا ہے اور بعض لوگ حسب ذیل دعویٰ دائر کرنے کی فکر میں ہیں چنانچہ آج جمعیۃ علماء ہند کے معزز عہدیداران کے نام عرضی دعویٰ کی نقل اور سمن موصول ہوگئے ہیں۔ مدعیوں کے نام یہ ہیں:- (۱) حکیم مومن ارشد وارثی (۲) محمد نواب مرزا مہدی (۳) رونق حسین ولد پنڈت موہن لال (۴) خالد حمید بدایونی۔ جمعیۃ کے جن معزز اور محترم ارکان کے نام دعویٰ دائر کیا گیا ہے ان کے اسمائے گرامی یہ ہیں:-

(۱) حضرت علامہ مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند دہلی (اسیر فرنگ وارد حال گجرات جیل)۔ (۲) حضرت مولانا ابو المحاسن سید محمد سجاد صاحب قائم مقام ناظم جمعیۃ علماء ہند (۳) حضرت مولانا حاجی احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند۔

یہ مقدمہ حساب فہمی کے لئے اور اس لئے دائر کیا گیا ہے کہ مدعا علیہم کے نام ایک مستقل حکم امتناعی جاری کر دیا جائے جس کی غرض یہ ہو کہ مدعا علیہم جمعیۃ کے مقاصد کی تکمیل کے واسطے آئندہ کوئی کام نہ کر سکیں حکم امتناعی کے متعلق ۱۲ر جنوری مقرر تھی اور مقدمہ کی سماعت کے لئے ۹ر فروری کا تقرر کیا گیا ہے۔

۱۲ر جنوری کی کارروائی

دہلی ۱۲ر جنوری ۱۹۳۱ء۔ آج بارہ بجے لالہ رام کنور صاحب سینیر سب جج دہلی کی عدالت میں چند غیر معروف اشخاص کی جانب سے حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب اسیر فرنگ حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند اور حضرت مولانا ابو المحاسن سید محمد سجاد صاحب کے خلاف ایک مقدمہ پیش ہوا مدعیان نے عدالت سے درخواست کی ہے کہ مدعا علیہم کے خلاف ایک مستقل حکم امتناعی جاری کیا جائے ...

... ابھی حضرت مفتی صاحب اور حضرت مولانا احمد سعید صاحب کے سمن تعمیل نہیں ہوئے ہیں۔ دہلی کے بہترین قانون داں حضرات کے ڈکالت نامے مدعا علیہم کی طرف سے پیروی کے واسطے داخل ہونے والے ہیں۔ شہر میں مخالفین جمعیۃ کی اس کارروائی پر سختی کے ساتھ اظہار نفرت کیا جا رہا ہے اور جو لوگ مدعیان کی امداد کر کے دہلی اور بیرون دہلی میں علماء کرام کی اس مقدس جماعت کے مقاصد کی تکمیل کو روکنے کی سعی بے پردہ کر رہے ہیں ان کے اس فعل کو عام طور پر نہایت مذموم اور ذلت آمیز سمجھا جا رہا ہے۔ محترم کارکنان جمعیۃ اس حملہ کی مدافعت کے لئے پوری طرح تیار ہیں۔

گول میز کانفرنس کا آئندہ مکمل اجلاس

برطانوی حکومت کی حکمت عملی کے متعلق اعلان کی توقع

لنڈن ۱۲ر جنوری۔ توقع کی جاتی ہے کہ گول میز کانفرنس کا مکمل اجلاس ۱۵ر جنوری کو منعقد ہوگا اور غالباً ۱۹ر جنوری تک جاری رہے گا خیال کیا جاتا ہے کہ ۱۴ر جنوری کو مجلس واضع دستور وفاقی، مجلس مدافعت، مجلس حقوق رائے دہندگی، مجلس ملازمت، مجلس صوبہ سرحد، مجلس صوبہ سندھ اور اقلیتوں کی ماتحت مجلس کی رپورٹیں پیش ہوں گی۔

اگر ۱۵ یا ۱۶ر جنوری کو ضروری کام سرانجام ہو گیا تو کانفرنس کا ایک مکمل اجلاس ۱۹ یا ۲۰ر جنوری کو منعقد ہوگا جس میں مسٹر میکڈانلڈ وزیر اعظم برطانیہ، حکومت برطانیہ کی حکمت عملی کا اعلان کریں گے۔

آج مجلس صوبہ سندھ کا اجلاس منعقد ہوا تھا۔ زیادہ تر وقت علیحدگی سندھ کے مسئلہ پر صرف ہوا۔ فریقین علیحدگی کی موافقت یا مخالفت میں اپنے اپنے بیانات پیش کرنے کے واسطے تیاری کر رہے ہیں امید کی جاتی ہے کہ اس مجلس کا اجلاس کل بھی منعقد ہوگا۔

ہندو و مسلم مندوبین کے مابین مفاہمانہ گفتگو ابھی تک جاری ہے

سر محمد شفیع کی جانب سے ایک غلط خبر کی تردید

لنڈن ۱۲ر جنوری۔ لنڈن کے ایک اخبار نے یہ خبر شائع کی ہے کہ ڈاکٹر مونجے نے جو پیشکش مسلم مندوبین کے سامنے پیش کی تھی اس کو سر محمد شفیع نے مسترد کر دیا۔ اور یہ اعلان کر دیا کہ فرقہ وارانہ مسئلہ کے متعلق جو گفت و شنید جاری تھی وہ اب ختم ہو گئی ہے لیکن سر محمد شفیع نے اس خبر کی صحت سے قطعی طور پر انکار کیا ہے۔ یہ خبر بالکل بے بنیاد ہے سر محمد شفیع اس امر کی امکانی کوشش کر رہے ہیں کہ ہندو و مسلم مندوبین کے مابین جلد از جلد مفاہمت ہو جائے۔

معلوم ہوا ہے کہ ہندو و لبرل مندوبین کل ان تجاویز کا جواب پیش کریں گے جو کہ مسلم مندوبین کی جانب سے حال میں پیش کی گئی ہیں اور جن میں حکومت ہند کے مراسلہ کو مبنی قرار دیا گیا ہے۔

سرکاری ملازمتوں میں اینگلو انڈین جماعت کی نمائندگی کا مطالبہ

مجلس ملازمت میں کرنل گڈنی کی تقریر

لنڈن ۱۲ر جنوری۔ لفٹنٹ کرنل گڈنی نے مجلس ملازمت میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ ہندوستانی ملازمت ہائے عامہ میں اینگلو انڈین ...

ہندوستان کو مشروط مالی ذمہ داری دی جائے

ایوان تجارت لندن کا فیصلہ

لنڈن ۱۳ر جنوری۔ ایوان تجارت لنڈن کے مشرقی شعبہ نے ایک تجویز متفقہ طور پر منظور کی ہے جس میں پارلیمنٹ سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ ہندوستان کو مالی ذمہ داری صرف اس حالت میں دے جب کہ ہندوستانی یہ وعدہ کریں کہ وہ برطانوی مال کو دیگر غیر ممالک کے مال پر ترجیح دیں گے۔ اور کوئی ایسا محصول برطانوی مال پر نہیں لگائیں گے جس کی وجہ سے برطانوی تجارت کو نقصان پہنچنے کا خطرہ لاحق ہو جائے۔

عدالت عالیہ بمبئی سے ۱۲۸ ملزموں کی رہائی

مسٹر نریمان شاستری بھی رہا کر دئے گئے

وکیل استغاثہ کو عدالت عالیہ کا مزید نوٹس

بمبئی ۱۳ر جنوری۔ بمبئی کی عدالت عالیہ نے ۱۲۸ ملزموں کو جن میں مسٹر نریمان شاستری بھی شامل ہیں بری کر دیا۔ یہ سب حضرات ۱۵ اور ۱۶ر اکتوبر کو دفعہ ترمیم ضابطہ فوجداری کے ماتحت کانگرسی مجالس کے ممبر ہونے کے الزام میں ...

کو ۱۴ دیگر ملزموں کو مندرجہ بالا وجہ کی بنا پر کیوں نہ رہا کر دیا جائے۔

امریکہ میں ڈیڑھ سو اشخاص کی ہلاکت

مٹی کا ٹیلہ مزدوروں پر گر پڑا

نیویارک ۱۳ر جنوری۔ کولمبیا سے ایک پیغام مظہر ہے کہ ضلع ... میں ۱۲۰ اشخاص مٹی کے نیچے دب کر مر گئے کہا جاتا ہے کہ یہ لوگ ریل کی سڑک پر سے اس مٹی کو صاف کر رہے تھے جو پہلے ان پر پڑی تھی۔ لیکن یہ لوگ مٹی صاف کرنے نہیں پائے تھے کہ ٹیلہ کا ایک بہت بڑا حصہ دوبارہ ان پر گر پڑا اور تقریباً ڈیڑھ سو اشخاص دب کر ہلاک ہو گئے۔ معلوم ہوا ہے کہ بیس آدمی مٹی میں سے زندہ نکال لئے گئے ہیں۔ قرب و جوار میں شدید سراسیمگی پھیلی ہوئی ہے۔ (رائٹر)

تھاراواڈی کی حالت میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی

باغیوں نے ایک موضع کو آگ لگادی

ایک سرکاری ملازم پر گولیوں کے فائر

مجروح شخص جانبر نہ ہو سکا

پولیس کی زبردست تحقیقات

ڈھاکہ ۱۲ر جنوری۔ مسٹر کالی پادا بنرجی کو آج سہ پہر کے وقت شنکری بازار میں گولی مار کر ہلاک کر دیا گیا۔ گولی بنرجی کے بازو میں لگی تھی لیکن وہ ہسپتال میں جانبر نہ ہو سکے۔

مسٹر بنرجی کورٹ آف وارڈس میں ملازم تھے۔ آپ نے آج امپیریل بنک سے چھ ہزار روپیہ نکالا۔ اور اس کو دیوانی عدالت میں داخل کرنے گئے جب آپ نے روپیہ عدالت میں داخل کر دیا تو آپ شنکری بازار میں واپس آئے اس عرصہ میں ریوالور کی گولیوں کی آواز سنائی دی۔ کہا جاتا ہے کہ آپ پر تین گولیاں چلائی گئیں۔ دو گولیوں کا نشانہ خطا گیا لیکن ایک گولی آپ کے بازو کو چیرتی ہوئی نکل گئی۔ اور آپ بیہوش ہو کر نیچے گر پڑے لوگ گولیوں کی آواز سنکر آپ کے پاس گئے اور آپ کو اٹھا کر مٹفورڈ ہسپتال پہنچایا گیا۔ لیکن آپ وہاں جانبر نہ ہو سکے۔ پولیس کی زبردست تحقیقات جاری ہے۔ قاتل یا قاتلین کا پتہ اس وقت تک نہیں چلا ہے کہا جاتا ہے کہ یہ لوگ حملہ کرنے کے بعد فوراً فرار ہو گئے۔ (داپ)

مجلس مقننہ کے اجلاس کیلئے پولیس کی زبردست تیاریاں

سر رحمت اللہ کے انتخاب کی قوی توقع

دہلی ۱۳ر جنوری۔ مرکزی مجلس مقننہ کا پہلا اجلاس کل منعقد ہوگا پولیس ضروری انتظامات میں مصروف عمل ہے ایوان مجلس کے قرب و جوار میں بہت زبردست پہرہ لگایا گیا ہے۔ اس مرتبہ سپاہیوں کے درمیان ریوالور بھی تقسیم کئے گئے ہیں۔ متعدد اراکین مجلس دہلی پہنچ گئے ہیں۔

معلوم ہوا ہے کہ کل مجلس کی کارروائی صرف نصف گھنٹہ تک جاری رہے گی۔ مسٹر چیٹی عارضی طور پر صدارت کے فرائض انجام دیں گے صدر کے انتخاب کے لئے ۱۶ر جنوری مقرر کی گئی ہے۔ مختلف امیدوار اپنی کامیابی کے لئے انتہائی کوشش کر رہے ہیں۔ غیر سرکاری حلقوں میں یہ خیال کیا جاتا ہے کہ مسلم امیدواروں میں مفاہمت ہو جائے گی اور سر عبدالرحیم یا سر رحمت اللہ کے انتخاب کا مفروضہ یقینی صورت اختیار کرے گا۔

مجلس کے دیگر اراکین سے روش پدورش جگت چندی مل کمار راجہ رونق افروز ہوں گے معلوم ہوا ہے کہ آپ کی موجودگی اراکین کے لئے نہایت دلچسپی کا باعث ہوگی۔

سری نگر کے قلعہ کا میگزین اڑ گیا

دو فوجی سپاہی جل گئے

سری نگر ۱۳ر جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ گذشتہ ہفتہ قلعہ ہری پربت سری نگر میں سامان حرب کے ذخیرہ کے اندر آگ لگ گئی اور میگزین اڑ گیا۔ دو فوجی سپاہی جو پہرہ پر موجود تھے جل گئے۔ ان دونوں کی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔

ڈیڑھ سو مقامات پر پولیس کے چھاپے

برمی بغاوت کے متعلق کاغذات کی برآمدگی

رنگون ۱۳ر جنوری۔ آج پولیس نے ڈیڑھ سو مقامات پر سیاسی چھاپے مارے جن کا نتیجہ یہ نکلا کہ تھاراواڈی کی بغاوت کے متعلق بہت سے کاغذات اور دستاویزات برآمد ہوئیں۔ جن مقامات کی تلاشی ہوئی ان میں وہ مجالس بھی ہیں جن کا تعلق برمی ایسوسی ایشن کی جنرل کونسل سے ہے۔

ڈاکٹر محمد عالم کی جیل میں علالت

وزن میں ۳۰ پونڈ کی تخفیف

لاہور ۱۳ر جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ ڈاکٹر محمد عالم گجرات سنٹرل جیل میں ضیق النفس کے مرض میں مبتلا ہیں آپ کی جسمانی کمزوری میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے کہا جاتا ہے کہ جیل میں داخل ہونے کے بعد آپ کے وزن میں ۳۰ پونڈ کی تخفیف ہو چکی ہے۔

مسٹر مراد ہوا باز کی ناکام واپسی

کلکتہ ۱۳ر جنوری۔ مسٹر ایس۔ مراد بنگالی ہوا باز نے بصرہ سے ایک برقی پیغام کے ذریعہ مطلع کیا ہے کہ طیارہ بالکل خراب ہو گیا ہے۔ دوبارہ مرمت غیر ممکن ہے۔ میں ہوائی ڈاک کے ذریعہ آئندہ ہفتہ کراچی پہنچوں گا۔ خراب شدہ طیارہ دخانی جہاز کے ذریعہ ہندوستان پہنچ جائے گا۔

قارئین کرام کو یاد ہوگا کہ مسٹر مراد نے سر آغا خاں کا انعام حاصل کرنے کے لئے کراچی سے کیپ ٹاؤن تک کے لئے پرواز شروع کی تھی لیکن موسم بار بار ان کی پرواز میں مشکلات پیدا کر دیں۔ چنانچہ آپ کو متعدد بار زمین پر اترنا پڑا بالآخر آپکا طیارہ بصرہ کے قریب بالکل خراب ہو گیا۔

سکرٹری یودک سنگھا کو قید سخت کی سزا

پٹنہ ۱۳ر جنوری۔ راجندر پرشاد سکرٹری پٹنہ یودک سنگھا کو دفعہ ۱۵۸ تعزیرات ہند کے ماتحت چھ ماہ قید سخت کی سزا دی گئی۔ (داپ)

لکھنؤ میں گرفتاریوں کی بھرمار

لکھنؤ ۱۳ر جنوری۔ اس ہفتہ سے لکھنؤ میں پکٹنگ کے سلسلہ میں روزانہ گرفتاریاں ہو رہی ہیں۔ گرفتاریاں عبدالرزاق کی دوکان کے سامنے سے عمل میں آرہی ہیں جدید گرفتار شدہ جتھے میں پانچ خواتین بھی ہیں۔

مولانا محمد علی مرحوم کی میت پورٹ سعید جائیگی

مولانا شوکت علی اور دیگر متعلقین بھی ہمراہ ہونگے

نئی دہلی ۱۳ر جنوری۔ لندن کی مزید اطلاعات سے معلوم ہوتا ہے کہ مولانا محمد علی مرحوم کی میت حکومت کے خرچ سے برٹش کے جہاز میں پورٹ سعید لائی جائے گی۔ جہاز ٹلبری سے ۲۹ر جنوری کو روانہ ہو جائے گا۔ انتظام کیا جا رہا ہے کہ مولانا مرحوم کو سلطان مرحوم کے زیر اہتمام اقصیٰ کی مسجد میں سپرد خاک کیا جائے۔ مولانا شوکت علی اور دیگر متعلقین بھی مارسیلز سے جہاز پر سوار ہونگے اور مشہور مجاہدین مرحوم کو دفنا کر ہندوستان واپس ہو جائیں گے۔

صدرسی پی جنگی کونسل کی سزایابی

ناگپور ۱۳ر جنوری۔ آج صاحب باندے مالگزار بارھویں صدر سی پی جنگی کونسل کو چھ ماہ قید اور دو سو روپیہ جرمانہ بامزید ڈیڑھ ماہ قید کی سزا ہوئی ہے۔ آپ کو بی کلاس میں رکھا گیا ہے۔

قوم پرور اخبارات کو ایک مشورہ

(بسلسلہ صفحہ ۳ کالم ۴)

اخبارات کو بھی گول میز سے خاص دلچسپی ہے اور ان کو بھی اس سے بڑھ کر تعصب اور ان مسائل پر اپنے رائے زنی سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کو اس طرف جس طرح جانا چاہئے ہیں جاتے ہیں کہ ...

کی حمایت کی تھی اور آج تک وہ اسی مسلک پر قائم ہیں۔

اس سلسلہ میں سب سے زیادہ افسوسناک رویہ یہ ہے کہ قوم پرور اخبارات گول میز یوں کے فرقہ وارانہ مسائل پر جو گفتگو کر رہے ہیں ان پر اس انداز سے بحث کرتے ہیں جس سے خود فرقہ پروری اور تنگ نظری کی بو آتی ہے۔ اس باب میں تیج دہلی۔ ملاپ۔ پرتاب لاہور وغیرہ جیسے مدعیان حریت اور قوم پرور اخبارات کا رویہ سخت قابل شکایت ہے وہ گول میزیوں کے باہمی گفت و شنید کے معاملہ میں خصوصیت کے ساتھ نہ صرف دلچسپی لے رہے ہیں ...

شولاپور کے ملزمین کو پھانسی دے دی گئی

چار ملزمین میں تین ہندو تھے اور ایک مسلمان

پونا۔ ۱۲ر جنوری۔ مالاپا دھن شیٹی۔ سری کشن سردا۔ جگن ناتھ شندے اور عبدالرسول قربان حسین جن کو شولاپور کے ہنگامہ کے سلسلے میں سزائے موت دی گئی تھی اور جن کا اپیل حال ہی میں پریوی کونسل سے نامنظور ہوا تھا وہ چاروں ملزم آج یرودا جیل میں پھانسی کے تختہ پر لٹکا دئے گئے۔ تمام شہر میں حفظ ما تقدم کے طور پر زبردست پہرہ لگا دیا گیا تھا تاکہ معاملہ قابو سے باہر نہ ہونے پائے۔ (ا۔پ)

ناظرین کو یاد ہوگا کہ پریوی کونسل میں اپیل نامنظور ہونے کے بعد تمام ہندوستان نے ان ملزمین کی سزا میں تخفیف کے لئے حکومت سے درخواست کی تھی جن میں حکومت پرست اور قوم پرور شامل تھے اسی سلسلے میں وائسرائے اور گورنر بمبئی کے پاس سربرآوردہ لوگوں کے وفود بھی گئے جنہوں نے ملزموں کے حق میں رحم کی درخواست کی مگر حکومت نے سب کی درخواستوں کو ٹھکرا دیا۔ اور آج ان چاروں کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔

باغیوں نے موٹروں کو جلادیا؟

رنگون میں اضطراب انگیز منظر

باغیوں کی جانب سے دوبارہ حملہ کرنے کی تیاریاں؟

رنگون۔ ۱۱ر جنوری۔ تھارواڈی سے بغاوت کے بعد رنگون میں تشویشناک اور سنسنی خیز خبریں موصول ہو رہی ہیں۔ گذشتہ ہفتہ رنگون میں چینیوں اور برمیوں کے درمیان جو فساد ہوا تھا اس کی وجہ یہ ہی بتائی جاتی ہے کہ تھارواڈی کی خبروں نے عوام میں ہراس ڈال دیا۔

گذشتہ شب ایک افواہ شہر میں پھیل گئی کہ باغیوں نے پروم کے قریب موٹر لاریوں کو روک لیا ہے اور مسافروں کو قتل کرکے موٹروں کو جلا دیا گیا ہے اس خبر نے شہر میں بہت زیادہ سنسنی پیدا کر دی۔ بازاروں اور کلبوں میں فوراً دوکانیں بند ہو گئیں۔ گاڑیاں رک گئیں اور موٹر وغیرہ چلنی بند ہو گئیں اور آناً فاناً میں بازار سنسان ہو گئے۔ ہر شخص پناہ تلاش کر رہا تھا ... دہ بالکل بے بنیاد ہے چنانچہ دوکانیں دوبارہ کھل گئیں اور گاڑیاں وغیرہ چلنی شروع ہو گئیں۔

کل شاہی محکمہ پرواز کا ایک طیارہ باغیوں کے علاقہ کا معائنہ کرنے گیا۔ اس طیارہ نے اطلاع دی کہ باغی گھنے جنگلوں میں پوشیدہ ہیں۔

تھارواڈی سے سرکاری افواج ہٹالی گئی ہیں۔ لیکن بعض سیاسی حلقوں میں حکومت کے اس فعل کو غلطی پر مبنی تصور کیا جاتا ہے کیونکہ ابھی فی الحال اس سے منتشر ہو گئے ہیں کہ سرکاری افواج واپس ہو جانے کے بعد دوبارہ حملہ کر دیا جائے۔

خیال کیا جاتا ہے کہ باغیوں کے پاس اس وقت تک بہت افلیس اور کثیر تعداد میں آتشیں اسلحہ موجود ہے۔

اس خبر کی تصدیق ہو گئی ہے کہ باغیوں کا سردار قلعہ کے محاصرہ کے وقت گرفتار نہیں ہوا۔ بلکہ پہلے ہی فرار کر گیا تھا۔ اس خبر سے باغیوں کے حوصلے اور بھی بڑھ گئے ہیں کیونکہ وہ خیال کرتے ہیں کہ انہوں نے حکومت کو اور ایک حد تک شکست دیدی ہے۔

باغیوں کے سردار کی گرفتاری کے لئے انعام مقرر کیا گیا ہے۔ آج نفر باغیوں سو قیدی تھارواڈی سے رنگون لائے گئے ہیں گرفتار شدگان کے مقدمہ کی سماعت ایک مخصوص عدالت کریگی۔

کیا ہندوستان کو مستعمرات کے مانند درجہ دیا جائیگا؟

دو فرقہ وارانہ مسئلہ کے حل میں ہندو مہاسبھا کی مزاحمت

لندن۔ ... جنوری۔ مسٹر فضل الحق نے اخبار ٹیلیگراف کے نامہ نگار سے ملاقات کے دوران میں فرمایا۔

«یہ عملی طور پر یقینی امر ہے کہ کانفرنس کے اختتام سے پہلے مسٹر میکڈانلڈ وزیر اعظم برطانیہ ہندوستان کے آئندہ دستور اساسی کے متعلق اعلان کریں گے۔ یہ دستور اساسی درجہ مستعمرات سے صرف نام میں مختلف ہوگا۔ اگر ہندوستان اس خبر کو سن کر مسرت کا اظہار کرے تو میں دعوے کے ساتھ کہتا ہوں کہ یہ مسرت مسلم اور یورپین نمائندوں ...

بھی نظر انداز نہیں کر دینا چاہئے کہ ہندو مہاسبھا نے فرقہ وارانہ مسئلہ کے متعلق جو جارحانہ رویہ اختیار کر رکھا ہے اس نے اس مسئلہ کو حل نہیں ہونے دیا۔

«اس وقت تمامتر توجہ جداگانہ انتخاب پر مبذول کی جا رہی ہے مختلف مفادات کی نیابت کا مسئلہ ایک ماہر مجلس حقوق رائے دہندگی کے سپرد کر دیا جائیگا جو ہندوستان میں شہادتیں قلمبند کرکے متفناد مطالبات کا تصفیہ کر دے گی۔»

«ہندوستانی قوم پرست اقلیتوں سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ درجہ مستعمرات کے مطالبہ میں کسی تحفظ کے بغیر شامل ہو جائیں قوم پرستوں کے اس مطالبہ کی مثال اس شیر جیسی ہے جس نے چھوٹے جانوروں کو اپنے بھٹ میں آنے کی دعوت دی تھی تاکہ وہ ان کو در غلا کر اپنی شکم پری کر سکیں۔»

کراچی میں پولیس اور کانگریسیوں کا تصادم

دو مرتبہ لاٹھیوں کے حملے کئے گئے

ڈیڑھ سو آدمی مجروح اور چھتیس مرد اور عورتیں گرفتار

کراچی۔ ۱۲ر جنوری۔ گذشتہ شب کو پولیس اور کانگریسیوں کے درمیان جو تصادم ہوا تھا اس کی تفصیلات سے معلوم ہوتا ہے کہ فساد ہنگامہ کا حملہ سے شروع ہوا تھا جہاں ایک خلاف قانون جلوس مجسٹریٹ کے احکام کی مخالفت میں تیار کیا گیا تھا ... پھر جب جلوس پہنچا تو مسلح پولیس کی ایک زبردست جمعیت نے اسے روک لیا اور منتشر ہو جانے کا حکم دیا۔ مجسٹریٹ نے مجمع کو متنبہ کیا کہ یہ اجتماع خلاف قانون ہے لیکن جلوس والوں نے منتشر ہونے سے انکار کر دیا جس پر پولیس نے ان پر لاٹھیاں برسائیں ... پولیس کو گھبرا کر گزرنا پڑا ... جس سے سپرنٹنڈنٹ پولیس اور دیگر اشخاص کے چوٹیں آئیں ... اس پر لاٹھیاں چلائی گئیں۔ مجروحین کی تعداد ایک سو پچاس بتائی جاتی ہے ... (ا۔پ)

شولاپور کے ملزموں کو پھانسی دئے جانے کے بعد

جیل کی طرف مجمع کی روانگی اور پولیس کی لٹھ بازی

پونا۔ ۱۲ر جنوری۔ یہ معلوم کرکے کہ شولاپور کے ملزموں کو پھانسی دیدی گئی ہے۔ ایک چھوٹا سا مجمع یروداجیل کی طرف روانہ ہوا لیکن وہ راستہ میں ہی روک لیا گیا اور لوگ لاٹھیوں سے منتشر کر دئے گئے۔ متعدد اشخاص خفیف طور پر زخمی ہوئے ہیں جیل کے تمام راستوں پر محافظ پولیس کا پہرہ ہے۔ (ا۔پ)

شولاپور کے واقعہ پر بمبئی میں ہڑتال

ٹرام کار اور سواریاں روک دی گئیں

مجمع پر پولیس کی لاٹھیاں

بمبئی۔ ۱۲ر جنوری۔ شولاپور کے ملزموں کو پھانسی دئے جانے پر ہڑتال کرنے کے سلسلہ میں آج صبح کالبا دیوی روڈ پر متعدد واقعات رونما ہوئے۔ یہ جگہ ہندوؤں کا ہیڈ کوارٹر ہے ٹرام کاریں اور سواریاں روک دی گئیں اور لوگوں کو مجبور کیا گیا کہ اتر جائیں ... مجمع نے پولیس کے تین سپاہیوں کو گھیر لیا ...

میں تقریباً ... ۶۶۷، ۸ روپے کی تخفیف واقع ہوگی۔ آمدنی میں تخفیف ہوئی ہے لیکن خرچ میں اضافہ ہو گیا ہے۔ گذشتہ چند ماہ کی سیاسی صورت حال نے قید خانوں اور پولیس کے اخراجات میں بہت زیادہ اضافہ کر دیا ہے۔

سے مطالبہ کیا کہ وہ پھانسی پانے والوں کے اعزاز میں اپنی پگڑیاں اتار دیں یہ سپاہی کانگریسی کارکنوں کی مدد سے بچ لئے گئے مجمع نے ٹرام کار کو روکنے پر اصرار کیا جس پر پولیس نے لاٹھیاں چلائیں جس کے باعث ۱۱ آدمی زخمی ہوئے۔ پولیس رقبہ میں گشت لگا رہی ہے۔

(بعد کی خبر) اس ... تک ۲۷ آدمی پولیس کی لاٹھیوں سے زخمی ہو چکے ہیں۔

حکومت بنگال کے مالیہ میں ایک کروڑ کی تخفیف

قید خانوں اور پولیس کے اخراجات میں معتدبہ اضافہ

کلکتہ۔ ۱۳ر جنوری۔ حکومت بنگال کے محکمہ اطلاعات کی جانب سے حسب ذیل اعلان شائع ہوا ہے۔

گذشتہ چند روز کے اندر اخبارات میں حکومت بنگال کے مالی نقصانات کے متعلق مختلف اطلاعات شائع ہوئی ہیں۔ ایک اخبار نے اعداد و شمار پیش کرتے ہوئے یہ بتایا ہے کہ حکومت بنگال کے سالانہ میزانیہ میں ... روپے کی تخفیف واقع ہوگی ...

غلط اطلاعات کا ازالہ کرنے کے لئے یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ موجودہ سالانہ میزانیہ کے متعلق جہاں تک ممکن ہو صحیح اعداد و شمار بہم پہونچائے جائیں ... اس طرح حکومت بنگال کے مالیہ میں تقریباً ... ۶۶۷، ۸ روپے کی تخفیف واقع ہوگی۔

حسب ذیل مدات میں تخفیف واقع ہوئی ہے

لگان اراضی	۱۸ر ۹ لاکھ روپے
آبکاری	۳۴ر ۰۰ لاکھ روپے
اسٹامپ	۲۶ر ۳۵ لاکھ روپے
جنگلات	۹ر ۳ لاکھ روپے
رجسٹریشن	۰۰ر ۹ لاکھ روپے
محصولات	۲۵ر ۲ لاکھ روپے
عدالت	۲۳ر ۲ لاکھ روپے
	۱۸ر ۹۵ روپے

لیکن بعض مدات میں قدرتے اضافہ ہو گیا ہے اس لئے میزانیہ ...

بڑودہ میں پولیس اور مجمع کا تصادم

مجسٹریٹ کی طرف سے جلوس کی ممانعت

مزاحمت کے باوجود جلوس نکالا اور جلسہ منعقد کیا گیا

بمبئی ۱۲ر جنوری۔ ٹائمز آف انڈیا کا نامہ نگار مقیم بڑودہ بذریعہ تار مطلع کرتا ہے کہ جمعہ کے روز پولیس اور کانگریسیوں کے درمیان تصادم ہو گیا کانگریسی کارکن سردار ولبھ بھائی پٹیل کے اعزاز میں جلوس نکالنا چاہتے تھے جو پرجا منڈل سبجکٹ ایسوسی ایشن کے صدر تھے۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے ایک نوٹس کے ذریعہ تمام جلوسوں کی ممانعت کر دی۔ اس حکم کے خلاف تمام شہر میں ہڑتال کی گئی اور شام کے وقت ایک جلوس مرتب کیا گیا جس میں یوتھ لیگ والنٹیر سیوا اور خواتین بھی شامل تھیں جب جلوس آگے بڑھنا چاہا تو پولیس نے مزاحمت کی اس پر جلوس والے سڑک پر بیٹھ گئے اور رات کے نو بجے تک بھجن گاتے رہے جس کے بعد پولیس نے مجمع پر لاٹھیاں برسائیں جلوس نے دوبارہ جمع ہونا شروع کیا اور آدھی رات کے قریب جب پولیس چلی گئی تو جلوس نے شہر کے مختلف مقامات کا گشت لگایا اور ایک جلسہ منعقد کر کے جس میں سردار ولبھ بھائی کی تیسری مرتبہ سزا یابی پر ان کی خدمت میں مبارکباد پیش کی گئی تھی جلوس منتشر ہو گیا۔

ہندوستان کے پچاس ہزار فرزند جیل میں ہیں

گول میز کانفرنس کامیاب نہیں ہو سکتی

مسٹر فنر براکوے نے جو اخبار نیو لیڈر کے ایڈیٹر اور انڈیپنڈنٹ لیبر پارٹی کے سرگرم کارکن ہیں، گاندھی سوسائٹی لندن کی سالانہ ضیافت کی صدارت کے دوران میں مولانا محمد علی کے لئے خراج عقیدت پیش کیا۔ گول میز کانفرنس کا ذکر کرکے آپ نے فرمایا کہ جب تک اس کانفرنس میں کانگریس کے نمائندے شریک نہیں ہیں یہ کانفرنس ہندوستان کے آئینی مسئلہ کو اس طریقہ پر حل نہیں کر سکتی جو ملک کے لئے قابل قبول ہو جب برطانوی حکومت کے نمائندوں نے ایک مبہم طرز عمل اختیار کیا ہے اور حکومت خود اختیاری کے متعلق ہندوستان کا حق تسلیم کرنے سے ... کی امیدیں قطعی مفقود ہو گئی ہیں جب تک ... گاندھی اور ان کے ہزار ...

۵ار شعبان المکرم سے یہ رعایتی سلسلہ جاری ہوتا ہے تاکہ خریدار مناسب وقت میں گھڑیاں منگا کر شروع رمضان المبارک سے کام میں لا سکیں

حق مضمون اشتہار ہذا محفوظ ہے کوئی صاحب اسے نقل کرکے فائدہ کی جگہ نقصان نہ اٹھائیں

رعایت کا مبارک مہینہ

جو سال میں ایک ہی بار آتا ہے اس سے ضرور فائدہ اٹھایئے

گیارہ ماہ گذرنے کے بعد خدا کے فضل و کرم سے ہم کو اور آپ کو رمضان المبارک کا مہینہ نصیب ہوا ہے یہ بھلائیوں اور نیکیوں کا مہینہ ہے اسلئے ہم نے بھی یہی مہینہ اپنے خریداروں کو فائدہ پہنچانے کیلئے انتخاب کر رکھا ہے۔ لہذا حسب معمول اعلان کیا جاتا ہے کہ مندرجہ ذیل گھڑیوں، ٹائم پیسوں اور گھنٹوں کی قیمت میں بیحد رعایت کر دیگئی ہے اس رعایت سے ہر شخص خواہ کسی مذہب و ملت کے ہوں فائدہ اٹھا سکتے ہیں جلد سے جلد فرمائش بھیجئے ورنہ یہ زرین موقعہ پھر ایک سال بعد آئیگا۔

ناظم منیجر

حیرت انگیز چھ سالہ جنتری واچ

کم خرچ بالا نشین لیور پاکٹ واچ

ویسٹ اینڈ واچ کمپنی

بخشی پاکٹ ڈائری ۱۹۳۱ء

نہایت آب و تاب سے چھپ کر تیار ہو گئی ہے!!

قیمت صرف ایک آنہ

پتہ: منیجر بخشی پاکٹ ڈائری ...

برکات رمضان

منیجر کتب خانہ دینیات مدرسہ امینیہ دہلی

اقلیتوں کا تحفظ کس طرح کیا جائے

مجلس ماتحت میں کرنیل گڈنی کی یادداشت

لندن۔ ۹ر جنوری۔ جدید آئین میں اقلیتوں کے تحفظ کے مسئلہ پر اس وقت تک بحث و تمحیص جاری ہے۔ توقع کی جاتی ہے کہ اس اہم اور ضروری مسئلہ کے متعلق آئندہ ہفتہ کے آغاز میں تصفیہ ہو جائے گا کرنیل گڈنی نے اس سلسلہ میں ایک یادداشت مجلس ماتحت کے سامنے پیش کی ہے۔ آپ نے اقلیتوں کی باقاعدہ تقسیم مرکزی مجلس مقننہ اور صوبجاتی مجالس مقننہ ہوگی نمائندگی ان کے حقوق کا تحفظ اور ملازمت ہائے عامہ میں پوری پوری نمائندگی پر زور دیا ہے۔ یادداشت میں اس پر بھی زور دیا گیا ہے کہ اقلیت میں سے ایک پارلیمنٹری انڈر سکریٹری ماتحت وزیر مجلس شوریٰ مقرر کیا جائے۔

مذکورہ یادداشت میں اینگلو انڈین کے مطالبات کو بھی پیش کیا گیا ہے۔ کرنیل گڈنی نے یہ تجویز پیش کی ہے کہ مجالس مقننہ اور ملازمت ہائے عامہ میں اینگلو انڈین کے حقوق کا تحفظ اس طرح کیا جائے کہ فرقہ وارانہ تجزیہ قائم نہ ہو سکے۔

گول میزیوں کے فرقہ وارانہ جھگڑے

اب ڈاکٹر مونجے کیا چاہتے ہیں

گاندھی جی کو ثالث بنانے کی تجویز

لندن۔ ۱۲ر جنوری۔ مجلس وفاقی دستور وفاقی کا کام اب ختم ہو گیا ہے اس مجلس کے سامنے نہایت پیچیدہ اور اہم مسائل حل طلب موجود تھے۔ اس ... مسائل کے متعلق تصفیہ ہو جانے کے یہ معنی ہیں کہ گول میز کانفرنس نے ایک قطعی اور نہایت اہم قدم آگے بڑھا لیا ہے۔ کانفرنس کو جو کامیابی حاصل ہوئی ہے ...

فرقہ وارانہ نوعیت رکھتا ہے اسی وجہ سے ہندو مسلم مندوبین کے مابین اس سلسلے میں اس وقت تک مفاہمت نہیں ہو سکی ہے۔ ... ڈاکٹر مونجے نے اس سلسلہ میں ثالثی کو قبول کر لیا ہے آپ کے خیال میں ثالثوں میں مسٹر گاندھی ... اور وہ اشخاص شامل ہونے چاہئیں جن کی ... کو قبول کر سکتے ہیں۔

اقلیتوں کی ماتحت مجلس نے جو دلائل پیش کی ہیں۔ وزیر اعظم ان کا خلاصہ ایک رپورٹ کی شکل میں تیار کر رہے ہیں۔ یہ رپورٹ آئندہ ہفتہ کے مباحث میں پیش ہوگی۔ برطانوی حلقوں میں یہ خواہش ظاہر کی جا رہی ہے کہ یہ فرقہ وارانہ مسئلہ کا حل نہایت ضروری اور اہم ہے بعض اختلافات کو اگر نظر انداز کر دیا جائے تو یہ توقع کی جا سکتی ہے یہ فرقہ وارانہ مسئلہ کا علیحدہ تصفیہ ہو جائے گا۔ ... ہندو مسلمانوں کے لئے ایک ایسے مکان کی تعمیر ہو سکے گی جس میں دونوں امن و آشتی سے رہ سکیں گے۔ ... حکومت کو مداخلت کی ضرورت نہیں ہے۔

ملک معظم کی جانب سے گول میزیوں کو الوداعی دعوت

لندن۔ ۹ر جنوری۔ ملک معظم اور ملکہ معظمہ ۱۹ر جنوری کو گول میزی مندوبین کو بکنگھم پیلس میں الوداعی دعوت دیں گے۔

... یہ دعوت دی جانے والی تھی وہ اس وجہ سے ملتوی کر دی گئی کہ برطانوی مندوبین شہزادی کے انتقال کے باعث شرکت سے مجبور تھے۔

مسٹر ... پی نے ارادہ کیا تھا کہ وہ آج ... روانہ ہو جائیں لیکن ... کے باعث آپ کو اپنا ارادہ ترک کرنا پڑا اب آپ غالباً ایک ہفتہ بعد روانہ ہوں گے۔

سر سپرو کو "نواب" نہیں بنایا جائے گا

ہندوستانی اخبارات کی غلط بیانی

لندن۔ ۱۰ر جنوری۔ سر تیج بہادر سپرو نے رپورٹر کے نمائندے کو مطلع کیا ہے کہ ہندوستانی اخبارات میں ان کو نواب (سر) بنانے کے متعلق جو خبر شائع ...

اثنائی قرآن مجید معری بہت خوشخط اور سستا

احمد علی خاں ... چوہٹہ ... دہلی

شباب حسن کے متوالو

(اگر خوبصورتی درحسن کی قدر کرتے ہو تو)

پری جمال صابن رجسٹرڈ استعمال کیجئے

زنانہ سنگھار بکس ...

حکیم محمد یعقوب خاں مالک دواخانہ نور تن پریجمال منزل دہلی

دی رائل ڈینٹل ہومیوانسٹی ٹیوٹ دہلی

دندان سازی کی تعلیم حاصل کرنے کے لئے آپ پرنسپل ڈاکٹر آر۔ آر گپتا۔ ایچ۔ ایم۔ ڈی سے پراسپکٹس مفت طلب کیجئے

ہومیوپیتھی الیکٹرو ہومیوپیتھی۔ بائیو کیمسٹری اور ایلن

ڈی۔ ایس۔ سی۔ ایم۔ بی۔ ایچ۔ ایم۔ بی۔ ای۔ ایچ۔ اور ایم۔ ایس۔ بی وغیرہ کے ڈپلومے حاصل کیجئے۔

خونی اور بادی بواسیر کا شرطیہ علاج۔ ... درخواست آنے پر مفت ارسال ہوگی۔

بےکاروں کیلئے سنہری موقع

تمام ہندوستان میں اس سے بہتر کوئی اور کالج نہیں ہے۔

اس کالج میں موٹر ڈرائیوری فیٹری کا کام دو ماہ میں سکھایا جاتا ہے جس کی فیس صرف ... روپیہ لی جاتی ہے غریبوں کے لئے خاص رعایت ہے مفصل حالات معلوم کرنے کے لئے پراسپکٹس مفت طلب کیجئے۔ پردیسی طلبہ کے لئے بورڈنگ ہاؤس کا انتظام بھی ہے۔

دی کیپیٹل پریکٹیکل موٹر ٹریننگ کالج بازار مچھلی والان متصل جامع مسجد دہلی

مفت

اگر آپ معلوم کرنا چاہتے ہیں

کہ صحت کیسے قائم رہ سکتی ہے ... مفت طلب کیجئے

منیجر ... مقام جلال آباد ضلع مظفر نگر (یو۔پی)

... نیشنل قلم کمپنی نئی سڑک دہلی

سفید بال پندرہ دن میں جڑ سے کالا

رمضان المبارک کے لئے انتہائی رعایت

ملنے کا پتہ: حافظ عبدالرزاق نصیر واچ کمپنی صدر بازار۔ میرٹھ (یو۔پی)

محبوب جانِ عاشق کے قدموں پر

... پنڈت فضل شاہ عالم ... دہلی

چار روپے بارہ آنہ میں دس گھڑیاں اور سب چیزیں

گریٹ موٹیر لینڈ واچ ایجنسی ... کلکتہ

تارکاپتہ: الجمعیۃ دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۲۶۵

رجسٹرڈ نمبر ایل ۷۹۳

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

یداللہ علی الجماعۃ

روزانہ

الجمعیۃ
دہلی

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی

شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ
ایک کالم
½ کالم
¼ کالم

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
فی پرچہ ایک آنہ

ایڈیٹر
بلال احمد زبیری بی۔ اے

جلد ۱۳ | دہلی یوم سہ شنبہ ۳۰ شعبان المعظم ۱۳۴۹ھ ہجری ۔ مطابق ۲۰ جنوری ۱۹۳۱ء | نمبر ۴

معاصرین کے افکار و آراء

جھوٹ کی بادشاہت

دفن کر یں یا جلا دیں

اعلیحضرت رضا شاہ کی حریت پسندی

افغانستان میں فوج کی تنظیم

اب غلامی کی شب دیجور کا انجام ہے

نا امیدی - آرزو کا خوں - فسردہ خاطری
جنکو ہردم آرزو رکھتی ہے بیتاب عمل
پردہ سنج حریت اس باغ میں ہیں ہم جہاں
ہے شکست آرزو صد آرزو اندر کنار
پاس ہے کم ہمتی کو اپنی حفظ وضع کا
جن لبوں سے اٹھکے جاتی تھیں دعائیں عرش پر
خون آنکھوں میں جبینیں پرشکن سینے بلند
مل چکا ہے نور آزادی کو اذن انتشار
دل میں ہونی چاہیئے موجود جینے کی تڑپ
پرورش قربانی افراد سے ہے قوم کی

غیر کی ہمت پہ جینے کا یہی انعام ہے
مرتسم لوح زمانہ پر انہیں کا نام ہے
ہر نفس میں قید تازہ ہر قدم پر دام ہے
ہمت عالی بھی اے غافل کبھی ناکام ہے؟
کوتہی کا مفت میں تقدیر پر الزام ہے
اب یہ حالت ہے کہ ان پر شکوۂ ایام ہے
کھیلنا ہے سر سے جنکو ان کا یہ اقدام ہے
اب غلامی کی شب دیجور کا انجام ہے
ورنہ فطرت کی رواں بخشی جہاں میں عام ہے
زندگی کے باغ کا ہر پھول خون آشام ہے

اس نوا سے نخل امید کو آباد رکھ
لیس للانسان الا ما سعی کو یاد رکھ

میر اللہ بخش تسنیم
(رکن جمعیۃ العلماء صوبہ دہلی)

دی پی کیلئے نیا قاعدہ

بندیلکھنڈ میں کسانوں کی شورش

امرتسر میں دو مسلمانوں پر قاتلانہ حملہ
ایک شرابی کی مجنونانہ حرکت

روزنامہ الجمعیۃ

تمام ہندوستان کے مسلمانوں کی سب سے بڑی مذہبی جماعت جمعیۃ علمائے ہند کا واحد ترجمان الجمعیۃ دارالحکومت ہند دہلی سے نہایت آب و تاب کے ساتھ شائع ہو رہا ہے اس اخبار کی خصوصیات حسب ذیل ہیں۔

(منیجر الجمعیۃ دہلی)

آزمائی ہوئی شرطیہ علاج

پتہ: بیر برنا اسٹور گنجی سمری - در بھنگہ

بے روزگاروں کو خوشخبری

ہندوستان میں اپنی نوعیت کا یہ پہلا کالج ہے جو غریبوں کو موٹر کا کام عملی فیس لیکر سکھاتا ہے نیز صاحب حیثیت حضرات سے پچاس روپیہ فیس داخلہ لیکر دو ماہ میں ہوشیار موٹر ڈرائیور بنا دیتا ہے۔
پکا لج گورنمنٹ سے رجسٹرڈ ہے اور بعد سیکھنے کے ملازمت دلانیکی ذمہ داری لیتا ہے۔ پراسپکٹس مفت طلب کریں
منیجر امپیریل موٹر ٹریننگ کالج چاندنی چوک متصل امپیریل بنک دہلی

دنیا مقویات باہ میں ایک بے نظیر مقوی ایجاد

دواء العصفور

حکیم ظہیر الحسن میونسپل کمشنر متھرا (یو۔ پی)

ہاں! سناٹوجن آپ کی طاقت کو بڑھا دیگا

SANATOGEN
اصلی صحت بخش دوا

ہر ایک دوا فروش اور بازار سے دستیاب ہو سکتی ہے۔ بناتے وقت ہاتھ سے نہیں چھوئی جاتی

پایوریا

منیجر انصاری دواخانہ شاہجہانپور (یو۔پی)

دنیا میں ایک نیا تیل

سفید بال ایک ہفتہ میں جڑ سے کالا

شنکر کارجالہ نمبر ۹۰ در بھنگہ بہار

بے روزگاروں کو مژدہ

برنس ہوم لمیٹڈ بمبئی فورٹ

لوٹو۔ لوٹو۔ لوٹو

لندن واچ کمپنی ہٹ کھولہ (کلکتہ)

نئی گھڑیوں کا جہاز آگیا

خریدنے میں جلدی کیجئے



جہاز کا آدھے سے زیادہ مال کلکتہ کے تھوک خریدنے والے بیوپاریوں میں ختم ہو چکا ہے۔ تھوڑا باقی ہے۔ باہر کے گاہک خریدنے میں جلدی کریں ورنہ پیچھے پچھتانا پڑے گا۔ ہر ایک گھڑی اچھی مضبوط نئے فیشن اور جدید کانٹ چھانٹ کی بنی ہوئی ہے۔ سچا وقت بتانے میں لاثانی اور خوبصورتی میں اپنا ثانی نہیں رکھتی۔

پتہ: دہلی واچ اینڈ کلاک کمپنی ہاٹ کھولا کلکتہ

مکتبہ علیمہ کے گرانمایہ تحفے

تاریخ القرآن
تفسیر مظہری
بستان العارفین
تعلیم الاسلام

ملنے کا پتہ: مکتبہ علیمہ بازار بلیماران دہلی

افریقہ میں اسلام اور نصرانیت کی آویزش

عیسائی مشنوں کی تبلیغی جد وجہد کے محیر العقول کارنامے

فرزندان توحید اور علمبرداران تبلیغ کیلئے تازیانۂ عبرت

(از ادارۂ الجمعیۃ)

یہ بات مسلّم ہے کہ آج یورپ کو مذہب سے اتنا تعلق نہیں ہے جتنا مادیات سے ہے۔ اس کو بمقابلہ آخرت کے دنیا کا زیادہ خیال ہے اور اس کی زندگی کا اعلیٰ مقصد حکمرانی، جوع الارض اور کمزوروں کی ہلاکت کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ مغربی حکمران اس بات کو تو برداشت کر لیں گے ...

ان مقامات میں عیسائی مشنوں نے جو سب سے بڑا کام کیا ہے وہ مدرسوں اور شفاخانوں کا قیام ہے۔ چونکہ ان مقامات میں جذام کے مرض کی بہت کثرت ہے اسلئے خاص اس مرض کے لئے متعدد شفاخانے قائم کر دئے گئے ہیں جو ... سال سے اپنا کام کر رہے ہیں۔

افریقہ میں عیسائیت کی تدریجی ترقی

ان کے بعد جرمن سے ایک اور مشن آیا (۱۸۲۶ء) جو سات اشخاص پر مشتمل تھا ان میں سے پانچ اشخاص تو بخار سے ہلاک ہوگئے اور باقی دو شخصوں نے ہمت کرکے ایک مشن اور ایک ہسپتال کھول دیا ...

اٹلی کی نو آبادیات میں عیسائی مشن

افریقہ کے لوگوں کو تثلیث کا معتقد بنانے کے لئے عیسائیوں نے صرف یہی نہیں کوششیں کیں بلکہ ان کا قدم ہمیشہ آگے بڑھتا رہا ہے ...

افریقہ میں مشنریوں کا مسلسل ورود

...

مستقبل قریب میں خونریز جنگ کا امکان

جرمنی میں بغاوت اور شورش کے جراثیم کی نشوونما

یورپ میں خون کے دریا بہہ جائیں گے

(ترجمہ خصوصی) (از قلم سگرید شلٹز)

خیال کیا جاتا ہے کہ جب جرمنی کی قومی مجلس شوریٰ کا دوبارہ افتتاح ہوگا تو تمام یورپ کی قسمت اس مجلس کے ہاتھ میں ہوگی۔ صدر جمہوریہ مسٹر ہنڈنبرگ کا یہ فقرہ کہ "قومی مجلس کو میزانیہ کا توازن قائم کرنے میں سرگرمی کرنی چاہئے" یہ ظاہر کرتا ہے کہ مستقبل قریب میں فساد، بغاوت، جنگ اور شورش یورپ کو پریشان کریں گے اور دنیا ایک دوسری جنگ عظیم میں مبتلا ہو جائے گی۔

اس وقت جرمنی میں ساٹھ لاکھ آدمی ایسے ہیں جن کا محکمہ جنگ سے تعلق ہے۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے پاس کوئی ہتھیار نہیں ہے۔ یہ لوگ جنگ کی سرگرمیوں میں مبتلا نہیں ہونا چاہتے ...

ان میں سے اکثر اس فوج میں بھی موجود ہیں۔ اس سلسلے میں کپتان سٹیننز قابل ذکر ہے۔ یہ شخص پہلے جرمنی پولیس کا ایک اعلیٰ حاکم تھا "جنوبی صوبہ" کی کمان کپتان ... کے ہاتھ میں ہے۔

جیسا کہ اوپر ذکر کیا جا چکا ہے خاکی پوش فوج میں ان لوگوں کی کثیر تعداد شامل ہے جو گزشتہ جنگ عظیم میں نمایاں حصہ لے چکے ہیں۔ اس فوج کی وردی بھی عجیب وغریب ہے ...

"آہنی خود" والی فوجی جماعت

جرمنی میں بیکاروں کی تعداد

غیر مسلح "خاکی پوش" فوج

گول میز کانفرنس کی سرگرمیوں پر فرانس کے ایک اخبار کا تبصرہ

"ماتحت قوموں کیساتھ رواداری کی ضرورت"

پیرس ۱۲ جنوری۔ اخبار "ادیورسے" (فرانس) گول میز کانفرنس کی سرگرمیوں پر تبصرہ کرتے ہوئے رقمطراز ہے کہ کانفرنس کے نتائج فرانس کے لئے بہت زیادہ اہمیت رکھتے ہیں ...

نواب بھوپال اور مہاراجہ دربھنگہ کی لندن سے روانگی

لندن ۱۵ جنوری۔ نواب صاحب بھوپال، مہاراجہ دربھنگہ، اور سر چمن لال سیتلواڈ آج ہندوستان روانہ ہوگئے ہیں ...

ہندوستان کے آئندہ دستور اساسی کا خاکہ

مجلس وضع دستور وفاقی کی سفارشات

لندن ۱۶ جنوری۔ توقع کی جاتی ہے کہ گول میز کانفرنس کا کام ایک ہفتہ کے اندر ختم ہو جائے گا۔ یہ تجویز کی گئی ہے کہ کانفرنس کا خارجی اجلاس پنجشنبہ اور جمعہ کے روز منعقد کیا جائے۔ اور شنبہ کے روز کل کانفرنس کا اجلاس منعقد کیا جائے جس میں مسٹر میکڈانلڈ وزیراعظم برطانیہ برطانوی حکومت کی حکمت عملی کے متعلق اعلان کریں گے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ آئندہ دوشنبہ تک مجلس مندوبین لندن سے روانہ ہو جائیں گے۔

آج کانفرنس کے کام کا ایک نہایت اہم حصہ سرانجام ہوگیا۔ لارڈ سینکے صدر مجلس وضع دستور وفاقی نے اپنی مجلس کی رپورٹ کا مسودہ پڑھ کر سنایا یہ مسودہ ۲۶ صفحات پر مشتمل ہے۔ مسودہ کی نقول اراکین مجلس کے درمیان تقسیم کر دی گئی ہیں۔ اور توقع کی جاتی ہے کہ اس مسودہ پر ضروری بحث وتمحیص کل تک ختم ہو جائے گی ...

کابینہ اور حاکم عمومی کے تعلقات

کابینہ اور حاکم عمومی کے تعلقات کے سلسلہ میں یہ مسئلہ ایک حد تک قابل غور رہا ہے کہ کابینہ کے اجلاس کی صدارت حاکم عمومی کو کرنی چاہیے یا وزیراعلیٰ کو۔ مجلس وضع دستور وفاقی نے اس سلسلہ میں یہ رائے ظاہر کی ہے کہ اس مسئلہ کو یوں حل کیا جا سکتا ہے کہ جب حاکم عمومی صدارت کرنی مناسب تصور کرے تو اس کو صدارت کرنے کا اختیار حاصل ہوگا ورنہ بصورت دیگر وزیراعلیٰ کابینہ کے تمام اجلاسوں کی صدارت کیا کرے گا ...

امن عامہ کا تحفظ

مجلس عاملہ کی مجلس مقننہ کے سامنے ذمہ داری

ملازمت ہائے عامہ

مالیات

محفوظ بنک کے قیام کی سفارش

انسپکٹر پولیس کے مفروضہ قاتلوں کا مقدمہ

اسپیشل ٹریبونل نے فرد جرم لگا دی

کلکتہ ۱۶ جنوری۔ رام کرشنا بسواس اور کالی پادی چکرورتی دو نوجوان بنگالیوں کے خلاف آج عدالت خصوصی کے سامنے قتل، سازش اور بغیر لائسنس کے ماؤزر پستول اور آتشیں اسلحہ رکھنے کے جرم میں فرد جرم لگا دی گئی۔ یہ دونوں نوجوان ضلع چاٹگام سے تعلق رکھتے ہیں ... دونوں ملزموں نے ارتکاب جرم سے انکار کیا۔ (ا۔پ)

کانگریس اور رضاکاروں پر پولیس کا چھاپہ

قتل کے الزام میں ایک مسلمان کی گرفتاری

علی پور جیل سے ایک لیڈر کی رہائی

کلکتہ ۱۶ جنوری۔ ڈاکٹر ... ممبر آل انڈیا کانگریس کمیٹی جو ۸ اگست کو پنڈت موتی لال نہرو، ڈاکٹر انصاری، پنڈت مدن موہن مالویہ، مسٹر پٹیل سابق صدر اسمبلی اور دیگر رہنمایان وطن کے ہمراہ دہلی میں گرفتار ہوئے تھے ... آج دوپہر کے بعد علی پور سنٹرل جیل سے رہا کر دئے گئے۔ (ا۔پ)

مصلوبین شولاپور کے جلوس کا امتناع

احمد آباد ۱۶ جنوری۔ بورسد ضلع احمد آباد کے مجسٹریٹ درجہ اول نے ان تمام جلوسوں کی ممانعت کر دی ہے جو مصلوبین شولاپور کے ماتم میں بغیر اجازت کے نکالے جانے والے ہیں۔ (ا۔پ)

فوج کی موجودگی میں جلسہ کرنے کی کوشش

پولیس کی لاٹھیوں سے ڈھائی سو آدمی زخمی ہوئے

بمبئی وار کونسل کے متعدد ارکان کی گرفتاری

بمبئی ۱۶ جنوری۔ اسپلینیڈ میدان میں کانگریس کے پروگرام کو بروئے کار لانے کے لئے جو اقدام کیا گیا تھا اس کے سلسلے میں آج دوپہر تک تیس آدمی زخمی ہو چکے ہیں ...

بمبئی میں گولی چلنے کی تفصیلات

خشت باری کے باعث دو سپاہی شدید مجروح

گولیوں سے ایک زخمی کی حالت خطرناک ہے

ڈھاکہ میں رضاکاروں کی گرفتاریاں

ایک گاؤں میں تعزیری پولیس کا تقرر

دہلی میں گورنر مدراس کی آمد

آپ وائسرائے ہند سے ملاقات کرینگے

نصف رات میں مجمع پر پولیس کی لاٹھیاں

۳۵ آدمی شدید طور پر زخمی ہو گئے

لکھنؤ میں مصلوبین شولاپور کا ماتم

ڈکٹیٹر کانگریس کمیٹی کی گرفتاری

گجراتی اور بنگالی خواتین کو سزائیں

مجلس خلاف قانون کے سلسلہ میں مزید گرفتاریاں

کلکتہ ۱۶ جنوری۔ چورنگی کے چیف پریذیڈنسی مجسٹریٹ درجہ سوم نے دو گجراتی اور ایک بنگالی خواتین کو پچاس پچاس روپے جرمانہ کی سزا دی۔ بصورت عدم ادائیگی جرمانہ ایک ایک ماہ قید محض ...

سندھ کے زمینداروں کا وفد

لگان میں تخفیف کا مطالبہ

شکارپور میں رضاکاروں کو سزائیں

لاہور میں بدیشی کپڑے کی دوکانوں پر پکٹنگ

چار درجن لڑکے اور لڑکیوں کی گرفتاریاں

کانگریس اور بدیشی کپڑے کے دوکانداروں میں معاہدہ

موجودہ مال فروخت کرنیکی اجازت دیدی گئی

چھ خدائی خدمتگاروں کی گرفتاری

مدراس میں جلسے اور جلوسوں کی ممانعت

چیف پریذیڈنسی مجسٹریٹ کا حکم

احمد آباد میں پولیس نے گولی چلا دی

عوام پر لاٹھیوں کا حملہ

ڈیڑھ سو اشخاص مجروح

مخلوط انتخاب کی حمایت

اعظم گڑھ کے مسلمانوں کا برقی پیغام

اعظم گڑھ ۱۵ جنوری۔ مسلمانان اعظم گڑھ نے حسب ذیل برقی پیغام مسٹر میکڈانلڈ وزیراعظم برطانیہ سر تیج بہادر سپرو اور سر آغا خاں کے نام روانہ کیا ہے ...

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیت دہلی

۲۰ جنوری ۱۹۳۱ء

۱۹۳۰ء کا مردود قانون
"سارداایکٹ"
(۲)

نتیجہ یہ ہوا کی مجلس شوریٰ کا اجلاس جب منعقد ہوا ... نے ملک کے تمام برآوردہ حضرات علماء اور زعماء کو دعوت دی ...

دلائل کی بنا پر یہ ثابت کردیا کہ سارداایکٹ مذہب اسلام میں ایک کھلی ہوئی مداخلت ہے۔ اس خط کو وائسرائے نے وصول کرلیا مگر سکوت کا لبّہ قائم رہا۔ مجلس تحفظ ناموس شریعت نے اپنے اجلاس منعقدہ ... مارچ میں ... جدید قرارداد منظور کی ...

اسمبلی میں وائسرائے کی افتتاحی تقریر
تحریک آزادی کی قوت اور گاندھی جی کی "روحانیت" کا اعتراف
عدم ادائیگی محصولات کے متعلق کامیابی کا اعلان
"کانگریس کی عظیم الشان جمعیۃ" کو اتحاد عمل کی دعوت

نئی دہلی ۱۷ جنوری۔ آج وائسرائے نے مجلس مقننہ کے اجلاس چہارم کا افتتاح کیا۔ تماشائیوں کی تمام نشستیں پُر تھیں۔ ایوان میں بھی کسی آدمی کی گنجائش موجود نہیں تھی۔ وائسرائے کی تقریر میں حالات حاضرہ پر تبصرہ کیا گیا تھا۔ وائسرائے نے توقع ظاہر کی کہ مجلس مقننہ کا اجلاس ختم ہونے سے قبل وہ ہر دو ایوان سے باضابطہ طور پر رخصت حاصل کرلیں گے۔

تعاون پیدا کرنے کی کوشش کی جائے۔ تو دنیا کی عام کساد بازاری کے باوجود ممکن ہوگا کہ ہم ہندوستان میں نئی امید کا آغاز طلوع ہوتا دیکھ سکیں۔ ... اور ان کی قوت میں ضرور اضافہ ہوجائے گا۔

تحریک سول نافرمانی

گول میز کانفرنس کے نتائج

گاندھی جی کی "روحانیت"

سیلون کے اخبارات میں خلاف شریعت مسودہ قانون پر احتجاج
جمعیۃ علماء ہند کا تار مسلمانان سیلون کے نام

سیلون ۱۰ جنوری۔ سیلون کے تمام مشہور روزانہ اخباروں میں مندرجہ ذیل تار شائع ہوا ہے علماء کی ایک زبردست مجلس ... نے ۵ جنوری کو ذیل کا تار مسلم سوسائٹی آف سیلون کے نام ارسال کیا ہے۔

سیلون کے مسلمانوں کو خلاف شریعت مسودہ قانون پر سخت احتجاج کرنا چاہیے۔ جمعیۃ علماء ہند ہر امکانی امداد کے لئے تیار ہے۔ ہندوستان کے مسلمانوں پر شریعت کے قوانین نافذ ہیں۔ شریعت سے ادنیٰ تجاوز بھی ہندوستان اور تمام دنیا کے مسلمانوں کے لئے موجب اضطراب ہوجاتا ہے۔

چٹاگانگ میں دفعہ ۱۴۴ کی توسیع
کرنل سمپسن کے قاتل کا مقدمہ

کلکتہ ۱۰ جنوری۔ ایک غیر معمولی سرکاری جریدہ میں یہ اعلان کیا گیا ہے کہ گزشتہ ۵ دسمبر کو چٹاگانگ میں دفعہ ۱۴۴ کا جو نفاذ کیا گیا تھا اس کی توسیع ۵ جنوری سے دو مہینے کے لئے اور کردی گئی ہے۔

لفٹنٹ کرنل سمپسن کے مزعومہ قاتل کا مقدمہ سننے کے لئے ایک ٹریبونل مقرر کردیا گیا ہے۔

پشاور میں چودہ رضاکاروں کو سزائیں
تین تین ماہ قید اور بیس بیس روپیہ جرمانہ

پشاور ۱۰ جنوری۔ پشاور کے سٹی مجسٹریٹ نے آج ۱۴ والنٹیروں کو تین تین ماہ قید اور بیس بیس روپیہ جرمانہ کی سزا دی جو چارسدہ سے آئے تھے اور ۱۲ ماہ حال کو بدیشی کپڑے پر پکٹنگ کرتے ہوئے گرفتار کئے گئے تھے۔

پشاور کے تاجران پارچہ کا عہد
آئندہ سے بدیشی کپڑا نہ منگائیں گے

پشاور ۱۰ جنوری۔ پشاور میں صورت حال یہ ہے کہ آج پکٹنگ نہیں لگائی گئی۔ تاجران پارچہ کی اکثریت نے جن میں تھوک بیچنے والے تاجر بھی شامل ہیں عہد کیا ہے کہ وہ بدیشی کپڑے کے لئے جدید آرڈر نہیں دیں گے اور جو آرڈر دے چکے ہیں انہیں بھی منسوخ کرانے کی سعی کریں گے۔ جو افغانی تاجر بدیشی کپڑا افغانستان کو بھیجتے ہیں انہیں بھی اس قسم کی تنبیہ کردی گئی ہے کہ وہ آئندہ سے بدیشی کپڑا نہ فروخت کریں۔

سی پی کونسل میں دو اہم تجاویز کی منظوری
سیاسی قیدیوں کو رہا اور نصف لگان معاف کردیا جائے

جمعیۃ علماء صوبہ بہار کا جلسہ تعزیت
مولانا محمد علی کی روح کو ایصال ثواب

(مولوی عبدالخالق)
ناظم جمعیۃ علماء صوبہ بہار

بلدیہ پشاور کا مخصوص اجلاس
مولانا محمد علی کے انتقال پر تعزیت کی تجویز

پشاور ۱۰ جنوری۔ بلدیہ پشاور کا ایک مخصوص اجلاس کپتان نواب ... کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اور مولانا محمد علی مرحوم کے انتقال پر تعزیت کی تجویز منظور کی گئی۔ گورنر پنجاب پر جو قاتلانہ حملہ کیا گیا تھا اس کی بھی ایک تجویز میں مذمت کی گئی۔ (اے پ)

اخبار ملاپ لاہور سے دس ہزار کی ضمانت
اب تک کتنے اخباروں سے ضمانتیں طلب کی گئی ہیں؟

لاہور ۱۰ جنوری۔ اخبار روزانہ "ملاپ" لاہور سے جدید پریس آرڈیننس کے تحت پانچ ہزار روپے کی ضمانت طلب کرلی گئی ہے۔ اور پانچ ہزار اس کے پریس سے طلب کئے گئے ہیں جس میں اخبار مذکور طبع ہوتا ہے۔ اب تک جن دیسی اخبارات سے ضمانتیں طلب کی گئی ہیں ان کے نام یہ ہیں۔ (۱) بندے ماترم (۲) اکالی تے پردیسی (۳) ریاستی دنیا (۴) اکالی گزٹ۔ (اے پ)

احمدآباد میں شولاپور کے مصلوبین کا ماتم
پولیس کی لاٹھیوں سے دو درجن مجروح

احمدآباد ۱۰ جنوری۔ دو ہفتہ قبل یہاں ایک حکم امتناعی کا نفاذ ہوگیا ہے جس کی رو سے مصلوبین شولاپور کے ماتم کے سلسلہ میں تمام جلسے اور جلوسوں کی ممانعت کردی گئی ہے۔ ... کہ ۲۵ آدمی زخمی ہوئے ہیں ... (اے پ)

کلکتہ میں گرفتاریاں
چھ مرد اور چار عورتیں

کلکتہ ۱۰ جنوری۔ بڑا بازار میں بدیشی کپڑے پر پکٹنگ کرتے ہوئے چار خواتین اور چھ مرد گرفتار کرلئے گئے۔

(نامہ نگار)

مفتی اعظم کے خلاف دعویٰ
معاصر ہمدم کا اظہار خیال

لکھنؤ کا معاصر ہمدم اپنی اشاعت مورخہ ۱۰ جنوری میں رقمطراز ہے:

... قوم کے لئے جیل خانے جاتے ہیں کیسا خیر مقدم بہار کرتے ہیں۔ (ہمدم)

جامع مسجد دہلی میں ایک ناکام جلسہ
مولوی مظہرالدین صاحب پر سوالات کی بوچھاڑ

دہلی ۱۰ جنوری۔ آج جامع مسجد دہلی میں زیر صدارت مسٹر مسعود صاحب رکن مجلس مقننہ ایک جلسہ منعقد ہوا۔ ابتدا میں مولانا محمد علی مرحوم کی تعزیت کی تحریک پیش ہوئی جس پر مسٹر شفیع داؤدی ممبر اسمبلی مولوی عبدالماجد قادری۔ ملا عبدالصمد مقتدری صرف ... نے تقریریں کیں۔ اس کے بعد ملا عبدالصمد مقتدری نے سارداایکٹ کے متعلق ایک تجویز پیش کی۔ آپ ابھی تجویز کو پورے طور پر پیش بھی نہیں کرنے پائے تھے کہ ایک بوڑھے شخص نے کھڑے ہوکر اعتراض کیا کہ جناب آپ دس ماہ بعد سارداایکٹ کے نقضیہ کو لیکر آئے ہیں حالانکہ اسی مسجد میں آپ لوگوں نے سارداایکٹ کے خلاف مقدمہ چلانے کے لئے سو روپیہ جمع کئے تھے اور مولانا محمد علی مرحوم کو مدعا علیہ بنا کر مقدمہ چلایا گیا ... مگر اب تک پتہ نہیں کہ اس مقدمہ کا کیا حشر ہوا۔

اس کے جواب میں مولوی مظہرالدین نے کھڑے ہوکر کہا کہ دہلی کے مسلمانوں نے تو صرف سو روپیہ ہی دیئے تھے اس کے علاوہ لکھنؤ اور کانپور کے مسلمانوں نے بھی چندہ دیا تھا جس کو ملا کر ساڑھے تین سو روپئے کی رقم ہوتی ہے جس کا حساب موجود ہے۔ اس پر معترض نے کہا کہ میں آپ سے حساب نہیں مانگتا اور نہ یہ کہتا ہوں کہ آپ نے روپیہ کیا کیا ہے مجھے تو آپ صرف یہ بتائیے کہ آپ نے دس ماہ کے عرصہ میں سارداایکٹ کے خلاف کیا کام کیا اور مولانا محمد علی مرحوم کے مقدمہ کا کیا حشر ہوا۔ اسی جامع مسجد میں مفتی صاحب اور مولانا احمد سعید صاحب نے سارداایکٹ کی خلاف ورزی کی اور اس خلاف شرع قانون کی دھجیاں اڑائیں۔ آپ بتائیے کہ آپ نے اس سلسلے میں کیا کیا۔

اس کے بعد چاروں طرف سے سوالات کی بوچھاڑ ہونی شروع ہوگئی اور لوگوں نے مولوی مظہرالدین اور دیگر ہمراہی مولویوں پر ایسے اعتراض کئے جنکے باعث اس پارٹی کا ناطقہ بند ہوگیا۔ ایک شخص نے کہا کہ یہ تمام مولوی ٹولی ہیں مولانا محمد علی (مرحوم) کا ماتم جتلاتے پھرتے ہیں مگر خود کھدر تک استعمال نہیں کرتے مولانا محمد علی نے آخر وقت تک کھدر نہیں چھوڑا تھا۔ مگر یہ لوگ جو مولانا کا نام برابر رٹتے رہتے ہیں کھدر کے بجائے ولایتی کپڑا پہنتے اور اس پر فخر کرتے ہیں۔ ایک صاحب صدر کے پاس کھڑے ہوکر تقریر شروع کردی اور ملا صاحب کی تجویز کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ مولانا محمد علی مرحوم نے اسمبلی کی ممبری کبھی قبول نہیں کی بلکہ وہ اس کو ہمیشہ حرام سمجھتے تھے۔ مقرر صاحب نے صدر اور مسٹر شفیع داؤدی سے کہا کہ آپ کی تجویز میں مسلمانوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ ان ارکان اسمبلی پر بلیک لگائیں جنہوں نے سارداایکٹ کی حمایت کی تھی ... یہ حال ہے کہ آپ خود اسمبلی کی ممبری ترک کرنے کو تیار نہیں ہیں سب سے پہلے آپکو اسمبلی کی ممبری سے مستعفی ہوجانا چاہیئے اس کے جواب میں مسٹر شفیع داؤدی نے کہا کہ اگر علماء حکم دیں گے تو ہم اسمبلی کی ممبری کو چھوڑ دیں گے پہلے علماء کو جمع کرو اور ان سے فتویٰ لو چاروں طرف سے آوازآئی کہ ہم کو تمہارا اعتماد نہیں ہے۔ کہ ممبری سے مستعفی ہوجاؤ گے۔ شفیع داؤدی صاحب اس بات کا کوئی جواب نہ دے سکے اور چاروں طرف بغلیں جھانکنے لگے۔

ایک نوجوان نے کہا کہ مولوی مظہرالدین اور مولوی عبدالماجد نے کانپور میں کہا تھا کہ ہم جو ستیاگرہ کریں گے جوتوں کے قضیہ کو اچھا سمجھتے ہیں اور کچھ کام نہیں کرتے۔ مولوی مظہرالدین نے اس کا یہ جواب دیا کہ کل جتھا رہا ہے کہا آپ بھی اس کے ہمراہ جائیں گے مقرر نے کہا کہ ابھی تک تو اس قسم کا کوئی اعلان نظر سے نہیں گذرا لیکن اگر آپ پیچ کہتے ہیں اور خود بھی جتھے کے ہمراہ جانیکو تیار ہیں تو میں سب سے پہلے تیار ہوں۔

اس کے بعد پبلک کی طرف سے مختلف قسم کے سوالات شروع ہوگئے۔ ایک طرف سے آواز آئی کہ یہ وہ لوگ ہیں جو جمعیۃ علماء کو گالیاں دیتے پھرتے ہیں۔ اخباروں میں سرکار کی حمایت کرتے ہیں اور ولایتی کپڑا پہنتے ہیں کسی نے کہا کہ یہی لوگ ہیں جو فتنہ اور فساد برپا کرتے ہیں مسلمانوں کو آپس میں لڑاتے ہیں۔ نئی نئی انجمنیں بناتے ہیں۔ چار مولویوں کو لیکر ایک علیحدہ جمعیۃ بنا کر بیٹھ گئے۔ کسی نے کہا مفتی صاحب کے سامنے کوئی نہیں آیا۔ اب جبکہ وہ جیل میں ہیں تو یہاں تقریریں کرنے آئے ہیں غرض سوالات اور اعتراضات کی اسقدر بوچھاڑ ہوئی کہ ملا مظہرالدین اور مسٹر شفیع داؤدی مع اپنے ہمراہیوں کے حواس باختہ ہوکر چلدیئے۔

مولوی عبدالماجد صاحب نے اصل تجویز پر ایک ترمیم دی تھی لیکن باوجود مطالبہ کے صدر صاحب نے ترمیم پڑھکر نہیں سنائی صدر نے جب لوگوں سے رائے لی تو سب لوگوں نے نامنظور نامنظور کہنا شروع کیا۔ اور انقلاب زندہ باد کے نعرے لگانے شروع کردیئے اور مجمع کھڑا ہوگیا۔ مولوی مظہرالدین اور ان کے رفقاء کو حلقہ میں لے لیا اور بدقت تمام ان لوگوں کو ایک تانگے میں بٹھا کر ... رخصت کیا۔

(نامہ نگار)

... برطانیہ کے بہترین عناصر اس کام کو بروئے کار لانے میں تعاون کریں گے جو کہ لندن میں بہترین طریقہ پر شروع کیا جاچکا ہے تو ان کا یہ فعل ہندوستان کے حق میں مفید ہوگا۔ اور اس طرح ان دونوں قوموں کے تعلقات پر دوستی کی نئی رنگ چڑھ جائے گی جس کو کچھ عرصہ سے افسوسناک حالات نے ایک دوسرے سے برگشتہ خاطر کر رکھا ہے۔ (اے پ)

اسمبلی کا آئندہ صدر
سر ابراہیم رحمت اللہ منتخب ہوگئے

نئی دہلی ۱۷ جنوری۔ مرکزی مجلس مقننہ نے آج سر ابراہیم رحمت اللہ کو صدر منتخب کرلیا۔

سر ابراہیم رحمت اللہ کے حق میں ۷۶ آراء اور سر ہری سنگھ گور کے حق میں ۳۶ آراء موصول ہوئیں۔ جب انتخاب کا نتیجہ ظاہر کیا گیا تو ایوان تالیوں کی آواز سے گونج اٹھا۔ ڈاکٹر ... اور مولوی محمد یعقوب صاحب مقابلہ سے پہلے ہی دستبردار ہوگئے تھے۔

سہ پہر کے وقت مجلس مقننہ کا دوبارہ اجلاس ہوا جس میں سر ابراہیم رحمت اللہ کو مبارکباد دی گئی۔ اس کے بعد وائسرائے نے افتتاحی تقریر کی۔

آنریبل سر رحمت اللہ کا نصب العین کیا ہوگا؟
اسمبلی کا آئندہ ڈپٹی پریسیڈنٹ

نئی دہلی ۱۷ جنوری۔ آنریبل سر رحمت اللہ نے اسمبلی کے تمام طبقات کی ان تقریروں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے جو فرائض صدارت کی انجام دہی میں تعاون کرنے کے متعلق تھیں فرمایا کہ میرا نصب العین ہمیشہ "منصفانہ غیر جانبداری" رہے گا۔

معلوم ہوا ہے کہ مسٹر شیٹی جنہیں وائسرائے نے چند یوم کے لئے عارضی صدر مقرر کیا تھا اسمبلی کے ڈپٹی پریسیڈنٹ ہونا چاہتے ہیں۔

وائسرائے سے ارکین اسمبلی کی درخواست
آرڈیننسوں کو واپس لے لیا جائے

نئی دہلی ۱۷ جنوری۔ اراکین اسمبلی نے حکومت کی خدمت میں ایک درخواست بھیجی تھی جس میں یہ کہا گیا تھا کہ پریس اور ناجائز ترغیب کے مسودات قانون کو حکومت یا تو واپس لے لے یا ملتوی کردے۔ اس سلسلہ میں دستخط کنندگان کا ایک دوسرا جلسہ منعقد ہوا جس میں وائسرائے کی تازہ تقریر کو ملحوظ رکھتے ہوئے موجودہ صورت حال پر غور کیا گیا اور یہ فیصلہ کیا گیا کہ وائسرائے سے نہ صرف مذکورہ بالا دونوں مسودات قوانین کے واپس لینے کی درخواست کی جائے بلکہ دونوں آرڈیننسوں کو بھی منسوخ کردینے کے لئے کہا جائے اور یہ بتایا جائے کہ بہرحال مسودات قانون پر غور و خوض کو ملتوی کردینے ہی سے مقصد حاصل نہیں ہوگا۔ ان لوگوں کا خیال ہے کہ جو راستہ حکومت اختیار کرنا چاہتی ہے اس کا اثر گول میز کانفرنس پر برا پڑے گا اور اس سے ملک میں زیادہ تلخی پیدا ہوجائے گی۔

دہلی کے سولھویں ڈکٹیٹر کی گرفتاری

دہلی ۱۰ جنوری کی ... سنٹری پولیس نے لالہ ... کو جو گذشتہ رات ہی سابق ڈکٹیٹر کی جگہ سولھویں ڈکٹیٹر مقرر ہوئے تھے۔ گرفتار کرلیا لالہ صاحب کانگریس کے ایک سرگرم اور مخلص کارکن تھے اور اس سے پیشتر بھی آپ تین ماہ کی قید کاٹ چکے ہیں۔ آپکو گرفتار کرکے جیل بھیجدیا گیا ہے۔ آپ پر دفعہ ... ضابطہ فوجداری کے ماتحت مقدمہ چلایا جائے گا۔

جدید مقدمہ سازش لاہور کی سماعت

لاہور ۱۳ ر جنوری۔ بجلوس رتی عدالت کے سامنے جدید مقدمہ سازش کی آج مزید سماعت ہوئی۔ اندر پال (سلطانی گواہ) نے عدالت سے درخواست کی کہ مجھے خفیہ پولیس کی نگرانی سے علیحدہ کر دیا جائے کیونکہ خفیہ پولیس اسکو غلط بیان دینے پر مجبور کرتی ہے۔ اندر پال نے کہا کہ میں نے جو ابتدائی بیان عدالت میں دیا تھا اور جس کی وجہ سے مجھے ملک معظم کی جانب سے معافی دی گئی ہے وہ بھی پولیس نے مجھ کو جسمانی تکلیف پہنچا کر اور خوف زدہ کر کر دلوایا تھا۔ ملزمین نے اپنے احاطہ میں "انقلاب زندہ باد" کے نعرے لگائے۔

مجلس مقننہ صوبجات متوسط کا اجلاس ملتوی

ناگپور ۱۳ ر جنوری۔ مجلس مقننہ صوبجات متوسط نے سرکاری کام ختم کر لینے کے بعد اپنا اجلاس آئندہ ہفتہ تک کے لئے ملتوی کر دیا۔ (داپ)

پشاور میں کمسن رضاکاروں کو تازیانوں کی سزائیں

پشاور ۱۲ ر جنوری۔ پشاور میں ۱۹ ر جنوری سے دوبارہ پکٹنگ شروع کر دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں ۲۲ کمسن رضاکار گرفتار ہو چکے ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ ان رضاکاروں کو دس دس کوڑوں کی سزا دیکر رہا کر دیا گیا۔

چارسدہ کی سڑکوں پر زبردست فوجی پہرہ لگا ہوا ہے اور کوئی شخص خاص اجازت حاصل کئے ہوئے بغیر اندر داخل نہیں ہو سکتا۔

شولاپور کے ملزمین کے ساتھ اظہار ہمدردی

احمد آباد میں جلوس نکالنے کی کوشش

عوام پر پولیس کا حملہ

احمد آباد ۱۳ ر جنوری۔ گو گجرات پراونشل کانگریس کمیٹی نے شولاپور کے ملزمین کو پھانسی دئے جانے پر کوئی جلوس وغیرہ نہیں نکالا لیکن آج شام کے وقت بعض نوجوانوں نے ایک چھوٹا سا جلوس نکالنے کی کوشش کی پولیس نے لاٹھیوں سے جلوس کو منتشر کر دیا۔ کسی شخص کے شدید ضرب نہیں آئی۔ چار نوجوان گرفتار کر لئے گئے تھے لیکن ان کو بعد میں رہا کر دیا گیا۔ (داپ)

مجلس مقننہ صوبجات متحدہ کا آئندہ اجلاس

الہ آباد ۱۲ ر جنوری۔ مجلس مقننہ صوبجات متحدہ کا اجلاس گیارہ جنوری کو لکھنؤ میں منعقد ہوگا۔ توقع کی جاتی ہے کہ اراکین مجلس کی طرف سے بعض اہم اور دلچسپ تجاویز پیش ہوں گی اور تحریک سول نافرمانی کے سلسلے میں بعض ضروری سوالات دریافت کئے جائیں گے۔

رنگون کے ایک اخبار سے دس ہزار روپے کی ضمانت

رنگون ۱۳ ر جنوری۔ رنگون سے ایک قومی روزنامہ "سن برما" (آفتاب برما) نکلتا ہے اس سے آج جدید پریس آرڈیننس کے ماتحت دس ہزار روپے کی ضمانت طلب کر لی گئی۔ پانچ ہزار تو مطبع سے طلب کئے گئے ہیں اور پانچ ہزار اخبار سے۔ (داپ)

عظیم الشان سالانہ رعایتی اعلان

شاندار قرآن مجید مترجم مجلد پارچہ چنا شدہ کا ہدیہ پانچ روپے کی بجائے صرف تین روپے

قرآن مجید معرا مجلد پارچہ

زنانہ بستہ

(۱) بسم اللہ کی کتاب (۲) کہانیوں کی کتاب (۳) کھیل کی کتاب (۴) لکھنے کی کتاب (۵) نماز کی کتاب (۶) کھانا پکانے کی کتاب (۷) تندرستی کی کتاب (۸) تہذیب کی کتاب (۹) پرورش کی کتاب (۱۰) دلہن کا اصلی جہیز

ہر کتاب مکمل ہے ہر ایک لڑکی اس کو پڑھ کر اس پر عمل کرنے سے پوری گھرداری سے ہوشیار ہو جاتی ہے۔

ایچ۔ محمد یوسف خاں منیجر شہرت ایجنسی فراشخانہ۔ دہلی

الجمعیۃ میں اشتہار دینا کلید کامیابی ہے

چار روپے بارہ آنے میں دس گھڑیاں اور دس چیزیں

گریٹ سوئیٹزر لینڈ واچ ایجنسی ۔ کلکتہ

رمضان المبارک کا سالانہ رعایتی اعلان

کیا کوئی دل ہی جس پر آپ قابو پانا چاہتے ہیں

مکتبہ علمیہ کے گرانمایہ تحفے

تاریخ القرآن ۔ رباعیات عمر خیام ۔ علم مجلسی ۔ تفسیر مظہری ۔ ہادی رشیدیہ ۔ احسن الوظائف ۔ اعجاز القرآن ۔ تعلیم الاسلام

مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

روزنامہ الجمعیۃ

منیجر الجمعیۃ۔ دہلی

بمبئی میں پولیس کورٹ اور عدالت عالیہ پر زبردست پکٹنگ

ایک لاکھ چالیس ہزار مزدور بیکار ہو گئے

مجمع پر پولیس کی لاٹھیاں اور رضاکاروں کی گرفتاریاں

بمبئی ۱۴ ر جنوری۔ آج کانگریس کے رضاکاروں نے دادر، مزگاؤں، گیر گام، اسپلینیڈ روڈ وغیرہ گیارہ مقامات کی پولیس عدالتوں پر پکٹنگ لگا دیا ہے پولیس نے اسپلینیڈ روڈ سے دو دو درجن رضاکاروں کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے مزگاؤں میں ایک چھوٹے سے مجمع کو لاٹھی سے منتشر کر دیا جس کے باعث نصف درجن لوگ زخمی ہو گئے۔ پولیس کورٹ پر پکٹنگ کے ساتھ ہی کانگریس کے رضاکاروں نے عدالت عالیہ کے دروازوں پر پکٹنگ لگا دیا۔ حالانکہ یہاں پولیس کا پہرہ لگا ہوا تھا۔ عدالت کے گرد اگرد ایک کثیر مجمع نے مظاہرہ کیا جس کو پولیس نے لاٹھیوں سے بار بار منتشر کیا۔ اب تک پولیس کی لاٹھیوں سے تیس آدمی زخمی ہو چکے ہیں مجمع بدستور موجود ہے اور پکٹنگ بھی جاری ہے۔

آج علی الصباح دارو رضاکاروں نے ... لائن پر لیٹ گئے لیکن پولیس نے ان کو جلد ہی گرفتار کر لیا۔ شہر کے تمام کارخانے سوائے ایک دو کے بند ہیں اور ایک لاکھ چالیس ہزار مزدور بیکار ہو گئے ہیں۔ کارخانوں کے رقبہ میں بالکل امن و سکون ہے۔ شہر کی تمام دوکانیں بند ہیں اور لوگ حیرت انگیز طریق پر مجمع ہو رہے ہیں۔ پولیس نے کالبا دیوی روڈ پر ایک چھوٹے سے مجمع کو لاٹھیوں سے منتشر کیا جس کے باعث ایک درجن آدمی زخمی ہو گئے۔

آج صبح مسٹر ہٹسن اور پولیس کمشنر موٹر کار میں تمام شہر میں گھومتے ہوئے دیکھے گئے جو مختلف مقامات کے پولیس افسروں کو ہدایات دے رہے تھے۔

بمبئی میں پولیس نے گولیاں چلا دیں

باوجود ممانعت کے جلسہ منعقد کیا گیا

گولیوں اور لاٹھیوں سے تین آدمی مجروح

بمبئی ۱۴ ر جنوری۔ آج شام کو چھ بجے لال باغ میں مزدوروں کے ایک جلسہ پر مسلح پولیس نے فائر کر دئے۔ دو شخص گولیاں لگنے کے باعث زخمی ہو گئے جن کو فوراً ہسپتال پہونچا دیا گیا۔

ضلع ماں ہون میں گولی چل گئی

چار آدمی مارے گئے اور بہت سے زخمی ہوئے

ایک موضع کی پھر کی سلسلہ

چوکیدار مارا گیا

برما میں قتل و غارتگری اور آتشزدگی کے ہنگامے

باغیوں کی سرگرمیاں اس وقت تک جاری ہیں

رنگون ۱۵ ر جنوری۔ باغیوں کی سرگرمیاں اس وقت تک جاری ہیں۔ مختلف دیہات میں قتل و غارتگری کی وارداتیں ہو رہی ہیں ضلع کارن کے دیہات پر باغیوں کے حملے جاری ہیں ان دیہات میں محکمہ جنگلات کے ملازم رہتے ہیں۔

آج صبح کو ایک اطلاع ملی ہے کہ ساتھ باغیوں نے موضع کو متصل نہلا پر حملہ کر دیا ہے دو دیہاتیوں کو قتل کر ڈالا گیا ہے اور دو آدمی بری طرح زخمی ہوئے ہیں۔ باغیوں نے ایک آدمی کو گرفتار کر لیا ہے اور موضع کو آگ لگا دی گئی ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ باغیوں نے اوکوپو کے علاقہ میں ایک موضع کو آگ لگا دی ہے۔

سرکاری افواج موقع پر پہنچ گئی ہیں لیکن یہ معلوم نہیں ہے کہ باغی فوج کے ہاتھ لگے یا نہیں۔

اسٹیشن ماسٹر کا قتل

باغیوں کی ایک جمعیت نے ریلوے اسٹیشن پر حملہ کر دیا۔ ان لوگوں نے اسٹیشن ماسٹر کو قتل کر ڈالا۔ ٹیلیگراف کے تار کاٹ ڈالے اور اسٹیشن کی عمارت کو منہدم کر ڈالا۔ باغی ... اسٹیشن ماسٹر کی بیوی بیٹی کے زیورات زبردستی چھین لے۔ اسٹیشن ماسٹر کے ٹکڑے کر ڈالے۔ صبح کے وقت فوج روانہ کی گئی لیکن باغیوں کا کچھ پتہ نہیں چلا۔

ضلع پاپاپون میں ۲۱۸ باغی گرفتار کئے جا چکے ہیں۔ ان میں ۱۲ باغی زخمی ہیں۔

باغیوں کی اطلاع مظہر ہے کہ وہاں کی حالت پر سکون ہے۔

بمبئی کے کارخانوں پر کانگریس کا زبردست پکٹنگ

ایک لاکھ مزدور کام کرنے سے روک دئے گئے

بمبئی ۱۴ ر جنوری۔ بمبئی شہر کے ساتھ ... کارخانوں میں ...

کانگریس کے دفتر سے دو رضاکاروں کی گرفتاری

مدرسہ اسلامیہ بتیا کا سالانہ اجلاس

یہ مدرسہ امارت شرعیہ صوبہ بہار کی زیر سرپرستی قائم ہے۔ امسال ۲۸ ر جنوری سنہ کو مدرسہ کا سالانہ اجلاس جناب حضرت مولانا ریاض احمد صاحب کی صدارت میں منعقد ہوا۔ مجمع تقریباً ایک ہزار تھا سب سے پہلے جناب مولانا محمد یعقوب صاحب نے تلاوت قرآن مجید کی اس کے بعد جناب مولانا عبدالغنی صاحب ندوی نے مدرسہ کے حالات کے متعلق ایک نظم سنائی۔ اس کے بعد مولانا احمد حسین صاحب مدرس اول نے روئداد مدرسہ اور جناب حکیم بدرالدین صاحب سکرٹری مجلس استقبالیہ نے ایک قصیدہ پڑھا۔ مدرسہ کے طلبہ نے جدید نصاب کے اصول پر جس کو جناب حضرت مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب نائب امیر شریعت مدظلہ نے اس مدرسہ کے لئے تجویز فرمایا ہے تقریریں کی اور باہم مکالمہ اور مناظرہ کیا۔ حاضرین جلسہ پر اس کا اچھا اثر پڑا اور لوگوں نے محسوس کیا کہ اس جدید نصاب کے اجرا کی ہر مدرسہ میں ضرورت ہے۔ بارہ بجے کے بعد جناب صدر صاحب نے اپنی تقریر میں موجودہ نصاب کے متعلق اظہار خیال کرتے ہوئے تمام دیگر مدارس کے اراکین سے اس نصاب کے اجرا کی اپیل کی اور مسلمانوں کو اس کی ترغیب دلائی کہ وہ اپنے بچوں کو تعلیم کے لئے مدرسہ میں بھیجیں۔

صدر صاحب کی تقریر ختم ہونے کے بعد حافظ بادشاہ صاحب نے درجہ حفاظ کے ایک لڑکے کی دستار بندی کی۔ اس کے بعد جناب صدر صاحب نے بائیس لڑکوں کو انعامی کتاب دیئے۔

جناب مولوی نظام الدین صاحب وکیل صدر کمیٹی مدرسہ نے پانچویں درجہ کے ایک لڑکے مسمی افتخار احمد کو آریوں سے مناظرہ کے انعام میں چاندی کا تمغہ دینے کا وعدہ فرمایا ہے۔ اور جناب مولوی عبیداللہ صاحب وکیل نے ایک چاندی کا تمغہ عطا فرمایا۔

(محمد عبداللہ محمودی قائم مقام سکرٹری وصدر المدرسین)

مجلس مدافعت کی رپورٹ شایع ہو گئی

ہندوستان میں فوجی کالج قائم کرنے کی تجویز

لندن ۱۵ ر جنوری۔ ماتحت مجلس مدافعت کی رپورٹ آج شایع ہو گئی ...

مسٹر پٹیل کو یورپ بھیجا جائے

دہلی کانگریس کے پندرہویں ڈکٹیٹر کی گرفتاری

دہلی ۱۴ ر جنوری۔ دہلی کانگریس کے پندرہویں ڈکٹیٹر لالہ پیارے لال بھٹنا گر آج صبح دفتر کانگریس سے گرفتار کر لئے گئے۔ دفتر سے آپ کو نہایت احترام کے ساتھ رخصت کیا گیا۔ آپ کی گرفتاری پر پولیس نے کوئی خاص مظاہرہ نہیں کیا۔

کانگریس کے حکم کی خلاف ورزی سے توبہ

ایک پیسہ جرمانہ وصول کرنے کے بعد پکٹنگ اٹھا لیا گیا

دہلی ۱۴ ر جنوری۔ ڈاکٹر ہری رام صاحب نے اپنے رائے بہادری کے خطاب کے اعزاز میں جو دوستوں کو دعوت دی تھی اس میں آپ نے بھولا رام شراب فروش کے لڑکے کو بھی مدعو کیا تھا۔ حالانکہ کانگریس کی جانب سے بھولا رام اور ان کے متعلقین کا سوشل بائیکاٹ کر دیا گیا تھا۔ چنانچہ کانگریس کے فیصلہ کی خلاف ورزی کے جرم میں ڈاکٹر صاحب کی دوکان پر کانگریس نے پکٹنگ لگا دیا جو دو روز تک رہا۔ ڈاکٹر صاحب نے کانگریس سے معذرت کی ہے اور لکھا ہے کہ وہ بھولا رام اینڈ کمپنی سے کوئی تعلق نہیں رکھیں گے۔ کانگریس نے آپ سے ایک پیسہ جرمانہ بھی وصول کیا ہے۔ اور کانگریس نے پکٹنگ اٹھا لیا ہے۔

مقدمہ سازش لاہور کے ایک مفرور ملزم کی گرفتاری

لاہور ۱۴ ر جنوری۔ مقدمہ سازش لاہور کا ایک مفرور سیتا رام سکھر سے گرفتار کر لیا گیا۔ سازش کے مقدمہ کی سماعت بیس جنوری کے لئے ملتوی کر دی گئی ہے۔ سیتا رام ایک سندھی کالج کا ہے اور اس کا وطن جکوال ہے۔

بمبئی میں شولاپور کا "یوم شہیداں"

تمام شہر میں حکومت کے زبردست انتظامات

پانچ ہزار پولیس اور دو رجمنٹوں کا تعین

بمبئی ۱۴ ر جنوری۔ کل حکومت نے شولاپور کے "یوم شہیداں" کے متعلق کمیونک شایع کیا تھا اس کو بروئے کار لانے کے لئے ...

برکات رمضان

مہتمم کتب خانہ دینیات مدرسہ امینیہ دہلی

لاثانی قرآن مجید معریٰ بہت خوشخط اور سستا

احمد علی خاں ... کوچہ تارا چند دہلی

مفت

اگر آپ معلوم کرنا چاہتے ہیں

مفت طلب کیجئے

صراط مستقیم

صراط مستقیم کا مطالعہ کیجئے

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

رعایت کا مبارک مہینہ

جو سال میں ایک ہی بار آتا ہے اس سے ضرور فائدہ اٹھایئے



تارکاپتہ: الجمعیۃ دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۲۶۵

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

سہ روزہ

الجمعیۃ دہلی

یداللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر: ہلال احمد زبیری بی-اے

رجسٹرڈ نمبر ایل ۷۹۳

تاریخہائے اشاعت: ہر عیسوی ماہ کی ۱، ۴، ۷، ۱۰، ۱۳، ۱۶، ۱۹، ۲۲، ۲۵، ۲۸ کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات: ایک صفحہ (ایک بار) ۔ نصف صفحہ ۔ ایک کالم ۔ ½ کالم ۔ ¼ کالم

قیمت اخبار — ہندستان کیلئے: سالانہ، ششماہی، سہ ماہی — ممالک غیر کے لئے: سالانہ، ششماہی — نمونہ مفت — فی پرچہ ایک آنہ

جلد ۱۳ — دھلی یوم شنبہ ۴ رمضان المبارک ۱۳۴۹ھ ہجری مطابق ۲۴ جنوری ۱۹۳۱ء — نمبر ۵

"برطانیہ ہندوستان سے دستبردار ہونا نہیں چاہتا"

"گول میز کانفرنس ایک صریح دھوکہ ہے"

لندن میں ایک ممبر پارلیمنٹ کا اظہار حقیقت

(ترجمہ خصوصی)

مسٹر چرچل نے حال میں جو تقریر ہندوستانی مسائل اور گول میز کانفرنس کے خلاف کی تھی اس پر ہندوستانی اور برطانوی اخبارات بہت کچھ نکتہ چینی کر چکے ہیں۔ اس ہفتہ کی ڈاک سے ہمیں مسٹر چرچل کی مذکورہ تقریر کا پورا متن موصول ہوا ہے چونکہ یہ تقریر برطانیہ کے ایک طبقہ کی ذہنیت کا صحیح نمونہ ہے اس لئے قارئین کرام کی دلچسپی کو ملحوظ رکھتے ہوئے ہم اس کا ترجمہ ذیل میں درج کرتے ہیں:-

مسٹر چرچل نے کینن اسٹریٹ ہوٹل لندن میں تجارت پیشہ لوگوں کے [illegible]

حاتھے ہے۔ قوم امپیئر کے مصائب برداشت کرنے کے لئے ہندوستان میں موجود رہ سکیگی۔ برطانوی حکومت نے جن ذمہ داریوں کا بار اس وقت ہندوستان پر ڈال رکھا ہے ان سب کو منسوخ کر دیا جائے گا اور ہندوستان برطانیہ کے کسی فعل کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔" غرضیکہ اسی قسم کے خیالات ہندوستان کے انتہا پسندوں کی توجہ کا مرکز بن رہے ہیں۔ ہندوستانی سیاسی جماعتوں پر انتہا پسندوں کا اس وقت غلبہ ہے اور آئندہ بھی رہیگا۔

حکومت برطانیہ اور حکومت ہند کی کمزوری

حکومت ہند اور حکومت برطانیہ نے ہندوستان کے انتہا پسندوں کے خطرناک خیالات اور ارادوں کا مقابلہ مبہم اور مفاہمانہ الفاظ میں کیا۔ ضرورت اس کی تھی کہ اس قسم کے شورش انگیز بہر فاسد خیالات و ارادات کا مقابلہ پوری قوت کے ساتھ کیا جاتا لیکن حکومت کے مبہم مگر عظیم الصوت الفاظ نے فضا کو مکدر کر دیا ہر طرف "کل درجہ نو آبادیات" اور "ہندوستان ایک بہت بڑی طاقت ہے" کی صدائیں [illegible]

برطانیہ ہندوستان سے دستبردار نہیں ہونا چاہتا

[illegible]

معاصرین کے افکار آراء

فقدان تدبر کا افسوسناک مظاہرہ (زمیندار)

اشاعت دیروزہ میں ہم "مسٹر شاستری کے سوراج کی ایک جھلک" کے عنوان سے اصلاحات کی نئی قسط پر جو گول میز کانفرنس کے نتیجہ کے طور پر ہندوستان کو عطا [illegible] لندن سے تازہ اطلاعات سے معلوم ہوتا ہے کہ صرف مسٹر شاستری بلکہ گول میز کانفرنس کے لبرل اور نہایت بھولے ارکان سب کے سب ذمہ دار حکومت کے اس نئے کھلونے سے مطمئن ہیں [illegible] فیڈرل سب کمیٹی کی پیش کردہ تجاویز پر مطمئن ہیں۔ گول میز کانفرنس کے ان ہندوستانی ارکان جو کسی لحاظ سے بھی ملک کے سیاسی خیالات کے صحیح نمائندے نہیں لندن میں بیٹھ کر اپنے فقدان تدبر اور اپنی نالائقی کا جو مظاہرہ کیا ہے وہ بقول مسٹر شاستری "سینٹ جیمز کے قصر میں بیٹھ کر لکھی جانے والی بطالت تاریخ کے زریں باب" میں ایک نہایت ہی مضحکہ خیز فصل کا مواد مہیا کر چکا ہے۔ اس فصل کا سب سے زیادہ افسوسناک فقرہ یہ ہے کہ گول میز کانفرنس میں شریک ہونے والے ہندوستانی ارکان حکومت کے نمائندوں سے تو کسی بری بھلی [illegible]

خارجہ حکومت ہند کی صدارت میں مقرر کردی ہے جس کے اراکین تین فوجی افسر، ہوائی مارشل سر ڈبلو جی ایچ سالمنڈ میجر جنرل میسرپٹ اور میجر جنرل بڈ پاچ ہیں۔ کمیٹی کی نوعیت سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ حکومت کو سرحدی قبائل کی طرف سے کلی اطمینان نہیں ہے۔ بلکہ وہ صوبہ سرحد کو اصلاحات دینے کے بعد قبائلی علاقہ کا خاص طریقہ پر انتظام کرنا چاہتی ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ حکومت کی اس قسم کی حفاظتی تدابیر کا ہر شخص خیر مقدم کرے گا لیکن اس کے ساتھ ساتھ ہمیں امید ہے کہ حکومت ان قبائل کے متعلق جو ایک مستقل قوم کی نوعیت رکھتے ہیں کوئی ایسا طریقہ اختیار نہ کریگی جس سے ان کے وجود اور ان کی قوت پر کوئی اثر پڑے۔ ہندوستان کی شمالی مغربی سرحد کی حفاظت کا سب سے بڑا راز یہ ہے کہ یہ سرحدی قبائل موجود رہیں اور وہ کبھی کمزور نہ ہوں تاکہ ہندوستان پر ہر آنے والے خطرہ کا وہ مقابلہ کر سکیں اور ہندوستان اس سے محفوظ رہ سکے۔

دب گیا جوش جفا ذوق وفا کے سامنے

قارئین کرام کو معلوم ہوگا کہ حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب محمد صدیقی رکن مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ہند و پریسیڈنٹ ٹاؤن کانگریس کمیٹی لکھنؤ ماہ اگست میں لکھنؤ سے گرفتار ہوئے تھے چھ ماہ کی اسیری کے بعد ۸ جنوری ۱۹۳۱ء کو فیض آباد جیل سے رہا ہو چکے ہیں اور آج کل دفتر جمعیۃ میں قیام پذیر ہیں۔ حضرت مولانا نے اپنے زمانہ اسارت میں فیض آباد جیل کے اندر جو احول پیدا کر دیا تھا اس سے وہی لوگ واقف ہیں جو حضرت ممدوح کے ہمراہ تھے۔ مولانا کی بیاضیں جو نظمیں جیل کے ہفتہ وار مشاعروں کی یادگار کے طور پر موجود ہیں ہم نے انہیں خصوصی اجازت کے ساتھ حاصل کر لیا ہے اور ہم انشاءاللہ ان افکار عالیہ کو الجمعیۃ میں برابر شائع کرتے رہیں گے۔ جاننے والے جانتے ہیں کہ حضرت مولانا کے کلام میں ایک خاص درد پایا جاتا ہے اور مولانا کا انداز بیان ایک عجیب کشش رکھتا ہے جو بیان نہیں کی جا سکتی بلکہ محسوس کی جا سکتی ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ مولانا کی نظموں کا یہ سلسلہ قارئین الجمعیۃ کے لئے نہ صرف دلچسپ ثابت ہوگا بلکہ ان کے اندر غلامی کا احساس اور آزادی کی طلب پیدا کر دے گا۔ (الجمعیۃ)

ظلم بے اندازہ اور آہ رسا کے سامنے
انکی آمد کی خبر پر زخم دل رسنے لگے
اک نگہ! صدقہ تری چشم تغافل کیش کا
یہ ہوا انجام الفت نامراد عشق کا
وہ ملے تنہا تو کیا خون تمنا ہو گیا
سینہ ویراں ہو گئے دل ہی نہ اب آرام دل

ٹمٹماتا ہے دیا وہ بھی ہوا کے سامنے
عرض مطلب یوں ہی ہوگا دلربا کے سامنے
دل بکف بیٹھے ہیں ہم بھی اس ادا کے سامنے
دب گیا جوش جفا ذوق وفا کے سامنے
شوق رسوا بھی ہوا بے بس حیا کے سامنے
جیل اور دنیا ہے یکساں مبتلا کے سامنے

وہ ہیں آنکھوں سے نہاں محفل سیہ خانہ ہوئی
روز روشن ظلمت شب ہے دغا کے سامنے

فیض آباد جیل — ۸ اگست ۱۹۳۰ء

پریس ایکٹ

[illegible]

سرحد کا مستقبل

[illegible]

چار شادیوں کا لطف

برادران وطن آپ کو عمر بھر شادی اور تشنیتی جلسوں کی حمل سامان سے محفوظ رکھنے کے لئے مطلع کیا جاتا ہے کہ کیمیا ہیڈ کی [illegible]

بکس لذت شباب کیا ہے سفوف او طلا

[illegible]

تازہ تصدیقات

کیمیا وید کمپنی پوسٹ بکس نمبر ۱۲۹ دہلی

لوٹو لوٹو لوٹو

ہاں جی ذرا سا پان میں ڈال کر کھا لینے سے پان مزیدار اور ذائقہ دار بن جاتا ہے بغیر پان کے کھانے سے بھی وہی مزہ آتا ہے اور ۲۴ گھنٹے تک برابر منہ سے مستانی خوشبو نکلتی رہتی ہے قیمت فی شیشی ۲ آنے۔ اور ایک ساتھ ۱۲ شیشی للعہ کی لینے ت پانچ گھڑیاں انعام ایک سنہرا نکل کیس کی ٹائم پاکٹ واچ ساعد فیشن میل نئی کانٹ چھانٹ نیا ڈیزائن سفید ڈائل کی ٹائم پیس سوچ اور ایک گھڑی ریسٹ واچ وقت بتانے میں لاثانی جرمن میکر کی ٹیبل اسٹینڈ ٹائم پیس

پانچ (۵) سال کی گارنٹی ساتھ میں مفت دی جاتی ہے۔

لندن واچ کمپنی ہٹ کھولہ (کلکتہ)

ضرورت ہے

ٹیلیفون نمبر ۵۱۰۹

ایمپائر آف انڈیا انشورنس کمپنی کو

دہلی سنٹرل انڈیا اور راجپوتانہ کے لئے لائق اور با رسوخ ایجنٹوں کی ضرورت ہے معاوضہ نہایت معقول دیا جاتا ہے مزید مفصل حالات کے لئے حسب ذیل پتہ پر دریافت کریں:۔

قاضی فضل عظیم اسپیشل ریپریزنٹیٹو اینڈ آرگنائزر شریف ہوٹل فتحپوری - دہلی



نئی گھڑیوں کا جہاز آگیا

خریدنے میں جلدی کیجئے

ہر ایک رسٹ واچ ہے جس میں گلٹ لبہ ریسٹ تار کی گارنٹی ۴ سال ہے پاکٹ واچ جس میں سکینڈ کی سوئی لگی ہوئی ہے جو تیار میں ریڈیم والی ہے گارنٹی ۵ سال ہے۔ جہاز کا آدھا سے زیادہ مال کلکتہ کے تھوک خریدنے والے بیوپاریوں میں ختم ہو چکا ہے تھوڑا باقی ہے باہر کے گاہک خریدنے میں جلدی کریں ورنہ پیچھے پچھتانا پڑے گا۔ ہر ایک گھڑی اچھی اور مضبوط نئے فیشن اور جدید کانٹ چھانٹ کی بنی ہوئی ہے۔ سچا وقت بتانے میں لاثانی ہے۔ اور خوبصورتی میں اپنا ثانی نہیں رکھتی۔

نرولی واچ اینڈ کلاک کمپنی
ہاٹ کھولہ کلکتہ



نئی قلم کمپنی نئی سڑک دہلی

سفید بال پندرہ دن میں جڑ سے کالا

[illegible] منیجر بیربرنا اسٹور لکشمی سمری - دربھنگہ

دنیا میں ایک نیا تیل

سفید بال ایک ہفتہ میں جڑ سے کالا

ہزاروں کا بال کالا ہو گیا جوان بابو [illegible] اس خضاب بندش خوشبودار تیل سے جڑ سے کالا نکلتا [illegible] یقین نہو تو شرط لکھوا لیں قیمت [illegible]

بے روزگاروں کو خوشخبری

ہندوستان میں اپنی نوعیت کا یہ پہلا کالج ہے جو غریبوں کو موٹر کا کام رعایتی فیس لیکر سکھاتا ہے نیز صاحب حیثیت حضرات سے پچاس روپیہ فیس داخلہ لیکر دو ماہ میں ہوشیار موٹر ڈرائیور بنا دیتا ہے۔ یہ کالج گورنمنٹ سے رجسٹرڈ ہے اور بعد سیکھنے کے ملازمت دلانیکی ذمہ داری لیتا ہے۔ پراسپیکٹس مفت طلب کریں۔

منیجر امپیریل موٹر ٹریننگ کالج چاندنی چوک متصل امپیریل بنک دہلی

بے روزگاروں کو مژدہ

[illegible]

بزنس ہوم لمیٹڈ بمبئی فورٹ

بے کاروں کیلئے سنہری موقع

تمام ہندوستان میں اس سے بہتر کوئی اور کالج نہیں ہے۔ اس کالج میں موٹر ڈرائیوری فٹری کا کام دو ماہ میں سکھایا جاتا ہے [illegible]

دی کیپٹل پریکٹیکل موٹر ٹریننگ کالج

دی رائل ڈنٹل ہومیو انسٹیٹیوٹ - دہلی

[illegible]

آپریشن یا نشتر کی زحمت نہ اٹھایئے

[illegible]

ہمدرد دواخانہ متھرا (یوپی)

آزمائی ہوئی شرطیہ علاج

[illegible] بیربرنا اسٹور لکشمی سمری - دربھنگہ

برص سفید داغ ایک دن میں جڑ سے آرام

[illegible]

منیجر دفتر معالج برص دربھنگہ (بہار)

پایوریں

[illegible]

منیجر انصاری دواخانہ شاہجہان پور (یوپی)

دلچسپ حقائق و معلومات

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

جہازوں کی تعمیر میں حیرت انگیز انحطاط

دنیا کے مالک کی سرپرستی میں جن جہازوں کی تعمیر ہو رہی ہے اُن کے اعداد و شمار سے معلوم ہوتا ہے کہ ان میں روز بروز تنزل واقع ہوتا چلا جا رہا ہے۔ گزشتہ اکتوبر تک سوائے روس کے دنیا کے تمام ممالک کے زیر تعمیر جہاز ...... ۲۰۳ گراس ٹن تھے مگر جون کے آخر تک ان میں حیرت انگیز کمی واقع ہو گئی۔ جون ۱۹۱۴ء میں زمانہ جنگ کے جو جہاز زیر تعمیر تھے ان کے مجموعی ... ۲۵۰ ٹن جہاز بھی زیر تعمیر تھے لیکن جنگ کے اعداد و شمار معلوم نہ ہو سکے۔ گزشتہ تین ماہ کے اندر برطانیہ اور آئرلینڈ کی صنعت جہاز سازی میں بہت زیادہ کمی واقع ہوئی ہے۔ ان ممالک میں جہاز سازی میں بجائے تنزل کے ترقی ہوئی ہے۔ فرانس کے جہازوں میں ۲۰۰۰۰ ٹن جہازوں کا اضافہ ہوا ہے (اور اٹلی) ۵۰۰۰ ٹن جہاز زائد بنوائے ہیں۔ برطانیہ اپنی بحری قوت میں سب سے فائق ہے اور امریکہ دوسرے درجہ پر ہے مگر امریکہ کی بحری قوت میں اور کمی پیدا ہو رہی ہے۔ امریکہ کے پاس آخر جون تک ۵۴۰۰۰ ٹن جہاز تھے مگر اب اس کے پاس ... ۳۰۰۹ گراس ٹن جہاز ہیں۔ فرانس بحری قوت کے اعتبار سے پانچ کی بجائے دوسرے درجہ پر آگیا ہے۔ جرمن گزشتہ جون سے تین ماہ تک تیسرے درجہ میں تھا مگر اب وہ چوتھے درجہ میں ہے۔ اٹلی ساتویں درجہ سے اکر پانچویں درجہ میں آگیا ہے۔ نیدرلینڈ چوتھے درجہ سے چھٹے درجہ میں آگیا ہے۔ سویڈن، جاپان اور ڈنمارک اس معاملہ میں جمود اختیار کر رہے ہیں۔

آگ بجھانے کا عجیب و غریب طریقہ

ہم سانس کے ذریعہ جو ہوا باہر نکالتے ہیں اس میں کاربن ڈائی آکسائیڈ (بادسمی) ملی ہوئی ہوتی ہے یہ گیس اس وقت تک کسی عملی فائدہ کے لئے استعمال نہیں کی جاتی تھی لیکن انجینئر فائر ڈیپارٹمنٹ نے اس گیس کو آگ بجھانے کے لئے استعمال کرنا شروع کر دیا ہے۔ کیمیاوی آتشزدگی کے موقع پر پانی کی بوچھاڑ زیادہ مفید نہیں ہوتی لیکن یہ گیس اس کو فوراً بجھا سکتی ہے۔ بڑی بڑی آہنی نلیوں میں اس گیس کو بھر کر رکھا جاتا ہے۔ آگ بجھانے کے وقت ان نلیوں کا منہ کھول دیتے ہیں۔ گیس نلیوں سے نکل کر آگ کے شعلوں پر مسلط ہو جاتی ہے۔ چونکہ اس گیس کی وجہ سے آکسیجن (بادلطیف) علیحدہ ہو جاتی ہے اس لئے آگ کے شعلے بڑھنے نہیں پاتے اور آگ فوراً بجھ جاتی ہے۔

پندرھویں صدی کی ایک پیشگوئی

ایک زمانہ آنے والا ہے جبکہ گھوڑوں کے بغیر گاڑیاں چلا کریں گی۔ دنیا میں حادثوں کی بہت زیادہ کثرت ہو جائے گی۔ لوگوں کے خیالات ایک آن کے اندر دنیا کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک پرواز کرینگے۔ پانی سے محیر العقول کام انجام ہونے لگیں گے۔ دنیا انقلاب عظیم میں مبتلا ہو جائے گی۔ درختوں کی جڑوں میں سے سونا نکالا جائے گا۔ پانی پر لوہا تیرنے لگیگا جس طرح کہ لکڑی کی کشتی تیرتی ہے۔ پانی اور آگ حیرت میں ڈالنے والے کام کریں گے۔ انگلستان میں آخر کار ایک یہودی داخل ہوگا۔ اور ۱۸۸۱ء میں دنیا کا خاتمہ ہو جائے گا۔

دنیا میں سب سے زیادہ انعام پانے والا شاعر

مسٹر جودو ڈاٹیرس ایک پرتگیزی شاعر تھا جس نے فردوسی کی طرح ایک شاہ نامہ مرتب کیا تھا۔ ڈاٹیرس نے اس شاہنامہ کو شاہ جاؤ سوم والئے پرتگال کے نام سے منسوب کیا تھا۔ شاہ جاؤ نے انعام کے طور پر برازیل میں ایک زمین عطا کی تھی۔ یہ زمین رقبہ میں ......، امریع میل تھی۔ اور پرتگال کے رقبہ سے دوگنی تھی۔ کہا جاتا ہے اور درحقیقت ہے کہ اس وقت ڈاٹیرس سے زیادہ دنیا میں کسی مصنف یا شاعر کو انعام نہیں ملا ہے۔

دنیا میں سب سے زیادہ دوڑنے والا آدمی

کہا جاتا ہے کہ جب اسکندر اعظم دارا پر حملہ کرنے کے لئے روانہ ہوا تو ایک مقام پر قلت آب کی سخت تکلیف محسوس ہوئی۔ چنانچہ اس نے اپنے ایک قاصد کو جس کا نام ایجی سنس تھا پانی کی تلاش کے لئے روانہ کیا۔ یہ شخص پانی حاصل کرنے کی خاطر ایک دن میں ۱۵۰ میل دوڑا۔

دنیا میں سب سے زیادہ عقلمند آدمی؟

چینیوں کی زبان کو تحریر میں لانے کے لئے ..۵،۴۷ نشانیاں یا حروف موجود ہیں۔ معمولی تعلیم یافتہ آدمی مشکل سے دو سو حروف جانتا ہے۔ کالج کا طالب علم زیادہ سے زیادہ ایک ہزار حروف سے واقف ہوتا ہے۔ چینی قوم لوآن وان تینگ کو دنیا میں سب سے زیادہ عقلمند آدمی اس لئے خیال کرتی ہے کہ یہ شخص جملہ ۵۰۰،۴۷ حروف جانتا ہے۔

ایک ہی وقت میں ۶۸ انڈے ہضم

نیویارک میں ایک شخص جان ڈی اسٹیفینو نے ایک ہی وقت میں ۶۸ انڈے کھائے اور کھانے کے دوران میں پانی وغیرہ نہیں پیا۔ عام طور پر یہ خیال کیا جاتا تھا کہ اسٹیفینو شام ہونے سے قبل مر جائے گا۔ مگر یہ شخص ان انڈوں کو ہضم کر گیا۔ اور تعجب یہ ہے کہ بیمار بھی نہیں ہوا۔

تقریباً ایک فٹ طویل بیضہ مرغ!

جزیرہ رودڈلے میں ایک مرغی نے $7\frac{1}{2} \times 10\frac{1}{2}$ انچ طویل انڈا دیا ...

سر کے بل کھڑا ہونے والا طوطا

مسٹر ٹی سینٹ (لندن) کے پاس ایک طوطا ہے جو پنجوں کی بجائے سر کے بل کھڑا رہتا ہے۔ جب اس طوطے کو غذا دی جاتی ہے تو وہ پنجرہ میں اسی طرح ہٹ جاتا ہے کہ چونچ اوپر ہے اور پنجے اوپر کی طرف رہتے ہیں۔ پنجوں میں روٹی وغیرہ کے ٹکڑے کو پکڑ کر نہایت آرام کے ساتھ کھا لیتا ہے۔

جڑ کے بغیر درخت زندہ رہ سکتا ہے؟

علاقہ اوہیو میں ایک جزیرہ نیوکال کپل نامی واقع ہے۔ اس جزیرہ میں ایک عجیب و غریب درخت کا پتہ چلا ہے۔ یہ درخت زمین پر لیٹا ہوا ہے۔ جڑوں کا حصہ زمین میں ہونے کی بجائے زمین کے اوپر ہے۔ اس حصہ میں کوئی جڑ موجود نہیں ہے۔ پھر کیا سبب ہے کہ یہ درخت سدا بہار ہے۔ مقامی باشندوں کا بیان ہے کہ یہ درخت ۵۰ سال سے اسی حالت میں ہے۔

دُہرا بیضہ مرغ

مسٹر ٹانگ لائین (چین) کے پاس ایک مرغی ہے جس نے ایک دفعہ ۲ انچ لمبا دُہرا انڈا دیا تھا۔

آٹھ من کا انسانی پہاڑ!

وسطی افریقہ میں ایک وحشی قوم آباد ہے جو واجینگی کے نام سے مشہور ہے۔ اس قوم کا سردار کاتاوان نامی شخص ہے۔ اس شخص کا وزن آٹھ من ہے۔ ایک سیر سیاح مقامی باشندے اس کو آدمیوں کا پہاڑ کے نام سے پکارتے ہیں۔ ...

۶ ٹانگوں والی بھیڑ

شہر ڈرکار (کیلیفورنیا) میں مسٹر بے ایل اسٹوورک کے پاس ایک بھیڑ ہے جس کی چھ ٹانگیں ہیں۔ سب ٹانگیں قد میں برابر ہیں۔ کوئی بڑی چھوٹی نہیں ہے۔ جب یہ بھیڑ چلتی ہے تو بہت اچھی معلوم ہوتی ہے۔

ایک ہی وقت میں پانی کے ڈیڑھ سو گلاس

مصر میں حاجی علی نامی ایک مسلمان رہتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اس شخص کے جسم میں اعضائے ہاضمہ دگنی تعداد میں ہیں۔ چنانچہ یہ شخص ایک ہی وقت میں پانی کے ڈیڑھ سو گلاس پی جاتا ہے۔ ...

دس سال کے اندر تیرہ بچے

برج پورٹ امریکہ کی عدالت میں ایک عجیب و غریب مقدمہ پیش ہوا۔ ایک عورت نے جو دس سال کے اندر ۱۳ بچے جن چکی ہے عدالت میں درخواست گزرانی کہ اس کا خاوند اس پر مصر ہے کہ وہ اور ایک دو بچے جنے۔ ...

جماعت احرار کے سامنے وزیر اعظم کی پیشکش

صوبوں اور مرکز میں ذمہ داری کا وعدہ

گول میز کانفرنس کی کارروائی کا خلاصہ

لندن ۱۹ر جنوری۔ ہندوستان کے متعلق برطانوی حکومت کی حکمت عملی کا اعلان کرتے ہوئے مسٹر میکڈانلڈ وزیر اعظم نے فرمایا کہ وائسرائے نے ان لوگوں سے جو اس وقت تحریک سول نافرمانی میں مصروف ہیں اور ان کے علاوہ دیگر ہندوستانیوں سے اپیل کی ہے۔ اگر ان لوگوں نے اس اپیل کے جواب میں وائسرائے کے اعلان کے عام اصول کے مطابق حکومت سے تعاون کرنے کی خواہش ظاہر کی تو ان لوگوں کی خدمات حاصل کرنے کے لئے فوری کارروائی کی جائے گی۔ ...

صوبجاتی دستور کی ہیئت ترکیبی

برطانوی حکمت عملی

مخصوص تحفظات

وفاقی حکومت

مرکزی حکومت

ریاستوں کا مسئلہ

احرار کو دعوت اتحاد

مالی حکمت عملی

مالیات کے متعلق ملک معظم کی حکومت کی رائے یہ ہے کہ مالی ذمہ داری کی تبدیلی ایسی شرائط کے ماتحت ہونی چاہئے جن کو ان فرائض کی ادائیگی کی ضامن ہو سکیں جن کا وزیر ہند کی ذمہ داری سے تعلق ہے۔ ...

وزیر اعظم برطانیہ کا آخری بیان

اسمبلی کے ارکان کا خیال

نئی دہلی ۲۰ر جنوری۔ اسمبلی کے ارکان نے وزیر اعظم کے بیان پر ابھی تک کسی قسم کے خیالات کا اظہار نہیں کیا ہے۔ لیڈروں اور دیگر ارکان کا خیال ہے کہ جب تک وزیر اعظم کی پوری تقریر سامنے نہ آ جائے اس وقت تک اپنے تاثرات کے اظہار سے اجتناب کیا جائے۔ (ا۔ پ)

دہلی کانگریس کمیٹی پر پولیس کا چھاپہ

دہلی ۲۰ر جنوری۔ آج رات کو ساڑھے نو بجے پولیس نے کانگریس کے دفتر پر چھاپہ مارا۔ ... تمام دفتر کی تلاشی لی اور پوسٹروں کی بہت سی کاپیاں اپنے ہمراہ لے گئی۔ اس ایک چیز کے علاوہ پولیس کو کوئی اور قابل اعتراض چیز ہاتھ نہیں لگی۔

بھولا رام شراب فروش کی دوکان پر پکٹنگ

دہلی ۲۰ر جنوری۔ بھولا رام اینڈ سنز شراب فروش کی دوکان پر کانگریس کی جانب سے باقاعدہ پکٹنگ لگا ہوا ہے۔ پولیس بھی دوکان کے سامنے گشت کرتی رہتی ہے۔ کئی رضا کاروں کو پولیس نے گرفتار کر کے چھوڑ دیا۔

کلکتہ میں خواتین اور رضاکاروں کی گرفتاری

جاوا میں اُمت عربیہ کا عظیم الشان اجتماع

دنیا کی ایک جلیل القدر قوم میں وحدت و بیداری کے آثار

وحدۃ عربیہ اور اتحاد کلمہ کے روح پرور نظارے

(ترجمہ خصوصی برائے الجمعیۃ)

دنیا کی جن قوموں نے عروج و زوال کی بے پناہ موجوں میں اپنے قومی سفینوں کو چلایا ہے ان میں سے بہت کم ہیں جو صحیح و سلامت ساحل نجات پر پہونچی ہیں اور جن کا عزم وارادہ سمندر کے طوفان پر غالب آیا ہے۔ تاریخ کے صفحات پر بہت سی ایسی قوموں کے نام موجود ہیں جو بحر و بر پر بلا شرکت غیرے حکمرانی کرتی تھیں مگر ادبار و تنزل کے تموج خیز طوفان سے وہ اپنا سفینہ حیات نہ بچا سکیں ...

آپ کے بعد سوربایا کے مدرسۃ الارشاد کے مہتمم صاحب نے ایک بلیغ اور موثر خطبہ ارشاد فرمایا جس میں تنظیم اور وحدۃ پر زور دیا گیا تھا۔ اس تقریر کے بعد سید احمد اور سید محمد نے موجودہ انقلاب اور نہضت و ترقی کے متعلق دلدوز اور اثر انگیز تقریریں فرمائیں۔

دوپہر کے بعد اجلاس کی دوسری نشست میں مدرسۃ الارشاد کے ...

وحدۃ العربیہ کی موتمر میں صدر کی تقریر

پنجاب میں ۳۰ فی صدی نیابت کیلئے سکھوں کا مطالبہ

سردار اجل سنگھ کی جانب سے وزیر ہند کو دعوت

لندن ۱۷ر جنوری۔ سردار اجل سنگھ نے مسٹر اور مسز وجوڈ بین کو ایک ضیافت میں مدعو کیا۔ اس ضیافت میں بعض گول میزی مندوبین بھی شریک تھے۔ سردار اجل سنگھ نے اس موقع پر فرمایا کہ مفاہمت کی خاطر سکھوں نے پنجاب میں ۲۴ فیصدی نیابت کو منظور کر لیا تھا۔ لیکن سکھوں کے اس پیشکش کو مسترد کر دیا گیا۔ اس لئے ۳۰ فی صدی نیابت کا جو مطالبہ سکھ پیش کر رہے تھے وہ اس وقت بھی بدستور قائم ہے۔ (ا۔ پ)

نئی دہلی کا جشن افتتاح

شہزادی کے ماتم کا خاتمہ

برطانیہ کے وعدے

پارلیمنٹ کو کیا کرنا چاہئے؟

مہیب خطرہ

تحریک کو کچلا نہ جائے

ہندوستان پر ہندوستانیوں کی ہی حکومت ہونی چاہئے

ڈاکٹر اینی بسنٹ کی ایک تازہ تقریر

پولینڈ میں کرشنا مورتی کی آمد

ہندوستان میں برطانوی حکومت کے خاتمہ کے بعد کیا ہوگا؟

برطانوی مدبرین کی غیر ذمہ دارانہ حکمت عملی

ہندوستانی ریاست میں تحریک کیوں چاہتے ہیں؟

اگر حکومت تحریک کا خاتمہ کرنا چاہے تو کیا ہونا؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

۲۴ جنوری ۱۹۳۱ء

جماعت احرار کی شاندار فتح

وزیر اعظم برطانیہ کا اعتراف عجز

گول میز کانفرنس کے اختتام پر مسٹر میکڈانلڈ وزیر اعظم برطانیہ نے جو اعلان کیا ہے وہ ہم آج کی اشاعت میں شائع کر رہے ہیں۔ اس اعلان کو پڑھنے کے بعد یہ حقیقت ہر شخص پر روز روشن کی طرح منکشف ہو جاتی ہے کہ برطانوی ...

کرے اور ان کے مشورہ کے بعد ہندوستان کے دستور اساسی کو کوئی آخری شکل دے۔

آج وزیر اعظم جو کچھ کہہ رہے ہیں تقریباً وہی ...

مخالفین جمعیۃ علماء ہند کی حرکات پر اظہار نفرت و ملامت

لاہور اور کراچی میں عظیم الشان جلسے

لاہور ۱۹ جنوری۔ آج مولوی اسد اللہ کے زیر صدارت مسجد لائن والی دروازہ شیرانوالہ میں مسلمانان لاہور کا ایک جلسہ عام ہوا جس میں ان اشخاص کے خلاف اظہار نفرت و حقارت کیا گیا جنہوں نے علماء ہند کی مقدس اور نمائندہ جماعت کے خلاف حساب فہمی کا دعویٰ دائر کر رکھا ہے اور جنہوں نے عدالت سے اس قسم کے حکم امتناعی کے لئے استدعا کی ہے جس کی موجودگی میں جمعیۃ علماء ہند اپنے مقاصد کی تکمیل کے لئے کوئی کام نہ کر سکے۔

دوسری قرارداد میں جمعیت علماء ہند پر جو مخدوم العلماء مولانا مفتی کفایت اللہ صاحب کی صدارت میں مصروف عمل ہے اظہار اعتماد کیا گیا اور اعلان کیا گیا کہ اس جماعت کے ارکان کی دیانت و امانت پر کوئی شبہ نہیں ہو سکتا۔ اور مسلمانان ہند کی مذہبی رہنمائی کے جو فرائض جمعیت نے ادا کئے ہیں اس پر جمعیت کو ہدیہ مبارکباد پیش کیا گیا۔

جمعیۃ شبان المسلمین پنجاب کا اظہار اعتماد

جمعیۃ شبان (نوجوانان اسلام) لاہور کی مجلس عاملہ کا ایک اجلاس شام کے پانچ بجے دفتر جمعیۃ میں زیر صدارت خواجہ عبد الغنی صاحب صدر جمعیت منعقد ہوا۔ مفصلہ ذیل قرارداد منظور کی گئی۔

جمعیۃ شبان (نوجوانان اسلام) لاہور کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس ان لوگوں کی مذموم و ذلت آمیز حرکات پر اظہار نفرت و ملامت کرتا ہے جنہوں نے جمعیۃ علمائے ہند جیسی برگزیدہ جماعت کے خلاف سینیئر سب جج دہلی کی عدالت میں دعویٰ دائر کیا ہے اور جو دہلی اور بیرون دہلی میں ادنیٰ حیثیت کے رعایا کو پس پردہ امداد پہنچا کر مسلمانان ہند کی اس مقدس جمعیۃ کے اغراض و مقاصد کی تکمیل کو سرکاری حکم امتناعی کے ذریعہ رکوانا چاہتے ہیں۔ جمعیۃ شبان ...

مسلمانان کراچی کا اظہار نفرت

جمعیۃ نظام المسلمین کراچی کی قرارداد

الہ آباد میں کانگریس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس

وزیر اعظم کے اعلان پر غور و خوض

بحث و تمحیص اس وقت تک جاری ہے

الہ آباد ۱۹ جنوری۔ آج سہ پہر کے وقت آل انڈیا کانگریس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں وزیر اعظم کے اعلان پر غور و خوض کیا گیا۔ بابو راجندر پرشاد قائم مقام صدر انڈین نیشنل کانگریس نے جلسہ کی صدارت کی۔ حاضرین میں دیگر اراکین کے علاوہ پنڈت مدن موہن مالویہ، ڈاکٹر سید محمود جنرل سکریٹری اور مسٹر شروانی موجود تھے۔ بحث و تمحیص اس وقت تک جاری ہے۔ کارروائی بند کمرے میں ہو رہی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ اس وقت تک کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوا ہے۔ (ا۔پ)

سیاسی قیدیوں کی عام معافی کے متعلق وزیر اعظم کا بیان

"پہلے تحریک سول نافرمانی بند کردو"

لندن ۲۱ جنوری۔ سر تیج بہادر سپرو نے برطانوی حکومت سے اپیل کی تھی کہ وہ ہندوستان کے سیاسی قیدیوں کو عام معافی دیدے۔ وزیر اعظم نے اس ...

گول میز کانفرنس کا قرطاس ابیض شائع ہو گیا

گول میز کانفرنس کا خاتمہ

وزیر اعظم کے اعلان پر ہندوستانی اور برطانوی اخبارات کا تبصرہ

پایونیر

ملک معظم کے پیغام اور وزیر اعظم کی تقریر سے ہندوستان کی صورت حال میں قطعی تبدیلی ہو جانی چاہیئے۔

ٹائمس آف انڈیا

فری پریس جرنل

بمبئی کرانیکل

لیڈر

ٹائمس آف لندن

ڈیلی ہیرالڈ

مارننگ پوسٹ

نیوز کرانیکل

ڈیلی میل

ڈیلی ایکسپریس

ڈیلی ہیرالڈ

مانچسٹر گارڈین

تامل ناڈ کانگریس ورکنگ کمیٹی اور اس کی بائیکاٹ کمیٹی

حکومت نے خلاف قانون قرار دیدیں

مدراس میں پکٹنگ کا زور

رضاکاروں پر پولیس کا حملہ

پشاور میں پکٹنگ کا زور و شور

چارسدہ کے سات رضاکاروں کی گرفتاری

بمبئی کے کانگریسی کارکنوں کا مقدمہ

افغانستان کے وزیر جنگ کی آمد

امیر المجاہدین مولانا عطاء اللہ شاہ بخاری کا تبادلہ

مولانا موصوف سے دمدم اسپیشل جیل میں ملاقات

سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے متعلق کئی خطوط آچکے ہیں جن میں ان کی خیریت دریافت کی گئی ہے۔ سب کو فرداً فرداً جواب دینا میرے لئے مشکل ہے اس لئے بذریعہ اخبارات آپ کے حالات عوام تک پہنچا دینا مناسب معلوم ہوتا ہے۔

جمعۃ المبارک کو میں ایک کام کے لئے کالی گھاٹ جا رہا تھا۔ جب گاڑی علی پور سنٹرل جیل کے دروازے تک پہنچی تو دیکھتا ہوں کہ سینکڑوں آدمیوں کا ہجوم بندے ماترم کے نعرے بلند کر رہا ہے۔ اور دو ٹرام بس کھڑی ہیں۔ ایک میں اسباب لدا ہوا ہے۔ دوسرے میں تقریباً بیس پچیس آدمی بیٹھے ہیں۔ یہ نظارہ ابھی چند منٹ ہی دیکھنے نہ پایا تھا کہ ایک آواز آئی۔ جھٹ بس کی طرف گیا دیکھا تو شاہ صاحب ہیں۔ علیک سلیک کے بعد معلوم ہوا کہ دمدم اسپیشل جیل میں تبدیل کر دئے گئے ہیں۔ نعروں کی گونج میں شاہ صاحب کی بس روانہ ہو گئی۔

آج ہفتہ کو شام کے وقت دمدم اسپیشل جیل میں ملاقات ہوئی۔ میرے ہمراہ ملک جان محمد ڈیٹر حمایت، قاضی تہور الحسن اور مسٹر عبد الحکیم بھی تھے۔ آپ خوش و خرم ہیں۔ مگر کمزوری ابھی تک باقی ہے۔ مولانا محمد علی مرحوم کا ذکر آیا۔ تو بے اختیار رو پڑے۔ فرمانے لگے کو بعض باتوں میں اصولی اختلاف تھا۔ مگر ان کی قدر میرے دل میں بہت زیادہ تھی۔ سب نے فاتحہ خوانی کی رخصت کے وقت آپ نے ...

بمبئی میں بھگت سنگھ کی پھانسی کی افواہ

شہر میں ہڑتال

گولیوں کے زخموں سے ایک کانگریسی رضاکار کی موت

فرید پور کے ایک کانگریسی کارکن کی رہائی

بمبئی میں تین رضاکاروں کی گرفتاری

برما میں بغاوت کے علاقہ میں سکون

تھارواڈی میں شورش باقی ہے

صدیقی کونسل بنگال کا مقدمہ

کانگریس ورکنگ کمیٹی کی اعانت کرنے کا الزام

ڈلہوزی بم کے سلسلہ میں گرفتاری

ملک مکان کی گرفتار کر لیا گیا

بلدیہ احمد آباد کی ایک نئی قرارداد

ملک معظم کی سالگرہ پر تعطیل نہ کی جائے

احمد آباد ۱۹ جنوری۔ بلدیہ احمد آباد نے ایک تجویز منظور کی ہے کہ ملک معظم کی سالگرہ کے موقع پر بلدیہ کے دفاتر میں تعطیل نہ کی جائے۔ اور حکومت سے درخواست کی جائے کہ بلدیہ کے قوانین میں ضروری تبدیلی کی جائے۔ مشرقی حلقہ جات کے کمشنر نے بلدیہ سے جواب طلب کیا ہے کہ قوانین میں تبدیلی کیوں کی جائے۔ کمشنر نے بلدیہ کو مطلع کیا ہے کہ اس کی منظور شدہ قرارداد ملک معظم کی توہین کا باعث ہے۔ اس لئے بلدیہ کو اس پر دوبارہ غور کرنا چاہیئے۔

گزشتہ شب بلدیہ احمد آباد کا ایک ضروری اجلاس منعقد ہوا جس میں مذکورہ بالا قرارداد کی مزید تائید کی گئی۔ اور یہ بیان کیا گیا کہ قرارداد کا مطلب نہیں ہے کہ ملک معظم کی ذاتی توہین کی جائے۔ بلکہ اس کا مقصد یہ ہے کہ ہندوستان میں ملک معظم کے نمائندوں نے جو تشدد دانہ حکمت عملی اختیار کر رکھی ہے اس کے خلاف احتجاج کیا جائے۔ بلدیہ نے ایک قرارداد میں سیاسی امور کے متعلق اپنی رائے ظاہر کی ہے اور یہ بتایا ہے کہ ملک معظم کی مخالفت نہ کی گئی ہے اور نہ آئندہ کی جا سکتی ہے۔ (ا۔پ)

معویانہ نظم پڑھنے کے جرم میں دو ماہ قید سخت

پنڈت مدن موہن مالویہ کی الہ آباد کو روانگی

مولانا اسمٰعیل حسین سراج کی رہائی

نواب پور کے مقدمہ فساد کا فیصلہ

جج نے جملہ ملزمین کو بری کر دیا

مسٹر سوبھاش چندر بوس کی گرفتاری پر بلدیہ کلکتہ کا اجلاس ملتوی

بیالیس مکانوں پر حکومت کا قبضہ

بغیر مطبع کے نام کے اشتہار چھاپنے پر سزا

ایک بم انداز ہوائی جہاز کی تباہی

کانگریس کی طرف سے نرولا موٹر سروس پکٹنگ

دکان پر پولیس کا پہرہ

انیس رضاکاروں کی گرفتاری

مسٹر کوہلی منیجر ہندوستان ٹائمز کی رہائی

مسٹر حسن جین بھی رہا کر دئے گئے

کھڑک بہادر کو قید سخت اور جرمانہ کی سزا

غیر ملکی کپڑے کی بائیکاٹ کا ارادہ

کھدر کے کپڑے استعمال کرو ورنہ پکٹنگ لگایا جائے گا

مسٹر انوار الحق سکریٹری کانگریس کمیٹی کے خلاف مقدمہ

چیمسفورڈ کلب کی جانب سے لارڈ ارون کو الوداعی دعوت

قوم پرور جماعت کے انتخابات

مجلس تقننہ میں سرکاری کام کیلئے تاریخوں کا تعین

مسٹر خورشید قوم پرور جماعت میں داخل نہیں ہیں

رمضان المبارک کے لئے ایک ضروری تجویز

مولانا محمد علی اور شہدائے پشاور کی ارواح کو ایصال ثواب

مسٹر سوبھاش چندر بوس کی گرفتاری اور رہائی
مالدہ میں داخل ہونے کا شاخسانہ

بہرام پور ۱۶ جنوری ۔ مسٹر سوبھاش چندر بوس سابق کارپوریشن و صدر بنگال پراونشل کانگریس کمیٹی پرسوں شام مالدہ کو جارہے تھے راستہ میں آپ کے نام دفعہ ۱۴۴ کے ماتحت امتناعی حکم جاری کیا گیا کہ آپ مالدہ میں داخل نہیں ہو سکتے۔ مسٹر سوبھاش چندر بوس نے اس حکم کی تعمیل کرنے سے انکار کر دیا چنانچہ آپ کو مالدہ میں داخل ہوتے ہی گرفتار کر لیا عدالت نے آپ کو ایک ہفتہ کی قید محض کی سزا دی ہے۔ آپ کو راجشاہی جیل میں رکھا جائیگا۔

سمندر میں ایک آتش فشاں پہاڑ
امریکہ کے ایک شہر میں زلزلہ کی تباہ کاریاں

میکسیکو ۱۶ جنوری ۔ شہر اوکسا میں جو زلزلہ آیا تھا اس کے باعث شدید مالی و جانی نقصان ہوا ہے معلوم ہوا ہے کہ اس زلزلے کے باعث تقریباً ... ہلاک ہوچکے ہیں۔
مزید اطلاع ... (رائٹر)

بے کاروں کیلئے سنہری موقع
تمام ہندوستان میں اس سے بہتر کوئی اور کالج نہیں ہے۔
اس کالج میں موٹر ڈرائیوری فٹری کا کام دو ماہ میں سکھایا جاتا ہے جس کی فیس مبلغ ... روپیہ لی جاتی ہے۔ غریبوں کے لئے خاص رعایت ہے مفصل حالات معلوم کرنے کے لئے پراسپکٹس مفت طلب کیجئے۔ پردیسی طلباء کے لئے بورڈنگ ہاؤس کا انتظام بھی ہے۔
دی کیمبرج پریکٹیکل موٹر ٹریننگ کالج
بازار مچھلی والان متصل جامع مسجد دہلی

رمضان المبارک کا عامتی اعلان
مزید رعایت

ملنے کا پتہ ... میرٹھ (یو پی)

چار شادیوں کا لطف
تازہ تصدیقات
جس لذت شباب کیا ہے سفوف اور طلا
ملنے کا پتہ
کیمیا وہاب کمپنی پوسٹ بکس نمبر ۱۲۹ دہلی

لوٹو لوٹو لوٹو

لندن واچ کمپنی

ضرورت ہے
... والسلام

بے روزگاروں کو خوشخبری
ہندوستان میں اپنی نوعیت کا پہلا کالج ہے ...
منیجر امپیریل موٹر ٹریننگ کالج چاندنی چوک متصل امپیریل بنک دہلی

پورے اسلامی کتب خانہ کی برابر
ایک زبردست اسلامی انسائیکلوپیڈیا
جو سائٹھ اسلامی ضخیم کتابوں کی روح ہے اور جس میں دس ہزار سے زائد دینی و دنیوی مسائل ہیں
فلاح دین و دنیا
اسلامی انسائیکلوپیڈیا میں مندرجہ ذیل ابواب ہیں

باب ہشتم	باب ہفتم	باب ششم	باب پنجم	باب چہارم	باب سوم	باب دوم	باب اول
	شادی و غمی	تمدن و معاشرت	اسلامی حقوق	ذبیحہ و حلال و حرام	اعمال و وظائف	اسلامی عبادات	اسلامی عقائد

کتابت و طباعت و ابواب
تقطیع شاندار کاغذ اعلیٰ
... دہلی


نئی گھڑیوں کا جہاز آگیا خریدنے میں جلدی کیجئے
... کمپنی ... کلکتہ

کانگریس کی طرف سے زبردست پکٹنگ
موٹر ورکس کے ایک حصہ دار پر شراب فروشی کا الزام

دہلی ۲۰ جنوری ۔ نرولا موٹر ورکس پر کلاں ست کانگریس کی جانب سے زبردست پکٹنگ لگا دیا ہے کیونکہ دوست رام نے جو اس کارخانہ کا حصہ دار ہے شراب فروخت کرنی شروع کردی ہے کانگریس نے نرولا موٹر ورکس کے بائیکاٹ کا اعلان کر دیا ہے ۔ پولیس نے ابھی تک کوئی گرفتاری نہیں کی ہے۔
معلوم ہوا ہے کہ موٹر ڈیلر نے لکھا ہے کہ وہ اس فرم کیساتھ لین دین کا تعلق نہ رکھے۔

بمبئی سٹوڈنٹ یونین پر پولیس کا چھاپہ
یونین کے سکرٹری گرفتار کر لئے گئے

بمبئی ۲۰ جنوری ۔ گذشتہ رات کو بمبئی شہر کی پولیس نے سی آئی ڈی انسپکٹر کی مدد سے بمبئی سٹوڈنٹ یونین پر چھاپہ مارا ۔ یونین کا دفتر گرگام والی سٹرک پر واقع ہے ۔ پولیس نے یونین کے دفتر کی دو گھنٹہ تک تلاشی لی مگر کوئی قابل اعتراض چیز برآمد نہیں ہوئی ۔ یونین کے سکرٹری یونین کو تلاشی کے دوران میں گرفتار کر لیا کیونکہ انہوں نے ... (اپ)

رسالپور میں ایک ہوائی جہاز کی تباہی
جہاز پہاڑی سے ٹکرا کر ٹکڑے ٹکڑے ہوگیا
دو ماہرین پرواز کی ہلاکت

لاہور ۲۰ جنوری ۔ رسالپور میں ہوائی جہاز کے ٹکرا جانے سے ایک زبردست حادثہ رونما ہوا جس کے باعث دو آدمی ہلاک ہوگئے ۔ ویسٹ لینڈ وایپٹی دہلی کی ایک ہوائی پرواز کی مشق کر رہے تھے کہ ان کا جہاز آٹھ سو فٹ کی بلندی پر ایک پہاڑی سے ٹکرا گیا ۔ جہاز کا بازو ٹوٹ گیا اور جہاز کی مشینیں ریزہ ریزہ ہوگئیں جہاز کا سارا حصہ فوراً گر گیا ۔
مسٹر جافری نے کودنے کی کوشش کی مگر وہ اپنی جان نہ بچا سکے اور فوراً ہلاک ہوگئے (اپ)

۲۳ لڑکیوں کی گرفتاری
لاہور میں ہڑتال

لاہور ۱۷ جنوری ۔ گذشتہ رات کو ولایتی پارچہ فروشوں کی دوکانوں پر پکٹنگ کرتے ہوئے ۲۳ لڑکیاں اور ... لڑکے گرفتار ہوئے تھے اس کے خلاف بطور احتجاج کے آج لاہور میں مکمل ہڑتال منائی گئی۔

... وزیر اعظم کے بیان پر گفتگو کرسکیں ۔ دستخط کنندگان کو توقع ہے کہ اگر حکومت نے دستخط کنندگان کے مشورہ کو قبول کر لیا تو کانگریسی لیڈر یعنی مسٹر گاندھی اور پنڈت جواہر لال نہرو اور دوسرے لیڈران وزیر اعظم کے ہر حصہ پر احتیاط سے غور کریں گے اور اس میں سے اس حصہ کو نکال دیں گے جو ملک کے مفاد کے منافی ہے اور ضرورت کے مطابق اس میں ترمیم اور اضافہ بھی کریں گے جب تک اس مشورہ پر عمل نہ کیا جائے اس وقت تک وزیر اعظم کے بیان کا ذکر ایک غلطی ہوگی۔ (روپ)

وزیر اعظم کے اعلان پر ایوننگ نیوز کا تبصرہ
"گاندھی جی کو اپنا وعدہ پورا کرنا چاہئے"

بمبئی ۲۰ جنوری ۔ اخبار ایوننگ نیوز وزیر اعظم کی تقریر پر تبصرہ کرتے ہوئے رقمطراز ہے کہ گاندھی جی نے یہ وعدہ کیا تھا اگر گول میز میں ہندوستان آزادی کا خلاصہ حاصل کرنے میں کامیاب ہوگئے تو وہ حکومت کے ساتھ تعاون کریں گے ۔ اب گول میز کانفرنس نہایت سچائی کے ساتھ یہ ثابت کرسکتے ہیں کہ وہ آزادی کا خلاصہ حاصل کرنے میں کامیاب ہوگئے ہیں ۔ اگر گاندھی جی اپنے الفاظ پر قائم ہیں تو ان کو چاہئے کہ وہ سول نافرمانی ملتوی کرنے کے لئے جلد قدم اٹھائیں اس سلسلہ میں گاندھی جی کی ہر امکانی مدد کی جائیگی اور ان کو سہولت بہم پہنچائی جائیگی۔

... میں ایک جدید سازش کا انکشاف
حکومت کے مقابلہ میں کانگریسی راج قائم کرنے کی سعی
ملتان ... کانگریسی کارکنوں کے خلاف مقدمہ

... سازش میں سرگرم تھے ... (باقی عبارت دھندلی)

وزیر اعظم کا بیان سائمن سفارشات کے منافی ہے

... شعبان المکرم سے یہ رعایتی سلسلہ جاری ہوتا ہے تاکہ خریدار مناسب وقت میں گھڑیاں خرید کر شروع رمضان المبارک سے کام میں لاسکیں
رعایت کا مبارک مہینہ
جو سال میں ایک ہی بار آتا ہے اس سے ضرور فائدہ اٹھائیے


برکات رمضان
... منیجر کتب خانہ ... مدرسہ امینیہ دہلی

... قرآن مجید ... خوشخط ...
احمد علی خاں ... دہلی

دنیا میں ایک نیا تیل
سفید بال ایک ہفتہ میں جڑ سے کالا
شنکر کارخانہ ... دربھنگہ بہار

دواء العصفور
حکیم ظہیر الحسن ہومیونسپل کمشنر متھرا (یو پی)


زنکی قلم کمپنی ... دہلی

سفید بال پندرہ دن میں جڑ سے کالا

بے روزگاروں کو مژدہ
... محمد سعید ...

تارکاپتہ: الجمعیۃ دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۲۹۵

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

یداللہ علی الجماعۃ

سہ روزہ

الجمعیۃ دہلی

ایڈیٹر
ہلال احمد زبیری بی۔اے

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳ ۱۷ ۲۱ ۲۵ ۲۹
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار) ۔۔۔
نصف صفحہ (") ۔۔۔
ایک کالم (") ۔۔۔
½ کالم (") ۔۔۔
¼ کالم (") ۔۔۔

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ مفت
فی پرچہ ایک آنہ

جلد ۱۳ | دہلی یوم چہارشنبہ ۸ رمضان المبارک ۱۳۴۹ھ ہجری۔ مطابق ۲۸ جنوری ۱۹۳۱ء | نمبر ۶

"آئندہ سال دُنیا جنگ عظیم میں مبتلا ہو جائیگی"

یکم مئی ۱۹۳۲ء کو جنگ کا متوقع آغاز!

جرمنی فوجی سپہ سالار کی پیشگوئی

(ترجمہ خصوصی)

جنرل ایرک لڈنڈروف نے دنیا کے موجودہ سیاسی حالات کو ملحوظ رکھتے ہوئے یہ پیشگوئی کی ہے کہ سال آئندہ یورپ خونریز جنگ میں مبتلا ہو جائے گا جنرل ایرک جنگ عظیم میں جرمنی کی افواج کے سپہ سالار رہ چکے ہیں جو مخالف افواج سے برسر جنگ تھیں۔ جن لوگوں نے جنگ عظیم کے ہولناک واقعات کا مطالعہ کیا ہوگا ان سے یہ امر مخفی نہ ہوگا کہ جب برطانیہ اور دیگر متحدہ طاقتوں نے جرمنی کے سامنے شرائط صلح پیش کیں تو جنرل ایرک نے ان شرائط کو قبول کرنے سے انکار کر دیا ۔۔۔

معاصرین کے افکار و آراء

سیاسی قیدیوں کی طلب معافی کا راز

وزیر اعظم کا متوقع اعلان

"میرا وہ ہو نہیں سکتا جو غلام اُن کا ہے"

(از حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی رکن مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ہند)

کہنے کو دعوئے ہمدردی عام اُن کا ہے
وہ بھی مسلم ہے کوئی جس کو غلامی پہ ہو ناز
حق تعالےٰ کا ہے اعلان بآواز رسل
جو شہیدان وفا مٹ چکے آزادی پر
جب تک آزاد نہ ہو چین نہ لینے دو نہ لو
ہم تو مٹتے ہیں وہ بنتے ہیں کو[illegible] تو ہے
موت ہے راحت جان جیل ہے راحت جسم
آگ اور لوہے کی پھر تم پہ حکومت نہ رہے
صبح میت پہ بھی آنے کی نہیں جن سے اُمید
تاب نظارہ کسے دید کے قابل نہ رہا
کس کے ہاتھوں ہوئے رسوا سر محفل شب کو
اُنکے ایما پہ کیا میں نے جو سر تن سے جُدا
چشم پرکیف سے تیری جو رہیں مست مدام

شر اُٹھایا ہوا ہر سمت تمام اُن کا ہے
کیا وہ ہندو ہے جو کمزوری سرآم اُن کا ہے
میرا وہ ہو نہیں سکتا جو غلام اُن کا ہے
نونہالان چمن تم کو سلام اُن کا ہے
آگے بڑھتے چلو اتنا سا پیام اُن کا ہے
موت کا خوف ہمیں راز قیام اُن کا ہے
اسپر آمادہ جو ہو کام تمام اُن کا ہے
کیا تشدد کے سوا کوئی نظام اُن کا ہے
منتظر نزع میں بسمل سر شام اُن کا ہے
جلوہ جو پائے نظر جب لب بام اُن کا ہے
دل نے بیتاب کیا مفت میں نام اُن کا ہے
ہاتھ اپنا ہے گلا اپنا ہے، کام اُن کا ہے
ساقی اُنکا ہے، سبو اُنکا ہے، جام اُن کا ہے

کوئی شاعر نہیں اک مولوی صورت ہیں ذکا
فیض آباد میں قیدی یہ کلام اُن کا ہے

اخبار الجمعیۃ کے خریداروں کی انتہائی خوش نصیبی ہے

کہ ہم ان کو ایک نہایت بیش بہا اور انمول گوہر نہایت کم قیمت یعنی قیمت خریدار پر دے رہے ہیں جو کل ہزار روپیہ خرچ کرنے پر بھی نہیں ملیگا

وہ بیش بہا انمول گوہر

پانچ ترجمے اور کامل احسن التفاسیر والا قرآن شریف ہے

یہ قرآن شریف عام طور پر اسقدر مقبول اور عام پسند ہے کہ ہر فرقے اور ہر عقیدے کے مسلمان نہایت ذوق شوق سے اسی میں تلاوت کرتے ہیں یہی وجہ ہے کہ تھوڑے عرصہ میں پہلے ایڈیشن کی ہزاروں جلدیں ہاتھوں ہاتھ ہدیہ ہو گئیں بالآخر دوسرا ایڈیشن چھاپنا پڑا اب وہ بالکل ختم ہو گیا ہے۔

صرف ۲۵۰ جلدیں مالک مطبع کے پاس رہ گئی تھیں

جن میں ۲۰۰ جلدیں مصری کاغذ کی تھیں اور پچاس جلدیں سفید ولایتی دبیز کاغذ کی جن کی مضبوطی کی ایک سو برس تک گارنٹی ہے وہ ہم نے سب کی سب جلدیں اخبار الجمعیۃ کے خریداروں کیلئے مالک مطبع سے بمشکل تمام خرید لیں تاکہ جنکو ابتک یہ نعمت بے بہا میسر نہیں ہوسکی وہ اب منگائیں اس لئے

آج اخبار الجمعیۃ کا ہر وہ خریدار

جو اس نعمت عظمیٰ کے حاصل کرنے سے اب تک محروم رہا ہے فرمائش بھیجکر اس عظیم الشان رعایت کے نادر موقع سے فائدہ اٹھالے ورنہ کل یہ نادر قرآن شریف ایکہزار روپیہ صرف کرنے پر بھی دستیاب نہیں ہوگا۔ کیونکہ اتنی خوبیوں والا قرآن شریف جو دس سال کی مسلسل کوشش و جانفشانیوں کے بعد بچاس ساٹھ ہزار روپیہ صرف کر کے چھاپا گیا ہو۔ اور صحت، لکھائی، چھپائی اور کاغذ وغیرہ کا بہتر سے بہتر اہتمام کیا گیا ہو اب دوبارہ اسقدر اہتمام کے ساتھ طبع نہیں ہوسکتا۔

دفتر الجمعیۃ نے یہ بھی تہیہ کر لیا ہے

کہ صرف الجمعیۃ کے خریداروں کو یہ قرآن شریف اس ہدیہ پر دیا جائیگا یعنی مصری کاغذ دس روپے مجلد اور سفید ولایتی دبیز کاغذ ۱۵ مجلد

کیا اب بھی الجمعیۃ کا کوئی خریدار اس نعمت سے محروم رہیگا

کیا دنیا کی ہر ضروریات کے ساتھ سب سے زیادہ متبرک اور دین و دنیا کی سب سے بڑی گرانمایہ نعمت کے لئے دس روپیہ خرچ کرنا گراں ہے؟ اگر کسی کو اس بیش قیمت نعمت کے لئے دس روپے کی رقم بھی گراں معلوم ہو تو اس سے زیادہ بدنصیبی اور کیا ہوگی اس قرآن شریف کے مقبول ہونیکی سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ یہ قرآن

اعلیحضرت حضور نظام کا خاص اپنی تلاوت کیلئے منتخب کردہ اور بہت پسندیدہ قرآن شریف ہے

کیونکہ پچھلے سال دہلی میں ورود مسعود کے موقع پر اعلیحضرت حضور نظام خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ نے اس قرآن شریف کو بیحد پسند فرمایا اور اپنی تلاوت کے لئے خاص طور پر اسی کلام پاک کو مخصوص فرمایا اور تمام علمائے کرام نے بھی اس کو پسند فرمایا ہے۔

اس قرآن شریف میں حسب ذیل پانچ ترجمے ہیں

پہلا ترجمہ (فارسی) از حضرت مولانا شیخ مصلح الدین سعدی شیرازی علیہ الرحمۃ
دوسرا ترجمہ (اردو لفظی) از حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ
تیسرا ترجمہ (اردو لفظی) از حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ
چوتھا ترجمہ (اردو بامحاورہ) از حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ
پانچواں ترجمہ (اردو بامحاورہ) از حضرت مولانا شاہ اشرف علی صاحب تھانوی

سب سے بڑی خوبی یہ ہے

کہ اس کے حاشیہ پر اردو زبان کی بہترین اور عام فہم تفسیر احسن التفاسیر کامل درج ہے یہ تفسیر علامہ حضرت شاہ احمد حسن صاحب محدث دہلوی کی پچاس سال کی دماغ سوزی اور عرق ریزی کا نتیجہ ہے۔ کچھ عرصہ سے کتابی صورت میں بالکل نایاب تھی۔ مگر اب قرآن کریم نے اس کو زندہ جاوید بنا دیا دنیائے اسلام کے دینی سلسلہ میں سب سے پہلی اور سب سے بہتر اردو تفسیر ہے اور صحت روایات و کامل شان نزول وغیرہ کے اعتبار سے آپ ہی اپنی نظیر ہے۔

دیگر خصوصیات

(۱) ہر مقام پر بسم اللہ شریف بخط طغریٰ جداگانہ شان سے لکھی ہے (۲) قرآن شریف کے مضامین کی فہرست شروع میں دیکھئے ہے (۳) تفسیر احسن التفاسیر کی فہرست مضامین درج ہے تاکہ مضامین کی تلاش میں دقت نہ پڑے (۴) اعمال اور وظائف قرآنی ہیں (۵) تمام صورتوں کے تعبیر خواب ہیں (۶) تمام سورتوں کے تعویذ القرآن ہیں (۷) مسائل القرآن (۸) فضائل القرآن (۹) آداب القرآن (۱۰) رموز و اوقاف (۱۱) وہ مضامین جن کی غلطی اعراب سے کفر لازم آتا ہے (۱۲) حضور سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سوانح عمری مبارک درج ہے (۱۳) عربی کتابت ہندوستان کے بہترین خوشنویس سے کرائی ہے (۱۴) نہایت صحیح ہے (۱۵) کاغذ مصری جس پر مصر کے نہایت قیمتی کلام مجید طبع ہوتے ہیں صفحات ۲۰۸۰ سائز ۱۳ انچ ۱۰ انچ وزن ہم سیر کے قریب ہے۔ **هدیہ** اس قرآن شریف کا اصلی ہدیہ بغیر جلد کا تیس روپے ہے مگر صرف خریداران الجمعیۃ کے لئے مصری کاغذ کا ہدیہ دس روپے اور سفید ولایتی دبیز کاغذ کا پندرہ روپے محصولڈاک ایک جلد پر ایک روپیہ آٹھ آنہ لگتا ہے فرمائش کے ہمراہ پانچ روپے پیشگی ضرور آنے چاہئیں ایک ساتھ مجلدوں کے خریداروں کو محصولڈاک معاف کر دیا جائیگا۔

اس کلام پاک کے متعلق علماء کرام کی سینکڑوں تصدیقوں میں سے چند کا خلاصہ

حضرت مولانا محمد انور شاہ صاحب کشمیری مدرس دارالعلوم دیوبند کی فارسی تقریظ کے ترجمہ کا اختصار سید شفیع الدین صاحب دہلوی نے قرآن مجید پانچ ترجمے اور حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر والے کا جو نسخہ طبع کیا ہے اس کی متعلق میری رائے ہے کہ اس شخص نے اس کلام مجید کی انجام دہی و حسن طباعت میں ایسی کوشش اور جانفشانی کی ہے کہ لائق تحسین ہے ہر مسلمان کا فرض ہے کہ وہ ایسے تحفہ کو اپنے گھر میں رکھے اور تلاوت کرے۔

عالم باعمل فاضل اجل جناب مفتی مولوی حاجی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ العلماء ہند دہلی اس قرآن مجید کا خط واضح اور صاف ہے چھپائی بھی اچھی اور عمدہ ہے پانچ ترجمے ہیں اسکے حاشیہ پر کامل اردو تفسیر یعنی احسن التفاسیر چڑھا دی گئی ہے یہ تفسیر حضرت مولانا احمد حسن صاحب دہلوی مرحوم و مغفور کی تالیف ہے جو مختصر اور عام فہم اور آپ کی بہترین تالیف میں سے ہے الحاصل یہ کلام مجید بہت سی خوبیوں کا مجموعہ اور بہت سے جواہرات کا خزینہ ہے کاغذ بھی اچھا خوشنما اور دیدہ زیب ہے۔ ہر مسلمان کو اس بے بہا اور انمول تحفہ کو حاصل کرنا چاہیئے۔

فخر دہلی اسد الاسلام حضرت مولانا الحاج مولوی احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ العلماء ہند دہلی پانچ ترجمہ کا قرآن مجید جسکے حاشیہ پر اردو کی احسن التفاسیر بھی ہے اس کی ایک جلد اس وقت میرے سامنے ہے اس قرآن شریف کے متعلق صرف اتنا ہی عرض کرنا کافی ہوگا کہ آج تک اس شان کا قرآن حکیم طبع نہیں ہوا میری خواہش ہے کہ مسلمانوں کا کوئی گھر اس قرآن مجید سے خالی نہیں رہنا چاہیئے باوجود اس قدر بیشمار خوبیوں کے مسلمانوں کی عام حالت دیکھتے ہوئے قیمت بھی معمولی ہے لکھائی چھپائی اور کاغذ بہترین ہے

حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی پروفیسر ادبیات دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ و سابق ناظم جمعیۃ علماء ہند آپ نے جو قرآن کریم پانچ مستند ترجمہ اور حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر کے ساتھ شائع کیا ہے مجھکو اس کے مطالعہ کا موقع ملا اس پر آشوب زمانے میں جبکہ مسلمان اپنے مذہب سے ناواقف ہونیکے باعث ارتداد و دہریت و الحاد کے سیلاب میں بہتے چلے جاتے ہیں حق جل شانہ نے آپکو اس خالص دینی خدمت کی توفیق عطا فرمائی۔ مقام مسرت ہے کہ آپ نے نہایت عرق ریزی اور جانفشانی سے کامیاب طریقہ سے اس مبارک خدمت کو انجام دیا جس پر آپ اردو اور فارسی زبان سمجھنے اور بولنے والے تمام مسلمانوں کی جانب سے مستحق مبارکباد ہیں فشکر اللہ سعیکم و جزاکم عنا جزاء میں خود کو اس قابل پاتا ہوں کہ پورے وثوق و اطمینان کے ساتھ مسلمانوں کو مخلصانہ مشورہ دوں کہ ہر ایک گھر میں اسکا ایک ایک نسخہ ضرور موجود ہونا چاہیئے۔

ملنے کا پتہ
منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

کیا کوئی دل ہی جس پر آپ قابو چاہتے ہیں
عملیات محبت و دیگر امور مشکلہ سے رہائی کی خوشخبری

[illegible]

سید لطف اللہ پوسٹ بکس نمبر ۸۵ دہلی

مفت
اگر آپ معلوم کرنا چاہتے ہیں
کہ صحت کیسے قائم رہ سکتی ہے۔ مرض کیوں پیدا ہوتا ہے قوت باہ اور عام جسمانی طاقت کا دارومدار کن کن اعضا کی صحت پر ہے تو رسالہ ایجاد منتری ایک کارڈ لکھکر
مفت طلب کیجئے
منیجر عنبرین فارمیسی مقام جلال آباد ضلع مظفر نگر

دی رائل ڈینٹل ہومیوانسٹی ٹیوٹ دہلی
دندان سازی۔ ہومیوپیتھی۔ الیکٹرو ہومیوپیتھی بائیوکیمسٹری کے لئے آپ پرنسپل ڈاکٹر آر۔ آر گپتہ ایچ۔ ایم۔ ڈی سے پراسپکٹس مفت طلب فرمایئے۔ اور ایم۔ ڈی۔ ایس سی۔ ایم۔ بی۔ ایچ۔ ایل۔ ایم۔ ایچ۔ بی۔ آئی۔ اے۔ اور ایل ایس بی وغیرہ کے ڈپلومے حاصل کیجئے۔
خونی و بادی بواسیر کا شرطیہ علاج تصدیقات کی فہرست درخواست آنے پر مفت ارسال ہوگی

آزمائی ہوئی شرطیہ علاج
[illegible]
پتہ: سیر برنا منو کٹنی سری۔ دربھنگہ ۵۲

پایورین
دانتوں کی اکثر بیماریوں کے لئے ۔۔۔
قیمت دو روپے آٹھ آنہ
منیجر انصاری دواخانہ شاہجہانپور (یوپی)

اشتہار عدالت
اشتہار زیر آرڈر ۵ قاعدہ ۲۰ ضابطہ دیوانی۔
بعدالت جناب صاحب ایڈیشنل جج مطالبہ جات خفیفہ دہلی
دعویٰ مبلغ ۶۷ روپے
مقدمہ مندرجہ عنوان مندرجہ بالا میں معلوم ہوتا ہے کہ مدعا علیہم تعمیل سمن سے گریز کرتے ہیں۔ لہذا بذریعہ اشتہار ہذا ان کو اطلاع دی جاتی ہے کہ وہ بتاریخ ۸ ماہ فروری ۱۹۳۱ء کو حاضر عدالت ہذا ہو کر جوابدہی مقدمہ کریں ورنہ ان کے خلاف کارروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں آوے گی۔
آج بتاریخ ۱۴ ماہ جنوری ۱۹۳۱ء میرے دستخط اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔
دستخط حاکم بخط انگریزی
(مہر عدالت)

برص سفید داغ ایک دن میں حیرت انگیز آرام
[illegible]
منیجر دفتر معالج برص نمبر ۴ دربھنگہ (بہار)

چارج کیجئے
لطف شباب کیا ہے؟ سفوف و طلاء
[illegible]
حکیم مولوی نظیر علی پوسٹ بکس نمبر ۸۸ دہلی

چار روپے بارہ آنہ میں دس گھڑیاں اور سب چیزیں

سب چیزیں اچھی خوبصورت اور مضبوط ۔۔۔
گریٹ سٹور لمیٹڈ واچ بڑا بازار کلکتہ

عالمِ اسلامی

(تراجم خصوصی)

اسلامی اوقاف کی تباہی کا دردناک منظر

اسلام کے ایک مادی نظام پر عیسائی حکومتوں کا قبضہ

امیر شکیب ارسلان کا پیغام عالمِ اسلامی کے نام

صاحب السیف والقلم حضرت امیر شکیب ارسلان نے ایک حالیہ مضمون میں اسلامی اوقاف کی پامالی کا دردانگیز مرثیہ لکھا ہے اور بتایا ہے کہ اسلامی اوقاف کو خود مسلمانوں نے جس طرح برباد کیا ہے اور عیسائی حکومتوں نے ان کو غصب کرکے اسلامی املاک پر جو قیامت توڑی ہے اس نے مسلمانوں کی ریڑھ کی ہڈی پر کاری ضرب لگائی ہے۔ اور اسلامی سیاست کو اس سے سخت نقصان پہونچا ہے۔ اسلامی اوقاف کے ساتھ دول صلیبیہ نے جو سلوک کیا ہے اس پر امیر موصوف نے کمال تدبر سے تبصرہ فرمایا ہے۔ ہم اصل مضمون کا ترجمہ ذیل میں درج کرتے ہیں۔

امیر موصوف فرماتے ہیں: آج دنیا میں مسلمانوں کے اوقاف اس کثرت سے ہیں جن کا مقابلہ دنیا کی بڑی سے بڑی حکومت بھی نہیں کرسکتی۔ …

اسلامی اوقاف سے کلیسا کی پرورش

جب اسلامی ممالک کے اکثر حصص پر دول یورپ نے غلبہ اور استیلاء حاصل کرلیا تو انہوں نے اسلامی اوقاف کے ساتھ اس سے بھی بدتر سلوک کیا جو خود مسلمانوں کی جانب سے کیا جاچکا تھا۔ …

مصر میں شاہی محکمہ پرواز کا افتتاح

دنیا کی سب سے بڑی لائن کے دلچسپ حالات

نو سال کے آغاز میں انگلستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان آٹھ ہزار میل کے ہوائی راستہ کا افتتاح ہوگیا۔ اس راستہ میں سمندر، دریا، جنگلات اور پہاڑ وغیرہ سب آگئے ہیں۔ …

ہوائی جہازوں کی نوعیت

حجاز و عراق کی باہمی کشمکش

عراقی اور برطانوی وعدوں کی حقیقت

جب سے ڈاکٹر عبداللہ دملوجی عراق کے وزیر خارجہ مقرر ہوئے ہیں اس وقت سے نجدی اور عراقی معاملات زیادہ پیچیدہ اور اہم ہوگئے ہیں۔ …

برطانیہ کیلئے سب سے زیادہ منحوس زمانہ

اقتصادی، سیاسی اور معاشرتی تباہی کے اسباب

ہندوستانی تحریک سے لنکاشائر میں ماتم

(ترجمہ خصوصی)

مسٹر اے جی گارڈینر نے ذیل کے مضمون میں برطانوی سیاسی، اقتصادی اور معاشرتی حالات پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ۱۹۳۰ء برطانیہ کے ہر طرح خسارہ کا سال رہا ہے۔ مالی حالت کو لیا جائے تو اس سال میں برطانیہ کو کروڑوں پونڈ کا نقصان ہوا ہے۔ برطانوی مال کے مقاطعہ نے لنکاشائر کی حالت کو نازک سے نازک تر بنادیا ہے۔

مسٹر گارڈینر فرماتے ہیں کہ اگر ہم سال ختمہ کی صحیح حالت بیان کرنا چاہیں تو ہم کو "نقصان عظیم" کے علاوہ کوئی اور مناسب فقرہ نہیں مل سکتا۔ …

ہمہ گیر کساد بازاری

بنکوں کا اعتبار جاتا رہا

دنیا میں انقلابی تحریکات

ہندوستان کی سیاسی بیداری

دس لاکھ آدمی بیکار ہوگئے

یورپ کے سیاسی مطلع پر تاریک گھٹائیں

ادھر کنواں اُدھر کھائی

جرمنی غیر مسلح نہیں رہ سکتا

ایک چیز صاف طور پر ظاہر ہے کہ جرمنی مزید عرصہ تک غیر مسلح نہیں رہ سکتا اور اگر فرانس کی حکمت عملی کا مقصد یہ ہے کہ جرمنی کو روس کے ساتھ ملادیا جائے تو پھر یورپ کی تہذیب کا خاتمہ قریب ہی خیال کیجئے۔

سب سے زیادہ منحوس سال

اگر ہم اہم امور کی جانب سے توجہ ہٹا کر معمولی امور کی طرف مبذول کریں تو یہاں بھی ہم کو ناکامی کا منہ دیکھنا پڑیگا۔ …

آیندہ جنگ عظیم کب اور کیوں ہوگی

جنرل ایرک کا خیال ہے کہ آیندہ سال جو جنگ ہوگی وہ یورپ کی آخری جنگ ہوگی۔ جو طاقت کامیاب ہوگی اس کے اقتدار کا آفتاب پھر غروب نہیں ہوسکیگا اور جو قوم اس جنگ کا شکار بن جائے گی اس کی دوبارہ زندگی غیر ممکنات میں سے ہوگی۔ جنرل موصوف توقع کرتے ہیں کہ یکم مئی ۱۹۳۲ء کو آیندہ جنگ عظیم کا آغاز ہوجائے گا۔ …

فرانس کا روس اور اطالیہ سے مقابلہ

گیسوں اور بموں کے ذریعہ یورپ کے شہروں کی تباہی

حجاز کے ساتھ سلطنت عسیر کا الحاق

عسیر میں حکومت نجد کے بہترین انتظامات

حکومت حجاز و نجد نے حال ہی میں ایک قرطاس ابیض شائع کی ہے جس میں ان انتظامات اور وسائل کا بیان ہے جن پر عنقریب عمل درآمد کیا جائیگا۔ سلطنت عسیر اب عملاً حکومت حجاز میں ملحق کردی گئی ہے اور وہ حجاز کا ایک صوبہ بنالیا گیا ہے۔ عسیر پر حکومت تو جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کی ہوگی مگر سید حسن الادریسی اس میں بطور وائسرائے کام کریں گے۔ …

"آئندہ سال دُنیا جنگ عظیم میں مبتلا ہوجائیگی"

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

فرانس کی مالی اور اقتصادی تباہی

محاصل میں اربوں پونڈ کا خسارہ

دنیا میں فرانس کا مالی اقتدار زائل ہوگیا

ایک زمانہ تھا جب کہ فرانس کی دولت نے یورپ کی اقوام پر سکہ جما رکھا تھا۔ …

انڈیا آفس میں اردو کے علمی اور ادبی جواہر ریزے

قلمی کتابوں کی فہرست

(بقیہ مضمون صفحہ ۲)

ارشاد

شہید ملت حضرت رئیس الاحرار اور شہدائے پشاور کی ارواح طیبہ کو ایصال ثواب

یتامیٰ و بیوگان صوبہ سرحدی کی اعانت

رمضان المبارک میں ایک مبارک تجویز

(از حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی)

اصلی واقعات حوادث کی بابت استفتاء

اور

حضرت مولانا اشرف علی صاحب کا جواب احتراز

(از مولانا ابوالناظر محمد امیر حسن صاحب مظفرپوری)

اسپیشل ٹربیونل کی عدالت کا فیصلہ

ایک ملزم کو سزائے موت دوسرے کو حبس دوام

کلکتہ ۲۴ جنوری۔ آج اسپیشل ٹربیونل کی عدالت نے رام کرشنا بسواس کو موت کی سزا دی اور …

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

۲۸ جنوری ۱۹۳۱ء

ہندوستان کا آئندہ دستور اساسی

"ذمہ داری" اور "تحفظات"

(۱)

گول میز کانفرنس کے اختتام پر وزیر اعظم نے حکومت برطانیہ کی آئندہ پالیسی کے متعلق جو اعلان کیا ہے اور اس اعلان پر انگلستان اور ہندوستان میں ...

ان ہر دو وجوہ کی بنا پر جن تحفظات کا مطالبہ کیا جاتا ہے ان کو قسمیں بھی دو ہیں ... وہ تحفظات جو بعض واجبات کی انجام دہی یعنی انگریزوں کے استحقاق کو پورا کرنے کے لئے ضروری ہیں ...

میدان جنگ سے حکومت کی پسپائی

وزیر اعظم کے اعلان کے بعد وائسرائے کا بیان

تحلف ورکنگ کمیٹیوں کے اراکین کی رہائی

دہلی ۲۵ جنوری - آج سہ پہر کو وائسرائے کا بیان شائع ہو گیا جسے ہم درج ذیل کرتے ہیں۔

میری حکومت نے مقامی حکومتوں سے مشورہ کرنے کے بعد یہ مناسب خیال کیا ہے کہ آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے مستقل اور قائم مقام اراکین کو جو یکم جنوری ۱۹۳۰ء سے اب تک ورکنگ کمیٹی کی رکنیت کے فرائض ادا کرتے رہے ہیں آزاد کر دیا جائے تاکہ انہیں اس میں بحث و تمحیص کا موقع مل سکے اور وہ اس اعلان پر غور و خوض کر سکیں جو وزیر اعظم نے ۱۹ جنوری کو کیا ہے ...

(دستخط) ارون

دہلی میں یوم آزادی کی سالگرہ

شاندار جلوس اور عظیم الشان جلسہ

ڈاکٹر انصاری وغیرہ کی رہائی

پنڈت جواہر لال نہرو رہا کر دیے گئے

پنڈت موتی لال نہرو کی تشویشناک حالت

گاندھی جی کی رہائی پر جلسہ اور احتجاجی جلسہ

پنڈت موتی لال نہرو کی شدید علالت

ڈاکٹر انصاری صاحب کی آمد

بمبئی میں یوم آزادی کس طرح منایا گیا

یرودا جیل سے گاندھی جی کی رہائی

لکھنؤ کی ورکنگ کمیٹی خلاف قانون قرار دی گئی

مسٹر سریلوی ایڈیٹر بمبئی کرانیکل کی رہائی

پہلی فتح

تحفظات اور ان کی دو قسمیں

حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کی رہائی

گجرات میں احکام کا انتظار کیا جا رہا ہے

دہلی ۲۶ جنوری - آج دوپہر کے بعد حضرت ناظم جمعیۃ علماء ہند کی جانب سے حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب اسیر فرنگ کو گجرات جیل مندرجہ ذیل تار دیا گیا۔

"آپ اور ڈاکٹر انصاری صاحب گجرات سے کب روانہ ہوں گے"۔

شام کو پانچ بجکر پانچ منٹ پر مفتی صاحب قبلہ کی جانب سے مندرجہ ذیل جواب موصول ہوا "ابھی تک ہماری رہائی کا کوئی حکم موصول نہیں ہوا ہے"۔

ہندوستان کے طول و عرض میں اضطراب

جمعیۃ علمائے ہند کے خلاف حملہ کرنے والوں پر اظہار ملامت

کلکتہ میں یوم آزادی کا جشن

پولیس کمشنر نے تمام جلسے اور جلوسوں کو ممنوع قرار دیدیا

یوم آزادی کے سلسلہ میں متعدد گرفتاریاں

گورنر پنجاب پر حملہ کرنے والے ملزمین

ضلع مونگیر کے مسلمانوں کا اعلان

غیر معروف اشخاص کی حرکات پر نفرت کا اظہار

ضلع ... میں مسلمانوں کا اجتماع عظیم

مسلمانان میرٹھ کا جلسہ عام

گاندھی جی کی رہائی پر لوگوں میں چہ میگوئیاں

کلکتہ میں مسٹر سبھاش چندر بوس کی گرفتاری

مسلمانوں کے ایک مجمع پر پولیس کے فائر

ایک مسلمان شہید اور پچاس زخمی

تین سو مسلمانوں کی گرفتاری

مظلومین پشاور کی امانت

ویرگاؤں میں ناجائز نمک کی دوکان

کلکتہ یوروپین ایسوسی ایشن کی مخاصمت

وزیر اعظم کا بیان ناقابل تسلیم ہے

تشدد کے مجرموں کو بھی رہا کیا جائے

سبھاش چندر بوس کا اعلان

لیڈروں کی رہائی پر راسوامی آئنگر کا تبصرہ

ناگپور میں ... کی گرفتاری

ایوان تجارت ہند کا مبارک اقدام

غیر ملکی مال کے بائیکاٹ کی تجویز منظور کر لی گئی

حکومت پنجاب نے اپنا حکم واپس لے لیا

قیدی بندوق لیکر فرار ہوگئے

افغانی خاندان کی فاقہ کشی

کالی کے جھٹ ... ہلاکت

سرائیلمنٹی کی گھیم پور کو روانگی

کانگریس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس

پنڈت موتی لال نہرو کے نام مسٹر شاستری کا برقی تار

ہماری آمد تک مجلس عاملہ کے فیصلہ کو محفوظ رکھئے

الہ آباد ۲۳ جنوری۔ کانگریس کی ورکنگ کمیٹی کے اجلاس منعقدہ الہ آباد میں متفقہ طور پر ہندوستان کی صورت حالات پر ایک تجویز منظور ہو چکی تھی کہ ذیل کا برقی تار مسٹر شاستری مسٹر جیکر اور سر تیج بہادر سپرو کی جانب سے پنڈت موتی لال نہرو کو موصول ہوا۔

"ہم کل روانہ ہوں گے۔ جب تک ہم نہ پہنچ جائیں اس وقت تک فیصلہ کو ملتوی رکھئے۔"

کانگریس کی مجلس عاملہ نے اس برقی تار پر غور کرکے ذیل کا جواب ارسال کیا ہے:

"آپ کا برقی تار اس وقت پہنچا جب کہ مجلس عاملہ عام صورت حالات کے متعلق ایک متفقہ تجویز منظور کر چکی تھی۔ آپ کی خواہش کے مطابق مجلس عاملہ کی تجویز آپ کی ملاقات سے پہلے شایع نہیں کی جائیگی اس عرصہ میں کانگریس کے پروگرام پر عمل کیا جاتا رہے گا۔"

چنانچہ کانگریس کی مجلس عاملہ کی تجویز اس وقت تک شایع نہ ہوگی جب تک مسٹر شاستری، جیکر اور سر تیج بہادر سپرو کو ان کی خواہش کے مطابق موقعہ نہ دیا جائے۔ ذیل میں ان تجاویز میں سے صرف ایک منظور شدہ تجویز درج کی جاتی ہے۔ جس کا روکنا بھی ضروری نہیں ہے:

"انڈین نیشنل کانگریس کمیٹی کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس مولانا محمد علی کی وفات کو ہندوستان کا نقصان عظیم تصور کرتا ہے مولانا کانگریس کے سابق صدر تھے جن کی بے نظیر عالی ہمتی۔ اعلیٰ حب وطنی۔ ایثار اور حیات بخش شخصیت قوم اور کانگریس کے لئے بیش قیمت تھی۔ مزید تجویز منظور ہوئی کہ اس تجویز کی ایک کاپی بیگم صاحبہ مولانا محمد علی اور مولانا شوکت علی کی خدمت میں رسال"

محبوب عاشق کے قدموں پر

دیکھئے لوگ کیا کہتے ہیں

[illegible]

پتہ — کفشل شاہ عالم ایجنسی نمبر ۴۵ دہلی

برص سفید داغ ایکدن میں جڑ سے آرام

اگر ہماری جڑی بوٹیوں کے صرف تین بار لیپ کرنے سے سفید داغ بالکل جاتے رہیں تو علاوہ بیان آنے پر پوری قیمت واپس اگر اعتبار نہ ہو تو ایک آنہ کا ٹکٹ بھیجکر شہادتوں کی نقل منگوا کر ملاحظہ فرمائیے قیمت فی شیشی تین روپیہ۔ تراڈ پہ پانچ روپے آٹھ آنے

پیتہ — مینیجر دفتر معالج برص نمبر ۱ دربھنگہ (بہار)

بے روزگاروں کو مژدہ

[illegible]

برائیس ایم ایم المبیڈ بمبئی فورٹ

روزنامہ الجمعیۃ

تمام ہندوستان کے مسلمانوں کی سب سے بڑی مذہبی جماعت جمعیۃ علمائے ہند کا واحد ترجمان الجمعیۃ دار الحکومت ہند دہلی سے نہایت آب و تاب کے ساتھ شایع ہو رہا ہے۔ اس اخبار کی خصوصیات حسب ذیل ہیں:۔

(۱) ہندوستان اور بیرون ہند کی خبروں کا خاص اہتمام کیا گیا ہے ایسوسی ایٹیڈ پریس کی تمام خبریں، رائٹر کے تار، انگریزی اخبارات کے اہم نامہ نگاروں کی اطلاعات اور دیگر ذرائع سے خبریں فراہم کی جاتی ہیں۔

(۲) گول میز کانفرنس کی طویل کارروائیاں، دنیائے اسلام کے انقلابات، فلسطین کے حالات، اعلیٰ اخبارات کے تراجم، دلچسپ معلومات تاریخی مضامین، حوادث و احکام، معاصرین کے افکار و آراء اور عام مباحث پر مخصوص مقالات شایع کئے جاتے ہیں۔

(۳) مسائل حاضرہ پر مقالات مدیری میں بصیرت افروز تبصرے کئے جاتے ہیں اور وقت کی ضروریات کے متعلق مسلمانان ہند کی سیاسی و مذہبی رہنمائی کی جاتی ہے اور ان کو صحیح رائے قائم کرنے میں امداد پہنچائی جاتی ہے۔

(۴) ہر انگریزی مہینہ کی یکم۔ ۵۔ ۹۔ ۱۳۔ ۱۶۔ ۲۰۔ ۲۴۔ ۲۸ تاریخوں پر ۲۲×۲۹ سائز کے آٹھ صفحات کا سہ روزہ ایڈیشن شایع کیا جاتا ہے اور ان کے علاوہ دیگر تاریخوں میں ۲۰×۲۹ کے چار صفحات کا روزانہ ایڈیشن شایع ہوتا ہے۔ یہ دونوں ایڈیشن قارئین الجمعیۃ کو تمام اخبارات سے بے نیاز کر دیتے ہیں اور پڑھنے کے لئے بہت کافی مواد بہم پہنچاتے ہیں۔ الجمعیۃ کے دونوں ایڈیشنوں کی مجموعی قیمت حسب ذیل ہے:۔ سہ ماہی للعہ۔ ششماہی [illegible]۔ سالانہ [illegible]

صرف سہ روزہ ایڈیشن منگانے والوں سے حسب ذیل قیمت لی جاتی ہے۔ سہ ماہی [illegible]۔ ششماہی [illegible]۔ سالانہ [illegible]

اور صرف روزانہ ایڈیشن کے خریداروں سے سہ ماہی [illegible]۔ ششماہی [illegible]۔ سالانہ [illegible] لئے جاتے ہیں۔ نمونہ مفت بھیجا جاتا ہے۔ خط و کتابت کا پتہ حسب ذیل ہے۔

(مینیجر الجمعیۃ دہلی)

چار شادیوں کا لطف

تازہ تصدیقات

برادران وطن! آپ کو جھوٹے اور معمولی حکیموں کی جعلسازیوں سے محفوظ رکھنے کیلئے مطلع کیا جاتا ہے کہ کمیاوی کمپنی

[illegible]

کیمیاوی کمپنی پوسٹ بکس نمبر ۱ دہلی

ضروری اطلاع

بجائے کارخانہ مشین سیویاں قادیان (پنجاب) کے اب ہمارا پتہ ہندوستانی ایجاد گھر دہلی

ہمارا قدیمی کارخانہ مشین سیویاں جو قادیان میں تھا خلیفہ قادیان نے آگ لگوا کر تباہ و برباد کر دیا۔ مال و اسباب لوٹا گیا۔ مالکان و عملہ پر انتہائی مظالم ڈھا کر انکو جلاوطن کیا گیا۔ حاجی محمد حسین کو ضمانت بے رحمی سے شہید کر دیا گیا۔ قاتلانہ حملے ہوئے جن کی تفصیل اخبار مباہلہ امرتسر سے معلوم ہو سکتی ہے اسلئے خریدار اصحاب آئندہ ہمارا دہلی کا پتہ یاد رکھیں

نقالوں سے خبردار رہیں

نو ایجاد مشین سیویاں ہماری ایجاد ہے جو ہمارے مشہور و معروف قدیمی کارخانہ میں تیار کی جاتی ہے ہماری شہرت کو دیکھکر بعض نقالوں نے ردی و ناقص مال سستے داموں فروخت کرنا شروع کر دیا ہے

خصوصاً قادیانی فرقہ کے لوگ ہمارے اسلامی کارخانہ کو تباہ و برباد کرنے کیلئے ایڑی سے چوٹی تک زور لگا رہے ہیں

خریدار اصحاب نقلی مال سے بچیں اصلی و اعلیٰ مال کیلئے ہمارا پتہ یاد رکھیں جو ہماری ہر مشین پر کندہ ہوتا ہے

تحفہ عید مبارک

خلاف تحریر ہو تو قیمت واپس

ہمارے کارخانہ قائم شدہ ۱۹۱۴ء کی تیار کردہ مقبول عام پیتل کی خوبصورت پالش شدہ منٹوں میں سیروں نفیس ولذیذ روالی سویاں تیار کرنے والی

نو ایجاد مشین سویاں

قیمت فی مشین پیتل پالش شدہ [illegible] علاوہ محصول ڈاک

ملنے کا پتہ: ہندوستانی ایجاد گھر دہلی

چار روپے بارہ آنہ میں دس گھڑیاں اور ساتھ چیزیں



[illegible]

گریٹ سویسٹر لینڈ واچ کمپنی بڑا بازار کلکتہ

[illegible]

زنگ فیم کمپنی نئی سڑک نمبر ۳۱ دہلی

تین روپیہ میں تین گھڑیاں اور ۹۰ تصویریں مفت انعام

[illegible]

ریل واچ کمپنی ہاٹ کھولا کلکتہ

حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب سے ملاقات

مولانا محمد علی کے سانحہ وفات سے متاثر

[illegible] آج حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند سے [illegible] حضرت مولانا احمد علی صاحب ناظم انجمن خدام [illegible] سید محمد شفیع صاحب [illegible] حضرت مفتی صاحب قبلہ کی ذات گرامی اگرچہ نہایت ضعیف [illegible] مولانا محمد علی مرحوم کے حادثہ ارتحال کا آپ پر خاص اثر [illegible] ایک گھنٹہ تک گفتگو جاری رہی اس کے بعد ملاقات کا وقت ختم ہو جانے سے سب حضرات نہایت ناخواستہ رخصت ہوئے۔

گورنر پنجاب پر حملہ کا مقدمہ

ملزم کا ارادہ گورنر کو قتل کرنے کا نہیں تھا

عدالت میں مسٹر آصف علی کی چھ گھنٹہ تک تقریر

لاہور ۱۴ جنوری۔ آج گورنر پنجاب پر حملہ کے مقدمہ میں نو عمر گواہوں اور مسٹر [illegible] دلائل کی سماعت ہوئی۔ مسٹر آصف علی وکیل [illegible] عدالت میں دس بجے سے چار [illegible] ان کا ارادہ گورنر کو قتل کرنے کا نہیں تھا۔

[illegible]

چارسدہ کے تین درجن رضاکاروں کو سزائیں

بدیسی کپڑا فروشوں نے پھر دکانیں کھولدیں

پشاور ۱۳ جنوری۔ چارسدہ کے [illegible] رضاکاروں کو جو پکٹنگ کے سلسلہ میں گرفتار ہوئے تھے [illegible] دفعہ ۱۷ الف ترمیم ضابطہ فوجداری کے ماتحت تین ماہ تک کی قید [illegible] اور ۱۵ [illegible] چھ رضاکاروں کو تنبیہ کے بعد چھوڑ دیا۔ چارسدہ [illegible] کے بدیسی کپڑا فروشوں نے آج اپنی دکانیں کھولدیں۔ (ا۔پ)

مسٹر کرٹس کے قتل کا مقدمہ

ملزم سشن سپرد کر دیا گیا

[illegible] جنوری۔ مسٹر کرٹس کے قتل کا مقدمہ آج پیش ہوا [illegible] میڈیکل ہسپتال نے بیان کیا کہ مسٹر کرٹس [illegible] مسٹر کرٹس کے جسم پر نو زخم آئے تھے اور وہ انہیں زخموں کے باعث فوت ہوئے تھے۔ مسٹر [illegible] مجسٹریٹ نے ملزم کو سشن سپرد کر دیا۔ (ا۔پ)

جیلوں میں سیاسی قیدیوں کی وفات

اسمبلی کے اجلاس میں عجیب و غریب [illegible]

[illegible]

مولانا محمد علی مرحوم کا تابوت [illegible]

[illegible]

[illegible] قانونی حرکات

[illegible]

مجلس تحفظ [illegible] کا اجلاس

[illegible]

رعایت کا مبارک مہینہ



[illegible]

برکات رمضان

[illegible]

رمضان مبارک [illegible] اعلان



[illegible]

[illegible] پیر [illegible]

[illegible]

مینیجر [illegible]



[illegible]

رمضان شریف [illegible]

[illegible] کلکتہ

تارکاپتہ الجمعیۃ دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۲۶۵

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

یداللہ علی الجماعۃ

سہ روزہ

الجمعیۃ دہلی

ایڈیٹر
ہلال احمد زبیری بی۔ اے

رجسٹرڈ نمبر ایل ۷۹۲

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ
ایک کالم
کالم

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ مفت
فی پرچہ ایک آنہ

جلد ۱۳ | دہلی یوم یکشنبہ ۱۲ رمضان المبارک ۱۳۴۹ ہجری۔ مطابق یکم فروری ۱۹۳۱ عیسوی | نمبر ۷

جنگ کے خلاف جنگ

خونریزی کے انسداد کا جدید طریقہ

تمام دنیا میں پُر امن مہم کا آغاز

(ترجمہ خصوصی)

پروفیسر البرٹ آئنسٹن ایک مضمون میں فرماتے ہیں کہ دنیا ایک عظیم الشان جنگ کی تیاری کر رہی ہے تاکہ اس جنگ کے ذریعہ دنیا کی آئندہ جنگوں کا خاتمہ ہو جائے کیونکہ یہ جنگ تاریخ عالم میں سب سے زیادہ خوفناک اور بین الاقوامی تنازعات کا ...

... کردیں اور ان کو بتا دیں کہ جنگ اخلاقی تباہی کا دوسرا نام ہے۔ صلح پسندوں کا فرض ہے کہ وہ اپنے ابنائے جنس کو اس وحشیانہ فعل (یعنی جنگ) سے دست کش ... غلامی کی زنجیروں سے آزاد کریں ...

دنیا کو جنگ سے کس طرح روکا جا سکتا ہے؟

آپ دریافت کریں گے کہ دنیا کو جنگ سے کس طرح روکا جا سکتا ہے اور انسان اس وحشیانہ اور بربری فعل سے کس طرح محترز رہ سکتا ہے؟

میں جواب میں آپ کے سامنے دو طریقے پیش کرنا چاہتا ہوں۔ پہلا طریقہ یہ ہے کہ عوام الناس جنگی خدمات قبول کرنے سے صاف طور پر انکار کردیں خواہ صورت حال کچھ بھی ہو اور خواہ بانیان جنگ کسی قسم کی مدت ان کے سامنے پیش کریں لیکن وہ اس کو قبول کرنے سے بالکل انکار کردیں۔ اس طریقہ کی آزمائش ہو چکی ہے اور تجربہ سے معلوم ہوا ہے کہ یہ طریقہ جنگ کو روک سکتا ہے ...

جنگ کو روکنے کا دوسرا طریقہ

...

معاصرین کے افکار و آراء

محمد علی کس کے تھے؟ (پیام)

باطل نے اپنی دوکان ہمیشہ حق کے نام سے لگائی ہے اور اسے اصحاب حق کے مجسموں سے آراستہ کیا ہے۔ دنیا میں صدیوں گمراہی حضرت ابراہیم خلیل اللہ کا نام لیکر پھیلائی گئی ہے کہ وہ ابوالانبیاء اور لسان صدق فی العالمین تھے حتیٰ کہ عرب بت پرستوں نے بھی انہی کے ناموں پر اپنے باطل کو چمکایا، حالانکہ خلیل اللہ سب سے بڑے بت شکن تھے۔

حضرت ابراہیم کے نام ہوا کام باطل پرستوں کی تدلیس اللہ تعالیٰ نے اس طرح بے نقاب کردی ہے کہ فرمایا وما کان ابراہیم یہودیا ولا نصرانیا ولکن کان حنیفا مسلما وما کان من المشرکین۔ یعنی گمراہ یہودیوں عیسائیوں اور مشرکوں کو حضرت ابراہیم پر فخر کرنے اور اپنے آپ کو ان کی طرف منسوب کرنے کا کوئی حق نہیں، کیونکہ وہ نہ یہودی تھے، نہ عیسائی، نہ مشرک بلکہ سب سے کٹ کر صرف اللہ کے فرمانبردار تھے۔

...

اسی طرح کراچی میں بھی ولایتی گندم ارزاں فروخت ہو رہا ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ گندم کی ارزانی اور گرانی سے قوموں کے درمیان ایک تجارتی جنگ کا سلسلہ شروع ہو جائے گا۔ بیوپاریوں کو یقین ہے کہ پنجاب اور بہار ... ولایتی گندم کا تجارتی مقابلہ ہوگا۔ اور انہیں دنوں میں اس کا نرخ ارزاں ہو جائیگا۔

کھدر اور سودیشی (رہنما)

ہم متعدد بار لکھ چکے ہیں اور اس پر ہمیں کانگریس کی کھدر کی تحریک کو کانگریس کے دشمنوں نے سودیشی کے ذریعہ سے کس طرح ...

سچ تو یہ ہے راز ہستی آرزوئے دل میں ہے

(از حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب ... ناظم ... جمعیۃ علمائے ہند)

قیس کا دعویٰ ہے لیلیٰ صرف اسی کے دل میں ہے
لوگ کہتے ہیں نہیں وہ پردۂ محمل میں ہے

رازِ الفت ہے کہاں؟ مستور میرے دل میں ہے
سب کو دھوکہ ہے کہ بے پردہ کسی محفل میں ہے

دل نشیں وہ کیا ہوئے اسرار سارے کھل گئے
میرے دل کی بات کا چرچا ہر اک محفل میں ہے

ارتباطِ چشم و دل کا نام رکھا حسن و عشق
حسن ہے چتون میں ان کی عشق میرے دل میں ہے

کفر ہے شرعِ محبت میں وفا سے انحراف
استقامت کی مسرت قبضۂ قاتل میں ہے

کیوں نہ تڑپے روح قالب میں شہادت کیلئے
کس ادا سے؟ دیکھنا! خنجر کفِ قاتل میں ہے

آرزو کیا دل سے نکلی دل ہی مردہ ہو گیا
سچ تو یہ ہے راز ہستی آرزوئے دل میں ہے

دیکھنے والے تماشہ خود تماشا ہو گئے
آخری ہچکی کا کیا جادو دمِ بسمل میں ہے

پاس ناموسِ محبت خواہشِ دیدارِ دوست
جمع ہیں بالیں پہ میری جان کس مشکل میں ہے

جو مرا ہمراز تھا آخر وہی نکلا رقیب
بیوفائی! سچ بتا کس کس کے آب و گل میں ہے

با عزیمت جو ہیں ہم آغوش مقصد ہیں ذکا
تو ابھی تک مبتلا اندیشۂ منزل میں ہے

نینی تال جیل ۔ ۹ نومبر ۱۹۳۰ء

گندم کی ارزانی

...

مشہور عالم زود اثر تازہ طبی ایجاد

آپریشن یا نشتر کی زحمت نہ اٹھائیے

فوطہ یعنی بیضہ بڑھ جانے اور آنت اتر آنے کی اکسیر دوا

...

ہمدرد دواخانہ متھرا (یو پی)

آزمائی ہوئی مشرطیہ علاج ... بیریر ناسٹور کمپنی سمری۔ دربھنگہ ۵۲

ٹیلیفون نمبر ۵۱۰۹

ضرورت ہے

ایمپائر آف انڈیا انشورنس کمپنی کو

دہلی سنٹرل انڈیا اور راجپوتانہ کے لئے لائق اور بارسوخ ایجنٹوں کی ضرورت ہے معاوضہ نہایت معقول دیا جائے گا۔ مفصل حالات کے لئے حسب ذیل پتہ پر دریافت کریں:

قاضی فضل عظیم اسپیشل ریپریزنٹیٹو اینڈ آرگنائزر شریف ہوٹل فتحپوری۔ دہلی

اشتہار عدالت

... بایں مضمون کہ ہرگاہ مدعی نے تمہارے نام ایک نالش بابت ... روپے ... دائر کی ہے لہٰذا تم کو حکم ہوتا ہے کہ تم بتاریخ ... ماہ جنوری ۱۹۳۱ء بوقت ۱۰ بجے دن کے اصالتاً یا معرفت وکیل کے جو مقدمہ کے حالات سے بخوبی واقف کیا گیا ہو اور جو کل امور اہم متعلقہ مقدمہ کا جواب دے سکے یا جس کے ساتھ کوئی اور شخص ہو کہ جواب ان سب سوالات کا دے سکے حاضر ہو اور جواب دعویٰ کی کرو۔ اور ہرگاہ وہی تاریخ جو تمہارے احضار کے لئے مقرر ہے واسطے انفصال قطعی مقدمہ کے تجویز ہوئی ہے پس تم کو لازم ہے کہ اسی روز اپنے جملہ گواہوں کو جن کی شہادت پر نیز تمام دستاویزات جن پر کہ تم جوابدہی کی تائید میں استدلال کرنا چاہتے ہو اسی روز پیش کرو۔ تم کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اگر بروز مذکور تم حاضر نہ ہوئے تو مقدمہ بغیر حاضری تمہارے مسموع اور فیصل ہوگا۔ بثبت میرے دستخط اور مہر عدالت کے آج بتاریخ ۱۰ ماہ جنوری ۱۹۳۱ء جاری کیا گیا۔

(دستخط حاکم بحروف انگریزی) (مہر عدالت)

اطلاع

(۱) اگر تم کو یہ اندیشہ ہو کہ تمہارے گواہ اپنی مرضی سے حاضر نہ ہوں گے تو عدالت ہذا سے سمن بایں مراد جاری کرا سکتے ہو کہ جو گواہ نہ حاضر ہو وہ جبراً حاضر کر دیا جائے بشرطیکہ تم خرچہ ضروری عدالت میں داخل کرکے اس امر کی درخواست گذرانو۔

(۲) اگر تم مطالبہ مدعی کو تسلیم کرتے ہو تو تم کو لازم ہے کہ روپیہ مع خرچہ نالش عدالت میں داخل کرو۔ تاکہ کارروائی اجراء ڈگری جو تمہاری ذات یا مال یا دونوں پر ہو کرنا نہ پڑے۔

لاثانی قرآن مجید معریٰ بہت خوشخط اور سستا

...

احمد علی خاں ۲۲۹ کوچہ تاراچند۔ دہلی

بیکاروں کیلئے سنہری موقع

تمام ہندوستان میں اس سے بہتر کوئی اور کالج نہیں ہے۔

اس کالج میں موٹر ڈرائیوری فٹری کا کام دو ماہ میں سکھایا جاتا ہے جس کی فیس مبلغ ۵۰ روپیہ لی جاتی ہے غریبوں کے لئے خاص رعایت ہے مفصل حالات معلوم کرنے کے لئے پراسپکٹس مفت طلب کیجئے۔ پردیسی طلباء کے لئے بورڈنگ ہاؤس کا انتظام بھی ہے۔

دی کیپٹل پریکٹیکل موٹر ٹریننگ کالج

بازار مچھلی والان متصل جامع مسجد۔ دہلی

مکتبہ علمیہ کے گرانمایہ تحفے

تاریخ القرآن — یہ رسالہ قرآن مجید اور ترتیب کی پوری تاریخ ہے ... عمدہ ہر مسلمان کو چاہئے کہ اس کا مطالعہ کرے۔ قیمت صرف ایک روپیہ ...

لسان العارفین — یہ تصوف و معرفت کا بے بہا گنجینہ ہے ...

تفسیر مظہری — اس تفسیر کی جس قدر تعریف و توصیف کی جائے کم ہے کیونکہ حضرت مولانا عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی قدس سرہ اس تفسیر کو بہت قدر فرمایا کرتے تھے ہم اس وقت تک اسکا پہلا پارہ مکمل اور دوسرا نصف ہم پہنچا سکے ہیں ... جلد فرمائش کیجئے ...

تعلیم الاسلام — یہ بچوں کی ابتدائی تعلیم اسلام کا ایک سلسلہ ہے جو کہ علامہ دہر حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند نے بچوں کی فطرت اور ان کے دماغی قابلیت کو خاص طور پر ملحوظ رکھتے ہوئے تالیف فرمایا ہے ...

ملنے کا پتہ
مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

رمضان المبارک کے لئے سالانہ رعایتی اعلان



سحری اور افطار کے اوقات کی پابندی ... ہماری فرم کی ... خواجہ حسن نظامی مدظلہ ...

المشتہر: ایڈورٹائزنگ منیجر اسلامیہ واچ کمپنی صدر بازار۔ میرٹھ (یو۔ پی)

دی رائل ڈینٹل ہومیو پیتھک انسٹی ٹیوٹ دہلی

... پراسپکٹس مفت طلب فرمایئے ...

آباد دائم باد امپیریل کالج

...

منیجر امپیریل موٹر ٹریننگ کالج دہلی

مفت

اگر آپ معلوم کرنا چاہتے ہیں ...

مفت طلب کیجئے

منیجر عنبرین فارمیسی مقام جلال آباد ضلع مظفرنگر

سفید بال ... میں ... نکالا

...

لوٹو لوٹو لوٹو

پان میں ذرا سا پان میں ڈال کر کھا لینے سے پان مزیدار اور ذائقہ دار بن جاتا ہے ... قیمت فی شیشی ... انعام ... پانچ سال کی گارنٹی ... مفت جاتی ہے۔

لندن واچ کمپنی ہٹ کھولہ کلکتہ

تاسیس جمعیۃ علمائے ہند کی صحیح تاریخ

آج کل اخبارات میں جمعیۃ علمائے ہند کی تاسیس کا ذکر خیر اکثر لوگوں کے بیان و مقالات میں بار بار آ رہا ہے لیکن افسوس ہے کہ لوگ اس کی تاریخ کو غلط بیان کر رہے ہیں۔ اسلئے ضرورت محسوس ہوئی کہ اس کی تاسیس کی صحیح تاریخ پھر شائع کر دی جائے تاکہ آئندہ کوئی مورخ آج کل کے مضمون نگاروں کی غلط نگاری کا شکار نہ ہو۔

جمعیۃ علمائے ہند کی تاسیس آخر نومبر ۱۹۱۹ء میں بمقام دہلی میں ہوئی اور اس کے تاسیسی جلسہ میں حضرات ذیل شریک ہوئے۔

حضرت مولانا عبدالباری صاحب فرنگی محلی، حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب، حضرت مولانا تاج محمود صاحب سندھی، حضرت مولانا سلامت اللہ صاحب …

عالم اسلامی

(تراجم خصوصی)

حجاز مقدس میں جدید سڑکوں کی تعمیر

خلیج فارس سے جدہ تک موٹروں کی آمد و رفت

۱۹۳۲ء میں حکومت حجاز نے جدہ سے مکہ مکرمہ کو ایک بڑی اور وسیع سڑک نکالنے کے لئے تیس ہزار پونڈ صرف کئے تھے اس رقم میں سے سڑک کو مضبوط کرنے کے لئے بھی ترکیبیں کی گئیں اور پانی کے پائپ اور دیگر ضروری سامان بھی اسی رقم سے مہیا کئے گئے۔ ماہرین اور قابل انجینئروں کا خیال ہے کہ حجاز جیسے ریتیلے ملک میں اس سڑک کی …

…

جدہ اور مکہ کی سڑک کی طرح ایک تیسرا راستہ بھی ہے جو براستہ رابغ اور ینبوع النخل جدہ سے مدینہ طیبہ کو جاتا ہے جس کا طول (۲۵۰) میل ہے۔ حجاز کی بقیہ سڑکوں پر صرف اونٹوں کے ذریعہ آمد و رفت ہو سکتی ہے جن پر موٹروں کی آمد و رفت نہیں ہو سکتی۔ سڑکوں کے خراب ہونے کی وجہ سے موٹر دیا غ سے کم کرانے میں تجدید اور زیادتی سے عنقریب جانے میں چار روز صرف ہوتے ہیں۔

فلسطین کے مزارعین کی اقتصادی حالت

مسٹر لینڈ لورٹ کی سفارشات

گزشتہ جولائی کو سکرٹری آف اسٹیٹ نے مسٹر لینڈ لورٹ آئی سی ایس کو فلسطین طلب کیا تھا کہ وہ فلسطین کے مزارعین کی اقتصادی حالت کا معائنہ کریں اور قرضہ امداد باہمی کی مجالس قائم کرکے مجلس انتظامیہ اور جماعت فلاحین اشتراک کی دعوت دیں۔ اب حکومت فلسطین نے مسٹر لینڈ کی رپورٹ …

…

افغانستان میں روسی پروپیگنڈے کی خفیہ ریشہ دوانیاں

گورنر ہرات کی جانب سے حکومت خود مختاری کا اعلان

افغانی حکومت کی انسدادی تدابیر

(ترجمہ خصوصی)

پیر اعظم کے زمانہ سے ہی روسی مدبرین وسط ایشیا میں روسی عمل دخل اور ہندوستان کی فتح کا خواب دیکھتے رہے ہیں، جب سے زار کی حکومت کی جگہ سوویٹ حکومت نے لی ہے اس ارادے کو اور بھی تقویت پہنچ گئی ہے۔ وسط ایشیا میں بالشویک پروپیگنڈا سرعت کے ساتھ ترقی کر رہا ہے۔ اگرچہ یہ پروپیگنڈا ابھی تک افغانستان میں ترقی حاصل نہیں کر سکا لیکن روسی مدبرین کا خیال ہے کہ ہندوستان میں کوئی تحریک شروع کرنے سے قبل یہ ضروری ہے کہ افغانستان …

… کہ صوبوں میں خود مختار حکومت قائم ہونی چاہیے۔ یہ تحریک افغانستان کی تاریخ میں اپنی قسم کی پہلی تحریک ہے۔ افغانستان کی حکومت نے گورنر ہرات کی تجویز قبول کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ اور وزیر اعظم ہاشم خاں صورت حال کا معائنہ کرنے کے لئے ہرات روانہ ہو گئے ہیں۔ سپہ سالار افواج افغانستان شاہ محمود خاں (برادر شاہ نادر خاں) قطغن اور بدخشاں کی طرف روانہ ہو چکے ہیں …

…

اطلاعات مظہر ہیں کہ گورنر ہرات نے اپنے علاقہ میں آزاد حکومت کی بنیاد ڈال دی ہے اگرچہ اس شخص نے اس وقت تک شاہ نادر خاں کی حکومت کو تسلیم کرنے سے انکار نہیں کیا ہے لیکن خیال کیا جاتا ہے کہ وہ اس قسم کا اعلان کرنے والا ہے …

… کیا جا رہا ہے۔ ہم کہہ سکتے ہیں کہ افغانستان میں روسی تحریکات کا مقابلہ شروع کر دیا ہے اور توقع کی جاتی ہے کہ افغانستان میں اس شر انگیز پروپیگنڈا کا جلد خاتمہ ہو جائے گا۔ (اسٹیٹسمین)

روس میں آئندہ جنگ کے لئے زبردست تیاریاں

اشتراکی اداروں کی جانب سے عوام اور بچوں میں پروپیگنڈا

روس میں آج کل آئندہ جنگ کے لئے نہایت سرگرمی سے تیاریاں کی جا رہی ہیں۔ مختلف جماعتیں اپنے آپ کو پوری طرح منظم کرنے کی کوشش کر رہی ہیں تاکہ وقت پر مقابلہ کیا جا سکے۔ روسیوں کا خیال ہے کہ سرمایہ داری اور اشتراکیت دو متضاد چیزیں ہیں اور ان کے درمیان جنگ ہونا لازمی امر ہے۔ اس جنگ کے لئے مادی تیاریوں کے علاوہ زبردست پروپیگنڈا بھی کیا جا رہا ہے۔ عوام میں یہ مشہور ہو گیا ہے کہ سرمایہ دار روسی حکومت پر حملہ کرنے کا قصد کئے ہوئے ہیں اور موقع پاکر فوراً …

…

جنگ کے خلاف جنگ

(بسلسلہ صفحہ اول)

خطرناک کام کرنا چاہیے خواہ یہ کام اپنے ملک کے لئے کیا جائے۔ بین الاقوامی مفادات کو پیش نظر رکھ کر کیا جائے۔ تاکہ یہ معلوم ہو جائے کہ اس ملک نے جنگ کی جو مخالفت کی تھی وہ خود غرضی یا بزدلی پر مبنی نہیں تھی۔

میں یقین کرتا ہوں کہ اگر میرے مجوزہ پروگرام پر عمل کیا گیا تو خوشگوار بین الاقوامی تعلقات پیدا ہو جائیں گے۔

بلجیم ہندوستان کے نقش قدم پر

…

سنہری مسجد میں حضرت مولانا احمد سعید صاحب کی تقریر

مولانا محمد علی کی زندگی پر ایک بصیرت افروز تبصرہ

"محمد علی ہمارا تھا اور ہم محمد علی کے ہیں"

حضرت … اعلان کیا گیا تھا کہ آج قرآن شریف ختم ہونے کے بعد مولانا محمد علی اور … کے لئے دعائے مغفرت کی جائے گی۔ اس وقت … مولانا محمد علی صاحب کے متعلق مولانا عبدالعلیم صاحب نے جو کچھ فرمایا ہے … اگرچہ مولانا محمد علی کی زندگی اور ان کی خدمات کے اعتبار سے وہ بہت کم ہے …

بر عکس ثابت ہوئی … ہندوستان … کسی دوسری جگہ … ہندوستان کی غلامی کے بعد … نے ہم کو یہ بتایا کہ ہم صرف غلام ہی نہیں بنائے گئے بلکہ ہم دنیا کے لئے غلام ساز اور غلام گر مقرر کئے گئے …

…

عراق عرب میں بادشاہوں کے مقابر کی کھدائی

حضرت نوح سے قبل کے آثار قدیمہ

برطانوی میوزیم اور نیویارک کے میوزیم کی مشترکہ جماعت نے میڈیو تالڈ دولے کے زیر سرکردگی عراق عرب میں بادشاہوں کے مقبرے کھود نکالے ہیں جو کلدانیوں کے شہر اُر میں آج سے چار ہزار سال قبل حکمرانی کیا کرتے تھے۔

یہ دریافت اپنی حقیقت کے لحاظ سے سابقہ انکشافات سے زیادہ اہم ہے … اس زمانہ سے جبکہ … مصر میں حکومت کرتا تھا۔ ایک ہزار سال قبل کے زمانے سے متعلق ہے غالباً حضرت ابراہیم کے زمانہ کے قریب قریب یعنی حضرت موسیٰ سے بہت پہلے۔

…

… در حضرت ابراہیم کے وقت میں اسیر سرکاری عمارتیں ہوتی تھیں۔ ان دنوں دریائے فرات شہر کی دیواروں کے نیچے بہتا تھا۔ بلکہ عام طور پر خیال کیا جا رہا ہے کہ شہر اُر کی آبادی دریا کے دونوں طرف تھی۔ اور اس میں … کی طرف رہتی تھیں۔

مصر میں ایک نئی جماعت

مصر اور انگلستان کے تعلقات پر صدقی پاشا کا اظہار خیال

مصر کی "حزب الشعب" جماعت نے مصری سیاسیات میں نہایت کامیابی کے ساتھ قدم اٹھایا ہے۔ اس جماعت کا اصلی نام "حزب الاصلاح" تھا مگر اس کو اس وجہ سے ترک کر دیا گیا کہ ایک مشہور مرحوم شیخ علی یوسف کی جماعت کا بھی یہی نام ہے۔ شیخ علی یوسف کی جماعت کا مقصد خدیوی حکومت کی تائید … کی مخالفت ہے۔ حزب الشعب کی صدارت کرتے ہوئے صدقی پاشا نے جو تقریر کی ہے اس کو تمام جماعتوں نے پسند کیا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ انگلستان کے ساتھ …

…

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یکم فروری ۱۹۳۱ء

ہندوستان کا آئندہ دستور اساسی

"ذمہ داری اور تحفظات"

(۲)

فیصلے ناقابل قبول ہیں

وزیر اعظم کا اعلان

الہ آباد میں رہنمایان ملک کا عظیم الشان اجتماع

وزیر اعظم کے اعلان کو قبول کرنے کے لئے کانگریس کی مشکلات

کیا حکومت کا پیشکش مسترد کر دیا جائیگا؟

الہ آباد ۲۹ جنوری۔ مدراسی لیڈروں کے علاوہ جملہ سربرآوردہ کانگریسی لیڈر الہ آباد پہنچ گئے ہیں۔ جو اصحاب اس وقت یہاں پہنچ چکے ہیں ان میں گاندھی جی، مسٹر ایڈوسردار جھوبھائی پٹیل، ڈاکٹر مختار احمد انصاری، پنڈت مدن موہن مالویہ، مولانا ابوالکلام آزاد، بابو راجندر پرشاد، مسٹر اور مسز سین گپتا، ڈاکٹر بی۔ سی۔ رائے، مسٹر دیا دیو دیسائی، سیٹھ جمنا لال بجاج، مسٹر منرا اس نریمن، مسٹر شنکر لال بنکر، پنڈت گوبند بلبھ پنت، مسٹر چودھری، چودھری خلیق الزماں اور مسٹر شعیب قریشی شامل ہیں۔ پنڈت موتی لال نہرو کی علالت کے باعث مجلس عاملہ کے باضابطہ اجلاس غالباً کل تک منعقد نہ ہو سکیگا

آل انڈیا کانگریس ورکنگ کمیٹی کا ایک اہم اجلاس

جملہ اراکین کی شرکت کا امکان

الہ آباد ۔ ۳۰ جنوری معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ آل انڈیا کانگریس ورکنگ کمیٹی کا ایک اہم اجلاس ۳۱ جنوری یوم شنبہ کو سوراج بھون میں منعقد ہوگا۔ اس اجلاس میں وزیر اعظم کے اعلان اور حکومت کے پیشکش پر غور و خوض کیا جائیگا۔

کانگریس ورکنگ کمیٹی کے مذکورہ اجلاس میں وہ اراکین بھی شریک ہوں گے جو مستقل اراکین کی گرفتاری کے بعد وقتاً فوقتاً نامزد کئے گئے تھے۔ چنانچہ معلوم ہوا ہے کہ پنڈت جواہر لال نہرو نے جملہ اراکین کو اس اجلاس میں شرکت کرنے کے لئے بذریعہ تار دعوت دی ہے۔ ورکنگ کمیٹی کے خلاف قانون ہونے کے بعد یہ پہلا اہم اجلاس ہے جو کل الہ آباد میں منعقد ہوگا۔

گول میزی مندوبین کا وائسرائے کے نام لاسلکی پیغام

کانگریسی لیڈروں کی رہائی پر اطمینان قلب کا اظہار

گول میزیوں کا خیر مقدم کی دلچسپی

گول میز کانفرنس کے متعلق [illegible]

حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند کی رہائی

اختلاج قلب کا دورہ

صدر کانگریس کا تار اور اس کا جواب

اسلامی ہند کی سب سے مقدس و محترم جماعت کو ضرر پہنچانے کی کوشش

جمعیۃ العلماء ہند پر حملہ مسلمانوں کی انتہائی بدنصیبی ہے

مسلم اخبارات کا احتجاج

جمعیۃ العلماء کو مٹانے کی ناکام کوشش

مخالفین جمعیۃ العلمائے ہند کے نام

قوم اس حرکت کو برداشت نہیں کر سکتی

ایک شرمناک اقدام

حضرت علامہ مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند کا بیان

"میں حکومت کی پالیسی کو دانشمندانہ حکمت عملی سمجھنے سے قاصر ہوں"

"آرڈیننسوں کے نفاذ اور لاٹھیوں اور گولیوں کی موجودگی میں فضا درست نہیں ہوتی"

آفریدیوں کے حملہ کا شاخسانہ

ایک خان پر غلط الزام کے ماتحت مقدمہ

مجسٹریٹ نے ملزم کو بری کر دیا

رہائی کے بعد گاندھی جی کا اپنے گیارہ نکات پر اصرار

تمام ستیہ گرہیوں کو رہا کیا جائے اور تشدد کو ختم کر دیا جائے

سیاسی قیدیوں کی اکثریت آرڈیننسوں کا شکار ہوئی ہے

پولیس کی لاٹھیوں کے حملہ کے خلاف احتجاج

مدراس کونسل میں تحریک التوائے اجلاس کا نوٹس

گول میز کانفرنس کے اخراجات

غریب ہندوستان کا تقریباً دو لاکھ روپیہ صرف ہو گیا

دہلی ۳۰ جنوری۔ مجلس مقننہ کا جو اجلاس ۲۸ جنوری کو منعقد ہوا تھا کہ اس میں سر جارج اینی نے مسٹر کے سی۔ راؤ کے سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا کہ گول میز کانفرنس کے سلسلہ میں حکومت ہند کا ۱۹۷۰۰۰ روپیہ خرچ ہوا ہے۔ برطانیہ میں جو خرچ ہوا ہے اس کے متعلق حکومت ہند کو کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی ہے۔

پنڈت موتی لال نہرو کی صحت کے متعلق ڈاکٹری اعلان

الہ آباد ۳۰ جنوری پنڈت موتی لال نہرو کی صحت کے متعلق آج صبح اٹینڈنگ ڈاکٹروں نے حسب ذیل بلیٹن شائع کیا ہے:

پنڈت جی نے شب آرام سے گزاری۔ درجہ حرارت قطعی معمولی تھا عام حالت ویسی ہی ہے جیسی کل تھی۔ آج صبح غذا بھی دی گئی ہے۔

اراکین مجلس مقننہ کا وائسرائے کے نام مکتوب

مقامی حکومتوں کو ہدایت کرنے کی ضرورت

ضلع لاہور میں ایک سپاہی کا دردناک قتل
خنجر بھونک کر گولی ماردی

لاہور، ۸ر جنوری۔ ضلع لاہور کے ایک موضع سے ایک سپاہی کی نعش برآمد ہوئی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ سپاہی رات کے وقت گشت کر رہا تھا کہ کسی شخص نے اس پر خنجر سے حملہ کیا اور بعد ازیں سینہ میں گولی ماردی۔ پولیس مصروف تحقیقات ہے۔ اس وقت تک کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی ہے۔

برما میں باغیوں کی سرگرمیاں
قتل اور آتشزدگی کے واقعات جاری ہیں

رنگون، ۸ر جنوری۔ تھراودی ضلع میں قتل کی وارداتیں اور مکانوں کو آگ لگانے کے واقعات کی خبریں برابر موصول ہو رہی ہیں۔ پولیس اور افواج برابر جنگلوں کو گشت کر رہی ہے اور باغیوں کا تعاقب بھی برابر جاری ہے۔ ... باغیوں کی ایک چھوٹی جماعت نے مختلف دیہات میں ڈاکہ ڈالا ہے اور بہت سے مکانوں کو آگ لگا دی ہے۔

گاؤں کے ایک چودھری نے باغیوں کو گرفتار کرانے میں پولیس کی مدد کی تھی جس کی پاداش میں باغیوں نے اس کا مکان جلا دیا۔ ... ایک امریکن مشن اسکول بھی باغیوں نے جلا دیا۔ دیگر مقامات سے بھی اطلاعات موصول ہوئی ہیں ... اب امن و سکون ہو گیا ہے۔ (رو-پ)

برکات رمضان

... رمضان المبارک ... ہر قسم کی کتابوں کے ملنے کا پتہ
مینیجر کتب خانہ دینیات مدرسہ امینیہ دہلی

تازہ تصدیقات

چار شادیوں کا لطف

... لذت شباب کیا ہے سفوف وطلا ...
کیمیاوی دیک کمپنی پوسٹ بکس نمبر ۱۲۹ دہلی

تازہ تصدیقات

نیاز مند محمد محسن خان بقلم خود

رمضان المبارک کا سالانہ رعایتی اعلان



ایک روپیہ کا فائدہ ... جمائل شریف
الارم ٹائم پیس
مقبول عام ٹائم پیس
المشتہر: مینیجر نصیر واچ کمپنی صدر بازار میرٹھ

تین روپیہ میں تین گھڑیاں اور ۲۹ تصویریں مفت انعام

پتہ: رہبر واچ کمپنی ہاٹ کھولا کلکتہ

کیا کوئی دل ہے جس پر آپ قابو چاہتے ہیں
عملیات محبت و تسخیر اور مشکلات ربانی کی خوشخبری

... سید لطف اللہ یوسف بکس نمبر ... دہلی

پورے اسلامی کتب خانہ کی برابر
ایک زبردست اسلامی انسائیکلوپیڈیا
جو سات بڑے اسلامی ضخیم کتابوں کی روح اور جس میں دس ہزار سے زائد دینی اور دنیوی مسائل ہیں

علاج دین و دنیا

اسلامی انسائیکلوپیڈیا میں مندرجہ ذیل ابواب ہیں — کتابت اور طباعت لاجواب — تقطیع شاندار۔ کاغذ اعلیٰ

باب ہشتم	باب ہفتم	باب ششم	باب پنجم	باب چہارم	باب سوم	باب دوم	باب اول
حفظان صحت و علاج	شادی غمی	تمدن و معاشرت	اسلامی حقوق	ذبح و شکار و حلال و حرام	اعمال و وظائف	اسلامی عبادات	اسلامی عقائد

باب نہم ...

پتہ: خواجہ بک ڈپو نمبر ۲۲ جامع مسجد دہلی

لوٹو لوٹو لوٹو



پتہ: لندن واچ کمپنی ہٹ کھولا کلکتہ



نئی گھڑیوں کا جہاز آگیا خریدنے میں جلدی کیجئے
ہر ایک رسٹ واچ ... روپیہ

پتہ: ہزرولی واچ اینڈ کلاک کمپنی ہاٹ کھولا کلکتہ

رعایت کا مبارک مہینہ
جو سال میں ایک ہی بار آتا ہے اس سے ضرور فائدہ اٹھائیے

رمضان المبارک میں سحری کے وقت جگانے والا
الارم ٹائم پیس

حمائل قرآن مجید کی بہت تخفیف
بے روزگاروں کو مژدہ

تحفہ مبارک

مشین موبال
... ایجاد گھر دہلی

چار روپے بارہ آنہ میں دس گھڑیاں اور سب چیزیں

گریٹ ویبرز لینڈ واچ ایجنسی ٹرا بازار کلکتہ

... گاندھی ... گرفتار ...

لکھنؤ ... کی افسوسناک حالت

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ — الجمعیۃ دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۲۶۵

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

الجمعیۃ

سہ روزہ — دہلی
ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر — ہلال احمد زبیری بی۔ اے

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے — سالانہ — ششماہی — سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے — سالانہ — ششماہی
نمونہ — مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار) — نصف صفحہ — ایک کالم

جلد ۱۲ — دہلی یوم پنجشنبہ ۱۶ رمضان المبارک ۱۳۴۹ہجری مطابق ۵ فروری ۱۹۳۱ء — نمبر ۸

معاصرین کے افکار و آراء

مسلمانوں کی کشتی حیات دریائے افتراق کے بھنور میں

نفاق پروری کی لعنت

(منقول از رسالہ مولوی)

یہ کیسا جگر خراش اور اندوہناک نظارہ ہے کہ نفاق انگیز موتوں اور طغیوں سے افتراق و انشقاق کا ایک بحر ذخار ٹھاٹھیں مار رہا ہے اور مسلم قومیت کو بہائے لئے جا رہا ہے جس کے سامنے کوئی جد و جہد نہیں تھمتا اور کوئی رکاوٹ کارگر نہیں ہوتی جس کی تلاطم خیزی کو وقار سفینوں کو بھی متزلزل کئے دے رہی ہے اور جس کے ریلے امیدوں کی سر بفلک عمارتوں کو پیوند زمین کئے دے رہی ہے۔

یہ تشتت اور افتراق ہی کی برکت ہے کہ مسلمانوں کے تحفظ و بقا اور نشو و نما ارتقا کے لئے بڑے بڑے شاندار پروگرام تیار کئے جاتے ہیں مگر عالم خیال سے میدان عمل میں آنے سے پہلے ہی گمنام ہو جاتے ہیں۔ خوابیدہ مسلم کو جگانے کے لئے چیخا اور چلایا جاتا ہے مگر دعوت عمل کی تمام چیخ و پکار کی آوازیں بجائے قلب مسلم میں جاگزیں ہونے کے فضائے آسمانی میں اپنا نشیمن بناتی ہیں ان کی رہنمائی اور بہتری کے لئے کاغذی گھوڑے دوڑائے جاتے ہیں مگر سنگ راہوں سے ٹھوکریں کھا کر ردی کی ٹوکری میں جا گرتے ہیں اور شاندار جلاس کئے جاتے ہیں مگر سب دفع الوقتی کے مشغلے ثابت ہوتے ہیں غرض مسلمانوں کی موجودہ بے حسی۔ بے راہ روی ناعاقبت اندیشی غفلت و جمود اور بے عملی کی مایوس کن اور یاس انگیز حالت صرف اسلئے ہے کہ فتنۂ افتراق زعیم الہند بننے کی خواہش اور لیڈری کا جذبہ بے مہار کسی مفید اور ضروری تحریک کو پنپنے نہیں دیتا اور نفس پرست لیڈر خود پرستی کی قربانگاہ پر قومی مفاد قربان کر دیتے ہیں۔

ہر بات میں غصب ہر قول میں خودداری — ہر بار بے منہ زوری ہر وقت دل آزاری
خود بینی پرستش ہے دنیا سے ہے بیزاری — قوموں کے مسیحا کیسی ہے یہ بیماری

دوسری جماعت کی تخریب و تدمیر کے درپے ہے ایک دوسرے کی نقصان رسانی اور بدخواہی میں انہماک ہے۔ جدا جدا مسلک اور الگ الگ حلقے قائم ہیں۔ لایعنی جھگڑوں اور فضول مباحث کے لئے اجتماعی قوتیں صرف ہوتی ہیں۔ ذہنیتوں میں تفاوت اور مطامح نظر میں تضاد ہے اور جماعتیں آپس میں رقیبانہ چشمک رکھتی ہیں تو یقیناً قوم بہ انحطاط و زوال پذیر ہے اور اس کا مستقبل تاریک ہے۔ یہی حال بدقسمتی سے مسلمانوں کا ہے۔ ان اسباب تنزل کو مد نظر رکھ کر اگر بدنصیب مسلمانوں کی اجتماعی زندگی کا تباہی خیز سماں دیکھا جائے تو اس نتیجہ پر پہنچنا پڑتا ہے کہ ان کی متعدد جماعتیں ان ہی اسباب کے زیر اثر فنا کے گھاٹ اتر چکیں اور جو باقی ہیں وہ دم توڑ رہی ہیں۔

جمعیۃ خلافت جسم بے جان بنکر رہ گئی مسلم لیگ پارہ پارہ ہو کر … گذشتہ نامرادی میں دفن ہو چکی لے دے کے ایک جمعیۃ العلمائے ہند باقی تھی جس سے مسلمانوں کی دینی و سیاسی امیدیں وابستہ تھیں اور جو تقریباً دس سال سے اپنے فرائض نہایت خوش اسلوبی اور کامیابی سے سرانجام دے رہی ہے مگر وائے بدقسمتی کہ پچھلے سال کان پور میں چند نفاق پرور اور خود پرستوں نے اس کے بھی ٹکڑے کر دئے۔

جمعیۃ العلمائے ہند کی حیثیت

اس جماعت کا مقصد یہ ہے کہ مذہب کا تحفظ کرے مسلمانوں کو شرعی سیاسیات اور مذہبی احکامات سے آگاہ کرتی رہے اور دینی و سیاسی امور میں شرعی نقطۂ نگاہ سے مسلمانوں کی رہبری کرے۔ ان فرائض متعلقہ کے ادا کرنے …

[باقی کالموں کی عبارت ناقابلِ خواندگی]

توسیع نظام الحاکمہ کی پوزیشن

توسیع نظام علماء کے متعلق جنرل شاہ ولی خاں کی رائے

توسیع نظام علماء کا بہوتا

مسلمانوں کی جماعتی زندگی

کانفرنس سازی کا خاتمہ

مسلمانوں کیلئے ایک لمحۂ فکریہ

دہلی کانگریس کمیٹی کے ڈکٹیٹر گونمترا

نئی دہلی میونسپل کمیٹی

نوٹس

عام لوگوں کی آگاہی کے لئے شایع کیا جاتا ہے کہ نئی دہلی میونسپل کمیٹی بموجب اختیارات دفعہ ۱۸۸ (ک) و دفعہ ۱۹۹ (الف) مجریہ پنجاب میونسپل ایکٹ ۱۹۱۱ء آتشیں اسلحہ، فائر در کس آتشین غبارہ، بم یا دیگر آواز دینے والی چیزوں کے متعلق ایک مسودہ قانون پیش کرنا چاہتی ہے جس پر ۲۵ر فروری یا اس کے بعد ۱۹۳۱ء میں غور و خوض ہوگا۔ اگر کسی شخص کو اس قانون پر کسی قسم کا اعتراض ہو یا وہ اس کے متعلق کوئی مشورہ پیش کرنا چاہے تو ۲۵ر فروری ۱۹۳۱ء سے پہلے وہ اپنا اعتراض یا مشورہ ارسال کر دے تاکہ اجلاس میں اس پر غور کیا جا سکے۔

ضمنی قوانین کا مسودہ

(۱) کسی شخص کو نئی دہلی میونسپل کمیٹی کے حدود میں بندوق، آتش بازی، غبارہ، بم اور کسی آواز دینے والی چیز کے چھوڑنے کی اجازت نہیں ہے تاوقتیکہ وہ پہلے سے سکرٹری نئی دہلی میونسپل کمیٹی سے تحریری اجازت حاصل نہ کرے۔

سکرٹری نئی دہلی میونسپل کمیٹی کو اجازت دینے سے قبل سپرنٹنڈنٹ پولیس دہلی یا سپرنٹنڈنٹ پولیس نئی دہلی کی رضامندی حاصل کرنی ہوگی۔

مندرجہ بالا حکم امتناعی ان چیزوں پر عائد نہ ہوگا جو حکومت ہند کے حکم کے ماتحت عمل میں لائی جائیں۔ یا مقامی حکومت اور فوجی افسران کے حکم کی تعمیل میں انجام دی جائیں۔

(۲) ہر شخص کے ذاتی حالات کے مطابق شرائط کے ماتحت اجازت دی جائے گی

(۳) شادی اور تہواروں کے علاوہ دوسرے موقعوں پر کم از کم چار آنے کی رقم اور زیادہ سے زیادہ پانچ روپے کی رقم کے جیسا سکرٹری مناسب خیال کرے اپنے حالات کے مطابق ادا کرنی ہوگی۔

(۴) جو شخص بھی ان ضمنی قوانین یا عائد شدہ شرائط کی خلاف ورزی کرے گا وہ مجسٹریٹ کی عدالت سے قید اور جرمانہ (جو پچاس روپے تک ہے) کی سزا کا مستوجب ہوگا۔

(دستخط) این ڈبلیو ہنرا ہن سکرٹری نئی دہلی میونسپل کمیٹی

بے کاروں کیلئے سنہری موقع

تمام ہندوستان میں اس سے بہتر کوئی اور کالج نہیں ہے۔ اس کالج میں موٹر ڈرائیوری فٹری کا کام دو ماہ میں سکھایا جاتا ہے جس کی فیس مبلغ ۵۰ روپیہ لی جاتی ہے۔ غریبوں کے لئے خاص رعایت ہے مفصل حالات معلوم کرنے کے لئے پراسپکٹس مفت طلب کیجئے پردیسی طلباء کیلئے بورڈنگ ہاؤس کا انتظام بھی ہے

دی کیپٹل پریکٹیکل موٹر ٹریننگ کالج
… متصل جامع مسجد۔ دہلی

برص سفید داغ ابلکہ نہیں جرأت آرام

… منیجر دفتر معالج برص نمبر ۱۸ در بھنگہ (بہار)

دی نیو ہومیو پیتھک …

ہائے بھوک نہیں لگتی

ارے بھائی سناٹوجن کھاؤ پھر دیکھو کیسی بھوک لگتی ہے۔ اگر تم کسی شکمی مرض، باکمی استہا میں مبتلا ہو تو سناٹوجن استعمال کرنی شروع کر دو۔ سناٹوجن تمہارے معدہ کو مضبوط کرے گی۔ اور خوب بھوک لگائے گی اس کے علاوہ تمہاری عام صحت اور قوت کی اصلاح کرے گی۔

مسٹر ایس۔ منیجر بر عدن سے تحریر فرماتے ہیں میں ہضمی کے مرض میں مبتلا تھا۔ اور میری رگیں کمزور پڑ گئی تھیں میں نے علاج کے لئے متعدد دوائیاں استعمال کیں کچھ فائدہ نہیں ہوا آخر کار میں نے سناٹوجن کی طرف رجوع کیا۔

آپ کو معلوم ہے۔ اس استعمال سے کیا فائدہ ہوا؟ پندرہ دن کے اندر ہی تمام قوائے ہاضمہ اپنا اپنا فعل درست طریقے پر کرنے لگے۔ اور میرے مرض میں نمایاں فرق واقع ہو گیا۔ آج ہی اس مشہور عالم قوت بخش دوا کی ایک شیشی خرید لیجئے

SANATOGEN

اصلی قوت بخش خوراک

تمام دوا فروشوں اور بازاروں سے مل سکتی ہے بنانے اور تیار کرنے کے دوران میں سناٹوجن کو ہاتھ سے نہیں چھوا جاتا

رمضان المبارک میں قرآن مجید اور کتابوں میں خاص رعایات

شائقین کتب کے لئے ایک نادر موقع

میعاد رعایت آخر فروری ۱۹۳۱ء تک

(۶) حمائل شریف حلبی — نہایت ہی خوشخط …
(۸) دلائل الخیرات مترجم اردو …

[فہرست کتب و قیمتیں ناقابلِ خواندگی]

منیجر جنرل … بک ایجنسی … لاہور

برطانوی دارالعوام میں گول میز کانفرنس پر مباحثہ

وزیر اعظم، وزیر ہند اور دیگر اراکین پارلیمنٹ کی تقریریں

حکومت برطانیہ کے آئندہ منصوبوں کی جھلک

گول میز کانفرنس پر بحث کا آغاز

رنگون میں پانچ بنگالیوں کی گرفتاری

وائسرائے کے جدید برما آرڈیننس کا پہلا شکار

رنگون یکم فروری۔ آج رنگون میں پانچ بنگالی گرفتار کر لئے گئے۔ ان گرفتار شدگان میں دو بنگالی اسکول ماسٹر بھی ہیں۔ یہ گرفتاریاں وائسرائے کے جدید آرڈیننس کے ماتحت عمل میں آئی ہیں جو برما میں نفاذ پذیر ہوگیا ہے۔

سنہری مسجد میں حضرت مولانا احمد سعید صاحب کی تقریر

مولانا محمد علی کی زندگی پر ایک بصیرت افروز تبصرہ

"محمد علی ہمارا تھا اور ہم محمد علی کے ہیں"

(گزشتہ سے پیوستہ)

مولانا عبدالماجد دریابادی

مولانا عبدالماجد صاحب دریابادی نے جس اختلاف کا ذکر کیا ہے وہ غالباً وہ اختلاف ہے جو مولانا اور اُن کے بعض قدیمی رفقاء کے مابین آخر عمر میں رونما ہوا تھا۔ اور جس کی ابتدا جمعیۃ علماء کی صدارت کے فیصلہ سے ہوئی تھی۔

اخبار کو جو صداقت اور سچ کا دعویٰ ہے اپنی تحریروں پر نظر ثانی کی بھی ضرورت ہے۔ میں مولانا کی خدمت میں نہایت مودبانہ مگر جرأت کے ساتھ عرض کروں گا کہ بیشک طریقۂ کار میں مولانا محمد علی صاحب سے اس آخر عمر میں اختلاف ہوا۔ اگر وہ لندن سے آکر بھی اپنے طریقۂ کار کو نہ بدلتے تو یقیناً اُن سے اختلاف ...

اللھم آنس وحشتہ وامن روعتہ ولقن حجتہ وبیض غرتہ ونور تربتہ وارحم غربتہ وتقبل حسناتہ

کوئی اچھی مثال نہیں بنیں گی۔ اگر پہلی باتوں کو دہرانے کا شوق تھا تو کاش مولانا بجائے الجمعیۃ کی ورق گردانی کے اپنے اخبار سچ کا فائل پڑھ لیتے تو اُن کو خود ہی یاد آجاتا کہ عمل کی تبدیلی سے وہ بھی اس رنج وقلق میں ہمارے شریک رہ چکے ہیں جو ہمیشہ مخلص دوستوں کا ہمیشہ شعار رہا ہے۔ اگر آج جمعیۃ علماء ہند کے ارکان کو دو راستوں میں سے ایک راستہ کے اختیار کرنے کی ضرورت ہو ...

جس کی پیٹھ پر گولی کا نشان ہو۔ یہ جرأت اور بہادری پشاوری کے مسلمان کرسکتے ہیں۔ خدا اُن کی قربانیوں کو قبول فرمائے۔ وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین۔

رمضان المبارک کا مقدس مہینہ

اور مسلمانان ہند کا تبلیغی ودینی فرض

رمضان کے مبارک مہینہ میں جس میں نوافل کا اجر بارگاہ رحمت سے فرض کے مثل دیا جاتا ہے اور ایک فرض ستر فرض کے برابر کر دیا جاتا ہے اور ایک نیکی کا اجر دس نہیں ستر نہیں بلکہ سات سو دیا جاتا ہے۔ ارباب خیر حضرات نے خصوصیت سے ہمیشہ جمعیۃ علماء ہند کی خدمت فرمائی ہے۔

جمعیۃ علماء ہند نے مذہبی تبلیغی اور خالص دینی تعلیم کی وسیع خدمات جو مختلف ازمنہ میں انجام دی ہیں اور اس وقت بھی مبلغین اور مکاتب اور مدارس کے ذریعہ سے انجام دے رہی ہے اس سے اہل خیر حضرات واقف ہیں۔

موجودہ دور میں ... ناظم جمعیۃ ... کی وجہ سے ...

گاندھی جی کے اعلان پر ٹائمس آف انڈیا کا تبصرہ

"آپ مفتوح قلعہ کو فتح کرنے کی کوشش کر رہے ہیں"

سیاسی قیدیوں کے ساتھ بہترین سلوک کا مطالبہ

(ترجمہ)

گاندھی جی نے یرواداجیل سے رہا ہونے پر جو اعلان کیا تھا اس پر ٹائمس آف انڈیا اپنے مقالہ افتتاحیہ میں تبصرہ کرتے ہوئے رقمطراز ہے:

جو لوگ گاندھی جی کی دماغی سرگرمیوں سے واقف ہیں وہ اس امر پر تعجب ظاہر نہیں کریں گے کہ گاندھی جی اس وقت بھی اپنے پہلے تینوں نقاط پر مصر ہیں ...

دیتا ہے۔ اس لئے ہم گاندھی جی کے ان شرائط کا مفہوم سمجھتے ہیں ... صلح کا راستہ کھلا ہوا ہونے کے باوجود قوم کے ایک حصہ کی تکلیف ودرستی کا باعث بن رہے ہیں ...

گاندھی جی بذات خود ان ... بہت زیادہ پریشان ہو گئے ہیں ... ہندوستانی سیاسی ... جو جگہ حاصل ہونی چاہئے ان کو وہاں سے دھکیلا جا رہا ہے ...

جدید تقویم مرتب کرنے کیلئے جنیوا میں کانفرنس

۱۹۳۴ء میں جدید تقویم کا نفاذ ہو جائیگا؟

ایک ماہ ۲۸ یوم اور ایک سال ۱۳ ماہ پر مشتمل ہوگا

موجودہ زمانہ میں تقویم (جنتری) کا جو طریقہ رائج ہے وہ اسقدر ناقص ہے کہ وہ زمانہ کی ضروریات کو کماحقہ پورا نہیں کرسکتا۔ موجودہ تقویم میں حسب ذیل نقائص پائے جاتے ہیں:—

(۱) مختلف مہینوں میں ایام کی تعداد مساوی نہیں ہے۔ کسی ماہ میں ۲۸ دن ہوتے ہیں کسی میں ۳۰ یا ۳۱۔

(۲) مہینوں میں ہفتوں کی پوری تعداد شامل نہیں ہے۔ ایک ماہ میں ...

ہوئی تھی تو دوسرے سال ۲۵ دسمبر کو شنبہ کے روز نہیں ہوگی بلکہ کسی اور دن ہوگی۔ ان مذکورہ بالا نقائص کی وجہ سے تمام حسابات میں بہت دشواریاں پیدا ہوتی ہیں۔

جمعیۃ الاقوام کی دعوت پر دنیا کے ہر ملک کے نمائندے آئندہ ۵ اکتوبر میں جنیوا کے مقام پر جمع ہونگے اور جدید تقویم مرتب کی جائے گی۔ خیال کیا جاتا ہے کہ ۱۹۳۴ء سے جدید تقویم پر عمل شروع کر دیا جائے گا۔

سطور آئندہ سے معلوم ہوگا کہ موجودہ تقویم میں جو نقائص موجود ہیں ان کے سبب سے دماغی جسمانی طاقت پر مضر اثر پڑتا ہے اور فضول وقت بیکار جاتا ہے۔ مثلاً اگر ایک شخص یہ معلوم کرنا چاہے کہ ۲۳ جنوری ۱۹۳۲ء کو کیا دن ہوگا تو اسے بیشمار حسابی پیچیدگیوں کو حل کرنا پڑے گا ...

محفوظ مضامین اور ملیات پر پابندیاں عائد کرنے کے سلسلے میں تقریر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ اس کے متعلق کسی قسم کا مغالطہ نہیں رہنا چاہئے اس بات کا یقین حاصل ہونا چاہئے تاکہ وہ خطرہ دور ہو جائے جو انتقال اختیارات کے درمیانی عرصہ میں پیدا ہو کہ تحفظات اور شرائط ضرور عائد کئے جائیں جس سے ہندوستان کی ساکھ قائم رہے گی اور دیوالہ نکالنے سے محفوظ ہو جائے گا۔

(باقی آئندہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیت دہلی

۵ فروری ۱۹۳۱ء

اسلامی پرسنل لا میں مداخلت کی سعی ناکام

ازدواج بین الملل کے مسودہ قانون کا حشر

آج ۲ فروری کو اسمبلی میں مسٹر ہری سنگھ گور کا مسودہ قانون متعلق ازدواج بین الملل پیش ہو کر مسترد ہو گیا۔ چونکہ اس خلاف شریعت مسودہ قانون کا استرداد آئندہ کے لئے ایک غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے اور اس سلسلہ میں اسمبلی کے اندر حکومت کے ممبر قانون نے جو تقریر کی ہے اس کا ریکارڈ رکھنا ضروری ہے اس لئے ہم چاہتے ہیں کہ ۲ فروری کی شام سے لے کر ۳ فروری کی شام تک اس ...

گذشتہ مراسلے کے ذریعے تمام مسلم اراکین اسمبلی کو متنبہ کیا تھا کہ وہ ان دونوں خلاف شریعت مسودات کی سختی کے ساتھ مخالفت کریں اور انہیں ملک کے باضابطہ قوانین نہ بننے دیں۔ اسی زمانہ میں الجمعیۃ اور دیگر اسلامی اخبارات نے مذہبی اس مذہبی مداخلت کے اقدام پر نہایت سخت مضامین لکھے تھے اور حکومت اور اسمبلی دونوں کو اس قسم کی غلط روی کے خطرناک نتائج سے آگاہ کیا تھا ...

[illegible]

اسمبلی کی کارروائی

مسودہ قانون ازدواج بین الملل مسترد ہو گیا

نئی دہلی ۳ فروری۔ آج مجلس مقننہ نے مسودہ قانون ازدواج بین الملل پر دوبارہ بحث کی۔ اس قانون کو سر ہری سنگھ گور نے نئی مجلس مقننہ میں دوبارہ پیش کیا ہے۔ مسٹر کرشن اچاریہ نے اس مسودہ کے متعلق استصواب رائے حاصل کرنے کے لئے ایک تحریک پیش کرنے کا ارادہ کیا تھا لیکن یہ دیکھ کر کہ اس مسودہ کو اکثریت کی حمایت حاصل نہیں ہے اپنی تحریک پیش نہیں کی۔ اکثر تقریر کرنے والوں نے اس مسودہ قانون کی ضرورت اور اس کی دفعات کے متعلق اختلاف رائے ظاہر کیا۔ سر بی ایل مترو وزیر قانون نے فرمایا کہ کوئی قوم اس قانون کو پسند نہیں کرتی۔ نیز یہ قانون ہندو اور مسلم سوسائٹی کی بنیادوں کو اکھاڑ دیگا۔ آپ کے بعد مسٹر گیا پرشاد سنگھ نے مجلس منتخب کی تحریک پیش کی تاکہ آپ کے مسودہ قانون پر غور کیا جا سکے۔ مسٹر گیا پرشاد سنگھ جی نے دفعہ ۱۰۸ ضابطہ فوجداری میں ترمیم کے لئے مسودہ پیش کیا ہے جس میں دفعہ مذکور کے استعمال کو محدود کیا گیا ہے تاکہ عدالت عالیہ کی بجائے سشن عدالت میں مرافعہ داخل کیا جا سکے۔ سر جیمس کریرار نے فرمایا کہ گذشتہ پچاس سال میں اس دفعہ کو غلط طور پر استعمال نہیں کیا گیا اور یہ دفعہ فرقہ وارانہ اور سیاسی فسادات کیلئے ایک منفعت آلہ کار ثابت ہوئی ہے۔ مسٹر رنگا آئر نے ہمدردانہ غور و فکر کے لئے اپیل کی۔ آپ نے فرمایا کہ مصالحانہ حکمت عملی کے پیش نظر یہ ضروری ہے کہ عدالت عالیہ کی بجائے سشن عدالت میں مرافعہ داخل کیا جا سکے۔ ایوان مباحثہ ختم کئے بغیر برخاست ہو گیا۔ بقیہ کارروائی ۴ تاریخ کو ہوگی جب کہ غیر سرکاری مسودات پیش کئے جائیں گے۔ (ا۔پ)

نرولہ موٹر ورکس پر پکٹنگ

۱۴ رضاکاروں کی گرفتاری

دہلی ۳ فروری۔ آج صبح تیرہ اشخاص نرولہ موٹر ورکس پر پکٹنگ کرتے ہوئے گرفتار کر لئے گئے۔ نرولہ موٹر ورکس کا مالک شراب فروش ہے ... [illegible]

نئی دہلی کی رسم افتتاح پر دفاتر کی تعطیل

دہلی ۳ فروری۔ نئی دہلی کی رسم افتتاح کے باعث ۹ فروری کو سرکاری دفاتر میں تعطیل رہے گی۔

اسمبلی کے غیر سرکاری اراکین کی وائسرائے سے اپیل

موپلا اور سرحدی قیدیوں کو رہا کر دیا جائے

دہلی ۳ فروری۔ مجلس مقننہ کے غیر سرکاری اراکین کی ایک کثیر تعداد نے اپنے دستخطوں سے ایک اپیل وائسرائے کے نام بھیجی ہے جس میں وائسرائے سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ اپنے مراحم خسروانہ کو کام میں لا کر موپلا اور سرحدی قیدیوں کو معافی دیکر رہا کر دیں۔

مقدمہ سازش میرٹھ پر سات لاکھ سے زائد کا صرفہ

مولانا محمد علی کی صاحبزادی کی تلاشی کے متعلق سوال

مرکزی مجلس مقننہ میں ہوم ممبر کا بیان

نئی دہلی ۴ فروری۔ مرکزی مجلس مقننہ میں مسٹر کریرار ہوم ممبر سے کئی سوالات کئے گئے آپ نے ان کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ مقدمہ سازش میرٹھ پر سنہ ۳۰ء کے اختتام تک سات لاکھ ... ہزار روپیہ صرف ہو چکا ہے۔

مولوی محمد یعقوب صاحب سابق وائس پریزیڈنٹ اسمبلی نے دریافت کیا کہ کیا یہ درست ہے کہ ... ریلوے اسٹیشن پر مولانا محمد علی کی صاحبزادی کی تلاشی لی گئی تھی؟ ہوم ممبر کریرار نے کہا کہ یو۔پی حکومت سے اس کے متعلق معلومات حاصل کی جا رہی ہیں جب وہاں سے اطلاعات موصول ہو جائیں گی تو آپ کو واقعات سے مطلع کر دیا جائیگا۔ مولوی محمد یعقوب نے کہا کہ جواب تحریری دیا جائے لیکن مسٹر گیا پرشاد سنگھ اور مسٹر ایس سی مترا نے اس پر زور دیا کہ اطلاعات زبانی ہی دیجائیں۔ مسٹر کریرار نے اس تجویز پر غور کرنے کا وعدہ کیا۔

فلسطین کیلئے ایک اور کمیشن کا تقرر

فلسطین کے انتظامات کی تحقیقات

لندن ۲ فروری۔ سکرٹری نو آبادیات نے سر کیمبل ڈرنل کی صدارت میں ایک کمیشن مقرر کیا ہے تاکہ وہ فلسطین کے مصارف و اخراجات کے متعلق رپورٹ پیش کریں۔ اور فلسطین کے انتظامات پر ایک عام نظر ڈالیں جس میں خصوصیت سے موجودہ محکموں کے حالات، جدید ملازمتوں کی تجاویز، اسٹاف کی بحالی یا برطرفی ... مزید برآں ... شرق اردن کے انتظامات کے سلسلہ میں امداد وغیرہ امور پر مفصل تبصرہ کریں۔ فلسطین کی مدافعت اور شرق اردن کو رپورٹ کی شرائط سے مستثنیٰ کر دیا گیا ہے۔ کمیشن اپنی تحقیقات عنقریب شروع کر دیگا۔

اس کمیشن کے صدر سر کیمبل ڈرنل ... ۱۹۱۹ء ... پہلے ... مجلس عاملہ کے رکن بھی رہے ہیں۔

حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند کے نام

پیغامات تہنیت

رنگون ۳ فروری۔ صدر جمعیۃ علماء برما نے حسب ذیل برقیہ حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند کی خدمت میں روانہ کیا ہے:

"جمعیۃ علماء برما کے جملہ اراکین آپ کی غیر مشروط رہائی پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔"

تقریباً اسی مضمون کے متعدد برقی پیغامات ملک کے مختلف گوشوں سے حضرت مفتی صاحب کی خدمت میں موصول ہوئے ہیں جن کا جواب فرداً فرداً دینا سخت دشوار ہو گیا۔ اس لئے حضرت مفتی صاحب نے ہمیں مطلع کیا ہے کہ ہم اخبار الجمعیۃ کے ذریعہ ان تمام حضرات کا جن کی طرف سے پیغامات تہنیت موصول ہوئے ہیں شکریہ ادا کریں اور انہیں یہ اطلاع دیدیں کہ حق تعالیٰ کے فضل و کرم سے حضرت مفتی صاحب بخیر و عافیت ہیں۔

جمعیۃ علماء ہند کا سالانہ اجلاس

مسلمانان کراچی کی طرف سے دعوت

کراچی یکم فروری۔ کل جمعیۃ نظام المسلمین کا ایک خاص جلسہ مولانا مولوی حکیم فتح محمد کے دولت کدہ پر منعقد ہوا جس میں مولانا مولوی محمد صادق صاحب اور دوسرے بزرگوں نے شرکت فرمائی۔ جلسہ میں یہ تجویز منظور ہوئی کہ جمعیۃ علماء ہند دہلی کو آئندہ سالانہ اجلاس کے لئے ایڈسٹری تعطیلات میں کراچی دعوت دی جائے۔ اجلاس کے مصارف اور دیگر ضروری امور کے لئے ایک علیحدہ کمیٹی مقرر کر دی گئی ہے اور جمعیۃ علماء ہند کے ناظم کو دہلی دعوت نامہ ارسال کر دیا گیا ہے۔ ان کے علاوہ دوسرے اہم کاموں کے لئے کل بابو سول ... ایک جلسہ اور منعقد کیا جائیگا۔

(جمعیۃ کے دفتر میں مسلمانان کراچی کی طرف سے دعوت نامہ موصول ہو چکا ہے لیکن ابھی نہیں کہا جا سکتا کہ مجلس مرکزیہ اس دعوت کو منظور کرے گی یا نہیں جہاں تک ہمیں معلوم ہو سکا ہے کراچی کے علاوہ اور کسی مقام سے ابھی تک سالانہ اجلاس کے لئے دعوت موصول نہیں ہوئی ہے اس لئے کراچی کی دعوت کے منظور ہو جانے کا قوی امکان ہے۔ نائب مدیر)

کانگریسی لیڈروں کی رہائی پر سر جن لال کا بیان

"جملہ سیاسی قیدیوں کی رہائی ضروری ہے"

"حکومت کو تشدد کی پالیسی ترک کر دینی چاہئے"

بمبئی ۳ فروری۔ سر چمن لال سیتلواڈ گول میز سے ہندوستان پہنچنے پر الیسوسی ایٹڈ پریس کے نمائندے سے ملاقات کے دوران میں فرمایا مجھے یہ معلوم کر کے مسرت ہوئی ہے کہ گول میز کانفرنس کے نتائج پر سنجیدگی کے ساتھ غور کرنے کے واسطے گاندھی جی اور ورکنگ کمیٹی کے دیگر اراکین کو رہا کر دیا گیا ہے۔ یہاں پہنچ اور صورت حال کا معائنہ کرنے پر مجھے معلوم ہوا ہے کہ حکومت نے امن فضا پیدا کرنے کے لئے جو قدم اٹھایا ہے وہ بالکل ناکافی ہے۔

میں یقین کرتا ہوں کہ گول میز کانفرنس کے جو نتائج برآمد ہوئے ہیں ان پر غور کرنے کے لئے موزوں فضا صرف اس وقت پیدا ہو سکتی ہے جب کہ حکومت پر امفاہمانہ رویہ اختیار کرے گی صرف کانگریسی لیڈروں کو رہا کرنے سے کچھ نہیں ہو سکتا بلکہ اس وقت ان ہزاروں سیاسی قیدیوں کو رہا کرنے کی ضرورت ہے جو تشدد کے مرتکب نہیں ہوئے ہیں۔ لیکن تمام سیاسی قیدیوں کو بھی رہا کر دینے سے وہ صورت حال پیدا نہیں ہو سکتی جس کی اس وقت ضرورت ہے۔ بلکہ مقامی حکومتوں کو چاہئے کہ وہ اپنی تشدد آمیز حکمت عملی کو ترک کر دیں، عام مجامع کو لاٹھیوں سے منتشر کرنے اور قانون ترمیم ضابطہ فوجداری کو وسیع طور پر استعمال کرنے کا جو طریقہ اس وقت جاری ہے اس کو بالکل بند کر دیا جائے۔

آخر میں سر چمن لال نے حکومت اور کانگریس سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنی اپنی حکمت عملیوں کو ترک کر دیں۔ آپ نے کانگریس سے خاص طور پر اپیل کی ہے کہ وہ تحریک سول نافرمانی کو ترک کر کے مصالحانہ گفت و شنید کی راہ تلاش کرے تاکہ آئندہ دستور کی تشکیل کے لئے متفقہ ہندوستانی رائے عامہ پیش کی جا سکے۔ آپ نے مختلف قوموں سے درخواست کی ہے کہ وہ اپنے تمام اختلافات کو دور کر کے وسیع قومی نقطۂ نظر سے کام لیں۔

جی۔ آئی۔ پی ریلوے مین یونین کا جلسہ

سرمایہ داروں کے مساوی حقوق کا مطالبہ

ناگپور ۳ فروری۔ جی۔ آئی۔ پی ریلوے مین یونین ناگپور کا ایک جلسہ گذشتہ شب منعقد ہوا متعدد قراردادیں منظور کی گئیں۔ ایک قرارداد میں مقدمہ سازش میرٹھ کے قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ کیا گیا ایک دوسری تجویز میں یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ یونین جدید دستور کو اس وقت تک قبول نہیں کرے گی جب تک کہ اس میں مزدوروں کو سرمایہ داروں کے مساوی حقوق نہیں دئے گئے ہوں۔

مولانا اسد اللہ خاں ناظم جمعیۃ علماء میرٹھ کی رہائی

میرٹھ ۳ فروری۔ مولانا محمد اسد اللہ خاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء میرٹھ و رکن کانگریس کمیٹی میرٹھ جیل سے رہا کر دئے گئے ہیں آپ ۲۸ جولائی کو قانون ترغیب ناجائز کے ماتحت گرفتار کئے گئے تھے۔

افغانی سواروں نے چار چوروں کو ہلاک کر دیا

پشاور ۳ فروری۔ افغانی سواروں نے مزار شریف کے علاقہ میں چار چوروں کو ہلاک کر دیا ہے۔ چھ چور بری طرح زخمی ہوئے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ سواروں اور چوروں کے درمیان تصادم ہو گیا تھا۔

بابو موہن لال سکسینا رہا کر دئے گئے

لکھنؤ ۳ فروری۔ بابو موہن لال سکسینا رکن آل انڈیا کانگریس ورکنگ کمیٹی شنبہ کی شام کو لکھنؤ جیل سے رہا کر دئے گئے آپ اسی شب پنڈت موتی لال نہرو سے ملاقات کرنے کے لئے الہ آباد روانہ ہو گئے۔

مدراس میں پکٹنگ کا زور

پولیس نے رضاکاروں کو منتشر کر دیا

مدراس ۳ فروری۔ تقریباً ۶۰ رضاکاروں نے شام کے وقت گودام بازار، رتن بازار اور دیوان مدالی میں زبردست پکٹنگ لگایا پولیس موقع پر پہنچ گئی اور ان کو منتشر کر دیا۔

علی گڈھ میں ۱۲ رضاکاروں کی سزایابی

علی گڈھ ۳ فروری۔ یوم آزادی کے سلسلہ میں ۱۲ کانگریسی رضاکار تحصیل کچہری میں گرفتار کر لئے گئے ہیں۔ پولیس نے ان لوگوں کو مسٹر مارش ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ علی گڈھ کے سامنے پیش کیا مجسٹریٹ نے ان ملزمین کو دفعہ ۱۷ قانون ترمیم ضابطہ فوجداری کے ماتحت تین تین ماہ قید بامشقت اور پچاس پچاس روپیہ جرمانہ کی سزا دی ہے۔ سات ملزمین کو شہادت کافی نہ ہونے کی بنا پر بری کر دیا گیا۔

مجسٹریٹ نے مسٹر بھگوت داس بلسا، مسٹر امر سنگھ اور ڈاکٹر خنجر سنگھ کو بھی استغاثہ کی شہادت ناکافی ہونے پر بری کر دیا۔

کانگریس کمیٹی امروہہ کے سکرٹری کی رہائی

اسٹیشن پر شاندار خیر مقدم

امروہہ ۳ فروری۔ بابو رام کرشنا وکیل سکرٹری کانگریس کمیٹی مراد آباد ڈسٹرکٹ جیل سے میعاد قید پوری کرنے کے بعد رہا کر دئے گئے ہیں جب امروہہ کے اسٹیشن پر پہنچے تو عوام کے ایک عظیم الشان اجتماع نے آپ کا استقبال کیا۔

پولیس کے حملوں کے خلاف احتجاج

مدراس میں خواتین کا جلوس

مدراس ۳ فروری۔ میسز باشیام، مسز کرنز، مسز انیس انجو لو، ... اور دیگر سر برآوردہ خواتین نے ایک جلوس پولیس کے حملوں کے خلاف احتجاج کرنے کے لئے نکالا۔ مالابار اسپیشل پولیس کی دو لاریاں جلوس کے پیچھے پیچھے گشت کرتی رہیں۔

چیت پور کے پارچہ فروشوں کا معاہدہ

آئندہ بدیشی مال فروخت نہیں کرینگے

چیت پور ۳ فروری۔ کاٹھیاواڑ میں چیت پور ایسا علاقہ ہے جہاں بدیشی کپڑے کی بہت زیادہ کھپت ہوتی ہے۔ چیت پور جاؤ نگر کے قریب واقع ہے۔ مسٹر سنی لال ڈھاری اور ہندو مسلم پارچہ فروشان کے درمیان آج سمجھوتہ ہو گیا ہے۔ پارچہ فروشوں نے وعدہ کیا ہے کہ وہ آئندہ بدیشی مال باہر سے نہ منگوائیں گے اور اپنے موجودہ مال کو ۱۵ مئی تک فروخت نہیں کریں گے۔

نینی تال میں یوم آزادی

نینی تال ۳ فروری۔ کل یہاں یوم آزادی منایا گیا۔ کمار رانی صاحبہ کاشی پور نے قومی جھنڈے کی سلامی ادا کی اس کے بعد شہر میں ایک جلوس نکالا گیا۔ بازاروں کو قومی جھنڈوں سے سجایا گیا تھا۔

بنارس یونیورسٹی کے ایک طالب علم کی رہائی

بنارس ۳ فروری۔ مسٹر گنیش پرشاد سنگھ طالب علم بنارس یونیورسٹی آج ہمیر پور جیل سے رہا کر دئے گئے ہیں آپ کو اے کلاس میں رکھا گیا تھا۔ مسٹر گنیش ۳ فروری کو یونیورسٹی پہنچ جائیں گے۔

مخالفین جمعیۃ علماء ہند کی حرکات پر دلی غم و غصہ کا اظہار

قساوت قلبی اور عداوت اسلام کا مکمل ثبوت

اراکین جمعیۃ سے مقابلہ کی درخواست

مسلمانان بھاگلپور کا شاندار اور اہم جلسہ

۱۱ جنوری ۱۹۳۱ء جمعہ کی نماز کے بعد بڑی مسجد میں ایک جلسہ زیر صدارت حضرت مولانا عبد الرحیم صاحب منعقد ہوا۔ جلسہ کی کارروائی مولانا قاری حافظ مختار احمد صاحب کی تلاوت قرآن کریم سے شروع کی گئی۔ آپ نے نہایت خوش الحانی سے قرآن پاک کی ایک سورۃ مصری لہجہ میں پڑھ کر مختصر اور جامع تقریر کی جس میں جمعیۃ علماء کی اہمیت و ضرورت کو قرآنی احکام سے ثابت کر دکھایا۔ آپ کے بعد مولانا محمد اسحق صاحب ناظم جمعیۃ علماء بھاگلپور نے اپنی دلکش تقریر میں مسلمانوں کو اسلاف کے کارناموں پر چلنے کی ہدایت فرماتے ہوئے سرفروشانہ و ایثار کی ترغیب دی۔ آپ کے بعد دو تجاویز پڑھ کر سنائی گئیں جو بالاتفاق پاس ہو کر اخبارات میں بغرض اشاعت بھیجی گئیں۔

۱۔ مسلمانان بھاگلپور کا یہ جلسہ مولانا محمد علی صاحب مرحوم کے انتقال پر ملال پر اپنے رنج و غم کا اظہار کرتا ہے اور مولانا کا ایسے خطرناک دور میں رحلت فرمانا ملکی و مذہبی مفاد کیلئے نقصان عظیم تصور کرتا ہے۔ نیز مولانا کے تمام وابستگان کو صبر و استقامت کی تلقین کرتا ہوا ان کے ساتھ اپنی دلی ہمدردی کا اعلان ...

... ناخوشی کے ساتھ آپ کی دیانت و امانت پر اعتماد کلی کا اظہار کرتا ہے اور ان لوگوں کے ان ناشائستہ حرکات کو جنہوں نے مذکورہ بالا نفوس کے خلاف ... مقدمہ دائر کر رکھا ہے نیز گورنمنٹ سے استدعا کی ہے کہ ...

کے نام ایک نفتی ... جاری کی جائے جس سے یہ لوگ ... اپنے مقاصد کی تکمیل سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے محروم کر دئے جائیں ... اور مسلمانان ہند کی صحیح مذہبی و ملکی قیادت ... کی ہے اور جمعیۃ کو ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوا اراکین جمعیۃ سے ... ہے کہ مسلمانوں کی مذہبی رہنمائی سے آپ کسی طرح دستبردار نہ ہوں۔

محمد اسحق عفی عنہ ناظم جمعیۃ علماء بھاگلپور

ضلع فیض آباد میں جلسہ عام

تاریخ ۱۰ رمضان مبارک یوم جمعہ مسلمانان ... ضلع فیض آباد کا ایک زبردست جلسہ منعقد ہوا جس میں حسب ذیل دو تجویزیں بالاتفاق منظور ہوئیں اپنے موقر جریدہ میں جگہ دیکر عزت افزائی فرمائیں۔

(۱) یہ جلسہ ان دشمنان اسلام کے خلاف شدید ترین نفرت و حقارت اور دلی غم و غصہ کا اظہار کرتا ہے جنہوں نے جمعیۃ علماء ہند جیسی مقدس اور برگزیدہ جماعت پر دعویٰ دائر کر کے اپنی قساوت قلبی اور عداوت اسلام کا کمل ثبوت بہم پہونچایا ہے۔

(۲) ... اعلان ... ہم جمعیۃ علماء ہند کے مقاصد و ... خدمت اسلام پر ہدیۂ تہنیت و مبارکباد پیش کرتا ہے۔

(احقر حمید الدین غفرلہٗ)

مسٹر گپتا اور مولانا ابو الکلام کا ہوڑہ میں ورود

اسٹیشن پر شاندار استقبال

ایک لڑکا ہجوم میں زخمی ہو گیا

کلکتہ ۳ فروری۔ آج مسٹر اور مسز جے۔ ایم سین گپتا اور مولانا ابو الکلام آزاد الہ آباد سے ہوڑہ اسٹیشن پہنچے۔ اسٹیشن پر آپ کا شاندار استقبال کیا گیا۔ عوام نے جملہ حضرات کے گلوں میں پھولوں کے ہار ڈالے۔ اسٹیشن پر سے یہ قومی رہنما گاڑی میں بیٹھ کر نہرو کی طرف تشریف لے گئے۔ گاڑی کے ساتھ عورتوں، مردوں اور بچوں کا جلوس تھا۔

چونکہ اسٹیشن پر لوگوں کا بہت زیادہ ہجوم تھا اس لئے مجمع قابو میں نہیں ہو سکا اور ایک بنگالی طالب علم ریل کی پٹڑی پر گر پڑا اور شدید طور پر مجروح ہو گیا۔ لڑکے کو ہسپتال میں داخل کر دیا گیا ہے اور اس کی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔

یہ مجروح ہسپتال میں جاں بحق ہو گیا۔

نواح رنگون میں زلزلہ کا شدید صدمہ

متعدد مکانات منہدم ہو گئے

رنگون ۳ فروری۔ ایک اطلاع مظہر ہے کہ ہر شنبہ کی شب ... کے درمیانی شب کو زلزلہ کا ایک شدید صدمہ محسوس ہوا جس کے باعث متعدد مکانات منہدم ہو گئے کسی مقامات پر زمین شق ہو گئی کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

کابل کے ایک قاضی کو چار ماہ کی قید

خلاف شریعت فیصلہ کرنے کا شاخسانہ

پشاور ۳ فروری۔ وزارت عدلیہ کابل نے قاضی جنگل خاں ... کو خلاف شریعت فیصلہ کرنے کے جرم میں چار ماہ قید کی سزا دی ہے۔

نواب چھتاری دوبارہ ہوم ممبری کا چارج لینگے

لکھنؤ ۳ فروری۔ نواب چھتاری ہوم ممبر حکومت صوبہ متحدہ لندن کانفرنس سے واپس تشریف لے آئے ہیں آپ نواب سر محمد یوسف ... کے قائم مقام ہوم ممبر سے ۹ فروری کو اپنے عہدہ کا چارج لے لیں گے۔ (ا۔پ)

نو ماہ کے اندر آٹھ ہزار آدمیوں کو سزا دی گئی

حکومت پنجاب کا سرکاری اعلان

لاہور ۳ فروری۔ ایک سرکاری بیان مظہر ہے کہ گذشتہ سال یکم اپریل سے لیکر اسی دسمبر تک سات ہزار سات سو اٹھانوے اشخاص صوبہ پنجاب میں قانون شکنی کے جرم میں سزا یاب ہوئے ہیں ان میں سے پانچ ہزار سات سو ... اشخاص کو سزا دی گئی یا ان سے ضمانت طلب کی گئی۔ ... آدمی سزا یاب معافی مانگنے پر رہا کر دئے گئے۔

مسٹر جناح پریوی کونسل میں قانونی مشق کرینگے؟

لندن ۳ فروری۔ لیڈر کے نامہ نگار خصوصی مقیم لندن کو معلوم ہوا ہے کہ مسٹر جناح پریوی کونسل میں قانونی مشق کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

افغان لوئی جرگہ کا آئندہ اجلاس

پشاور ۳ فروری۔ افغان لوئی جرگہ کا آئندہ اجلاس ۲۰ اپریل کو کابل میں منعقد ہوگا۔

ٹکٹ کے بغیر سفر کرنے کا شاخسانہ

مجسٹریٹ نے ۴۰ مسافروں پر جرمانہ کر دیا

الہ آباد ۳ فروری۔ گذشتہ شب الہ آباد کے اسٹیشن پر چہرہ ... دیہاتی ٹکٹ کے بغیر سفر کرتے ہوئے گرفتار کئے گئے تھے ان کا مقدمہ رائے صاحب لالہ ... ریلوے اسپیشل مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش ہوا۔ مجسٹریٹ نے ہر ملزم پر کرایہ کے ساتھ ... روپیہ جرمانہ کیا ... کے علاوہ سب نے جرمانہ ادا کر دیا ... دیہاتیوں نے ... جرمانہ ادا کرنے سے انکار کیا۔ مجسٹریٹ نے ان کا مقدمہ دوسری تاریخ کے لئے ملتوی کر دیا ہے۔

پنڈت موتی لال نہرو کی حالت خطرناک ہے

"مکمل آرام اور سکون کی ضرورت ہے"

الہ آباد ۳ فروری۔ پنڈت موتی لال نہرو کے ڈاکٹروں نے آج صبح حسب ذیل بلیٹن شائع کیا ہے:

گذشتہ ۲۴ گھنٹوں سے پنڈت موتی لال نہرو کی حالت خطرناک ہے۔ تپ بہت کمزور ہو گئے ہیں اور مکمل آرام اور سکون کی ضرورت ہے ہم تحقیق کرنے والوں اور عوام سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ پنڈت جی کے مکان کے گرد جمع ہو کر ... تکلیف دینے کا باعث نہ بنیں۔ عوام کو مطلع رکھنے کے لئے ہم وقتاً فوقتاً بلیٹن شائع کرتے رہیں گے۔

گاندھی جی بمبئی کب پہنچیں گے؟

الہ آباد ۳ فروری۔ چونکہ گاندھی جی پنڈت موتی لال نہرو کی شدید علالت کے باعث آج بمبئی نہیں روانہ ہوئے ہیں اس لئے خیال کیا جاتا ہے کہ آپ ۶ فروری سے پیشتر بمبئی نہیں پہنچیں گے۔

گاندھی جی نے بمبئی کی روانگی ملتوی کر دی

الہ آباد ۳ فروری۔ آج پنڈت موتی لال نہرو کی حالت زیادہ تشویشناک ہو گئی ہے۔ گاندھی جی نے بمبئی کی روانگی ملتوی کر دی ہے۔ ڈاکٹروں نے انند بھون کے سب دروازے بند کر دئے ہیں اور کسی ملاقاتی کو اندر داخل نہیں ہونے دیا جاتا۔

پنڈت موتی لال نہرو کی حالت تشویشناک ہے

الہ آباد ۳ فروری۔ پنڈت موتی لال نہرو کی حالت اشد تشویشناک ہے۔ ڈاکٹروں کے بیان کے مطابق پنڈت جی کی گذشتہ ۲۴ گھنٹے سے نازک حالت ہے۔ پنڈت جی ناتوانی کے باعث ... بھی نہیں سکتے ہیں۔ ... معلوم ہوا ہے کہ آپ کے ...

پنڈت موتی لال نہرو کی حالت میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی

الہ آباد ۳ فروری۔ پنڈت موتی لال نہرو کی حالت میں تبدیلی نہیں ہوئی ہے کہ گاندھی جی آج بمبئی روانہ نہیں ہوں گے اور جیسا کہ خیال کیا جاتا تھا آپ ۵ فروری تک بمبئی نہیں پہنچ سکیں گے۔ (ا۔پ)

دہلی میں مسلم کانفرنس کی ورکنگ کمیٹی کا اجلاس

دہلی ۳ فروری۔ آل انڈیا مسلم کانفرنس کی مجلس عاملہ کا ایک ضروری اجلاس ۸ فروری کو دہلی میں منعقد ہو گا جس میں ملک کی سیاسی ... صورت حال پر غور کیا جائیگا۔

[illegible]

ٹکٹ کے بغیر الہ آباد میں تقریباً ایک ہزار مسافر وں کی آمد

پولیس نے مسافروں کو پلیٹ فارم پر روک لیا

پنڈت جواہر لال نہرو نے کرایہ کی رقم ادا کر دی

الہ آباد۔ یکم فروری۔ تقریباً ایک ہزار مسافروں کو ٹکٹ کے بغیر سفر کرنے کے الزام میں پلیٹ فارم پر روک لیا گیا۔ یہ لوگ اس جلسہ میں شریک ہونے کے لئے الہ آباد آئے ہیں جو آج شام کو پرشوتم داس پارک میں منعقد ہونے والا ہے اور جس میں گاندھی جی تقریر فرمائیں گے۔ پولیس نے ان لوگوں کے ایک حصہ کو تو پل کے راستہ پر روک لیا ہے اور ایک حصہ کو پلیٹ فارم پر روک رکھا ہے۔ کوئی شخص اپنا کرایہ ادا کرنے کے لئے تیار نہیں ہے سپرنٹنڈنٹ پولیس، ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اور ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے مجسٹریٹ پلیٹ فارم پر پہنچ گئے ہیں اور ان حکام نے مسٹر ڈی۔ لاہیری، چودھری مجلس مقننہ سے گفتگو کی لیکن کرایہ کے متعلق کوئی فیصلہ نہیں ہوا ریلوے حکام کرایہ طلب کرنے میں حق بجانب ہیں۔ اور اس وجہ سے تعطل پیدا ہو گیا ہے۔ لیڈروں کو بلایا گیا ہے۔ پنڈت جواہر لال نہرو بھی موقع پر پہنچ گئے ہیں اور حکام سے گفتگو کر رہے ہیں۔

بعد کی خبر۔ پنڈت جواہر لال نہرو نے کچھ رقم ادا کر کے بغیر ٹکٹ کے مسافروں کے قضیہ کا فیصلہ کر دیا ہے اور اسٹیشن اب صاف ہو گیا ہے۔ (ا۔ پ)

ڈاکٹر سنتیہ مورتی کا الہ آباد میں ورود

الہ آباد۔ ۳۱ جنوری۔ مسٹر ستیہ مورتی، ڈاکٹر ستیہ مورتی رکن کانگریس ورکنگ کمیٹی آج صبح دس بجے کے قریب گرانڈ ٹرنک ایکسپریس ...

شب قدر کی برکتیں

شب قدر آ رہی ہے۔ اگر آپ اس مقدس رات کی علامت اس کے فیضان و اثرات اور اس کی جملہ خوبیوں اور برکتوں سے بہرہ اندوز ہونا چاہتے ہیں تو لیلۃ القدر آنے سے پہلے ہی کتاب

برکات رمضان

منگا لیجئے۔ اس میں وہ مقبول دعائیں جو شب قدر میں پڑھنی چاہئیں، نیز جملہ مسائل صیام، رمضان کا فلسفہ اور پورا مدلل پراثر وعظ موجود ہے۔

علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب اور مولانا احمد سعید صاحب نے اس کی بے حد تعریف لکھی ہے۔ ہر مسلمان کے لئے اس کا مطالعہ ضروری فرمایا ہے۔ رعایتی قیمت معہ محصول ڈاک ۱۲ ر سب قسم کی دینی کتابوں حمائل و قرآن شریف کے بکفایت ملنے کا

پتہ: مینیجر کتب خانہ دینیات مدرسہ امینیہ دہلی

بیکاروں کیلئے سنہری موقع

تمام ہندوستان میں اس سے بہتر کوئی اور کالج نہیں ہے۔

اس کالج میں موٹر ڈرائیوری، فیٹری کا کام دو ماہ میں سکھایا جاتا ہے جس کی فیس صرف ۵ روپیہ ہے۔ باہر کے طالب علموں کیلئے خاص رعایت ہے مفصل حالات معلوم کرنے کیلئے پراسپکٹس مفت طلب کیجئے پردیسی طلب کیلئے بورڈنگ ہاؤس کا انتظام بھی ہے۔

دی کیپٹل پریکٹیکل موٹر ٹریننگ کالج بازار چتلی قبر متصل جامع مسجد دہلی

محبوب عاشق کے قدموں پر

دیکھئے لوگ کیا کہتے ہیں ...

لوٹو لوٹو لوٹو

پارٹنر ذرا سا پان میں ڈال کر کھا لینے سے پان نہایت خوش ذائقہ ہو جاتا ہے بغیر پان کے کھانے سے بھی وہی مزہ آتا ہے ...

لندن واچ کمپنی ہیرا کولہ کلکتہ

تین روپیہ میں تین گھڑیاں اور ۲۹ تصویریں مفت انعام

نیو لندن واچ کمپنی ہاٹ کھولہ کلکتہ

... روپیہ بارہ آنہ میں دس گھڑیاں اور سب چیزیں

رمضان المبارک کی انتہائی رعایت

... حافظ عبد الرزاق نصیر واچ کمپنی صدر بازار میرٹھ (یو۔ پی)

آپریشن یا نشتر کی زحمت نہ اٹھائیے

ہمدرد دواخانہ ... (دہلی)

رعایت کا مبارک مہینہ

جو سال میں ایک ہی بار آتا ہے اس سے ضرور فائدہ اٹھائیے

گیارہ ماہ گذرنے کے بعد خدا کے فضل و کرم سے ہمکو اور آپکو رمضان المبارک کا مہینہ نصیب ہوا ہے ... ہمنے بھی یہی مہینہ اپنے خریداروں کو فائدہ پہنچانے کے لئے انتخاب کر رکھا ہے۔ لہذا حسب معمول اعلان کیا جاتا ہے کہ مندرجہ ذیل گھڑیوں، ٹائم پیسوں اور گھنٹوں کی قیمت میں بیحد رعایت کر دی ہے اس رعایت سے ہر شخص خواہ کسی مذہب و ملت کے ہوں فائدہ اٹھا سکتے ہیں جلد فرمائش بھیجئے ورنہ یہ زریں موقعہ پھر ایک سال بعد آئیگا۔

راقم مینیجر

ماہ رمضان ... سحری کے وقت جگانے والا

ڈبل گھنٹی کا الارم ٹائم پیس

نصف قیمت نصف قیمت



شب چراغ ... واچ



رمضان شریف ...

ملنے کا پتہ: ایس۔ اے۔ بی۔ بخشی اینڈ کمپنی کوٹھی نمبر ۷ کولو ٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

سفید بال پندرہ دن میں جڑ سے کالا

... مینیجر ... سوداگر ... دربھنگہ

نماز کی حقیقت اور نماز کا فلسفہ

دیکھنا ہو تو کتاب "ترغیب الصلوٰۃ" ملاحظہ فرمائیے۔ جو صرف ایک آنہ کا ٹکٹ آنے پر بھیجی جا سکتی ہے۔

مینیجر کتب خانہ اسلامیہ کلاں مسجد دہلی سے منگائیے

فتوح الاصر ترجمہ جدید فتوح المصر

اگر آپ غازیان اسلام و مجاہدین ملت کی اولوالعزمی و جاں نثاری کے جرات آموز حالات معلوم کرنا چاہتے ہیں اگر آپ کو مشہور و نامور سپہ سالاران اسلام حضرت ابو عبیدہؓ بن جراح و حضرت خالدؓ بن ولید کی دلیرانہ شجاعت و حکیمانہ سیاست کے حیرت انگیز کارنامے دیکھنے ہیں اگر آپ اسلام کے عروج و نزول کے صحیح اسباب معلوم کر کے ان تمام ملمع کاریوں کی حقیقت سے واقف ہونا چاہتے ہیں جن سے مسلمان دھوکہ کھا کر منزل مقصود سے کوسوں دور ہوتے جاتے ہیں تو فیض الاسلام ترجمہ جدید فتوح الشام ملاحظہ فرمائیں۔ قیمت ...

مینیجر الجمعیۃ دہلی

دی آل انڈیا ہومیوانسٹی ٹیوٹ دہلی

دندان سازی۔ ہومیو پیتھی۔ الیکٹرو ہومیو پیتھی بایو کیمسٹری کے لئے آپ پرنسپل ڈاکٹر آر۔ آر گپتا۔ ایچ۔ ایم۔ ڈی۔ ایس سی۔ ایم۔ بی۔ ایچ۔ ایم۔ بی۔ آئی۔ ایچ۔ اور ایم۔ ایس۔ بی۔ وغیرہ کے ڈپلومے حاصل کیجئے۔

خونی و بادی بواسیر کا شرطیہ علاج۔ تصدیقات کی فہرست ...

تحفہ عید مبارک

ہمارے کارخانہ مشین سویاں قادیان (پنجاب) کے اب ہمارا پتہ ہندوستانی ایجاد گھر دہلی ہے

خلاف تحریر ہو تو قیمت واپس

ہمارے کارخانہ قائم شدہ ... کی تیار کردہ مقبول عام پیتل کی خوبصورت پالش شدہ منٹوں میں سیروں نفیس و لذیذ و الی سویاں تیار کرنے والی

نو ایجاد مشین سویاں وزن کم حجم معمولی



ملنے کا پتہ: ہندوستانی ایجاد گھر دہلی

الہ آباد میں کانگریس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس

کارروائی کے متعلق انتہائی رازداری

"لیڈروں کی تقریروں میں کوئی نئی چیز نہیں تھی"

الہ آباد۔ ۳۱ جنوری۔ آج آنند بھون میں دوپہر کے بعد دو بجے ورکنگ کمیٹی کے مستقل اور تمام ارکان کی ایک کانفرنس منعقد ہوئی جو تقریباً تین گھنٹے تک جاری رہی۔ کانفرنس میں جو تقریریں ہوئی ہیں ان کے متعلق انتہائی رازداری سے کام لیا جا رہا ہے۔ ایک ممبر نے نامہ نگار سے فرمایا کہ تقریروں میں کوئی نئی چیز نہیں ہو سکتی کیونکہ کانگریس کا نقطۂ نظر اخبارات میں پہلے ہی شائع ہو چکا ہے۔

کانفرنس کا دوسرا اجلاس کل صبح آٹھ بجے کے وقت منعقد ہوگا۔ کہا جاتا ہے کہ آج گاندھی جی نے کانفرنس میں دو دفعہ تقریر کی اور آپ سے سوالات کئے گئے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ کانفرنس میں مختلف امور پر بحث ہوئی جن میں وزیر اعظم کا اعلان بھی شامل تھا لیکن دوران کار کانفرنس کی بحث کا اصلی موضوع نہیں تھا۔

پنڈت موتی لال نہرو اور مسٹر سری پرکاش کے علاوہ کانگریس ورکنگ کمیٹی کے حسب ذیل مستقل ارکان کانفرنس میں موجود تھے۔ گاندھی جی، پنڈت جواہر لال نہرو، ... مسٹر ... پرشاد، مولانا ابو الکلام آزاد، ... سردار ... سنگھ، ... راجا گوپال اچاری، سردار ولبھ بھائی پٹیل، مسٹر ... ڈاکٹر ستیہ مورتی ... ڈاکٹر سید محمود ...

برما میں بغاوت کا زور

وائسرائے نے ایک اور آرڈیننس نافذ کر دیا

تازہ تصدیقات

جناب حاذق حکیم سرور حسین صاحب دہلی تحریر فرماتے ہیں۔ کیمیا وید کمپنی کی تیار کردہ ادویہ تجربہ پر واقعی زود اثر ثابت ہوئیں۔ سرور حسین نقلم

جناب حکیم سید سکندر علی صاحب رامپوری کیا فرماتے ہیں آپکی ارسال کردہ مجون بکس لذت شباب و حب ممسک تجربہ پر نہایت مفید ثابت ہوئی آپ مہربانی کر کے چار عدد بکس اور دس شیشیاں رحمت فرمائیں۔ سکندر علی

جناب حکیم و ڈاکٹر عبد الرشید صاحب مندی و شرکت سلطان پور کیا فرماتے ہیں جناب منیجر صاحب تسلیم آپ کی روانہ کردہ حب ممسک ...

چار شادیوں کا لطف

برادران وطن! آپکو خوب پتے اور مصنوعی حکیموں کی جعلسازیوں سے محفوظ رکھنے کے لئے مطلع کیا جاتا ہے کہ کیمیا وید کمپنی عرصہ چالیس سال سے زیر سرپرستی جناب مہ و طبیب حاذق حکیم نثار احمد صاحب مدظلہ العالی قائم ہے اس عرصہ میں ہزار ہا مایوسین صحتیاب ہوکر گوہر مقصود حاصل کر چکے ہیں۔

مجون لذت شباب کیا ہے سفوف وطلا

اسکے استعمال سے بچپن کی غلط کاریوں یا زیادتی عمر کے باعث جو خرابیاں پیدا ہوکر جسم کو نقصان عظیم پہنچاتی ہیں مثلاً کمی دماغی پستی و رقت و قلت منی سرعت انزال جریان وغیرہ سب کا قلع قمع کر کے عضو میں ہمواری برکاری پیدا کر کے قوت و انتشار کو اسقدر ترقی ہوتی ہے کہ بیان سے باہر رقت و قلت سرعت انزال سب کو دفع کر کے مادہ تولید کو اس قدر ترقی دیتا ہے کہ حیرت ہوتی ہے۔ اسکے استعمال سے اندرونی و بیرونی امراض دفع ہوکر چہرے کا رنگ سرخ گلگوں نکل آتا ہے اور خون صالح پیدا کرنے لگتا ہے جسکے طبیعت جدت پسند ہو جاتی ہے تجربہ شرط ہے بصورت عدم فائدہ قیمت واپس نمبر ۲ سے حب ممسک ہر قسم کی منیات سے صاف و پاک ہیں تین گھنٹے قبل استعمال کرنے سے سرعت رقت کو کافور کر دیتی ہے نمبر ۳ منی کی رجریان منی سرعت انزال رقت و قلت منی کو سب کو دور کر کے منی کو نہایت ہی غلیظ کر دیتی ہے۔ جریان کو بیت ہو جو کر دیتی ہے فی شیشی (عا) دو روپے۔ سوزاک اسکے بہترین کے استعمال کرنے سے پرانے خون کا نہ دلی سینہ کو کہنہ سوزاک بھی نہیں رہتا (عا) دو روپے ڈسٹاک۔ ایکسیر کلنگ ... سے ہر مرض بنوں کو چار ہفتے کے استعمال سے زخم بالکل خشک ہوکر خون نہایت صاف اور مسکن ہو جاتا ہے دستی تین روپے۔ بواسیر خونی یا بادی ہر قسم کی اسکے استعمال سے ... ضرور ہے دس روپے۔

پتہ — کیمیا وید کمپنی پوسٹ بکس ۱۲۹ دہلی

تازہ تصدیقات

جریان و بواسیر تجربہ سے واقعی صحیح پائی گئیں مہربانی کر کے حب ممسک دو شیشیاں بواسیر پانچ شیشیاں دو جریان و دو شیشیاں مرحمت فرمائیں۔ عبد الرشید بقلم خود

جناب حکیم محمد حسن خان صاحب یوسف زئی کیا فرماتے ہیں مکری منیجر صاحب سلام علیک آپ کا بکس لذت شباب اور حب ممسک نہایت مفید اور بہترین تحفہ ہے بہت جلد تین بکس لذت شباب اور چار شیشیاں حب ممسک عنایت کر کے مشکور فرمائیں۔ نیاز مند محمد حسن خاں بقلم خود

نئی دہلی میونسپل کمیٹی

نوٹس

عام لوگوں کی آگاہی کے لئے شایع کیا جاتا ہے کہ نئی دہلی میونسپل کمیٹی بموجب اختیارات دفعہ ۱۸۸ اے (اے) و دفعہ ۱۹۹ (الف) مجریہ پنجاب میونسپل ایکٹ ۱۹۱۱ء آتشین اسلحہ فائر ورکس آتشین غبارہ۔ بم یا دیگر آواز دینے والی چیزوں کے متعلق ایک مسودہ قانون پیش کرنا چاہتی ہے۔ جس پر ۲۵ فروری یا اس کے بعد ۱۹۳۱ء میں غور و خوض ہوگا۔ اگر کسی شخص کو اس قانون پر کسی قسم کا اعتراض ہو یا وہ اس کے متعلق کوئی مشورہ پیش کرنا چاہے تو ۲۰ فروری ۱۹۳۱ء سے پہلے وہ اپنا اعتراض یا مشورہ ارسال کر دے تاکہ اجلاس میں اس پر غور کیا جا سکے۔

ضمنی قوانین کا مسودہ

(۱) کسی شخص کو نئی دہلی میونسپل کمیٹی کے حدود میں بندوق۔ آتشبازی۔ غبارہ۔ بم اور کسی آواز دینے والی چیز کے چھوڑنے کی اجازت نہیں ہے تا وقتیکہ وہ پہلے سے سکریٹری نئی دہلی میونسپل کمیٹی سے تحریری اجازت حاصل نہ کرے۔

سکریٹری نئی دہلی میونسپل کمیٹی کو اجازت دینے سے قبل سپرنٹنڈنٹ پولیس دہلی یا سپرنٹنڈنٹ پولیس نئی دہلی کی رضامندی حاصل کرنی ہوگی۔

مندرجہ بالا حکم امتناعی ان چیزوں پر عاید نہ ہوگا جو حکومت ہند کے حکم کے ماتحت عمل میں لائی جائیں یا مقامی حکومت اور فوجی افسران کے حکم کی تعمیل میں انجام دی جائیں۔

(۲) ہر شخص کے ذاتی حالات کے مطابق شرائط کے ماتحت اجازت دیجائے گی۔

(۳) شادی اور تہواروں کے علاوہ دوسرے موقعوں پر کم از کم چار آنے کی رقم اور زیادہ سے زیادہ پانچ روپے کی رقم کے جیسا سکریٹری مناسب خیال کرے اپنے حالات کے مطابق ادا کرنی ہوگی۔

(۴) جو شخص بھی ان ضمنی قوانین یا عائد شدہ شرائط کی خلاف ورزی کرے گا وہ مجسٹریٹ کی عدالت سے قید یا جرمانہ جو پچاس روپے تک ہے کی سزا کا مستوجب ہوگا۔

(دستخط) این ڈبلیو ہنرائن سکریٹری نئی دہلی میونسپل کمیٹی

رعایت ہو تو ایسی ہو

نورانی قرآن مجید جس کی خوبیاں اس مختصر اشتہار میں بیان کرنا ممکن نہیں آپکو کوڑیوں کے مول دیا جا رہا ہے۔ اگر اب بھی آپ کلام الٰہی کے حاصل کرنے سے محروم رہیں تو یہ آپکی اپنی بدقسمتی ہے۔ اہل خیر حضرات کیلئے اس سے زیادہ بہتر موقع اور کیا ہوگا کہ وہ کافی تعداد میں لیکر مسجدوں میں تقسیم کرائیں۔ غریبوں کو پڑھنے کے لئے دیں جس سے ہمیشہ ہمیشہ آپ کو ثواب ملتا ہے

ایک نسخہ بلا جلد عہ — دس نسخہ مشہ — پچاس نسخہ للعہ — ایک سو نسخہ مشہ — علاوہ محصول ڈاک وریل

ملنے کا پتہ: منیجر الجمعیۃ دہلی

اخبار الجمعیۃ کے خریداروں کی انتہائی خوش نصیبی ہے

کہ آج ان کو ایک نہایت بیش بہا اور انمول گوہر نہایت کم قیمت یعنی قیمت خرید پر مل رہا ہے جو کل ہزار روپیہ خرچ کرنے پر بھی نہیں ملیگا۔

وہ بیش بہا انمول گوہر

پانچ ترجمے اور کامل احسن التفاسیر والا قرآن شریف ہے

یہ قرآن شریف عام طور پر اسقدر مقبول اور عام پسند ہے کہ ہر فرقے اور ہر عقیدے کے مسلمان نہایت ذوق و شوق سے اسی کی تلاوت کرتے ہیں یہی وجہ ہے کہ تھوڑے عرصہ میں پہلے ایڈیشن کی ہزاروں جلدیں ہاتھوں ہاتھ بک گئیں بالآخر دوسرا ایڈیشن چھاپنا پڑا اب وہ بالکل ختم ہو گیا ہے۔

صرف ۲۵۰ جلدیں مالک مطبع کے پاس رہ گئی تھیں

جس میں دو سو جلدیں مصری کاغذ کی تھیں اور پچاس جلدیں سفید ولایتی دبیز کاغذ کی ... جلدیں اخبار الجمعیۃ کے خریداروں کے لئے مالک مطبع نے بمشکل تمام خریدیں تاکہ جن کو اب تک یہ نعمت بے بہا میسر نہیں ہوئی وہ اب منگا لیں اس لئے

آج اخبار الجمعیۃ کا ہر وہ خریدار

جو اس نعمت عظمیٰ کے حاصل کرنے سے اب تک محروم رہا ہے خرما لیں سمجھکر اس عظیم الشان رعایت کے نادر موقع سے فائدہ اٹھائے ورنہ کل یہ نادار قرآن شریف ایکہزار روپیہ صرف کرنے پر بھی دستیاب نہیں ہو سکیگا۔ کیونکہ اتنی خوبیوں والا قرآن شریف جو دس سال کی مسلسل کوششوں و جانفشانیوں کے بعد پچاس ساٹھ ہزار روپیہ صرف کر کے چھاپا گیا ہے۔ اور صحت، لکھائی، چھپائی اور کاغذ وغیرہ کا بہتر اہتمام کیا گیا ہو اب دوبارہ اسقدر اہتمام کے ساتھ طبع نہیں ہو سکتا۔

دفتر الجمعیۃ نے یہ بھی تہیہ کر لیا ہے

کہ صرف الجمعیۃ کے خریداروں کو یہ قرآن شریف اس ہدیہ پر دیا جائیگا یعنی مصری کاغذ دس روپے مجلد اور سفید ولایتی دبیز کاغذ ۱۵ مجلد طلائی

کیا اب بھی الجمعیۃ کا کوئی خریدار اس نعمت سے محروم رہیگا؟

کیا دنیا کی ہزار ضروریات کے ساتھ سب سے زیادہ متبرک اور دین و دنیا کی سب سے بڑی گرانمایہ نعمت کیلئے دس روپیہ خرچ کر دینا کچھ گراں ہیں؟ اگر کسی کو اسقدر بیش قیمت نعمت کے لئے دس روپیہ کی رقم بھی گراں معلوم ہو تو اس سے زیادہ بدنصیبی اور کیا ہوگی اس قرآن شریف کے مقبول ہونے کی سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ یہ قرآن شریف

اعلیٰحضرت حضور نظام کا خاص اپنی تلاوت کیلئے منتخب کردہ اور بہت پسندیدہ قرآن شریف ہے

... اس قرآن شریف کو بہت پسند فرمایا اور اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرمایا اور تمام علماء نے بھی اس کو پسند فرمایا ہے۔

اس قرآن شریف میں حسب ذیل پانچ ترجمے ہیں

پہلا ترجمہ (فارسی) از حضرت مولانا شیخ مصلح الدین سعدی شیرازی رحمۃ اللہ علیہ

دوسرا ترجمہ (اردو لفظی) از حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

تیسرا ترجمہ (اردو لفظی) از حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

چوتھا ترجمہ (اردو بامحاورہ) از حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

پانچواں ترجمہ (اردو بامحاورہ) از حضرت مولانا شاہ اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ

سب سے بڑی خوبی یہ ہے

کہ اس کے حاشیہ پر اردو زبان کی بہترین اور عام فہم تفسیر احسن التفاسیر کامل درج ہے یہ تفسیر علامہ حضرت شاہ احمد حسن صاحب محدث دہلوی کی پچاس سال کی دماغ سوزی اور عرق ریزی کا نتیجہ ہے۔ یہ تفسیر مدت سے کتابی صورت میں بالکل نایاب تھی۔ مگر اب قرآن کریم نے اس کو زندہ جاوید بنا دیا یہ دنیائے اسلام کے دینی سلسلہ میں سب سے پہلی اور سب سے بہتر اردو تفسیر ہے اور صحت روایات و کامل شان نزول وغیرہ کے اعتبار سے آپ ہی اپنی نظیر ہے۔

دیگر خصوصیات

(۱) ہر مقام پر بسم اللہ شریف بخط طغریٰ جداگانہ شان سے لکھی ہے (۲) قرآن شریف کے مضامین کی فہرست شروع میں دی گئی ہے (۳) تفسیر احسن التفاسیر کی فہرست مضامین درج ہے تاکہ مضامین کی تلاش میں دقت نہ پڑے (۴) اعمال اور وظائف قرآنی ہیں (۵) تمام سورتوں کے تعبیر خواب ہیں (۶) تمام سورتوں کے تعویذ القرآن ہیں (۷) مسائل القرآن (۸) فضائل قرآن (۹) آداب القرآن (۱۰) رموز اوقاف (۱۱) وہ مضامین جن کی غلطی اعراب سے کفر لازم آتا ہے۔ (۱۲) حضور سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سوانح عمری مبارک درج ہے (۱۳) عربی کتابت ہندوستان کے بہترین خوش نویس سے کرائی ہے۔ (۱۴) نہایت صحیح ہے (۱۵) کاغذ مصری جس پر مصر کے نہایت قیمتی کلام مجید شایع ہوتے ہیں صفحات ۸۵۲ سائز ۱۳×۱۰ انچ وزن ۴ سیر کے قریب ہے۔ طلائی اس قرآن شریف کا اصلی ہدیہ مجلد کا تیس روپے ہے مگر صرف خریداران الجمعیۃ کے لئے مصری کاغذ کا ہدیہ دس روپے اور سفید ولایتی دبیز کاغذ کا پندرہ روپیہ محصولڈاک ایک جلد پر ایک روپیہ آٹھ آنے لگیگا۔ فرمائش کے ہمراہ پانچ روپیہ پیشگی ضرور آنے چاہئیں۔ ایک ساتھ پانچ جلدوں کے خریداروں کو محصولڈاک معاف کر دیا جاویگا۔

اس کلام پاک کے متعلق علماء کرام کی سینکڑوں تصدیقوں میں سے چند کا خلاصہ

حضرت مولانا محمد انور شاہ صاحب کشمیری مدرس دار العلوم دیوبند کی فارسی تقریظ کے ترجمہ کا اختصار — سید شفیع الدین صاحب دہلوی نے قرآن مجید پانچ ترجمہ اور حاشیہ کامل احسن التفاسیر والے کا جو نسخہ طبع کیا ہے اس کے متعلق میری رائے ہے کہ اس شخص نے اس قرآن مجید کی انجام دہی حسن و طباعت میں ایسی کوشش اور جانفشانی کی ہے کہ لائق تحسین ہے ہر مسلمان کا فرض ہے کہ وہ ایسے تحفہ کو اپنے گھر میں رکھے اور تلاوت کرے۔

عالم باعمل فاضل اجل جناب مفتی مولوی حاجی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ العلماء ہند دہلی — اس قرآن مجید کا خط واضح اور صاف ہے چھپائی بھی اچھی اور عمدہ ہے پانچ ترجمے ہیں اس کے حاشیہ پر کامل اردو تفسیر مسمّیٰ بہ احسن التفاسیر چڑھا دی گئی ہے۔ یہ تفسیر حضرت مولانا احمد حسن صاحب دہلوی مرحوم و مغفور کی تالیف ہے جو مختصر اور عام فہم اور آپ کی بہترین تالیف میں سے ہے الحاصل یہ کلام مجید بہت سی خوبیوں کا مجموعہ اور بہت سے جواہرات کا خزینہ ہے کاغذ بھی اچھا ہو تو اور دیدہ زیب ہے ہر مسلمان کو اس بے بہا اور انمول تحفہ کو حاصل کرنا چاہیئے۔

فخر دہلی اسد الاسلام حضرت مولانا الحاج مولوی احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ العلماء ہند دہلی — پانچ ترجمہ کا قرآن مجید جسکے حاشیہ پر اردو کی احسن التفاسیر بھی ہے اسکی ایک جلد اسوقت میرے سامنے ہے اس قرآن شریف کے متعلق صرف اتنا ہی عرض کرنا کافی ہوگا کہ آج تک اس شان کا قرآن حکیم طبع نہیں ہوا میری خواہش ہے کہ مسلمانوں کا کوئی گھر اس قرآن مجید سے خالی نہیں رہنا چاہیئے باوجود اس قدر بیشمار خوبیوں کے مسلمانوں کی عام حالت دیکھتے ہوئے قیمت بھی معمولی ہے لکھائی چھپائی اور کاغذ بہترین ہے۔

حضرت مولانا عبد الحلیم صاحب صدیقی پروفیسر ادبیات دار العلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ و سابق ناظم جمعیۃ علماء ہند — آپنے جو قرآن کریم پانچ مستند ترجمہ اور حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر کے ساتھ شایع کیا ہے مجھکو اسکے مطالعہ کا موقع ملا اس پُر آشوب زمانے میں جبکہ مسلمان اپنے مذہب سے ناواقف ہونے کے ارتداد دہریت و الحاد کے سیلاب میں بہتے چلے جاتے ہیں حق جل شانہ نے آپکو اس خالص دینی خدمت کی توفیق عطا فرمائی۔ مقام مسرت ہے کہ آپنے نہایت عرق ریزی اور جانفشانی سے کامیاب طریقہ سے اس مبارک خدمت کو انجام دیا جس پر اردو فارسی زبان سمجھنے اور بولنے والے تمام مسلمانوں کی جانب سے مستحق مبارکباد ہیں فشکر اللہ سعیکم وجزاکم عنا جزاء میں خود کو اس قابل پاتا ہوں کہ پورے وثوق و اطمینان کے ساتھ مسلمانوں کو مخلصانہ مشورہ دوں کہ ہر ایک گھر میں اسکا ایک ایک نسخہ ضرور موجود رہنا چاہیئے۔

ملنے کا پتہ: منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

تارکاپتہ "الجمعیۃ" دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۲۶۵

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۶۹۳

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

الجمعیۃ
روزنہ
دہلی

ید اللہ علی الجماعۃ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳
۱۶ ۲۰ ۲۴ ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ
ایک کالم
½ کالم
¼ کالم

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

ایڈیٹر
ہلال احمد زبیری بی۔اے

جلد ۱۳	دہلی یوم دوشنبہ ۲۰ رمضان المبارک ۱۳۴۹ھ ہجری مطابق ۹ فروری ۱۹۳۱ء عیسوی	نمبر ۹

فلسطین کے واقعات کی ایک اجمالی تاریخ

اعلان بالفور سے اس وقت تک کے واقعات پر ایک ہمہ گیر تبصرہ

حکومت برطانیہ نے اب تک کیا کیا رنگ بدلے!

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

فلسطین میں تحریک صیہونیت کی نشوونما نے اعراب فلسطین کو جن مشکلات میں مبتلا کردیا ہے اور قومی اور وطنی معاملات میں جو پیچیدگیاں پیدا کردی ہیں وہ اپنے ہمہ گیر اموال و عواطف کے اعتبار سے اسقدر مہیب ہیں کہ جن کی موجودگی میں فلسطین کے ہندوامن و سکون اور راحت و آسائش کی خوشگوار ہوائیں کبھی نہیں چل سکتیں...

فلسطین میں مسٹر چرچل کی آمد

براق شریف اور دیوار گریہ

عربوں اور یہودیوں میں خونریز جنگ

معاصرین کے افکار و آراء

مرحوم مولانا محمد علی سے بیوفائی (پیام)

قارئین جانتے ہیں کہ ہم مرحوم رئیس الاحرار کے گول میز کانفرنس میں جانے سے خوش نہ تھے...

مجھ کو دیار غیر میں مارا وطن سے دور
رکھ لی مرے خدا نے مری بیکسی کی شرم!

مسلمانوں کی ترقی کا راستہ (ہمت)

مہاتما گاندھی کے گیارہ مطالبات

ڈاکٹر مونجے کا یورپ میں قیام

فوجی کالجوں کا معائنہ

از دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی — ضمیمہ الجمعیۃ اشاعت ہذا
مسائل ہذا کو پڑھنے کے بعد مسجد میں چسپاں کرکے تبلیغی فرض ادا کیجئے

مسائل رمضان المبارک

رمضان المبارک کا مہینہ اسلامی برکتوں میں سے ایک عظیم الشان برکت کا مہینہ ہے۔ اس مبارک مہینہ میں حق جل مجدہ کی خاص رحمتوں کا نزول ہوتا ہے۔ بہت خوش قسمت ہیں وہ مسلمان جو اس مہینہ سے فائدہ اٹھانے میں کامیاب ہوئے اور جنہوں نے اس مقدس مہمان کی میزبانی کا حق ادا کردیا۔ سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ رمضان کی چاندرات کو دوزخ کے دروازے بند کردئیے جاتے ہیں اور جنت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں۔

بلا اختیار حلق میں مکھی یا مچھر چلے جانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ کان میں پانی چلا جائے۔ یا خود بخود تھوڑی سی قے ہوجائے یا خواب میں احتلام ہوجائے یا قے خود بخود آکر حلق میں لوٹ جائے۔ یا آنکھ میں دوا ڈالی جائے۔ ان باتوں سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ روزہ میں مسواک کرنا خوشبو سونگھنا۔ سرمہ لگانا۔ سر میں تیل ڈالنا جائز ہے۔

روزہ نہ رکھنے کے عذر

اگر مرض پیدا ہونے یا مرض بڑھ جانے کا اندیشہ ہو۔ دودھ پلانے والی کو اپنی یا اپنے بچے کی جان کا خوف ہو... یا عورت حاملہ ہو اور روزہ سے نقصان کا خوف ہو یا مسافر ہو یا عورت کو...

نماز تراویح

نماز تراویح رمضان شریف میں مرد اور عورت کے لئے سنت موکدہ ہے۔ نماز تراویح روزہ کے تابع نہیں ہے۔ جو لوگ کسی وجہ سے روزہ نہ رکھ سکیں ان کو بھی تراویح پڑھنا سنت ہے اگر نہ پڑھیں گے تو ترک سنت کا گناہ ان پر ہوگا۔ مسافر اور مریض...

اعتکاف

صدقہ فطر

روزہ کے ضروری مسائل

سحری و افطار کے مسائل

روزہ کے مستحبات و مکروہات

روزہ میں لغو اور فضول باتوں سے پرہیز کرنا۔ کثرت سے عبادت کرنا شب بیداری کرنا۔ عشرہ اخیرہ کا اعتکاف کرنا۔

روزہ کے فاسد ہونے والی چیزوں کا بیان

سنن عید الفطر

نماز عید الفطر

رمضان المبارک کے برکات

رحمت کی ندائے عام

یا باغی الخیر اقبل ویا باغی الشر اقصر۔ اے بھلائی طلب کرنیوالے آگے بڑھ اور اے برائی کی راہ چلنے والے پیچھے ہٹ

اس رحمت کی غیبی بشارت کو ایمان اور اخلاص و یقین کے کانوں سے سننے والے اگر اسپر عمل کرکے دامن تمنا کو جواہر مقصود سے بھرلیں تو زہے سعادت۔ اور جو اسے نہ سنیں یا سنکر عمل نہ کریں تو وائے حرمان و شقاوت۔ یہ مبارک مہینہ ہی وہ مہینہ ہے جسمیں ہر نیکی کا اجر و ثواب سات سو گنے تک بلکہ اس سے بھی زیادہ بڑھجاتا ہے۔ جن مومنین مخلصین کے قلوب اس مہینے کے پرکیف ذوق سے آشنا ہیں وہ ہر قسم کے اعمال صالحہ اور خیرات و مبرات کیلئے بڑی بے چینی سے اس مہینے کا انتظار کرتے ہیں اور حضور انور صلعم کے فیوض اور کرم پاشیاں اس ماہ مبارک میں نسیم جاں افروز سے بھی زیادہ عام ہوجاتی تھیں جمعیۃ علمائے ہند جو مسلمانوں کی دینی اور اقتصادی اور سیاسی اور تبلیغی خدمات انجام دے رہی ہے سب سے زیادہ مسلمانوں کی توجہ اور بذل کرم کی مستحق ہے۔ عام صدقات کے علاوہ زکوٰۃ اور صدقۃ الفطر کی رقوم بھی حلقہ ارتداد کے نومسلموں اور غریب بچوں کی ضروریات اور ان کی تعلیمی مصارف میں صرف ہوسکتی ہیں۔ مبلغین اور معلمین اور جمعیۃ کے دفتری ملازمین اور اس دینی اور اسلامی ادارہ کو قائم رکھنے کے لیئے امدادی قوم کی بھی بیحد ضرورت ہے۔

اگرچہ میں رمضان المبارک سے قبل اپنی جبری غیر حاضری کی وجہ سے مسلمانوں کی خدمتمیں کوئی اپیل نہ کرسکا تاہم اہل خیر اور ارباب ہمت کے لیئے ابھی وقت باقی ہے۔ امید ہے کہ تمام اہل دل جمعیۃ علما کی مالی اعانت کیلئے دست کرم بڑھائیں گے اور معاونین قدیم اپنی اعانت کی مقدار کو اس مرتبہ خصوصیت سے زیادہ فرماوینگے۔ وللاجر الکبیر عند اللہ

احمد سعید
ناظم جمعیۃ علمائے ہند

احمد سعید ناظم جمعیۃ علماء ہند دہلی

الجمعیۃ جمعیۃ علما ہند کا اخبار ہے جو ہفتہ میں دوبار شائع ہوتا ہے ہندوستان اور ممالک غیر کی تمام ضروری خبریں عربی اخبارات کے تراجم ہر تیسرے روز پیش کرتا ہے اور واقعات حاضرہ پر بہترین تنقیدوں کے علاوہ مختلف شرعی مسائل پر حضرت مولانا محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند کے فتاوے شایع کرتا ہے قیمت سالانہ صرف چھ روپے ششماہی تین روپیہ چار آنہ نمونہ مفت منیجر "الجمعیۃ" دہلی

برطانوی دارالعوام میں گول میز کانفرنس پر مباحثہ

وزیراعظم، وزیرہند اور دیگر اراکین پارلیمنٹ کی تقریریں

حکومت برطانیہ کے آئندہ منصوبوں کی جھلک

(گزشتہ سے پیوستہ)

فرقہ وارانہ مسائل

مسائل کا ایک اور شعبہ بھی ہے جس کا ہمیں مقابلہ کرنا ہے۔ اس پر دستور اساسی میں بحث کی جائے گی اور وہ فرقہ دار اقلیتوں کے مسائل ہیں۔ ان کی ...

کے لئے متفقہ فیصلہ کیا۔ میں خیال کرتا ہوں کہ ایک مندوب نے کسی چیز سے اختلاف کیا تھا لیکن میں یہ کہنے میں حق بجانب ہوں کہ متفقہ قرارداد منظور ہوئی کہ یہ رپورٹیں اگرچہ قابل ترمیم اور عارضی ہیں لیکن کانفرنس کی رائے میں ایک ایسا مواد بہم پہنچاتی ہیں جو ہندوستان کے لئے دستور اساسی مرتب کرنے میں بیحد مفید ثابت ...

حکومت ہند کے میزانیہ میں کروڑوں روپیہ کا خسارہ

ملازمین کی تخفیف اور محصولات میں اضافہ

ایک رکن اسمبلی کا انکشاف حقیقت

(ترجمہ خصوصی)

نئی دہلی ۳ر جنوری ... ایک اخبار کے نمائندے سے فرمایا کہ موجودہ مجلس ۱۹۱۹ء کی اصلاحات نافذ ہونے کے بعد سب سے زیادہ کمزور مجلس ہے ... منتخب ہوتے چلے آتے ہیں اور مجلس مقننہ کا بارہ سالہ تجربہ رکھتے ہیں۔

سب سے زیادہ کمزور اسمبلی

ہونا ہے کہ چاندی ... پر اضافہ کیا جائے گا۔

معلوم ہوا ہے کہ حکومت نے انکم ٹیکس میں بھی اضافہ کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ اس سلسلہ میں یہ افواہ گرم ہے کہ ...

اور ملوں پر ... کے محصول کو آئندہ مارچ تک جاری رکھنے کی تجویز منظور کرائی ہے۔ اور اس طرح میزانیہ میں ایک کروڑ روپیہ سے زیادہ کی کمی پوری ہو جائے گی لیکن پھر بھی کئی کروڑوں کی کمی پوری کرنی باقی رہیگی۔ بعض باخبر حلقوں میں تصدیق کرنے سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت جن چیزوں کے محصولوں میں اضافہ کرنا چاہتی ہے وہ چاندی اور مٹی کا تیل ہے۔ معلوم ...

حجاز کی عسکری طاقت سے بینہ بک عظمہ کا استعفا

المقطم کے نمائندے سے موصوف کا مکالمہ

سلطان ابن سعود کی فوجی حکمت عملی اور الحاق عسیر پر تبصرہ

جب بینہ بک ... حجاز کی عسکری طاقت سے مستعفی ہوئے تھے تو سیاسی حلقوں میں مختلف قیاس آرائیاں کی گئی تھیں۔ بعض لوگ آپ کے استعفیٰ کو سیاسی چال تصور کرتے تھے ...

... نئے ملازم ہونے کے بعد نجد و حجاز کی عسکری طاقت کا عمیق مطالعہ کیا اور اپنے علم اور طاقت کے مطابق اس میں اصلاح کرنے کی کوشش شروع کر دی۔ بالآخر اس سلسلہ میں میں نے ایک مفصل رپورٹ مرتب کی اور اس کو حکومت کے سامنے پیش کر دیا۔ میں یقین کرتا ہوں کہ انشاءاللہ تعالےٰ یہ رپورٹ آئندہ عسکری نظام کی بنیاد ثابت ہوگی۔ جلالۃ الملک سلطان ابن سعود اس رپورٹ پر غور و خوض کر رہے ہیں۔ نمائندہ نے دریافت کیا ... آپ عسکری طاقت سے مستعفی ہو چکے ہیں اسلئے یہ ممکن ہے کہ حکومت آپکی سفارشات کو عملی جامہ پہنانے سے گریز کرے۔ آپ نے فرمایا کہ "حکومت میری سفارشات کو کسی طرح نظرانداز نہیں کر سکتی کیونکہ میں نے جو سفارشات پیش کی ہیں حکومت کے لئے ان پر عمل کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں ہے میں توقع کرتا ہوں کہ اگر جلالۃ الملک نے عاقبت اندیشی اور دور بینی سے کام لیا تو وہ نجد و حجاز کی عسکری طاقت کو جلد از جلد مستحکم و مضبوط بنانے کی تدابیر اختیار کرنی شروع کر دیں گے تاکہ ماحول ... کا مقابلہ کیا جا سکے۔"

نجد و حجاز کی عسکری طاقت

سلطان ابن سعود کی ...

وزیر عدلیہ حکومت افغانستان کا استعفا

ایک سرغنہ کی سزائے موت سپہ صدر اعظم سے اختلاف

حضرت شیر آغا کی نظر بندی کا حکم جاری ہوگیا

پشاور ۳ر جنوری ... افغانستان ... اطلاع دیتا ہے کہ حضرت شیر آغا وزیر عدلیہ حکومت افغانستان اپنے منصب وزارت سے مستعفی ہو گئے ہیں۔ حضرت شیر آغا صاحب شور بازار کے بڑے حاجی ہیں اور انہوں نے انقلاب افغانستان کے زمانہ میں غلزئی قبائل کو ... کے خلاف ... بادشاہ نادر خان کی امداد کی تھی ...

سردار ہاشم خان صدر اعظم نے حکم بھیجا کہ وہ اس وقت سے نظر بند ہیں اور ان کو اپنے گھر سے باہر قدم نہیں نکالنا چاہئے۔

کہا جاتا ہے کہ حضرت شیر آغا اور حضرت شور بازار کو افغانی قبائل میں بہت زیادہ رسوخ حاصل ہے۔ (سول اینڈ ملٹری گزٹ)

ایوان تجارت ہند کی وفاقی مجلس کا اجلاس

"وزیر اعظم کا اعلان مبہم اور ناکافی ہے"

جملہ سیاسی قیدیوں کی رہائی اور ہنگامی قوانین کی تنسیخ کا مطالبہ

بمبئی ۵ رفروری۔ ایوان تجارت ہند کی وفاقی مجلس کا ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں وزیر اعظم کے اعلان کی روشنی میں ملک کی سیاسی صورت حال پر غور کیا گیا۔ گرما گرم مباحثہ کے بعد دو تجویزیں منظور کی گئیں۔ ایک تجویز میں وزیر اعظم کے اعلان کو مبہم اور ناکافی بتایا گیا ہے اور یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ ...

اتحاد عسیر کی تاریخ

فلسطین کے واقعات کی ایک اجمالی تاریخ

(بسلسلہ صفحہ اول)

یس جن میں ۴۵ یہودی مارے گئے اور ۵۹ شدید طور پر زخمی ہوئے فلسطین کے منافات میں بھی اس سلسلہ میں شدید ہنگامے ہوئے۔ چنانچہ ... یہودیوں اور عرب مسلمانوں میں کئی بار زور آزمائی ہوئی۔ آخر کار برطانیہ نے مالٹا سے فوجی طاقت طلب کی اور مسلح موٹر کاریں، مشین گن، ہوائی جہاز، جنگی جہاز ...

... بعض شائع کیا جس میں لکھا کہ دو لاکھ ساٹھ ہزار ایکڑ زمین یہودیوں کو فلسطین میں مل چکی ہے، اب جدید وطن اختیار کرنے والے یہودیوں کیلئے کوئی زمین نہیں دی جائے گی۔ لارڈ پاسفیلڈ نے اپنے اعلان میں مزید کہا کہ "اگر یہودیوں کے آنے سے عربوں کو کافی کام نہیں ملتا یا اگر یہودیوں کی بیکاری مزدوروں کو نقصان پہونچاتی ہے تو ہمارا فرض ہے کہ ہم یہودیوں کا آنا یا تو کم کر دیں یا اس وقت تک کیلئے بند کر دیں جب تک کہ بیکاروں کو کام نہ مل جائے۔" لارڈ پاسفیلڈ کی اس حکمت کا شائع ہونا تھا کہ یہودیوں میں کہرام مچ گیا اور عربوں کے خلاف انہوں نے باضابطہ کارروائیاں شروع کر دیں۔ نیویارک سے لیکر وارسا تک مختلف ممالک میں اس اعلان کی پرزور مخالفت کی گئی۔ ڈاکٹر وائزمین نے صیہونی تحریک کی مجلس اعظم کی صدارت سے استعفیٰ دیدیا۔ مسٹر لائڈ جارج، بالڈون، چرچل، سر جان سائمن وغیرہ برطانوی ارکان نے کہا کہ لارڈ پاسفیلڈ کا یہ اعلان بالفور کے اعلان کی قطعی تنسیخ ہے اور ...

کیا گیا تھا یہ اس کے بالکل خلاف ہے ... نے یہ بھی کہا کہ "ہم لوگ عرب لوگوں کو مطمئن نہ کر سکیں گے۔ البتہ ایک زبردست قوم (یہودی) کو اپنا دشمن بنا لیں گے۔ اور اس سے بھی زیادہ خطرناک بات یہ ہوگی کہ ہم لوگ وعدہ خلاف کہلائیں گے۔" مسٹر بالڈون، مسٹر آسٹن چیمبرلین اور مسٹر ایمری نے انگلستان کے مشہور اخبار "ٹائمز" کو ایک مکتوب لکھا تھا جس میں یہ تینوں مسٹر فرماتے ہیں کہ "یہ بالکل ظاہر ہے کہ لارڈ پاسفیلڈ کی اس حکمت عملی سے امریکہ ...

... کے ملک پر انگلستان اپنا اقتدار قائم رکھے۔ اور فلسطین سے زیادہ مفید اور موزوں ملک اور کہاں میسر آسکتا ہے؟ اس لئے انگلستان فلسطین کی سیاست میں کوئی کمزوری دکھلانے کے لئے تیار نہیں ہے۔

چھوٹے دریبہ میں آتشزدگی

تین دوکانیں جل گئیں

دہلی ۵ رفروری۔ آج شب کو ۹ بجے کے قریب چھوٹے دریبہ میں تین دوکانوں کے اندر آگ لگ گئی۔ فائر بریگیڈ وقت پر پہنچ گیا اور جلد ہی آگ پر قابو پا لیا گیا۔ نقصان کا اندازہ اس وقت تک نہیں معلوم ہوا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

۹ر فروری ۱۹۳۱ء

ہندوستان کا آئندہ دستور اساسی

"ذمہ داری" اور "تحفظات"

(۴)

مرکز اور صوبوں میں ذمہ داری کے ساتھ ساتھ انگلستان اور اقلیتوں کے مفاد کا تحفظ کرنے کے لئے جو ذرائع اختیار کئے جا رہے ہیں وہ دو قسم کے ہیں۔ سب سے پہلے تو وہ اختیارات ہیں جو گورنر جنرل اور گورنروں کو اس ...

کے تحفظ کو گورنر جنرل اور گورنروں کے اختیارات میں دیدینے کا سب سے زیادہ مضرت رساں نتیجہ یہ برآمد ہوگا کہ اقلیتیں اور اکثریت دونوں ہمیشہ وائسرائے کی طرف متوقعانہ نظروں سے دیکھتی رہیں گی۔ اور اگر یزوں کو بآسانی ...

ہر اقلیت اپنی جگہ پر یہ سمجھنے لگے گی کہ اس کے حقوق کا جو فیصلہ ہو چکا ہے اس پر اکثریت برابر قائم ہے اور اس کی کوشش نہیں کرتی کہ خواہ مخواہ اپنی حدود سے تجاوز کرے۔ یہ حالات انجام کار نہایت مفید ثابت ہونگے اور ہندوستان کے مستقبل کو یقیناً شاندار بنادیں گے۔ (باقی آئندہ)

شراب کے ٹھیکے پر زبردست پکٹنگ

سترہ رضاکاروں کی گرفتاری

احمد آباد ۷ر فروری۔ شراب کی دوکانوں کا ٹھیکہ فروخت کیا جانے والا تھا لیکن کانگریسی رضاکاروں نے صبح ہی سے پکٹنگ لگا دیا تھا۔ پولیس نے متعدد رضاکاروں کو گرفتار کیا ہے۔ گرفتار شدہ رضاکاروں کی بجائے دوسرے رضاکار موقع پر آجاتے ہیں۔ اس وقت تک تقریباً سترہ رضاکار گرفتار کئے جا چکے ہیں جن میں سیٹھ امبالال کی دو صاحبزادیاں بھی شامل ہیں۔ (اسپ)

سر تیج بہادر سپرو، شاستری و دیگر گول میزی مندوبین بمبئی پہنچ گئے

گول میزیوں کی جانب سے ایک اعلان

بمبئی ۶ر فروری۔ آج صبح ... گول میزی مندوبین جن میں مسٹر شاستری، سر تیج بہادر سپرو، مسٹر جیکر اور مسٹر ... شامل ہیں بمبئی پہنچ گئے ہیں۔ ان مندوبین نے ایک اعلان شائع کیا ہے جس میں یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ اب عام طور پر یہ تسلیم کیا جا چکا ہے کہ ہندوستان کو درجہ ...

حضرت مولانا عبد الحلیم الصدیقی کی مراجعت لکھنؤ

دہلی ۸ر فروری۔ حضرت مولانا الحاج الحافظ محمد عبد الحلیم الصدیقی صاحب تقریباً تین ہفتہ کے قیام دہلی کے بعد کل ۸ر فروری کو شب کے گیارہ بجے والی ٹرین سے براہ مراد آباد لکھنؤ تشریف لیجائیں گے۔ حضرت مولانا کے مخلصین و احباب آئندہ بازار جھاؤ لال لکھنؤ کے پتہ پر خط و کتابت کریں۔

جامع مسجد دہلی میں تیس ہزار مسلمانوں کا اجتماع

اسلامی پرسنل لا کی حفاظت

جمعیۃ علمائے ہند کی صحیح رہنمائی کا اعتراف

ڈاکٹر سر ہری سنگھ گور کی مسترد شدہ تجویز ازدواج بین الملل کے متعلق جمعیۃ علمائے ہند نے ۶ر فروری ۱۹۳۱ء کو بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں جلسہ کا اعلان کیا تھا جس میں تقریباً تیس ہزار مسلمان شریک تھے۔ سب سے پہلے حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی تحریک اور مولانا عبد الصمد صاحب رحمانی نائب ناظم کی تائید سے حضرت مولانا الحاج حافظ عبد الحلیم صاحب صدیقی صدر ہوئے اور حافظ عبد الغفار صاحب کی تلاوت قرآن مجید کے بعد حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب نے حسب ذیل تقریر فرماتے ہوئے ذیل کی تجویز پیش کی:-

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کی تقریر

حضرات آج کا یہ عظیم الشان اجتماع اس غرض کیلئے کیا گیا ہے کہ آپ کو مطلع کیا جائے کہ ڈاکٹر گور کا وہ بل جو عرصہ سے اسمبلی میں پیش کیا جا چکا ...

پیش کرنے والا ہوں آپ کو اچھی طرح سمجھا دیا ہے۔ اور اب آپ کو اس کے منظور کرنے میں کوئی تامل نہ ہوگا۔

تجویز نمبر ۱

"مسلمانان دہلی کا یہ عام جلسہ ۶ر فروری ۱۹۳۱ء کو اسمبلی میں ڈاکٹر گور کے مسودۂ قانون ازدواج بین الملل کے مسترد ہو جانے کے متعلق

(الف) جمعیۃ علمائے ہند کی اُن تمام مساعی جمیلہ کا صدق دل سے اعتراف کرتا ہے جو اس بل کے ابتدائی مدارج سے لیکر مسترد ہونے کی تاریخ تک جمعیۃ نے کیں اور جن کا نتیجہ یہ ہوا کہ یہ بل مسترد ہو گیا۔

(ب) نیز یہ جلسہ حکومت کے اس رویہ کو جو اس بل کے استرداد کے لئے اس کی جانب سے سرکاری ارکان بالخصوص لا ممبر نے ظاہر کیا ہے حکومت کی دور اندیشی اور معاملہ فہمی پر مبنی سمجھتے ہوئے اس کی تحسین کرتا ہے ...

حضرت مولانا عبد الحلیم صاحب کی تقریر

[illegible]

پنڈت موتی لال جانبر نہ ہو سکے

ہندوستان کی آزادی کا علمبردار چل بسا

ملک کے لئے ناقابل تلافی نقصان

لکھنؤ ۶ر فروری۔ آج صبح ساڑھے چھ بجے پنڈت موتی لال نہرو اس دار فانی سے کوچ کر گئے۔ پنڈت جی شام کے ساڑھے چار بجے تک ہوش میں تھے لیکن شب کے وقت دمہ اور کھانسی کی زیادتی نے آپ کو بہت زیادہ تکلیف دی اور آپ نے تمام شب بے چینی کے ساتھ گذاری۔

پنڈت جی کے انتقال کے وقت پنڈت جواہر لال نہرو، گاندھی جی، مسز سروجنی نائیڈو، مسٹر مہادیو ڈیسائی اور نہرو خاندان کے چند افراد لکھنؤ میں موجود تھے۔

پنڈت جواہر لال نہرو تمام شب پنڈت جی کے بستر کے قریب بیٹھے رہے، گاندھی جی اور مسز نائیڈو کو طلوع صبح سے پہلے بستر کے قریب بلایا گیا۔ ساڑھے پانچ بجے کے قریب پنڈت جی نے پانی مانگا لیکن پانی حلق سے نیچے نہ اتر سکا اور پنڈت جی فوراً بے ہوش ہو گئے اور تھوڑی دیر ...

[illegible]

لارڈ ارون کا تعزیتی پیغام

وائسرائے کے پرائیویٹ سکرٹری نے ذیل کا تار پنڈت موتی لال نہرو کی اہلیہ کے نام ارسال کیا ہے: "وائسرائے اور لیڈی ارون نے آپ کے خاوند کی موت کی خبر نہایت رنج و افسوس کے ساتھ سنی۔ وائسرائے اور لیڈی ارون کو آپ کے حزن و ملال میں مخلصانہ اور گہری ہمدردی ہے۔"

انڈین نیشنل کانگریس کا آئندہ اجلاس مارچ کے آخر میں ہوگا

صدر پراونشل کانگریس کمیٹی سندھ کا بیان

بمبئی ۵ر فروری۔ ڈاکٹر چوتھ رام صدر پراونشل کانگریس کمیٹی سندھ نے حسب ذیل بیان اخبارات میں شائع کرایا ہے:- "انڈین نیشنل کانگریس کا آئندہ اجلاس ایسٹر کی بجائے ماہ مارچ کے آخری ایام میں منعقد ہوگا۔ اجلاس کی تاریخوں کا تعین صدر آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے مشورہ کے بعد کیا جائیگا۔ استقبالیہ مجلس کی ترتیب قریب الختم ہے۔ اور کانگریس کے اجلاس کو کامیاب بنانے کے لئے ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے۔"

برما میں پولیس اور باغیوں کا تصادم

تین اشخاص ہلاک اور چھ مجروح

رنگون ۵ر فروری۔ تنایان ضلع تھار واڈی میں پولیس اور باغیوں کے مابین جو جنگ حال ہی میں ہوئی تھی اس میں تین باغی مارے گئے ہیں اور چھ مجروح ہوئے ہیں۔ پولیس کا بھی ایک آدمی مجروح ہوا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ دو باغی سردار جن کے ہمراہ تقریباً ایک سو باغی اور ہیں بندوقیں ہیں تازہ حملوں میں بہت زیادہ حصہ لیتے رہے ہیں۔ اور ان حملوں کی ذمہ داری بھی انپر عائد ہوتی ہے حکومت نے ان دونوں باغیوں کی گرفتاری کے لئے انعام کا اعلان کر دیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ دونوں آدمی بوہا کے علاقہ میں پناہ گزیں ہیں۔

پنڈت جی کی وفات پر لاہور میں ہڑتال

لاہور ۶ر فروری۔ آج لاہور میں سوائے مسلمانوں کی دوکانوں اور حکومت کے دفاتر کے پنڈت موتی لال نہرو کی وفات پر ہڑتال منائی گئی۔ پنڈت جی کی وفات پر آزاد حلقوں میں بہت زیادہ رنج و افسوس کا اظہار کیا گیا کیونکہ پنڈت جی ہندوستان کے نوجوانوں پر اعتدال کے ساتھ خاص اثر رکھتے تھے۔ ملک برکت علی مشہور مسلمان نے پنڈت جی کی وفات پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی وفات سے ہندوستان کو ناقابل تلافی نقصان پہونچا ہے۔

احمد آباد میں شراب کی دوکانوں کا نیلام

ایک ہزار معزز شہریوں اور رضاکاروں کی گرفتاری

احمد آباد ۶ر فروری۔ آج شراب کی دوکانوں کے نیلام کے موقعہ پر جو رضاکار گرفتار ہوئے ہیں ان کی مجموعی تعداد ۹۲۷ ہے ان گرفتاریوں میں سیٹھ امبالال کا خاندان، سیٹھ کستوری بھائی لال بھائی، سر سارا بھائی، سیٹھ کستور بھائی اور سرچند بھائی مل ایجنٹ بھی شامل ہیں۔ لیکن نیلام ختم ہوتے ہی سب کو چھوڑ دیا گیا۔ رہائی کے بعد ان تمام لوگوں نے شہر کے بازاروں میں جلوس ...

ہندوستان میں پنڈت جی کا ہمہ گیر ماتم

رہنمایان قوم کا اظہار تعزیت

پنڈت موتی لال نہرو کے انتقال پر دہلی میں جلسہ

تمام شہر میں ہڑتال اور سیاہ جھنڈیوں کا ماتمی جلوس

رہنمایان دہلی کی جانب سے آنجہانی کی خدمات کا اعتراف

دہلی ۶ر فروری۔ پریذیڈنٹ موتی لال نہرو کی وفات کی خبر آتے ہی تمام شہر میں ہڑتال کر دی گئی۔ طلباء کی ایک جماعت برہنہ سر اور ہاتھوں میں سیاہ ...

[illegible]

پنڈت جی کی وفات کی خبر پہنچی ہے اسی وقت تمام شہر میں جھنڈوں سے اس کا اعلان کر دیا گیا۔ عام خیالات کے لوگوں نے پنڈت جی کی وفات پر اظہار افسوس کیا اور ان کی خدمت میں خراج عقیدت پیش کیا عام لوگوں کی نظروں میں پنڈت جی کی وفات اس نازک وقت میں ملک کے لئے ایک ناقابل تلافی نقصان ہے۔

پونا

پونا ۶ر فروری۔ پنڈت موتی لال نہرو کے انتقال کی اندوہناک ...

[illegible]

مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کا پیام

مسٹر جواہر لال پریسیڈنٹ کانگریس کمیٹی کے نام

[illegible]

الٰہ آباد

[illegible]

مدراس

[illegible]

احمد آباد میں تین سو رضاکاروں کی گرفتاری

[illegible]

لارڈ ارون کے نام گاندھی جی کا مکتوب
گفتگوئے مصالحت سے پیشتر پولیس کی زیادتیوں کی تحقیقات ضروری ہے
حکومت کی تبدیلی قلب کے متعلق گاندھی جی کی "خاص آزمائش"

الہ آباد ۳ر فروری۔ اخبار لیڈر کا سیاسی نامہ نگار رقمطراز ہے:

"معلوم ہوا ہے کہ گاندھی جی وزیر اعظم کے اعلان پر سنجیدگی اور متانت کے ساتھ غور کرنے سے پیشتر حکومت کی تبدیلی قلب کے متعلق یقین حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ چنانچہ آپ نے ہز ایکسلنسی لارڈ ارون کو ایک مکتوب تحریر کیا ہے جس میں پولیس کی زیادتیوں کے تقریباً چھ واقعات کی سرکاری تحقیقات کرنے پر زور دیا گیا ہے گاندھی جی ان واقعات کی تحقیقات کو "خاص آزمائش" خیال فرماتے ہیں۔ مزید معلوم ہوا ہے کہ اگر لارڈ ارون نے اس قسم کی تحقیقات کے مطالبہ کو منظور کر لیا تو گاندھی جی آپ کی اس تحریک کو خواہش صلح کی حقیقی نشانی تصور کریں گے۔ اور پھر کانگریسی لیڈروں کو وزیر اعظم کے اعلان سے فائدہ اٹھانے کی ترغیب دیں گے۔

کمالی حکومت کی بے راہ روی کا المناک منظر
۲۸ حامیان شرع کو پھانسی دیدی گئی

قسطنطنیہ ۴ر فروری۔ ۲۸ درویش، حجاج، اسیوخ، اور علماء کو صبح منیمن میں پھانسی دیدی گئی۔ انہیں ۳ر دسمبر کو حکومت کیخلاف بغاوت کرنیکا مجرم قرار دیا گیا تھا۔ (ریوٹر)

رمضان المبارک کا رعایتی اعلان

مزید رعایت

[illegible]

کارخانہ گھڑی سازی ... مسلم ٹریڈنگ کمپنی صدر بازار میرٹھ (یو۔پی)

ضروری اطلاع

بجائے کارخانہ مشین سیویاں قادیان پنجاب کے اب ہمارا پتہ ہندوستانی ایجاد گھر دہلی ہے

نقالوں سے خبردار رہیں

تحفہ عید مبارک

خلاف تحریر ہو تو قیمت واپس

نوایجاد مشین سویاں

ملنے کا پتہ: ہندوستانی ایجاد گھر دہلی

بیکاروں کیلئے سنہری موقع

تمام ہندوستان میں اس سے بہتر کوئی اور کالج نہیں ہے۔

متصل جامع مسجد دہلی

دوا العصفور

حکیم ظہیر الحسن ... دہلی

چار روپے بارہ آنہ میں سب گھڑیاں ... [illegible]

دی آل انڈیا ہومیوپیتھی ٹیوٹ دہلی

چار شادیوں کا لطف

تازہ تصدیقات

بس لذت شباب کیا ہے خوب طلا

کیمیاوی کمپنی پوسٹ بکس نمبر ۱۲۹ دہلی

روزنامہ الجمعیۃ

منیجر الجمعیۃ دہلی

آزمائی ہوئی شرطیہ علاج ... دربھنگہ

"مفاہمت کا امکان موجود ہے"
مسٹر منشی کا اخبارات کے نام بیان

بمبئی ۳ر فروری۔ مسٹر کے۔ ایم۔ منشی مسٹر شنکر لال بینکر مسز پیرن کیپٹن اور بمبئی کے دیگر کانگریسی لیڈر آج الہ آباد سے بمبئی پہنچ گئے ہیں۔ اکثر کانگریسی لیڈروں نے الہ آباد سے روانہ ہونے سے قبل فرمایا کہ "مفاہمت کا امکان موجود ہے"۔

مسٹر منشی نے اخبارات کو بیان دیتے ہوئے فرمایا کہ گاندھی جی کی قیادت میں لیڈروں کے مابین جو گفت و شنید ہوئی ہے اس کی ایک نمایاں خصوصیت تو یہ ہے کہ لیڈروں نے اتفاق رائے سے کام لیا۔ اور اگر ارباب حکومت نے مخلصانہ قلبی تبدیلی ظاہر کی کہ ہندوستان آزاد اور خود مختار ہوگا۔ تو کانگریس تعاون کرنے کے لئے تیار ہو جائیں گے۔

مسٹر منشی نے فرمایا کہ صلح کے راستہ میں حکومت جو آئندہ قدم اٹھا سکتی ہے وہ یہ ہے کہ حکومت گاندھی جی کی ان تجاویز کو قبول کر لے جو الہ آباد میں پاس کی گئی ہیں۔

گول میز کانفرنس کی کارروائی کا مجموعہ
حکومت نے ایک ضخیم کتاب شایع کر دی

لندن ۳ر فروری۔ برطانوی حکومت نے گول میز کانفرنس کی کارروائیوں کو ایک کتاب کی صورت میں شایع کیا ہے۔ یہ کتاب نیلے رنگ کی ہے اور ۱۳۰ ۵ صفحات پر مشتمل ہے۔ اس کتاب میں گول میز کانفرنس کے چھ مکمل اجلاسوں کی تقریریں (جو ۱۲ر نومبر اور ۲۱ نومبر کے درمیان میں کی گئی تھیں) ماتحت مجالس کی رپورٹیں اور ان رپورٹوں پر تنقیدیں وغیرہ شامل ہیں۔ ۱۶ اور ۱۹ جنوری کو کانفرنس کے آخری اجلاس میں جو مباحثہ ہوا تھا وہ بھی اس کتاب میں شامل ہے۔

کراچی میں پکٹنگ کا زور
پولیس سے تصادم اور چار رضا کاروں کی گرفتاری

کراچی ۳ر فروری۔ گذشتہ جمعہ کے مقامی ستیہ گرہیوں اور پولیس کے درمیان پھر تصادم ہوا ہے۔ ستیہ گرہی شمالی مشرقی جانب کپڑوں کے ذخیرہ پر پکٹنگ لگا رہے ہیں۔ اور جو لوگ کپڑوں کی گانٹھیں لیجانے کا ارادہ کرتے ہیں ان کو آگے نہیں بڑھنے دیتے اور ان کے راستہ میں مزاحمت کرتے ہیں۔

کل کراچی کے ایک قلی نے اسٹیشن سے پرے کپڑوں کا بنڈل رکھکر ریلوے ڈپو پر لیجانا چاہا مگر ستیہ گرہی راستہ روک کر سڑک پر لیٹ گئے اس تنازعہ میں قلی کے ٹھوکر لگی اور بدیشی کپڑے کی گانٹھ ایک رضا کار پر گری جس کے باعث وہ بے ہوش ہو گیا۔ کپڑے کے بنڈل سے رضا کار کے چہرہ اور سر پر زخم آئے اور وہ ہسپتال پہنچا دیا گیا۔ آج صبح بھی اسی قسم کی مزاحمت کی گئی۔ اس کے بعد کپڑے کا بنڈل پولیس کی حفاظت میں ریلوے پر پہنچا دیا گیا۔ دوپہر کو چار رضا کار [illegible]

شب قدر کی برکتیں

شب قدر آرہی ہے۔ اگر آپ اس مقدس رات کی علامت اس کے فیضان واثرات اور اس کی جملہ خوبیوں اور برکتوں سے بہرہ اندوز ہونا چاہتے ہیں تو لیلۃ القدر آنے سے پہلے ہی کتاب

برکات رمضان

[illegible]

منیجر کتب خانہ دینیات مدرسہ امینیہ دہلی

ولنگٹن میں قیامت صغریٰ کا منظر
مسلسل دو گھنٹہ تک زلزلہ کا تباہ کن صدمہ
آدھا شہر برباد ہو گیا

ولنگٹن ۳ر فروری۔ آج صبح کے وقت ہسپیر میں زلزلہ کا خوفناک اور شدید صدمہ محسوس ہوا جو کہ تقریباً دو گھنٹہ تک جاری رہا۔ لاسلکی کا پیغام مظہر ہے کہ زلزلہ کے ختم ہونے پر شہر ایسا معلوم ہوتا تھا کہ جیسے عظیم کا ذہ [illegible] لوگ بھاگ کر اپنی جانیں نہیں بچا سکے۔ اور جو لوگ بھاگ کر بازاروں میں گئے تو وہ وہاں موت کا لقمہ بن گئے۔ کہا جاتا ہے کہ آدھا شہر برباد ہو گیا ہے تمام بڑی بڑی عمارتیں منہدم ہو گئی ہیں ... اس کا نشان بھی باقی نہیں ... اور قیامت صغریٰ کا منظر پیش ہے ... مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔

گول میز کانفرنس کے بعد حکومت کا دوسرا قدم کیا ہوگا؟
وزیر اعظم وزیر ہند اور لارڈ ولنگڈن کے مابین کانفرنس
برطانوی سیاسی حلقوں میں چہ میگوئیاں

لندن ۳ر فروری۔ سیاسی حالات بہت جلد تبدیل ہو رہے ہیں ہر شخص کی زبان پر یہ ہے کہ گول میز کانفرنس تو ختم ہو چکی۔ اب حکومت کا دوسرا اقدام کیا ہوگا ... گول میز کانفرنس کے نتائج پیش کئے جائیں گے۔ برطانوی سیاسی حلقوں میں بھی بہت زیادہ چہ میگوئیاں ہو رہی ہیں۔ لارڈ ولنگڈن مسٹر بین ... [illegible]

یہاں ہندوستان کی سیاسی تنظیموں کا نہایت غور کے ساتھ جائزہ لیا جا رہا ہے۔ عام طور پر یہ خواہش کی جا رہی ہے کہ کانگریسی لیڈر مفاہمانہ گفتگو کے لئے تیار ہو جائیں تو ملک کیلئے بہت زیادہ بہتر ہوگا۔

گاندھی جی کا الہ آباد میں قیام
مسٹر شاستری اور سر سپرو کی واپسی کا انتظار

الہ آباد ۴ر فروری۔ گاندھی جی نے مسٹر شاستری سر تیج بہادر سپرو اور مسٹر جیکر کی واپسی تک الہ آباد میں قیام فرمانے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ مذکورہ گول میزی مندوبین ساحل ہند پر قدم رکھتے ہی سیدھے الہ آباد روانہ ہو جائیں گے۔

لاثانی قرآن مجید معریٰ بہت خوشخط اور سستا

احمد علی جان ... دہلی

نمایندہ "پیام" صغرٰی [illegible]

اشتہار دیجئے

منیجر الجمعیۃ دہلی

لاہور میں بدیشی کپڑا خریدنے پر جھگڑا
ستیہ گرہ لڑکی کا بازو توڑ دیا گیا
پارچہ فروش کی دکان پر خواتین کا زبردست مظاہرہ

لاہور ۳ر فروری۔ ایک اطلاع مظہر ہے کہ کناری بازار لاہور میں ایک شخص بدیشی کپڑا خرید رہا تھا۔ ایک نوجوان لڑکی نے اس شخص سے بدیشی کپڑا نہ خریدنے کی عاجزانہ التجا کی لیکن اس نے لڑکی کو برا بھلا کہنا شروع کر دیا۔ اور خریدا ہوا کپڑا برابر کی دوکان میں پھینک دیا۔ لوگوں کا مجمع بھی لگ گیا اور تصفیہ ہو رہا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ کسی شخص نے ستیہ گرہ لڑکی کے بازو کو اس زور کے ساتھ جھٹکا کہ اس کی کلائی کی ہڈی ٹوٹ گئی۔ یہ خبر شہر میں آگ کی طرح پھیل گئی اور خواتین نے ایک جلوس نکالا اور مذکورہ بدیشی پارچہ فروش کی دکان پر پہنچکر زبردست مظاہرہ کرنا شروع کر دیا۔

کانگریس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس بمبئی کی بجائے لکھنؤ میں ہوگا
کانگریسی لیڈر سر سپرو اور مسٹر جیکر سے لکھنؤ میں ملاقات کرینگے
سردار ولبھ بھائی پٹیل کی آمد

لکھنؤ ۵ر فروری۔ پنڈت موتی لال نہرو بخیر و عافیت لکھنؤ پہنچ گئے ہیں اور آپ کا علاج شروع کر دیا گیا ہے۔ ڈاکٹر جواہر لال نہرو اور ڈاکٹر انصاری ایک یوم کے واسطے بھوپال تشریف لے گئے ہیں۔ ... کہا جاتا ہے کہ گاندھی جی اور دیگر کانگریسی لیڈر ... معلوم ہوا ہے کہ اگر پنڈت موتی لال نہرو کا لکھنؤ میں قیام ضروری ہوا اور اغلب ہے تو کانگریس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس بمبئی کی بجائے لکھنؤ میں منعقد ہوگا۔ سردار ولبھ بھائی پٹیل بھی لکھنؤ تشریف لے آئے ہیں۔

گاندھی جی کے اخبار پر پولیس کا چھاپہ
اخبار کی کاپیاں اور سائیکلو اسٹائل ضبط

[illegible] چھاپہ مارا ... اخبار ... سائیکلو اسٹائل اور رنگ ... پولیس نے پانچ آدمیوں کو بھی گرفتار کر لیا ...

پنڈت موتی لال نہرو کی لکھنؤ کو روانگی
گاندھی جی اور نہرو خاندان آپ کے ساتھ ہے
پنڈت جی کے ڈاکٹر کا بیان

الہ آباد ۴ر فروری۔ آج دوپہر پنڈت موتی لال نہرو اپنے خاندان کی معیت میں ... گاندھی جی، مسز سروجنی نائیڈو اور دیگر احباب بذریعہ موٹر لکھنؤ روانہ ہو گئے ہیں۔

ڈاکٹر آر۔ این ... الہ آباد ... موتی لال نہرو ... پریس کو اطلاع دی ہے ...

دفع الحصر ترجمہ جدید فتوح المصر

منیجر الجمعیۃ دہلی

قانون نمک کی خلاف ورزی دوبارہ شروع ہوئی
بمبئی میں جنگی کونسل کے جملہ اراکین گرفتار کر لئے گئے
کیا حکومت صلح کے کو شش کر رہی ہے

بمبئی ۳ر فروری۔ آج صبح بمبئی جنگی کونسل نے آزاد میدان میں دوبارہ قانون نمک توڑنے کی کوشش کی۔ پولیس بھی موقع پر پہنچ گئی اور اس نے ... صدر جنگی کونسل اور دیگر تین اراکین اور چار رضا کاروں کو گرفتار کر لیا۔

پولیس کا ایک دستہ مسٹر ولسن کمشنر پولیس کی سرکردگی میں آزاد میدان میں موجود تھا جس وقت جنگی کونسل کے اراکین نے نمک بنانا شروع کیا اسی وقت پولیس نے ان کو گرفتار کر لیا۔ لیڈروں کی گرفتاری کے بعد پولیس واپس چلی گئی۔ اور رضا کار ... نمک تیار کرتے رہے۔ اور بعد میں منتشر ہو گئے۔ سرار ... بھی موقع پر موجود تھے۔

گاندھی جی کا سر سپرو کے نام بحری پیغام
مجوزہ پروگرام میں تبدیلی
پنڈت موتی لال نہرو کی صحت پر کانگریسی سرگرمیوں کا انحصار

الہ آباد ۴ر فروری۔ گذشتہ ہفتہ میں آنند بھون کانگریسی لیڈروں کی آماجگاہ بنا ہوا تھا۔ مگر پنڈت موتی لال نہرو کی علالت کے باعث چہار طرف پژمردگی چھائی ہوئی تھی لیکن ہندوستان کے تمام سیاسی حلقوں کی آنکھیں اس طرف لگی ہوئی تھیں۔ آج آنند بھون سنسان نظر آ رہا ہے اور تمام کانگریسی لیڈر الہ آباد سے روانہ ہو چکے ہیں۔ ... کل پٹنہ تشریف لے جائیں گے۔ ڈاکٹر سید محمود غالباً بمبئی جائیں گے۔

معلوم ہوا ہے کہ گاندھی جی نے سر سپرو کو ایک بحری پیغام روانہ کیا ہے کہ میں پچھلے پروگرام کے مطابق بمبئی نہیں پہنچ سکوں گا ... آپ سے ملاقات کروں گا۔

صورت حال میں تبدیلی ہو گئی ہے اور یہ نہیں کہا جا سکتا کہ لیڈروں کی کانفرنس یا ورکنگ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوگا یا نہیں ممکن ہے کہ آئندہ لکھنؤ میں کانگریسی مباحث ہوں۔ بہرحال ہر چیز کا دار و مدار پنڈت موتی لال نہرو کی صحت پر ہے۔

اسمبلی میں سیاسی قیدیوں کی رہائی کا مسئلہ
تجویز ملتوی کر دی گئی

مسٹر فضل حسین سر عبد الرحیم مسٹر کگ اور مسٹر جی ... کی تقریریں

نئی دہلی ۳ر فروری۔ سیاسی قیدیوں کے متعلق ... [illegible]

ایک بیرسٹر کی بیوی کی گرفتاری

[illegible]

تار کا پتہ - الجمعیۃ دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۲۶۵

رجسٹرڈ نمبر ایل ۷۹۳

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

سہ روزہ

ید اللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ

دہلی

ایڈیٹر
مولانا احمد زبیری بی - اے

تاریخ اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ
ایک کالم
کالم
کالم

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

جلد ۱۳ | دہلی یوم جمعہ ۲۴ رمضان المبارک ۱۳۴۹ھ ہجری - مطابق ۱۳ فروری ۱۹۳۱ء عیسوی | نمبر ۱۰

معاصرین کے افکار و آراء

مفاہمت کے امکانات کو خاک میں نہ ملاؤ (زمیندار)

وزیر اعظم کی حیثیت وطن دوست ہندوستانیوں کے نزدیک کچھ بھی ہو لیکن اس بات سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ یہ اعلان انگلستان کی تمام آبادی کے ...

جاری رکھا جائے جب تک کہ ایک عارضی صلح کا اعلان نہ ہو ...

معاشرتی اور مذہبی اختلال کی ناکام کوشش

سر ہری سنگھ گوڑ بھی ہندوستان کے ان بر گزیدہ خیال مصلحین میں سے ہیں ...

اسمبلی کے مباحثہ کا اثر

کانگریسی لیڈروں کا فیصلہ (حقیقت)

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

"ہندوستانی تحریک مقاطعہ تشدد و بغاوت سے زیادہ موثر ہے"

دنیا کے اہم ترین واقعات میں تحریک عدم تعاون نافرمانی کا درجہ

بنگال کے مشہور ڈاکٹر ... ڈاکٹر سدھیندر بوس ...

دہلی ۱۷ فروری۔ گاندھی جی آج صبح کو ساڑھے چھ بجے دہلی پہنچ گئے۔ چونکہ دہلی اسٹیشن پر ہجوم ہو جانے کا اندیشہ تھا اس لئے یہ انتظام کیا گیا تھا کہ گاندھی جی غازی آباد اسٹیشن پر اتر جائیں اور وہیں سے اپنی قیام گاہ پر بذریعہ موٹر روانہ ہو جائیں۔ چنانچہ غازی آباد میں موٹر موجود تھی لیکن خلاف امید وہاں بھی اسٹیشن پر لوگوں کا اچھا خاصہ ایک مجمع ہو گیا تھا۔ دہلی کے بہت سے مقامی کارکن اور بعض سربرآوردہ رہنما بھی موجود تھے۔ گاندھی جی ٹرین سے اتر کر موٹر میں بیٹھ کر دہلی چلے گئے۔ گاندھی جی کا قیام ڈاکٹر انصاری صاحب کے مکان پر ہے۔ ہز ایکسلنسی وائسرائے نے گاندھی جی کے خط کے جواب میں یہ لکھا تھا کہ گاندھی جی کو جس وقت آسانی ہو وہ ملاقات کر سکتے ہیں اس لئے خیال ہے کہ ملاقات آج دوپہر کے بعد ہو سکے گی۔

ایک چودہ سالہ لڑکی کا اغوا

سارجنٹ کے خلاف استغاثہ خارج کر دیا گیا

بمبئی ۱۶ فروری۔ ایک چودہ سالہ لڑکی کا بائی نے سارجنٹ ... کے خلاف اغوا اور حبس بے جا کا جو مقدمہ دائر کیا تھا وہ خارج کر دیا گیا۔ وجہ یہ بتائی گئی کہ ملزم نے جو کچھ کیا تھا وہ اپنے فرض کی ادائیگی میں ...

دہلی میونسپلٹی کے انتخابات

دہلی ۱۷ فروری۔ دہلی میونسپلٹی کے انتخابات کے لئے چونکہ نامزدگی کا وقت اب بہت قریب آ گیا ہے اس لئے وہ لوگ جو کھڑے ہونے والے ہیں اپنے اپنے نامزدگی کے فارموں پر دستخط کرا رہے ہیں اور معلوم ہوا ہے کہ اکثر فارم آج مکمل ہو جائیں گے۔ کل امیدواروں کی فہرست معلوم ہو جائے گی اور اس کے بعد یہ اندازہ کیا جا سکے گا کہ کن لوگوں کو اس سال میونسپلٹی میں اپنا نمائندہ بنانا چاہئے۔

سپرو، جیکر اور شاستری کی وائسرائے سے ملاقات

طویل عرصہ تک گفتگو جاری رہی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

۲۰ فروری ۱۹۳۱ء

مسلمانانِ ہند کیلئے ایک صحیح راہِ عمل

تحفظ حقوق مسلمین کا واحد طریقہ

ہم نے گول میز کانفرنس کے انعقاد سے قبل بار بار اس کی ... مسلمان ...

سفارشیں، اخبارات میں موجود ہیں انہیں دیکھ لو۔ کیا ان سب کا نتیجہ یہی نہیں ہے جو ہم بتا رہے ہیں۔

اب کیا کرنا چاہئے

[illegible]

کون میز کانفرنس کے خارج

[illegible]

صحیح راہ عمل

[illegible]

۲۔ اقلیتوں اور اکثریت کا سوال در پیش ہوگا۔ اگر مسلمانوں نے تدبر سے کام لیا، اگر انہوں نے اپنی دانشمندی کا ثبوت بہم پہنچایا، اگر وہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں کانگریس کے اندر شریک ہوئے تو انہیں کامیابی یقینی ہوگی اور وزیر اعظم کے طعنہائے دلخراش انہیں پھر دوبارہ نہ سننے پڑیں گے۔

ہم اسی موضوع پر آئندہ اشاعت میں مزید تفصیل کے ساتھ اپنے خیالات ظاہر کریں گے۔

وائسرائے اور گاندھی جی کی پہلی ملاقات

ایک بند کمرے میں ساڑھے تین گھنٹے تک گفتگو

سلسلہ گفت و شنید ابھی جاری رہے گا

نئی دہلی ۱۷ فروری۔ گاندھی جی نے وائسرائے کے پاس جانے سے قبل سپرو، مسٹر جیکر اور مسٹر شاستری سے ملاقات کی۔ یہ صاحبان نے گاندھی جی کو حکومت کے رویہ سے آگاہ کیا۔ اس کے بعد گاندھی جی آرام فرمانے کے لئے تشریف لے گئے۔ دوپہر کے بعد آپ بیدار ہوئے۔ گاندھی جی کا ارادہ وائسریگل ہاؤس تک پیدل جانے کا تھا لیکن احباب کے مشورہ سے آپ جنگی یادگار کے دروازہ تک موٹر میں تشریف لے گئے اور اس کے بعد تقریباً نصف میل تک پیدل تشریف لے گئے۔ ... بعد آپ موٹر میں سوار ہو گئے۔ اور مقررہ اوقات سے پندرہ منٹ قبل وائسریگل ہاؤس پہنچ گئے۔ فوٹو لینے والے لوگ پہلے ہی سے وقت مقررہ کا انتظار کر رہے تھے لیکن گاندھی جی وقت سے قبل پہنچنے کے باعث وہ لوگ تکلیف دہی سے محفوظ رہے۔ وائسرائے نے گاندھی جی کو انتظار میں نہیں رکھا بلکہ فوراً ہی سرکاری مطالعہ کے کمرہ میں گفتگو شروع کر دی۔ گاندھی جی کی آمد نے وائسرائے ہاؤس میں ہلچل پیدا کر دی تھی۔ اور دفاتر ...

[illegible]

(ا-پ)

نئی دہلی ۱۸ فروری۔ گاندھی جی اور لارڈ ارون کے درمیان ڈھائی بجے گفتگو شروع ہوئی۔ اور مغرب کے وقت تک جاری رہی۔ ... گفتگو کل بھی جاری رہے گی۔ معلوم ہوا ہے کہ ابتدائی امور پر بحث کرنے کے بعد گول میز کانفرنس کے دائرہ عمل کی شرائط اور کانگریس کی مؤثر شرکت کی وسعت پر بحث ہوئی۔ اگر گاندھی جی اور وائسرائے کے درمیان کانفرنس نے طول پکڑا تو کانگریس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس ۲۴ فروری کو ... بمبئی میں منعقد کیا جائے گا۔ گاندھی جی نے ہندوستانی تجارتی لیڈروں سے آج شب کو ملاقات کی۔

(ا-پ)

کانگریس کو سالانہ اجلاس کیلئے دہلی میں دعوت

مسٹر آصف علی کے مکان پر کانگریس کمیٹی کا اجلاس

[illegible]

... کیلئے کانگریس کے سالانہ اجلاس کو دہلی میں دعوت دی جائے۔

دوسری تجویز میں یہ بات طے پائی کہ تھانہ بھون اور ضلع مظفر نگر کے دیگر مقامات پر پولیس نے جو ظالمانہ مظالم کئے ہیں ان کی تحقیقات کے لئے ایک کمیٹی مقرر کی جائے جو واقعات کی تحقیقات کرکے اپنی رپورٹ شائع کرے۔

شراب کے ٹھیکے نیلام نہیں کئے گئے

کمیشن پر شراب فروخت کرنے کا ارادہ

دہلی ۱۸ فروری۔ باوثوق ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت دہلی نے آئندہ سال کے لئے ٹھیکے کے نیلام کرنے کا خیال ترک کر دیا ہے اور انتظام ... کیا گیا ہے کہ کمیشن پر چند لوگ شراب فروخت کریں۔ ۲۰ فروری کو شراب کے ٹھیکے نیلام ہونے تھے مگر اس تاریخ کو یہ ٹھیکے نیلام نہیں کئے گئے۔

آل انڈیا سودیشی نمائش کی میعاد میں توسیع

گاندھی جی کو دعوت شرکت

دہلی ۱۸ فروری۔ آل انڈیا سودیشی نمائش بارش اور ہڑتالوں کے باعث کئی روز تک بند رہی تھی اس لئے دوکانداروں کی خواہش کے مطابق اس کی میعاد میں توسیع کر دی گئی ہے اور نمائش ۲۲ فروری تک جاری رہے گی۔ نمائش کے منتظمین کی خواہش ہے کہ گاندھی جی کو اس نمائش میں مدعو کیا جائے۔ چنانچہ وہ آپ سے اس امر کی درخواست کرنے والے ہیں۔

کانگریس کو دھوکہ دیکر بدیشی کپڑے کی فروخت

فرم کا ڈھائی ہزار روپیہ ضبط کر لیا گیا

دہلی ۱۸ فروری۔ گھنشام داس کٹرہ نواب صاحب کی فرم نے کانگریس سے یہ کہہ کر کہ وہ اپنا بدیشی مال بغرض روانہ کرنا چاہتے ہیں کچھ ولایتی کپڑا سیل کرکے روانہ کیا تھا مگر معلوم ہوا کہ اس فرم نے اپنا مال ایک ریاست میں اتار کر فروخت کر دیا۔ کانگریس نے اس فرم کی ڈھائی ہزار روپے کی ضمانت لے رکھی تھی جو ضبط کر لی گئی ہے اور اس کے خانگی بائیکاٹ کا اعلان بھی کر دیا گیا ہے۔

ضلع پرتاب گڈھ میں پولیس اور دیہاتیوں کا تصادم

تھانہ دار، انسپکٹر اور متعدد سپاہی مجروح

تھانہ دار کی حالت نازک ہے

لکھنؤ ۱۸ فروری۔ کوہاٹا نامی گاؤں تھانہ رانی گنج ضلع پرتاب گڈھ میں کل پولیس اور دیہاتیوں میں تصادم ہو گیا۔ عدم ادائیگی ٹیکس کے جلسہ میں پولیس نے مزاحمت کی اور یہ واقعہ ظہور پذیر ہوا۔ جلسہ میں جو شخص تقریر کر رہا تھا پولیس نے اس کو گرفتار کر لیا جس پر مجمع نے مشتعل ہو کر پولیس پر حملہ کر دیا جس کے باعث انسپکٹر تھانہ دار اور متعدد سپاہی مجروح ہو گئے۔ تھانہ دار کی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔ پولیس نے مجمع پر گولی چلائی اور اس نے قریب کے ریلوے اسٹیشن میں آکر پناہ لی۔ پولیس کی ایک بندوق بھی غائب کر دی گئی ہے۔

(ا-پ)

بھگت سنگھ کی سزائے موت کے خلاف وائسرائے سے اپیل

سزائے موت کو حبس دوام میں تبدیل کر دو

لاہور ۱۸ فروری۔ آج تمام شہر میں ہڑتال منائی گئی اور وائسرائے ہند سے اپیل کیلئے کہ وہ بھگت سنگھ اور انکے دو ساتھیوں کی سزائے موت کو حبس دوام بعبور دریائے شور میں تبدیل کر دے۔ رخیال کیا جاتا ہے کہ وائسرائے کے پاس رحم کی درخواست کرنے کے لئے نو ہزار آدمیوں کے دستخط حاصل کئے جا رہے ہیں۔

(ا-پ)

فخر افاغنہ خان علی گل خان کی رہائی

آپ بخیریت پشاور پہونچ گئے

پشاور ۱۷ فروری۔ خان علی گل خان جو صوبہ سرحد کی کانگریس کمیٹی کی مجلس عاملہ کے ایک سربرآوردہ رکن اور پشاور جنگی کونسل کے سرگرم کارکن ہیں اور جن کو گزشتہ سال ۲۳ اپریل کو سزا ہوئی تھی وہ اپنی میعاد سزا پوری کرکے گجرات جیل سے رہا کر دئے گئے ہیں۔ اور آج وہ پشاور پہنچ گئے۔

افغانستان کو اخبار اصلاح کا مشورہ

جمعیۃ الاقوام میں شرکت کی دعوت

پشاور ۱۷ فروری۔ کابل کا اخبار "اصلاح" حال کی اشاعت میں جمعیۃ الاقوام کی تعریف کرتا ہوا افغانستان سے پرزور اپیل کرتا ہے کہ وہ بھی جمعیۃ الاقوام کی رکنیت کو قبول کرکے اس میں شامل ہو جائے۔ (ا-پ)

قندھار میں ایوان تجارت کا قیام

پشاور ۱۷ فروری۔ سب سے پہلا ایوان تجارت قندھار میں قائم ہو گیا ہے۔

(ا-پ)

اعلان تعطیل

چونکہ ۲۰ اور ۲۱ فروری کو عید اضحیٰ کی تقریب میں وہ مطبع بند رہے گا جس میں الجمعیۃ طبع ہوتا ہے اس لئے ۲۴ فروری کا الجمعیۃ حسب معمول شائع نہ ہو سکے گا۔ قارئین کرام انتظار نہ فرمائیں۔ (منیجر)

جمعیۃ علماء ہند کا سالانہ اجلاس کراچی

مجلس استقبالیہ کا انتخاب

صدارت کے لئے مولانا ابو الکلام آزاد اور مولانا حسین احمد صاحب مدنی کے اسماء گرامی

کراچی ۷ فروری۔ ۱۳ فروری بروز جمعہ چار بجے سہ پہر کو حکیم مولوی فتح محمد صاحب کے دولت کدہ پر شہر کراچی کے علماء، معززین اور نظام المسلمین کا ایک مشترکہ جلسہ حضرت مولانا مولوی محمد صادق صاحب مدظلہ کی صدارت میں منعقد ہوا۔ مختصر کارروائی کے بعد جمعیۃ علماء ہند کے سالانہ اجلاس کے لئے ایک عارضی استقبالیہ کمیٹی مقرر کی گئی جس کے ارکان حسب ذیل ہیں:-

حضرت مولانا مولوی محمد صادق صاحب۔ مولوی حکیم فتح محمد صاحب سیوہانی۔ مولوی محمد عثمان صاحب بلوچ۔ حافظ شریف حسین صاحب سوداگر۔ حافظ نصیر احمد صاحب۔ حافظ محمد محسن صاحب۔ مولوی دین محمد صاحب وفائی۔ شیخ عبد المجید صاحب ایم ایل سی۔ حکیم شمس الدین صاحب حیدر آبادی۔ حکیم مولوی محمد حافظ صاحب۔ مولوی محمد سلیمان صاحب میر پور بٹورو۔ مخدوم معین الدین صاحب۔ مولانا فتح علی صاحب۔ مولوی حاجی فتح علی صاحب۔ مدرس سجاول۔ حکیم مولوی علی محمد صاحب شمس الاطباء۔ حاجی شاہ بخش صاحب۔ اس عارضی کمیٹی کے صدر مولانا مولوی محمد صادق صاحب اور سکرٹری حکیم مولوی فتح محمد صاحب سیوہانی۔ نائب سکرٹری حافظ نصیر احمد صاحب و مولوی حافظ محمد محسن صاحب مقرر کئے گئے۔

[illegible]

جلسے اس کام کو انجام دینے کے لئے ایک ... کمیٹی بنائی گئی ہے۔ اس کارروائی کے بعد جمعیۃ علماء ہند کے اجلاس کی صدارت کے لئے حضرت امام الہند مولانا ابو الکلام آزاد اور مولانا حسین احمد صاحب کے اسماء گرامی بطور سفارش پیش کئے گئے۔

اس جلسہ میں ایک سو پچیس روپیہ کی امداد کا اعلان کیا گیا۔

۲۷ فروری کو حکیم مولوی فتح محمد صاحب کے دولت کدہ پر پھر جلسہ منعقد ہوگا۔

حکومت کے ساتھ کانگریس کی صلح کے امکانات

لارڈ ارون اپنی انتہائی آئینی حدود تک قدم بڑھائیں گے

صلح کوش اصحاب کی مساعی کے متعلق سیاسی حلقوں میں دلچسپی

نئی دہلی ۱۶ فروری۔ لارڈ ارون، تیج بہادر سپرو، مسٹر شاستری اور مسٹر جیکر کے درمیان جو اہم گفتگو ہوئی ہے اس کے متعلق سیاسی حلقوں میں بہت زیادہ دلچسپی ظاہر کی جا رہی ہے۔ اس گفت و شنید کا مطلب یہ تھا کہ وائسرائے کو ملک کی رائے عامہ اور کانگریس کے نقطہ نگاہ سے دوستانہ طریقہ پر آگاہ کر دیا جائے۔ معلوم ہوا ہے کہ چاروں اصحاب نے صورت حال کی ضروریات اور اس کا مقابلہ کرنے کے ذرائع کے متعلق متفق رائے پیش کی۔ اب صرف سوال یہ رہ گیا ہے کہ دیکھئے گاندھی جی کس طرح گفتگو کرتے ہیں اور لارڈ ارون حکومت کی تبدیلی قلب کے متعلق گاندھی جی کو کس طرح مطمئن کرتے ہیں۔

[illegible]

بنارس میں اب حالات روبہ اصلاح ہیں

جانی و مالی نقصانات کی تفصیل

۳۵ ہلاک اور تین سو مجروح

بنارس ۱۶ فروری۔ بنارس کی صورت حال میں آج ایک بڑی حد تک تبدیلی ہو گئی ہے۔ اکا دکا آدمیوں پر جو حملے جاری تھے وہ اب بند ہو گئے ہیں۔ لیکن لوگوں کے قلوب پر اس وقت تک خوف چھایا ہوا ہے اور دکانیں بند ہیں۔ اگر بازار کھل جائیں تو اصلی صورت حال دوبارہ قائم ہو جائے۔ جو علاقہ فساد کا مرکز تھے وہاں پولیس کا پہرہ موجود ہے البتہ فوج ہٹا لی گئی ہے۔

[illegible]

پنڈت مالویہ کی آمد

شنبہ کے روز صلح کی مساعی کا کام ... لیکن ایسا معلوم ہوتا تھا کہ ہندو مسلمان نے اپنی ساری طاقت کو ختم کر دیا ہے۔ ... آج دونوں قوموں کے سربرآوردہ لیڈروں کے درمیان طویل عرصہ تک گفتگو ہوتی رہی۔ ...

[illegible]

شہر میں پولیس کا گشت

[illegible]

مقتولین و مجروحین کی تعداد

[illegible]

صلحی کوششیں

[illegible]

صورت حال روبہ اصلاح ہے

[illegible]

تازہ ترین اطلاعات مظہر ہیں کہ بنارس کی فرقہ وارانہ ... گیا ہے۔ پولیس نہایت سرگرمی سے فساد برپا کرنے والوں کا تعاقب کر رہی ہے۔ شہر کے بعض بعض حصوں میں دکانیں کھل گئی ہیں۔

بھگت سنگھ کو پھانسی دئے جانے کی افواہ

لاہور میں پریشانی اور ہیجان

لاہور ۱۸ فروری۔ لاہور میں اس افواہ سے کہ کل بھگت سنگھ اور ان کے دو ساتھیوں کو پھانسی دیدی گئی سخت ہیجان پھیل گیا ہے۔ پولیس تمام شہر کا گشت لگا رہی ہے۔

(ا-پ)

بھگت سنگھ وغیرہ کی پھانسی کو روک دیا جائے

حکومت پنجاب کی طرف سے جواب

لاہور ۱۸ فروری۔ جدید مقدمہ سازش لاہور کے وکیل صفائی شامل نے حکومت ہند کے ہوم سکرٹری کے پاس جو تار دیا تھا کہ بھگت سنگھ اور دو ساتھیوں کی پھانسی کو روک دیا جائے۔ اس تار کا جواب یہ موصول ہوا ہے کہ آپکا تار فیصلہ کیلئے مقامی حکومت کے پاس ارسال کر دیا گیا ہے۔ (ا-پ)

احمد آباد میں مردم شماری کا مقاطعہ

وانر سینا والوں کی سرگرمیاں

احمد آباد ۱۸ فروری۔ سرکاری ملازموں نے مردم شماری کا کام آج سے شروع کر دیا ہے۔ کچھ عرصہ سے شہر میں مردم شماری کے خلاف پروپیگنڈا جاری ہے۔ گزشتہ شب مختلف مقامات پر جلسے منعقد ہوئے۔ آج وانر سینا شہر میں گشت کر رہے ہیں اور جب مردم شماری کے افسر مکانوں کے قریب آتے ہیں تو وانر سینا والے لوگوں کو مطلع کر دیتے ہیں اور وہ اپنے مکانوں کے کنڈیاں لگا لیتے ہیں۔ تین چار مقامات پر پولیس نے وانر سینا والوں کو ہنٹروں کے ذریعہ منتشر کیا۔

مقدمہ سازش میں بھگت سنگھ وغیرہ کی گواہی ضروری ہے

ٹربیونل کی عدالت میں وکیل صفائی کی درخواست

عدالت نے درخواست کو حکومت کے پاس ارسال کر دیا

لاہور ۱۸ فروری۔ آج شام لال ایڈووکیٹ وکیل صفائی جدید مقدمہ سازش لاہور نے عدالت خصوصی کے سامنے بیان کیا کہ بھگت سنگھ، راج گرو اور سکھدیو کی گواہی موجودہ مقدمہ میں ضروری ہے۔ کونسل نے کہا کہ عدالت ان لوگوں کی پھانسی کو ملتوی نہیں کر سکتی۔ وکیل صفائی نے ... اس قسم کی درخواست پنجاب گورنمنٹ سے بھی کی ہے کہ عدالت کو چاہئے کہ وہ یہ فیصلہ کر دے کہ ان لوگوں کی گواہی اس مقدمہ میں ضروری ہے۔ راستغاثہ نے کہا ہمیں اس بات پر کوئی اعتراض نہیں ہے کہ بھگت سنگھ اور دوسرے دو ساتھیوں پر ملزموں کے فائدہ کیلئے ایک دفعہ ہی جرح کر دی جائے۔ وکیل صفائی نے کہا کہ ہم اس وقت تک نہیں کر سکتے جب تک استغاثہ اپنے مقدمہ کو مکمل نہ کرے۔ عدالت نے وکیل صفائی کی اس درخواست کو حکومت کے پاس ارسال کر دیا ہے۔ تاکہ وہ اس کے متعلق مناسب کارروائی کرے۔

(ا-پ)

آفریدیوں میں زبردست اور مسلح جنگ

پشاور کی پولیس نے ایک جماعت کو گرفتار کر لیا

پشاور ۱۴ فروری۔ ذرائع سے موصول خبر ہے کہ آفریدیوں کی ایک جماعت جوار گاؤں کے لوگوں کو کچھ عرصہ سے ... نے گھیر لیا ... بارہ بجے سہ پہر تک گرما گرم مقابلہ رہا ... اس جماعت کو گرفتار کر لیا ...

[illegible]

برما کونسل میں حکومت کو پہلی شکست

رنگون میں انجینئرنگ اسکول کھولنے کی تجویز

لگان اراضی میں تخفیف کا مطالبہ

رنگون ۱۶ فروری۔ آج مجلس مقننہ برما کا پہلا اجلاس منعقد ہوا۔ صدر مجلس نے مسٹر جیمز ... کی وفات پر اظہار افسوس کیا۔ اراکین نے کھڑے ہو کر تجویز تعزیت منظور کی۔

آج کی کارروائی میں حکومت کو پہلی مرتبہ شکست اٹھانی پڑی۔ ایک رکن نے یہ تجویز پیش کی تھی کہ رنگون میں ایک انجینئرنگ اسکول جلد از جلد کھولا جائے۔ اور اس میں برمی زبان میں تعلیم دی جائے۔ وزیر حکومت نے اس تجویز کی مخالفت کرتے ہوئے انجینئرنگ کی برمی زبان میں تعلیم دینے اور قابل مدرسوں کے ملنے کے متعلق مشکلات بتائیں۔ تجویز ایک رائے کی کثرت سے منظور ہو گئی۔

مذکورہ بالا تجویز کے بعد مسٹر ... نے برما کے کل اضلاع میں مالگزاری کی تخفیف اور جدید بندوبست کی تجویز پیش کی۔ اس تجویز پر بحث ختم ہونے سے قبل مجلس چہار شنبہ تک کے لئے برخاست ہو گئی۔ کل چھٹیوں کا نوٹس ... وجہ سے تعطیل رہے گی۔

موجودہ برطانوی حکومت تین سال تک باقی رہیگی

مسٹر گراہم پول کا بیان

رگھنی ۱۸ فروری۔ مسٹر ولیم گراہم صدر ایوان تجارت نے شہر کی ایک ضیافت میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ دو تین ہفتہ قبل ایسا معلوم ہوتا تھا کہ جدید انتخاب جلد عمل میں آنے والا ہے لیکن اب ہم کو پھر مہلت مل گئی ہے اور غالباً موجودہ حکومت ...

[illegible]

باردولی تعلقہ کے کسانوں کا متفقہ فیصلہ

ہم حکومت کو مالیانہ نہیں دیں گے

پنبہ کی تیار کاشت کو کھیتوں میں چھوڑ دیا

احمد آباد ۱۸ فروری۔ باردولی تعلقہ کے وہ کسان جنہوں نے مالیانہ ادا کرنے سے انکار کر دیا ... انہوں نے ... نامی گاؤں میں بود و باش اختیار کر لی ہے کسانوں نے عہد کر لیا ہے کہ وہ کھیتوں سے تیار پنبہ نہیں اٹھائیں گے۔ ایک نمائندہ کمیٹی مقرر کی گئی ہے جو کھیتوں کی نگہبانی کرے گی۔ ... گرفتار کر لئے گئے اور ان کی جگہ ... مقرر ہوئی ہیں مسز گنگا لبن ان بارہ خواتین میں سے ایک ہیں جنہوں نے گاندھی جی کے آشرم میں تربیت پائی ہے اور جنہوں نے گاندھی جی کے ساتھ یہ قسم کھائی ہے کہ وہ سوراج کے حصول تک آشرم میں واپس نہیں آئیں گی۔

ریاست راجکوٹ کی طرف سے ایک نوٹس شائع ہوا ہے جس میں پکٹنگ کے خلاف احکام دئے گئے ہیں اور حدود ریاست میں ان لوگوں کا داخلہ ممنوع قرار دیدیا گیا ہے جن کا مقصد امن عامہ میں نقص پیدا کرنا ہے۔

فلسطین میں برطانوی حکمت عملی

ڈاکٹر ویزمین نے وزیر اعظم کے اعلان کو منظور کر لیا

لندن ۱۳ فروری۔ ڈاکٹر ویزمین صدر ... نے وزیر اعظم کے مکتوب کے متعلق ایک اعلان شائع کیا ہے۔ مسٹر میکڈانلڈ کے مکتوب میں فلسطین کی ابتدائی حکمت عملی کے متعلق حکومت کے نقطہ نگاہ کو بیان کیا گیا ہے اور غلط فہمیوں کو دور کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ ڈاکٹر ویزمین کا بیان ہے کہ مکتوب میں بلا شبہ تعاون کے اصول پیش کئے گئے ہیں۔ آپ نے توقع ظاہر کی ہے کہ فلسطین کی آئندہ اقتصادی ...

[illegible]

[illegible]

ضلع بھڑوچ میں ایک چوکیدار کا دردناک قتل
لاش کو جنگل میں پھینک دیا گیا
پولیس نے متعدد اشخاص کو گرفتار کر لیا

سورت ۱۰ار فروری۔ ضلع بھڑوچ کی پولیس نے کابل کا بھاگے قتل کے سلسلہ میں چند آدمیوں کو گرفتار کر لیا ہے۔ مقتول ... معلوم ہوا ہے کہ بہت سے کاشتکاروں نے چوکیدار ... پر حملہ کیا۔ ان حملوں کے باعث کابل چوکیدار جانبر نہ ہو سکا۔ اور متعدد چوکیداروں کے شدید ضربات آئیں۔

خان صاحب ... ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس نے ریاست بڑودہ کی پولیس کے ساتھ مقتول کی نعش کا پتہ لگایا۔ جو کہ ایک دور دراز جنگل میں دستیاب ہوئی۔ نعش کی ہڈیوں کے سوا اور کچھ نہیں تھا تمام گوشت گل گیا تھا۔ ہڈیوں کے قریب خون آلودہ کپڑے بھی برآمد ہوئے پائے گئے پولیس نے چھ آدمیوں کو گرفتار کر لیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ حملہ آوروں نے قتل کرنے کے بعد اپنی چھریاں ... نامعلوم مقام پر بھیج دیے۔

بنارس میں فساد کے شعلے
متعدد اشخاص مقتول و مجروح
شہر کے تمام بازار بند ہیں

بنارس ۱۰ار فروری۔ بنارس میں فرقہ وارانہ منافرت کی ایک صورت ... [illegible]

اسپین میں ایک اور بغاوت کے آثار
کابینہ نے استعفا داخل کر دیا
بادشاہ تخت سے دستبردار ہو جائیگا

میڈرڈ ۱۴ار فروری۔ کابینہ مستعفی ہو گیا ہے۔
عمال حکومت کی خفیہ سیاسی سرگرمیوں سے شہر میں ہیجان پیدا ہو گیا ہے۔ عام طور پر یہ افواہ گرم ہے کہ بادشاہ نے عوام کے مطالبہ کو منظور کر لیا ہے اور وہ ایک مجلس مقرر کریگا جو جدید دستور مرتب کرے گی۔ خیال کیا جاتا ہے کہ مجلس بادشاہ سے دستبرداری کا مطالبہ کرے گی۔

یہ افواہ گرم ہے کہ بعض فوجی جنرل ... کے سلسلے میں جمع ہوئے لیکن ... انہوں نے ایک نیا ڈکٹیٹر منتخب ہونے کی کوشش کی۔

معتبر طور پر معلوم ہوا ہے کہ جنرل برنگویر وزیر اعظم نے مستعفی ہونے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ آپ استعفا داخل کرنے سے پیشتر لبرل لیڈرز سے ملاقات کریں گے معلوم ہوا ہے کہ کاؤنٹ رومینونز (لبرل لیڈر) نے ایک مجلس کے تقرر کا مطالبہ کیا ہے جو دستور مرتب کرے گی۔ خیال کیا جاتا ہے کہ ایک ماہ قبل جدید پارلیمنٹ کا انتخاب عمل میں آجائیگا۔

گذشتہ چند سال کے اندر اسپین میں متعدد بغاوتیں رونما ہوئی ہیں اور فوج اور دیگر طاقتوں کے درمیان جمہوریت کا پروپیگنڈا پھیلایا جا رہا ہے۔

کاؤنٹ رومینونز نے اس امر پر زور دیا ہے کہ پارلیمنٹ کے انتخابات اس وقت تک عمل میں نہ لائے جائیں جب تک کہ میونسپل بورڈوں اور کونسلوں کے انتخابات نہ ہو جائیں۔ ...

وائسرائے کی طرف سے گاندھی جی کے مکتوب کا جواب
آپ ہر وقت مجھ سے ملاقات کر سکتے ہیں

وائسرائے کے نام پنڈت مالویہ کا تار
سردار بھگت سنگھ اور دیگر ملزمان کو پھانسی نہ دیجائے

الہ آباد ۱۵ار فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ پنڈت مدن موہن مالویہ نے وائسرائے کو تار دیا ہے کہ سردار بھگت سنگھ، مسٹر سکھدیو، اور مسٹر راج گرو کی سزائے موت کو حبس دوام بعبور دریائے شور کی سزا میں تبدیل کر دیا جائے۔

زائرین بیت اللہ الحرام کے لئے اطلاع
کم از کم مصارف حج کا تخمینہ

نئی دہلی ۱۶ار فروری۔ جو لوگ امسال حج کا ارادہ رکھتے ہیں ان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ اپنی آسانی اور راحت کے لئے اس وقت ... جہاز پر سوار ہوں۔ اور اگر وہ حجاز میں بجائے اونٹ کے موٹر پر سفر کرنا چاہیں تو ان کو ... امسال کے مصارف قریب قریب گذشتہ سال کی طرح ہیں۔ (ایسوسی ایٹڈ پریس)

مدراس میں موتی لال ڈے
مختلف مقامات میں جلسے اور شہر میں ہڑتال

مدراس ۱۶ار فروری۔ کل دوپہر کے بعد ہائی کورٹ میں موتی لال ڈے کے سلسلہ میں جو عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا تھا اس کے بعد اور بھی متعدد جلسے ہوئے ... مقامات میں بھی جلسے ہوئے جن میں گاندھی جی کا اعلان پڑھ کر سنایا گیا اور ... اسے منظور کیا۔
کل تمام شہر میں بہت اچھی طرح ہڑتال منائی گئی۔ اس قسم کے جلسے مضافات میں بھی منعقد کئے گئے۔ تمام اجلاس امن و امان سے انجام پائے۔

بھگت سنگھ راج گرو اور سکھدیو کو پھانسی نہ دیجائے
جدید مقدمہ سازش میں گواہان صفائی کے ضروری بیانات

موتی لال ڈے کے سلسلہ میں ایک ڈکٹیٹر کی گرفتاری
سورت میں ہندو مسلمانوں کی متفقہ ہڑتال

سورت ۱۶ار فروری۔ سورت کانگرس کمیٹی کے ساتویں ڈکٹیٹر گرفتار کر لئے گئے۔ آپ یوم موتی لال کے سلسلہ میں ایک برہنہ سر جلوس کی قیادت کر رہے تھے ... آپ نے ایک زبردست مجمع کے سامنے تقریر کرتے ہوئے ان الفاظ کے ساتھ عہد کیا جن کو گاندھی جی نے مقرر کیا ہے۔ پولیس ایک بڑی تعداد میں موجود تھی مگر اس نے جلسہ کی کارروائی میں کوئی مداخلت نہیں کی۔ ہندو مسلمانوں نے متفقہ ہڑتال منائی۔

گاندھی جی کا خط اپنے آشرم کے رکن کے نام
مصالحت کی بہت کم امید ہے

احمد آباد ۱۶ار فروری۔ گاندھی جی نے کیرا ڈسٹرکٹ کانگرس کمیٹی کے ایک ممبر کو ایک خط لکھا ہے جس میں وہ لکھتے ہیں کہ میرا ارادہ ضلع کیرا میں آنے کا ہے "خواہ مصالحت کا نتیجہ کچھ بھی ہو۔ (جس کی یہاں بہت کم امید ہے) مگر جو کسان موجودہ جدوجہد میں شریک ہوگئے ہیں ان کی تیاری بلاشبہ کرنی ہے"۔ ایک دوسرے خط میں جو گاندھی جی نے اپنے آشرم کے ایک ممبر کو لکھا ہے (جو ضلع کیرا میں کام کر رہے ہیں) اس میں یہ الفاظ ہیں۔
"میں ضلع کیرا میں آنے کے لئے سخت مضطرب ہوں کیونکہ وہاں میں ابتک نہیں پہونچ سکا ہوں لیکن میں موقعہ پاتے ہی وہاں پہنچنے کی کوشش کروں گا"۔

دہلی کے عام جلسہ میں گاندھی جی کی تقریر

دہلی ۱۶ار فروری۔ گاندھی جی آج صبح احمد آباد سے دہلی تشریف لائے ہیں آپ وائسرائے سے ملاقات کریں گے۔ دہلی کانگرس کمیٹی کی درخواست پر آپ نے عام جلسہ میں تقریر کرنا منظور فرما لیا ہے۔ لیکن وقت اور جگہ کا فیصلہ آپ کے دہلی پہنچنے کے بعد کیا جائیگا۔

دہلی میں متعدد لیڈروں کی آمد
گاندھی جی اور وائسرائے کی گفت و شنید میں شرکت کا ارادہ

ڈانڈی میں قانون نمک کی خلاف ورزی
رضاکار جہسوں نمک اٹھا کر لے گئے

ایک گجراتی اخبار پر پریس آرڈیننس کا وار

دہلی کے قومی کارکنوں کی رہائی
کرنل محمد اسحق حکیم محمد امتیاز الحق تشریف لا رہے ہیں

سردار بھگت سنگھ اور ان کے ساتھیوں کو پھانسی نہ دیجائے
وائسرائے کے نام میں ہزار آدمیوں کی یادداشت

مسلمانوں کیلئے بہت اچھی دینی کتابیں

منیجر کتب خانہ جمعیت مدرسہ امینیہ دہلی

نورانی قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما، اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا
تمام ہندوستان کے بازاروں میں اب اس کے سوا دوسرا قرآن مجید
آپ کو مشکل سے ملیگا

... نورانی قرآن مجید کی کتابت نہایت صاف اور روشن ہے ... کلام پاک کی چھپائی کے وقت طہارت اور باوضو ہونے کا پورا اہتمام کیا گیا تھا ...

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے ...

ملنے کا پتہ۔ منیجر "الجمعیۃ" دہلی

دلکش عید سوپ

منیجر دلکش سٹور دہلی

اخبار الجمعیۃ کے خریداروں کی انتہائی خوش نصیبی ہے

کہ آج ان کیلئے ایک نہایت بیش بہا انمول گوہر نہایت کم قیمت میں قیمت خرید پر مل رہا ہے جو کل ہزار روپیہ خرچ کرنے پر بھی نہیں ملیگا

وہ بیش بہا انمول گوہر
پانچ ترجمے اور کامل احسن التفاسیر والا قرآن شریف ہے

صرف ۲۵۰ جلدیں مالک مطبع کے پاس رہ گئی تھیں

آج اخبار الجمعیۃ کا ہر وہ خریدار

دفتر الجمعیۃ نے بھی یہ تہیہ کر لیا ہے

کیا اب بھی الجمعیۃ کا کوئی خریدار اس نعمت سے محروم رہیگا؟

سب سے بڑی خوبی یہ ہے

دیگر خصوصیات

اس کلام پاک کے متعلق علماء کرام کی سینکڑوں تصدیقوں میں سے کچھ کا خلاصہ

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

سورت میں بدیشی مال کی دکانوں پر زبردست پکٹنگ
دو دکانداروں نے اپنے مال پر کانگریس کی مہر لگوالی

سورت ۱۵ار فروری۔ برطانوی مال فروخت کرنے والوں کی دکانوں پر کچھ عرصہ سے بال سنگھ نے پکٹنگ لگا رکھا تھا اس پکٹنگ کا نتیجہ یہ ہوا کہ تمام دکانداروں نے اپنے اپنے مال پر کانگریس کی مہر لگوالی ہے۔ بدیشی مال میں عطر، موزے، بنیان، چاقو، قینچی، سگرٹ وغیرہ سب شامل ہیں۔
معلوم ہوا ہے کہ تین دکانداروں نے اپنے مال پر پہلے ہی کانگریس کمیٹی کی مہر ثبت کرا لی تھی اور آج باقی چالیس دکانوں پر تین سو لڑکوں اور خاص لڑکیوں نے پکٹنگ لگایا۔ دکانداروں نے پکٹنگ سے مجبور ہو کر اپنے اپنے مال پر کانگریس کمیٹی کی مہر لگوالی ہے۔

پنڈت مالویہ کی بنارس کو روانگی

الہ آباد ۱۶ار فروری۔ پنڈت مدن موہن مالویہ بنارس تشریف لے گئے ہیں جہاں آپ فرقہ وارانہ تنازعہ کا فیصلہ کرنے کی کوشش کریں گے۔

مفت
طبی رسالہ زندگی

اگر آپ زندگی کے بہترین حصہ کو بے اعتدالی سے ضائع کر کے لطف زندگی سے محروم ہو چکے ہیں۔ اور اسے حاصل کرنے کے لئے بیقرار ہیں تو آپ کے لئے رسالہ زندگی کا مطالعہ نہایت ضروری ہے۔ اس میں نوجوانوں کی زندگی کے تاریک پہلو کو محققانہ انداز میں بیان کیا گیا ہے اور اس کے صحیح طریق علاج کو طبی اصول پر لکھا گیا ہے۔ ہر بوڑھے اور جوان کے پڑھنے کے قابل ہے ضرور منگائیے صرف ایک کارڈ لکھ کر مفت حاصل کریں۔

منیجر شفاخانہ معاون صحت ... شہر راولپنڈی پنجاب

صاحب ذوق اور علم دوست حضرات

ایک کارڈ لکھ کر علمی، مذہبی، تاریخی کتابوں کی مفصل فہرست طلب فرمائیں ...

منیجر شہرت ... نجیب آباد یوپی

وائسرائے سے سر سپرو کی ملاقات کا نتیجہ
گاندھی جی کی آئندہ ملاقات کے متعلق مختلف حالات
اصل سوال کیا در پیش ہوگا

نئی دہلی ۱۶ار فروری۔ آج وائسرائے نے سر تیج بہادر سپرو، مسٹر شاستری اور مسٹر جیکر سے دو گھنٹہ تک ملاقات کی۔ ملاقات بہت اطمینان بخش رہی توقع کی جاتی ہے کہ اگر وائسرائے اور گاندھی جی دونوں نے صفائی کے ساتھ ملاقات کی اور حقائق اور دستوری حیثیت کا اعتراف کیا تو عارضی صلح کے لئے راستہ نکل سکتا ہے اور آئندہ راؤنڈ ٹیبل کانفرنس ... غالباً اس سلسلہ میں سارا انحصار اس سوال پر ہے کہ آیا عارضی صلح کے لئے صرف یہ کافی ہے کہ دونوں طرف سے دلوں کی تبدیلی ظاہر کر دی جائے یا اس امر کی ضرورت ہے کہ بعض مخصوص کارروائیاں صلح سے قبل کی جائیں ... ملاقات کا مفید نتیجہ فوراً برآمد ہو جائے گا۔ ... ملاقات نتیجہ خیز ہوگی۔ (ا پ)

دار المصنفین کی نئی کتاب
سیر الصحابہ کے حصہ مہاجرین کی تیسری جلد

جس میں حضرت عبداللہ بن عمر، حضرت ابوہریرہؓ، دوسی حضرت سلمان فارسی، حضرت ابوذر غفاری، حضرت خالد بن ولید اور حضرت عمرو بن العاص رضوان اللہ علیہم اجمعین اور دیگر دس مہاجرین صحابہ کے حالات و سوانح، اخلاق، فضائل، اور ان کے مذہبی، علمی، سیاسی، اجتہادات اور کارنامے کی تفصیل ہے ...

منیجر دار المصنفین اعظم گڈھ

سیرۃ رمضان المبارک میں عام لوگوں کیلئے خاص رعایت ...

تفسیر حقانی اردو کامل آٹھ جلد

دار الاشاعت تفسیر حقانی تیلی واڑہ ۔ دہلی

سیندور پال پندرہ دن میں جڑ سے کالا

منیجر ... سٹور ... دربھنگہ

آنکھوں کی ... طلاء

چار شادیوں کا لطف

تازہ تصدیقات

منیجر کارخانہ ... کمپنی پوسٹ ۔ دہلی

تارکا پتہ: الجمعیۃ دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۲۶۵

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

یداللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ
سہ روزہ
دہلی

ایڈیٹر: ہلال احمد زبیری بی۔اے

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۴۹۳

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت
عیسوی ماہ کی
شائع ہوتا ہے
نرخ اشتہارات

جلد ۱۳ | دہلی یوم شنبہ ۹ ؍ شوال المکرم ۱۳۴۹ ہجری ۔ مطابق ۲۸ ؍ فروری ۱۹۳۱ عیسوی | نمبر ۱۳

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

سرجان عبداللہ فلبی کا قبول اسلام

نکتہ چینوں کو معاصر "ام القریٰ" کا جواب

مشہور برطانی نمائندہ سرجان فلبی مدت مدید کی تحقیقات کے بعد گزشتہ دنوں اپنے مشرف باسلام ہونے کا اعلان کر چکے ہیں اور آپ نے سلطان ابن سعود کو اپنے قبول اسلام کی اطلاع کا جو مکتوب ارسال کیا تھا اس میں آپ نے وہ دلائل اور وجوہ تحریر کر دی تھیں جن سے مجبور ہو کر آپ نے آستانہ توحید پر قدم رکھا ہے ...

عبداللہ فلبی نے اسلام کیوں قبول کیا؟

جب سے عبداللہ فلبی کو جلالۃ الملک کا قرب حاصل ہوا اس وقت سے ان کے اندر مذہبی احساس اور دینی قوت کا یقین ترقی کرتا گیا اور وہ اکثر مذہب اسلام کے متعلق بحث و نظر اور تحقیق و تدقیق کرتے رہے یہاں تک کہ ان پر یہ امر آشکارا ہو گیا کہ دین اسلام حق ہے اور اس کی صحت و سچائی میں کوئی شبہ نہیں ہے ...

معاصرین کے افکار و آراء

مردم شماری میں مسلمانوں کا فرض (مشیر سلطنت)

ہندوستان کی موجودہ حالت میں یہ بات ظاہر ہے کہ قومی حقوق کی تقسیم اکثریت اور اقلیت کی بنا پر کی جائے گی اور اس لئے ضروری ہے کہ آئندہ مردم شماری میں مسلمان اپنی تعداد لکھوانے میں اس کی اہمیت محسوس کریں۔ مردم شماری ہندوستان میں ہر دس سال کے بعد ہوا کرتی ہے۔ پچھلی مردم شماری ۱۹۲۱ء میں ہوئی تھی اور یہ مردم شماری ۲۶ فروری ۱۹۳۱ء کو ۱۲ بجے رات کے وقت کی جائے گی ...

(۱) قوموں کا تناسب ...
(۲) بیکار و باکار ...
(۳) زبان ...

ایک اہم قانونی مسئلہ

صلح و مفاہمت کے امکانات

ڈاکخانہ کا نہایت تکلیف دہ قاعدہ

"بندروں کی تقلید سے مشرقی ممالک کی تباہی"

محبوب و عاشق کے قدموں پر

آپریشن یا نشتر کی زحمت نہ اٹھایئے

رعایت ہو تو ایسی ہو

نعمانی قرآن مجید کی خوبیاں اس مختصر اشتہار میں بیان کرنا ممکن نہیں ... مسجدوں میں تقسیم کرائیں، غریبوں کو پڑھنے کے لئے دیں جس سے ہمیشہ ہمیشہ آپ کو ثواب ملتا ہے

ملنے کا پتہ: منیجر الجمعیۃ دہلی

زنگی قلم کمپنی نئی سڑک نمبر ۳۳ دہلی

فتوح الاعصر ترجمہ جدید فتوح المصر

اگر آپ غازیان اسلام و مجاہدین ملت کی اولو العزمی و جاں نثاری کے جرأت آموز حالات معلوم کرنا چاہتے ہیں ...

منیجر الجمعیۃ دہلی

سو فیصدی سچی اور سو فی صدی فائدہ مند دوائیں

بہت بڑی رعایت

۲۸ فروری ۱۹۳۱ء تک مندرجہ ذیل اشیاء کی قیمتوں میں نصف قیمت کی رعایت

فلاور کریم

فلاور سنو

ویلویٹ کریم

پیلس کریم

فلاور فلیش شیڈ کریم

لاثانی قرآن مجید مصری بہت خوشخط اور سستا

احمد کلیجاں نمبر ۲۹ کوچہ تاراچند دہلی

بیکاروں کیلئے سنہری موقع

تمام ہندوستان میں اس سے بہتر کوئی اور کالج نہیں ہے۔
اس کالج میں موٹر ڈرائیوری، فیٹری کا کام دو ماہ میں سکھایا جاتا ہے۔ جس کی فیس مبلغ ۵۰ روپیہ لی جاتی ہے۔ غریبوں کیلئے خاص رعایت ہے۔ مفصل حالات معلوم کرنے کیلئے پراسپکٹس مفت طلب کیجئے۔ پردیسی طلبا کیلئے بورڈنگ ہاؤس کا انتظام بھی ہے۔
دی کیپٹل پریکٹیکل موٹر ٹریننگ کالج بازار مچھلی والاں متصل جامع مسجد دہلی

حلوی سپاری پاک

طلاء فارفورس

بادالجیات

تریاق رحم

جام عیش

حلوی بیضہ مرغ

آمینہ مقویات

سیسہ برادرس ... دہلی

گول میز کانفرنس کے نتائج کی مصدقہ رپورٹ

مجالس ماتحت کی رودادیں اور کانفرنس کی سفارشیں

مرکزی حکومت میں ذمہ داری اور تحفظات کی تفصیل

(خصوصی نامہ نگار)

گول میز کانفرنس کے لندن کی اجلاس میں جو کچھ ہوا اس کی تفصیلات سے نومبر دسمبر اور جنوری کے اخبارات بھرے ہوئے تھے مگر یہ تفصیلات ... اس تعداد شامل تھیں کہ ان میں سے کانفرنس کے حقیقی فیصلوں اور نتائج کو اخذ کرنا ہر شخص کے واسطے نہایت مشکل بلکہ محال تھا ... ان پر کوئی اعتماد نہیں کیا جا سکتا۔

برطانوی ہند کے مندوبین

دیسی ریاستوں کے مندوبین

ایک حیرت انگیز سازش کا انکشاف

کسی مفسد پرداز کی مفتریانہ تحریر

دہلی ۲۵ فروری۔ کل حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند و حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کے نام حضرت مولانا ثناء اللہ صاحب مدیر جریدہ "اہلحدیث" کا مندرجہ ذیل مکتوب موصول ہوا جس کو دیکھ کر سخت حیرت ہوئی:-

بخدمت شریف جناب کرم مولانا کفایت اللہ صاحب و مولوی احمد سعید صاحب زاد مجدکم

السلام علیکم۔ میرے پاس ایک خط ہوا ہے جس کو شائع کرنے سے پہلے میں نے چاہا کہ اس کی بابت آپ دونوں صاحبوں کو توجہ دلاؤں کہ یہ خط

(۱) اسلامی اصول پر مبنی ہے یا
(۲) کسی فقہی روایت پر ہے یا
(۳) قانون جمعیۃ پر

میرے خیال میں (اگر یہ خط واقعی مولوی احمد سعید صاحب کا ہے) مولوی احمد سعید صاحب نے اس خط کے لکھنے میں (اپنے منصب کا لحاظ نہیں رکھا) نہ مذہب کا نہ اسلام کا۔

میں مولوی محمد کا دفاع نہیں کرتا بلکہ نفس مسئلہ پر عرض کرتا ہوں کہ نو مسلمہ مسلمان نہیں ہوئی۔

مولانا کس قدر غلو اور غلط روی ہے۔ امید ہے آپ دونوں صاحب اس زخم کا علاج فرمائیں گے۔

نقل خط ارسال ہے ملاحظہ ہو۔ میری ذمہ داری محفوظ رکھ کر جواب باصواب سے خورسند فرمائیں۔

خادم ابوالوفا ثناء اللہ

۳ شوال المکرم ۱۳۴۹ھ مطابق ۲۳ فروری ۱۹۳۱ء

جعلی خط کی نقل

دہلی ۱۴ فروری ۱۹۳۱ء

جناب مرزا منظور بیگ صاحب

کارڈ آپ کا آیا جس میں آپ نے نو مسلمہ کی اطلاع میرے دفتر میں بھیجی۔ میرے اڈیٹر نے مجھ کو دکھایا۔ اگر چہ اخبار میں آپ کی خبر جاری نو مسلمہ کی اطلاع کو شائع نہیں کرنے کی اجازت دی کہ تم نے اس بے چاری نو مسلمہ کو مسلمانوں کے ایک بڑے دشمن کے ہاتھ سے مسلمان کرایا۔ یہ عورت چونکہ ابھی تک مسلمان نہیں ہوئی اس لئے میرے لئے اس خبر کو شائع کرنا غلط ہو گا۔ اگر آپ اس کو شائع کرانا چاہتے ہیں تو آپ اس کو مجھ کے دفتر میں لا کر مولوی کفایت اللہ صاحب کے ہاتھ پر دوبارہ اسلام قبول کرائیں۔ پھر میں اس خبر کو دل و جان سے شائع کر دوں گا۔

احمد سعید

حضرت مفتی صاحب کا جواب

حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند کی جانب سے مندرجہ بالا خط کا حسب ذیل جواب آج روانہ کر دیا گیا ہے جسے ہم قارئین کرام کی اطلاع کے لئے شائع کرتے ہیں:-

مکرمی مولانا ابوالوفا محمد ثناء اللہ صاحب دام فضلکم

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ۔ جناب حاجی محمد عبد الغفار صاحب کی معرفت آپ کا عنایت نامہ اور ایک خط کی نقل جو مولانا احمد سعید صاحب کی طرف سے لکھا گیا ہے موصول ہوئی۔ آپ کے اس حزم اور احتیاط کا شکریہ کہ اس کو شائع کرنے سے قبل آپ نے اس کے متعلق استفسار فرما لیا۔ مجھے چونکہ اس کے متعلق کوئی علم نہ تھا اس لئے میں نے فوراً مولانا احمد سعید صاحب سے دریافت کیا۔ انہوں نے اس خط کو جو ان کی طرف سے لکھا گیا ہے پڑھا اور تعجب اور حیرت کے ساتھ جواب میں کہا کہ مجھے اس معاملہ کی بالکل اطلاع نہیں۔ نہ کسی نو مسلمہ کی کوئی اطلاع مجھے ملی۔ نہ مرزا منظور بیگ صاحب کا کوئی خط آیا۔ نہ میں نے کوئی تحریر ان کو بھیجی۔ اور نہ میں اس قسم کی تحریر لکھ سکتا ہوں۔ مجھے معلوم نہیں کہ کس شخص نے یہ مفتریانہ کارروائی کی ہے۔

اور اس خط کے بھیجنے والے سے آپ اصل خط دریافت فرما کر مولانا احمد سعید صاحب کی طرف نسبت کی صحت کا ثبوت طلب کریں گے۔

دس گیارہ روز ہوئے کہ چند حضرات نے مولانا احمد سعید صاحب سے دریافت کیا تھا کہ کیا آپ نے ایک عالم اہل حدیث کے ہاتھ پر اسلام قبول کرنے والی ایک نو مسلمہ کو مسلمان قرار دینے سے انکار کیا ہے اور اہل حدیث کے کسی عالم کو آپ نے اسلام کا دشمن بتایا ہے تو مولانا نے نہایت شدت سے اس خیال کی تغلیط کی تھی ... چنانچہ اس افترا کا سرچشمہ کہاں ہے اور اس جدید فتنہ کا دروازہ کیوں کھولا گیا ہے۔ لیکن ہے کہ آئندہ آپ کی مدد سے یہ بھی منکشف ہو جائے۔ امید کہ آپ کا مزاج بخیر ہوگا۔

محمد کفایت اللہ غفرلہ

۲۵ فروری ۱۹۳۱ء

[ہم مرزا منظور بیگ صاحب ایڈیٹر ہفتہ وار ... سے توقع کرتے ہیں کہ وہ اصل حقیقت کو ظاہر کریں گے کہ مولانا کی طرف سے ان کو یہ خط کس طرح پہنچا اور انہوں نے کونسا خط لکھا تھا۔ ہم مرزا صاحب سے توقع کرتے ہیں کہ وہ بہت جلد معاملہ کو صاف کر کے مسلمانوں کو ایک بڑی غلط فہمی سے نجات دلائیں گے اور صاف طور پر یہ بتائیں گے کہ یہ مغرضانہ اور جعلی کارروائی کس غرض سے کی گئی تھی۔ الجمعیۃ]

سی پی کی جنگی کونسل کا غیر مستحسن فیصلہ

مردم شماری کے بائیکاٹ کی مہم کا آغاز

کانگریس نے اپنے سابقہ فیصلہ کو منسوخ نہیں کیا ہے

ناگپور ۲۴ فروری۔ سی پی کی مرہٹی وار کونسل نے یہ فیصلہ کر لیا ہے کہ مردم شماری کا بائیکاٹ کیا جائے۔ بعض حلقوں کے ... کانگریس کمیٹی کی پرانی ہدایت پر اس معاملہ میں اقدام کر رہی ہے۔

... جیسا کہ کانگریس کی مجلس عاملہ کے روبرو پیش کیا ہے۔

ایک مدیر اخبار کی گاندھی جی سے شکایت

گاندھی جی کا جواب

بمبئی ۲۴ فروری۔ سول اینڈ ملٹری گزٹ ... کے مدیر نے گاندھی جی کو کل تار حسب ذیل تار دیا:-

"بمبئی میونسپل کارپوریشن کا محاصرہ کر لیا۔ اور کان کارپوریشن کو جلسہ میں شریک ہونے سے روک دیا۔ اپنے وزرا اعظم کی انجام دہی سے زبردستی باز رکھا۔ اجلاس مذکور میں جدید وائسرائے کی آمد اور موجودہ وائسرائے کی روانگی کے سلسلے میں خیر مقدم ... پر بحث ہونے والی تھی۔ بکٹ کرنے والوں نے ارکان کارپوریشن پر عدا جبر سے کام لیا۔ کیا آپ اس کو پسند کرتے ہیں؟"

گاندھی جی نے شام کو حسب ذیل جواب دیا:-

شکریہ۔ اگر یہ بیان صحیح ہے تو سخت قابل گرفت ہے۔

سکھوں کی طرف سے گاندھی جی کے نام تار

قومی جھنڈہ میں ہمارا رنگ بھی شامل کیجئے

امرتسر ۲۴ فروری۔ سردار ... سنگھ جوامرتسر کے مشہور اخبار نویس ہیں انہوں نے ذیل کا تار گاندھی جی کے نام ارسال کیا ہے:-

"میں آپ کو ہندو مسلم اتحاد کرانے کی سعی پر دلی مبارکباد دیتا ہوں۔ آپ سے درخواست ہے کہ آپ قربانی کرنے والے سکھوں سے بھی مصالحت کیجئے اور قومی جھنڈے میں ان کا مخصوص رنگ بھی شامل کر لیجئے۔ بابا کھڑک سنگھ جی سے جو آپ کی ذاتی گفتگو ہوئی تھی کہ سکھ لیڈروں کو منتخب کر لیا جائے یہ نہایت مفید تجویز ہے۔"

گاندھی جی کی نظر میں قومی سپاہیوں کے فرائض

گاندھی جی اپنے اخبار ینگ انڈیا میں لکھتے ہیں کہ سپاہی کا یہ کام نہیں کہ وہ صلح کے لئے مضطرب ہو۔ اس کے لئے صلح اور جنگ دونوں برابر ہیں۔ سپاہی کو نتائج کا اور ماحول سے بے نیاز ہو کر کام کرنا چاہئے۔

بمبئی میں ۷۰ قومی کارکنوں کی گرفتاری

مجسٹریٹ کی عدالت سے قید سخت کی سزائیں

بمبئی ۲۴ فروری۔ ... مجسٹریٹ کے حکم امتناعی کو توڑتے ہوئے ... کے جرم میں گرفتار ہوئے تھے ... چار چار ماہ قید سخت کی سزا دی ...

(پ-۱)

دارالعلوم رفیع الاسلام پشاور میں مسلمانان سرحد کا جلسہ

حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کی خدمت میں اظہار تبریک و تہنیت

جمعیۃ علمائے ہند کی خدمات کا اعتراف اور مخالفین جمعیۃ پر اظہار نفرت

دارالعلوم رفیع الاسلام میں بتاریخ ۲۲ رمضان المبارک منعقدہ طور سے جلسہ ہوا جس میں حسب ذیل تجویزیں پاس ہوئیں:-

مسودہ قانون ازدواج بین الملل کی ناکامی

(۱) اہالی صوبہ سرحد عموماً اور طلبہ اور اساتذہ و مہتمم دارالعلوم رفیع الاسلام خصوصاً اس امر پر نہایت اظہار مسرت کرتے ہیں کہ ازدواج بین الملل کا شرمناک قانون حضرت مولانا محمد کفایت اللہ صاحب مفتی ہند کی مساعی جمیلہ سے خاک کے گھاٹ اتر گیا۔

حضرت مفتی صاحب کی کامیاب مساعی

(۲) ہم تمام اہالی سرحد اور متعلقین مدرسہ رفیع الاسلام حضرت مفتی صاحب کی مساعی کے بار آور ہونے پر ان کی خدمت میں تہنیت و تبریک عرض کرتے ہیں۔

ملعون و مردود قانون

ریاست خیرپور کے مسلمانوں کا جلسہ

مخالفین جمعیۃ علماء ہند کی سازش پر اظہار نفرت و حقارت

تاریخ ۲۶ رمضان ۹ بجے شب کو جامع مسجد کوٹ ... ریاست خیرپور سندھ میں ایک جلسہ زیر سرپرستی انجمن تبلیغ علماء اور زیر صدارت سید عثمان شاہ بخاری منعقد ہوا۔ جس میں یہ قرار داد منظور کی گئی کہ جن لوگوں نے جمعیۃ العلماء ہند کے محترم کارکنوں پر ناروا حملے ... کر کے جلسہ نفرت سے دیکھتا ہے اور ان کی سازش کو ہندوستان کی بہتری کے خلاف تصور کرتا ہے۔

داعی عبداللہ شاہ ... عفی عنہ

انجمن اسلامیہ صدیقیہ بختیارپور ضلع پٹنہ کا جلسہ عام

مخالفین جمعیۃ علماء ہند پر اظہار ملامت

"ہندوؤں" کی تقلید سے مشرقی ممالک کی تباہی

(بسلسلہ صفحہ اول)

آج کل مشرقی قوموں میں جس بلا میں مبتلا ہیں وہ یہ ہے ... ان ممالک کے اخلاق و عادات رسم و رواج اور عقائد و مدارک میں سخت تخالف ہے۔ ... اخلاق و عادات کا ساتھ دے سکیں۔

مشرقی حکومتوں میں سوئیزرلینڈ کا قانون

بعض مشرقی حکومتوں نے سوئیزرلینڈ کے قانون کو اختیار کر لیا ہے۔ حالانکہ ان میں اور سوئیزرلینڈ کے قانون میں مشرق و مغرب کا فرق ہے ... مشرقی حکومتوں کا یہ خیال کہ وہ اپنے ممالک میں سوئیزرلینڈ کا قانون جاری کر دیں ...

پنڈت موتی لال نہرو کے انتقال پر جلسہ تعزیت

جمعیۃ علماء آسام کا اظہار ہمدردی

پنڈت موتی لال نہرو کے انتقال پر اظہار ہمدردی کی غرض سے آج چار بجے ... جمعیۃ علمائے آسام کی طرف سے ایک جلسہ بصدارت شیخ الہند حضرت مولانا سید حسین احمد مدظلہ العالی منعقد ہوا۔ حسب ذیل تجویز کرسی صدارت کی طرف سے پیش ہو کر بالاتفاق منظور ہوئی:-

"سیاسی ہندوستان کے نہایت تجربہ کار اور اعلیٰ تعلیم یافتہ لیڈر پنڈت موتی لال نہرو کا ہندوستان کی موجودہ تحریک آزادی کی نہایت دشوار گزار اور سخت پیچیدہ کشمکش کے وقت انتقال کر جانا اس جلسہ کی رائے میں ہندوستان کی نہایت افسوسناک اور پریشان کن بدقسمتی ہے ... یہ جلسہ ... ان کے اہل خاندان سے ... ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے تمام ہندوستانیوں سے درخواست کرتا ہے کہ وہ ملک کی آزادی کی راہ میں پنڈت جی کے ایثار و قربانی کو اپنا رہنما بنائیں۔"

خادم ابو حامد عبد الحق صدر جمعیۃ علمائے آسام

گاندھی جی اور وائسرائے کی دوبارہ ملاقات

وزیر ہند کے جواب کا انتظار

دہلی ۲۴ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ دن کے بارہ بجے تک وائسرائے کی جانب سے گاندھی جی کو ملاقات کے لئے کوئی اطلاع نہیں دی گئی۔ خیال کیا جاتا ہے کہ وائسرائے گاندھی جی سے ملاقات کے بعد حکومت کی جانب سے کوئی قطعی رائے اب تک حاصل نہیں کر سکے۔ وائسرائے کو لندن کے فیصلہ کا انتظار ہے۔ گمان غالب ہے کہ لندن سے وزیر ہند کا جواب آنے کے بعد صلح کی گفت و شنید دوبارہ شروع ہوگی۔

صوبہ بہار میں گرفتار ہونیوالوں کی تعداد

چودہ ہزار کے قریب قومی کارکنوں کی گرفتاری

(پ-۱)

دو لاکھ انسانوں کے مجمع میں گاندھی جی کی پُرتاثیر تقریر

وائسرائے کی گفت و شنید کا تذکرہ اور عدم تشدد کی تلقین

بدیشی کپڑے کے دائمی مقاطعہ پر اصرار

دہلی ۲۰ فروری۔ آج شام کو ساڑھے پانچ بجے کمپنی باغ میں ہارڈنگ لائبریری کے قریب تقریباً دو لاکھ انسانوں کا ایک عظیم الشان اجتماع منعقد ہوا جو دہلی کی تاریخ میں ہمیشہ یادگار رہے گا۔ دہلی اور نواح دہلی سے ہر سمت کی خلقت کا سمندر ہجوم ہو گیا تھا کہ اس کے چاروں طرف آدمی ہی آدمی نظر آتے تھے۔ ڈاکٹر انصاری نے جلسہ کی صدارت فرمائی ... ڈاکٹر انصاری نے دہلی والوں کے بہترین تعریف کرنے کے بعد گاندھی جی سے تقریر کرنے کی درخواست کی ...

مولانا محمد علی کی یاد

وائسرائے سے گفتگو

عورتوں اور بچوں کی قربانیاں

عدم تشدد کا مسلک

بدیشی کپڑے کا بائیکاٹ

عزت افزائی کا شکریہ

گاندھی جی سے بدیشی پارچہ فروشوں کی ملاقات

ولایتی کپڑے کے بدلے دیسی کپڑا لینا منظور کرو

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

۲۸ فروری ۱۹۳۱ء

سرزمین بے آئین کا ایک انوکھا قانون

وحشت و بربریت کا المناک مظاہرہ

صوبہ سرحد کی سرزمین سے آئین پر سالہا سال سے جو مظالم توڑے جا رہے ہیں ان کے ذکر سے دنیا کی تمام مہذب و متمدن اقوام کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں اور انہیں حیرت ہوتی ہے کہ اس بیسویں صدی میں جبکہ ہر طرف انصاف و آئین کی صدائیں بلند ہو رہی ہیں اور حریت و مساوات کے نام سے انسانیت کے ابتدائی حقوق کو ہر جگہ تسلیم کیا جا رہا ہے ...

انتہائی سزا

حکومت کو انتباہ

مسلمانوں کی قربانیاں

حبیب نور کا مقدمہ

عاجلانہ کارروائی

انصاف کا خون

گاندھی جی کا عزم

مفلس ہندوستان کا اسراف

فخر افاغنہ خان علی گل خان کی دہلی میں آمد

سرحدی لوگوں پر حکومت کے مظالم کی دلگداز داستان

لاٹھیوں اور گولیوں کا چلنا ایک غیر معمولی بات ہوگئی

کیا گورنر بمبئی مظالم بورسد کی تحقیقات کرائینگے؟

حکومت کی طرف سے تردید

مجلس مقننہ پنجاب میں سر ہنری کریک کی تقریر

سول نافرمانی کے سلسلہ میں گرفتار شدگان کی تعداد

گیارہ ماہ میں سات ہزار سے زائد اشخاص کی گرفتاری

لاہور ۲۵ فروری - آج چودھری شہاب الدین کی صدارت میں مجلس مقننہ پنجاب کا اجلاس سال کے میزانیہ پر بحث کرنے کے لئے منعقد ہوا۔ ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے سر ہنری کریک نے کہا کہ یکم جنوری سے ... اشخاص سول نافرمانی کے سلسلہ میں گرفتار ہوئے ... (۱-پ)

ینگ انڈیا میں مضمون شائع کرنے والے کو سزا

نیک چلنی کے لئے پانچسو روپے کی ضمانت کا حکم

احمد آباد ۲۵ فروری - کمارپا، پروفیسر گجرات ودیاپیٹھ جن کو حکومت کی طرف سے ایک سال کی نیک چلنی کے لئے پانچسو روپیہ داخل کرنے کا حکم ہوا تھا انہوں نے ضمانت داخل کرنے سے انکار کر دیا اس لئے ان کو آج سٹی مجسٹریٹ نے ایک سال قید محض کی سزا دیدی۔ آپ نے ینگ انڈیا میں ایک مضمون لکھا تھا جس کے سلسلے میں آپ سے دفعہ ۱۰۸ کے ماتحت ضمانت طلب کی گئی۔ آپ کو اے کلاس دی گئی ہے۔ (۱-پ)

پشاور میں سرخ پوشاک والوں کی گرفتاری

اتمان زئی کے ہنگامہ کا نتیجہ

پشاور ۲۵ فروری - ہفتہ کے روز اتمان زئی کے قبیلہ میں جو ہنگامہ ہوا تھا اس کے سلسلہ میں دفعہ ۱۴۸ اور ۱۰۷ کے ماتحت بہت سے سرخ پوشاک والے گرفتار کر لئے گئے ہیں۔ (۱-پ)

مدراس میں متعدد مقامات پر پولیس کے چھاپے

ایک دن میں پچاس سے زائد گرفتاریاں

مدراس ۲۵ فروری - پولیس نے تمام رات ٹرپلی کین اور جارج ٹاؤن پر چھاپے مارے آج صبح بھی بہت سے مقامات پر پولیس پہونچی۔ اب تک پولیس نے دفعہ ۵۶ کے ماتحت تقریباً پچاس آدمی گرفتار کئے ہیں۔ آج ہی کھمبوچی اسٹریٹ سے ۱۳ آدمی گرفتار کئے گئے۔ آج پانچ آدمی جو کانگریس ہسپتال سے گرفتار کئے گئے تھے ان کو پولیس کمشنر کے سامنے پیش کیا گیا جس نے ان کو یہ کہہ کر رہا کر دیا کہ یہ لوگ صرف ملازم ہیں۔ دوسرے گرفتار شدگان کو حوالات میں بند کر دیا گیا۔ ان لوگوں پر دفعہ ۱۰۹ کے ماتحت مقدمہ چلے گا۔ (۱-پ)

بنگال جیل سے قومی کارکنوں کی رہائی

کلکتہ ۲۵ فروری - گذشتہ مئی کو جو لوگ سول نافرمانی کے سلسلہ میں گرفتار ہو کر ایک ایک سال قید سخت کے لئے سزایاب ہوئے تھے وہ آج صبح ڈم ڈم اسپیشل جیل سے اپنی میعاد سزا پوری کرنے کے بعد رہا کر دیئے گئے ہیں۔ (۱-پ)

کلکتہ میں زبردست آتشزدگی

پچاس ہزار روپے کی عمارت جلکر خاک ہوگئی

کلکتہ ۲۵ فروری - آج صبح تین بجے جیوٹ پریس کی عمارت میں آگ لگ گئی جس کے باعث شدید نقصان ہوا۔ تمام عمارت جلکر خاک ہوگئی۔ عمارت کے متعلق نقصان کا اندازہ پچاس ہزار لگایا جاتا ہے۔ ابھی تک یہ معلوم نہ ہو سکا کہ مال و اسباب کا کتنا نقصان ہوا۔ (۱-پ)

مزدور جماعت سے ۱۷ ممبران کا استعفیٰ

لندن ۲۴ فروری - معاصر "مانچسٹر گارڈین" رقمطراز ہے کہ سر اوسوالڈ موسلے اور لیبر پارٹی کے ۱۷ ممبران نے جنہوں نے موسلے میمورنڈم پر دستخط کئے تھے لیبر پارٹی سے استعفیٰ دینے کا فیصلہ کر لیا ہے استعفے الگ الگ دئے جائیں گے۔ سب سے پہلے مسٹر ڈبلیو جے براون داخل کریں گے۔ ہفتہ ہذا کے نصف تک لیبر پارٹی کی موسلے جماعت کی جانب سے ایک اعلان کیا جائے گا جس میں وہ اپنی پالیسی کی وضاحت کریں گے۔

آل انڈیا مسلم کانفرنس کی مجلس عاملہ کا اجلاس

دہلی ۲۵ فروری - معلوم ہوا ہے کہ آل انڈیا مسلم کانفرنس کی ورکنگ کمیٹی کا اجلاس یکم مارچ کو دریا گنج کوٹھی ۲۲ میں منعقد ہوگا تاکہ کانفرنس ہذا کے خاص اجلاس کے لئے صدر کا انتخاب نیز مقام اور تاریخوں کا تصفیہ کیا جائے۔

بدیشی کپڑے کے پکٹنگ پر پارلیمنٹ میں کھلبلی

لندن ۲۴ فروری - دار العوام میں مسٹر فریڈ رکسبال نے سوال کیا کہ حکومت ہند نے ان اشخاص کے خلاف کیا کارروائی کی ہے جنہوں نے دوبارہ بدیشی کپڑے کی دوکانوں پر پکٹنگ کیا ... (۱-پ)

سرحد پر حکومت کے مظالم کی ایک جھلک

چھ ماہ میں مسلمانوں کی تباہی کے لئے کتنے بم پھینکے گئے

لندن ۱۵ فروری - دار العوام میں سر الفریڈ ناکس نے دریافت کیا کہ سرحد جدید محکمہ فوج اور محکمہ ہوائی کی طرف سے تباہی کے خطرات کی کارروائیاں کی گئی ہیں ان کے نظم اور ترتیب کے واسطے کیا طریقے اختیار کئے گئے۔

وزیر ہند نے کہا کہ گزشتہ سال میں ایک کمیٹی اس لئے مقرر کی گئی تھی کہ وہ غور کرکے مشورہ دے کہ قبائل کے انتظام اور ان کی حملوں سے حفاظت کی تدابیر تجویز کرے اس کمیٹی کے پیش نظر یہ مسئلہ بھی تھا کہ فوجی قوت اس وقت جس قسم کی وہاں موجود ہے اور باقاعدہ فوج اور ہوائی محکمہ میں باہمی کارگذاری کا جو طریقہ رائج ہے اس کو آئندہ جاری رکھا جائے یا کفایت اور بہتری کو ملحوظ رکھتے ہوئے اس میں اگر کسی قسم کی تبدیلی کی ضرورت ہو تو سفارش کی جائے۔

سر الفریڈ ناکس - گذشتہ ۶ ماہ میں ... تک ہوائی دستے نے سرحدی علاقہ میں جتنے بم پھینکے ... اخراجات کی مد میں درج کی گئی۔

برطانیہ کی تجارت پارچہ میں تنزل

ڈھائی کروڑ روپیہ کی کمی واقع ہوئی

مانچسٹر ۲۴ فروری - برطانیہ کے سوتی مال کی برآمد تجارت بابت ۱۹۳۰ء کے متعلق جو آخری اعداد دریافت ہوئے ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے ...

سردار بھگت سنگھ کی درخواست کا حشر

لاہور ۲۵ فروری - جسٹس ہائیڈ نے بھگت سنگھ راج گرو اور سکھ دیو کی وہ درخواست جو عدالت عالیہ میں پیش کی گئی تھی مسترد کر دی۔

سیاسی فضا کی پامالی میں

حکومت پنجاب کی جد و جہد

لاہور ۲۵ فروری - مجلس مقننہ میں ایک سوال کے جواب میں سر ہنری کریک نے کہا کہ ۱۹۳۰ء میں سیاسی فضا کی بدولت خاص عدالتی کارروائیوں کے سلسلے میں حکومت کا ... روپیہ صرف ہوا۔ جیل کے قیدیوں کی تعداد میں ... اضافہ رہا۔

ایک انگریزی فوجی افسر کی خودکشی

لاہور ۲۳ فروری - لاہور چھاونی شفاخانہ میں ایک فوجی افسر کی خودکشی کی اطلاع موصول ہوئی ...

اسیران مقدمہ سازش کو رہا کیا جائے

گاندھی وائسرائے کانفرنس پر قیاس آرائیاں

معاصر "ٹیٹسمین" وائسرائے گاندھی کی گفتگو کے سلسلہ میں رقمطراز ہے ...

لندن میں ایران کی بین الاقوامی نمائش

شاہ اور ملکہ انگلستان کی آمد

لندن ۲۴ فروری - شاہی اکاڈیمی میں ایرانی صناعی کی بین الاقوامی نمائش میں شاہ جارج اور ملکہ کا ورود ہوا ...

مصر میں قند کی درآمد

شرح چنگی میں تبدیلیاں

قاہرہ ۲۳ فروری - حکومت مصر نے درآمد قند پر کسٹم ڈیوٹی (چنگی) کی شرح پر نظرثانی کے بعد جدید شرح چنگی قائم کی ہے ...

ہوانا میں سازشوں کا جال

عوام اور پولیس کی کشمکش

نیویارک ۲۴ فروری - ہوانا کے صدر جمہوریہ کے محل کے بالائی حصہ میں ایک بم دستیاب ہوا ... طلبا پر سازش کے الزام میں ماخوذ ہیں۔

سورت میں مدرسین کی کانفرنس

جسمانی سزا دینا اور جذبات مقابلہ پیدا کرنا ترک کیا جائے

احمد آباد ۲۳ فروری - ضلع سورت میں معلمین مدارس کی کانفرنس ...

نئی دہلی کی تعمیر کے اخراجات

آتشبازی پر بیس ہزار روپیہ ضائع کئے گئے

نئی دہلی ۲۴ فروری - مجلس مملکت کے اجلاس میں ...

احمد آباد میں گاندھی جی کے خیرمقدم کی تیاری

استقبالیہ کمیٹی کی تجاویز

احمد آباد ۲۴ فروری - گاندھی جی کی آمد کے موقع پر ان کے شایان شان خیرمقدم کے لئے بہت تیاریاں ہو رہی ہیں ...

گورنر بمبئی کے عملہ کی چوری

۷۷۰ روپیہ کا مال غائب

سردار بھگت سنگھ کی پھانسی

۳ مارچ تک ملتوی کر دی گئی

دہلی سے گورنر بمبئی کی مراجعت

واقعہ بورساد کی تحقیقات کیلئے حکومت کی رضامندی

بنگال کی تمہیدی مردم شماری کے صحیح اعداد

بعض اضلاع کی آبادی میں ترقی

پولیس پر حملہ کرنے والوں کو سزائیں

امرتسر میونسپل کمیٹی میں ایک اہم تجویز

مارشل لا کے قیدیوں کی رہائی کیلئے حکومت سے درخواست

ملک معظم کی حکومت فوج کو ہندوستانی بنانا چاہتی ہے

ایوان ریاست میں کمانڈر انچیف افواج ہند کا بیان

صوبہ متوسط میں گرفتاریاں

مردم شماری کے مقاطعہ پر سزائیں

جمعیۃ علماء ہند کے رضاکاروں کی رہائی

مزدور حکومت وائسرائے کی حمایت پر

عارضی صلح کے لئے حکومت کا اضطراب

وائسرائے کی مجلس عاملہ میں مخالفانہ رویہ

مسٹر چرچل کی احمقانہ اور شر انگیز تقریر

"میں موجودہ حکومت کی تائید کرنے کے لئے تیار نہیں"

"وائسرائے اور گاندھی کی ملاقات خطرناک اور مکروہ ہے"

خواتین کے جلسہ میں سروجنی نائیڈو کی تقریر

ہندوستان کی خواتین نے وطن کا سر بلند کر دیا ہے

ڈوبتے کو بچانے والا خود ڈوب گیا

دریائے ہوگلی میں ایک ڈپٹی انجینیر کی غرقابی

مرٹھی وار کونسل کے صدر کو قید سخت اور جرمانہ کی سزا

مردم شماری کے بائیکاٹ پر تقریر کرنے کا الزام

الجمعیۃ دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سرزمین بے آئین کا ایک انوکھا قانون

وحشت و بربریت کا المناک مظاہرہ

سرحد پر حکومت کے مظالم کی ایک جھلک

چھ ماہ میں مسلمانوں کی تباہی کے لئے کتنے حربے پھینکے گئے

ینگ انڈیا میں مضمون شائع کرنے والے کو سزا

مدراس میں متعدد مقامات پر پولیس کے چھاپے

ایک دن میں پچاس سے زائد گرفتاریاں

جنگل جیل سے قومی کارکنوں کی رہائی

آل انڈیا مسلم کانفرنس کی مجلس عاملہ کا اجلاس

برطانوی تجارت پارچہ میں تنزل

مصر میں تمدن کی درآمد

سیاسی فضا کی بحالی میں حکومت پنجاب کی جدوجہد

سورت میں مدرسین کی کانفرنس

ایک انگریز فوجی افسر کی خودکشی

نئی دہلی کی تعمیر کے اخراجات

اسیران مقدمہ سازش کو رہا کیا جائے

احمدآباد میں گاندھی جی کے خیر مقدم کی تیاری

گورنر بمبئی کے گھر کی چوری

شاہ افغانستان کی آمد

دہلی سے گورنمنٹ کی مراجعت

صوبہ متوسط میں گرفتاریاں

خواتین کے جلسہ میں مسز سروجنی نائیڈو کی تقریر

ہندوستان کی خواتین نے وطن کا سر بلند کر دیا ہے

ڈوبتے کو بچانے والا خود ڈوب گیا

الجمعیۃ دہلی

سرزمین بے آئین کا ایک انوکھا قانون
وحشت و بربریت کا المناک مظاہرہ

[illegible]

سرحد پر حکومت کے مظالم کی ایک جھلک
چھ ماہ میں مسلمانوں کی تباہی کے لئے کتنے بم پھینکے گئے

[illegible]

بنگال میں مضمون شائع کرنے والے کو سزا

[illegible]

پشاور میں سرخ پوش رضاکاروں کی گرفتاری

[illegible]

مدراس میں متعدد مقامات پر پولیس کے چھاپے

[illegible]

جنگل میں سے قومی کارکنوں کی رہائی

[illegible]

کلکتہ میں آتشزدگی

[illegible]

مزدور جماعت کے ممبران کا استعفیٰ

[illegible]

برطانیہ کی تجارت پار ہیں تنزل

[illegible]

سیاسی قیدی

[illegible]

ایک انگریزی فوجی افسر کی خودکشی

[illegible]

نئی دہلی کی تعمیر کے اخراجات

[illegible]

صوبہ متحدہ میں گرفتاریاں

[illegible]

احمد آباد میں کانگریس کے متعلق تیاری

[illegible]

گورنر بمبئی کے علاج کی بحالی

[illegible]

شاہ ایران کی انگلستان کی آمد

[illegible]

دہلی میں گورنر جنرل کی آمد

[illegible]

بنگال کی مردم شماری

[illegible]

مسٹر چرچل کی تقریر

[illegible]

ڈوبتے کو بچانے والا خود ڈوب گیا

[illegible]

مرکزی دارالحکومت کے صدر کو نئی تخت کی تجویز

[illegible]

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

۲۸ فروری ۱۹۳۱ء

سرزمین بے آئین کا ایک انوکھا قانون

وحشت و بربریت کا المناک مظاہرہ

[illegible]

انتہائی سزا

[illegible]

حکومت کو انتباہ

[illegible]

حبیب نور کا مقدمہ

[illegible]

عاجلانہ کارروائی

[illegible]

مسلمانوں کی قربانیاں

[illegible]

انصاف کا خون

[illegible]

کے لئے کافی ہے ... ڈاکٹر صاحب تحریر فرماتے ہیں۔

[illegible]

بارہ ہزار مسلمانوں کا جیل جانا اور چار پانچ سو کا اپنی جانیں قربان کر دینا کچھ کم اہمیت نہیں رکھتا ہے اور یقیناً اس کے بعد کسی کو یہ کہنے کی جرأت نہ ہوگی کہ مسلمان اپنی قربانیوں میں کسی سے پیچھے رہے ہیں۔ ہمیں ڈاکٹر صاحب کے فراہم کردہ مزید اعداد و شمار کا انتظار ہے اور ہم اس کے بعد کسی قدر تفصیل کے ساتھ اظہار خیال کریں گے۔

گاندھی جی کا عزم

گاندھی جی نے مسلم لیگ کی کونسل میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ "اگر خدا نے ایسا چاہا کہ کانگریس کانفرنس میں شریک ہو اور کانگریس اور حکومت کے درمیان سمجھوتہ ہوگیا تو ہندو مسلم سوال کی طرف ہم سب سے پہلے توجہ کریں گے اور میں آپ سب کو یقین دلاتا ہوں جتنا کہیں دلا سکتا ہوں کہ جو کچھ ہمارے امکان میں ہوگا وہ ہم اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے کریں گے"۔

ہم گاندھی جی کے ان الفاظ کا نہایت پرجوش خیر مقدم کرتے ہیں۔ [illegible]

مفلس ہندوستان کا اسراف

نئی دہلی کی تعمیر پر جس بے دردی کے ساتھ روپیہ صرف کیا گیا ہے اسے دیکھتے ... [illegible] ... ہندوستان کے افلاس اور ہندوستان کے افلاس کی بیماری کا حقیقی سبب کیا ہے۔

فخر افاغنہ خان علی گل خان کی دہلی میں آمد

سرحدی لوگوں پر حکومت کے مظالم کی دلگداز داستان

لاٹھیوں اور گولیوں کا چلنا ایک غیر معمولی بات ہوگئی!

دہلی ۲۵ فروری۔ خان علی گل خان (جو حال ہی میں گجرات جیل سے رہا ہوئے ہیں) اور سید یعقوب شاہ مشہور سرحدی لیڈر صوبہ سرحد کانگریس کی مجلس عاملہ کی دعوت پر دہلی پہنچ گئے ہیں تاکہ صوبہ سرحد کے سیاسی حالات سے مجلس عاملہ کو مطلع کریں۔ آپ نے کہا کہ موجودہ وقت میں صوبہ سرحد انتہائی تشدد اور مظالم کے دور سے گزر رہا ہے۔ لاٹھیاں چلانا اور گولیاں برسانا ایک بہت غیر معمولی بات ہوگئی ہے ... [illegible] ... توقع ہے کہ آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے سکریٹری کی جانب سے ایک مفصل بیان بھی شائع ہونے والا ہے۔ (ا۔پ)

کیا گورنر بمبئی مظالم بورسد کی تحقیقات کرائینگے؟

حکومت کی طرف سے تردید

بمبئی ۲۳ فروری۔ ایسوسی ایٹڈ پریس کو سرکاری طور پر اطلاع ملی ہے کہ اخبارات میں جو یہ خبر شائع ہوئی ہے کہ گورنر بمبئی نے مظالم بورسد کی تحقیقات سے اتفاق کیا ہے، یہ خبر بالکل غلط اور بے بنیاد ہے۔ (ا۔پ)

مجلس مقننہ پنجاب میں سر جوگندر سنگھ کی تقریر

سول نافرمانی کے سلسلہ میں گرفتار شدگان کی تعداد

گیارہ ماہ میں سات ہزار سے زائد اشخاص کی گرفتاری

لاہور ۲۵ فروری۔ آج چودھری شہاب الدین کی صدارت میں مجلس مقننہ پنجاب کا اجلاس ... ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے سر جوگندر سنگھ نے کہا کہ یکم جنوری سے ۳۰ نومبر تک (۷۱۹۵) اشخاص سول نافرمانی کے سلسلہ میں گرفتار ہوئے ہیں ان میں سے (۵۶۳۸) اشخاص جیل بھیجدیئے گئے اس دوران میں ۳۵ خواتین گرفتار کی گئیں جن میں سے ۳۳ کو جیل بھیجدیا گیا ۶۳ ملزمین کو اے کلاس اور ایک سو ۲۹ کو بی کلاس دی گئی۔

راجہ نریندر ناتھ کی تحریک پر ایوان نے مولانا محمد علی مرحوم، پنڈت موتی لال نہرو اور سر بخش سنگھ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ کی وفات پر تعزیت کی تجویز منظور کی۔ (ا۔پ)

ینگ انڈیا میں مضمون شائع کرنے والے کو سزا

نیک چلنی کے لئے پانچسو روپے کی ضمانت کا حکم

احمد آباد ۲۵ فروری۔ ... گجرات ودیاپیٹھ جن کو حکومت کی طرف سے ایک ... ضمانت داخل کرنے کا حکم ہوا تھا انہوں نے ضمانت داخل کرنے سے انکار کر دیا اس لئے ان کو آج سٹی مجسٹریٹ نے ایک سال قید محض کی سزا دیدی۔ آپ نے ینگ انڈیا میں ایک مضمون لکھا تھا جس کے سلسلے میں آپ سے دفعہ ۱۰۸ کے ماتحت ضمانت طلب کی گئی تھی۔ آپ کو اے کلاس دی گئی ہے۔ (ا۔پ)

پشاور میں سرخ پوشاک والوں کی گرفتاری

اتمان زئی کے ہنگامہ کا نتیجہ

پشاور ۲۵ فروری۔ ہفتہ کے روز اتمان زئی کے قبیلہ میں جو ہنگامہ ہوا تھا اس کے سلسلہ میں دفعہ ۱۴۴ اور ۱۰۷ کے ماتحت بہت سے سرخ پوشاک والے گرفتار کرلئے گئے ہیں۔ (ا۔پ)

مدراس میں متعدد مقامات پر پولیس کے چھاپے

ایک دن میں پچاس سے زائد گرفتاریاں

مدراس ۲۵ فروری۔ پولیس نے تمام رات ٹریلی کین اور جارج ٹاؤن پر چھاپہ مارے آج صبح بھی بہت سے مقامات پر پولیس پہونچی۔ اب تک پولیس نے دفعہ ۵۰ کے ماتحت تقریباً پچاس آدمی گرفتار کئے ہیں۔ آج ہی کمیونٹی اسٹریٹ سے ۳۲ آدمی گرفتار کرلئے گئے۔ آج پانچ آدمی جو کانگریس ہسپتال سے گرفتار کئے گئے تھے ان کو پولیس کمشنر کے سامنے پیش کیا گیا جس نے ان کو یہ کہہ کر رہا کردیا کہ یہ لوگ صرف ملازم ہیں۔ دوسرے گرفتار شدگان کو حوالات میں بند کر دیا گیا۔ ان لوگوں پر دفعہ ۱۰۹ کے ماتحت مقدمہ چلے گا۔ (ا۔پ)

بنگال جیل سے قومی کارکنوں کی رہائی

کلکتہ ۲۵ فروری۔ گذشتہ مئی کو جو لوگ سول نافرمانی کے سلسلہ میں گرفتار ہو کر ایک ایک سال قید سخت کے لئے سزایاب ہوئے تھے وہ آج صبح ڈم ڈم اسپیشل جیل سے اپنی میعاد سزا پوری کرنے کے بعد رہا کر دئے گئے ہیں۔ (ا۔پ)

کلکتہ میں زبردست آتشزدگی

پچاس ہزار روپے کی عمارت جلکر خاک ہوگئی

کلکتہ ۲۵ فروری۔ آج صبح تین بجے جیوٹ پریس کی عمارت میں آگ لگ گئی جس سے بہت شدید نقصان ہوا۔ تمام عمارت جلکر خاک ہوگئی۔ عمارت کے متعلق نقصان کا اندازہ پچاس ہزار لگایا جاتا ہے۔ ابھی تک یہ معلوم نہ ہوسکا کہ مال و اسباب کا کتنا نقصان ہوا۔ (ا۔پ)

مزدور جماعت سے ۱۷ ممبران کا استعفیٰ

لندن ۲۳ فروری۔ معاصر "مانچسٹر گارڈین" رقمطراز ہے کہ سر اوسوالڈ موسلے اور لیبر پارٹی کے ۱۷ ممبران نے جنہوں نے موسلے میمورنڈم پر دستخط کئے تھے لیبر پارٹی سے استعفیٰ دینے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ استعفیٰ الگ الگ دئے جائیں گے۔ سب سے پہلے مسٹر ڈبلیو جے براؤن داخل کریں گے۔ ہفتہ ہذا کے نصف تک لیبر پارٹی کی موسلے جماعت کی جانب سے ایک اعلان کیا جائے گا جس میں وہ اپنی پالیسی کی وضاحت کریں گے۔

آل انڈیا مسلم کانفرنس کی مجلس عاملہ کا اجلاس

دہلی ۲۵ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ آل انڈیا مسلم کانفرنس کی ورکنگ کمیٹی کا اجلاس یکم مارچ کو دریا گنج کوٹھی میں منعقد ہوگا تاکہ کانفرنس کے خاص اجلاس کے لئے صدر کا انتخاب نیز مقام اور تاریخوں کا تصفیہ کیا جائے۔

بدیشی کپڑے کے پکٹنگ پر پارلیمنٹ میں کھلبلی

لندن ۲۳ فروری۔ دارالعوام میں مسٹر ... نے سوال کیا کہ حکومت ہند نے ان انتہا پسندوں کے خلاف کیا کارروائی کی ہے جنہوں نے دوبارہ بدیشی کپڑے کی دکانوں پر پکٹنگ کیا۔ ... [illegible]

سرحد پر حکومت کے مظالم کی ایک جھلک

چھ ماہ میں مسلمانوں کی تباہی کے لئے کتنے بم پھینکے گئے

[illegible]

سر الفریڈ ناکس۔ گذشتہ ۶ ماہ میں۔ ستمبر تک ہوائی دستے نے سرحدی علاقہ میں جتنے بم گرائے ان پر کیا صرف آیا اور یہ رقم کس مد میں درج کی گئی؟ وزیر ہند نے جواب دیا کہ اس عرصہ میں جس قدر بم استعمال کئے گئے ان پر ایک لاکھ ساٹھ ہزار پونڈ صرف ہوئے یہ رقم فوجی اخراجات کی مد میں درج کی گئی۔

برطانیہ کی تجارت پارچہ میں تنزل

ڈھائی کروڑ روپیہ کی کمی واقع ہوئی

مانچسٹر ۲۳ فروری۔ برطانیہ کے سوتی مال کی برآمد تجارت بابت ۱۹۳۰ء کے متعلق جو آخری اعداد و ریافت ہوئے ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ سال مذکور میں ۲۴۹۰۰۰۰۵ گز کپڑا قیمتی ۳۲۸۸۹۸۳ پونڈ کا برطانیہ سے باہر گیا حالانکہ ۱۹۲۹ء میں ۸۰۶۶۹۷۷۰ گز کپڑا قیمتی ... پونڈ کا گیا تھا ... یا ۵۲۹۹ لاکھ ۲ کروڑ روپیہ کی کمی ایک سال میں واقع ہوئی ہے۔ خریداروں میں کناڈا، ہندوستان، آسٹریلیا، انگریزی جنوبی افریقہ، نیوزیلینڈ، انگریزی مغربی افریقہ، مشرقی افریقہ، مصر، ارجنٹائن، چین، ہانگ کانگ شامل ہیں اور ان سب ممالک کی خرید میں کمی نظر آتی ہے۔

سردار بھگت سنگھ کی درخواست کا حشر

لاہور ۲۵ فروری۔ جسٹس ہلٹن نے بھگت سنگھ، راج گرو اور سکھدیو کی وہ درخواست جو عدالت عالیہ میں پیش کی گئی تھی مسترد کردی۔

سیاسی فضا کی پامالی میں

حکومت پنجاب کی جد و جہد

لاہور ۲۵ فروری۔ مجلس مقننہ میں ایک سوال کے جواب میں سر منہری کریک نے کہا کہ ۱۹۳۰ء میں سیاسی فضا کی بدولت خاص عدالتی کارروائیوں کے سلسلے میں حکومت کو ۴۷۰۱۷۱ روپیہ صرف ہوا اور جیل کے قیدیوں کی تعداد میں ۱۵ جولائی تا ۳۱ جنوری ۱۹۳۱ء تک ۲۵۵ سے ۱۰۰ قیدیوں کا اضافہ رہا۔

ایک انگریزی فوجی افسر کی خودکشی

لاہور ۲۳ فروری۔ لاہور چھاؤنی تھانہ میں ایک فوجی افسر کی خودکشی کی اطلاع موصول ہوئی۔ انسپکٹر جونس کی تحقیقات سے معلوم ہوا کہ ساڑھے ۸ بجے کے قریب لفٹنٹ لین باہر سے فوجی کلب میں آیا اس وقت وہ وردی میں تھا۔ باہر کوئی غیر معمولی بات پیش آئی ہوگی جس سے متاثر ہو کر اس نے کمرہ بند کرکے آرام کرسی پر بیٹھ کر منہ میں گولی ماری جس سے وہ فوراً مر گیا۔ عدالت نے خودکشی کا فیصلہ کیا۔ لفٹنٹ لین کو ہندوستانی فوج میں ملازمت اختیار کئے ہوئے تین سال ہی گزرے تھے۔ واقعہ کسی ذاتی حادثہ کی وجہ سے پیش آیا۔

اسیران مقدمہ سازش کو رہا کیا جائے

گاندھی وائسرائے کانفرنس پر قیاس آرائیاں

معاصر "اسٹیٹسمین" وائسرائے گاندھی کی گفتگو کے سلسلہ میں رقمطراز ہے کہ ہندوستان میں رواداری کے اظہار پر پیشقدمی ہوچکی ہے گاندھی جی اور دیگر کانگریسی لیڈروں کو رہا کردیا گیا ہے اب انتظار ہے کہ گاندھی جی آزادانہ ہوکر کیا کرتے ہیں۔ صلح کی گفتگو کے لئے وہ تیار ہیں لیکن تحریک سول نافرمانی بدیشی پارچہ کے مقاطعہ اور ... کے خلاف جہاد ترک کرنے کے لئے ابھی تیار نہیں ... [illegible] ... ان بدنصیبوں پر دو برس گزر چکے ہیں کیا یہ سزا کچھ کم ہے۔

لندن میں ایران کی بین الاقوامی نمائش

شاہ اور ملکہ انگلستان کی آمد

لندن ۲۳ فروری۔ رائل اکاڈمی میں ایرانی صناعی کی بین الاقوامی نمائش میں شاہ جارج اور ملکہ کا کل ورود ہوا۔ وہ ڈیڑھ گھنٹہ تک ایرانی وصناعیوں کو دیکھتے رہے۔

مصر میں قند کی درآمد

شرح چنگی میں تبدیلیاں

قاہرہ ۲۳ فروری۔ حکومت مصر نے درآمد قند پر کسٹم ڈیوٹی (چنگی) کی شرح پر نظر ثانی کرکے جدید شرح چنگی قائم کی ہے جو تمام شکر پر فی من ۹۰۰ پیاسٹر، قند پر ۹۵۰ پیاسٹر اور کھانڈ پر ۸۰۰ پیاسٹر ہوں گے۔ (ایک پیاسٹر مصری ۲ پیسہ کا ہوتا ہے)

ہوانا میں سازشوں کا جال

عوام اور پولیس کی کشمکش

نیویارک ۲۳ فروری۔ ہوانا کے صدر جمہوریہ کے محل کے بالائی حصہ میں ایک بم دستیاب ہوا ... پولیس نے شبہ میں ۲۰ لوگوں کو گرفتار کیا ہے۔ محل کا سخت حفاظتی پہرہ ہے ... طلبا سازش کے الزام میں ماخوذ ہیں۔

سورت میں مدرسین کی کانفرنس

جسمانی سزا دینا اور جذبات مقابلہ پیدا کرنا ترک کیا جائے

احمد آباد ۲۳ فروری۔ ضلع سورت میں معلمین مدارس کی کانفرنس میں ... کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ ایک تجویز منظور کی گئی کہ ابتدائی مدارس اور جماعتوں میں بچوں کو جسمانی سزا دینا بالکل ترک کیا جائے ... [illegible] ... نصاب کی کتابوں کے اخراجات میں تخفیف کرنے کی ضرورت بتلائی گئی۔

نئی دہلی کی تعمیر کے اخراجات

آتشبازی پر بیس ہزار روپیہ ضائع کئے گئے

نئی دہلی ۲۳ فروری۔ مجلس مملکت کے اجلاس میں ... گفتیش لکسنگ کے سوال کے جواب میں سر جیوفری کاربٹ نے کہا کہ نئی دہلی کی تعمیر میں جس عمارتیں سڑکیں اور ملازمین شامل ہیں دسمبر ۱۹۳۰ء تک ساڑھے چودہ کروڑ روپیہ صرف ہوا۔ ... نئی دہلی کے سرکاری افتتاح کے موقعہ پر آتشبازی کا عرصہ حکومت کی طرف سے ہوا جس میں بیس ہزار روپیہ دئے گئے ... غیر سرکاری کمیٹی نے برداشت کئے۔

احمد آباد میں گاندھی جی کے خیر مقدم کی تیاری

استقبالیہ کمیٹی کی تجاویز

احمد آباد ۲۵ فروری۔ گاندھی جی کی آمد کے موقع پر ان کے شایان شان خیر مقدم کے لئے بہت تیاریاں ہورہی ہیں ایک استقبالیہ کمیٹی بنائی گئی ہے ... [illegible] ... فروخت کردیا جائے۔

گورنر بمبئی کے عملہ کی چوری

۷۷۰ روپیہ کا مال غائب

بمبئی ۲۳ فروری۔ انوار اور پیر کی درمیانی شب کے آخری حصہ میں گورنر بمبئی کے پرائیویٹ سکریٹری مسٹر گوڈ اور ... کے مکان سے چوری ہوگئی ... ۷۷۰ روپیہ قیمتی ... پولیس تحقیقات کر رہی ہے۔

سردار بھگت سنگھ کی پھانسی

۳ مارچ تک ملتوی کر دی گئی

لاہور ۲۶ فروری۔ سردار بھگت سنگھ کے وکلاء کے نام حکومت پنجاب کی طرف سے حسب ذیل تار موصول ہوا ہے: "سردار بھگت سنگھ کی پھانسی کی تاریخ ۳ مارچ تک ملتوی کی جاتی ہے اس اثناء میں اگر درخواست رحم دی گئی تو ... "

دہلی سے گورنر بمبئی کی مراجعت

واقعہ بورسد کی تحقیقات کیلئے حکومت کی رضامندی

بمبئی ۲۴ فروری۔ ہز ایکسیلنسی گورنر بمبئی جو گذشتہ چند روز سے وائسرائے سے سیاسی حالات پر گفتگو کر رہے تھے آج سہ پہر کو واپس آگئے ہیں ... جو خاص طور سے دہلی طلب کئے گئے تھے ... منعقد ہونے والا ہے ... کے متعلق کوئی اعلان کریں گے۔

بنگال کی تہدیدی مردم شماری کے صحیح اعداد

بعض اضلاع کی آبادی میں ترقی

کلکتہ ۲۵ فروری۔ خیال کیا جاتا ہے کہ تہدیدی مردم شماری کے بموجب بنگال کے بعض ضلعوں کی آبادی میں بارہ فیصدی کی ترقی ہوئی ہے۔ اکثر قصبوں میں تہدیدی مردم شماری صحیح طور پر کرلی گئی ہے۔ اور سیاسی وجوہ کی بناء پر اس میں بہت کم مزاحمت کی گئی ہے۔ (ا۔پ)

پولیس پر حملہ کرنے والوں کو سزائیں

بارہ بنکی ۲۵ فروری۔ ... پر شراب کی دکانوں پر پکٹنگ کرتے ہوئے جو پولیس پر حملہ کیا گیا تھا اس کے سلسلہ میں پولیس نے ۳۹ اشخاص گرفتار کئے تھے جن میں سے ۲۱ اشخاص رہا کردیئے گئے اور باقیوں کو ایک ہفتہ سے ... تک کی سزائیں دیدی گئیں۔

امرتسر میونسپل کمیٹی میں ایک اہم تجویز

مارشل لا کے قیدیوں کی رہائی کیلئے حکومت سے درخواست

امرتسر ۲۳ فروری۔ لالہ ... میونسپل کمشنر کی تحریک پر آج رات میونسپل کمیٹی میں ذیل کی قرارداد جلسہ کی اکثریت سے منظور کی گئی ... [illegible] (ا۔پ)

ملک معظم کی حکومت فوج کو ہندوستانی بنانا چاہتی ہے

ایوان ریاست میں کمانڈر انچیف افواج ہند کا بیان

نئی دہلی ۲۳ فروری۔ ... آف اسٹیٹ میں ہز ایکسیلنسی سر فلپ چیٹ وڈ کمانڈر انچیف افواج ہند نے ہندوستانی فوج کے متعلق ایک بیان دیا ہے۔ ہز ایکسیلنسی نے فرمایا کہ ملک معظم کی حکومت ... کا یہ ارادہ ہے کہ ... کی سفارشات کے بموجب فوج کو ہندوستانی بنا دیا جائے۔

صوبہ متوسط میں گرفتاریاں

مردم شماری کے مقاطعہ پر سزائیں

ناگپور ۲۵ فروری۔ صوبہ متوسط مرہٹی حلقہ کی جنگی کونسل کے نائب صدر ... گرفتار کرلئے گئے۔ عدالت نے ... مردم شماری کی دفعہ ... کے تحت نوماہ کی سزائے سخت کا حکم دیا۔ ... اور دو سو روپیہ جرمانہ کی سزا کا حکم دیا گیا۔

ڈی ڈی ... آج صبح گرفتار کئے گئے ان کو مردم شماری کے مقاطعہ کی حمایت کے جرم میں چھ ماہ کی قید سخت اور دو سو روپیہ جرمانہ کی سزا دی گئی۔

جمعیۃ علماء ہند کے رضاکاروں کی رہائی

دہلی ۲۵ فروری۔ جمعیۃ علماء ہند کے رضاکار جو شراب کی دکانوں پر پکٹنگ کرتے ہوئے گرفتار ہو کر سزایاب ہوئے تھے ... جیل سے رہا ہو کر دہلی پہونچے۔ آج جمعیۃ علماء ہند میں ہے ... رضاکاروں کے نام یہ ہیں ... شہاب الدین، علی حسین ... رضاکار مراد آباد کے رہنے والے ہیں۔

خریداران الجمعیۃ کو چاہیئے ... [illegible] (دفتر)

مسٹر دو حکومت کو وائسرائے کی حمایت پر

عارضی صلح کے لئے حکومت کا اضطراب

وائسرائے کی مجلس عاملہ میں مخالفانہ رویہ

نئی دہلی ۲۵ فروری۔ کہا جاتا ہے کہ گاندھی وائسرائے کانفرنس منعقد کرنے میں ... پنڈت مالویہ، سر تیج بہادر سپرو، شاستری، جیکر اور نواب صاحب بھوپال ... گفت و شنید میں شریک کئے جائیں گے۔ معلوم ہوا ہے کہ مزدور حکومت عارضی صلح کرنے کے متعلق وائسرائے ہند کی پوری حمایت کر رہی ہے لیکن وائسرائے کی مجلس عاملہ میں ان کی مخالفت ... وائسرائے کی جانب سے ابھی تک گاندھی جی کو مزید گفت و شنید کے لئے کوئی دعوت نہیں ملی ہے ... گاندھی جی کی طبیعت کچھ علیل ہوگئی ہے۔

مسٹر چرچل کی احمقانہ اور شرانگیز تقریر

"میں موجودہ حکومت کی تائید کرنے کیلئے تیار نہیں"

"وائسرائے اور گاندھی کی ملاقات خطرناک اور مکروہ ہے"

لندن ۲۳ فروری۔ قدامت پسند جماعت کی نیشنل یونین اور یونین نسٹ ایسوسی ایشن نے متفقہ طور پر ایک تجویز مرتب کی ہے جس کے محرک کمانڈر اولیور لاکر لیمپسن تھے مسٹر چرچل نے اس تجویز کی تائید کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان کے حالات اس وقت نہایت مقدم اور ضروری ہیں ... [illegible]

مسٹر چرچل نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ گاندھی جو ایک مڈل ٹمپل کا بیرسٹر ہے ... نیم عریاں فقیر کی حیثیت رکھتا ہے ... وائسرائے سے ملاقات کرنا اور مساویانہ شرائط پر ملک معظم کے نمائندے سے گفت و شنید کرنا ایک خطرناک اور نہایت مکروہ امر ہے ... [illegible]

ہندوستان کی تیس کروڑ آبادی کو صرف چند ہندو سیاست دانوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دینا ... یہ نہایت قابل شرم اور توہین کا موجب ہوگا۔

خواتین کے جلسے میں سروجنی نائیڈو کی تقریر

ہندوستان کی خواتین نے وطن کا سر بلند کر دیا ہے

دہلی ۲۵ فروری۔ کل شام کو پردہ باغ دہلی میں خواتین کی جانب سے سروجنی نائیڈو کی خدمت میں سپاسنامہ پیش کیا گیا جس میں آپ کی قومی خدمات کا شاندار الفاظ میں اعتراف کیا گیا تھا جس کے جواب میں آپ نے تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ لوگ انقلاب زندہ باد کے نعرے لگاتے ہیں لیکن یہ الفاظ اس وقت صادق آئیں گے جب کہ ہمیں کامل سوراج حاصل ہوجائے گا۔ آپ نے خواتین کو مخاطب کرکے کہا کہ اب وہ وقت نہیں آیا ... آپ کے کام نے ہندوستان کا سر بلند کردیا ہے ... [illegible] ... کو سوراج جلد حاصل ہوجائے گا۔

ڈوبتے کو بچانے والا خود ڈوب گیا

دریائے ہوگلی میں ایک ڈپٹی انجینئر کی غرقابی

کلکتہ ۲۵ فروری۔ دریائے ہوگلی سے ایک عورت کو ڈوبتے ہوئے نکالنے کی کوشش میں مسٹر مری ڈپٹی اسسٹنٹ انجینئر خود دریا برد ہوگئے۔ عورت کی لاش تو دستیاب ہوگئی ہے مگر مسٹر مری کی لاش کا ابھی تک پتہ نہیں چلا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ مسٹر مری آج ہی انگلستان روانہ ہونے والے تھے۔ (ا۔پ)

مرہٹی وار کونسل کے صدر کو قید سخت اور جرمانہ کی سزا

مردم شماری کے بائیکاٹ پر تقریر کرنے کا الزام

ناگپور ۲۵ فروری۔ ... مرہٹی جنگی کونسل کے صدر جو گذشتہ رات گرفتار ہوئے تھے ان کو آج نوماہ قید سخت اور پانچسو روپے جرمانہ کی سزا دیدی گئی آپ کو بی کلاس میں رکھا گیا ہے۔ آپ پر الزام یہ ہے کہ آپ نے دو عام جلسوں میں تقریر کرتے ہوئے لوگوں کو مردم شماری کے بائیکاٹ کی تلقین کی تھی ملزم نے عدالت کی کارروائی میں کوئی حصہ نہیں لیا۔ (ا۔پ)

اب تک بارہ ہزار مسلمان جیلوں میں جا چکے ہیں
وطنی تحریک کے سلسلہ میں پانچسو مسلمانوں کی جانی قربانیاں
آل انڈیا کانگریس کے سکریٹری ڈاکٹر سید محمود کی طرف سے اعلان

قومی جنگ سسنت پڑنے پر صلح نہیں ہو سکتی
بدیشی کپڑے کو ولایت بھیج دیا گیا تو آگ لگا دو
باشندگان ہند اور ملوں کے مالکوں سے گاندھی جی کی اپیل

محبوب عاشق کے قدموں پر
دیکھئے لوگ کیا کہتے ہیں
مفصل شاہ عالی پوسٹ بکس نمبر ۴۵ دہلی

چار روپے بارہ آنہ میں دس گھڑیاں اور سب چیزیں


زنگی قلم کمپنی نئی سڑک نمبر ۳۳ دہلی

مکتبہ علمیہ کے گرانمایہ تحفے
تاریخ القرآن
رباعیات عمر خیام
بستان العارفین
علم مجلسی
تفسیر مظہری
فتاوی رشیدیہ
اعجاز القرآن
احسن الوظائف
تعلیم الاسلام
عطر مجربات
جملہ کتابیں ملنے کا پتہ: مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

چار شادیوں کا لطف
تازہ تصدیقات
بکس لذت شباب کیا ہے سفوف طلا وجوب
حب امساک
مینیجر کارخانہ کیمیا دیک کمپنی پوسٹ بکس ۱۲۹ دہلی

رعایت ہو تو ایسی ہو
نورانی قرآن مجید جس کی خوبیاں اس مختصر اشتہار میں بیان کرنا ممکن نہیں
آپکو کوڑیوں کے مول دیا جا رہا ہے اگر اب بھی آپ کلام الٰہی کے حاصل کرنے سے محروم رہیں تو
آپکی اپنی بد قسمتی ہے۔ اہل خیر حضرات کیلئے اس سے زیادہ بہتر موقع اور کیا ہوگا کہ وہ کافی تعداد میں لیکر
مسجدوں میں تقسیم کرائیں۔ غریبوں کو پڑھنے کے لئے دیں جس سے ہمیشہ ہمیشہ آپ کو ثواب ملتا ہے
ملنے کا پتہ: مینیجر الجمعیۃ دہلی

لاثانی قرآن مجید مصری بہت خوشخط اور سستا
محمد علی خاں نمبر ۲۹ کوچہ تارا چند دہلی

مفت
طبی رسالہ زندگی
مینیجر شفاخانہ معاون صحت نمبر ۳ شہر راولپنڈی پنجاب

سفید بال پندرہ دن میں جڑ سے کالا

چارسدہ میں حبیب نور کو سزائے موت
صوبہ سرحدی کے حیرت ناک مظالم پر حکومت کا انکار
حکومت کے خلاف متحدہ اظہار ملامت

دہلی میں رضا کاروں کی گرفتاریاں
پولیس کی نگرانی میں بدیشی کپڑے نکالے گئے

کھدر پر چارک منڈل کے جلسہ میں پہلوان ملک کی تقریر
گاندھی جی کے دشمنوں سے سوراج نہیں ملتا
بدیشی کپڑے کا استعمال زہر کی برابر ہے

بھگت سنگھ کو پھانسی دینے کا ٹربیونل کو اختیار نہیں ہے
عدالت عالیہ سے حکومت کو بھی یہ حق حاصل نہیں ہے

گول میز کانفرنس کے مندوبین کی وائسرائے سے ملاقات
اسمبلی کے سامنے آئندہ طریق کار کے متعلق وائسرائے کی تقریر

علیگڑھ کے اجتماع مسلم اتحاد کے مسئلہ پر سب سے پہلے غور کیا جائیگا
آل انڈیا مسلم لیگ کی کونسل میں گاندھی کی تقریر

نئی دہلی کی تعمیر پر ساڑھے چودہ کروڑ کا صرفہ
مرکزی مجلس مقننہ میں سرجوزف کا بیان

باجوڑ کی خواتین نے کانگریس سے صلح کی

سوات زو میں سلمانوں پر ایک شخص بلا شادی نہ کرو ورنہ ترک وطن کرو

بنگال میں ہلاکت خیز ژالہ باری
متعدد انسان اور حیوان ہلاک ہوگئے

مسلمان بچوں اور مسلم بیگمات کے پڑھنے کی دینی کتابیں
مینیجر کتب خانہ دینیات مدرسہ امینیہ دہلی

(۱۲) بارہ ضخیم جلدوں میں باتصویر علمی ذخیرہ
ایک جلد بطور نمونہ مفت منگائیے
دین و دنیا
مینیجر دین و دنیا خواجہ بک ڈپو دہلی

ایک اسسٹنٹ ایڈیٹر کی ضرورت
مینیجر الجمعیۃ

اگر تندرستی میں فرق ہے تو زندگی بیکار ہے
شربت اکسیر
اگر آپ اشتہاری ادویات سے بدگمان ہوگئے ہوں تو صرف ایک روپیہ
جریان
ملنے کا پتہ: ایس۔ اے۔ بی۔ بخش اینڈ کمپنی

دلکش عید سوپ
مینیجر دلکش سٹور دہلی


نئی گھڑیوں کا جہاز آگیا خریدنے میں جلدی کیجئے
ایک رعایتی موقعہ
نیو ایجنٹ اینڈ کلاک کمپنی ہاٹ کھولا کلکتہ

تار کا پتہ: جمعیۃ دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۲۶۵

رجسٹرڈ نمبر ایل ۷۹۲

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزہ / سہ روزہ

یداللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دہلی

ایڈیٹر — ہلال احمد زبیری بی۔ اے

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے: سالانہ، ششماہی، سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے: سالانہ، ششماہی
نمونہ مفت
فی پرچہ ایک آنہ

نرخ اشتہار: ایک صفحہ، نصف صفحہ، ایک کالم

جلد ۱۳ — دہلی یوم یکشنبہ و پنجشنبہ ۱۰ و ۱۴ ؍ شوال المکرم ۱۳۴۹ ہجری مطابق یکم و ۵ ؍ مارچ ۱۹۳۱ء — نمبر ۱۴ و ۱۵

دمشق کی ایک معزز مسلمہ خاتون کا خط
ہندوستان کی مشہور خاتون مسز سروجنی نائیڈو کے نام

دمشق میں عورتوں کی ایک مؤتمر قائم ہے جس کا نام مجلس الاتحاد الاعلیٰ للمؤتمر النسائی الشرقی العام ہے۔ اس مؤتمر میں مشرق کی عام عورتیں شریک ہیں۔ شام اور بیروت کے علاوہ ہندوستان کی دو معزز عورتیں بھی اس انجمن کے ذمہ دارانہ عہدوں پر فائز ہیں۔

شام کی معزز خاتون نور حمادہ اور ہندوستان کی معزز خاتون سروجنی نائیڈو اس کی پریذیڈنٹ ہیں۔ بیروت کی ایفا ثابت اور ہندوستان کی بیگم حمید علی اس کی سیکرٹری ہیں۔ دو دانا ... اور منیرہ محاری اس کی سیکرٹری ہیں۔ حال ہی میں منیرہ محاری نے ایک خط مسز سروجنی نائیڈو کے نام دمشق سے لکھا ہے۔ ناظرین الجمعیۃ کے لئے ہم اس کا مختصر ترجمہ ذیل میں شائع کرتے ہیں۔ منیرہ محاری دمشق کی ایک مسلمان اور روشن الخیال خاتون ہیں جن کو ہندوستان کی تحریک آزادی سے بہت دلچسپی ہے۔ آپ اپنے اس خط میں مسز سروجنی نائیڈو کو سیدۃ جلیلہ اور زعیمہ فضلہ کے ساتھ خطاب کرتے ...

اے میری سردار! میں آپ کی خدمت میں اپنے قلبی جذبات کے ساتھ ...
بعد احترام یہ عہد کرتا روانہ کرتی ہوں ...

آپ کی مخلصہ
منیرہ محاری — سکریٹری مجلس الاتحاد الاعلیٰ

جمعیۃ علمائے ہند کے سالانہ اجلاس کی صدارت
مولانا ابوالکلام آزاد کے متعلق سفارش

آج بتاریخ ۲۶ ؍ فروری ۱۹۳۱ء جمعیۃ العلماء ضلع میرٹھ کی مجلس منتظمہ کا اجلاس زیر صدارت مولانا مبارک حسین صاحب محمودی پرنسپل اسلامیہ کالج میرٹھ منعقد ہوا۔ غور و خوض کے بعد یہ تجویز بالاتفاق پاس ہوئی: "مجلس منتظمہ جمعیۃ العلماء ضلع میرٹھ کا یہ اجلاس حالات حاضرہ کی نزاکت کو مدنظر رکھتے ہوئے جمعیۃ العلماء ہند کے سالانہ اجلاس کراچی کی صدارت کے لئے امام الہند حضرت مولانا ابوالکلام آزاد کی سفارش کرتا ہے اور امید کرتا ہے کہ مجلس مرکزیہ جمعیۃ العلماء ہند ملک کی فضاء پر توجہ کرتے ہوئے ہماری عرضداشت پر غور کرے گی۔"

گاندھی جی اور دیگر لیڈروں کی ملاقات
مسٹر تصدق احمد خاں شروانی کی آمد

دہلی ۲۸ ؍ فروری۔ مسٹر تصدق احمد خاں صاحب شروانی آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے سکرٹری کی دعوت پر کل دہلی تشریف لے آئے ہیں۔ آپ نے گاندھی جی سے ملاقات کی ...

معاصرین کے افکار و آراء

برطانوی عدل و انصاف کا نمونہ

ہندوستان کی غلامی ہے۔ کون ہندوستانی ہے جو ان حالات کو اپنی آنکھوں سے دیکھے اور غلامی کی زنجیروں کو توڑنے کی کوشش نہ کرے؟

مسلمانوں نے کتنی قربانیاں کیں

بعض متعصب ہندو معاصرین اور کانگرس کے ہندو رہنما بھی اپنے مخصوص مصالح کی بنا پر یہ کہتے رہے ہیں کہ مسلمانوں نے کانگریس کی موجودہ تحریک میں کوئی حصہ نہیں لیا ...

بہار امروزہ

پھر بہار آئی ہے ہند کے گلستاں میں
جبر سہتیں بڑھی ہیں پھر سارے نوجوانوں کی
کھولتا ہے خون اپنا آج ہر رگ و پے میں
بیکسوں کی اک دنیا جمع ہے جو ساحل پر
مشق جور قاتل کی حوصلے بڑھاتی ہے
ولولوں کی دنیا میں جان تازہ پھر آئی
شادباش اے بھارت جوش اسکو کہتے ہیں
ہے رگ حمیت میں خون گرم ابھی باقی
اے ہوا سمندر کی لا پیام آزادی
تو کہاں ہے اے فطرت دیکھ تو قربانی
انتقام کا جذبہ ہو گیا فنا کیا
آسمان کے تارو تم بھی دیکھتے رہنا

پھر ہے حشر سا برپا قلب جوش سا ہاں میں
سختیاں سی بھولی ہیں آج حکمرانوں کی
جان تازہ آئی ہے ملک کی ہر اک شے میں
دے کے جان پہنچے گی یہ وفا کی منزل پر
خود اچھل کے ہر اک رگ اپنا خوں بہاتی ہے
پھر پیام آزادی یہ دلوں تلک لائی
پوچھ لو حکومت سے ہوش اسکو کہتے ہیں
دور کر یہ آپس کی ہم صفیر ناچاقی
دیکھتی رہے گی تو تا بکے یہ بربادی
خون بہہ رہا ہے یوں جیسے نہر کا پانی
یہ نہیں تو پھر دکھلا رنگ منصفی اپنا
اور جو بھی دیکھو وہ صاف اور سچ کہنا

شورش اور ہنگامے جان زندگانی ہیں
ورنہ زیست بھی فانی اور ہم بھی فانی ہیں

محمد حسین محوی صدیقی لکھنوی (مدراس)

ہندوستانی پولیس تحقیقات کی دشمنی ہے

اخبار الجمعیۃ کے خریداروں کی انتہائی خوش نصیبی ہے

کہ وہ ان کو ایک نہایت بیش بہا اور انمول گوہر نہایت کم قیمت یعنی قیمت خرید پر مل رہا ہے جو کل ہزار روپیہ خرچ کرنے پر بھی نہیں ملیگا۔

وہ بیش بہا انمول گوہر
پانچ ترجمے اور کامل احسن التفاسیر والا قرآن شریف ہے

یہ قرآن شریف عام طور پر اس قدر مقبول اور عام پسند ہے کہ ہر فرقے اور ہر عقیدے کے مسلمان نہایت ذوق شوق سے اسی میں تلاوت کرتے ہیں ... تھوڑے عرصہ میں پہلے ایڈیشن کی ہزاروں جلدیں ہاتھوں ہاتھ ہدیہ ہو گئیں بالآخر دوسرا ایڈیشن چھاپا گیا اب وہ بالکل ختم ہو گیا ہے۔

صرف ۲۵۰ جلدیں مالک مطبع کے پاس رہ گئی تھیں

جن میں دو سو جلدیں مصری کاغذ کی تھیں اور پچاس جلدیں سفید ولایتی دبیز کاغذ کی ... وہ ہم نے سب کی سب جلدیں خریداران الجمعیۃ کے لئے مالک مطبع سے خرید لیں ...

آج اخبار الجمعیۃ کا ہر وہ خریدار

جو اس نعمت عظمیٰ کے حاصل کرنے سے اب تک محروم رہا ہے فرمائش بھیجکر اس عظیم الشان رعایت کے نادر موقع سے فائدہ اٹھالے ورنہ کل یہ شاندار قرآن شریف ایک ہزار روپیہ صرف کرنے پر بھی دستیاب نہیں ہوگا ... اب دوبارہ اس قدر اہتمام کے ساتھ طبع نہیں ہو سکتا۔

دفتر الجمعیۃ نے بھی یہ تہیہ کر لیا ہے

کہ صرف الجمعیۃ کے خریداروں کو یہ قرآن شریف اس ہدیہ پر دیا جائیگا یعنی مصری کاغذ دس روپئے مجلد اور سفید ولایتی دبیز کاغذ پندرہ روپئے مجلد

کیا اب بھی الجمعیۃ کا کوئی خریدار اس نعمت سے محروم رہیگا؟

اعلیحضرت حضور نظام کا خاص اپنی تلاوت کیلئے منتخب کردہ اور پسند کیا ہوا قرآن شریف ہے

اس قرآن شریف میں حسب ذیل پانچ ترجمے ہیں

پہلا ترجمہ (فارسی) از حضرت مولانا شیخ مصلح الدین سعدی شیرازی علیہ الرحمۃ
دوسرا ترجمہ (اردو لفظی) حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ
تیسرا ترجمہ (اردو لفظی) از حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

سب سے بڑی خوبی یہ ہے

دیگر خصوصیات

نہایت صحیح ہے ... کاغذ مصری ... صفحات ۱۵۲ ... سائز ...
اس قرآن شریف کا اصلی ہدیہ بغیر جلد تیس روپئے ہے مگر صرف خریداران الجمعیۃ کیلئے مصری کاغذ ہدیہ دس روپئے اور سفید ولایتی دبیز کاغذ کا پندرہ روپئے۔ محصول ڈاک ایک جلد پر ایک روپیہ آٹھ آنہ لگتا ہے۔ فرمائش کے ہمراہ پانچ روپئے پیشگی ضرور آنے چاہئیں۔ ایک ساتھ پانچ جلدوں کے خریدار کو محصول ڈاک معاف کر دیا جائیگا۔

اس کلام پاک کے متعلق علماء کرام کی سینکڑوں تصدیقوں میں سے چند کا خلاصہ

حضرت مولانا محمد انور شاہ صاحب کشمیری مدرس دارالعلوم دیوبند کی فارسی تقریظ کے ترجمہ کا اختصار: ... اس شخص نے اس قرآن مجید کی انجام دہی و حسن طباعت میں جو کوشش کی ہے وہ لائق تحسین ہے۔ ہر مسلمان کا فرض ہے کہ وہ اس تحفہ کو اپنے گھر میں رکھے اور تلاوت کرے۔

عالم باعمل فاضل اجل جناب مفتی مولوی حاجی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ العلماء ہند دہلی: اس قرآن مجید کا خط واضح اور صاف ہے۔ چھپائی بھی اچھی اور عمدہ ہے ... ہر مسلمان کو اس بے بہا اور انمول تحفہ کو حاصل کرنا چاہئے۔

مخدومی اسد الاسلام حضرت مولانا الحاج مولوی احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ العلماء ہند دہلی: ... میری خواہش ہے کہ مسلمانوں کا کوئی گھر اس قرآن مجید سے خالی نہیں رہنا چاہئے۔

حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی پروفیسر ادبیات دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ و سابق ناظم جمعیۃ علماء ہند: ... مسلمانوں کو مخلصانہ مشورہ دوں کہ ہر ایک گھر میں اس کا ایک ایک نسخہ ضرور موجود ہونا چاہیے۔

ملنے کا پتہ: منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

تفسیر حقانی اردو کامل آٹھ جلد

اس تفسیر سے بہتر آج تک اردو میں کلام ربانی کی تفسیر شائع نہیں ہوئی۔ طلباء و علماء کرام صوفیاء عظام اور عوام الناس سب کے لئے سود مند ہے۔ مصنفہ حضرت علامہ مولانا ابو محمد عبدالحق صاحب حقانی۔ قیمت کامل پچیس روپے علاوہ محصول و خرچ۔
... مجموعی قیمت معہ مقدمہ تیس روپے علاوہ خرچ و محصول۔
پتہ: دارالاشاعت تفسیر حقانی بلیماران دہلی

لوٹو لوٹو لوٹو

پارجن ذرا سا پان میں ڈالکر کھا لینے سے پان مزیدار اور ذائقہ دار بنجاتا ہے ... اور ۲۴ گھنٹے تک برابر منہ سے مستانی خوشبو نکلتی رہتی ہے۔ قیمت فی شیشی ... اور ایک ساتھ ۱۲ شیشی لینے سے پانچ گفٹ بلا انعام ... سفید ڈائل کی ٹائم رسٹ واچ ... پانچ سال کی گارنٹی ساتھ میں مفت جاتی ہے۔
پتہ: لنڈن واچ کمپنی ہٹ کولہ کلکتہ

بیکاروں کیلئے سنہری موقع

تمام ہندوستان میں اس سے بہتر کوئی اور کالج نہیں ہے۔
اس کالج میں موٹر ڈرائیوری، فیٹری کا کام دو ماہ میں سکھایا جاتا ہے۔ جس کی فیس ... روپیہ لی جاتی ہے۔ غریبوں کیلئے خاص رعایت ہے۔ مفصل حالات معلوم کرنے کیلئے پراسپکٹس مفت طلب کیجئے۔ پردیسی طلباء کیلئے بورڈنگ ہاؤس کا انتظام ہے۔
دی کیپٹل پریکٹیکل موٹر ٹریننگ کالج بازار چتلی قبر متصل جامع مسجد دہلی

دارالمصنفین کی نئی کتاب
سیر الصحابہ کے حصہ مہاجرین کی تیسری جلد

... حضرت عبداللہ بن عمر، حضرت ابوہریرہ دوسی، حضرت سلمان فارسی، حضرت ابوذر غفاری، حضرت خالد بن ولید، اور حضرت عمرو بن العاص ... رضوان اللہ علیہم اجمعین اور دیگر ... مہاجرین ... کے سوانح اخلاق و فضائل اور ان کے مذہبی سیاسی مجاہدات اور کارناموں کی تفصیل ... حجم ۴۶۳ صفحات قیمت ...
منیجر دارالمصنفین اعظم گڈھ

تین روپیہ میں تین گھڑیاں اور ۲۵ تصویریں مفت انعام



... قیمت فی ڈبیہ ... ایک لیور واچ اور ایک خوبصورت ٹائم پیس ... پانچ سال کی گارنٹی ... ۲۵ تصویریں بھی ...
ریل واچ کمپنی ہاٹ کھولہ کلکتہ

آزمائی ہوئی شرطیہ علاج

... پتہ: بیربرنا اسٹور کستی ہمری۔ در بھنگہ

دنیا مقویات باہ میں ایک بے نظیر ایجاد
دواء العصفور

اعادہ قوت مردمی اور ازالہ ضعف باہ کا بیحد علاج ... اس کا استعمال آپ کو تمام مقویات و ممسکات ادویہ اور طلاء وغیرہ سے بے نیاز کر دیگا ...
حکیم ظہیر حسن ... متھرا (یو۔ پی)

گیسو بہار آئل

... پتہ: ... محمد عرفان خاں ... دہلی

گول میز کانفرنس کے نتائج کی مصدقہ رپورٹ

مجالس ماتحت کی رودادیں اور کانفرنس کی سفارش

مرکزی حکومت میں ذمہ داری اور تحفظات کی تفصیل

(خریداران الجمعیۃ کے لئے ترجمہ خصوصی)

(گزشتہ سے پیوستہ)

مجلس ماتحت ۱ (حکومت وفاقی کا خاکہ)

گول میز کانفرنس کی مجلس کل میں مندرجہ ذیل عارضی روئداد ۱۶ دسمبر ۱۹۳۰ء کو پیش ہوئی تھی۔

[illegible]

مجلس ماتحت کی تجاویز

[illegible]

اسلام میں عورت کا بلند مرتبہ

مادیت کے مقابلہ میں روحانیت کو فوقیت

ایک سائل کو امیر شکیب ارسلان کا جواب

(ترجمہ خصوصی)

حضرت صاحب السیف والقلم امیر شکیب ارسلان کی خدمت میں ایک سائل حاضر ہوا اور اس نے اسلام کے متعلق اپنے چند شکوک پیش کئے ... [illegible]

[illegible]

بلوچستان میں بارش کی کثرت

ریلوے لائن خراب ہوگئی

[illegible]

مولانا محمد علی کی مرکزی یادگار کی مختلف تجویزیں

اور اُن کی شیرازہ بندی کی ضرورت

(از جناب راغب احسن صاحب متعلم ایم۔ اے کلاس)

بعالی خدمت! جناب مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب، صدر جمعیۃ العلماء ہند دہلی — جناب مولانا حسین احمد صاحب مدنی — جناب مولانا سید محمد سجاد صاحب نائب امیر شریعت بہار — اور جناب مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ العلماء ہند دہلی

بتوسط جناب مولوی ہلال احمد صاحب زبیری بی۔ اے۔ مدیر الجمعیۃ۔ دہلی۔ السلام علیکم!

حضرات! آپ بزرگان ملت کو، جناب مولانا ابوالکلام صاحب آزاد کے اعلان متعلق آل انڈیا مرکزی محمد علی میموریل کو مطالعہ کرنے کا ضرور موقع ملا ہوگا ... [illegible]

[illegible]

مرکزی یادگار

[illegible]

آل انڈیا محمد علی یادگار کی جامع و مانع اسکیم

[illegible]

الفریڈ پارک الہ آباد میں پولیس اور انقلاب پسند کی جنگ

نصف گھنٹے تک ریوالوروں سے مقابلہ

ایک ۲۳ سالہ نوجوان ہلاک ہوگیا

الہ آباد، ۲۷ فروری۔ الفریڈ پارک کے واقعہ کی تفصیلات موصول ہوئی ہیں، جو حسب ذیل ہیں:۔

خفیہ پولیس کو انقلاب پسندوں کی موجودگی کا علم ہوگیا تھا ... [illegible]

مقتول انقلاب پسند کی جیب سے ۴۴۸ روپیہ کے کرنسی نوٹ برآمد ہوئے۔ وہ ایک قوی ہیکل لمبے و چہار سالہ نوجوان تھا۔

مقتول انقلاب پسند کون تھا

الہ آباد ۲۸ فروری۔ پولیس کو تقریباً اس امر کا یقین ہے کہ کل الفریڈ پارک کے واقعہ کا مقتول چندر شیکھر آزاد تھا ... [illegible]

مقتول کی نسبت پولیس کی قیاس آرائیاں

[illegible]

مولانا محمد علی مرحوم کی یادگار

مولانا ابوالکلام آزاد کی پرزور اپیل

[illegible]

مقامی یادگاروں کی ضرورت

[illegible]

آل انڈیا میموریل

[illegible]

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الجمعیۃ دہلی
یکم و ۵ مارچ ۱۹۳۱ء

تحفظ حقوق کی واحد عملی تجویز

"انقلاب" کی افسوسناک مخالفت

من از بیگانگاں ہرگز ننالم
کہ با من انچہ کرد آں آشنا کرد

ہمیں نہایت افسوس ہے کہ ہم نے الجمعیۃ کی اشاعت مورخہ ۲۰ فروری میں مسلمانان ہند کے لئے صحیح راہ عمل کے زیر عنوان جو مقالہ افتتاحیہ سپرد قلم کیا تھا اس کے خلاف لاہور کے ایک حکومت پرست معاصر نے اپنے پورے دو کالم سیاہ کئے ہیں اور ایک ایسی مفید اور معقول تجویز کی مخالفت شروع کردی ہے

عجیب منطق

وہ ندکیوں جانے کہ آج بھی انقلاب جو کچھ لکھ رہا ہے اس سے اسکی پوزیشن صاف معلوم ہو جاتی ہے وہ کہتا ہے کہ
"جن لوگوں نے کانفرنس میں شرکت کی ہماری رائے میں انہوں نے ایک

مسلم کانفرنس کی قرارداد

پھر دیکھنا یہ ہے کہ آل انڈیا مسلم کانفرنس منعقدہ ۱۹۲۹ء میں جو قرارداد منظور ہوئی تھی اسے آج بحیثیت کون تسلیم کرتا ہے

شرکت کانگریس

"ہمیں کانگریس کا جو تجربہ ہے وہ بے حد یاس انگیز ہے ..."

یقین نہ ہو جائے "
کیا انقلاب ہمیں یہ بتائے گا کہ اس یاس انگیزی کا سبب کیا ہے؟ یہی ناکہ کانگریس نے نہرو رپورٹ منظور کردی تھی جو بعد میں مسترد کردی گئی۔ لیکن کیا حکومت کی طرف سے اب تک انقلاب کو ایسا کوئی یاس انگیز تجربہ نہیں ہوا۔ کیا سائمن

جمعیۃ مقننہ میں گول میز کانفرنس کے کاغذات پر بحث

گذشتہ را صلوٰۃ آیندہ را احتیاط کا وعظ

گول میزیوں کے کام کی مدح سرائی

نئی دہلی ۴ مارچ۔ گول میز کانفرنس کے کاغذات پر جمعیۃ مقننہ میں ایک پُرلطف مباحثہ ہوا۔ سر جارج رینی نے مباحثہ کی افتتاح کی حکومت کے ممبران نے مباحثہ میں کوئی حصہ نہیں لیا

مجلس مقننہ میں سورت میونسپلٹی کا مسئلہ

میونسپلٹی کے اختیارات جلد بحال کئے جائیں گے

پشاور کانگریس سکرٹری پیٹر اخاں رہا ہوگئے

پشاور یکم مارچ۔ صوبہ سرحدی کانگریس کمیٹی کے سکرٹری پیٹر اخاں جن کو گذشتہ ۲۳ اپریل کو ضمانت نہ دینے پر زیر دفعہ ۱۰۸ ایک سال قید کی سزا دی گئی تھی وہ اپنی مدت ختم کرکے رہا ہوگئے اور ڈیرہ اسمٰعیل خاں کے راستہ سے یہاں پہنچ گئے۔

صدر مجلس مقننہ کی جانب سے وائسرائے کو ایٹ ہوم

سر ابراہیم رحمت اللہ ۹ مارچ کو وائسرائے اور لیڈی اور ارون کو ایوان مجلس میں ایٹ ہوم کی دعوت دیں گے۔

جمعیۃ علمائے ہند کا دسواں سالانہ اجلاس

کراچی میں مجلس استقبالیہ کی شاندار تیاریاں

رضاکار اپنی خدمات پیش کر رہے ہیں

مسلمانان کراچی جمعیۃ علماء کے اجلاس کو شاندار بنانے کے لئے سرگرمی سے مصروف عمل ہیں اور اس کام کے لئے ایک عارضی منتظمہ کمیٹی بنائی گئی ہے جس کے صدر حضرت مولانا محمد صادق صاحب ... ناظم عمومی حافظ شریف حسین، نائب ناظم حافظ نصیر احمد و حافظ محمد محسن صاحب مقرر کئے گئے ... فنڈ کمیٹی، پنڈال کمیٹی ... وغیرہ مختلف کمیٹیاں قائم کی گئی ہیں جنہوں نے اپنا کام سرگرمی سے شروع کردیا ہے۔ شہر میں فنڈ کمیٹی کو شاندار کامیابی حاصل ہو رہی ہے مختلف جماعتوں، انجمنوں اور اداروں نے رضاکارانہ خدمات پیش کی ہیں۔

وائسرائے اور گاندھی جی کی گفتگو جاری ہے

حکومت کی طرف سے قانون نمک اور پکٹنگ کے مسائل کا حل

صلح کی شرائط پر کانگریس کی مجلس عاملہ کا غور و خوض

نئی دہلی۔ یکم مارچ۔ گاندھی جی آج ۲ بجے وائسرائے کی قیامگاہ کے عزم سے روانہ ہوئے جہاں ان تمام نکات پر مزید تبادلہ خیالات کریں گے۔ جو آج مجلس عاملہ کے جلسہ میں پیدا ہوئے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ مجلس عاملہ مصالحت کی شرائط میں سے بعض کی مزید تشریح چاہتی ہے ... خیال ہے کہ گفت و شنید کا سلسلہ دوبارہ شروع ہو گی اس لئے

کل ۱۱ بجے گاندھی جی سر جارج شستر سے ملک کا قانون نمک سازی کے تمام پہلوؤں پر گفتگو کریں گے۔ گاندھی جی نے مجلس عاملہ کے ارکان سے مشورہ کرنے کے بعد وائسرائے کے سامنے پرامن پکٹنگ کی جو تعریف پیش کی ہے اس کے متعلق بیان ہے کہ وہ تحریک مقاطعہ کی مشکلات کے حل میں نہایت امید افزا اور امداد ثابت ہوگی۔

ریاست ٹراونکور میں ترقی کا دور

مزارعین کی امداد اور خواتین کا امتیاز

ٹریونڈرم ۲۸ مارچ۔ سری مولم کی جمعیۃ مقننہ کے ستائیسویں اجلاس کے افتتاح کے موقع پر آج دیوان ریاست نے اپنے خطبہ میں بیان کیا کہ ریاست ٹراونکور نے مختلف شعبہ جات میں نمایاں ترقی کی ہے ... آخر میں آپ نے کہا کہ موجودہ اجلاس اس حیثیت سے خاص نوعیت رکھتا ہے کہ اس میں پانچ ممبر خواتین بھی موجود ہیں۔ (ا-پ)

مظفر پور کے فسادات کا نتیجہ

۱۹ ملزمین کو سزائے قید ایک بری

مظفر پور ۲ مارچ۔ گذشتہ ۲۰ نومبر کو جواہر لال ڈے کے موقعہ پر جو ہنگامہ ہوا تھا اور جس میں ۲۰ آدمی گرفتار ہوئے تھے ان میں سے ایک کے خلاف حکومت نے مقدمہ واپس لے لیا اور باقی ۱۹ ملزمین میں سے ایک کو چھ ماہ قید سخت اور تین تین روپیہ جرمانہ یا بصورت عدم ادائیگی تین تین ماہ کی قید مزید کی سزا دی گئی۔

بنگال کی آبادی کتنی ہے؟

جدید مردم شماری کا نتیجہ

کلکتہ ۲ مارچ۔ آخری مردم شماری سے بنگال کی مجموعی آبادی بارہ کروڑ ۶۰ لاکھ کی دریافت ہوئی ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ گذشتہ دس سال میں صوبہ مذکور میں ۹ فیصدی کا اضافہ ہوا۔

سرحد کے واقعات

پلٹن میں سے ایک پستول غائب ہوگیا

ایورویدک یونانی طبی کالج بورڈ کا نیا انتخاب

حکیم محمد احمد خاں صاحب کالج کے سکرٹری منتخب ہوگئے

(الجمعیۃ کا خاص تار)

شرومنی گوردوارہ پربندھک کمیٹی کا اجلاس

مولانا محمد علی مرحوم اور پنڈت موتی لال کے انتقال پر تعزیت

انسداد چھوت کی تحریک

بھگت سنگھ وغیرہ کیلئے درخواست رحم

بمبئی میں دو لاکھ دستخطوں کا میموریل

بمبئی شہر میں نمک کی قانون شکنی کی گئی

جماعت عاملہ کے ارکان کی گرفتاریاں

بمبئی یکم مارچ۔ آج شہر کے مختلف مقامات پر کانگریسیوں نے قانون نمک سازی کے خلاف ورزی کرنے کی کوشش کی جنگی کونسل کی طرف سات مختلف مقامات پر مختلف ڈکٹیٹروں کی زیر قیادت قانون نمک سازی کی خلاف ورزی کرنے کا لائحہ عمل مرتب کیا گیا تھا ... دوسرے مقامات پر بھی پرامن طریقہ سے کام لیا گیا یہاں صرف ڈکٹیٹروں کی گرفتاریاں عمل میں آئیں۔

احمد آباد میں نمک کی قانون شکنی

ایک لاری نمک اور رضاکاروں کی گرفتاریاں

احمد آباد یکم مارچ۔ نوجوان بھارت سبھا کے زیر اہتمام آج صبح نمک کا ایک لاری ٹھیلہ بیچنے کے لئے لایا گیا۔ پولیس نے لاری اور تین رضاکاروں کو گرفتار کرلیا۔ (ا-پ)

کراچی کانگریس میں کھادی کی نمائش کا انتظام

میونسپل بورڈ گاندھی جی کو سپاسنامہ پیش کیا جائیگا

ہندوستان کی آزادی سے ناامید ہوکر

ایک نوجوان طالبعلم نے خودکشی کرلی

بمبئی میں کتنی آبادی ہے؟

جدید مردم شماری کے اعداد

بمبئی ۲۸ فروری۔ جدید مردم شماری کی رو سے خانہ بدوش افراد لوگوں کو چھوڑ کر جو بحری سفر میں تھے بمبئی کی آبادی ۱۱۵۳۳۳۳ ہوئی۔

کملا دیوی رہا ہوگئیں

جدید نائب امیر البحر ہندوستان پہنچ گئے

حکومت کے دفاتر کی شملہ کو روانگی

گاندھی جی کے نام مسٹر ناگ کا خط

اور اسکا جواب

نوجوانان بنگال کو عدم تشدد کی تاکید

چاند پور یکم مارچ۔ گاندھی جی نے مسٹر ناگ کے خط کا جواب دیتے ہوئے جو انہیں الہ آباد میں ملا تھا کہا کہ میں نے بنگال سے ہمیشہ بھی امیدیں رکھی ہیں اور مجھے ناامیدی کی کوئی وجہ معلوم نہیں ہوئی ...

الفریڈ پارک کے واقعہ کا مابعد

الہ آباد میں خانہ تلاشیاں

پولیس نے چند کاغذات اور خطوط اپنے قبضہ میں لے لئے

مدراس میں بدیشی کپڑے پر پکٹنگ

چھ رضاکاروں کی گرفتاری

دو رضاکار زخمی ہوگئے

مدراس کونسل میں میزانیہ پر بحث

پولیس کی لٹھ بازی کے متعلق ہوم ممبر سے سوالات

احمد آباد میں جلسہ

بھگت سنگھ وغیرہ کی سزا کو تبدیل کرنے کیلئے حکومت سے مطالبہ

ویرمگام کے ڈکٹیٹر کی گرفتاری

گیارہویں آرڈیننس کے تحت میں پانچ گرفتاریاں

اسلامی انجمنوں کی صدارت پر سر شفیع کا انتخاب

موضع نونارا ضلع قنوج میں ایک تحصیلدار کا قتل

پولیس کی جمعیت نے گاؤں والوں پر گولیاں چلائیں

۴۶ گرفتاریاں اب تک عمل میں آچکی ہیں

فتح پور ۲۷ فروری ۔ بہاری لال تحصیلدار قنوج گذشتہ شب موضع نونارا گئے تھے جو جہان آباد پولیس کے حلقہ میں واقع ہے تاکہ وہ موضع کے زمینداروں کی معیت میں کاشتکاروں سے لگان وصول کریں جو انہوں نے روک رکھا تھا۔ گاؤں کے لوگ لاٹھیوں اور تیز دھار والے اسلحہ سے مسلح ہو کر ان کے گرد جمع ہو گئے اور ان پر اور ان کے چپراسی پر حملہ آور ہوئے جب کہ تحصیلدار صاحب واپس ہونے والے تھے وہ بیہوش ہو کر زمین پر گر پڑے لیکن گاؤں والوں کی طرف سے برابر لاٹھیوں کی بارش ہوتی رہی تحصیلدار کے ہمراہ تین سپاہی تھے جنہوں نے تحصیلدار کے گرنے کے بعد گولی چلائی تحصیلدار صاحب لاٹھیوں کی ضربات سے جاں بر نہ ہو سکے تحصیل کے دو چپراسی اور ایک مسلح سپاہی اور تین گاؤں والوں کے شدید زخم آئے۔

مقامی پولیس نونارا کو پہونچی۔ مگر ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس ایس۔ ڈی۔ او۔ اور اسسٹنٹ سرجن مسلح پولیس کی معیت میں صبح کو پہونچے گاؤں میں اس وقت امن ہے۔ اب تک ۴۶ گرفتاریاں ہو چکی ہیں۔ نیز مزید گرفتاریاں برابر جاری ہیں۔ نونارا اور اس کے نواح میں دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ کر دیا گیا ہے مجروحین اسسٹنٹ سرجن کے زیر علاج ہیں۔

لیڈر کے نامہ نگار خصوصی کا بیان

فتح پور ۲۷ فروری۔ مقامی کانگریس کمیٹی کی جانب سے اگرچہ کوئی تحریک عدم ادائیگی لگان کے لئے نہیں کی گئی۔ تاہم دشواریوں کو محسوس کرتے ہوئے ...

حکومت کا سرکاری بیان

گاندھی جی اور وائسرائے کی گفتگو

مخصوص پیغامبر کی معرفت وائسرائے کا مکتوب

۲۰ فروری کی ملاقات کے متعلق تفصیلات

کانگریس کی مجلس عاملہ کا اجلاس

وائسرائے کی تجاویز سے اظہار اختلاف

ارون گاندھی گفتگو میں کیا ہوا

گاندھی جی زیادہ نہ ٹھہریں گے

سیاسیین کی رائے

ایک گاؤں میں پولیس اور دیہاتیوں کا تصادم

پولیس کی گولیوں سے دو دیہاتی مارے گئے

کراچی میں کانگریس کے سالانہ اجلاس کی تیاریاں

میرٹھ جیل سے مولانا محمد حفظ الرحمن صاحب کی رہائی

صدر و ناظم جمعیۃ علماء ہند کی جانب سے مولانا کا استقبال

رہائی کے بعد حضرت مولانا کا بیان

مرادآباد کے قومی کارکنوں کی سزایابی

الہ آباد میں پولیس اور انقلاب پسندوں کا مقابلہ

ایک ملزم مقتول اور دو مفرور

الہ آباد ۲۷ فروری۔ آج صبح الفریڈ پارک میں سے جو لوگ گزر رہے تھے وہ گولیوں کی آوازیں سن کر دنگ رہ گئے۔ معلوم ہوا ہے کہ سی۔ آئی۔ ڈی کے آدمیوں اور چند ملازمین ...

(ا۔ پ)

اگر تندرستی میں فرق ہے تو زندگی بیکار ہے

شربت اکسیر رجسٹرڈ

اگر آپ اشتہاری ادویات سے بدگمان ہو گئے ہوں تو صرف ایک روپیہ

اور بھی خرچ کرکے ہمارے کارخانے کا شربت اکسیر استعمال کرکے قدرت خدا کا تماشہ دیکھئے

جریان

ملنے کا پتہ۔ ایس۔ اے۔ بی بخشی اینڈ کمپنی کوٹھی نمبر ۲۷ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

اکسیر جذام

حافظ اقبال حسین بھٹیاری بھاگلپور

مشہور عالم رو دائر تازہ طبی ایجاد

آپریشن یا نشتر کی زحمت نہ اٹھایئے

فوطہ یعنی خصیہ بڑھ جانے اور آنت اتر آنے کی اکسیر دوا

ہمدرد دواخانہ متھرا (یو۔پی)

دوائے العصفور

مادہ قوت مردی اور ازالہ ضعف باہ کا بیخطا علاج

حکیم ظہیر الحسن ہیوسپل کمشنر متھرا (یو۔پی)

گوردوارہ میں گاندھی جی کی تقریر

یا تو ہم آزادی لیں گے یا لڑ کر مر جائیں گے

کانگریس سکھوں کے حقوق کو نہیں دبائیگی

دہلی ۲۷ فروری۔ گذشتہ شام کو گوردوارہ سیس گنج (متصل فوارہ) میں مردوں اور عورتوں کا بہت کافی اجتماع تھا کیونکہ سکھوں نے گاندھی جی کو اپنے جلسہ میں مدعو کیا تھا۔ گاندھی جی کے ہمراہ امام الہند حضرت مولانا ابوالکلام آزاد۔ ڈاکٹر مختار احمد صاحب انصاری۔ ولبھ بھائی پٹیل اور پنڈت جواہر لال نہرو بھی جلسہ میں تشریف لائے۔ سردار مدھوسودن سنگھ نے مہمانوں کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ افسوس ہے کہ سکھوں کو جنگ آزادی میں شریک ہونے سے روکا جا رہا ہے لیکن میں بتا دینا چاہتا ہوں کہ سکھ قوم اپنی خدمات کا صلہ لینے کی خواہش نہیں رکھتی اس کو اس بات کا بھی لالچ نہیں کہ جنگ ختم ہونے کے بعد سوراج میں اس کا کیا حصہ ہوگا وغیرہ۔

اس کے بعد گاندھی جی نے فرمایا کہ میں اپنی اور کانگریس کی جانب سے سکھ بھائیوں کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ ہمارے دل میں یہ کبھی خیال پیدا نہیں ہوا کہ سکھوں کے حقوق کو دبایا جائے۔ میں خدا کو حاضر و ناظر جان کر سکھوں کو یقین دلاتا ہوں کہ کانگریس آپ کو کبھی دھوکہ نہ دے گی۔ اب آزادی کی مہم شروع ہو چکی ہے یا تو ہم آزادی لے کر چھوڑیں گے اور یا لڑ کر مر جائیں گے۔ اس وقت حقوق کا سوال کرکے سودا کرنا مناسب نہیں ہے۔ آپ جنگ آزادی میں شریک ہو کر بڑے گوردوارہ کو آزاد کرا لیجئے پھر چھوٹے گوردواروں کا خود بخود فیصلہ ہو جائیگا۔

ہاں! سناٹوجن آپ کی طاقت کو بڑھا دیگا

اگر آپ اپنی طاقت کو بڑھانا چاہتے ہیں یا اپنی کمزوری پر فتح حاصل کرنا چاہتے ہیں تو آپ اس امر کا خیال رکھیں ... یہی وجہ ہے آپ کو سناٹوجن کا استعمال شروع کر دینا چاہیئے۔ جو کہ مشہور و معروف طاقت بخش دوا ہے۔ ... آج ہی سناٹوجن کی ایک بوتل خرید لیجئے۔

SANATOGEN

اصلی صحت بخش دوا

ہر ایک دوافروش اور بازار سے دستیاب ہو سکتی ہے۔ بناتے وقت ہاتھ سے نہیں چھوئی جاتی

میسرز رائے برادرس بازار سیتارام دہلی

دمہ و ذیابیطس کے مشہور معالج ہیں

۳۵ سال سے ہندوستان کی خدمت کر رہے ہیں بفضل خدا ہزارہا مریض ان کی مشہور عالم دوائی سے صحت یاب ہو کر آج خوشی اور مسرت کی زندگی بسر کر رہے ہیں حکمی و شرطیہ علاج کیا جاتا ہے ان امراض کے مریضوں کو اپنی تندرستی کے لئے فوراً علاج کرانا چاہیئے۔ فائدہ نہ ہونے پر قیمت واپس۔

بیکاروں کیلئے سنہری موقع

تمام ہندوستان میں اس سے بہتر کوئی اور کالج نہیں ہے۔

اس کالج میں موٹر ڈرائیوری، فیٹری کا کام دو ماہ میں سکھایا جاتا ہے۔ جس کی فیس صرف ... روپیہ لی جاتی ہے غریبوں کیلئے خاص رعایت ہے مفصل حالات معلوم کرنے کیلئے پراسپکٹس مفت طلب کیجئے پردیسی طلبا کیلئے بورڈنگ ہاؤس کا انتظام بھی ہے

دی کیپٹل پریکٹیکل موٹر ٹریننگ کالج بازار مچھلی والان متصل جامع مسجد دہلی

آپ کو جس سے محبت ہے

خواہ وہ کوئی عورت ہو یا مرد ہو

دین و دنیا

ایک کارڈ لکھ کر مفت منگا لیجئے

منیجر خواجہ بک ڈپو جامع مسجد دہلی

الجمعیۃ میں اشتہار دینا کلید کامیابی ہے

نورانی قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما، اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا

تمام ہندوستان کے بازاروں میں اب اس کے سوا دوسرا قرآن مجید

آپ کو مشکل سے ملیگا

نورانی قرآن مجید مترجم

ملنے کا پتہ۔ منیجر الجمعیۃ دہلی

محبوب عاشق کے قدموں پر

پتہ فضل شاہ عالم پوسٹ بکس ۱۴۸ دہلی

چار شادیوں کا لطف

تازہ تصدیقات

حب امساک

رعایت ہو تو ایسی ہو

نورانی قرآن مجید جس کی خوبیاں اس مختصر اشتہار میں بیان کرنا ممکن نہیں آپکو کوڑیوں کے مول دیا جا رہا ہے۔ اگر اب بھی آپ کلام الہی کے حاصل کرنے سے محروم رہیں تو یہ آپکی اپنی بدقسمتی ہے۔ اہل خیر حضرات کیلئے اس سے زیادہ بہتر موقع اور کیا ہوگا کہ وہ کافی تعداد میں لیکر مسجدوں میں تقسیم کریں۔ غریبوں کو پڑھنے کے لئے دیں جس سے ہمیشہ ہمیشہ آپ کو ثواب ملتا رہے

ہدیہ ایک نسخہ بلا جلد ۔ دس نسخہ ۔ پچاس نسخہ ۔ ایک سو نسخہ ۔ علاوہ محصولڈاک و ریل

ملنے کا پتہ منیجر الجمعیۃ دہلی

للعہ نمبر ۱۔ رسٹ واچ رولڈ گولڈ گارنٹی ۵ سال للعہ



امپیریل ٹریڈنگ ایجنسی پوسٹ آفس بیڈن سٹریٹ کلکتہ

تارکاپتہ: الجمعیۃ دہلی
ٹیلیفون نمبر ۴۲۶

رجسٹرڈ نمبر ایل ۲۹۳

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

یداللہ علی الجماعۃ

سہ روزہ

الجمعیۃ دہلی

ایڈیٹر: ہلال احمد زبیری بی اے

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
۳، ۶، ۹، ۱۲، ۱۵، ۱۸، ۲۱، ۲۴، ۲۷، ۳۰ کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایکبار) ۔۔۔ ۵۰
نصف صفحہ ( ) ۔۔۔ ۳۰
ایک کالم ( ) ۔۔۔ ۲۰
½ کالم ( ) ۔۔۔
¼ کالم ( ) ۔۔۔

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ مفت
فی پرچہ ایک آنہ

جلد ۱۳ — دہلی یوم دوشنبہ ۱۸ شوال المکرم سنہ ۱۳۴۹ہجری مطابق ۹ مارچ سنہ ۱۹۳۱ء — نمبر ۱۶

معاصرین کے افکار و آراء

گاندھی جی مسلم لیگ میں (حقیقت)

ان چند تنگ نظر اور کوتاہ اندیش اصحاب کے سوا، جنہوں نے ہندو مسلم اختلافات کی خلیج کو وسیع کرنے اور دونوں اقوام کو ایک دوسرے کے خلاف مشتعل کرنے ہی کو اپنا مذہبی اور قومی فرض سمجھ رکھا ہے اور جو اسکو اپنی شہرت و ناموری کا ذریعہ بنائے ہوئے ہیں، باقی اور کوئی سمجھدار وہ عاقبت اندیش مسلمان ایسا نہ ہوگا، جو مولوی محمد یعقوب صاحب آنریری سکرٹری مسلم لیگ اور لیگ کونسل کے ارکان کی اس دور اندیشی اور مصالحت پسندی کی تعریف نہ کرے گا کہ انہوں نے اپنے گزشتہ جلسہ میں کانگریس کے قائد اعظم مہاتما گاندھی اور دیگر کانگریسی رہنماؤں کو دعوت دیکر ہندو مسلم مسائل کی گتھیوں کو سلجھانے کی ایک کوشش کی ...

غریب ہندوستان کی راجدھانی (پیام)

کونسل آف اسٹیٹ میں سرکاری طور پر بیان کیا گیا ہے کہ نئی دہلی کی تعمیر پر دسمبر ۱۹۳۰ء تک ... روپیہ خرچ کیا جا چکا ہے ...

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

جدہ میں جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کی تقریر

مغرب پرستوں کو جلالۃ الملک کا زبردست انتباہ

اسلام ہی ہماری فضیلت کی آخری متاع ہے

جلالۃ الملک سلطان ابن سعود نے ریاض (دارالحکومت نجد) جانے سے قبل جدہ میں جو تقریر کی تھی وہ اب عربی اخبارات میں شائع ہوئی ہے۔ جلالۃ الملک کی یہ تقریر بھی دیگر تقریروں کی طرح فصاحت و ارشاد اور حکمت و موعظت سے بھری ہوئی اور رہنمائے دین و اخلاق کے جذبہ سے مملو ہے ...

جلالۃ الملک نے فرمایا: میں خوب جانتا ہوں کہ جو لوگ عام مخلوق کے لئے ...

قرطبہ کیلئے ایک جدید کیمپ

بحرین میں تجارت کی کساد بازاری

دوسرے ممالک کی طرح بحرین میں بھی تجارت زوال پذیر ہے ... یہاں کہا جاتا ہے کہ نجدی حکومت نے ڈیوٹی درآمد میں فیصدی ٹیکس لگا دیا ہے تاکہ ... اپنے سکوں پر کوئی اثر نہ پڑے۔

بحرین اور کویت ترقی کی شاہراہ پر

بجلی کے کام میں توسیع اور قرطبہ کی جدید عمارات

منامہ میں بجلی کی روشنی کا کافی انتظام ہے اور دیگر متمدن ممالک کی طرح یہاں بھی بجلی سے بہت کام لئے جاتے ہیں ...

افسران پولیس کے خلاف دس ہزار کا دعویٰ

کالج میں خلاف قانون گھسکر پروفیسر کو مارا

لاہور ۷ مارچ سنت رام پروفیسر ڈی اے وی کالج لاہور نے جارج ہملٹن ہارڈنگ سینیئر سپرنٹنڈنٹ پولیس، آر ایف نیل اے ایس پی، مائیکل انسپکٹر پولیس ... کے خلاف دس ہزار روپیہ ہرجانہ کا دعویٰ سینیئر سب جج کی عدالت میں کیا ہے ... اور دانستہ صدمہ پہنچانے کے لئے دعویٰ کا ہرجانہ طلب کیا ہے۔

اخبار الجمعیۃ کے خریداروں کی انتہائی خوش نصیبی

کروڑوں کلمہ گو کیلئے نہایت بیش بہا اور انمول گوہر نہایت کم قیمت یعنی نعمت خرید پر مل رہا ہے جو کل ہزار روپیہ خرچ کرنے پر بھی نہیں ملیگا۔

وہ بیش بہا انمول گوہر

پانچ ترجمے اور کامل احسن التفاسیر والا قرآن شریف ہے

یہ قرآن شریف عام طور پر اسقدر مقبول اور عام پسند ہے کہ ہر فرقے اور ہر عقیدے کے مسلمان نہایت ذوق شوق سے اسی میں تلاوت کرتے ہیں ... اب وہ بالکل ختم ہوگیا ہے

صرف ۲۵۰ جلدیں مالک مطبع کے پاس رہ گئی تھیں

آج اخبار الجمعیۃ کا ہر وہ خریدار

جو اس نعمت عظمیٰ کے حاصل کرنے سے اب تک محروم رہا ہے فرمائش بھیجکر اس عظیم الشان رعایت کے نادر موقع سے فائدہ اٹھائے ...

دفتر الجمعیۃ نے بھی یہ تہیہ کرلیا ہے

کیا اب بھی الجمعیۃ کا کوئی خریدار اس نعمت سے محروم رہیگا؟

اعلیحضرت حضور نظام کا خاص اپنی تلاوت کیلئے منتخب کردہ اور بہت پسندیدہ قرآن شریف ہے

اس قرآن شریف میں حسب ذیل پانچ ترجمے ہیں

پہلا ترجمہ (فارسی) از حضرت مولانا شیخ مصلح الدین سعدی شیرازی علیہ الرحمۃ
دوسرا ترجمہ (اردو لفظی) حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ
تیسرا ترجمہ (اردو لفظی) از حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ
چوتھا ترجمہ (اردو با محاورہ) از حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ
پانچواں ترجمہ (اردو با محاورہ) از حضرت مولانا شاہ اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ

سب سے بڑی خوبی یہ ہے

کہ اس کے حاشیہ پر اردو زبان کی بہترین اور عام فہم تفسیر احسن التفاسیر کامل درج ہے یہ تفسیر علامہ حضرت شاہ احمد حسن صاحب محدث دہلوی کی بچاس سالہ دماغ سوزی اور عرق ریزی کا نتیجہ ہے ...

دیگر خصوصیات

(۱) ہر مقام پر بسم اللہ شریف بخط طغریٰ ... (۱۵) کاغذ مصری حسب ضرورت ...

اس کلام پاک کے متعلق علماء کرام کی سینکڑوں تصدیقوں میں سے چند کا خلاصہ

حضرت مولانا محمد انور شاہ صاحب کشمیری مدرس دار العلوم دیوبند کی فارسی تقریظ کے ترجمہ کا اختصار ...

عالم باعمل فاضل اجل جناب مفتی مولوی حاجی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ العلماء ہند دہلی ...

فخر دہلی اسد الاسلام حضرت مولانا الحاج مولوی احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ العلماء ہند دہلی ...

حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی پروفیسر دینیات دار العلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ و سابق ناظم جمعیۃ علماء ہند ...

ملنے کا پتہ: منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

تصویردار پوسٹ کارڈ

اگر آپ عاشقانہ معشوق کے حسن و محبت کی دلچسپ تصویریں ... نمونہ ۲۵ کارڈ ...
ایس۔ اے۔ جی اینڈ کو مظفر نگر

بیروزگاروں کیلئے ...

منجن سلطانی

دانت درد کا جلن سوزش خارش مسوڑوں کا ورم ...

حب ہاضم

حکیم سید محمد عزیز الحسن متصل کیلے والی مسجد مٹیا محل

لاثانی قرآن مجید مصری بہت خوشخط اور سستا

... احمد علیخاں نمبر ۲۲۹ کوچہ تارا چند دہلی

دنیا مقویات باہ میں ایک بے نظیر ایجاد

دوا العصفور

اعادہ قوت مردمی اور ازالہ ضعف باہ کا بیخطا علاج

... حکیم ظہیر الحسن صاحب میونسپل کمشنر متھرا

ظرافت کے ساتھ

سیاسی تاریخی ادبی علمی معلومات میں اضافہ کی مسرت ... اودھ پنچ لکھنؤ کے مطالعہ سے حاصل ہوتی ہے اسکے کارٹون نہایت دلچسپ ہوتے ہیں۔ المشتہر منیجر اودھ پنچ لکھنؤ

للعامہ میں ۱۰۰ انعام پھر ۵۰۰۰ ہزار کا دوسرا انعام

حسب دلخواہ سچی گھڑیاں اور دو جوتے بھی انعام

... منیجر فینسی مارکیٹ ان انڈیا ہاٹ کھولہ کلکتہ

جہیز میں سب بڑھیا مال خریدیے ساتھ میں ایک جوڑا جوتا چلنے والی گھڑیاں اور ایک لالٹین بھی انعام



... منیجر ... ان انڈیا ہاٹ کھولہ کلکتہ

گاندھی جی کا اخبار نویسوں کو تاریخی بیان

"مکمل سوراج ہمارا پیدائشی حق ہے"

لارڈ ارون کی صبر آزما محنت و مشقت کی تعریف

سمجھوتہ کی شرائط کے متعلق ضروری تصریحات

سرکاری ملازمین اور انقلاب پسندوں سے اپیل

شرکت کانفرنس کا مقصد

والیان ریاست اور حکومت خانگی

انگریزوں سے خطاب

اگر انگریزوں کا ارادہ ہے کہ حقیقی صلح ہو جائے تو انہیں اس کیلئے تیار رہنا چاہیے کہ وہ ہندوستانیوں کو بھی آزادی کی دیوی محسوس کرا دیں جس کو حاصل کرنے کے لئے وہ خود بھی جان و مال تک قربان کر دیتے ہیں۔

دوسروں کی امداد

کانگریس کا منتہائے مقصود

صرف گزشتہ خطبوں کی تلافی ہی کانگریس کا منتہائے مقصود نہیں ہے خواہ وہ کتنی ہی اہم اور ضروری کیوں نہ ہو۔ کانگریس کا منتہائے مقصود مکمل سوراج ہے جس کا ترجمہ انگریزی میں ابھی حال ہی کے ساتھ "کامل آزادی" کر لیا گیا ہے۔ مکمل سوراج دوسری اقوام کی طرح ہندوستان کا بھی پیدائشی حق ہے اور وہ کسی ایسی چیز پر مطمئن نہیں ہو سکتا جو اس سے کم درجہ رکھتی ہو۔ تمام سمجھوتہ میں یہ دلفریب لفظ کہیں نظر نہیں آتا۔ جس فقرہ میں نہایت ہوشیاری کے ساتھ اس لفظ کو چھپایا گیا ہے وہ دفعہ ہے اور اسے عمداً مبہم رکھا گیا ہے۔

دو وقتی نتیجہ

حکومت کی ذمہ داری

سمجھوتہ عارضی ہے

مخالفین صلح سے خطاب

تجارت کے تین ستون

اتمان زئی (?) میں ایک پرامن جلسہ پر گولیاں چلائی گئیں

شہیدوں اور زخمیوں کی تعداد

صوبہ سرحد کے پنڈتوں کا بیان

کانگریس اور حکومت ہند کی عارضی صلح

گاندھی جی اور وائسرائے کی پرخلوص مساعی کا مبارک انجام

کانگریسی نمائندے گول میز کانفرنس میں شریک ہوں گے

سیاسی قیدیوں کی عام رہائی، اور آرڈیننسوں کی واپسی

کپڑے اور شراب پر پرامن پکٹنگ جاری رہے گا

گورنر جنرل باجلاس کونسل نے مندرجہ ذیل بیان معلومات عامہ کے لئے بغرض اشاعت دیا ہے:-

گفت و شنید کا نتیجہ

دستوری مسائل

گول میز میں کانگریسیوں کی شرکت

سمجھوتہ کی حدود

سول نافرمانی کا خاتمہ

ولایتی مال کا مقاطعہ

پرامن پکٹنگ

پولیس کے اعمال کی تحقیقات

سیاسی قیدیوں کی عام رہائی

جرمانوں کی معافی

زائد پولیس کی واپسی

جائداد غیر منقولہ کی واپسی

مالگزاری کی وصولی میں تشکیلات کی تحقیقات

مستعفی ہونے والوں کے دوبارہ تقرر کا سوال

قانون نمک میں تبدیلی کا سوال

عارضی صلح کی شرائط کا خلاصہ

حکومت کیا کرے گی

(۱) تمام آرڈیننس واپس لے لئے جائیں گے۔
(۲) خلاف قانون جماعتوں کے اعلانات واپس لے لئے جائیں گے۔
(۳) زیر سماعت مقدمات اٹھا لئے جائیں گے۔
(۴) سیاسی قیدی (غیر متشدد) رہا کر دئے جائیں گے۔
(۵) جرمانے وصول نہیں کئے جائیں گے۔
(۶) تعزیری پولیس ہٹالی جائے گی۔
(۷) جائداد منقولہ جس پر حکومت نے قبضہ کر لیا ہے واپس دیدی جائے گی۔
(۸) جائداد غیر منقولہ جو ضبط کر لی گئی ہے اور جس پر حکومت کا قبضہ ہے واپس کر دی جائے گی۔
(۹) واجبات کی وصولیابی میں جو بے ضابطگیاں کی گئی ہیں ان کی تحقیقات کی جائے گی۔
(۱۰) جو ملازمین سرکار برخاست کئے گئے ہیں ان کی بحالی کے متعلق وسعت قلب سے کام لیا جائے گا۔
(۱۱) غربا کو نمک بنانے اور فروخت کرنے کی آزادی حاصل ہوگی اور قانون نمک میں اس آزادی کے متعلق ترمیم کر دی جائے گی۔

کانگریس کیا کرے گی

(۱) منظم قانون شکنی نہیں کی جائے گی۔
(۲) عدم ادائیگی محصولات کی تحریک ختم کر دی جائے گی۔
(۳) خلاف قانون بلیٹن شائع نہیں کئے جائیں گے۔
(۴) سرکاری ملازمین کو استعفا داخل کرنے کی ترغیب نہیں دی جائے گی۔
(۵) برطانوی مال کے مقاطعہ کو سیاسی ہتھیار کے طور پر استعمال نہیں کیا جائے گا۔
(۶) پکٹنگ صرف پرامن طریق پر کی جائے گی۔

نتیجہ کیا ہوگا

کانگریس کے نمائندوں کی ایک کافی تعداد گول میز کانفرنس کے آئندہ اجلاسوں میں شرکت کے لئے آمادہ ہوجائے گی +

حکومت کی کارروائی

(۹) تحریک سول نافرمانی کے خاتمہ پر حکومت جو کارروائی کرے گی وہ حسب ذیل ہوگی:-

آرڈیننسوں کی واپسی

خلاف قانون جماعتوں کے اعلانات

زیر سماعت مقدمات کی واپسی

جائداد منقولہ کی واپسی

حبیب نور کی سزائے موت

مسلمانان لاہور کا احتجاجی جلسہ

بنگلور میں فساد
تقریباً سو آدمی مجروح ہوگئے

بنگلور ۹ مارچ۔ شام کو جو سرکاری اعلان شائع ہوا ہے کہ کل رات کے ہنگامہ میں سو آدمی مجروح ہوئے ان میں چند پولیس کے لوگ بھی شامل ہیں ۳۳ ہندو اور ۷۰ مسلمان شفاخانہ میں داخل ہوئے ہیں اطلاع مظہر ہے کہ رات کے ساڑھے گیارہ بجے تک کوئی بات نہ تھی مگر اس وقت معلوم ہوا کہ تریب کے اسٹیشن سے مسلمانوں کا ایک ہجوم شہر کی طرف آرہا ہے۔ اندازہ ہے کہ کم و بیش تین ہزار کا مجمع تھا اور لاٹھیوں سے مسلح تھا۔ شہر کے دروازہ پر اس مجمع کو سوار پولیس کے ایک دستہ نے روکا اور منتشر کرنے کی کوشش کی

پشاور میں جیل کے دروازہ پر ہجوم
سیاسی قیدیوں کی رہائی کا انتظار

پشاور ۹ مارچ۔ اروِن گاندھی سمجھوتہ کی شرائط کو دیکھ کر لوگ کل ازدہام پشاور کے قیدخانے کے باہر جمع ہوگیا اور سیاسی قیدیوں کی رہائی کا دن بھر انتظار کرکے شام کو مایوس ہوکر واپس ہوگیا معلوم ہوا ہے کہ سیاسی قیدیوں کی فہرست بہ مطالعہ کرنے کے لئے مرتب کی جا رہی ہے کہ کون کون قیدی عدم تشدد میں سزایاب ہوئے۔

بمبئی میں تمام آرڈیننس منسوخ ہوگئے

بمبئی ۹ مارچ۔ حکومت بمبئی نے آج شام کو ایک غیر معمولی گزٹ

بمبئی کا مقدمہ سازش

اس صدی کا حیرتناک واقعہ
سمجھوتہ پر امرتا بازار پتریکا کا تبصرہ

کلکتہ ۹ مارچ امرتا بازار پتریکا نے اپنے مقالہ افتتاحیہ میں اروِن گاندھی سمجھوتہ کی نسبت لکھا ہے کہ مسٹر گاندھی اور لارڈ اروِن کے مابین مساوی شرائط اور درجہ کی گفتگو میں ایک کی شخصیت دور حاضرہ کی سب سے بڑی طاقت کی نمائندہ اور دوسرے کی شخصیت قدیم قوم کے فرسودہ اسلاف میں قومیت کے جذبات پیدا کرنے والی تھی۔ آزادی کی اس حیرتناک جنگ میں اسے ختم کرنے کے لئے ایسے عظیم الشان اور جلیل القدر طریقے اور ذرائع اختیار کئے گئے جو اس صدی میں تعجب انگیز

الہ آباد میں سمجھوتہ کا اثر
معاصر پائنیر اور لیڈر کا تبصرہ

سمجھوتہ کے بعد زعماء صوبہ سرحد کا بیان
باشندگان صوبہ سرحد کی طرف سے کانگریس کا شکریہ
مصیبت زدہ اس بروقت امداد کو فراموش نہیں کر سکتے

دہلی ۹ مارچ۔ خان علی گل خان اور میاں جعفر شاہ نے جو صوبہ سرحد کے موجودہ حالات کے متعلق کانگریس کی جماعت عاملہ سے گفتگو کرنے آئے تھے ذیل کا بیان شائع کیا ہے۔

کانگریس اور حکومت کے درمیان عارضی سمجھوتہ کے اختتام پر ہم ان خدمات کا جو اس نے صوبہ سرحد کے لئے انجام دیں شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتے ہیں

خریداران الجمعیۃ توجہ فرمائیں
ایک نہایت ضروری گزارش

کچھ عرصہ سے محکمہ ڈاک نے اپنا ایک نیا قاعدہ یہ بنالیا ہے کہ وہ کوئی وی پی تین دن سے زائد امانت میں نہیں رکھتے، اور پہلی مرتبہ وی پی دکھا دینے اور اطلاع یابی کا فارم دے دینے کے بعد صرف تین دن انتظار کرکے اسے واپس کردیتے ہیں۔ ڈاکخانہ کا یہ جدید قاعدہ تمام اخبارات اور اخبار بین حضرات کو سخت تکلیف پہنچا رہا ہے۔ ڈاک کا کاروبار کرنے والوں کی طرف سے اس کے خلاف زبردست احتجاج کیا گیا ہے مگر یہ قاعدہ ابھی تک باقی ہے اور اس پر عمل کیا جا رہا ہے اس لئے خریداران الجمعیۃ سے ہم درخواست کرتے ہیں کہ وہ اپنی میعاد ختم ہونے سے قبل ہی دفتر کو اپنا چندہ خریداری بذریعہ منی آرڈر بھیجا کریں۔ یا اگر کسی وجہ سے یہ ممکن نہ ہو تو پھر وی پی کی آمد کے انتظار میں روپیہ تیار رکھا کریں اور جیسے ہی کہ پوسٹ مین وی پی لے کر آیا کرے اسے وصول فرمالیا کریں۔ ہم وی پی ارسال کرنے سے ایک ہفتہ قبل انقضائے میعاد کی اطلاع دیدیتے ہیں اور منی آرڈر کا انتظار کرلینے کے بعد وی پی کرتے ہیں۔ اگر الجمعیۃ کے خریداران ذرا سی توجہ فرمائیں اور یہ اطلاع وصول ہوتے ہی منی آرڈر روانہ کردیا کریں تو نہ صرف انہیں دو آنے کی بچت ہوجایا کرے بلکہ ہمارے واسطے بہت آسانیاں بہم پہنچ جایا کریں اور ہم ان کے نہایت ممنون احسان ہوں۔

میں امید کرتا ہوں کہ خریداران الجمعیۃ میری اس گزارش پر ضرور توجہ فرمائیں گے۔

(منیجر)

شملہ میونسپلٹی کی ...

نیلور میں نمائش زراعت اور مویشیاں

صوبہ بہار میں مجلس مقننہ کا اجلاس

راج مندری میں آتش زدگی

رنگون کا مشہور گودام جل گیا
آچاریہ کرپلانی جنہیں دفعہ ۱۲۴ الف کے ماتحت ایک سال کی قید ہوئی تھی رہا نہیں کئے گئے بلکہ آپ کو کلاس تبدیل کردیا گیا۔

بہار میں قیدیوں کی رہائی

پٹنہ ۱۲ مارچ۔ پھلواری کیمپ جیل سے کل ساٹھ قیدیوں کا دوسرا دستہ رہا ہوا۔ امید ہے کہ باقی قیدی بھی روزانہ دو دو سو کے دستوں میں رہا ہو جائیں گے۔

مزید قیدیوں کی رہائی

ناگپور ۱۲ مارچ۔ آج دو سو سے زائد سی کلاس کے قیدی رہا کردئے گئے۔

رہا شدہ قیدیوں کی کل تعداد

لکھنؤ ۱۲ مارچ۔ اب تک ۳۱ اضلاع کی مختلف جیلوں سے ۳۷۹۶ قیدی رہا کئے جا چکے ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیت دہلی

۱۶ مارچ ۱۹۳۱ء

گاندھی جی اور وائسرائے کا سمجھوتہ
بعض معترضین کی نامعقولیت
(۲)

ہم نے الجمعیۃ کی گزشتہ اشاعت میں قارئین کی توجہ خصوصیت کے ساتھ دو امور کی طرف مبذول کرائی تھی اول یہ کہ گاندھی جی اور وائسرائے کے درمیان جو سمجھوتہ ہوا ہے وہ آخری اور انتہائی صلح کے لئے نہیں ہوا ہے بلکہ درمیان جنگ میں عارضی صلح کی غرض سے کیا گیا ہے تاکہ فریقین ایک جگہ بیٹھ کر حقیقی مصلح کی شرائط پر غور و خوض کر سکیں اور آئندہ کوئی مستقل سمجھوتہ ہو سکے ثانیاً یہ کہ اس عارضی صلح میں بھی گاندھی جی نے وائسرائے سے جو مطالبات ...

...

انقلاب پسندوں کا جواب

گاندھی جی اور وائسرائے کے اس سمجھوتہ پر انقلاب پسند جماعت نے جو اعتراضات کئے ہیں ان کا جواب خود گاندھی جی نے نہایت معقولیت کے ساتھ دے دیا ہے ...

اٹک جیل سے حضرت مولانا نورالدین صاحب کی رہائی
دہلی اسٹیشن پر شاندار خیر مقدم

آج آٹھ بجے شب بمبئی ایکسپرس سے حضرت مولانا نورالدین صاحب بہاری نائب ناظم جمعیۃ علمائے ہند اٹک جیل سے رہا ہو کر دہلی تشریف لائے۔ آپ کو ۲۷ اکتوبر ۱۹۳۰ء کو چھ ماہ قید بامشقت کی سزا دی گئی تھی۔ مولانا محترم کی رہائی وائسرائے کے اعلان کی بنا پر ہوئی ہے۔

جس وقت مولانا اسٹیشن دہلی پر پہونچے تو حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند و حضرت مولانا عبدالصمد صاحب رحمانی نائب ناظم و کارکنان جمعیۃ علمائے ہند و رضاکاران جمعیۃ نے پرجوش خیر مقدم کیا۔

مولانا کی صحت اچھی ہے اور آپ ہر طرح خوش و خرم ہیں۔ آپ کا قصد جمعیۃ علمائے ہند کی ورکنگ کمیٹی منعقدہ ۱۹ مارچ کی شرکت کے بعد مراجعت وطن کا ہے۔

حضرت مولانا نورالدین صاحب بہاری
نائب ناظم جمعیۃ علماء ہند کا بیان

اپنی زندانی زندگی کی وجہ سے لارڈ ارون اور گاندھی جی کی عارضی صلح کی تفصیلات کی مجھ کو اطلاع نہیں ہے اس لئے میں اس کے متعلق اپنی ...

... سے بہت نزدیک کر دیا ہے۔ مگر پھر بھی جملہ اسیران سیاسی کی تعداد کے اعتبار سے ان حکومت پرستوں کے غلط پروپیگنڈے کے لئے ناقابل انکار شہادت ہے کہ مسلمان جماعتی حیثیت سے جنگ آزادی میں شریک نہیں ہوئے۔

جماعت احرار کی فتح

...

جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ کا جلسہ
۱۹ مارچ کی صبح کو منعقد ہوگا

جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ کا ایک مخصوص جلسہ مسلم حقوق اور دیگر مسائل حاضرہ پر غور و خوض کرنے کی غرض سے ۱۹ مارچ ۱۹۳۱ء کو صبح کے وقت دفتر جمعیۃ علماء ہند واقع گلی قاسم جان دہلی میں منعقد ہوگا ...

آنریبل سر میاں فضل حسین کے صاحبزادہ کا انتقال
حضرت ناظم الجمعیۃ کا پیغام تعزیت

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے آنریبل سر میاں فضل حسین رکن ایگزیکٹو کونسل وائسرائے کے صاحبزادے کی وفات پر ممدوح کو ایک پیغام تعزیت ارسال فرمایا ہے جس میں مرحوم کے لئے دعائے مغفرت کی گئی ہے اور میاں صاحب اور ان کے خاندان کے ساتھ اظہار ہمدردی کیا گیا ہے۔

صوبہ بہار میں قیدیوں کی رہائی میں تاخیر
گاندھی جی کو صورت حال سے اطلاع دی گئی

پٹنہ ۱۳ مارچ ... کل شام ایک عام جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے بہار کے کانگریسی لیڈر بابو راجندر پرشاد ...

...

(دفتر)

شریعت اسلامیہ میں مداخلت کا جدید فتنہ

ہمیں معلوم ہوا ہے کہ پنجاب کونسل میں عنقریب ایک مسودہ قانون ... پیش ہونے والا ہے جس کے متعلق گورنر جنرل نے اجازت بھی دیدی ہے ...

گول میز کانفرنس لندن میں منعقد ہوگی
وزیر ہند کا اعلان

لندن ۱۴ مارچ۔ دارالعوام میں ہندوستان کے مسئلہ پر بجٹ کے دوران میں مسٹر ویجوڈ بین وزیر ہند نے اعلان کیا کہ گول میز کانفرنس کا آئندہ اجلاس موسم خزاں میں لندن میں منعقد ہوگا۔

دارالعوام میں مسٹر بالڈون کی تقریر
قدامت پرست پارٹی کے رویہ کی وضاحت

لندن ۱۲ مارچ۔ مسٹر بالڈون نے اپنی تقریر کے دوران میں قدامت پرست جماعت کے نقطہ نگاہ کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ وہ اور ان کی پارٹی ہندوستان کے معاملہ میں مشورہ دینے کے لئے تیار ہیں اور انکا اور ان کی جماعت کا آئندہ بھی یہی رویہ ہوگا جو کہ سائمن کمیشن کے تقرر کے وقت تھا لیکن ان کی پارٹی کا کوئی شخص کسی فیصلہ کا پابند نہ ہوگا۔

مسٹر بین نے اس تقریر کے جواب میں کہا کہ اگر مسٹر بالڈون لارڈ ارون کے اعلان کے مطابق عمل کرتے رہے تو وہ کام کامیابی سے انجام پذیر ہو جائے گا جس میں ہم سب مصروف ہیں۔

مسٹر بالڈون کی تقریر

لندن ۱۳ مارچ۔ آج جب کہ دارالعوام میں ہندوستانی معاملات پر بحث ہو رہی تھی گیلریاں کھچا کھچ بھری ہوئی تھیں ...

ابتدا میں مسٹر چرچل کی درخواست پر جناب صدر نے رولنگ دیا کہ انتظامی معاملات پر عام بحث کی جا سکتی ہے لیکن آئندہ قانونی رویہ پر بحث نہیں کی جا سکتی۔

...

جمعیۃ علماء ہند کے خلاف دعویٰ
دوسری مرتبہ پھر خارج کر دیا گیا

...

ساردا ایکٹ کے ماتحت مقدمات
حکومت کے پیش کردہ اعداد و شمار

...

کانگریس کمیٹی بمبئی میں کشیدگی
پنڈت جواہر لال تصفیہ کریں گے

بمبئی ۱۳ مارچ۔ مقامی کانگریس کمیٹی کے دو فریقوں کے درمیان کچھ عرصہ سے حصول غلبہ کے لئے کشمکش چل رہی ہے ...

کانگریس اسمبلی کے انتخابات میں حصہ لے گی؟
آل پارٹیز کانفرنس کی تجویز

...

(دشید)

پنڈت جواہر لال بمبئی جارہے ہیں

الہ آباد ۱۴ مارچ۔ کل صبح پنڈت جواہر لال نہرو بمبئی روانہ ہوں گے پھر وہاں ہو کر کانگریس اجلاس میں شرکت کے لئے کراچی جائیں گے۔

اٹاوہ کے قریب گولی چلنے کے واقعہ پر سرکاری بیان
پولیس کو بے گناہ ثابت کرنے کی کوشش

لکھنؤ ۱۳ مارچ۔ مندرجہ ذیل سرکاری بیان برائے اشاعت موصول ہوا ہے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اٹاوہ اطلاع دیتے ہیں کہ ۸ مارچ کو ...

...

اٹاوہ میں گولی چل گئی

اٹاوہ میں پولیس کے مجمع پر گولی چلانے کے واقعہ کی تفصیلات سے جواب موصول ہوئی ہیں ...

ہز ایکسیلنسی وائسرائے جے پور میں
جشن تاجپوشی میں شرکت

...

گاندھی ارون سمجھوتہ پر مہاراجہ بیکانیر کے خیالات

...

مدراس میں پکٹنگ پھر شروع ہو گئی
مدراس میں کتنے قیدی رہا ہوئے

...

تعلقہ کیرہ میں گاندھی جی کا دورہ

...

مالک چاند پریس کی رہائی
مقدمہ اٹھا لیا گیا

...

گاندھی جی کے اخبار ینگ انڈیا کا دوبارہ اجراء
ہندو مسلم اتحاد پر زور
پرامن پکٹنگ کی تاکید

بمبئی ۱۳ مارچ۔ گاندھی جی کا اخبار ینگ انڈیا جو کچھ عرصہ سے سائکلوسٹائل سے چھپ کر شائع ہو رہا تھا کیونکہ نوجیون پریس بحق سرکار ضبط ہو چکا تھا آج پھر چھپ کر شائع ہوا ...

...

مہاجر کسانوں کے علاقہ میں گاندھی جی کا دورہ
ایک عام جلسہ میں تقریر

...

(ا۔پ)

بمبئی میں بدیشی کپڑے کی تجارت کی گرم بازاری
صرف دیویاں پکٹنگ کر رہی ہیں

...

بورسد میں ولبھ بھائی پٹیل کی تقریر
ہندوستانی حکومت کسانوں کی ہوگی

...

ایک کانگریسی کو گاندھی جی کا عطیہ

...

افغانستان کو کوئی قرضہ نہیں دیا گیا
افغان قونصل جنرل کا اعلان

...

اپانگر ستیہ گرہ کیمپ کی واپسی

...

(ا۔پ)

مولانا خان میر طالی اور غلام ربانی سیٹھی کی رہائی

...

شرائط صلح کی پابندی میں حکومت دہلی کا لیت ولعل
۲۴ اور ۸ ۔ ۱ کے قیدیوں کی رہائی میں تامل
ڈاکٹر انصاری اور ارکان کانگریس کی جدوجہد

دہلی ۱۲ مارچ مختلف صوبہ جات میں گو اب تک کئی ہزار سیاسی قیدی رہا ہو چکے ہیں اور خواتین تو بالعموم تمام قید خانوں سے باہر آ چکی ہیں لیکن صوبہ دہلی کی حکومت کی ستم ظریفی دیکھئے کہ اس کے تساہل سے دہلی کی متعدد خواتین اور کئی سو قیدی ابھی تک رہا نہیں کئے گئے حالانکہ یہیں کی حکومت کو سب سے پہلے مصالحت کی اطلاع ملی تھی۔ دہلی کے کانگریسیوں نے گو ہر چند کوشش کی کہ خواتین کی رہائی میں تساہل سے کام نہ لیا جائے مگر یہ سب بے کار ثابت ہوئیں۔ بیگم آصف علی، شریمتی ستی دیوی اور شریمتی جمیلی دیوی چونکہ دفعہ ۱۰۸ ضابطہ فوجداری میں سزایاب ہوئی ہیں اس لئے چیف کمشنر صاحب دہلی ابھی تک یہ فیصلہ نہیں کر سکے ہیں کہ آیا رہائی کی وہ مستحق ہیں یا نہیں۔ ان کے علاوہ دیگر خواتین کی رہائی کے احکام بھی دہلی سے ۱۰ مارچ کو نافذ ہو سکے۔ اس پر لطف یہ ہے کہ ان میں تین وارنٹ غلط نکلے جس کی وجہ سے کل دوپہر صرف اکتالیس قیدی خواتین کو رہا کیا جا سکا۔

چونکہ وہ خاتون قیدی ان کے ساتھ رہا کی گئیں اس لئے انہوں نے جیل سے باہر نکل کر ستیہ گرہ کر دیا اور شام کے سات بجے تک وہیں بیٹھی رہیں۔ اس دوران میں لاہور اور دہلی کے درمیان کئی بار ٹیلیفون پر گفتگو کی گئی حتیٰ کہ شام کو ڈاکٹر انصاری نے ان خواتین کو ایکسپریس تار دے کر اس طرح ستیہ گرہ کرنے سے منع کیا۔ مسٹر آصف علی اور دیش بندھو گپتا نے بھی مسٹر جانسن کو اس طرف توجہ دلائی تاکہ وہ سب کی رہائی کے لئے فوراً احکام نافذ کریں۔

گاندھی جی کو اطلاع

جب مقامی حکومت کی طرف سے مایوسی ہوئی تو مقامی کانگریس کمیٹی نے گاندھی جی کو اس مضمون کا تار دیا۔

بیگم آصف علی اور ایک درجن دیگر کارکنان کانگریس جن میں عورتیں بھی شامل ہیں اس بنا پر رہا نہیں کئے گئے کہ ان کو زیر دفعہ ۱۲۴ الف ...

گاندھی جی کا جواب

لوگوں کی مایوسی

مسز سین گپتا گاندھی جی کی خدمت میں تار
پولیس کی بدعہدی کی شکایات
قیدیوں کی فوری رہائی کا مطالبہ

بورساد میں گاندھی جی کی تقریر
یہ جنگ میری زندگی میں آخری اور قطعی ہوگی
ہندوستان کے ہر شخص کو دوست بنالو

بورساد ۱۰ مارچ۔ گاندھی جی آج دوپہر کو بورساد پہنچ گئے۔ آپ نے ایک کثیر مجمع کو خطاب کر کے شرائط مفاہمت سمجھائیں اور کہا کہ یہ جنگ میری زندگی میں آخری اور قطعی ہو گی۔ ابھی اس جنگ کی انتہا نہیں ہوئی ہے۔ اس لئے آپ ابھی معاوضہ کا مطالبہ نہیں کر سکتے اگر ایسا کرو گے تو حکومت نہ دے گی۔ حکومت نے غرباء سے ٹیکس وصول کئے ہیں اگر تم نے سوراج حاصل کر لیا تو وہ یہ تاوان انہیں لوگوں سے وصول کر کے دے گی۔ میں چند لوگوں کے نفع کے لئے حکومت کی وزارت کی تخریب کے درپے نہیں ہو سکتا ابھی جنگ کی ابتدا ہے یہ عارضی صلح ہے بہ گفتگوئے صلح کے لئے کی گئی ہے اس میں کسی شرط سے آپ کی توہین نہیں ہوتی ہے جن لوگوں کو ابھی قربانیاں کرنی ہیں وہ تاوان کیسے طلب کر سکتے ہیں لہٰذا میں اور کانگریس سو دیس تاوان کیسے طلب کر سکتے ہیں۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ نوسوا ایکڑ اراضی ضبط ہوئی ہے قیدیوں کی رہائی کی طرح اراضی بھی مالکان اصلی کو واپس ہو سکتی ہے لیکن جس طرح پھانسی پائی ہوئی لاش میں جان نہیں ڈالی جا سکتی میں نہیں کہہ سکتا کہ اراضی کب تک واپس ہوں گی لیکن جب تک یہ واپس نہ ہو جائے گی میں اور دیگر بھائی چین سے نہ بیٹھیں گے۔ جن لوگوں نے ضبط شدہ اراضی خرید کی ہے وہ تمہارے بھولن میں ان سے لڑنا نہیں چاہئے انہوں نے اراضی کی جو قیمتیں ادا کی ہیں وہ ہی ان کو دے کر واپس کرائی جا سکیں گی ...

گاندھی جی کی روانگی نوساری کو

بمبئی میں ہنگامہ
بعض رضا کاروں کی کانگریس کے خلاف بغاوت

اٹاوہ میں دیہاتیوں اور پولیس کا تصادم
پولیس کی آتشبازی سے تین ہلاک ہوئے

ایک مشتبہ نوجوان کی گرفتاری

برما میں ایک نئے آرڈی ننس کا اجرا

نئی دہلی ۱۲ مارچ۔ ہز ایکسیلنسی وائسرائے گورنر جنرل نے آرڈی ننس نمبر ۳ سنہ ۱۹۳۱ء کے اجرا کا اعلان کیا ہے جس کے مطابق برما کی گذشتہ بغاوت کے ملزمین کا فوری فیصلہ کیا جائے گا۔

آرڈی ننس کی رو سے مقامی حکومت کو اختیار ہو گا کہ وہ جس علاقہ میں مناسب سمجھے اور جہاں آرڈی ننس کا نفاذ ہو چکا ہو ایک خاص ٹربیونل قائم کر دے۔ جس کا صدر ایسا شخص ہو جو کہ رنگون ہائی کورٹ کا جج رہ چکا ہو یا اس وقت ہو۔ مقامی حکومت کو یہ بھی اختیار حاصل ہو گا کہ وہ ٹربیونل کے لئے ایسے اشخاص کا تقرر کرے جو کم از کم دو سال تک سشن جج کی حیثیت سے کام کر چکے ہوں۔ سوائے ایسے مقدمات کے جن میں سزا پانچ سال سے زیادہ نہ ہو ٹربیونل کے فیصلوں کے خلاف ہائی کورٹ میں اپیل دائر ہو سکے گا۔

اس وقت ۱۳۵۰ اشخاص پر دفعہ ۱۲۱ اور ۱۲۱ الف کے ماتحت مقدمے چل رہے ہیں۔ اور ممکن ہے کہ اور مقدمات بھی چلانے پڑیں۔ اس آرڈی ننس کے اجرا کا مقصد قتل و غارت کی روک تھام اور قیام امن ہے۔

مدراس میں بدیشی کپڑے پر پکٹنگ

بنگال آرڈیننس کا ایک تازہ شکار

ضرورت ہے
ایک لیڈر کی
مولانا محمد علی کی صفات ہوں
...
مصور مجلہ ہمدرد ... دہلی

اکسیر جذام
... حافظ اقبال حسین ... دہلی

ضروری اعلان
... تاجر ... دہلی

رائس ایکسپورٹ ایجنسی سہارن پور
تمام تقریبات اور دعوتوں کیلئے
سہارنپور اور دہرہ دون کا مشہور باسمتی چاول قابل روسا نیز ہر قسم کے چاول ایمانداری کیساتھ سپلائی کئے جاتے ہیں دکانداروں کیساتھ ہر ممکن رعایت و کفایت

محبوب عاشق کے قدموں پر
...

میسرز رائے برادرس بازار سیتارام دہلی
دمہ اور ذیابیطس کے مشہور معالج ہیں

چیف کمشنر صوبہ سرحد کا اعلان
صوبہ سرحد کے باشندے مساوی حیثیت رکھتے ہیں
قیام امن کے لئے اپیل

پشاور ۱۰ مارچ۔ چیف کمشنر صاحب نے ایک اعلان شائع کیا ہے جس میں آپ نے صلح کے ہونے اور اس کے ساتھ ہی سول نافرمانی کی تحریک اور دوسرے ایجی ٹیشن کے ختم ہو جانے پر اظہار اطمینان کیا ہے اور گورنمنٹ کی طرف سے یقین دلایا ہے کہ وہ گذشتہ واقعات اپنے دل سے محو کر دیگی اور اس کا ثبوت یہ ہے کہ ان تمام اشخاص کو جنہوں نے قانون کی خلاف ورزی کی تھی باستثنا ان لوگوں کے جو تشدد کے مرتکب ہوئے تھے رہا کر دیا۔ آپ نے توقع ظاہر کی ہے کہ اس کے جواب میں پبلک کی طرف سے بھی خوش اخلاقی کا ثبوت دیا جائے گا۔

آپ نے لوگوں کو دعوت دی ہے کہ وہ ملکر نیا دستور حکومت تیار کرنے میں مدد دیں اور گذشتہ واقعات کو صفحہ دل سے محو کر کے بڑے بڑے اختلافات کو دور کرنے کی کوشش کریں۔ اعلان کے آخر میں تحریر ہے کہ باشندگان سرحد کا یہ پرزور مطالبہ ہے جس میں ان کا ہم آہنگ ہوں کہ وہ ہندوستان کے کسی دوسرے صوبہ سے ہی نہیں بلکہ دنیا کے کسی ملک سے پیچھے نہیں۔ میں پورے بھروسہ کے ساتھ اپیل کرتا ہوں کہ اپنے افعال و اقوال کو نئی روح کے مطابق سب سے زیادہ کام کر کے اپنے اس دعوے کو صحیح ثابت کریں۔

مسٹر بالڈون کے اضطراب آمیز فیصلہ پر گاندھی جی کا بیان
اس قسم کے رویہ سے کانگریس کو تقویت ہوگی
لندن کانفرنس میں کس قسم کے تحفظات زیر بحث آئے

گورنمنٹ کو اسمبلی میں ایک اور شکست
انکم ٹیکس میں تخفیف کی تجویز منظور ہوگئی

بلیتی کپڑے کی دکانوں پر پھر پکٹنگ شروع ہوگیا

کیا مقدمہ سازش میرٹھ کے ملزمین رہا کئے جائینگے

گاندھی جی عورتوں کے جلسہ میں
سات عورتیں جھپیٹ میں آکر مجروح ہوگئیں

احمد آباد ۱۰ مارچ۔ آج شام گاندھی جی کی تقریر سننے کے لئے عورتوں کے جلسہ میں چھ عورتیں جھپیٹ میں آکر زخمی ہو گئیں۔ جن میں ایک کی حالت نازک ہے جلسہ میں وقت متعینہ سے بہت پیشتر سے عورتوں کی آمد شروع ہو گئی تھی حتیٰ کہ جلسہ گاہ جلدی بھر گئی جس سے باقی عورتوں کو باہر کھڑا ہونا پڑا۔ جب گاندھی جی جلسہ میں آئے تو عورتیں ان کے درشن کو جھپٹیں گاندھی جی چند کلمات کہہ کر جلدی سے واپس چلے گئے۔ جب عورتیں نکلنے لگیں تو ایسی ریل پیل ہوئی کہ چند عورتیں گر گئیں۔ اور بیروں میں دب گئیں۔ مجروح عورتوں کو شفاخانہ بھیجا گیا۔

جس عورت کی حالت نازک ہے اس کی کھوپڑی ٹوٹ گئی ہے مرحومہ مولچند آسارام شاہ رئیس اور ایڈوکیٹ کی بیوی اور بمبئی ہائیکورٹ کے سابق جسٹس شاہ کی بھابھی ہے کل سات عورتیں کانگریس کے شفاخانہ میں زخمی ہو کر داخل ہوئیں۔

بعد کی خبر ہے کہ مولچند آسارام شاہ رئیس اور ایڈوکیٹ کی بیوی جو شدید زخمی ہوئی تھی ہسپتال میں مر گئی۔

کراچی کانگریس کے لئے بمبئی میں تیاریاں
رضاکاروں و نمائندوں کیلئے دو جہاز کرایہ پر لئے گئے

بمبئی ۱۰ مارچ۔ مقامی کانگریس کمیٹی کراچی کانگریس میں نمائندوں اور رضاکاروں کو بھیجنے کے لئے انتظام کر رہی ہے معلوم ہوا ہے کہ کانگریس کے لیڈر ایک جہاز ران کمپنی سے گفتگو کر رہے ہیں تاکہ رضاکاروں اور نمائندوں کے لیجانے کے لئے دو جہازوں کا انتظام کریں۔

لاہور میں پولیس کی دوڑ دھوپ
تین نوجوانوں کی گرفتاری

مجلس مملکت کی کارروائی

لاہور زنانہ جیل سے ۲۸ خواتین کی رہائی

بنگال جیل سے ۲۰۰ قیدیوں کی رہائی

موپلا قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ

چار پانچ دیکھیے
... لطف شباب ... شفاخانہ ... دہلی

مفت
طبی رسالہ زندگی
...

ارشادی قرآن مجید مصری بہت خوشخط اور سستا
... احمد علیجان نمبر ۲۹ کوچہ ... دہلی

مکتبہ علمیہ کے گرانمایہ تحفے
تاریخ القرآن ... رباعیات عمر خیام ... بستان العارفین ... علم مجلسی ... تفسیر مظہری ... فتاوی رشیدیہ ... اعجاز القرآن ... احسن الوظائف ... علم الاسلام ... عطر مجموعات ...
جملہ کتابیں ملنے کا پتہ: مکتبہ علمیہ بازار ... دہلی

اخبار سرفراز کا کانفرنس نمبر
...
مشتہرین کیلئے نادر موقع
... منیجر اخبار سرفراز لکھنؤ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۷۹۳

تارکا پتہ: الجمعیۃ دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۲۶۵

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنہ

الجمعیۃ دہلی

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر
ہلال احمد زبیری بی۔اے

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳
۱۶ ۲۰ ۲۴ ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ
ایک کالم
½ کالم
¼ کالم

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ مفت
فی پرچہ ایک آنہ

جلد ۱۳ | دہلی یوم جمعہ ۲۹ شوال المکرم ۱۳۴۹ھ ہجری مطابق ۲۰ مارچ ۱۹۳۱ء | نمبر ۱۹

معاصرین کے افکار و آراء

کانگریس اور جمعیۃ العلماء کی شاندار خدمات (نجات)

مہاتما گاندھی اور لارڈ ارون کی گفتگو کے مصالحت انجام کو پہنچی اور خدا کا شکر ہے کہ انجام بخیر ہے۔ یہ گفتگو کم وبیش پندرہ روز کے طویل عرصہ میں تقریباً چار ہیں گھنٹوں تک جاری رہی ...

[illegible]

مظالم فرانس کی المناک داستان

ستر اسّی ہزار حلقہ بگوشان اسلام کو عیسائی بنانے کے منصوبے

جمعیۃ علمائے ہند، جمعیۃ خلافت، اہلحدیث کانفرنس اور دار العلوم دیوبند سے اپیل

(گزشتہ سے پیوستہ)

ندائے عام

[illegible]

اخبار الجمعیۃ کے خریداروں کی انتہائی خوش نصیبی ہے

وہ بیش بہا انمول گوہر

پانچ ترجمے اور کامل احسن التفاسیر والا قرآن شریف ہے

صرف ۲۵۰ جلدیں مالک مطبع کے پاس رہ گئی تھیں

آج اخبار الجمعیۃ کا ہر وہ خریدار

دفتر الجمعیۃ نے بھی یہ تہیہ کر لیا ہے

کیا اب بھی الجمعیۃ کا کوئی خریدار اس نعمت سے محروم رہیگا؟

اعلیحضرت حضور نظام کا خاص اپنی تلاوت کیلئے منتخب کردہ اور بہت پسندیدہ قرآن شریف ہے

اس قرآن شریف میں حسب ذیل پانچ ترجمے ہیں

پہلا ترجمہ (فارسی) از حضرت مولانا شیخ مصلح الدین سعدی شیرازی علیہ الرحمۃ
دوسرا ترجمہ (اردو لفظی) حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ
تیسرا ترجمہ (اردو لفظی) از حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ
چوتھا ترجمہ (اردو با محاورہ) از حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ
پانچواں ترجمہ (اردو با محاورہ) از حضرت مولانا شاہ اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ

سب سے بڑی خوبی یہ ہے

دیگر خصوصیات

اس کلام پاک کے متعلق علماء کرام کی سینکڑوں تصدیقوں میں سے چند کا خلاصہ

حضرت مولانا محمد انور شاہ صاحب کشمیری مدرس دار العلوم دیوبند کی فارسی تقریظ کے ترجمہ کا اختصار

عالم با عمل فاضل اجل جناب مفتی مولوی حاجی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ العلماء ہند دہلی

فخر دہلی اسد الاسلام حضرت مولانا الحاج مولوی احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ العلماء ہند دہلی

حضرت مولانا عبد الحلیم صاحب صدیقی پروفیسر ادبیات دار العلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ و سابق ناظم جمعیۃ علماء ہند

ملنے کا پتہ: منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

مشہور عالم زود اثر تازہ طبی ایجاد

آپریشن یا نشتر کی زحمت نہ اٹھایئے

فوطہ یعنی ہیضہ بڑھجانے اور آنت اتر آنے کی اکسیر دوا

ہمدرد دواخانہ متھرا (یوپی)

ترنجی قلم کمپنی نئی سڑک نمبر ۳۲ دہلی



عورت طاقت مرد کو زیادہ پسند کرتی ہے

ایک مشہور و معروف حکیم لکھتا ہے

میں نے نظام اعصاب کی کمزوری اور نامردی کے لئے یہ دوا ایک مریض کو استعمال کے بعد مریض کی طاقت بڑھنی شروع ہوگئی اور اسکی زندگی پر لطف ہوگئی۔

اگر آپ آئندہ طاقت ور بننا چاہتے ہیں اور قسمت بہتر بنانا چاہتے ہیں تو آج سے سناٹوجن کا استعمال شروع کردیجئے جو کہ طاقت بڑھانے میں مشہور عالم غذا ہے

SANATOGEN

اصلی مقوی غذا

ہر دوا فروش اور بازار سے دستیاب ہو سکتی ہے

دوران ساخت میں ہاتھ نہیں لگایا گیا

تصویردار پوسٹ کارڈ

اگر آپ عاشق و معشوق کے حسن و محبت کی دلچسپ تصویریں ... دیکھنا چاہیں تو ہمارے یہاں سے ... پوسٹ کارڈوں کا ایک سٹ منگا کر ملاحظہ فرمائیے ...

پتہ: ایس۔ اے۔ جی اینڈ مظفر نگر

تیس فی صدی منافعہ سالانہ

... برنس ہوم لمیٹیڈ فورٹ بمبئی

بے کاروں کے لئے سنہری موقع

گورنمنٹ آف انڈیا سے تمام ہندوستان کیلئے رجسٹری شدہ ہندوستان میں اس سے بہتر کوئی اور کالج نہیں ہے۔ اس کالج کا پاس شدہ طالب علم تمام انڈیا میں کام کرسکتا ہے کالج ہذا میں موٹر ڈرائیوری اور فٹری کا کام دو ماہ کے اندر اردو انگریزی پنجابی بنگالی پشتو اڑیہ زبانوں میں صرف پچاس روپے فیس لے کر سکھائی جاتی ہے اور غریب آدمی کیساتھ خاص رعایت بھی کیجاتی ہے پردیسی طلباء کیلئے رہائش کا بھی اعلیٰ انتظام ہے مفصل حالات معلوم کرنیکے لئے پراسپکٹس مفت طلب کیجئے

دی کیپٹل پریکٹیکل موٹر ٹریننگ کالج
بازار چتلی قبر متصل جامع مسجد۔ دہلی

تازہ تصدیقات

چار شادیوں کا لطف

تازہ تصدیقات

مراد آباد میں ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی تقریر
عارضی صلح اور تحفظ حقوق مسلمین پر اظہار خیال

(گزشتہ سے پیوستہ)

ہندو مسلم حقوق کا تصفیہ

حضرت! اس وقت جو چیز ہمارے پیش نظر ہے وہ ہندو مسلم معاملات کا تصفیہ ہے حقوق کا جہاں تک تعلق ہے اُس سے کسی سانی وطن کو اختلاف نہیں ہے۔ موجودہ حالات ہندوستان کی اس قابل ہیں ہے کہ کسی متحدہ محاذ کا ادعاء کیا جاسکے اور جب تک متحدہ محاذ قائم نہ ہو اس وقت تک یہ ضروری ہے کہ ہر اقلیت کو اس کے حقوق کی جانب سے مطمئن کیا جائے۔ جوں جوں ہمارا ملک ترقی کرتا جائے گا،

…

کرنے سے پورپین کے دبنے کو تیار ہو جائیں، غضب خدا کا ان کمبختوں کا کوئی ایمان ہے لیکن خدا کی شان کہ آج دنیا کے نزدیک یہ مسلمانوں کے خیرخواہ مسلم حقوق کے محافظ اور پختہ ایمان دار اور ہم مسلمانوں کے دشمن، ملت فروش، ایمان فروش اور خدا جانے کیا کیا۔

ہم اگر کہیں کہ پنجاب میں ریزرویشن چھوڑ دو تاکہ کبھی بدنصیب مسلمانوں کو یہ موقع مل سکے …

…

تھانہ بھون اور دہلی
کے
فتاویٰ کا مدلل جواب

(از حضرت مولانا مولوی عبدالصمد صاحب رحمانی مونگیری نائب ناظم جمعیۃ علمائے ہند)

(۶)

دوسری آیت

دوسری آیت میں شرکت مشرکین کی حرمت پر "ان تطیعوا" سے استدلال کیا گیا ہے اور اس کا ترجمہ "اگر تم نے کافروں کا کہا مان لیا" کیا گیا ہے۔ گویا فاضل مجیب کے نزدیک اس آیت سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ کافروں کا کہا ماننا حرام ہے۔ اور شرکت کانگریس …

ان یدخلہا من قابل ویقیم بہا ثلثۃ ایام۔ ولا یدخلہا الا بجلبان السلاح والسیف والقوس ونحوہا متفق علیہ

وہ لوگ اس سال واپس نہیں کرینگے۔ (۲) اگلے سال خانہ کعبہ آئیں گے اور تین دن قیام فرمائیں گے۔ (۳) اور جس وقت وہ مکہ میں داخل ہونگے ان کے اسلحہ اور تلوار وغیرہ …

…

جمعیۃ علماء کے خلاف مقدمہ کا فیصلہ
خالد حمیدی کا حلفیہ بیان

الجمعیۃ کے ناظرین کو معلوم ہے کہ حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب اور حضرت مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب اور حضرت مولانا احمد سعید صاحب کے خلاف مامون الرشید، رونق حسین نواب مرزا، خالد حمیدی چار اشخاص کی جانب سے حساب فہمی کا دعویٰ کیا گیا تھا اور ساتھ ہی ایک درخواست بھی دی گئی تھی کہ تا انفصال مقدمہ مدعا علیہم کے خلاف ایک حکم امتناعی نکال دیا جائے کہ وہ جمعیۃ علماء اور اس کی تمام شاخوں کا کام بند کر دیں۔

…

نقل فیصلہ

بیان خالد حمیدی باقرار صالح

تتمہ بیان خالد حمیدی باقرار صالح

حکم عدالت

دستخط سب جج صاحب بہادر۔

ہم مطلقاً ضرورت نہیں سمجھتے کہ اس بیان اور فیصلے پر اپنی طرف سے ایک جملہ بھی لکھیں۔ واللہ المستعان۔ افوض امری الی اللہ ان اللہ بصیر بالعباد۔

مسلمانان ہند کے قومی و مذہبی تحفظ کی ضرورت
خریداران الجمعیۃ کی خدمت میں ضروری گزارش

(از حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند)

آپ حضرات کو معلوم ہے کہ موجودہ سیاسی دور میں مسلمانوں کو اپنے حقوق ملیہ و سیاسیہ کی حفاظت اور اپنی آواز کو مستحکم و قوی تر بنانے کیلئے اخبار کی کس قدر ضرورت ہے۔ …

سہ روزہ ایڈیشن

جس ضرورت کا میں نے سطور مذکورہ بالا میں اظہار کیا ہے اس پر غور کرتے ہوئے کوئی سمجھدار شخص اس امر سے انکار نہیں کرسکتا کہ اخبار الجمعیۃ کا روزانہ ہو جانا نہایت ضروری تھا …

…

یہ انتظار بھی گھٹتا بڑھتا رہتا ہے لیکن اس حقیقت سے انکار نہیں ہو سکتا کہ ضرور خاصی تعداد ملک میں ایسے مسلمانوں کی موجود ہے جو روزنامے حالات و کوائف معلوم …

…

جمعیۃ علمائے ہند کا سالانہ اجلاس کراچی
حضرت ناظم جمعیۃ کا اعلان

جمعیۃ علماء ہند کا دسواں سالانہ اجلاس امسال کراچی میں حضرت مولانا ابوالکلام آزاد کی زیر صدارت ۳۱ مارچ، یکم اور ۲ اپریل کو منعقد ہوگا۔ معاملات کی اہمیت اور حالات کی نزاکت کو مدنظر رکھتے ہوئے میں مسلمانوں سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ اس اجلاس کو نہ صرف کامیاب بنانے میں پوری سعی کریں بلکہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں۔ … سندھی مسلمانوں کی عام اصلاح … اور جمعیۃ علماء ہند کے فیصلوں کو مسلمانوں کی رائے عامہ سے تقویت حاصل ہوگی۔ … قیام و طعام کی ذمہ دار نہ ہوگی۔

مراد آباد میں ناظم جمعیۃ علماء ہند کی تقریر

(بسلسلہ صفحہ ۲ کالم ۳)

میرے بھائیو! جس طرح جمعیۃ علماء ہند کی قربانیاں اس جنگ میں کافی ہیں اسی طرح خدا کا شکر ہے روپیہ پیسہ کے معاملے میں بھی میں لنگڑا نہیں ہوں۔ آج میری آنکھیں ہندوؤں سے شرمندہ نہیں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ میں مسلم حقوق کے معاملے میں پوری قوت کے ساتھ کام کرنے کو تیار ہوں …

…

اقلیت کا تحفظ

حقوق کی بحث

ایڈیشن

…

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

۲۰ مارچ سنہ ۱۹۳۱ء

مسلمانوں کا سواد اعظم کیا چاہتا ہے

اتحاد و اتفاق یا افتراق و انشقاق؟

خلق از دست غیر نالہ کند
سعدی از دست خویشتن فریاد

[illegible]

سعی مصالحت کی مخالفت

[illegible]

"انقلاب" کی تحریریں

[illegible]

اور مصالحت و مفاہمت کی قابل قدر مساعی کو خاک میں ملانے کی نیت سے مسلمانوں کے پست خیال طبقہ میں اس طرح پروپگنڈا کیا ہے:-

"مسلم لیگ کے سکرٹری صاحب مولوی محمد یعقوب سے بعض اراکین نے جواب طلب کیا کہ انہوں نے کونسل کی اجازت کے بغیر گزشتہ اجلاس کے موقع پر گاندھی جی اور دیگر کانگریسی لیڈروں کو کیوں دعوت شرکت دی تھی اور اراکین مجلس شوریٰ اس پر بھی برہم ہوئے کہ مولوی محمد یعقوب صاحب نے اسی مجلس مشاورۃ میں مفتی کفایت اللہ صاحب اور مولوی احمد سعید صاحب کو کیوں بلایا ہے۔"

اور خدا جانے اسی قسم کی کیا کیا لغو باتیں لکھی ہیں۔ ہندو مسلم مفاہمت کے متعلق بھی اس اخبار نے انقلاب کی طرح شبہات پیدا کرانے کی کوشش ان الفاظ میں کی ہے کہ:-

"خدا کرے ہمارا خیال غلط ہو لیکن ہماری اطلاعات غلط نہیں اور اسلئے ہمیں شبہ ہے کہ مہاسبھائی لیڈروں نے گاندھی جی کو محض اس لئے بلایا ہے کہ وہ مسئلہ اصول مفاہمت سے جس کی تصریح گاندھی جی کر چکے ہیں انہیں واپس لانے کی سعی کریں۔"

(باقی آئندہ)

کراچی میں علماء و زعماء کا اہم اجتماع

جمعیۃ علماء ہند کا دسواں سالانہ اجلاس کراچی کے متعلق ہم حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کا ایک اعلان آج بھی کی اشاعت میں کسی دوسری جگہ شائع کر رہے ہیں [illegible] اجلاس کا انعقاد ہو رہا ہے۔ مجلس استقبالیہ کے دفتر سے ہمارے پاس جو جدید اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانان کراچی نے اس اجلاس کو پوری شان و شوکت کے ساتھ منعقد کرنے کا عزم بالجزم کر لیا ہے اور وہ نہایت سرعت کے ساتھ تمام انتظامات کو مکمل کر رہے ہیں۔ ہندوستان کے تمام سربرآوردہ مسلم زعماء اور علماء کی خدمت میں دعوت نامے بھیجے جا چکے ہیں اور توقع ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ کراچی کا یہ اجتماع اپنی اہمیت اور کثرت کے اعتبار سے ایک بے نظیر اور قابل یادگار اجتماع ہوگا۔ اور اس میں وقت کے اہم مسائل پر جو غور و خوض کیا جائے گا وہ مسلمانوں کے مستقبل پر بہت زیادہ اثر انداز ہوگا۔ ان مسائل کی اہمیت کو پیش نظر رکھتے ہوئے امسال اس کا التزام کیا گیا ہے کہ ہر خیال اور ہر طبقہ کے مسلمان اس اجلاس میں شریک ہو کر قوم کی فلاح و بہبود کے متعلق مفید تجاویز پر غور کریں۔ [illegible] ہم مسلمانان ہند سے پر زور اپیل کرتے ہیں کہ وہ جمعیۃ علماء ہند کے اس اجلاس کو کامیاب بنانے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کریں۔

سیاسی قیدیوں کی رہائی

جس طرح تحریک سول نافرمانی کے دوران میں روزانہ ہر طرف سے گرفتاریوں اور سزایابیوں کی خبریں موصول ہوتی رہتی تھیں اسی طرح اب گاندھی جی و وائسرائے کے سمجھوتہ کے بعد ہر روز صد ہا رہائیوں کے متعلق اطلاعات آ رہی ہیں۔ اب تک ہزارہا سیاسی قیدی مختلف مقامات سے رہا ہو چکے ہیں اور سینکڑوں کی رہائی عنقریب ہونے والی ہے۔ [illegible]

ایک محب وطن تعلقہ دار کے مصائب

لکھنؤ کی سیاسی جماعتوں میں الم و اضطراب

لکھنؤ ۱۷ مارچ۔ سیاسی حلقوں میں اس خبر سے اضطراب پھیلا ہوا ہے کہ راجہ کالا کنکر کی مالگزاری کی خریف قسط کے جزوی حصہ کی عدم ادائیگی کی وجہ سے ان کی جائداد قرق ہونے والی ہے۔ [illegible]

کراچی میں نوجوان سبھا کے اجلاس کی تیاریاں

کراچی ۱۶ مارچ۔ آل انڈیا نوجوان بھارت سبھا کانفرنس کی استقبالیہ کمیٹی کے آج کے جلسے میں [illegible] کو جنرل سکرٹری انتخاب کیا گیا ہے۔ [illegible] نوجوان ہے۔

یوگوسلافیہ میں روسی مال کی درآمد بند

بلغراد۔ حکومت یوگوسلافیہ نے روسی مصنوعات کی درآمد بنا پر بند کر دی ہے کہ سوویٹ روس کی درآمد سے دیہات کی بعض صنعتوں کے تباہ ہو جانے کا خطرہ ہے۔

بمبئی میں کھدر کا بے پایاں سفید سمندر

گاندھی جی کی تقریر سننے کے لئے اہالیان بمبئی کا اجتماع

کانگریس کمیٹی (ورکنگ کمیٹی) نے کیوں صلح منظور کی

بمبئی ۱۷ مارچ۔ آج شام ایسپلینیڈ کے میدان میں جوش اور عقیدت کا عدیم النظیر مظاہرہ تھا۔ انسانوں کا ایک سمندر تھا جو کھدر کی ٹوپیاں پہنے ہوئے دہلی کے سمجھوتہ کی کیفیت گاندھی جی کی زبان سے تذکرہ سننے کے لئے امڈا چلا آتا تھا۔ انتظامات جلسہ نہایت وسیع پیمانہ پر کئے گئے تھے۔ کثیر تعداد میں لاؤڈ اسپیکر لگائے گئے تھے تاکہ ہجوم میں اضطراب نہ پیدا ہو۔ کئی ہزار عورتیں جلسہ گاہ کے ایک حصہ میں بٹھلائی گئی تھیں۔ باقی حصہ میں عامۃ الناس کا ایک بے پایاں سیلاب ہر سمت کو بڑھتا چلا جاتا تھا۔

چھ بجے گاندھی جی و ولبھ بھائی پٹیل و جواہر لال نہرو کی معیت میں جلسہ گاہ میں تشریف لائے۔ جواہر لال صدر جلسہ تجویز ہوئے۔ مسٹر پٹیل اور دیگر کانگریسی ارکان ڈائس پر رہے۔

گاندھی جی نے فرمایا کہ گزشتہ بارہ مہینوں کے دوران میں کس کو اس طرح قیام امن کا خیال تھا۔ لیکن مجھے ستیہ گرہی کی حیثیت سے ہم پر یہ لازم تھا کہ جنگ کی طرح امن کے لئے بھی تیار رہیں۔ کانگریس کی مجلس عاملہ کے سامنے عارضی صلح کا یہ موقعہ آیا تو اس نے اس سے فائدہ اٹھایا۔ شرائط صلح میں ایسی کوئی چیز نہیں ہے جو ہماری ندامت کا باعث بنے۔ [illegible] حیثیت سے وہ سب فشا ترائط عائد کرنے پر قادر ہوں تو حریف سے کوئی غیر معقول اور خلاف انصاف مطالبہ نہ کر سکیں۔ یہی ایک جذبہ تھا جس کے زیر اثر مجلس عاملہ اور میں نے عارضی صلح منظور کر لی۔

ختم تقریر پر آپ نے بدیشی پارچہ کے مقاطعہ، کھدر پوشی، ہندو مسلم اتحاد اور ازالہ چھوت پر زور دیا۔

مالکان ملس اور تاجران بدیشی پارچہ کی کانفرنس

نقصانات کی تلافی کیلئے گاندھی جی کی اسکیم

[illegible] گاندھی جی نے مالکان ملس سے [illegible] تاجران بدیشی پارچہ کے سامنے ان کے نقصانات کی تلافی اور امداد کے لئے اپنی مفصل اسکیم پیش کی۔ [illegible] ابھی ختم نہیں ہوئی ہے۔ [illegible] مالکان ملس بھی شریک جلسہ ہوں گے۔

مولانا شوکت علی سے ملاقات

آج صبح مولانا شوکت علی گاندھی جی سے ملنے آئے اور ایک گھنٹہ تک گفتگو رہی۔ ان کے بعد مولانا نے جواہر لال نہرو سے گفتگو کی۔ اس گفتگو کے بعد گاندھی جی، پٹیل اور جواہر لال نہرو خلافت کمیٹی کے دفتر میں گئے۔ دونوں موقعوں پر ہندو مسلم اتحاد کے مسئلہ پر ہی گفتگو ہوتی رہی۔

مجلس مقننہ بنگال میں مطالبات

منشیات کا قطعی انسداد ناممکن ہے

کلکتہ ۱۷ مارچ۔ مجلس مقننہ بنگال میں آج شام مالگزاری کے مطالبہ اکتالیس لاکھ گیارہ ہزار روپیہ برائے شماری بھی جنا یک وہ بغیر کسی تخفیف کے منظور ہو گیا۔

رائے شماری سے پیشتر راجہ ناشی پور کی طرف سے برائے نام تخفیف کی ایک تجویز تھی جس کا یہ مطلب تھا کہ تعلقداروں کی امداد کی جائے مگر سر پی سی مترممبر مالگزاری نے اعلان کیا کہ اقتصادی مشکلات کو ملحوظ رکھ کر اگر آئندہ قسطیں بروقت موصول نہ ہوئیں تو حکومت برائے نام جرمانہ کا اضافہ کر دیگی مجلس میں اس پر اظہار مسرت کیا گیا۔

[illegible] منشیات کے سد باب کرنے میں ہمیشہ مشکلات لاحق ہوتی ہیں۔ چنانچہ امریکہ یا جاپان میں جہاں اس طرح تجربہ کیا گیا ہے وہاں کامیابی نہیں ہوئی۔ یورپین ارکان مجلس نے ممبر کی تقریر پر بہت داد دی۔

میمن سنگھ میں لٹیروں اور پولیس میں فساد

دو پولیس افسر مجروح۔ آٹھ گرفتاریاں

میمن سنگھ ۱۶ مارچ۔ شہر سے ۵ میل فاصلہ پر دریائے برہم پترا میں دیہاتیوں نے چند کشتیاں لوٹ لیں۔ پولیس کے مزاحمت کرنے پر ان لوگوں نے دو سب انسپکٹروں اور ایک کانسٹبل کو حملہ کر کے مجروح کر دیا۔ آٹھ گرفتاریاں ہوئیں جن میں دو عورتیں بھی ہیں۔

ٹیٹاگڑھ اور خردہ کے مزدوروں کا مطالبہ

دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ

کلکتہ ۱۶ مارچ۔ ضلع ۲۴ پرگنہ میں ٹیٹاگڑھ اور خردہ کے کارخانہ جات سن کے مزدوروں نے آخری وقت کو بھی مزدوری لینے سے انکار کر دیا۔ دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ کر دیا گیا ہے۔

خریداران الجمعیۃ کو چاہئے کہ خط و کتابت کے وقت اپنے نمبر خریداری کا حوالہ ضرور دیا کریں۔ (مینیجر)

گاندھی جی کی بمبئی میں مصروفیت

مختلف جلسوں میں تقریریں

شرائط صلح پر عمل کرنے کی تاکید

بمبئی ۱۸ مارچ۔ اگرچہ پیر کا دن گاندھی جی کی خاموشی کا دن ہوتا ہے لیکن آج بھی آپ بہت مصروف رہے۔ رات کو آپ نے دو جلسوں میں تقریریں کیں اور اس کے بعد دہلی سمجھوتہ کی شرائط کے عنوان کی تشریح کرنے کے لئے ایک کانفرنس منعقد کی۔ پھر سبھاش چندر بوس نے گاندھی جی سے ملاقات کی اس کے بعد وہ کلکتہ اپنے دوستوں سے مشورہ کرنے کے لئے روانہ ہو جائیں گے۔ گاندھی جی کا آج کا دن بھی بہت مصروفیت میں گذرے گا۔ آج کے پروگرام کی ابتداء آپ نے والنٹیروں اور دیش سیوکوں کے ساتھ بے قاعدہ طور پر گفتگو سے کی۔ رضاکاروں سے مخاطب ہو کر آپ نے فرمایا کہ دہلی میں جو کچھ سمجھوتہ ہوا ہے اس کی شرائط کی سختی سے پابندی کرنا ہر دو فریق پر فرض ہے۔ مجھے مختلف مقامات سے اطلاعات موصول ہوئی ہیں کہ بہت سے سیاسی قیدی رہا نہیں کئے گئے۔ لیکن آپ کو صبر سے کام لینا چاہئے کیونکہ میں انہیں جلد از جلد رہا کرانے کی کوشش میں مصروف ہوں۔ تاخیر کا باعث یہ ہے کہ ہر کام مرکزی گورنمنٹ کے ہاتھ میں نہیں ہے اور اس لئے مقامی حکومتوں سے گفت و شنید میں عرصہ لگتا ہے۔ آپ نے پھر یقین دلایا کہ میں ان کی فوری رہائی کی کوشش میں ہوں۔ [illegible] اختتام پر آپ نے فرمایا کہ وہ اپنے اقوال و افعال اور خیالات میں بالکل اصول عدم تشدد میں تین باتوں کا لحاظ رکھیں۔ آج تمام دن آپ دیش سیوکوں، مقامی کارکنوں اور مختلف انجمنوں، غیر ملکی کپڑے کے تاجروں اور مالکان ملز سے ملاقات کریں گے اور آزاد میدان میں ایک جلسہ عام میں تقریر ہوگی۔ تاجران بدیشی پارچہ اور مالکان ملز آپ سے موجودہ کپڑے کے سٹاک کی فروخت کے سلسلہ میں ملاقات کریں گے۔ (اے پ)

صوبہ متحدہ کی مجلس مقننہ میں مسئلہ لگان

زمینداروں اور کسانوں کی پریشانیاں

۱۷ مارچ۔ صوبہ متحدہ کی کونسل میں زمین کے لگان کے عنوان کے تحت آج ۸۰۰،۷۳،۷۹ روپے کا مطالبہ پیش ہوا۔ اس پر تحریک پیش کی گئی کہ لگان کی رقم میں خاطر خواہ کمی کے ساتھ معافی دی جائے تاکہ زمیندار اور کسان پریشانیوں کی وجہ سے جس مصیبت میں گرفتار ہو گئے ہیں اس سے انہیں نجات مل جائے۔ [illegible] تمام صوبہ میں کسان اور زمیندار نہایت سخت مصیبت میں مبتلا ہیں اور ان کا گذارہ کرنا مشکل ہو رہا ہے۔ مسٹر اسمتھ سکریٹری ریونیو نے جواب میں کہا کہ گورنمنٹ نے فصل خریف کا [illegible] لاکھ روپیہ کا لگان نہری لگان کا ۶ لاکھ اور تقاوی کا ۹ لاکھ روپیہ معاف کر دیا۔ یہ مدد ان علاقوں میں دی گئی تھی جہاں مصیبت بوجہ بیت چیزوں کی قیمتیں گرنے کے علاوہ تھی۔ گورنمنٹ موجودہ حالت کو نہایت تشویش کی نگاہ سے دیکھ رہی تھی۔ [illegible] جب تک کہ فصل ربیع نہ بکے گورنمنٹ کو اس وقت اس کی کوئی توقع نہیں کہ گزشتہ خریف فصل لگان معاف کیا جائے۔ لیکن زمینداروں کو موقعہ دیا جائے گا کہ وہ آسانی سے لگان ادا کر سکیں۔ اب چونکہ سول نافرمانی بند ہو گئی ہے اس لئے امید ہے کہ ادائیگی لگان کی راہ میں کوئی رکاوٹ باقی نہ رہے گی۔ مسٹر ظہور احمد نے صوبہ متحدہ کی کانگریس کمیٹی کے اس ریزولیوشن کا ذکر کیا جس میں معافی لگان کی درخواست کی گئی ہے اور کہا کہ اس کے بعد سینکڑوں چھوٹے چھوٹے جلسوں میں بھی اس کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ یہ کوئی پولیٹیکل پروپیگنڈا نہیں ہے بلکہ یہ ایک حقیقت ہے کہ کسانوں کے پاس لگان ادا کرنے کے لئے روپیہ نہیں ہے۔ جہاں کہیں زمیندار روپیہ وصول کرنے گئے ان کی جانیں خطرے میں تھیں۔

مسٹر جے سی اسمتھ ممبر مالیات نے کہا کہ گورنمنٹ لگان کے روپیہ کو ضائع نہیں کر سکتی اور نہ تمام سنیوں میں روپیہ معاف نہ کرے گی۔ حکومت نے افسران ضلع سے رپورٹیں طلب کی ہیں ان کے موصول ہونے پر غور کیا جائے گا۔ کسی فوری کارروائی کے معنی غیر ذمہ دارانہ حرکت ہوگی جو روپیہ کی بربادی کا باعث ہوگی۔

مسٹر چنتامنی نے تحریک کی تائید میں کہا کہ حالت نہایت نازک ہے۔ کانگریس کمیٹی نے جو دیہات کے حالات سے بخوبی واقف ہے دہلی کے سمجھوتہ کے ایام میں اس قرارداد کو جس کو ظہور احمد پیش کر رہے ہیں منظور کیا تھا۔ جزوی تخفیف کی تحریک منظور ہو گئی۔ (اے پ)

اقلیتوں کا تحفظ ضروری ہے

ایک سرحدی سردار کا گاندھی جی کو تار

ڈیرہ اسمٰعیل خان کے نواب نے جو کہ آج کل لندن میں ہیں گاندھی جی کو تار دیا ہے کہ آپ اقلیتوں کے ساتھ انصاف اور رعایت کریں۔ آپ نے لکھا ہے کہ اقلیتیں بذریعہ برطانوی حکومت سے اتنی خائف نہیں ہیں جتنا کہ ہندو اکثریت سے۔ کوئی کانفرنس یا دستور حکومت بے سود ہے جب تک کہ ہندو مسلم حقوق کا تصفیہ نہ کیا جائے۔ آپ گاندھی جی سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ اس معاملہ میں وائسرائے سے مل کر کوئی حل تلاش کریں اور اس طرح موجودہ مشکلات کا ازالہ کریں۔

اوڈی پی کی لٹھ بازی پر مدراس کونسل میں سوال

ہوم ممبر کا جواب

مدراس ۱۷ مارچ۔ سر محمد عثمان ہوم ممبر نے مدراس کونسل میں ۶ جنوری کو اوڈی پی میں لاٹھیوں سے حملہ کے متعلق سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ ہمیں گذشتہ واقعات کو دل سے محو کر دینا چاہئے۔ آپ نے یہ بھی کہا کہ یہ بہتر ہوگا کہ ہم جدید دستور حکومت کے متعلق تعمیری کام پر اپنی توجہ مرکوز کر دیں۔

میرٹھ جیل سے ۴۰۰ سے زائد قیدیوں کی رہائی

شاندار استقبال اور جلوس کی تیاریاں

میرٹھ ۱۶ مارچ۔ میرٹھ میں سول نافرمانی کے سلسلہ میں کل ایک ہزار اشخاص کو سزائیں دی گئیں۔ ان میں سے چند صوبہ متحدہ کی دوسری جیلوں میں بھیجے گئے۔ قیدی رہا کرنے کے لئے بھیجے گئے چار سو سے زیادہ قیدی بریلی، گورکھپور، آگرہ، علیگڑھ، فیض آباد، ہردوئی، بنارس سے رہا کر دئے گئے ہیں اور بہت جلد میرٹھ پہنچنے والے ہیں۔ میرٹھ کانگریس کمیٹی ان کے استقبال کی تیاریاں کر رہی ہے۔ [illegible] میرٹھ جیل میں [illegible] نظام الدین، تجیبر سنگھ، شاستری اور تمام خواتین شامل ہیں۔

صوبہ سرحدی کے دو لیڈروں کی رہائی

پشاور ۱۷ مارچ۔ حبیب اللہ خاں وکیل اور ماسٹر کیول رام جو تیرہ کے مشہور کانگریسی لیڈر ہیں اور دفعہ ۱۲۴ الف کے تحت سزائے قید بھگت رہے تھے رہا کر دئے گئے۔ رہا ہونے پر دونوں اپنے گھروں کو تشریف لے گئے۔

دیگر سیاسی اسیروں کے مقدمات پر نظر ثانی میں بھی عجلت سے کام لیا جا رہا ہے تاکہ جلد رہا کر دئے جائیں۔

مولانا شاہد الہ آبادی رہا ہو گئے

الہ آباد ۱۶ مارچ۔ الہ آباد کے مشہور کارکن کانگریس مولانا شاہد ۱۳ مارچ کو بنارس سے رہا ہو کر ۱۵ مارچ کو اپنے گھر پہنچ گئے۔ اسٹیشن پر احباب اور کانگریسیوں نے شایان شان استقبال کر کے ایک جلوس کے ساتھ ان کے گھر پہنچا دیا۔

مسٹر اللہ بخش یوسفی کی رہائی

پشاور ۱۶ مارچ (دسنسر شدہ) مسٹر اللہ بخش یوسفی سکرٹری آل انڈیا خلافت کمیٹی کا مقدمہ واپس لے لیا گیا اور آج آپ کو رہا کر دیا گیا۔ آپ کے خلاف دفعہ ۱۲۴ الف کے ماتحت مقدمہ چل رہا تھا آپ پر "سرحدی مصیبت کی داستان" نامی ممنوعہ کتاب کے شائع کرنے کا الزام تھا۔ (اے پ)

ناگپور جیل سے ۱۸۰ قیدیوں کی رہائی

ناگپور ۱۷ مارچ۔ گاندھی ارون سمجھوتہ کے مطابق تحریک سول نافرمانی کے ۱۸۰ قیدی رہا کئے جا چکے ہیں۔ جو باقی ہیں ان کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ وہ تشدد کے مرتکب ہوئے ہیں صوبجات متوسط کی گورنمنٹ ان کے مقدمات کو تفصیل کے ساتھ دیکھ رہی ہے تاکہ مناسب احکامات جاری کئے جائیں۔

مشتبہ اشخاص کی رہائی

چٹاگانگ ۱۶ مارچ۔ ۷ اشخاص جو حراست میں لے لئے گئے تھے ہفتہ کی شام کو سب کے سب رہا کر دئے گئے۔

بنارس سے کانگریس اجلاس کے انعقاد کی دعوت

بنارس ۱۶ مارچ۔ ضلع کانگریس کمیٹی نے ایک قرارداد اس مطلب کی منظور کی ہے کہ صوبہ کانگریس کمیٹی آل انڈیا کانگریس کے اجلاس آئندہ بنارس میں منعقد کرنے کے لئے دعوت دے۔

سودیشی ڈائرکٹری تیار ہو گئی

سودیشی اشیاء کے کارخانوں کی ڈائرکٹری بمبئی سودیشی لیگ کے اہتمام میں تیار ہو گئی ہے۔ [illegible] صفحات کی ہے قیمت چار آنے ہے۔ مزید معلومات [illegible] آنریری سکرٹری بمبئی سودیشی لیگ بلوٹسکی لاج بلڈنگ [illegible] چوپاٹی بمبئی۔

اسسٹنٹ سب انسپکٹر سی آئی ڈی پر گولی کا نشانہ

حالت نازک ہے

چٹاگانگ ۱۶ مارچ (دسنسر شدہ) چٹاگانگ سے ۲۰ میل کے فاصلہ پر موضع پرانا میں مسٹر ساسنکا بھٹا چارجی اسسٹنٹ سب انسپکٹر مقامی سی آئی ڈی پر گولی چلائی گئی۔ دوسرے دن شام کو آپ کو یہاں لایا گیا اور ہسپتال میں داخل کر دیا گیا جہاں آپ کی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔ تفصیلات معلوم نہیں ہوئیں۔ (اے پ)

ہر فرقہ کے ساتھ انصاف ہونا چاہئے

بنارس کے ہندوؤں کا مطالبہ

بنارس ۱۷ مارچ۔ گاندھی جی کی اس تقریر نے جس میں آپ نے فرمایا کہ مسلمانوں کا جو مطالبہ بھی ہو میں منظور کر دوں یہاں بہت بے چینی پھیلا دی ہے۔ اگر گاندھی جی نے ہندو مہاسبھا کی تصدیق کے بغیر کوئی وعدہ کر لیا تو ہندو دوسروں پر اس کی پابندی لازمی نہ ہوگی۔ سمجھوتہ ایسا ہونا چاہئے کہ ہر فرقہ کو اس کے جائز حقوق مل جائیں اور کسی ایک کو دوسرے پر ترجیح نہ ہو۔

پنڈت مدن موہن مالویہ کی دہلی کو روانگی

ہندو مسلم حقوق کے تصفیہ کا عزم

بنارس ۱۸ مارچ۔ پنڈت مدن موہن مالویہ کل بذریعہ ایکسپریس ٹرین دہلی روانہ ہو گئے اور آج صبح وہاں پہنچ جائیں گے۔ اگرچہ گاندھی جی نے آپ کو ۸ مارچ کو دہلی آنے کی دعوت دی تھی۔ مگر آپ ۹ مارچ سے پہلے دہلی نہ پہنچ سکے۔ [illegible] مختلف والیان ریاست سے جو کہ وہاں جمع ہوں گے تصفیہ کے متعلق گفتگو کی جائے گی بعد ازاں آپ ہندو مسلم تصفیہ میں گاندھی جی کے ساتھ مل کر کام کریں گے اس کے بعد آپ سیدھے کراچی روانہ ہو جائیں گے۔ روانہ ہونے سے پہلے ایسوسی ایٹڈ پریس کے نمائندہ سے ملاقات کے دوران میں فرمایا کہ میں دہلی جا کر جس قدر میرے امکان میں ہے کوشش کروں گا کہ ہندو مسلم حقوق کے تصفیہ اور ہندو و ریاستوں کے معاملے طے کروں۔ مجھے قوی امید ہے کہ دونوں معاملات کے متعلق کوئی قابل اطمینان سمجھوتہ ہو جائیگا۔

مقدمہ سازش میرٹھ کے حالات

ملزمین کی درخواست ضمانت کا فیصلہ

میرٹھ ۱۷ مارچ۔ مقدمہ سازش میرٹھ کے ملزم مسٹر نمبکر اور مخچین نے جو درخواست ضمانت دی تھی اور جو کہ الہ آباد ہائی کورٹ میں پیش ہونے والی تھی۔ آج مسٹر جسٹس بانرجی نے حکم صادر کیا کہ استغاثہ حلفیہ مختصر بیان دے اور ایک ایسے گواہ کو پیش کرے جس نے نمبکر اور مخچین کے خلاف گواہی دی ہے۔ استغاثہ اس حلفیہ بیان کی ایک نقل ملزمین کو اور ایک نقل ہائی کورٹ میں پیش کرے اس کے بعد ملزمین اگر چاہیں یا خود یا کسی ایسے شخص کے توسل سے جو مقدمہ کے حالات سے واقف ہو اپنے حلفیہ بیان دیں۔ اور اس کے بعد ہائی کورٹ ضمانت کی درخواستوں پر مزید غور کرے گی۔ اس لئے یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ مقدمہ کی کارروائی آج یعنی ۱۶ مارچ کو پیش ہوگی بلکہ ان حلفیہ بیانات کے موصول ہونے کے بعد ہوگی کیونکہ دو سرکاری گواہوں مسٹر ابن وی ایتھی جو کہ مشرقی زبان کے مترجم کے دفتر میں ملازم ہے اور مسٹر ایس امبیانگر کے بیانات ختم ہو چکے ہیں اس لئے عدالت اب ملزمین کے بیانات سن رہی ہے۔

سکرٹری کانگریس کمیٹی کا اعلان

سردار ولبھ بھائی اور گاندھی جی کے پہنچنے کی تاریخ

کراچی ۱۷ مارچ۔ کانگریس کمیٹی کے سکرٹریوں نے اعلان کیا ہے کہ سردار ولبھ بھائی پٹیل صدر منتخب مع گاندھی جی ۲۴ مارچ کو روانہ ہو کر ۲۶ مارچ کو یہاں پہنچیں گے۔ آپ کو ایک جلوس کی صورت میں کراچی کے بڑے بڑے بازاروں سے گذار کر کیمپ تک پہنچایا جائیگا۔ (اے پ)

ایوان والیان ملک کی تجویز

گورنمنٹ برطانیہ کو ریاستوں میں محکمہ ہوائی کے قیام کا حق

نئی دہلی ۱۷ مارچ۔ ایوان والیان ملک نے آج ایک تجویز منظور کر لی جس کے مطابق گورنمنٹ برطانیہ کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ ریاستوں میں ہوائی محکموں کا انتظام کر سکے کیونکہ بین الاقوامی معاملہ ہونے کی وجہ سے گورنمنٹ کو ایسا ہی کا حق حاصل ہے۔ تجویز کے مطابق ریاستوں کو یہ حق حاصل ہے۔ تجویز کے مطابق ریاستوں کو یہ حق دیا گیا ہے کہ وہ محکمہ ہوائی کو برطانوی ہند کی سطح پر لانے کی کوشش کریں۔ اس ریزولیشن کے مطابق یہ بھی حق حاصل ہوگا کہ وہ ہوائی اڈوں کے اترنے کے مقامات تعمیر کریں اور محکمہ ہوائی کو جو ٹیکس وہ دے سکیں سوائے خاص خاص حالات کے ریاستوں کو محکمہ ہوائی کے متعلق مالی اور قومی حقوق حاصل ہوں گے۔ (اے پ)

کھجوری میدان سے فوج کی واپسی

نئی دہلی ۱۸ مارچ۔ معلوم ہوا ہے کہ سرحد پر کھجوری کا خاطیل میدان سے راولپنڈی برگیڈ اٹھا لیا گیا ہے۔ اب جو دستے یہاں مقیم ہیں ان میں صرف ایک برگیڈ مع توپخانہ کے شامل ہے۔

مہاراجہ جے پور کی رسم تاجپوشی

حکومت کے تمام اختیارات دے دئے گئے

جے پور ۱۴ مارچ۔ ہز ایکسلنسی وائسرائے نے آج دربار میں جو دیوان خانہ میں منعقد ہوا حاضرین کی ایک تعداد کثیر کے روبرو ہز ہائی نس کو اختیارات کی عطا فرمائے۔ ہز ایکسلنسی نے گذشتہ نابالغی کے سالہا عہد حکومت کے انتظامات کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ اس موقعہ میں بہت کچھ قابل قدر ترقی ہوئی اور خود ہز ہائی نس کو انتظام سلطنت میں تجربہ حاصل ہو گیا۔ لارڈ ارون نے نوجوان مہاراجہ کو نصیحت کی کہ وہ ہر شخص کے ساتھ بغیر کسی امتیاز کے انصاف کریں۔ پبلک کے مفاد کو مدنظر رکھیں اور اپنی رعایا کے دل کو ہاتھ میں لینے کی کوشش کریں۔ ہز ہائی نس نے جواب میں زمانہ مغلوبیت کے انتظام کا شکریہ ادا کیا اور فرمایا کہ ہز ایکسلنسی کے مشورہ اور بہت افزائی کا نہایت مشکور ہوں۔ دربار کی خوشی میں چند محصولات کی معافی کا اعلان کیا گیا۔

وائسرائے کو مہاراجہ کی طرف سے دعوت

شام کو رام باغ محل میں سرکاری دعوت دی گئی۔ مہاراجہ نے اس موقعہ پر بھی فرمایا کہ مجھے اس بات کا فخر حاصل ہے کہ میں اپنے اختیارات ایسے وائسرائے کے ہاتھ سے لے رہا ہوں جس کی حب الوطنی کے متعلق کوئی رائے کیوں نہ قائم کی جائے اسکا نام تاریخ ہندوستان میں ہندوستان کے سچے اور پکے دوستوں کے زمرہ میں جائیگا۔

وفاقی طرز حکومت کا دستور

لارڈ ارون نے فیڈرل طرز حکومت کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ وفاقی دستور تیار کرنے کے لئے بڑے عقل و ہوشیاری کی ضرورت ہے اور اس میں والیان ریاست کو جو کچھ حصہ لینا چاہئے تدبر اور ہوشیاری سے لینا چاہئے گو وہی سپرٹ جو کہ گاندھی جی نے دوران گفتگو میں ظاہر کی ترتیب دستور کے وقت جو آئندہ بحث ہوگی اس میں بھی اسی سپرٹ سے کام لیا گیا تو یہ کوئی مشکل کام نہیں کہ ہندوستان اور برطانیہ کے درمیان ایک بہتر سمجھوتہ ہو جائے۔ دوران گفتگو میں جو کچھ گاندھی جی نے کہا ہے مجھے پورا بھروسہ ہے کہ وہ اس پر سختی سے عمل پیرا ہوں گے۔ میرا معاملہ تو میرے خیال میں اگر دونوں ملکوں میں باعزت صلح کا امکان ہو تو جو کچھ میرے قبضہ قدرت میں ہے اس کے کرنے سے دریغ نہیں کروں گا۔ میں یہ دیکھ کر نہایت خوش ہوں کہ اس سمجھوتہ پر ہر طبقہ و فرقہ نے اظہار اطمینان کیا ہے۔

وائسرائے کے عہد حکومت کی مستقل یادگار

والیان ریاست اور دیگر زعماء کی تجویز

نئی دہلی ۱۸ مارچ۔ والیان ریاست اور شرفاء کی ایک عارضی کمیٹی اس غرض سے بنائی گئی ہے کہ لارڈ ارون کے عہد حکومت کی ایک مستقل یادگار قائم کی جائے۔ چندہ کی رقوم پانچ ہزار روپے تک محدود رہے گی۔ کمیٹی حسب ذیل اشخاص پر مشتمل ہے۔ مہاراجہ بیکانیر، نواب صاحب بھوپال، نواب صاحب ڈھاکہ، راجہ عظیم گنج، دیوان بہادر رنگا چاریہ، سر اید ورڈ بک، مسٹر کاسی، راؤ راجہ رگھونندن پرشاد سنگھ، مہاراجہ دربھنگہ، میاں شاہنواز، سر داسد یو، راجہ سر محمد مزمل اللہ خاں [illegible] اور مسٹر ایچ ایچ خزانچی آنریری سکرٹری۔

ایک عجیب و غریب بچہ کی پیدائش

دو سر، چار آنکھیں، دو ناکیں

نواکھالی ۱۸ مارچ۔ آج کے خلاف سکول نواکھالی کے ایک مدرس بابو کالی موہن شرما دھی کاری کے ہاں ایک عجیب و غریب بچہ پیدا ہوا۔ بچہ کے کندھے کا بالائی حصہ اور سر کا نچلا حصہ دو مختلف جسموں میں منقسم تھا دو سر تھے جو ایک دوسرے کے بالکل متوازی تھے۔ دو ناکیں، چار آنکھیں، چار کان، چار ہاتھ، چار ٹانگیں لیکن جن کندھے تھے وسطی حصہ ظاہر میں ایک ہی جسم تھا۔ جسم ہر لحاظ سے بالکل مکمل تھا اور معمولی جسم سے تقریباً دوگنا معلوم ہوتا تھا۔ ڈاکٹر طاہر رحمٰن گھوش جو کہ علاج کر رہے ہیں انہیں اس بات پر افسوس ہے کہ بابو کالی موہن نے محض جذبات سے متاثر ہو کر نہ بچہ کو رکھنے کی اجازت دی اور نہ اس کا فوٹو لینے دیا۔ ڈاکٹر صاحب کی رائے ہے کہ بچہ کا طبی معائنہ بہت فائدہ مند ہوتا کیونکہ ایسا عجیب و غریب بچہ اس سے پہلے کبھی نہیں سنا گیا۔ ماں کی حالت روبہ اصلاح ہے۔ (اے پ)

سوبھاش چندر بوس کی گاندھی جی سے ملاقات

بمبئی ۱۸ مارچ۔ مسٹر سوبھاش چندر بوس نے گاندھی جی سے ملاقات کی اور اب اپنے دوستوں سے مشورہ کرنے کے لئے وہ کلکتہ واپس جا رہے ہیں۔ (اے پ)

گنتور میں پبلک پر پولیس کا لاٹھیوں سے حملہ

مدراس کونسل میں سوالات

ہوم ممبر نے معافی مانگ لی

مدراس۔ ۱۲ مارچ۔ ہوم ممبر نے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے جس میں گاندھی ارون سمجھوتہ کے بعد پولیس کی لٹھ بازی اور ونکٹا پا جسن کی گرفتاری کے خلاف اظہار ناراضگی کیا گیا تھا کہا کہ لاٹھیاں مجمع کو منتشر کرنے کے لئے استعمال کی گئیں تھیں۔ اس طرح سے پبلک میں سے ... اشخاص کے اور پولیس کے سات کانسٹبلوں کے ضربات آئیں۔ ضلع کی میڈیکل افسر کی رپورٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ ضربات خفیف تھیں۔

ونکٹا پا جن کو ... مارچ کو گرفتار کیا گیا تھا ... تاریخ کو رہا کر دیا گیا تھا۔ کیونکہ گورنمنٹ کے احکامات موصول ہوئے کہ تمام قیدی جو دفعہ ۱۲۴ الف کے ماتحت جیل میں ہوں رہا کر دیے جائیں اور مقدمات واپس لے لئے جائیں ہوا ان قیدیوں کے جو تشدد کے مرتکب ہوئے ہوں۔ ہوم ممبر نے یہ بھی کہا کہ حکام ضلع کے نام احکامات صادر کر دیے گئے ہیں کہ وہ پبلک اور پولیس میں تصادم نہ ہونے دیں جب تک قیام امن کے سوال نہ پیدا ہوں۔

آخر میں آپ نے فرمایا کہ گورنمنٹ کے اس واقعہ پر سب سے زیادہ افسوس ہے۔

حضرت شیخ الہند مولانا حسین احمد صاحب کی ورنگی بیت اللہ

روانگی کے وقت مسلمانوں کو اتفاق و اتحاد کی تاکید

بمبئی ۱۵ مارچ۔ فارزی کمپنی کا مسرد ستان نامی جہاز حاجیوں کو لے کر بروز اتوار بتاریخ ۱۵ مارچ بوقت سات بجے شام بندرگاہ کراچی سے روانہ ہو گیا حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی اسی جہاز سے عازم بیت اللہ شریف ہوئے۔ مسلمان ہزار ہا کی تعداد میں قومی جھنڈے لیکر بندرگاہ پر آپ کو رخصت کرنے کے لئے جمع ہوئے ... تختہ جہاز پر سے ایک تقریر کی جس میں آپ نے مسلمانوں کو مشورہ دیا کہ وہ باہمی سیاسی اور مذہبی اختلافات کو بھول جائیں اور قوم و ملک کی فلاح و بہبود کے لئے متفق کوشش کریں۔ اس جہاز میں مسافروں کی کل تعداد ۵۹۵ تھی جن میں سے ... بمبئی اور ... کراچی سے سوار ہوئے تھے۔

مغل کمپنی کا جہانگیر نامی جہاز ... مارچ کو روانہ ہونے والا تھا حاجیوں کی تعداد میں زیادتی ہونے کی وجہ سے قبل از وقت روانہ ہو گا ... کے ٹکٹ تقسیم ہونے شروع ہو گئے۔ عازمین حج کو چاہئے کہ فوراً کراچی پہنچ جائیں دیگر معلومات حافظ شریف احمد صاحب ... کراچی سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

مسٹر آصف علی کی رہائی

اہل دہلی کی طرف سے خیر مقدم اور سپاسنامہ

دہلی ۱۶ مارچ۔ مسٹر آصف علی ... سے رہا ہو کر ... دہلی اسٹیشن پر کارکنان کانگریس اور رضا کاروں نے شاندار خیر مقدم کیا وہاں سے آپ کو ... جلوس میں لایا گیا جہاں آپ نے قومی جھنڈے کی سلامی کی رسم ادا کی۔

ادائیگی رسم کے موقعہ پر دہلی کی تمام ... انجمن طالبات ... کانگریس کے اراکین شریک تھے ... سے قومی جھنڈے کی سلامی کی۔ رسم سلامی کے بعد ... اہل دہلی کی طرف سے سپاسنامہ پیش کیا ... خدمات کا اعتراف کیا گیا تھا۔ اس کے بعد مسٹر آصف علی نے ایک تقریر کی۔

کانگریس فری ہسپتال بمبئی

پنڈت جواہر لال نہرو کا اظہار رائے

بمبئی ... مارچ۔ پنڈت جواہر لال نہرو کل کانگریس فری ہسپتال میں تشریف لائے اور آپ نے مندرجہ ذیل خیالات کا اظہار کیا۔

میں نے اس ہسپتال کی شہرت بمبئی کی ... میں بھی سنی تھی آج میں نے خود یہاں آیا ہوں اور اس جگہ کو دیکھتا ہوں جہاں کہ میرے بہت سے ... اور بہنوں کا علاج نہایت محبت آمیز طریقہ سے کیا جا رہا ہے جو کہ اپنے ملک کی خاطر جنگ کرتے ہوئے زخمی ہوئے ... مجھے اس میں کوئی اضافہ کرنا ممکن نہیں ... بہت شکر گزار ہونگا۔

کانگریس کمیٹی تامل نیڈو کا اجلاس

گاندھی ارون سمجھوتہ کا خیر مقدم

مدراس ... مارچ۔ تامل نیڈو کانگریس کمیٹی کا ایک جلسہ گذشتہ اتوار کے روز منعقد ہوا۔ گاندھی جی اور گورنمنٹ کے درمیان جو سمجھوتہ ہوا ہے اس پر اظہار پسندیدگی کیا گیا اور پبلک سے اپیل کی گئی کہ وہ عارضی صلح کی شرائط پر عمل کریں ... آل انڈیا کانگریس ورکنگ کمیٹی اور گاندھی جی نے ہدایت کی ہے تا کہ صلح کی گفت و شنید کا کامیاب انجام ہو۔

حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری رہا ہو گئے

کلکتہ کے عظیم الشان جلسہ میں تقریر

(از نامہ نگار خصوصی)

کلکتہ ۱۴ مارچ۔ حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری امیر شریعت پنجاب علی پور جیل سے رہا ہو گئے ہیں۔ ابھی آپ کلکتہ میں مقیم ہیں ہفتہ کی شام کو آپ ایک عظیم الشان جلسہ میں تقریر کریں گے۔

برما کے باشندے علیحدگی کے مخالف ہیں

اسمبلی میں مسٹر کیومنٹ کی تجویز منظور

نئی دہلی ۱۶ مارچ آج جب کہ مسٹر کیومنٹ نے برما کی علیحدگی کا سوال اٹھایا تو اسمبلی کے حلقوں میں اس سے دلچسپی کا اظہار کیا گیا۔ لیکن اس سے پہلے کہ اس پر بحث شروع ہو مسٹر جارج شسٹر اور مسٹر شنڈی نے دوسری تجاویز پیش کر دیں ... آپ نے فرمایا کہ برما گورنمنٹ کی سخت گیر پالیسی اور جبریہ قوانین کی وجہ سے صرف اسمبلی میں ایسی جگہ رہ جاتی ہے جہاں کہ برمائی اپنی رائے کا اظہار کر سکتا ہے ...

لنچ کے بعد کی کارروائی

...

کام نہیں لینا چاہئے

... مسٹر دوری نے علیحدگی کی پوری مخالفت کی آخر میں مسٹر منٹ کی تجویز پر رائے لی گئیں اور وہ بغیر اختلاف کے منظور ہو گئی۔

کانگریس کے اجلاس میں شامل ہونیوالوں کیلئے سہولت

بمبئی کانگریس کمیٹی نے اسٹیمر کا انتظام کیا ہے

بمبئی ۱۶ مارچ۔ بمبئی پراونشل کانگریس کمیٹی نے ان لوگوں کے لئے جو کانگریس کے اجلاس میں کراچی میں شریک ہونگے ایک اسٹیمر کا انتظام کیا ہے جو بمبئی سے کراچی تک سفر کرے گا۔ اور اگر ضرورت ہوئی تو اور اسٹیمر کا بھی انتظام کر دیا جائے گا ...

تین سرحدیوں کی رہائی

پشاور ۱۶ مارچ۔ ... قتل کے الزام میں ماخوذ تھے رہا کر دیا ... مارے گئے ...

گاندھی جی اور ولبھ بھائی پٹیل کی بمبئی میں تشریف آوری

بمبئی ۱۶ مارچ۔ گاندھی جی، ولبھ بھائی پٹیل اور مسٹر سبھاش چندر بوس آج بمبئی پہنچے ...

ہندوؤں اور اچھوتوں میں جنگ

بمبئی ۱۶ مارچ۔ ٹائمز آف انڈیا کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ ہندوؤں اور اچھوتوں میں پھر جنگ کا آغاز ہو گیا ہے۔ اچھوت امبیدکر کی سرکردگی میں ہندوؤں کے خلاف ستیہ گرہ کر رہے ہیں۔ دونوں طرف سے سنگ باری کی گئی لیکن پولیس نے ... ہندوؤں کے دروازوں پر کھڑی کر دی ہے۔ اچھوت ... گاندھی جی اور امبیدکر کی جے کے نعرے لگاتے رہے۔

ضرورت ہے

ایک لیڈر کی

جس میں

مولانا محمد علی مرحوم کی صفات ہوں

ایسے ناخداؤں کے بغیر قوم کی کشتیاں ساحل مقصود پر نہیں پہنچ سکتیں مسلمانوں کی قومیں اب بھی ایسے ... ان کو تربیت کا موقع ملے تو مولانا محمد علی جیسے لیڈر قوم میں پیدا ہو سکتے ہیں اسی دماغی تربیت کیلئے ہم نے مولانا محمد علی کی مکمل سوانح عمری شائع کی ہے۔ ابھی دلوں میں یہ داغ تازہ ہے لہذا فوراً اس سوانح عمری کو ملاحظہ کیجئے تاکہ اس کا لفظ لفظ آپ پر تاثیر کرے ...

علم و ادب کی دنیا میں انقلاب پیدا کرنیوالا ماہوار

نئی روشنی

... ملنے کا پتہ ... منیجر رسالہ نئی روشنی ...

رائس ایکسپورٹ ایجنسی سہارن پور

تمام تقریبات اور دعوتوں کے لئے

سہارن پور اور دہرہ دون کا مشہور باسمتی چاول قابل رؤسا نیز ہر قسم کے چاول ایمانداری کے ساتھ سپلائی کئے جاتے ہیں دوکانداروں اور آڑھتیان کے ساتھ ہر ممکن رعایت و کفایت۔

چارنکاح ہم بھی کیجئے

لطف شباب کیا ہے سفوف وطلاء ...

... حکیم ... نیشنل ... دہلی

محبوب عاشق کے قدموں پر

...

اگر تندرستی میں فرق ہے تو زندگی بیکار ہے

شربت اکسیر (رجسٹرڈ)

اگر آپ اشتہاری ادویات سے بدگمان ہو گئے ہوں تو صرف ایک روپیہ

اور بھی خرچ کر کے ہمارے کارخانہ کا شربت اکسیر استعمال کر کے قدرت خدا کا تماشہ دیکھئے

...

جریان

...

ملنے کا پتہ ایس ۔ اے ۔ بی بخشی اینڈ کمپنی کوٹھی نمبر ۶ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

کراچی کے ایک جلسہ عام میں گاندھی جی کی تقریر

شرائط صلح پر سختی سے عمل کرنے کی تاکید

نوساری ۱۴ مارچ۔ گاندھی جی آج صبح بذریعہ ریل نوساری تشریف لائے سردار پٹیل آپ کے ہمراہ تھے ایک بڑا مجمع آپ کے درشن کرنے کے لئے جمع ہو گیا وہاں سے آپ فوراً بذریعہ موٹر کراری روانہ ہوئے جہاں سے کہ گذشتہ سال آپ گرفتار کئے گئے تھے۔ یہاں آپ نے ایک عام جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ میں یہ دیکھ کر خوش ہوں کہ میری گرفتاری کے بعد گجرات نے وہ کارنامے کئے کہ اس کا نام دنیا میں روشن ہو گیا۔ اب ضرورت اس بات کی ہے کہ آپ تعمیری کام شروع کریں تاکہ سوراج جلد سے جلد حاصل ہو سکے۔ اس کے بعد آپ نے صلح کی شرائط پر سختی سے عمل درآمد کرنے کی تلقین کی اور کہا کہ شراب اور ولایتی کپڑے کی پکٹنگ نہایت پر امن ہونا چاہئے اور سب سے ضروری چیز یہ ہے کہ کھادی زیادہ سے زیادہ مقدار میں بنایا اور استعمال کیا جائے۔ آپ نے آخر میں فرمایا کہ ہم نے اب اپنی تلواریں نیام میں کر لی ہیں لیکن جس وقت ضرورت پیش آئے ہمیں پھر انہیں باہر نکالنے کے لئے تیار رہنا چاہئے۔

سکرٹری آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا اعلان

گاندھی جی ایک جھونپڑی میں قیام کریں گے

کراچی ۱۴ مارچ۔ آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے اعلان کے مطابق گاندھی جی ۲۴ ماہ حال کو بذریعہ ریل کراچی پہنچیں گے اور ایک جھونپڑی میں جو خاص طور پر تیار کی گئی ہے کانگریس نگر میں ... قیام فرمائیں گے مجلس عاملہ نے فیصلہ کیا ہے کہ مہمانوں کو ہر جیا رائے ... شہرایا جائے۔ عام اجلاس کے دوران میں تمام کی اجرت للعیہ ہو گی جو لوگ کہ شرکت کرنا چاہیں فوراً درخواست کریں کیونکہ صرف دو ہزار آدمیوں کے قیام کا انتظام کیا گیا ہے۔ ڈیلیگیٹوں کے لئے قیام کا فرخ تین روپے فی کس ہو گا۔

گول میز کانفرنس لندن میں منعقد ہو گی

تبدیلی مقام پر اخبارات کا اظہار رائے

بمبئی ۱۴ مارچ۔ کانگریسی اخبارات نے گورنمنٹ کے اس فیصلہ پر کہ گول میز کانفرنس بجائے ہندوستان کے لندن میں منعقد ہو گی مختلف آراء کا اظہار کیا ہے۔

بمبئی کرانیکل کی رائے

آپ نے میرے لئے خلوص و محبت کے جن جذبات کا "آیورویدک اینڈ یونانی طبی کالج دہلی" کے سالانہ کانووکیشن کی صدارت کی وجہ سے خواہش کرتے ہوئے اظہار کیا ہے ان کا میرے قلب پر گہرا اثر ہوا ہے۔ اور میں اس نیک کام میں جو آپ کر رہے ہیں اپنی ہمدردی کا آپ کو یقین دلاتا ہوں۔

(۱) جیسا کہ آپ نے اشارہ کیا ہے، علوم و فنون کی خدمت، میرے بزرگوں کا قدیم سے طریقہ چلا آتا ہے۔ اور یہ کہنا ایک صحیح تاریخی حقیقت پر روشنی ڈالنا ہے کہ اگر طب یونانی کو خلفائے عباسیہ نے اپنے دامن عاطفت میں نہ لے لیا ہوتا تو آج وہ دنیا میں باقی نہ ہوتی۔ اس لئے اس طب، نیز ویدک طب دونوں طبی ہندوستان کے مایہ ناز فنون طبیہ ہیں ...

صادق محمد خاں

گاندھی جی کی وائسرائے سے ملاقات

گول میز کانفرنس بالکل آزاد ہوگی

جمعیۃ علمائے ہند کا سالانہ اجلاس کراچی

معاملات زیر بحث کی اہمیت

آخری ملاقات پر پابندیاں

اعزا و اقربا کا احتجاج

بچہ سقہ کے جرنیل کو گولی سے اڑا دیا گیا

گاندھی جی سے جمعیۃ علماء ہند کے معزز اراکین کی ملاقات

مسلمانوں کے مذہبی تحفظات کا مسئلہ

صدر جمعیۃ علماء ہند کی جانب سے ایک متفقہ مطالبہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم شنبہ ۸ ذیقعدہ ۱۳۴۹ ہجری

صوبہ متحدہ میں فسادات کی آگ

کانپور بھی فساد کے شعلوں سے جل گیا

کانپور کے فسادات کی جو خبریں اب تک موصول ہوئی ہیں وہ نہایت دہشتناک اور پریشان کن ہیں۔ صوبہ متحدہ میں یہ چوتھا فساد ہے جو ہندو مسلمانوں کی مشترکہ تباہی و بربادی کا موجب ہوا ہے اور یہ پہلے تمام فسادات سے زیادہ خوفناک اور خونریز ہے۔ اگرچہ تفصیلات ابھی تک پوری طرح نہیں آسکی ہیں مگر جو کچھ معلوم ہوا ہے وہ یہ یقین کرنے کے لئے کافی ہے۔

کے ذمہ دار عاروں رہنماؤں کا فرض ہے کہ وہ اصلی دشمنان اصلی و آزادی کا پتہ لگائیں اور ان کی ناز یبا اور امن سوز حرکات پر اپنی انتہائی نفرت کا اظہار کریں۔

اور محبت کی فضا پیدا کر دیں۔ اگر آپ نے اس راز کو سمجھ لیا تو ایک اخبار نہیں اگر سینکڑوں ہزاروں اخبار اپنے نکالے اور نکلوائے جائیں جو آپ کو فساد پر آمادہ کرنے والے ہوں تو کبھی ہرگز کامیاب نہیں ہو سکتے۔ ملک میں اتحاد و اتفاق کے لئے ایک رائے عامہ پیدا ہونے کی ضرورت ہے اور جس دن یہ رائے عامہ طاقتور ہو گئی اسی دن پھر فسادات ختم ہو جائیں گے اور ان کو پیدا کرنے والے اپنا منہ دکھانے کے قابل نہ رہیں گے۔

کانپور کے سرآوردہ حضرات سے اپیل

جہاں تک کانپور کے فساد کا تعلق ہے ہم اس پر اس وقت تفصیل بحث نہیں کر سکتے۔ انشاء اللہ آئندہ اظہار خیال کریں گے لیکن جیسا کہ ہم نے اس مقالہ کے شروع میں عرض کیا ہے ہمیں یہ ظاہر کرنے میں قطعاً تامل نہیں ہے کہ کانپور کے فساد کی نوعیت تمام ہندوستانیوں کے واسطے بلا استثنائے احدے نہایت شرمناک اور قابل مذمت ہے اور اس پر جس قدر زوردار الفاظ میں اظہار نفرت کیا جائے وہ کم ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ جس وقت یہ سطور لکھی جا رہی ہیں فساد ختم ہو چکا ہوگا اور اس کے اثرات مابعد بھی جلد زائل ہو جائیں گے۔ چونکہ اس معاملہ میں خود حکومت کی پوزیشن بھی مشتبہ ہے اور اس سے کسی انصاف کی توقع نہیں کی جا سکتی ہے اسلئے ہم کانپور کے مقامی رہنماؤں سے یہ اپیل کرتے ہیں کہ وہ حقیقی مجرموں کو سزائیں دلانے کے لئے ہر امکانی کوشش کریں اور بد پیگنڈا بازی کو جس طرح بھی روک سکتے ہیں روکیں تاکہ یہ وبا دوسرے شہروں میں برابر

فسادانگیزی کا انجام

اجتماعات کراچی

اس وقت تمام ملک کی نظر کراچی کی طرف لگی ہوئی ہے جہاں ہندوستان کی سب سے بڑی سیاسی جماعت انڈین نیشنل کانگریس اور ... سے بڑی مذہبی انجمن جمعیۃ علماء ہند کے اجلاس ... کانگریس اور جمعیۃ کے یہ اجلاس ایک تاریخی اہمیت رکھتے ہیں ... اس اجلاس میں اس سمجھوتہ پر بحث ہونی ہے جو گاندھی جی اور لارڈ ارون کے درمیان ہوا ہے اور جس کے مطابق کانگریس کو گول میز کانفرنس میں شرکت کے لئے تیار ہو جانا چاہیئے۔ اسی طرح جمعیۃ کے سامنے سب سے زیادہ اہم مسئلہ مسلم حقوق کے تحفظ کا ہے ... کانگریس کا گول میز کانفرنس میں شریک ہونا کسی طرح سود مند ثابت نہیں ہو سکتا۔ خود کانگریس کو بھی اپنی جگہ پر غور کرنا ہے کہ وہ اقلیتوں کو مطمئن کرنے کی کیا صورت اختیار کرتی ہے۔ یہ تمام مسائل چونکہ اس طرح ایک دوسرے کے ساتھ وابستہ ہیں ... جب تک کہ ان کا قابل اطمینان حل تلاش نہ کیا جائے گا اس وقت تک حصول مقصد میں کامیابی قطعاً غیر ممکن ہے ... اس نازک صورت حال کو اور بھی نازک تر بنا دیا ہے۔ کراچی کی اطلاعات ...

ہندو مہاسبھا کی قرارداد

ڈاکٹر ضیاء الدین صاحب کا اعلان

دار الحکومت

ہندو مہاسبھا کے جلسہ کی کارروائی

مسلم مطالبات کی مخالفت

نئی دہلی ۲۵ مارچ۔ ہندو مہاسبھا کی جماعت عاملہ نے ملک کے آئندہ دستوری اصلاحات کے مسئلہ پر ذیل کا اعلان شائع کیا ہے:۔

ہندو مہاسبھا یہ واضح کر دینا چاہتی ہے کہ اس نے ہمیشہ ... فرقہ وارانہ مسائل کو قومی مسائل قرار دیا ہے۔ یہ مہاسبھا سمجھتی ہے کہ ذمہ دار قومی حکومت کی خواہ کوئی نوعیت ہو جس کے حصول کے لئے ہندوستان کوشش کر رہا ہے اور جس کو انگلستان اپنے معاہدہ کی رو سے دینے پر راضی ہوا ہے اس میں فرقوں کی نمائندگی کے لئے جداگانہ ... نہایت اگر مجالس مقننہ ... قائم رکھی جائے گی تو ملک کے ...

صدر و ناظم جمعیۃ علماء ہند کی کراچی کو روانگی

حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند اور حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند آج ۵ مارچ کی شب کو ساڑھے نو بجے کی گاڑی سے کراچی کے اجلاس جمعیۃ میں شرکت کی غرض سے روانہ ہو گئے۔

مقدمہ سازش دہلی کا آغاز

اسپیشل ٹریبونل کے صدر اور وکیل سرکار کا تقرر

دہلی ۲۵ مارچ۔ مقدمہ سازش دہلی جو تقریباً مکمل ہو چکا ہے امید ہے کہ اپریل کے پہلے ہفتہ میں شروع ہو جائے گا۔ اس کے لئے اسپیشل ٹریبونل کا عنقریب اعلان ہونے والا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ مسٹر ایل ایس وائٹ ڈسٹرکٹ و سیشن جج یوپی اس کے صدر مقرر کئے گئے ہیں۔ اور چوہدری ظفر اللہ خاں صاحب ایم اے بیرسٹر ... وکیل سرکار مقرر ہوئے ہیں۔ (دہلی انفارمیشن بیورو)

وائسرائے سے ملاقات اور دعوت

دہلی ۲۵ مارچ۔ لارڈ ارون نے مہاراجہ سرو اور مسٹر جی ٹی گیرٹ سے ملاقات کی۔ لارڈ ارون اور لیڈی ارون نے سہانگ جی داجہائی، نواب سر محمد مزمل اللہ خاں ... سید حسین امام، عبد الحفیظ ... کرنل گڈنی ... وغیرہ بہت سے مہمانوں کو ایک دعوت دی۔

قومی گزٹ دہلی کا دوبارہ اجراء

دہلی ۲۵ مارچ۔ مولانا محمد عثمان آزاد ایڈیٹر قومی گزٹ دہلی جمعہ کو جیل سے رہا ہوئے ہیں۔ قومی گزٹ کے دوبارہ اجراء کا اہتمام کر رہے ہیں۔ پریس آرڈیننس کے اجراء کی وجہ سے ان کا اخبار بھی بند ہو گیا تھا۔ کیونکہ آپ سے دو ہزار روپے کی ضمانت طلب کی گئی تھی۔ توقع ہے کہ اپریل کے پہلے ہفتہ تک قومی گزٹ کا دوبارہ اجراء ہو جائے گا۔

کانپور میں خوفناک فرقہ وارانہ فساد

عوام کی مجنونانہ حرکات

کانگریسی لیڈر قیام امن کی کوششیں کر رہے ہیں

کانپور ۲۵ مارچ۔ آج صبح کو سردار بھگت سنگھ اور ان کے رفقاء کی پھانسی کی خبر پہنچی ہڑتال کرانے کی کوشش کی گئی ... تمام شہر میں بدنظمی پھیل گئی ... کئی اشخاص کے سخت ضربات آئی ہیں جنہیں ہسپتال پہنچا دیا گیا۔

کانپور ۲۵ مارچ۔ یہاں زبردست فرقہ وارانہ فساد ہو گیا۔ مندروں اور مسجدوں پر حملے کئے گئے اور انہیں جلا دیا گیا۔ دفعہ ۱۴۴ کے ماتحت کرفیو آرڈر جاری کر دیا گیا ہے۔ ہسپتال سے جو رپورٹ موصول ہوئی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ... سے زیادہ اشخاص زخمی ہوئے ...

انگریزی فوج اور مسلح پولیس کی مزید کمک

فساد کانپور کے متعلق سرکاری بیان

آج پھر لڑائی ہوگئی ۔ آتشزدگی اور مار پیٹ کی کثرت

ہندوستان کے طول و عرض میں جلوس اور جلسے

میرٹھ میں مکمل ہڑتال

میرٹھ ۲۵ مارچ۔ سردار بھگت سنگھ، مسٹر راج گرو اور مسٹر سکھدیو کی پھانسی کے خلاف بطور احتجاج آج تمام شہر میں ہڑتال منائی گئی ...

امرتسر میں جلسہ اور جلوس

پولیس اور عوام کا تصادم

مراد آباد میں ہڑتال جلوس اور جلسہ

مراد آباد ۲۵ مارچ۔ بھگت سنگھ وغیرہ کی پھانسی کی خبر کے بعد کل جزوی ہڑتال کی گئی جلوس نکالا گیا جلسہ تعزیت ہوا۔

بھگت سنگھ کی پھانسی کے گاندھی جی ذمہ دار ہیں

حکومت پنجاب کا اعلان

لاشوں کے ٹکڑے ٹکڑے نہیں کئے گئے

تمام مذہبی رسومات باقاعدہ ادا کی گئیں

لاہور ۲۵ مارچ۔ حکومت پنجاب نے مندرجہ ذیل اعلان شائع کیا ہے:۔ چونکہ بھگت سنگھ، راج گرو اور سکھدیو کی لاشوں کے متعلق مختلف قسم کی بے بنیاد افواہیں گشت لگا رہی ہیں اس لئے یہ بیان شائع کیا جاتا ہے تاکہ لوگوں کو صحیح واقعات کا علم ہو جائے ...

کانگریس کیمپ پر ایک لاکھ سرخ پوشوں کی یورش

کیا گول میز کانفرنس میں کانگریس شریک ہوگی

ہندوستان سے علیحدگی پر برمیوں کا اضطراب

جماعت عاملہ کانگریس کا جلسہ

کراچی ۵ مارچ۔ کانگریس کی جماعت عاملہ کا آج سہ پہر گاندھی جی کے کیمپ میں جلسہ ہوا تمام چیدہ ارکان موجود تھے۔ ارکان نے باضابطہ طور سے چار گھنٹے تک ان تمام مسائل اور واقعات پر غور و خوض کیا ...

بھگت سنگھ کی پھانسی پر اسمبلی میں احتجاج

واک آؤٹ کے متعلق تفصیلات

ہوم ممبر کا بیان

مسٹر نگاچاریہ کا بیان

واک آؤٹ اور اس کے بعد

اسمبلی میں گورنمنٹ کو ایک اور شکست

سرکاؤس جی جہانگیر کی ترمیم منظور ہوگئی

گاندھی ارون سمجھوتہ کی سخت مخالفت

حالات روبہ اصلاح ہیں

کانگریسی لیڈروں کا صلح جویانہ رویہ

کانگریس کیمپ کراچی ۵ مارچ۔ لاہور سے پھانسی کی خبر موصول ہونے پر انتہا پسندی کی جو لہر کانگریس کیمپ میں دوڑ گئی تھی ...

اس لئے کسی معمولی بات پر اجلاس کرنے کے بعد کارروائی ملتوی ہو سکتی ہے چنانچہ حاجی وجیہ الدین صاحب کی ایک ترمیم پر جو لفافہ کی قیمت میں تخفیف کے متعلق تھی گھنٹہ تک بحث ہوتی رہی اس کے بعد اجلاس ملتوی کر دیا گیا۔

پشاور میں احکامات ممنوعہ کی میعاد میں توسیع

آفریدی قبائل سے تعلقات کشیدہ ہیں

پشاور ۲۵ مارچ۔ گورنمنٹ صوبہ سرحد کی طرف سے ایک غیر معمولی گزٹ شائع ہوا ہے جس کے ذریعہ سے یہ اعلان کیا گیا ہے کہ ۲۴ جنوری کو جو احکامات جاری کئے گئے تھے وہ ۲۳ مارچ سے ... جاری رہیں گے۔ چیف کمشنر صاحب صوبہ سرحد کی رائے ہے کہ آفریدی

سردار بھگت سنگھ کو پھانسی دیدی گئی؟

رات کے گیارہ بجے شہر میں رضاکاروں کا اعلان، لاہور کی اطلاع

(از نامہ نگار خصوصی)

دہلی ۲۳ مارچ۔ آج شب کے ۱۱ بجے چاندنی چوک اور دیگر بڑے بازاروں میں رضاکار اعلان کر رہے ہیں کہ سردار بھگت سنگھ کو شام کے ۷ بجے لاہور بورسٹل جیل میں پھانسی دیدی گئی۔ کل ۲۴ مارچ کو مکمل ہڑتال کی جائیگی۔ لاہور سے ٹیلیفون کرنے پر اطلاع ملی کہ وہاں بھی یہ خبر بہت زور کے ساتھ گشت لگا رہی ہے تفصیلات کا انتظار ہے۔

آج کا دن سردار بھگت سنگھ کے اعزا کی ملاقات اور ہائیکورٹ کے مقدمہ کے متعلق درخواست کی سماعت کے لئے مقرر تھا جس کی تفصیلات ہم دوسری جگہ درج کر رہے ہیں۔

معلوم ہوا ہے کہ سردار بھگت سنگھ کی پھانسی کے متعلق گاندھی جی کا ایک اعلان عنقریب شایع ہونے والا ہے۔

لاہور ہائی کورٹ کے باہر پبلک کا ہجوم

شہر میں ہڑتال

سردار بھگت سنگھ وغیرہ کی درخواستوں کا فیصلہ

لاہور ۲۳ مارچ۔ آج شہر میں بہت بے چینی اور جوش و خروش پھیلا ہوا ...

سردار بھگت سنگھ کی دوسری درخواست پر غور و خوض

فیصلہ ابھی محفوظ ہے

سردار بھگت سنگھ وغیرہ سے ملاقات نہ ہو سکی

بھگت سنگھ وغیرہ کی سزائے موت کو فوراً منسوخ کر دیا جائے

صدر جمعیۃ علماء ہند کا تار وائسرائے ہند کے نام

علمائے صوبہ سرحد کی قید فرنگ سے رہائی

مولانا محمد اسرائیل صاحب کی خدمت میں سپاسنامہ

پشاور میں آتشزدگی

کراچی میں جمعیۃ علماء ہند کے اجلاس کی زبردست تیاریاں

مختلف مقامات سے مندوبین کی تشریف آوری

خدا کے فضل سے کراچی میں جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس کی شاندار تیاریاں ہو رہی ہیں۔ رضاکاروں نے اپنی خدمات پیش کر دی ہیں اور وہ نہایت سرگرمی سے پنڈال وغیرہ بنانے میں مصروف ہیں امید ہے کہ تمام ہندوستان سے مندوبین کثیر تعداد میں شریک ہوں گے۔

صوبہ آسام کی جمعیۃ علمائے ہند کے صدر نے بذریعہ تار مجلس استقبالیہ کو مطلع کیا ہے کہ آسام سے شرکت اجلاس کے لئے مندوبین روانہ ہو گئے ہیں کراچی میں جمعیۃ علماء کی سرگرمیوں نے لوگوں کے اندر حیات تازہ کی لہر پیدا کر دی ہے توقع کی جاتی ہے کہ جمعیۃ علمائے ہند کا یہ تاریخی اجلاس بہت کامیاب ہوگا۔ اور محبان وطن اور زعماء و علماء کثیر تعداد میں شرکت کریں گے۔

(حکیم فتح محمد سیوانی ناظم مجلس استقبالیہ اجلاس جمعیۃ علمائے ہند کراچی سندھ)

آگرہ میں اب امن و امان ہے

علماء صوبہ متحدہ کا تحقیقاتی وفد

آگرہ ۲۳ مارچ۔ مولانا اسداللہ صاحب رکن وفد جمعیۃ صوبہ متحدہ بذریعہ تار اطلاع دیتے ہیں کہ اب یہاں امن و امان ہے۔

مومن خاں مرحوم زندہ ہو گئے!

کشتہ جذام

بیکاروں کیلئے سنہری موقع

گورنمنٹ آف انڈیا سے تمام ہندوستان کیلئے رجسٹری شدہ

ضروری اعلان

مکتبہ علمیہ کے گرانمایہ تحفے

تاریخ القرآن — بستان العارفین — تفسیر مظہری — اعجاز القرآن — تعلیم الاسلام — فتاویٰ رشیدیہ — علم مجلسی — حسن الوظائف — عطر مجربات

مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

محبوب عاشق کے قدموں پر

عمل علوی ... مضطر شاہ عامل، پوسٹ بکس نمبر ۱۶۴ دہلی

کلکتہ میں پھانسی کے خلاف اظہار ملامت

تین شخصوں کی گرفتاری و رہائی

کلکتہ ۲۴ مارچ۔ سردار بھگت سنگھ وغیرہم کی خبر موصول ہوتے ہی شہر کے مختلف اطراف میں یادگاری جلسے آج شام کو ہوئے جن میں تقریریں کر کے لاہور کی پھانسیوں کے خلاف اظہار ملامت ہوا۔ بعض جلوس میں سیاہ جھنڈے پکڑے ہوئے عورتیں بھی کثیر تعداد میں تھیں جو بھگت سنگھ اور ان کے رفیقوں کی پھانسی کی خبر سن کر ... پہنچی گھوڑ سوار پولیس کے روکنے کی نسبت جلدبازی سے کوشش ہونے لگی جس کی وجہ سے تین شخص گرفتار کر لئے گئے لیکن بعد میں ان کو رہا کر دیا گیا۔ خاص خاص چوراہوں پر پولیس نے ناکہ بندی کر دی ہے مگر سہ پہر ختم ہونے تک کوئی واردات پیش نہیں آئی۔

الہ آباد میں ہڑتال

ایک دوکان بند نہ کرنے پر پکٹنگ

الہ آباد ۲۴ مارچ۔ سردار بھگت سنگھ کی پھانسی کی خبر سے آج شہر میں جزوی ہڑتال رہی۔ سول لائن میں بھی چند دوکانیں بند رہیں۔ لیکن ...

گجرات کانگرس کمیٹی کا اعلان ہڑتال

پکٹنگ کے متعلق گاندھی جی کے ارشادات

ہمارا مقصد اخلاقی اور اقتصادی اصلاح ہے

گاندھی جی ینگ انڈیا میں رقمطراز ہیں کہ بدیشی کپڑے یا شراب پر پکٹنگ کرتے وقت اس بات کو ذہن نشین کر لینا چاہیئے کہ مقصد خریدار یا شراب خوار کی ماہیت قلب ہے۔ ہمارا مقصد اخلاقی اقتصادی اصلاح ہے۔ اگر لنکا شائر کپڑا پہننا چھوڑ دے اور گورنمنٹ محصول آبکاری وصول نہ کرے اور اس کا مقصد ایسا کرنے سے شراب خوار سے شراب پینے کی عادت ترک کرانا یا انہیں گناہ سے بچانا نہ ہو تو ہمارے لئے ضروری ہے کہ ہم پکٹنگ جاری رکھیں۔ اور ساتھ ساتھ پروپیگنڈے کا کام بھی کرتے رہیں اس لئے مندرجہ ذیل قاعدوں کی روشنی میں پکٹنگ کرنا چاہیئے۔

(۱) پکٹنگ میں تمہاری توجہ خریدار کی ماہیت قلب پر مرکوز ہونی چاہیئے۔

(۲) خریدار یا دوکاندار کسی سے بھی تمہیں بدسلوکی نہیں کرنی چاہیئے۔

(۳) کوشش کرنی چاہیئے کہ لوگ پکٹنگ کے مقام پر جمع نہ ہوں۔

(۴) تمہیں خاموشی سے کام کرنا چاہیئے۔

(۵) کوشش کرو کہ تمہاری کوشش اخلاقی سے مجبور ہو کر خریدار یا دوکاندار خریدنے یا بیچنے سے باز رہے۔ تخویف و تہدید سے پرہیز ضروری ہے۔

(۶) آمد و رفت میں رکاوٹ نہ ڈالنی چاہیئے۔

(۷) "ہائے ہائے" یا دوسری اہانت آمیز آوازیں نہیں نکالنی چاہیئے۔

(۸) نہیں خریدار کا پتہ اور پیشہ معلوم کرنا چاہیئے تاکہ تم اس کے مکان پر جا کر ...

اسمبلی کے اجلاس کا التوا

بھگت سنگھ وغیرہ کی پھانسی کے خلاف صدائے احتجاج

لاہور میں مکمل ہڑتال

تمام شہر میں پولیس اور فوج کا زبردست پہرہ

شاندار جلسے اور ماتمی جلوس

لاہور ۲۴ مارچ۔ آج تمام شہر میں بھگت سنگھ، سکھدیو اور راج گرو کو پھانسی دئے جانے کی وجہ سے مکمل ہڑتال ہے۔ صرف انگریزی ... کانیں بنک اور چند مسلمانوں کی دوکانیں کھلی ہوئی ہیں۔ گلی کوچوں کے کونوں اور سڑکوں پر لوگ برہنہ سر کھڑے نظر آرہے ہیں۔ تمام شہر پر اداسی اور مایوسی چھائی ہوئی ہے۔ قلعہ میں فوج تیار ہے تاکہ ضرورت پیش آنے تو فوراً کام آسکے ... آج صبح سے مجسٹریٹ اپنی ڈیوٹی پر ہیں۔ اور شہر میں گشت لگا رہے ہیں۔ اور پولیس شہر کے گوشہ گوشہ پر متعین ہے۔

نوجوان بھارت سبھا کے اہتمام میں جلسے منعقد ہوئے جس میں لوگ کثیر تعداد میں شامل ہوئے اور ماتمی ریزولیوشن پاس کئے گئے۔ سردار بھگت سنگھ، مسٹر راج گرو۔ اور مسٹر سکھدیو کی یادگار قائم کرنے کی تجویز منظور ہوئی اور ... ایک جلوس سیاہ جھنڈے لئے ہوئے بازاروں سے گزرا ... عظیم الشان جلسہ منعقد ہوگا۔ تمام شہر میں اس بات پر سخت غصہ کا اظہار کیا جا رہا ہے کہ ... اور لاشوں کو ان کے اعزا کے سپرد نہیں کیا گیا۔ اس وقت شہر میں امن و امان ہے۔

(ا۔پ)

گاندھی جی کا شاندار خیرمقدم

دیہاتی تین روز سے آپ کے درشن کے منتظر تھے

پھانسی کی خبر سے سخت صدمہ

ٹھٹھہ ۲۴ مارچ۔ گذشتہ شب کراچی جاتے ہوئے گاندھی جی کا تمام اسٹیشنوں پر پرجوش استقبال کیا گیا۔ تمام ... اسٹیشن پر دو ہزار سے زیادہ کا مجمع موجود تھا۔ ان میں سے بعض لوگ ایسے بھی تھے جو کہ دور دراز کا سفر طے کر کے مختلف دیہات سے تین روز سے آئے پڑے تھے تمام اسٹیشنوں پر سردار بھگت سنگھ اور ان کے رفقاء کی پھانسی کی خبر سے پبلک کو سخت صدمہ ہوا ... لوگوں نے ... ٹوپیاں اور پگڑیاں اتار لیں اور برہنہ سر ماتمی جلوس کی شکل میں اپنے شہروں کو واپس ہوئے۔

گاندھی جی ٹھٹھہ اسٹیشن پر گاڑی ہی میں اپنی صبح کی پرارتھنا سے فارغ ہوئے سینکڑوں آدمیوں نے آپ کے ساتھ شرکت کی۔

اسمبلی میں قوم پرور اراکین کا واک آؤٹ

سر عبدالرحیم اور سر کاؤس جہانگیر بھی باہر نکل آئے

صدر اسمبلی نے کثیر التعداد اراکین کی غیر موجودگی میں اجلاس جاری رکھا

نئی دہلی ۲۴ مارچ۔ اسمبلی میں بھگت سنگھ کی پھانسی پر جو واک آؤٹ ہوا ...

سردار بھگت سنگھ کے ساتھ کلپنا ... میں اتر

دہلی میں مکمل ہڑتال

عظیم الشان جلوس اور جلسہ

پشاور میں ہڑتال

اگر تندرستی میں فرق ہے تو زندگی بیکار ہے

شربت اکسیر

اگر آپ اشتہاری ادویات سے بدگمان ہو گئے ہوں تو صرف ایک ہی ...

دمہ اور ذیابیطس

کے مشہور معالج ہیں

۲۵ سال سے ہندوستان کی خدمت کر رہے ہیں

میسرز رائے برادرس بازار سیتارام دہلی

جریان

تصویردار پوسٹ کارڈ

رائس ایکسپورٹ ایجنسی سہارنپور

تمام تقریبات اور دعوتوں کے لئے

سہارنپور اور دہرہ دون کا مشہور باسمتی چاول قابل ذکر ... نہایت ایمانداری کے ساتھ سپلائی کئے جاتے ہیں۔ دوکانداروں اور آڑھتیوں کے ساتھ ممکن رعایت و کفایت۔

ہاوڑہ ایکسپریس کی پلیٹ فارم کے پشتہ سے ٹکر

بارہ آدمی زخمی ہوئے گاڑیوں کو صدمہ پہنچا

تارکا پتہ "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۴۶۵
رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

دہلی

ید اللہ علی الجماعۃ

سہ روزہ ایڈیشن

قیمت
صرف سہ روزہ ایڈیشن
ہندوستان کے لئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
فی پرچہ (دو روپے)
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی

ایڈیٹر
ہلال احمد زبیری بی اے

جلد ۱۳ | دہلی یوم پنجشنبہ ۱۳ ذیقعدہ ۱۳۴۹ھ ہجری مطابق ۲ اپریل ۱۹۳۱ء عیسوی | نمبر ۲۲

معاصرین کے افکار و آراء

زندہ باد صوبہ سرحد

سرحد کی حالت

مدرسہ مظہر العلوم کراچی

ہندوستانی آبادی کی صحیح تعداد

جمعیۃ علماء ہند کا مقدمہ

ہندو مسلم فساد

تھانہ بھون اور دہلی

کے

فتاوی کا مدلل جواب

(از حضرت مولانا مولوی عبد الصمد صاحب رحمانی)

(۹)

انگریزی تسلط کے استیصال کی حیثیت

جواب

حکومت وطنیہ کی نوعیت

ہندوستان کی آزادی کا نتیجہ

اخبار الجمعیۃ کے خریداروں کی انتہائی خوش نصیبی ہے

وہ بیش بہا انمول گوہر

پانچ ترجمے اور کامل احسن التفاسیر والا قرآن شریف ہے

صرف ۲۵۰ جلدیں مالک مطبع کے پاس رہ گئی تھیں

آج اخبار الجمعیۃ کا ہر وہ خریدار

دفتر الجمعیۃ نے بھی یہ تہیہ کر لیا ہے

کیا اب بھی الجمعیۃ کا کوئی خریدار اس نعمت سے محروم رہیگا؟

اعلیحضرت حضور نظام کا خاص اپنی تلاوت کیلئے منتخب کردہ اور بہت پسندیدہ قرآن شریف ہے

اس قرآن شریف میں حسب ذیل پانچ ترجمے ہیں

پہلا ترجمہ (فارسی) از حضرت مولانا شیخ مصلح الدین سعدی شیرازی علیہ الرحمۃ
دوسرا ترجمہ (اردو لفظی) حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ
تیسرا ترجمہ (اردو لفظی) از حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ
چوتھا ترجمہ (اردو با محاورہ) از حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ
پانچواں ترجمہ (اردو با محاورہ) از حضرت مولانا شاہ اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ

سب سے بڑی خوبی یہ ہے

دیگر خصوصیات

اس کلام پاک کے متعلق علماء کرام کی سینکڑوں تصدیقوں میں سے چند کا خلاصہ

حضرت مولانا محمد انور شاہ صاحب کشمیری مدرس دار العلوم دیوبند کی فارسی تقریظ کے ترجمہ کا اختصار

عالم باعمل فاضل اجل جناب مفتی مولوی حاجی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ العلماء ہند دہلی

فخر دہلی اسد الاسلام حضرت مولانا الحاج مولوی احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ العلماء ہند دہلی

حضرت مولانا عبد الحلیم صاحب صدیقی پروفیسر ادبیات دار العلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ و سابق ناظم جمعیۃ علماء ہند

ملنے کا پتہ: منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

للعشرہ ۱۰ انعام پھر ۵۰۰۰ ہزار کا دوسرا انعام
حسب دلخواہ سچی گھڑیاں و ڈیوٹی گھڑیاں انعام

منیجر ملٹی مارکیٹ ان انڈسٹریز کھولہ کلکتہ

مفت

طبی رسالہ زندگی

منیجر شفاخانہ معاون صحت خسرو شہر راولپنڈی (پنجاب)

تیس فی صدی منافع سالانہ

بزنس ہوم لیمٹیڈ فورٹ بمبئی

ہر میں سب بڑھیا مال خریدیے ساتھ میں ایک جوڑا جوتا چلنے والی گھڑیاں اور ایک لالٹین بھی انعام



منیجر فرینڈس آف انڈیا کھولہ کلکتہ

ناظرین قلم کمپنی سڑک نمبر ۳۳ دہلی

للعہ نمبر ۱۰ رسٹ واچ رولڈ گولڈ گارنٹی ۵ سال للعہ

امپیریل انڈیا امپائر پوسٹ آفس بیڈن اسٹریٹ کلکتہ

دنیا مقویات باہ میں ایک بے نظیر ایجاد

دوا العصفور

حکیم ظہیر احسن میونسپل کمشنر (یوپی)

سردار ولبھ بھائی پٹیل صدر انڈین نیشنل کانگریس کا خطبۂ صدارت

گاندھی ارون سمجھوتہ کی پُرزور حمایت

فوج اور مالیات پر مکمل اقتدار کا مطالبہ

ہندو مسلم اتحاد کے لئے ہندوؤں سے اپیل

(ترجمہ خصوصی برائے الجمعیۃ)

سمجھوتہ — اگر ہم سمجھوتہ کو قبول نہ کرتے تو حقیقت میں ہم خود اپنی پوزیشن خراب کر لیتے اور وہ تمام مصیبتیں جو ہم نے برداشت کی ہیں رائیگاں جاتیں۔

پورن سوراج — سمجھوتہ کی دستوری دفعہ میں ہم اس کے لئے آزاد ہیں کہ پورن سوراج پر زور دیں اور اپنی فوج، خارجی معاملات، مالیات وغیرہ پر مکمل اقتدار کا مطالبہ کریں۔

فوج — ہندوستانی فوج ہندوستان پر قبضہ قائم رکھنے کے لئے ہے۔ مدافعت کا لفظ غلط طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ مجھے ایسا ایک موقع بھی یاد نہیں ہے جبکہ ہندوستانی فوج ہندوستان کی مدافعت کے لئے استعمال کی گئی ہو...... اگر ہمیں فوج کی ضرورت ہوئی تو یقیناً وہ فوج ایسی خونخوار مخلوق نہ ہوگی جیسی کہ موجودہ فوج ہے جس کو زندہ رکھنے کے لئے ہم روزانہ اپنا خون پلاتے ہیں۔

مالیات — اگر قوم کو اپنی مالیات پر مکمل اقتدار حاصل نہ ہو تو وہ پوری طرح ترقی نہیں کر سکتی۔

فیڈریشن — فیڈریشن ایک دلکش خیال ہے مگر اس سے جدید مشکلات پیدا ہوتی ہیں۔ والیان ملک انقطاع کے لئے تیار نہیں ہوں گے۔

علیحدگی برما — اس امر کا فیصلہ صرف برما ہی کر سکتے ہیں کہ برما کو ہندوستان سے علیحدہ ہونا چاہئے یا آزاد ہندوستان کا ایک حصہ ہونا چاہئے۔

ہندو مسلم اتحاد — کانگریس کسی ایسے دستور کی ترتیب میں شریک نہیں ہو سکتی جس میں فرقہ وارانہ مسئلہ کا حل تمام جماعتوں کے لئے قابل اطمینان طریق پر نہیں ہوگا۔ روز بروز یہ حقیقت واضح ہوتی جا رہی ہے کہ بغیر اتحاد کے کسی کانفرنس میں شریک ہونا بالکل بیکار ہے۔

بدیشی کا مقاطعہ — بدیشی کپڑا ملک سے مفقود ہو جانا چاہئے اگر غیر ملکی کپڑا مفت بھی ملے تو بھی گراں ہے۔

پکٹنگ — پکٹنگ ایک آئینی حق ہے۔ اس کو کسی طرح ترک نہیں کیا جائے گا لیکن اس حق کو مقررہ حدود کے اندر رہ کر استعمال کرنا چاہئے۔

برطانوی مال کا مقاطعہ — برطانوی مال کا مقاطعہ ایک سیاسی اور تعزیری حربہ ہے۔ گزشتہ تحریک میں اسے کامیابی کے ساتھ استعمال کیا گیا تھا...... سودیشی کے استعمال پر ہم ہر وقت اصرار کر سکتے ہیں۔

مساوات — مساوات کے متعلق بہت کچھ چہ میگوئیاں کی گئی ہیں لیکن ایک قوی اور ایک ضعیف، ایک دیو اور ایک بونے، ایک ہاتھی اور ایک چیونٹی میں کیا مساوات ہو سکتی ہے۔

قرضہ کی تحقیقات

مکمل آزادی

فیڈریشن اور والیان ملک

ہندو مسلم اتحاد

بھگت سنگھ اور ان کے رفقاء

عدم تشدد کی فتح

سمجھوتہ

تحفظات

سول سروس کے اخراجات میں تخفیف

کیا حکومت نے عہد شکنی کی ہے؟

عارضی صلح کی شرائط کے مطابق سیاسی قیدی رہا نہیں کئے گئے

ملک کے طول و عرض میں اضطراب

(ترجمہ خصوصی برائے الجمعیۃ)

حکومت کا جواب گولی سے کام لینا چاہیے

گورنمنٹ گاندھی جی کی پوزیشن کو خراب کر رہی ہے

بعض قیدیوں پر گورنمنٹ کا غلط الزام

گورنمنٹ کے اصولی بیان

ذکر و فکر

سندھ پراونشل اردو کانفرنس کراچی

شیعہ کانفرنس کا سالانہ اجلاس بمقام منٹگمری

طبیب اور وید حضرات توجہ فرمائیں

آیورویدک اینڈ یونانی طبی کانفرنس ہے جس کی بنا مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں صاحب مرحوم کی رہین منت ہے۔ چونکہ لاہور پنجاب کا مرکز ہے، اور پنجاب میں طب قدیم کی سود و بہبود کے لئے زیادہ سے زیادہ کوشش کی ضرورت ہے اس لئے پنجاب کے تمام اطباء اور وید حضرات کے لئے لازمی ہے کہ وہ آل انڈیا آیورویدک اینڈ یونانی طبی کانفرنس کے ستر ہویں سالانہ اجلاس میں جو ۳، ۴، ۵ اپریل ۱۹۳۱ء کو بروز جمعہ، ہفتہ، اتوار منعقد ہوگا لاہور تشریف لا کر شرکت فرمائیں۔ ہندوستان کی یہ مرکزی کانفرنس متوقع ہے کہ دیگر اقطاع ہند سے بھی حاملان طب قدیم بکثرت تشریف لا کر پنجاب کو اپنے قدوم میمنت لزوم سے شرف اندوز فرمائیں گے اور اپنے دانشمندانہ مشورہ اور قیمتی رائے سے حسب معمول کانفرنس کو کامیاب بنائیں گے۔ وقت بہت نازک ہے اور طب قدیم کی بقاء کے حق کا انحصار آپ حضرات کی سرگرم جدوجہد اور سعی بلیغ پر ہے۔ پس ضرور شریک ہوجئے اور فوراً پتہ ذیل پر اپنی تشریف آوری کی اطلاع بھیجکر شاد کام کیجئے۔ دعوت نامہ جاری ہو چکا ہے۔ اگر نہ پہنچا ہو تو فی الفور اطلاع دیجئے۔

الملتمس، جنرل سکریٹری مجلس استقبالیہ آل انڈیا آیورویدک اینڈ یونانی طبی کانفرنس، لاہور

علی گڑھ یونیورسٹی کے گریجویٹ

جناب اڈیٹر صاحب السلام علیکم

نواب مسعود جنگ بہادر (ڈاکٹر سید راس مسعود) نے مسلم یونیورسٹی کے گریجویٹ...

تھانہ بھون اور دہلی

فتاویٰ کا مدلل جواب

جمعیۃ قوتی اور دہلی

فسادات بنارس کی رپورٹ

مولانا عمر دراز بیگ صاحب کے زیر قیادت جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ کا جو وفد فسادات بنارس کی تحقیقات کے لئے گیا تھا اس کی رپورٹ موصول ہو چکی ہے۔ مگر آج کی اشاعت میں ہم اس رپورٹ کو انڈین نیشنل کانگریس کے خطبۂ صدارت اور بعض دیگر اہم تراجم و مضامین کے باعث شائع کرنے سے مجبور ہیں۔ انشاء اللہ آئندہ سہ روزہ اڈیشن میں یہ رپورٹ شائع کی جائے گی۔

(اڈیٹر)

کانگریس کی مجلس عاملہ کا انتخاب

حضرت مفتی صاحب اور ڈاکٹر انصاری کے انتخاب کی توقع

کراچی ۳۰ر مارچ۔ کانگریسی حلقوں میں آج دلچسپ بحث و مباحثہ ہو رہا ہے۔ اجمیری نمایندے کوشش کر رہے ہیں کہ رائے دہندگان پر اثر ڈال کر کانگریس کے آئندہ اجلاس کے انعقاد کے لئے اجمیر کے حق میں فیصلہ کرائیں۔

خیال ہے کہ کانگریس کی مجلس عاملہ میں اہم تبدیلیاں ہونے والی ہیں۔ مجلس مذکور کا اجلاس انتخاب کے لئے ۳۱ر مارچ کو منعقد ہوگا۔ ڈاکٹر انصاری اور مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کا انتخاب تقریباً یقینی ہے۔ مسٹر سنفر اور مسٹر کم جی جنہوں نے شیو پرشاد گپتا کی غیر موجودگی میں بحیثیت خزانچی کے کام کیا تھا امید ہے کہ مسٹر پٹیل کے کابینہ میں خزانچی منتخب کر لئے جائیں گے۔

مسٹر مہادیو ڈیسائی بحیثیت جنرل سکریٹری، مسٹر سری پرکاش کے جانشین ہوں گے۔ آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا دفتر الہ آباد سے بمبئی یا احمد آباد منتقل کر دیا جائیگا۔

مساوات

مساوات کی نسبت بہت فضول گوئی سے کام لیا جا رہا ہے۔ میں پوچھتا ہوں کہ کمزور اور ضعیف میں، دیو اور بالشتئے میں، ہاتھی اور چیونٹی میں کیا مساوات ہو سکتی ہے۔ ...

منشیات کا سدباب

نمک کے حملے

اچھوتوں کی حمایت

خیر ممالک کے ہندوستانی

بدیشی پارچہ کا مقاطعہ

پکٹنگ

انگریزی مال کا مقاطعہ

اجلاس کانگریس میں چار اہم تجویزوں کی منظوری

پنڈت جواہرلال اور پنڈت مالویہ کی تقریریں

بھگت سنگھ کی ہمت اور جذبۂ قربانی پیدا کرو

کراچی ۲۹ر مارچ۔ انڈین نیشنل کانگریس کا پینتالیسواں اجلاس شروع ہوا۔ ...

ہندوستان کے افلاس کا واحد علاج چرخہ ہے

مالکان ملز سے اپیل

بدیشی کپڑے کا مقاطعہ

برما کی علیحدگی کی مخالفت

پنڈت جواہرلال نہرو کی تجویز

کراچی کانگریس میں دہلی کے سمجھوتہ کی تصدیق ہو گئی

صوبہ سرحدی میں حکومت کی پالیسی پر اظہار ملامت

آج شام کراچی کانگریس نے دہلی کے سمجھوتہ کی تصدیق کر دی ہے۔

صوبہ سرحد کی حالت زار

مجلس عاملہ کانگریس سے مداخلت کی اپیل

آل انڈیا زنانہ رضا کار کور

عارضی کمیٹی مقرر ہو گئی

صوبہ سرحد کے مسلمانوں کا مطالبہ

کانگریس میں قرارداد

ضلع اناؤ میں فرقہ وارانہ فساد نہیں ہوا

ایک شخصی معاملہ کے متعلق غلط افواہ

لکھنؤ ۳۰ر مارچ۔ الہ آباد کے بعض اخبارات میں ضلع اناؤ کے ایک موضع کے متعلق جو کانپور سے شمال کی جانب ایک میل کے فاصلہ پر ہے یہ خبر شائع ہوئی تھی کہ وہاں فرقہ وارانہ فساد ہو گیا اور یہ کہ تمام مسلم آبادی کو قتل کر دیا گیا۔ بالکل بے بنیاد ہے۔ اس خبر کی نہ صرف سرکاری طور پر تردید کی گئی ہے بلکہ ایسوسی ایٹیڈ پریس کے ایک نمایندہ کی موقعہ واردات کی تحقیقات سے یہ معلوم ہوا ہے کہ ایک موضع میں معمولی دنگا ہو گیا تھا ... یہ بھی بیان ہے کہ کسی شخصی معاملہ پر ہوا تھا۔

دھرم چند ضلع امرتسر میں فرقہ وارانہ فساد

دو مسلمان شہید ۱۵ زخمی ۲۵ سکھ گرفتار

لاہور ۳۰ر مارچ۔ ضلع امرتسر کے موضع دھرم چند میں ایک مسجد کی تعمیر پر فرقہ وارانہ فساد ہو گیا جس میں تین سو سکھوں کی ایک جماعت نے مسلمانوں پر حملہ کر دیا۔ فساد میں دو مسلمان شہید اور پندرہ زخمی ہوئے ہیں ۲۵ سکھ گرفتار ہوئے ہیں صورت حال پر قابو ہے۔

صوبہ سندھ کی تعلیمی کانفرنس

مسلمانوں کی تعلیمی پستی رفع کرانے کی تجاویز

مسلمان ٹیکس ادا کنندگان پر تعلیمی ٹیکس کی تجویز

صدر کا خطبۂ صدارت

فسادات کانپور کا ایک دردناک سانحہ

مسٹر ودیارتی کی جانبازی اور مسلم رضا کاروں کا جذبۂ ایثار

مسٹر گنیش شنکر ودیارتی کی لاش دستیاب ہو گئی

قیام امن کے لئے ہندوؤں کی کوشش

اکا دکا حملے ابھی تک جاری ہیں

کانپور میں حالت روبہ اصلاح ہے

جب تک گاندھی جی نہ جائیں گے دوکانیں نہ کھلیں گی

کاٹھیاواڑ کے ضلع میں سول نافرمانی کا دوبارہ اجراء

ایک رضا کار کو سزا اور اسکے خاندان کی جلاوطنی

آتشزدگی سے دو آدمیوں کی موت

ضلع بروچ میں گاندھی جی کے استقبال کی تیاریاں

مجلس مقننہ صوبجات متحدہ کا اجلاس

دو غیر سرکاری تجاویز پر حکومت کی فاش شکست

فسادات کانپور پر سرکاری ممبر کا بیان

خلافت کمیٹی پشاور کا جلسہ

فسادات صوبہ متحدہ کے مسلمانوں سے ہمدردی

بغاوت برما کے شرکا کی گرفتاریاں

تمام جتھے ٹوٹ گئے، امن قائم ہو گیا

مدراس سے ۴۰۵ قیدیوں کی رہائی

۴۷ قیدیوں کی رہائی سے انکار

مرکزی سکھ لیگ کا نواں اجلاس

روہیلکھنڈ سناتن دھرم سبھا کا جلسہ ملتوی

دھنباد میں فرقہ وارانہ فساد

تین شخص زخمی ہوئے

الجمعیۃ کی ترقی کا نیا دور

سہ روزہ ایڈیشن کی ترتیب

مزدوروں کی کانفرنس

گاندھی جی افتتاح کریں گے

پنجاب ایجوکیشنل کانفرنس

حکومت کے تغافل پر اظہار افسوس

ایک یوروپین نے رکشا قلی کو گولی ماردی

دہلی راجپوت کانفرنس

ہندو اور مسلمان ایک ہی مادر وطن کے فرزند ہیں

ایک کے بغیر دوسرا اپنی زندگی بسر نہیں کر سکتا

باہمی منافرت پھیلانے والے قوم کے بدترین دشمن ہیں

فسادات کانپور پر ہندو مسلم زعماء کا بیان

(ا - پ)

سردار بھگت سنگھ کا الوداعی خط

کانپور میں حالات رو بہ اصلاح ہیں

ضلع اناؤ میں سخت فساد کی افواہ

مقتولین کی تعداد ۵۰۰ تک پہنچ چکی ہے

الہ آباد کی تازہ ترین اطلاع

صلع والٓشتی کی ملتین کرنے گئے تھے جنگل میں مفقود الخبر ہیں۔ خیال ہے کہ آپ ہلاک کر دیئے گئے۔ ممکن ہے کہ یہ خبر غلط ہو۔ لیڈر کے خاص نامہ نگاروں کی اطلاع کے مطابق تمام مقتولین کے جسم ہسپتال نہیں پہونچے۔ اور مقتولین کی تعداد تقریباً ۵۰۰ ہوگی۔

جواہر لال نہرو گول میز کانفرنس میں شریک نہیں ہونگے

جنگ کے لئے فوج کی تنظیم

الہ آباد ۲۹ مارچ۔ لیڈر کے خاص نامہ نگار کراچی کو معلوم ہوا ہے کہ پنڈت جواہر لال نہرو نے گول میز کانفرنس میں شریک ہونے سے انکار کر دیا ہے۔

خیال ہے کہ اگرچہ آپ گاندھی جی کے راستہ میں مشکلات حائل کرنے سے اجتناب کریں گے لیکن کانفرنس سے باہر رہ کر پبلک کو جنگ کرنے کے لئے تیار کریں گے۔ آپ دو یا تین ماہ تک درستی صحت کے لئے لنکا میں قیام کریں گے۔

(ا - پ)

ضلع دیناج پور میں ڈاک پر ڈاکہ

دیناج پور ۲۷ مارچ۔ ضلع ہذا کے صدر ڈاک خانہ سے جنگل کے دن ڈاک والا راجہ گنج کو ڈاک لے جا رہا تھا تو دو ہزار نوں نے اسے لوٹ لیا۔ یہ لوگ مسلح لوگوں کا لباس پہنے ہوئے اور چھرے سے دو دو ملے ہوئے تھے وہ نیپال کو جنگل میں بھاگ گئے۔ تو ایک تو دستیاب ہو گیا ... اور متعدد رجسٹری خطوط لوٹ لئے گئے۔

کانپور کے فساد کی اطلاع کراچی میں

گاندھی جی کا بیان

صورت حال پر قابو پانے میں تساہل کیا جا رہا ہے

لوٹ مار اور آتشزدگی کے واقعات برابر جاری ہیں

ہیضہ کی وبا پھیل جانے کا شدید خطرہ

فسادات کانپور کی ہولناک تفصیلات

مقتولین کی تعداد ابھی تک پہنچ گئی

گلی کوچوں میں لاشیں بے گور و کفن پڑی ہوئی ہیں

کانپور کے مقتولین میں ۱۰۰ مسلمان اور ۱۰۰ ہندو شامل ہیں

ہوم ممبر کا اسمبلی میں بیان

نئی دہلی ۲۶ مارچ۔ آج اسمبلی میں مولوی محمد یعقوب اور مسٹر رنگا آئر نے فسادات کانپور کے حالات دریافت کئے۔ مسٹر گن نے ہوم ممبر کی طرف سے جواب دیتے ہوئے کہا کہ اب تک جو کچھ معلوم ہوا ہے اس سے پتہ چلتا ہے کہ مقتولین کی تعداد ۱۰۰ تک پہنچ گئی ہے جس میں ۱۰۰ مسلمان اور ۱۰۰ ہندو ہیں مجروحین کی تعداد دو سو ہے جس میں اکثریت مسلمانوں کی ہے۔ مسجدوں اور مندروں پر حملہ کر کے ان کی بے حرمتی کی گئی ہے۔ حالات بہتر ہو گئے ہیں۔ شہر کے بعض حصوں میں دوکانیں پھر کھل گئی ہیں۔ گورنمنٹ ہر شخص کی حفاظت کریگی اور مجرموں کو کیفر کردار کو پہنچائیگی۔

کانپور کے مقتولین کی تعداد ایک سو بارہ سے متجاوز ہو گئی

پانچسو سے زیادہ مجروحین شفاخانہ میں داخل ہیں

ہزاروں آدمی شہر چھوڑ کر بھاگ رہے ہیں

مجلس مقننہ میں سرکاری ممبر کا بیان

حکومت قیام امن میں قاصر رہی

سرکاری پہرہ دار شہر میں نظر نہیں آتے

پولیس کی تعداد ناکافی ہے

بہت سی لاشیں سڑکوں پر بے گور و کفن پڑی ہیں

کانپور جانے والے مسافروں پر قیود

تیسرے اور ڈیوڑھے درجوں کے ٹکٹ بند

فساد کانپور کے متعلق سرکاری بیان

حالات کے رو بہ اصلاح ہونے کی توقع

مقتولین کی تعداد ۱۰۰ تک پہونچ چکی ہے

کانپور ۲۷ مارچ۔ سرکاری اطلاع مظہر ہے کہ فساد نے خوفناک صورت اختیار کر لی ہے۔ ہر طرف سے لوٹ مار اور قتل و غارت کی خبریں موصول ہو رہی ہیں۔ پولیس کی تازہ کمک پہونچ گئی ہے اور آنے والی ہے۔ مقتولین کی تعداد اب تک ۱۰۰ تک پہنچ چکی ہے جن میں اکثریت مسلمان اور ۴۰ ہندو ہیں۔ امید ہے کہ حالات بہت جلد رو بہ اصلاح ہو جائیں گے۔

شہر کے وسطی حصہ میں امن قائم کر دیا گیا

گرد و نواح میں حملے جاری ہیں

کراچی میں آل انڈیا نوجوان بھارت سبھا کا اجلاس

مسٹر سبھاش چندر بوس صدر اجلاس کی تقریر

ہندوستان میں اشتراکی جمہوریت قائم کرنے کا پروگرام

مجلس عاملہ میں اہم تجویز کی منظوری

گاندھی جی پر اعتماد کلی

تمام سیاسی قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ

آل انڈیا ورکنگ کمیٹی کی چوتھی اور پانچویں قرارداد

مولانا محمد علی اور پنڈت موتی لال نہرو کی تعزیت

اسمبلی کے اجلاس میں حکومت کی شکست

مسودہ مالیات مسترد کر دیا گیا

برما میں پھر بغاوت شروع ہو گئی

۲۴ باغی ہلاک اور مجروح

کانگریسی لیڈروں کی پریشانی

سرخ قمیص والوں کے مظاہرے

کھلے اجلاس میں بدنظمی کا نظارہ

فخر سرحد خان عبد الغفار خاں وغیرہ کا بیان

خدائی خدمتگاروں نے گاندھی جی پر حملہ نہیں کیا

ہم کانگریس کے اصول پر عامل ہیں

محبوب عاشق کے قدموں پر

دیکھئے لوگ کیا کہتے ہیں

پتہ فضل شاہ عامل پوسٹ بکس ۱۰۵ دہلی

استرے یا سیفٹی ریزر کا استعمال

تیز دھار والے اوزار سے خواہ وہ محفوظ طریقہ سے بال صاف کرے ...

سویلو بیٹ کریم کے فائدے

سعید برادرس ایچ کو ٹائیلٹ ڈپارٹمنٹ بلی ماران دہلی



سناٹوجن کے استعمال سے کمزوری پر فتح حاصل کیجئے

طاقت مردمی کمزوری کو دور کرنے کیلئے آپ کو نئی طاقت حاصل کرنی چاہئے۔ اور اس طرح پھر طاقتور اور تندرست ہو جائیے اس کام کے لئے سناٹوجن سے بہتر کوئی چیز نہیں ہے کیونکہ سناٹوجن میں الکل وہی اجزا شامل ہیں جو کہ جسم اور اعصاب اعضا کو تندرست اور طاقتور بناتے ہیں مشہور و معروف حکیم و ڈاکٹر ڈبلیو ایم این پونہ شہر لکھتے ہیں

سناٹوجن نظام اعصاب و جسم کو طاقت بخشنے کے لئے بے حد مفید ہے اگر آپ کمزور ہیں اور سست ہیں تو سناٹوجن استعمال کیجئے تھوڑے ہی عرصہ میں آپ کی طاقت اور صحت کو بحال کر دیگی

سناٹوجن کی ایک بوتل آج ہی خریدیے

SANATOGEN

اصلی طاقت بخش غذا

ہر ایک بازار اور دوا فروشوں سے دستیاب ہو سکتی ہے۔ سناٹوجن کو بناتے یا باندھتے وقت ہاتھ سے نہیں چھوا جاتا

مومن خاں مرحوم زندہ ہو گئے!

مومن خاں جو غدر سے پہلے دلی میں نامور شاعر گزرے ہیں جو مہندیوں کے بابرکت قبرستان میں سپرد خاک کیا گیا تھا زندہ ہو گئے۔ مفصل کیفیت "حیات مومن" میں ملاحظہ فرمایئے۔ ایک شاعر تخلص عرش نے "مومن خاں" کو زندہ کر شمہ دکھایا ہے۔ بڑی عبرتناک داستان ہے۔ دلگیر عبارت میں نہایت درد انگیز اور رقت آمیز بیان ہے۔ سر ورق بھی باتصویر ہے، اور تصویر بھی ایسی قیمتی اور نایاب کہ ہزاروں روپے صرف کرنے پر بھی دستیاب ہونا غیر ممکن نہیں تو محال ضرور تھا۔ اس پر کتابت اور طباعت کی خوبی مزید برآں۔ قیمت صرف ۴ علاوہ محصول۔

منیجر الجمعیتہ

دوزخ کا کھٹکا

ملنے کا پتہ: مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی سے طلب کیجئے

دیوان ظہیر

جلد دوم و سوم

راقم الدولہ سید ظہیر الدین حسین ظہیر مرحوم ارشد تلامذہ حضرت ذوق علیہ الرحمہ آپ کا کلام ہندوستان میں جس قدر مقبول اور مشہور ہے وہ محتاج بیان نہیں۔ آپ کے کلام میں جو خصوصیات و امتیازات ہیں قابل قدر ہیں۔ لطف زبان، محاورات کی چستی، تخیل کی باریکی، خیالات کی جدت، مضامین کی شادابی اور رنگارنگی، لطف بیان۔ کوثر کی دھلی ہوئی زبان دنیائے استاد مسلم الثبوت مانتی ہے کہ ظہیر مرحوم کا کلام اہل ذوق کیلئے نعمت عظمی اور اہل شوق کیلئے دلنواز ہے۔ کچھ جلدیں باقی ہیں بہت جلد طلب کریں۔ سنبلستان عبرت جلد دوم ۴ دفتر جیبی جلد سوم ۴

منیجر الجمعیتہ

زندگی

جوانی زندگی کا بہترین حصہ ہے

اگر آپ جوانی بے اعتدالیوں سے ضائع کر چکے ہیں اور اسے حاصل کرنے کے لئے بے قرار ہیں تو آپ کے لئے رسالہ زندگی کا مطالعہ نہایت ضروری ہے۔ اس میں پوشیدہ امراض کا ذکر مخفیانہ انداز میں کرنے کے بعد صحیح طریق علاج بتایا گیا ہے ... صرف ایک پوسٹ کارڈ لکھ کر مفت حاصل کریں۔

منیجر شفاخانہ معاون صحت رجسٹرڈ شہر راولپنڈی پنجاب

خاموش تبلیغ

ملنے کا پتہ: مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

ضرورت ہے ایک لیڈر کی

جس میں مولانا محمد علی مرحوم کی صفات ہوں

ایسے نا خدا وں کے بغیر قوم کی کشتیاں ساحل مقصود پر نہیں پہنچ سکتیں۔ مسلمانوں کی قوم میں اب بھی ایسے ہزاروں دماغ موجود ہیں کہ اگر ان کو تربیت کا موقع ملے تو مولانا محمد علی جیسے لیڈر قوم میں پیدا ہو سکتے ہیں۔ اسی دماغی تربیت کے لئے ہم نے مولانا محمد علی کی مکمل باتصویر سوانح عمری شائع کی ہے ...

ادبی کائنات

ملنے کا پتہ: جمیل حسین منیجر رسالہ نئی روشنی کوچہ چیلان دہلی

رائس ایکسپورٹ ایجنسی سہارن پور

تمام تقریبات اور دعوتوں کیلئے

سہارن پور اور دہرہ دون کا باسمتی چاول نقابل رو سانیز ہر قسم کے چاول ایمانداری کے ساتھ سپلائی کئے جاتے ہیں۔ دوکانداروں و آڑھتیاں کے ساتھ ہر ممکن رعایت و کفایت۔

سفید بال پندرہ دن میں جڑ سے کالا

اگر آپ کا بال پکنے لگا ہے وہ میری ہیر بوٹی ہیر آئیل سے کالا نہ ہو اور ہمیشہ کالا نہ رہے تو دام واپس ...

منیجر ہیربرنا اسٹور کمپنی سمری دربھنگہ

آزمائی ہوئی شرطیہ علاج

... ہیر برنا اسٹور کمپنی سمری۔ دربھنگہ

ٹارکا پتہ: الجمعیۃ دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۶۹۵

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزانہ

یداللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ
دہلی

سہ روزہ ایڈیشن

ایڈیٹر

بلال احمد زبیری بی اے

قیمت
صرف سہ روزہ ایڈیشن
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کیلئے
سالانہ
ششماہی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کیلئے
سالانہ
ششماہی

جلد ۱۳ | دہلی یوم یکشنبہ ۱۶ ذیقعدہ ۱۳۴۹ ہجری مطابق ۵ اپریل ۱۹۳۱ء | نمبر ۲۳

جمعیۃ علماء ہند کا دسواں سالانہ اجلاس منعقدہ کراچی

مولانا محمد صادق صاحب صدر مجلس استقبالیہ کا خطبۂ صدارت

مسائل حاضرہ پر بصیرت افروز تبصرہ

الحمد للہ وحدہ والصلوٰۃ والسلام علی من لا نبی بعدہ

[illegible]

اخبار الجمعیۃ کے خریداروں کی انتہائی خوش نصیبی ہے

وہ بیش بہا انمول گوہر

پانچ ترجمے اور کامل احسن التفاسیر والا قرآن شریف ہے

صرف ۰۰ جلدیں مالک مطبع کے پاس رہ گئی تھیں

آج اخبار الجمعیۃ کا ہر وہ خریدار

دفتر الجمعیۃ نے بھی یہ تہیہ کرلیا ہے

کیا آپ بھی الجمعیۃ کا کوئی خریدار اس نعمت سے محروم رہیگا؟

ایک ہی قیمت

دیگر خصوصیات

[illegible]

منجانب منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

تیس فی صدی منافع سالانہ

ہارڈویئر ہوم لمیٹڈ فورٹ بمبئی

تصویر دار پوسٹ کارڈ

اکسیر جذام

بواسیر و دیابیطس

حافظ اقبال حسین بھیلپائی بھاگلپور

ضروری اعلان

[illegible]

مکتبہ علمیہ کے گرانمایہ تحفے

تاریخ القرآن

بستان العارفین

تفسیر مظہری

اعجاز القرآن

تعلیم الاسلام

حسن الوظائف

عطر مجربات

مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

الجمعیۃ

دہلی

سہ روزہ ایڈیشن

ایڈیٹر

قیمت

صرف سہ روزہ ایڈیشن

ہندوستان کیلئے

ممالک غیر کیلئے

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے

ممالک غیر کیلئے

جلد ۱۳ | دہلی یوم یکشنبہ ۱۶ ذیقعدہ ۱۳۴۹ ہجری۔ مطابق ۵ اپریل ۱۹۳۱ء | نمبر ۲۳

جمعیۃ علمائے ہند کا دسواں سالانہ اجلاس منعقدہ کراچی

مولانا محمد صادق صاحب صدر مجلس استقبالیہ کا خطبہ صدارت

مسائل حاضرہ پر بصیرت افروز تبصرہ

اخبار الجمعیۃ کے خریداروں کی انتہائی خوش نصیبی ہے

وہ بیش بہا انمول گوہر

پانچ ترجمے اور کامل احسن التفاسیر والا قرآن شریف ہے

صرف ۵۰۰ جلدیں باقی رہ گئی تھیں

آج اخبار الجمعیۃ کا ہر وہ خریدار

دفتر الجمعیۃ نے بھی یہ تہیہ کر لیا ہے

کیا اب بھی الجمعیۃ کا کوئی خریدار اس نعمت سے محروم رہیگا؟

سب سے بڑی خوبی یہ ہے

دیگر خصوصیات

اس کلام پاک کے متعلق علمائے کرام کی سینکڑوں تصدیقوں میں سے چند کا خلاصہ

ملنے کا پتہ: منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

تیس فی صدی منافع سالانہ

ہوم لمیٹڈ فورٹ بمبئی

تصویردار پوسٹ کارڈ

اکسیر جذام

بواسیر و ذیابیطس

حافظ اقبال حسین بھٹیاں بھاگلپور

ضروری اعلان

مکتبہ علمیہ کے گرانمایہ تحفے

تاریخ القرآن

بستان العارفین

تفسیر مظہری

اعجاز القرآن

تعلیم الاسلام

احسن الوظائف

علم جفر

عطر مجربات

ملنے کا پتہ: مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

بنارس کا ہندو مسلم فساد

جمعیۃ علمائے صوبہ متحدہ مراد آباد کے وفد کی تحقیقاتی رپورٹ

[مولانا عمر دراز بیگ صاحب ناظم (عارضی) جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ کی سرکردگی میں جو وفد فسادات بنارس کی تحقیقات کے لئے گیا تھا اس کی اطلاع الجمعیۃ میں اسی وقت شائع ہو گئی تھی۔ مگر ہمیں افسوس ہے کہ مولانا عمر دراز بیگ صاحب کی والدہ محترمہ کے انتقال پر ملال کے باعث وفد کی رپورٹ مرتب کرنے میں کسی قدر تاخیر ہوئی اور ہم اسے جلد شائع نہ کر سکے۔ یہ رپورٹ ہمیں اس وقت موصول ہوئی ہے جبکہ گزشتہ سہ روزہ ایڈیشن کا بیان تیار رکھیں اور کثرت مضامین کی وجہ سے گنجائش باقی نہیں۔ آج ہم اس رپورٹ کو درج کرتے ہیں۔ — ایڈیٹر]

مقتول، مجروح اور نقصان رسیدہ اصحاب کی تعداد

کل مسلم مقتولین کی تعداد ۴۶ ہے جن کی فہرست ہمراہ منسلک رپورٹ ہذا ہے

فسادات کانپور پر اراکین جمعیۃ علمائے ہند کا اعلان

بچوں اور عورتوں کا قتل انسانوں کا کام نہیں ہے

اس قسم کی درندگی سے غلامی کی زنجیریں مضبوط ہو رہی ہیں

مشترکہ بورڈ کے قیام کی تحریک اور اخبارات کے ایڈیٹروں سے اپیل

(الجمعیۃ کے نام خاص تار)

کراچی ۵ اپریل۔ ارکان جمعیۃ العلمائے ہند اور ان نمائندوں کے دستخطوں سے جو کہ ہندوستان کے تمام حصوں سے جمعیۃ العلماء کے اجلاس میں شرکت کے لیے کراچی تشریف لائے ہیں۔ مندرجہ ذیل بیان شائع کیا گیا ہے۔

ہم ارکان جمعیۃ علمائے ہند کانپور کے عالمگیر اور دل ہلا دینے والے فساد پر سخت نفرت کا اظہار کرتے ہیں۔ اس قسم کے فسادات صرف مقامی امن و امان ...

...

ددکان سے پکٹنگ اٹھا لیا گیا تھا اسی طرح بنارس کی کانگریس کمیٹی نے بنارس میں کیا۔ دو دکانوں پر پکٹنگ لگایا اور جس نے معاہدہ یا کوئی فیصلہ کانگریس سے کر لیا اس کی دکان سے پکٹنگ اٹھا لیا۔ چنانچہ آغا محمد یان نے بھی کانگریس سے فیصلہ کر لیا تھا اور پکٹنگ ان کی دکان سے اٹھ گیا تھا مگر فیصلہ کی تاریخ ...

بقیہ خطبہ صدارت

شرارت پسند عنصر ہمیشہ بیوقوفوں اور نادانوں کو بھڑکا کر فساد کرا دیتا ہے ... خود درمیان سے نکل جاتا ہے۔ بیگناہ اور امن پسند مخلوق ظالموں کے ظلم و طغیان کا شکار رہ جاتی ہے۔ معصوم بچے اور عورتیں نہایت بربریت اور بہیمیت کیساتھ قتل کی جاتی ہیں۔ گھر جلائے جاتے ہیں رذیلوں اور ڈاکوؤں کو مال و اسباب لوٹنے کا موقعہ مل جاتا ہے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ دو ہمسایہ قوموں میں جن کو ہمیشہ ایک دوسرے کے ساتھ رہنا اور ہمسائیگی کی زندگی لامحالہ گذارنا ہے سخت عداوت ...

...

کے کنگوروں سے گرتے دیکھے اور ایک برجی ٹیڑھی دیکھی۔ غرض یہ کہ ہمارے سامنے جو شہادتیں گزریں ان سے یہ معلوم ہوا کہ پولیس نے اپنی ڈیوٹی کما حقہ انجام نہیں دی۔ خواہ بوجہ کمی تعداد کانسٹبلان خواہ بوجہ فساد کی وسعت و اہمیت یا کسی اور خصوصی دستور پالیسی یا اسکیم کی بنا پر غرض یہ کہ یہ امر اظہر من الشمس ہے کہ اگر پولیس چاہتی تو فساد تو ضرور ہوتا مگر اتنا نہ ہوتا جتنا کہ ہوا۔

فسادات بنارس کی چند خصوصیات

بنارس کا فساد تو ختم ہو گیا مگر چند خصوصیات چھوڑ گیا جو بنارس کی تاریخ میں محفوظ رہیں گی۔

(۱) بنارس کا کوئی ہندو مجروح یا مضروب نہیں ہوا حالانکہ ۴ مسجدیں شہید اور ۳ مضروب ہوئیں۔

(۲) مسلمانوں کے محلہ میں کوئی ہندو دکان نہیں لوٹی گئی۔

...

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الجمعیۃ دہلی
یوم یکشنبہ ۱۶ / ذیقعدہ ۱۳۴۹ھ ہجری

اسلامیانِ ہند کی "واحد اجارہ دار"
آل انڈیا مسلم کانفرنس

دہلی میں ۲ ۳ / اپریل کو آل انڈیا مسلم کانفرنس کا اجلاس منعقد ہو رہا ہے ... ان کی پالیسی رجعت پسندانہ ہے اور مفادِ کانفرنس کے منافی نہیں ہے ...

خلاصہ

سطور مندرجہ بالا کو ملاحظہ فرمانے کے بعد ناظرین کرام نے آل انڈیا مسلم کانفرنس کی عجیب و غریب دستوری حیثیت اور اس کا سیاسی مسلک ...

وحشت و درندگی

جمعیۃ علمائے ہند کے محترم ارکین نے فسادات کانپور کے متعلق کراچی سے جو بیان شائع کیا ہے ہم اس کی طرف ناظرین الجمعیۃ کی خاص طور پر توجہ منعطف کرانے ہیں ...

جمعیۃ علماء ہند کے سالانہ اجلاس میں گاندھی جی کی تقریر
ہندو مسلم اتحاد اور کھدر کیلئے اپیل

کراچی ۲ / اپریل - آج جمعیۃ علمائے ہند کے سالانہ اجلاس میں گاندھی جی نے تقریر فرمائی۔ آپ نے آگرہ، بنارس، مرزاپور اور کانپور کے فسادات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ کانپور میں ہندوؤں نے فساد شروع کیا - اور مجھے اپنے ہم مذہب باشندوں کے کرتوت پر شرم آتی ہے ... مولانا ابو الکلام آزاد نے گاندھی جی اور دیگر ہندو لیڈروں کا شکریہ ادا کیا۔

کانگریس کی مجلس عاملہ کی طرف سے دو کمیٹیوں کا تقرر
ترنگے جھنڈے اور بھگت سنگھ کی لاش کا معاملہ

کراچی ۲ / اپریل - کانگریس کی مجلس عاملہ نے سردار ولبھ بھائی پٹیل صدر کانگریس کی صدارت میں ایک کمیٹی مقرر کی ہے کہ وہ ترنگے قومی جھنڈے پر جو اعتراضات ہیں ان پر غور کرے ...

گاندھی جی، سردار پٹیل اور جواہر لال کی دہلی کو واپسی
مسلم زعماء سے گفتگوئے مصالحت

کراچی ۲ / اپریل - گاندھی جی، مسٹر ولبھ بھائی پٹیل، پنڈت جواہر لال نہرو اور دیگر اصحاب آج شام کو دہلی روانہ ہو گئے ... (ا-پ)

گاندھی جی ارل ولنگڈن سے ملاقات کرینگے
ارکان وفد کے ناموں کا اعلان ابھی نہیں ہوا

کراچی ۲ / اپریل - معلوم ہوا ہے کہ کانگریس کے اس وفد کے ارکان کے نام جو گول میز کانفرنس میں شرکت کریں گے اس وقت تک ظاہر نہ کئے جائیں گے جب تک کہ گاندھی جی آئندہ وائسرائے ارل ولنگڈن سے ملکی معاملات پر بحث و تمحیص نہ کر لیں - غالباً لارڈ ارون کی روانگی کے وقت گاندھی جی بمبئی میں موجود ہوں گے۔ (ا-پ)

گاندھی جی کے تازہ ارشادات
ہندو مسلم اتحاد کی اہمیت
ہندوؤں کو رواداری کی تلقین

احمد آباد ۲ / اپریل - گاندھی جی "نارس کے بعد" کے عنوان سے ینگ انڈیا میں تحریر فرماتے ہیں کہ کانگریس کا اجلاس ختم ہو گیا ... مجھے معلوم ہے کہ اس کا طریقہ یہ ہے کہ ہندو مسلمانوں اور سکھوں پر اعتماد کریں اور ان سے جو وہ چاہیں لے لیں۔ (ا-پ)

مہاراشٹر کے مقدمہ بغاوت کا فیصلہ
ایک اخبار کے ایڈیٹر کو قید بامشقت

ناگپور ۲ / اپریل - جی - آر - دیو سکار مجسٹریٹ درجہ اول نے مہاراشٹر کے مقدمہ بغاوت کا فیصلہ سنا دیا۔ کرپال اند اوگل ایڈیٹر کو دفعہ ۱۲۴ الف کے ماتحت ایک سال قید بامشقت کی سزا دی ہے ... جوڈیشل کمشنر نے درخواست ضمانت رد کر دی ہے۔

وائسرائے کو الوداعی دعوت

دہلی ۲ / اپریل - ہز ایکسیلنسی لارڈ ارون اور لیڈی ارون کو الوداعی دعوت دینے کے لئے معززین شہر کی جانب سے دعوت نامے جاری کئے گئے ہیں ...

مقدمہ سازش دہلی میں ملزمان کی شناخت

دہلی ۲ / اپریل - مقدمہ سازش دہلی عنقریب شروع ہونے والا ہے ... (دہلی انفرمیشن بیورو)

سبزی منڈی میں ڈاکہ کے سلسلے میں گرفتاری

دہلی ۲ / اپریل - پرسوں شب وزیر پور میں جو ڈاکہ پڑا اس سلسلہ میں پنڈت کندن لال سب انسپکٹر سبزی منڈی نے کنہیا نامی ایک شخص کو گرفتار کیا ہے ... (دہلی انفرمیشن بیورو)

جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس مضامین کا اجلاس
مختلف قراردادوں کی منظوری

کراچی ۳۰ / مارچ - آج جمعیۃ علماء ہند کی مجلس مضامین (سبجکٹ کمیٹی) کا اجلاس ندیم میونسپل آفس میں ساڑھے دس بجے صبح منعقد ہوا - چونکہ حضرت امام الہند حضرت مولانا ابو الکلام صاحب آزاد کانگریس کے اجلاس کی کارروائی میں مشغول تھے اسلئے آپ اجلاس کی شرکت کے لئے تشریف نہ لا سکے ...

بھگت سنگھ، راجگورو اور سکھدیو کی نعشوں کی توہین
قومی جھنڈے کو بدلنے کا سوال
کانگریس ورکنگ کمیٹی کی مجالس ماتحت کا تقرر

کراچی ۲ / اپریل - نئی ورکنگ کمیٹی نے مندرجہ ذیل تجاویز منظور کی ہیں ... پنڈت سنتانم، مولانا عبد القادر قصوری، ڈاکٹر ستیہ پال، ملک برکت علی، جیوت لال کپور، راسندارہ ہنسراج۔

فخر سرحد خان عبد الغفار خاں کی دہلی میں تشریف آوری
سرخ قمیص والے آپ کے ہمراہ ہیں

کراچی ۲ / اپریل - خان عبد الغفار خاں صاحب جو عام طور پر سرحد کے گاندھی کے نام سے مشہور ہیں آج مع اپنے سرخ قمیص والوں کے بمبئی روانہ ہو گئے ...

بال کرشنا شرما کو گاندھی جی کا تار
گنیش چندر کا خون ہندو مسلم اتحاد قائم کرے گا

کانپور ۲ / اپریل - گاندھی جی نے پنڈت بال کرشنا شرما ایڈیٹر پرتاپ کانپور کو مندرجہ ذیل مضمون کا ایک تار دیا ہے ...

سولہ ہندوؤں اور سات مسلمانوں کو سزائے قید
چالیس سشن سپرد

داون گری ۲ / اپریل - نامہ نگار بذریعہ تار اطلاع دیتا ہے کہ ...

بعض شرفائے ہندوؤں کا شکریہ

بنارس کے بعض ہمدردان قوم کا شکریہ

امن قائم کرنے والے اصحاب

چیت یارانِ طریقت بعد ازیں تدبیر ما

خادم ملت مولانا اسماعیل غفرلہ ... ناظم جمعیۃ علماء بنارس ... مرادآباد ۲۹ / مارچ

شاہجہانپور کے ہندو مسلمانوں کی قابل تقلید مثال
ہندو مسلم بورڈ کا قیام
فساد کے امکانات مفقود ہو گئے

(الجمعیۃ کا خاص تار)

جھانسی میں فساد کا خطرہ
حکام اور کانگریسی لیڈروں کی مساعی قیام امن

کسانوں کی جھونپڑیاں نذرِ آتش

احمد آباد - مقبوضہ کسانوں (کاشتکار متعلقہ) آگ لگ جانے کی وجہ سے کسانوں کی سو جھونپڑیاں نذر آتش ہو گئیں۔

بنارس کا ہندو مسلم فساد
(بسلسلہ صفحہ ۳)

ہندو زیادہ زخمی کیوں ہوئے

مدراس میں مسلم یوتھ لیگ کا قیام
مولانا قاری عبد الرزاق صاحب کی تقریر
(نامہ نگار خصوصی برائے الجمعیۃ)

مدراس ۲۹ / مارچ - آج شام کو ... بجے نیو ٹی ریڈنگ روم میں مسلم معززین مدراس کا ایک اجتماع ہوا ...

مولانا عبد الرزاق صاحب پرنسپل مدرسہ عربی صدر
مولانا سید ابو الجلال صاحب ندوی پرنسپل مدرسہ جمالیہ نائب صدر
مسٹر محمد خلیل اللہ صاحب سکرٹری

راجہ منڈری کے ایک گاؤں میں گولی چل گئی
گاندھی جی کی تصویر کے چھیننے کی کوشش

مدراس۔ ۱۳ مارچ۔ اخبار ہندو کا نامہ نگار مقیم راجہ منڈری رقمطراز ہے کہ جالاری پلی میں جو کہ راجہ منڈری کے قریب ایک گاؤں ہے۔ گاڑیوں کے تہوار کے موقع پر سخت فساد ہو گیا۔ کہا جاتا ہے کہ فساد کی ابتدا اس طرح ہوئی کہ پولیس نے گاندھی جی کی تصویر کو تہوار کے موقع پر جلوس کے ساتھ لے جانے سے روکا۔ پولیس کے گولی چلانے کی وجہ سے اس فساد میں چار آدمی ہلاک اور بہت سے زخمی ہوئے ہیں۔ پولیس کی رپورٹ کے مطابق ایک ہیڈ انسپکٹر کو قتل کر دیا گیا۔ اور حفاظت خود اختیاری کے لئے پولیس سپرنٹنڈنٹ کو فائر کرنے کا حکم دینا پڑا۔ کوٹھا پلیا کا سب انسپکٹر مفقود الخبر تھا۔

بنارس میں خوف وہراس کا دور دورہ
دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ

بنارس یکم اپریل۔ شہر میں پھر خوف وہراس چھایا ہوا ہے ہندوؤں کی تیاریوں سے متعلق قسم قسم کی افواہیں گرم ہیں۔ ... دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ کر دیا ہے جس کی رو سے لاٹھی، علم، تلوار اور دیگر ہتھیاروں کو لے کر بنارس کے عام بازاروں میں گشت کرنا ممنوع قرار دیدیا گیا ہے۔

فتح پور میں خوف وہراس چھایا ہوا ہے
ہندو اور مسلمان خاندانوں کی ہجرت

الہ آباد۔ ۳۰ مارچ۔ لیڈر کا نامہ نگار مقیم فتح پور تحریر کرتا ہے کہ شہر میں خوف وہراس چھائے ہوئے ہونے کی وجہ سے کچھ ہندو اور مسلمان خاندان شہر چھوڑ کر چلے گئے ہیں۔ پانچ یا پانچ سے زیادہ اشخاص کا اجتماع ممنوع قرار دے دیا گیا ہے۔ ... اور شہر میں حالات حسب دستور ہوتے جاتے ہیں۔

فتح پور میں بالکل امن وامان ہے
ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کا تار

الہ آباد ۳۰ مارچ۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ فتح پور (صوبہ متحدہ) ایسوسی ایٹڈ پریس کو بذریعہ تار مطلع کرتے ہیں کہ اس صوبہ کے متعلق تمام افواہیں بالکل بے بنیاد ہیں۔ یہ صحیح ہے کہ کانپور کے فسادات کی وجہ سے ضلع کے اندرونی علاقہ کے شہروں اور اس شہر میں ہراس طاری ہو گیا تھا۔ حکام نے غیر سرکاری اشخاص کی امداد سے تمام شبہات دور کر کے پھر اعتماد قائم کر دیا۔ حالات بدستور ہیں اور امید ہے کہ اس ضلع کے امن وامان میں خلل نہیں پڑیگا۔

فسادات کانپور کے ہولناک نتائج
۳۰۰ مقتول اور ۶۰۰ مجروح

الہ آباد ۱۳ مارچ۔ کانپور کی اطلاعات سے معلوم ہوا ہے کہ وہاں اب امن وامان ہے ... ایک اور بیان کے مطابق بہت سی لاشیں ... ڈاکٹر شفاعت احمد خاں جو کہ کانپور سے واپس آئے ہیں ... مقتولین اور مجروحین کی تعداد علی الترتیب تین سو اور ساڑھے چھ سو ہے۔ ... واقعہ میں بیان کیا۔

مجروحین کانپور کی ڈاکٹری امداد
ریاست نابھہ کے ایک مشہور ڈاکٹر کا ایثار
(از نامہ نگار خصوصی)

کون انسان ایسا ہوگا جو کانپور کے جانگداز واقعات سے متاثر نہ ہو اور کسی ممکن امداد سے دریغ کر سکے لیکن اس سلسلہ میں صحیح قدم اٹھانے کی ضرورت ہے۔

آج ۱۳ مارچ کو عالی جناب ڈاکٹر عبد اللطیف صاحب ریاست نابھہ نے مجھے مطلع کیا ہے کہ وہ مجروحین کانپور کی ڈاکٹری خدمات کے لئے آنریری طور پر آمادہ ہیں۔ کانپور والے اگر آپ کی ضرورت سمجھیں تو آپ کو طلب کر سکتے ہیں۔

کانپور کی آگ دیہات میں
قتل اور آتشزدگی کے واقعات
شہر کے بازار بھی بند ہیں

کانپور ۱۳ مارچ۔ کل کی بہ نسبت آج زیادہ گاڑیاں چلتی نظر آئیں لیکن انہیں سے یہ بھی ظاہر ہوتا تھا کہ ان میں اس قسم کی سواریاں تھیں جو اپنی جائے سکونت سے اٹھ کر کسی محفوظ مقام میں کانپور شہر چھوڑ کر دیہات میں جا رہے تھے۔ خاص خاص بازار آج بھی بند تھے اور جب تک یہ حالت رہیگی دوسرے بازاروں میں دوکانوں کے کھلنے کی توقع نہ رکھی جائے گی۔ آج ناکوں اور خاص پہروں سے فوجی پہرہ ہٹا لیا گیا۔ دریافت کرنے سے یہ بھی معلوم ہوا کہ شاید ... میونسپلٹی کے عہدیدار شہر سے غلاظت اور کثافت صاف کرانے اور عام حالت پیدا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

ابھی اطلاع موصول ہوئی ہے کہ کانپور شہر سے ... فاصلہ پر ... ہندو مسلمان قتل ہو گئے ... دیہات میں فسادات ہوئے ہیں ... قتل کی اور مکانات کے نذر آتش ہونے کی خبریں موصول ہو رہی ہیں ... سپرنٹنڈنٹ پولیس سپاہیوں کا مضبوط دستہ لے کر ...

گول میز کانفرنس میں کانگریس کی شرکت یقینی ہے
گاندھی جی کا بیان

کراچی یکم اپریل۔ گاندھی جی نے ... ایک ملاقات کے دوران کہا کہ یہ اطلاع صحیح نہیں ہے کہ میں جون میں لندن جا رہا ہوں جب تک کہ کانگریس شرکت کے متعلق کوئی قطعی اور آخری فیصلہ نہ کرے یہ کہنا بھی قبل از وقت ہوگا کہ مسٹر ... یا کوئی وفد جائے گا یا نہیں۔

کانگریس کی مجلس عاملہ کا انتخاب

کراچی یکم اپریل۔ کانگریس کی نئی مجلس عاملہ کا انتخاب عمل میں آیا اور حسب ذیل ارکان منتخب ہوئے۔ سردار ولبھ بھائی پٹیل، پنڈت جواہر لال نہرو، ڈاکٹر سید محمود، مسٹر رام داس، دولت رام، جمنا لال بزاز، گاندھی جی، ... ڈاکٹر عالم، راجندر پرشاد، سردار سردول سنگھ کویشر، ڈاکٹر انصاری، مولانا ابوالکلام آزاد، مسٹر سین گپتا۔ اور مسٹر کے۔ ایف۔ نریمان۔ کانگریس کی مجلس عاملہ کو خاص اہمیت دی جا رہی ہے کیونکہ ارکان کا گول میز کانفرنس کے دور میں شرکت اغلب ہے۔

کراچی کانگریس میں حضرت مولانا قطب الدین عبد الوالی فرنگی محلی کا اعلان
حصول آزادی میں مسلمان ہندوؤں کے ساتھ ہیں

کراچی۔ ۳۰ مارچ حضرت مولانا قطب الدین عبد الوالی فرنگی محلی لکھنوی نے کانگریس کے پنڈال میں ایک اعلان کے ذریعہ کانگریس کو یقین دلایا کہ مسلمانوں کی کثیر تعداد حصول آزادی کی جنگ میں شامل ہے۔ انہیں ہندو راج یا مسلم راج کے تصادم کا کوئی اندیشہ نہیں ہے۔ مسلمان بھی ہندوستانی راج اسی شدت کے ساتھ چاہتے ہیں جتنے کہ ہندو اس کے خواہشمند ہیں۔

آیندہ سال کانگریس کہاں ہوگی؟
جدید سکریٹریاں اور دفتر کانگریس کا انتخاب

کراچی۔ ۱۳ مارچ۔ مجلس مضامین نے چار گھنٹہ کی کامل بحث وتمحیص کے بعد قرارداد منظور کی ہے جس میں سوراج کی تعریف کی گئی ہے۔ یہ قرارداد اشتراکی کے نام سے مشہور ہو رہی ہے۔

آل انڈیا کانگریس کمیٹی نے بڑی کثرت رائے سے کانگریس کے آیندہ اجلاس کے لئے اکمل انتخاب کیا۔

کمیٹی نے یہ بھی منظور کیا ہے کہ موجودہ دو سکریٹریان کانگریس کے علاوہ ایک اور سکریٹری کا اضافہ ہونا چاہیے۔ چنانچہ سال آیندہ کے لئے پنڈت جواہر لال نہرو، ڈاکٹر سید محمود اور جے رام داس دولت رام کو بطور جنرل سکریٹری انتخاب کیا گیا ہے۔

کمیٹی نے یہ بھی طے کیا ہے کہ کانگریس کا دفتر احمد آباد منتقل کر دیا جائے جہاں راجہ راؤ اسسٹنٹ سکریٹری کا کام کریں گے۔

کراچی میں جمعیۃ علمائے ہند کا اجلاس
گاندھی جی سردار پٹیل اور جواہر لال نہرو بھی شرکت کرینگے
اجلاس کو کامیاب بنانیکے لئے مسلمانوں کی سعی
(از نامہ نگار خصوصی)

کراچی۔ ۱۳ مارچ۔ جمعیۃ علمائے ہند کا شاندار اجلاس ۱۳ مارچ سے شروع ہو جائے گا اجلاس کا مکمل پروگرام شائع کر دیا گیا ہے۔ حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب ... اجلاس کو کامیاب بنانے کے لئے ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے۔ ارکان مرکزیہ کی ایک بڑی تعداد کراچی پہنچ چکی ہے ... بقیہ ارکان جو آج ہی تشریف لائے ہیں مندرجہ ذیل ہیں۔

... آخر میں اپنے صوبہ سرحد کے افغان رضاکاروں کا شکریہ ادا کرتا ہوں ... مولانا محمد صادق صاحب صدر مجلس استقبالیہ و مولانا حکیم فتح محمد صاحب ناظم مجلس استقبالیہ اور دیگر حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

عربی اخبارات کے تراجم

ترکی میں انتخاب

انقرہ ۲۰ کا ایک تار مظہر ہے کہ ترکی میں انتخاب کی مہم شروع ہو گئی ہے یہ انتخاب تمام ترکی میں بیک وقت عمل میں آئیگا نیز تار میں مذکور ہے کہ جدید مجلس وطنی مئی سے پہلے جمع نہیں ہوگی۔ (ام القریٰ)

ترکی اور ایران کی گفت و شنید

قاسم خاں جو ایران کے جدید سفیر ہیں وہ ترکی میں تشریف لے آئے ہیں آپکی آمد کا مقصد یہ ہے کہ ترکی اور ایران کے سیاسی علاقات کو مستحکم کیا جائے اور جو معاملات ابھی تک معلق ہیں ان کا باحسن طریق تصفیہ کیا جائے۔ ترکی اخبارات کا بیان ہے کہ ترکی اور ایران کے مابین عنقریب یہ تصفیہ عملی صورت اختیار کرے گا۔ (ام القریٰ)

حجاز اور عراق کی مشکلات کا حل

بغداد سے برقیہ موصول ہوا ہے کہ حضرت نخامۃ رئیس الوزارت نوری پاشا سعید عراق سے حجاز کی جانب روانہ ہو گئے ہیں بغداد کا تار حسب ذیل ہے:۔

"جناب وزیر خارجہ مکہ مکرمہ۔ ۲۵ ماہ حال کو رئیس وزارت نوری پاشا سعید بذریعہ ہوائی جہاز حجاز روانہ ہونے والے ہیں مصر سے آپکو تاریخ آمد سے بذریعہ تار مطلع کر دیا جائیگا" اس کا جواب مکہ مکرمہ سے وزیر خارجہ نے حسب ذیل دیا ہے "ہم رئیس وزارت عراق کی تشریف آوری سے بہت مسرور ہیں اور اس اقدام پر آپ کو مبارکباد دیتے ہیں" معلوم ہوا ہے کہ اس آمد و رفت کا مقصد عراق اور حجاز کے تعلقات کو خوشگوار بنانا ہے۔ (ام القریٰ)

شرق اردن میں صیہونی تحریک کے مدد کا داخلہ بند

حیفا کے اخبارات میں یہ خبر شائع ہوئی ہے کہ امیر عبداللہ امیر شرق اردن نے صیہونی تحریک کے علمبردار ... کا داخلہ وادی موسیٰ (شرق اردن) میں ممنوع قرار دیا ہے ... فلسطینی عربوں ... عربوں کے خلاف شعلہ باری تقریر کرتے ہیں اور یہودیوں کو عربوں کے خلاف بھڑکاتے ہیں۔ امیر عبداللہ کا یہ حکم انہی مفاسد کے سدباب کے لئے ہے۔ (الشوریٰ)

فوجی تربیت کے لئے امام یحییٰ کا اقدام

حدیدہ کا ایک تار مظہر ہے کہ امام یحییٰ والی یمن نے عراق سے عسکری تربیت کے لئے ماہرین جنگ طلب فرمائے ہیں تاکہ یمن کی فوج کی تنظیم و ترتیب جدید ... کے دوران حکومت ... فوج کی تربیت کی ... امام کا یہ فیصلہ ... تدبر کی دلیل ہے۔ (الشوریٰ)

تھانہ بھون اور دہلی کے فتاوی کا مدلل جواب

(از حضرت مولانا مولوی عبدالصمد صاحب رحمانی مونگیری نائب ناظم جمعیۃ علماء ہند)

(۱۲)

مقاطعہ جوعی

(اعتراض)

(۱) اس کا خودکشی اور حرام ہونا ظاہر ہے قال اللہ تعالیٰ ولا تقتلوا انفسکم ...

من دون اللہ اولیاء ثم (من تیغ پر دوزخ کے غلات میں مبتلا ہو جاؤ گے اور خدا کے علاوہ تمہارا کوئی دوست اور مددگار نہیں ہے۔

اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ خداوندی احکام پر مسلمانوں کو استقامت سے قائم رہنا چاہئے۔ اس کی حدسے آگے نہیں بڑھنا چاہئے۔ اور ظالموں کے ڈر سے ان کی طرف جھکنا نہیں چاہئے۔ ...

جواب

...

غیر مسلم کی تجارت

(اعتراض)

...

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۳۰ ذیقعدہ ۱۳۴۹ ھجری

مولانا شوکت علی کا بیان

ہندو مسلم مفاہمت اور گاندھی جی

(۲)

ڈاکٹر سید محمود کی اپیل مسلمانان ہند کے نام

آل انڈیا مسلم نیشنلسٹ کانفرنس میں شرکت کی دعوت

مولانا شوکت علی کا چیلنج منظور

الہ آباد ۵ ار اپریل ڈاکٹر سید محمود نے تمام مسلمانان ہند سے پُرزور اپیل کی ہے کہ آل انڈیا مسلم نیشنلسٹ کانفرنس کے اجلاس لکھنؤ میں کثرت کے ساتھ شرکت کریں۔ اجلاس جیسا کہ پہلے اعلان ہو چکا ہے ۱۸ ماہ حال کو منعقد ہوگا آپ تحریر فرماتے ہیں کہ ابتک ہم مسلمان ہندوستان کوئی متحدہ نمایندہ آواز بلند نہیں کر سکے۔ مولانا شوکت علی قوم پرست مسلمانوں کے خلاف دوبارہ اعلان جنگ کر رہے ہیں۔ اس لئے میں نہایت ادب کے ساتھ مولانا کے چیلنج کو قبول کرتا ہوں۔ اگر ہمارے بعض قدیم رفقا ہم سے علیحدہ ہیں تو یہ ہماری بدقسمتی ہے لیکن جہاں تک ہمارا تعلق ہے ہم باوجود اس کے بعض لوگوں نے ہمارا ساتھ چھوڑ دیا ہے قومی تحریک میں سب سے پیش پیش رہنا چاہتے ہیں۔ (ا۔پ)

بمبئی مسلم کمیٹی کا الوداعی سپاسنامہ

وائسرائے کا جواب

(مسلمانوں کی حمایت میں اکثریت کو نصیحت)

مسلمانوں کے مطالبات سے دلچسپی

اکثریت کو نصیحت

خدمات ہندوستان کیلئے وقف کردیں

گاندھی جی کی وائسرائے سے ملاقات

گاندھی جی کے آئندہ ارادہ اور موجودہ فضا کا ذکر

معلوم ہوا ہے کہ اس مختصر سی ملاقات میں جو کہ الوداعی ملاقات تھی موجودہ فضا اور گاندھی جی کے آئندہ ارادوں کا سرسری ذکر آیا۔

گاندھی جی کل گورنر بمبئی سے ملاقات کرینگے جس میں گاندھی اروِن سمجھوتہ کے متعلق گفتگو ہوگی کہ اسپر بمبئی میں کہاں تک عمل ہوا ہے ممکن ہے کہ گاندھی جی لارڈ ولنگڈن سے بھی کل یا پرسوں ملاقات کریں۔

وائسرائے بمبئی پہنچ گئے

گاندھی جی سے ملاقات

گول میز کانفرنس کا پروگرام

نمایندوں کے ناموں کا اعلان وائسرائے کے آنے پر کردیا جائیگا

پنڈت جواہر لال نہرو کو قتل کی دھمکی

ہوائی ڈاک کی آمد

رنگون۔ آسٹریلیا کی ہوائی ڈاک ۔۔۔ بجکر ۔۔۔ منٹ پر وکٹوریہ پہنچ گئی۔ (ا۔پ)

مہاراجہ اندور کی وفات

مشکل کا حل

سردار بھگت سنگھ کی یاد میں میلہ اور یادگار کا قیام

پولیس نے یادگار کو منہدم کرکے زمین کے برابر کردیا ہے

اخبار ملاپ کے نامہ نگار کا بیان

گاندھی جی بمبئی پہنچ گئے

ہز اکسلنسی لارڈ اروِن سے اہم ملاقات

بمبئی ۱۶ اپریل۔ گاندھی جی مع مس سلیڈ اور اپنے سکرٹریوں کے آج صبح احمد آباد سے یہاں تشریف لائے۔ مظاہروں سے بچنے کے لئے آپ دادر پر ٹرین سے اتر گئے تھے۔ آپ ایک میل تک پیدل چلے اور پھر ایک موٹر کار میں بیٹھ کر جو آپ کیلئے تیار تھی شہر میں داخل ہوئے آج ۹ بجے ولایتی مال کی برآمد کی تجویز کے سلسلہ میں مالکان ملز کے ایک جلسہ میں شرکت کریں گے اور ۶ بجے گورنمنٹ ہاؤس میں لارڈ اروِن سے ملاقات کریں گے جو کہ ۵ بجے بمبئی پہنچینگے۔ (ا۔پ)

سابق شاہ اسپین کی جلاوطنی کا رقت انگیز نظارہ

بادشاہ کے چہرہ پر متانت اور سنجیدگی پائی جاتی تھی

آگرہ میں قومی ہفتہ

قومی جھنڈا لہرانے کی رسم ادا کی گئی

تین طلبا کی گرفتاری

آگرہ میں آتشزدگی

مقدمہ سازش دہلی کی کارروائی

ٹریبونل کے سامنے پولیس کے خلاف زبردست الزامات

ملزمین کو الٹا لٹکا کر بیدردی سے پیٹا گیا

مولوی شفیع داودی کا جواب

مسٹر رفیع احمد قدوائی کا بیان

لکھنؤ ۱۶ اپریل۔ قوم پرور مسلم کانفرنس کے سکرٹری رفیع احمد قدوائی نے اخبارات کے نام ذیل کا پیام شایع کیا ہے۔

جمعیۃ علماء ہند کی مساعی اتحاد

اراکین جمعیۃ کی نیشنلسٹ مسلم کانفرنس میں شرکت

دہلی میونسپل کمیٹی کے عہدہ داروں کا انتخاب

مسٹر عبدالعزیز سینئر وائس چیرمین ہوگئے

دہلی ۱۸ اپریل۔ کل میونسپل کمیٹی میں سینئر اور جونیئر وائس چیرمینوں کا انتخاب تھا۔

گاندھی اروِن سمجھوتہ کے بعد بھی لنکاشائر کی ناامیدی

ہندوستان نے ابتک آرڈر نہیں دئے

دارالعوام میں فسادات کانپور کا ذکر

قیام امن کے فرائض پر بحث

پنڈت جواہر لال نہرو کانپور میں

مسلمانوں سے تبادلہ خیالات

لارڈ اروِن بحیثیت انسان اور گورنر جنرل

گورنر جنرل کی حیثیت سے آپ زیادہ کامیاب نہیں ہوئے

مسٹر امیر علی کی ملازمت سے سبکدوشی

ینگ مین کلب کی طرف سے ایڈریس اور پارٹی

بمبئی میں مالکان مل اور گاندھی جی

بدیشی پارچہ کے نکالنے کے لئے کمیٹی بن گئی

دہلی کا مقدمہ سازش

تیس ملزمین میں سے ۶ وعدہ معاف گواہ ہوگئے

ڈیرہ اسمعیل خاں میں افغان سفیر عبدالرسول خاں کا ورود

ضلع کاٹھیاواڑ میں خواتین کا دورہ

سندھ میں قومی ہفتہ

ولایتی کپڑے پر پکٹنگ

مسٹر اواری ستیہ گرہی لیڈر کی رہائی

گاندھی جی قومی یونیورسٹی میں قیام کرینگے

امرتسر میں بدیشی کپڑے پر پکٹنگ

امرتسر کے ایک کارخانہ میں ہولناک آتشزدگی

ریاست موروی میں ستیہ گرہیوں سے فیصلہ

مسلم نیشنلسٹ پارٹی کا اجلاس لکھنؤ اور وقت کی اہم ضرورت

مولانا حفظ الرحمن صاحب کا بیان

مولانا حفظ الرحمن صاحب نے نامہ نگار الجمعیۃ کو مندرجہ ذیل بیان بغرض اشاعت دیا ہے:۔

موجودہ حالت میں مسلم قوم پرور جماعت کے اجتماع کی جس قدر اہم ضرورت ہے اس کو پیش نظر رکھتے ہوئے مسلم نیشنلسٹ پارٹی نے لکھنؤ میں انعقاد جلسہ کا جو فیصلہ کراچی میں کیا ہے وہ نہایت صحیح اور برمحل ہے۔ میرا پختہ ارادہ تھا کہ اس میں حاضر و شریک ہوں۔ کیونکہ علاوہ رکن مسلم نیشنلسٹ پارٹی ہونے کے ہر مسلمان کی شرکت اس اجتماع میں ضروری ہے تاکہ وہ حقوق مسلمین کے صحیح نصب العین کو پیش نظر رکھ کر ایک آخری فیصلہ کرنے میں اپنی ناقص رائے کو پیش کر سکے مگر بعض سخت مجبوریوں کی بنا پر میں ان تاریخوں میں غالباً شریک نہ ہو سکوں گا تاہم میں اپنی ناقص رائے کو مختصراً ان مسلمانوں کی خدمت میں پیش کر دینا ضروری سمجھتا ہوں جو مفاد ملی کے سلسلہ میں اس اجلاس میں شرکت فرمائیں گے۔

مشترکہ انتخاب کا ہوا

دہلی کے اس اجتماع میں جس میں مسلم نیشنلسٹ پارٹی نے تمام مختلف الخیال مسلمانوں کو دعوت دے کر حقوق المسلمین کے متعلق تبادلہ خیالات کیا تھا، سب سے زیادہ اختلاف اگر تھا تو مشترکہ انتخاب یا جداگانہ انتخاب کے مسئلہ پر تھا اور وہی نام نہاد مسلم کانفرنس کے اجلاس سے بھی ظاہر ہوا ...

زخمی کر دیا ہے۔

انتخاب کی آخری روئداد کل بادشاہ سے پہلے مل سکے گی۔ دار السلطنت میں غیر معمولی حالات پیدا ہو گئے ہیں پولیس کی زبردست جمعیت بازاروں میں اب نظر نہیں آتی معلوم ہوتا ہے کہ لوگ یکایک اس کشمکش کو محسوس کرنے لگے ہیں۔ دار العوام میں اشتراکیوں کے لیڈر نے ایک زبردست مجمع کے روبرو تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ہم شور وغل کے حامی نہیں ہیں بلکہ خاموشی سے کام کرنا چاہتے ہیں۔ آپ نے مزدوروں سے کہا کہ وہ ہر قسم کے مظاہرات سے اجتناب کریں۔

کاؤنٹ رومانس وزیر خارجہ نے غیر ملکی اخبارات کے نمائندوں کو مطلع کر دیا کہ اب موجودہ حکومت جمہوری حکومت میں تبدیل ہو گی۔

فسادات کان پور کی تحقیقات

کانگریس کی مجلس نے اپنا کام شروع کر دیا

سوالات شائع کر دیے گئے

نینی تال۔ ۱۳ اپریل۔ کانگریس تحقیقاتی کمیٹی جو ہندو مسلم فساد کانپور کے اسباب دریافت کرنے اور علاج معلوم کرنے کے لیے مقرر کی گئی تھی اس نے مندرجہ ذیل سوالات پبلک کی رائے معلوم کرنے کے لیے شائع کیے ہیں:۔

(۱) اس شہر میں ہندو مسلمانوں کے تعلقات میں کشیدگی کب سے شروع ہوئی؟

(۲) فرقہ وارانہ ذہنیت کب سے خاص طور پر ترقی کر رہی تھی؟

(۳) اس کے اسباب کیا ہیں اور اس نے کون کون سی شکلیں اختیار کیں؟ ...

جمعیۃ علماء ہند کے ساتھ اشتراک

طریق کار

زراعتی لیجسلیٹو کونسل کا اجلاس

اسپین میں فوری انقلاب

جمہوری حکومت کا قیام اور بادشاہ کی تخت سے دستبرداری

چارمنگ — لطف شباب کیا ہے

منجن سلطانی

اصلی طاؤس مارکہ رحیم بیڑی

حب الاعظم

پانچسو روپیہ انعام

تیس فی صدی منافع سالانہ

ہم اپنی لڑکیوں کو کس طرح تعلیم دیں

درس — درسی و غیر درسی، جملہ اسلامی علوم و فنون کی کتابیں، قرآن شریف حمائل اور سپارے۔ منیجر کتب خانہ دینیات مدرسہ امینیہ دہلی

مایوسوں کو مژدہ

مسلمانان کراچی کا عظیم الشان جلسہ

جمعیۃ علماء ہند کی منظور کردہ تجاویز کا اعادہ

مسلمانان کراچی کا ایک عظیم الشان جلسہ جوک جونا مارکیٹ میں زیر صدارت حافظ شریف حسین صاحب بتاریخ ۱۱ اپریل ۱۹۳۱ء بروز ہفتہ نو بجے شب منعقد ہوا۔ جلسہ کی کارروائی تلاوت کلام مجید اور نعت سے شروع کی گئی۔ بعد ازاں جمعیۃ علماء ہند کے اجلاس دہم منعقدہ کراچی کی قرار دادیں پڑھ کر سنائی گئیں۔ دیسی کپڑے کی ترویج، شراب بھنگ، چرس، افیون و دیگر مسکرات کے استعمال کے بد نتائج بیان کیے گئے۔ حافظ شریف حسین و حافظ نصیر احمد صاحب نے پرزور تقریریں کیں۔ کانپور کے واقعات فساد پر روشنی ڈالی۔ اور پبلک کو شراب کے پکٹنگ کے لیے آمادہ کیا۔ کراچی کے پولیس افسروں کو اس قمار خانہ کے بند کرنے کی طرف توجہ دلائی جو جونا مارکیٹ میں موجود ہے۔ جس میں چانس کھیل اور اس قسم کے مختلف طریقوں سے قمار بازی ہوتی ہے اور غریب مسلمان اپنے دن بھر کی کمائی کو برباد کر دیتے ہیں۔ ساڑھے بارہ بجے رات کے جلسہ ختم ہوا۔

کراچی شہر کے دوسرے حصوں کے مسلمانوں نے جمعیت نظام المسلمین کے کارکنوں کو دعوت دی ہے کہ وہ مختلف محصص شہر میں جلسے کر کے جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس دہم میں منظور شدہ تجاویز ان کو سنائیں۔ تاکہ مسلمانان کراچی جمعیۃ کے احکامات پر زیادہ مضبوطی سے عمل پیرا ہوں۔

حافظ نصیر احمد

سکریٹری جمعیت نظام المسلمین کراچی

کراچی کی انڈین نیشنل کانگریس میں مسلمانوں کی تعداد

کم سے کم ایک ہزار مسلم نمایندے موجود تھے

الہ آباد۔ ۱۵ اپریل۔ ڈاکٹر سید محمود جنرل سکریٹری آل انڈیا کانگریس کمیٹی نے حاجی عبد اللہ ہارون ایم ایل اے کے اس بیان کی کہ کراچی کانگریس میں مسلمانوں کی شرکت بہت قلیل تھی تردید کی ہے۔ اور لکھا ہے کہ کانگریس میں مسلمانوں کی نہایت کثیر تعداد موجود تھی۔ ... کم سے کم تقریباً ایک ہزار مسلمان کانگریس میں بطور نمایندہ شریک ہوئے۔ استقبالیہ کمیٹی میں بھی کم سے کم پچاس مسلمان ارکان تھے۔

مسلمانان بمبئی کا جلسہ عام

مسٹر عبد اللہ بریلوی اور مسٹر چھاگلا کی تقریریں

بمبئی ۱۴ اپریل۔ بمبئی ہال میں آج شام نیشنلسٹ مسلم پارٹی کے زیر اہتمام ایک عام جلسہ میں سید عبد اللہ بریلوی ... نے دوران تقریر میں فرمایا کہ قوم پرور مسلمانوں نے طے کر لیا ہے کہ ہندوستان کے مستقبل کے دستور اساسی میں ... اگر جداگانہ انتخاب ... فرقہ وارانہ ... آزادی کی برکات سے محروم رکھیں گے۔

آپ نے تقریر جاری رکھتے ہوئے کہا کہ ہندوستان کی جنگ آزادی میں مسلمان کسی دوسری جماعت سے پیچھے نہیں رہے ...

آخر میں آپ نے مسلمانوں کے عزیز طبقہ کے ارکان سے کہا کہ وہ فرقہ پرستوں کے جال میں نہ پھنسیں بلکہ قوم پرور جماعت کا ساتھ دیں۔

مسٹر ایم سی چھاگلا نے اپنی تقریر میں مولانا شوکت علی کی تازہ ترین تقریر پر اظہار نفرت کیا اور کہا کہ اس قسم کی تقریروں سے کانپور کے ذلت آمیز واقعات و حوادث نہیں رک سکتے۔ مستقبل کے دستور اساسی کی نسبت آپ نے کہا کہ سب نے اس امر پر اتفاق کر لیا ہے کہ ہر قوم کی تہذیب کی حفاظت کے لیے قانونی تحفظات ہوں گے۔ قوم پرور جماعت آیندہ کے دستور اساسی میں جداگانہ انتخاب منظور کر کے ... دیگر مقررین نے بھی اسی نوعیت کی تقریریں کیں۔

آل انڈیا مسلم نیشنلسٹ کانفرنس

مجلس استقبالیہ کا انتخاب

لکھنؤ۔ ۱۴ اپریل۔ کل سر مہاراجہ محمود آباد کے دولت خانہ پر آل انڈیا مسلم نیشنلسٹ پارٹی کی عارضی مجلس استقبالیہ کا جلسہ ہوا جس میں مولانا قطب الدین عبد الوالی صدر مجلس استقبالیہ، مسٹر احسان الرحمن قدوائی بیرسٹر ایٹ لا سکریٹری منتخب ہوئے۔

مجلس کے اراکین میں مندرجہ ذیل حضرات خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہیں۔

(۱) مولوی محمد نسیم صاحب (۲) اظہر علی صاحب (۳) حیدر حسین صاحب (۴) شفاء الملک حکیم عبد الحمید صاحب (۵) حکیم کمال الدین صاحب۔

قوم پرور مسلم کانفرنس میں کثیر اجتماع کی امید

تمام صوبوں سے نمایندوں کی آمد کی اطلاع

لکھنؤ۔ ۱۵ اپریل۔ قوم پرور مسلم جماعت کے سکریٹری رفیع احمد قدوائی نے ذیل کا بیان شائع کیا ہے۔

با وجودیکہ بہت قلیل مدت کی اطلاع تھی پھر بھی پنجاب، بہار، صوبجات متحدہ اور بمبئی سے شرکت کانفرنس ہونے والوں کی اطلاعات آرہی ہیں سندھ اور صوبہ جات متوسط سے بھی چند نمایندے شریک ہوں گے صوبجات مدراس اور سرحد سے ابھی کسی کی شرکت کی اطلاع نہیں ملی لیکن امید ہے کہ عبد الغفار خاں اور دیگر لوگ بھی شریک ہوں گے۔ استقبالیہ کمیٹی مہمانوں کے قیام اور طعام کا انتظام کر رہی ہے۔ نمایندہ مہمانوں کا استقبالیہ کمیٹی کے عہدیدار اور رضاکار اسٹیشن پر خیر مقدم کریں گے۔

اجمیر شریف میں نیشنلسٹ پارٹی کا قیام

مولانا معین الدین صاحب اجمیری کی صدارت

(از نامہ نگار خصوصی)

مسلمانوں کی سیاسی بیداری، ہندو مسلم اتفاق، حصول آزادی وطن کی پرامن جدوجہد کے لیے "مسلم نیشنلسٹ پارٹی" کا قیام عمل میں آچکا ہے اور خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ صوبہ کے مسلمہ لیڈر عالی جناب مولانا معین الدین صاحب اجمیری نے اس کی صدارت کو قبول فرما لیا ہے۔ اس کی شاخیں مختلف مقامات پر قائم کی جائیں گی۔

نیشنلسٹ مسلم کانفرنس کا اجلاس لکھنؤ

نہایت اہم مسائل پر غور و بحث

آل انڈیا نیشنلسٹ مسلم کانفرنس میں شرکت کے لیے مندرجہ ذیل دعوت نامہ جاری کیا گیا ہے۔

جناب مکرم السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ۔

آپ کو اخبارات سے معلوم ہو گیا ہو گا کہ نیشنلسٹ مسلم کانفرنس کا ایک اہم اجلاس ۱۸، ۱۹، ۲۰ اپریل کو بمقام لکھنؤ منعقد ہونے والا ہے۔ موجودہ حالات کو اور ان سوالات کو جو کانفرنس میں زیر بحث آئیں گے خصوصاً مسلمانوں کے حقوق کے تحفظ اور ان کے نیابت اور اس کے طریقوں کے متعلق جو فیصلے اس کانفرنس میں ہوں گا اس کی اہمیت کو پیش نظر رکھتے ہوئے ہمیں امید ہے کہ آپ راہ مہربانی تکلیف گوارا فرما کر اس کانفرنس میں شرکت اور اپنے قیمتی مشوروں سے کانفرنس کو مستفید فرمائیں گے۔ ... آزادی کی توقع ...

خاکساران

ابو الکلام آزاد۔ محمد علی محمود آباد۔ مختار احمد انصاری۔ نظر محمد قطب الدین عبد الوالی (فرنگی محلی)۔ عبد القادر قصوری۔ محمد عالم۔ سید محمود۔ تصدق احمد شروانی۔ عبد المجید خواجہ۔ چودھری خلیق الزماں۔ رفیع احمد قدوائی۔ شمس الدین۔ سید عبد اللہ بریلوی (بمبئی)

پنجاب مسلم قوم پرست جماعت کا قیام

مسلم کانفرنس دہلی مسلمانوں کی نمایندہ جماعت نہیں

لاہور۔ ۱۳ اپریل۔ آج شب کو مولانا عبد القادر قصوری کی عارضی صدارت اور ڈاکٹر عالم کی نظامت میں پنجاب قوم پرست جماعت کے افتتاح کی رسم ادا کی گئی۔ ... اس جماعت کا مقصد یہ بتایا گیا کہ یہ جماعتیں کانگریس کے ساتھ مل کر مکمل آزادی حاصل کرنے کے لیے جنگ کرے گی۔ اور انہوں نے فیصلہ کیا کہ آل انڈیا مسلم نیشنلسٹ پارٹی کے مشورہ سے ایک دستور حکومت مرتب کیا جائے۔ کئی تجویزیں بھی منظور کی گئیں۔

(۱) نام نہاد آل انڈیا مسلم کانفرنس کے پنجابی ارکان پنجاب کے مسلمانوں کے نمایندے نہیں بلکہ وفادار ان حکومت کی ٹولی کے ارکان ہیں۔

(۲) فرقہ وارانہ حقوق کا کوئی تصفیہ اس وقت تک قابل قبول نہ ہو گا جب تک کہ مخلوط انتخاب اور حق رائے دہندگی بالغان قبول نہ کیا جائے۔

(۳) اقلیتوں کے ... تحفظ کے معاملہ کو ... مسلم نیشنلسٹ پارٹی کے اجلاس لکھنؤ پر ملتوی رکھا گیا۔

(۴) صوبہ سندھ کی علیحدگی۔

(۵) صوبہ سرحد اور بلوچستان کے لیے دیگر صوبوں کے مساوی درجہ کی حکومت کا مطالبہ۔

(۶) تمام تشدد کے قیدیوں کی رہائی۔

(۷) مولانا محمد اسحاق کی آزادی پر قید کے خلاف احتجاج۔

موروی میں ستیہ گرہیوں نے مورچہ فتح کر لیا

گاندھی جی کو موروی سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ وہاں ستیہ گرہیوں کو خاطر خواہ کامیابی ہوئی ہے۔

مقدمہ سازش دہلی شروع ہو گیا

۱۵۴ گواہان استغاثہ پیش ہوں گے

نئی دہلی۔ ۱۵ اپریل۔ دہلی کے مقدمہ سازش میں جس میں دھنونتری، پروفیسر نند کشور، وید بھوشن، اور سیمل پرشاد اور درس اور ملزم شریک ہیں۔ ان کا مقدمہ آج نئی دہلی میں سکریٹریٹ میں خاص عدالت کے سامنے شروع ہو گیا۔ مسٹر آصف علی، چند ملزمین کی طرف سے وکالت کر رہے ہیں۔ دھنونتری، ویا بھوشن اور دیگر ملزموں کی طرف سے کوئی وکیل نہیں ہے۔ وعدہ معاف گواہوں میں کیلاش پاتی، بال کرشن، رام لال، تلنگ اور ہنس گوپال شامل ہیں۔ مدن گوپال لاہور کے مقدمہ سازش میں بھی وعدہ معاف گواہ تھا۔ کمیل استغاثہ چودھری ظفر احمد نے عدالت سے درخواست کی کہ چونکہ ابھی ۱۲۴ گواہان استغاثہ کے نام درج ہوئے ہیں اور تفتیش مزید گواہوں کے نام باقی ہیں اس لیے مقدمہ ایک ہفتہ کے لیے مزید ملتوی کیا جائے عدالت نے ملزمین سے وعدہ کیا ہے کہ جو الزامات ان پر عائد کیے ہیں ان کا خلاصہ ان کو دیا جائے گا۔

برطانوی انصاف

ایک ہندوستانی جان کی قیمت ایک ہزار روپے

مدراس۔ آج جب چیف پریزیڈنسی مجسٹریٹ نے کپتان ہیری ڈالی کے مقدمہ کا فیصلہ سنایا تو عدالت کا کمرہ کھچا کھچ بھرا ہوا تھا اور پولیس داخلہ کا انتظام کر رہی تھی۔ مجسٹریٹ نے ملزم کو مجرم قرار دیتے ہوئے عدالت برخاست ہونے تک کی سزا دی اور ایک ہزار روپے جرمانہ کیا۔ جرمانہ کی عدم ادائیگی کی صورت میں چھ ماہ قید سخت۔ مجسٹریٹ نے حکم دیا کہ اگر جرمانہ وصول ہو جائے تو متوفی وکٹ چلانے والے کے یتیم بچوں اور بیوہ کو دیا جائے جرمانہ فوراً ادا کر دیا گیا۔ ناجائز اسلحہ رکھنے کے جرم میں کپتان مذکور کو پچاس روپے جرمانہ یا دو ہفتہ کی قید کا حکم سنایا۔ لائسنس چھ ماہ کے لیے ضبط اور بندوق اور کارتوس ضبط کر لیے گئے۔

گاندھی جی بمبئی روانہ ہو گئے

سابرمتی آشرم میں گاندھی جی کا ورود

احمد آباد میں گاندھی جی کا قیام

احمد آباد۔ ۱۴ اپریل۔ گاندھی جی معہ اپنی اہلیہ کے آج اپنا آشرم دیکھنے گئے وہاں آپ نے ساکنین آشرم سے دو گھنٹہ تک گفتگو کی آپ نے کہا ہے بالفعل وہ آشرم کے قریب ڈاکٹر کلجی داس کے بنگلہ میں قیام کریں گے۔

اگر تندرستی میں فرق ہے تو زندگی بیکار ہے

شربت اکسیر (رجسٹرڈ)

اگر آپ اشتہاری ادویات سے بیزار ہو گئے ہوں تو صرف ایک روپیہ ... خرچ کر کے ہمارے کارخانہ کا شربت اکسیر منگوائیے قدرت خدا کا تماشا دیکھئے

جریان

ملنے کا پتہ۔ ایس کے آئی بخشی ... بوٹولہ اسٹریٹ

حیات محمد علی

مسلمانان ہند کی پچاس سالہ سیاسی تحریکات کا مرقع

ملنے کا پتہ۔ حامد حسین خوشنویس کوچہ چیلاں دہلی

زندگی

جوانی زندگی کا بہترین حصہ ہے

منیجر شفاخانہ معادن صحت رجسٹرڈ شہر راولپنڈی پنجاب

مسلمانوں کا آیندہ سیاسی پروگرام کیا ہو گا

مولوی

منیجر مولوی کوچہ چیلاں دہلی

عقائد الاسلام — مرقع رسول — علاوہ محصول ڈاک

تفسیر حقانی اردو کامل آٹھ جلد

دار الاشاعت تفسیر حقانی بلی ماران دہلی

تاجران کتب اور صدر مدرسین کی تصدیق پر طلبا کے لیے خاص رعایت ہو گی

آزمائی ہوئی شرطیہ علاج

پیربرنا اسٹور کنسی سمری۔ دربھنگہ

سفید بال پندرہ دن میں جڑ سے کالا

منیجر پیربرنا اسٹور کنسی سمری دربھنگہ

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

ید اللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ ایڈیشن

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۶۹۳

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۲۶۵

قیمت
صرف سہ روزہ ایڈیشن
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کیلئے
سالانہ
ششماہی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کیلئے
سالانہ
ششماہی

ایڈیٹر
ہلال احمد زبیری بی اے

جلد ۱۳ | دہلی یوم جمعہ ۵ ذالحجہ سنہ ۱۳۴۹ھ مطابق ۲۴ اپریل سنہ ۱۹۳۱ عیسوی | نمبر ۲۱

مفتی ہند حضرت مولانا محمد کفایت اللہ صاحب کی حریت آموز تقریر

ہندوستانیوں کیلئے صلح و امن کا پیام

[illegible]

صحیح راستہ

[illegible]

تھانہ بھون اور دہلی

کے

فتاوی کا مدلل جواب

(۱۳)

[illegible]

اخبار الجمعیۃ کے خریداروں کی انتہائی خوش نصیبی

وہ بیش بہا انمول گوہر

پانچ ترجمے اور کامل احسن التفاسیر والا قرآن شریف ہے

صرف ۵۰ جلدیں الجمعیۃ کے پاس رہ گئی تھیں

[illegible]

دفتر الجمعیۃ نے یہ تہیہ کر لیا ہے

کیا اب بھی الجمعیۃ کا کوئی خریدار اس نعمت سے محروم رہیگا؟

[illegible]

سب سے بڑی خوبی یہ ہے

دیگر خصوصیات

[illegible]

اس کلام پاک کے متعلق علماء کرام کی سینکڑوں تصدیقوں میں سے چند کا خلاصہ

[illegible]

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی



[illegible]

مندرجہ ذیل بیان پڑھ کر سنایا:-

جناب محترم پریزیڈنٹ صاحب نیشنلسٹ مسلم کانفرنس

ہدیہ مسنون قبول فرمائیں:- میں جمعیۃ علمائے ہند کی طرف سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جمعیۃ علمائے ہند نے اپنے اجلاس کراچی میں ہندو مسلم مسئلہ کا کوئی مختتم فیصلہ اس لئے نہیں کیا ہے کہ ابھی تک مسلم جماعتوں میں کوئی باہمی تصفیہ نہیں ہوا ہے مسلم مفاد کے حصول کے لئے اتفاق و اتحاد کی بے حد ضرورت ہے اس کے لئے جمعیۃ نے اپنی ورکنگ کمیٹی کو اختیار دیا ہے کہ دوسری مسلم جمعیتوں کے ساتھ ملکر مسلمانوں کا متفقہ مطالبہ مرتب کرنے کی سعی کرے۔ میں جناب سے اور جناب کی وساطت سے اس کانفرنس سے اپیل کرتا ہوں کہ ایسا راستہ اختیار کیا جائے جو مسلمانوں اور ان کی جماعتوں میں اتحاد و اتفاق پیدا کردے اور متفقہ مطالبہ مرتب ہوسکے اگر کانفرنس ہذا اس کی کوئی سبیل نہ نکالے گی اور مستقل طور پر کوئی مختتم فیصلہ کردے گی تو میں اور مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب اور مولانا احمد سعید صاحب اس مسئلہ میں کانفرنس ہذا کے فیصلوں سے غیر جانبدار رہیں گے جس کے لئے وہ جمعیۃ کی مذکورہ بالا تجویز کی وجہ سے مجبور ہیں۔

محمد کفایت اللہ ۱۹ اپریل
باجلاس سبجکٹ کمیٹی

(باقی آیندہ)

کانفرنس اس کمیٹی کا پورا پورا احترام نہیں کیا ہے جیسا کہ بہت سے ستیہ گرہی قیدیوں کے اب تک رہا نہ کرنے سے صاف ظاہر ہے جن لوگوں کو اب تک رہا نہیں کیا گیا۔ ان میں مولوی حبیب الرحمان صاحب لدھیانوی۔ حافظ علی بہادر خاں۔ مسٹر عبدالحمید۔ منشی محمد صدیق۔ حافظ محمد ثانی۔ پیر محمد یونس اور شیخ عنایت حسین بہاری شامل ہیں۔ کانفرنس کو امید ہے کہ وہ جلد از جلد رہا کر دئے جائیں گے۔

صوبہ متحدہ کے فسادات

یہ کانفرنس بنارس۔ میرزاپور۔ آگرہ اور کانپور اور دیگر مقامات کے فرقہ وارانہ فسادات اور ان میں جو جان و مال کا نقصان ہوا ہے اس کی سخت مذمت کرتی ہے۔ نیز مقامی حکومت کے افسروں کی اس حرکت پر بھی اظہار نفرت کرتی ہے کہ انھوں نے اپنے فرائض کی انجام دہی میں لاپرواہی سے کام لیا۔ خاص طور پر ان مصیبت زدہ لوگوں کے ساتھ دلی ہمدردی کا اظہار کرتی ہے جو کہ فرقہ وارانہ جنون کا شکار ہوئے ہیں۔ گنیش شنکر ودیارتھی کی عدیم المثال قربانی کی قدر کرتا ہے۔ تمام فرقوں سے اپیل ہے کہ وہ بعض خود غرض لوگوں کے مفسدانہ پروپگنڈے سے متاثر نہ ہوں اور باوجود سخت اشتعال دلائے جانے کے ملک کی آزادی کے دشمنوں کے ہاتھوں کٹھ پتلی نہ بنیں، ساتھ ہی ہر قوم و ملت کے افراد سے درخواست ہے کہ وہ مخالف جماعت کے مفسدہ پردازوں کی شرارتوں اور بدمعاشوں کا الزام اس جماعت پر نہ لگائیں۔ تمام مقامات جو فسادات کے سلسلہ میں دائر ہیں واپس لے لئے جائیں۔ یہ کانفرنس نیشنلسٹ مسلم پارٹی سے درخواست کرتی ہے کہ وہ ہندو اور مسلمانوں کے مصیبت زدہ اشخاص کی امداد کے لئے رضاکار اور روپیہ فراہم کرنے کا کام شروع کردے۔ اور ایک کمیٹی قائم کرے جو اس مقصد کو عملی جامہ پہنائے اور جن مسجدوں کو نقصان ہو چکا ہے انہیں تعمیر کرائے اور منہدم مندروں کے نقصانات کی تلافی کرے۔

مجلس مضامین کی دوسری نشست

مجلس مضامین کی دوسری نشست ۱۹ اپریل کو ۹ بجے شروع ہوئی ڈاکٹر صاحب کی تجویز کی ہر مد پر علیحدہ علیحدہ بحث کی گئی جس وقت تجویز کا پہلا حصہ زیر بحث تھا اور مخلوط انتخاب پر ووٹ نہیں لئے گئے تھے حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب نے ایک مختصر تقریر کے بعد

مسلم نیشنلسٹ کانفرنس میں ڈاکٹر انصاری صاحب کی تقریر

مشترکہ انتخاب کی حمایت میں مختلف دلائل

آئندہ دستور میں حقوق کے تحفظ پر زور

برادران ملت۔ آپ آج جس اہم مشورہ کے لئے جمع ہوئے ہیں مجھے یقین ہے کہ اس کی عظیم الشان ذمہ داری سے آپ واقف ہیں اور آپ جانتے ہیں کہ آپ جو فیصلے کرینگے ان کے اثرات کس درجہ دور رس اور اہم ہونگے۔ ہمارے فیصلوں سے نہ صرف ہمارے عزیز وطن کی قسمت متاثر ہوگی بلکہ اس ...

خیالات و عقائد کی اساس پر اخوت انسانی کی تعمیر کی ہے اور تنگ نظری، تعصب اور بدگمانی کو ... ہم چونکہ اپنے ملک کے مطالبات کو بھی انصاف پر مبنی کرتے ہیں اور اپنی ملت کے مطالبات کی اساس بھی انصاف ہی کو مانتے ہیں ...

آل انڈیا نیشنلسٹ مسلم کانفرنس کی مفصل کارروائی

کھلے اجلاس کا نظارہ، خطبات صدارت، مجلس مضامین کی کیفیت

مسائل حاضرہ پر بحث و تمحیص اور اتفاق و اتحاد کے لئے سعی

(از نامہ نگار خصوصی برائے الجمعیۃ)

(مشکوٰۃ باب التصاویر) کے چہرہ میں کراہت کو محسوس کیا تو میں نے عرض کیا کہ میں اللہ اور اسکے رسول کی جناب میں توبہ کرتی ہوں مجھ سے کیا قصور ہوا الخ

عن نافع ان رجلا اتی ابن عمر فقال ان فلانا یقرا علیک السلام ... حضرت نافع سے روایت ہے کہ ایک شخص حضرت عبداللہ ابن عمر کی خدمت میں آیا ... (مشکوٰۃ باب الایمان بالقدر) ...

ان شواہد میں مقاطعت اور متارکت کی دونوں صورتیں موجود ہیں ...

واقعہ ایلاء اور متارکت

الجمعیۃ دہلی

۲۴ اپریل ۱۹۳۱ء

نیشنلسٹ مسلم کانفرنس کا جلاس

اتحاد و اتفاق کے لئے آمادگی کا اظہار

الہ آباد میں ۱۵ کانگریسی رضاکاروں کو سزا

ایک زمیندار کے مقدمہ بازی کرانے کی پاداش

میں ہندو مسلم سمجھوتہ کے بغیر گول میز کانفرنس میں نہیں جاؤں گا

گاندھی جی اور پریس کے نمائندہ میں گفتگو

مجلس عاملہ کانگریس کمیٹی صوبہ متحدہ کا فوری اجلاس

نصف لگان معاف کردینے کا مطالبہ

فسادات کانپور کے مقدمات

انگریز جج کا تقرر کیا گیا

صوبجات متحدہ میں گورنر نے چارج لیا

سر مالکم ہیلی نینی تال پہونچ گئے

کانگریس کمیٹی تحقیقات لگان مستقر

سیاسی کانفرنس کی تیاریاں

خلافت کمیٹی کا سالانہ اجلاس

مولانا شوکت علی کا دورہ

مقدمہ سازش دہلی

دار الحکومت

خوشگوار تعلقات اور باہمی رواداری کی ضرورت

دہلی کے ہندو مسلمانوں کی شرافت سے اپیل

مسلم گول میز کانفرنس منعقد کرنے کی تجویز

متفقہ مطالبہ کی تشکیل کیلئے سر محمد شفیع کی اپیل

اعتدال پرستوں کی کونسل کا اجلاس

گول میز کانفرنس کے فوری انعقاد کا مطالبہ

مسلم نیشنلسٹ کانفرنس میں ڈاکٹر انصاری صاحب کی تقریر

بقیہ صفحہ ۳

لاہور کے مقدمہ سازش کا خاتمہ

وعدہ معاف گواہوں کی گرفتاریاں

ریاست میسور میں وکلا کانفرنس کا انعقاد

باشندگان ریاست کے حقوق کی نمائندگی

سابرمتی آشرم میں گاندھی جی کا بیان

جنگ کے لئے ملک کروڑوں باشندے تیار ہیں

رنگون میں برطانوی فوج کا باغیوں سے مقابلہ

چھ باغی قتل اور کئی زخمی

آل انڈیا نیشنلسٹ پارٹی کی مجلس عاملہ

عہدہ داروں کا انتخاب

نوجوان پریس کے ضمیر اور حکومت میں تنازعہ

بہار صنعتی کانفرنس کا انعقاد

ہندوستانیوں کی اقتصادی آزادی پر غور

ڈیرہ دون میں وائسرائے کی آمد

میونسپلٹی کی طرف سے خیر مقدم

بغاوت برما کی رفتار

مختلف اطراف میں بدامنی کے آثار

نصف لگان کی واپسی کا مطالبہ

قانون غیر ملکی کے ضمن میں گرفتاری

شراب کی دکانوں پر پکٹنگ

نئے وائسرائے کی آمد

سکریٹری دہلی مسلم یونین کا پیغام

ہندو مسلم اتحاد و مساہمت

یوروپین ایسوسی ایشن مدراس کا جلسہ

قدامت پرستی کا مظاہرہ

سب جج کا تبادلہ

اخبار الجمعیۃ کے خریداروں کی انتہائی خوش نصیبی!!

وہ بیش بہا انمول گوہر

پانچ ترجمے اور کامل احسن التفاسیر والا قرآن شریف ہے

صرف ۲۵۰ جلدیں مالک مطبع کے پاس رہ گئی تھیں

آج اخبار الجمعیۃ کا ہر وہ خریدار

دفتر الجمعیۃ نے بھی یہ تہیہ کر لیا ہے

کیا اب بھی الجمعیۃ کا کوئی خریدار اس نعمت سے محروم رہیگا؟

حضرت حضور نظام کا خاص اپنی تلاوت کیلئے منتخب کردہ اور بہت پسندیدہ قرآن شریف ہے

اس قرآن شریف میں حسب ذیل پانچ ترجمے ہیں

پہلا ترجمہ (فارسی) از حضرت مولانا شیخ مصلح الدین سعدی شیرازی علیہ الرحمۃ

دوسرا ترجمہ (اردو لفظی) حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

تیسرا ترجمہ (اردو لفظی) از حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

چوتھا ترجمہ (اردو با محاورہ) از حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

پانچواں ترجمہ (اردو با محاورہ) از حضرت مولانا شاہ اشرف علی صاحب تھانوی مد ظلہ

سب سے بڑی خوبی یہ ہے

دیگر خصوصیات

اس کلام پاک کے متعلق علماء کرام کی سینکڑوں تصدیقوں میں سے چند کا خلاصہ

حضرت مولانا محمد انور شاہ صاحب کشمیری مدرس دارالعلوم دیوبند کی فارسی تقریظ کے ترجمہ کا اختصار

حامی اسلام فاضل اجل جناب مفتی مولوی حاجی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند دہلی

فخر دہلی اسد الاسلام حضرت مولانا الحاج مولوی احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ العلماء ہند دہلی

حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی پروفیسر ادبیات دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ سابق ناظم جمعیۃ علماء ہند

ملنے کا پتہ:- منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

دہلی ریلوے اسٹیشن پر بم پھٹ گیا

چار قلی زخمی ہوئے کوئی گرفتاری نہیں ہوئی

دہلی ۱۹ اپریل۔ دہلی کے ریلوے اسٹیشن پر بی بی اور سی آئی ریلوے کی چھوٹی لائن پر بم پھٹ گیا چار قلی زخمی ہوگئے ابھی تک کوئی گرفتاری نہیں ہوئی۔

ناظم جمعیۃ علماء ہند کی کانپور میں تشریف آوری

آتش زدہ رقبہ کا معائنہ

باہمی مصالحت کی سعی

کانپور ۱۵ اپریل۔ آج مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند لکھنؤ سے کانپور تشریف لائے اسٹیشن پر مولانا ... صاحب اور سید ... اور دیگر حضرات ... موجود تھے۔ مولانا نے طلاق محل میں قیام فرمایا۔ دوپہر کے بعد آپ نے تمام شہر کا دورہ کیا۔ صرافہ۔ پرمٹ۔ کرنیل گنج۔ نئی سڑک۔ گوال ٹولی۔ ... تمام ان علاقوں کو جہاں فساد برپا ہوا تھا ... ملاحظہ فرمایا۔ ... جہاں شام تک ہندو مسلمان ... سے گفتگو کرتے رہے۔ ... اس امر پر گفتگو کی کہ طرفین سے ... باہمی مصالحت کرادی جائے۔ امید کی جاتی ہے کہ آپ کل بھی اس مسئلہ پر مختلف حضرات سے تبادلہ خیالات کریں گے۔ مولانا کی اس سعی کو کانپور کے ہندو مسلمان بنظر استحسان دیکھ رہے ہیں۔

نمائندہ پریس کو بیان دینے سے انکار

مولانا ظفر علی خاں اور مسئلہ نماز

فرید الحق انصاری صاحب کا جواب

جناب آغا ظفر علی خاں صاحب کا بیان ... اپریل ... کانگریس کی سبجیکٹ کمیٹی میں نماز کے مسئلے کے متعلق شائع ہوا ہے ...

"ہم نماز وغیرہ نہیں جانتے فضول باتوں میں وقت ضائع نہ کیجئے کسی کی نماز کی خاطر کارروائی بند نہیں کی جاسکتی۔"

راقم فرید الحق انصاری

ہندو مسلم مشترکہ بورڈ کا قیام

... قرار پایا کہ ایک بورڈ قائم کیا جائے ... ہندو مسلم مشترکہ بورڈ ...

کٹرہ نیل۔ کوچہ برج ناتھ۔ کوچہ گھاسی رام۔ حویلی حیدر قلی۔ بلی ماران ... کوچہ رحمان اور کوچہ قابل عطار کے نمائندوں کا انتخاب کیا گیا۔

قرار پایا کہ بورڈ کی ایک سب کمیٹی بنائی جائے جو شہر کے مختلف علاقوں میں جاکر اتحادی کمیٹیاں قائم کرنے کی کوشش کرے۔

لالہ گجومل صاحب کپور اور ضیاء الدین احمد صاحب کو کنوینر منتخب کیا گیا۔

ضیاء الدین احمد کنوینر ہندو مسلم مشترکہ بورڈ دہلی

لارڈ اور لیڈی ارون جہاز سے روانہ ہوگئے

رخصت کرنے کیلئے ملاقاتیوں کا ہجوم

بمبئی ۱۸ اپریل۔ جزی توپ خانے کے توپوں کی سلامی کی گونج میں آج سہ پہر کو لارڈ ارون اور لیڈی ارون ... جہاز پر سوار ہوکر انگلستان روانہ ہوگئے ...

جدید وائسرائے کی پہلی تقریر

میں لارڈ ارون کی تقلید کی کوشش کرونگا

بمبئی ۱۸ اپریل۔ لارڈ ولنگڈن وائسرائے منتخب نے میونسپل بورڈ کے سپاسنامہ ... کے جواب میں ...

وائسرائے کی گاندھی جی کو گول میز میں شرکت کیلئے بار بار درخواست

میں ہندو مسلم مسئلے کے تصفیہ کے بغیر شرکت سے معذور ہوں

گاندھی جی کا جواب

بمبئی ۱۸ اپریل۔ اگرچہ گاندھی جی نے وائسرائے سے اپنی ملاقات کے متعلق کچھ بیان دینے سے انکار کردیا ...

حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کی تقریر

مخلوط اور جداگانہ انتخاب کی تصریحات

دہلی ۱۸ اپریل۔ آج بعد نماز جمعہ جامع مسجد دہلی میں حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند نے حالات حاضرہ پر نہایت بصیرت افروز تقریر فرمائی حضرت مولانا نے اپنی رائے کو محفوظ رکھتے ہوئے جداگانہ اور مشترکہ حق انتخاب کے اہم مسئلہ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ دوران تقریر میں دو تین نوجوانوں نے کچھ استفسارات کئے جن کے نہایت نرمی کے ساتھ تشفی بخش جوابات دئے گئے۔

جمعہ گزشتہ کی تقریر کی بابت ایک مقامی اخبار نے جو چند بے بنیاد اور غلط خبریں شائع کی تھیں ان کی بابت حضرت مولانا نے حاضرین سے دریافت کیا کہ کیا میں نے اپنی گزشتہ تقریر میں مسلم کانفرنس اور مولانا شوکت علی صاحب پر کوئی حملہ کیا تھا یا گاندھی جی کی تعریف کی تھی۔ کیا گزشتہ جلسہ میں صرف چند طلبا شریک ہوئے تھے اس پر تمام حاضرین نے متفق اللفظ ہوکر کہا کہ اس نے جو کچھ لکھا ہے سب غلط اور جھوٹ ہے ...

الجامعہ

... مسلمانوں کی اخلاقی و مذہبی اصلاح کا داعی ہے ...

ناظم جمعیۃ رحمانی مونگیر

درس

درسی و غیر درسی جملہ اسلامی علوم و فنون کی کتابیں

قرآن شریف حمائل اور سیپارے ملنے کا پتہ

منیجر کتب خانہ دینیات مدرسہ امینیہ۔ دہلی

زندگی

جوانی زندگی کا بہترین حصہ ہے

... رسالہ زندگی کا مطالعہ ...

منیجر شفاخانہ معاون صحت رجسٹرڈ شہر راولپنڈی پنجاب

حیات محمد علی

مسلمانان ہند کی پچاس سالہ سیاسی تحریکات کا مرقع

ملنے کا پتہ:- حامد حسین خوشنویس کوچہ چیلاں ۱۳۱ دہلی

مایوسوں کو مژدہ

اکسیر حیرت ...

طلائے بیدار بخت ...

جناب الٹرایکسین اقبال صاحب مرحوم محلہ راجپوتاں پانی پت

ایک ماہ میں انگریزی آجائے گی

... مشہور بک ایجنسی بارہ پانگر لنگر گولیا

چار نکاح کیجیے

لطف شباب کیا ہے؟ سفوف وطلاء

نظیر علی ... دہلی

نہ آٹوں کیا نادر شاہ فوجوں کی تنظیم پر بہت زیادہ توجہ دے رہے ہیں

... جنرل محمود خاں وزیر جنگ کے حسن انتظام اور قابلیت کا کافی ثبوت حاصل ہے۔

صوبہ سرحد کے مسلم زعما کا پیغام

لکھنؤ کے تاریخی اجتماع میں شرکت نہ کرنے پر معذرت

مسلمانوں کے نام نہاد خیرخواہ سیاسی پستی کے ذمہ دار ہیں

پشاور ۱۸ اپریل۔ ... خان عبدالغفار خاں۔ علی گل خاں ... خان محمد رمضان خاں وکیل ... غلام ربانی لودھی ہزارہ ... کے دستخطوں سے ... مسلم نیشنلسٹ کانفرنس کے سلسلہ میں تحریر کیا گیا ہے۔ ہم اس دعوت کا شکریہ ادا کرتے ہیں ...

مسلمانوں کی سیاسی پستی کو دیکھتے ہوئے ... نام نہاد مسلمانوں کے خیرخواہ ذمہ دار ہیں ...

لکھنؤ میں ایک فرضی اشتہار

بعض لوگوں کی حرکت مذبوحی

لکھنؤ میں آل انڈیا نیشنلسٹ مسلم کانفرنس کے خلاف بعض لوگوں نے جو بے ہودہ اشتہار شائع کیا وہ لکھنؤ کے متعلق لکھنؤ کا ایک اسلامی اخبار "حقیقت" رقمطراز ہے:-

"ہمیں پہلے ہی معلوم تھا کہ بارہ دری قیصر باغ میں جو اسلامی کانفرنس منعقد ہو رہی ہے ... مولانا احمد سعید صاحب مولانا ابوالمحاسن ... اور دیگر علماء کرام باہر سے تشریف لائے ہیں ... مولانا ... فرنگی محلی ..."

امرتسر کانگریس کمیٹی میں انتشار

بے ضابطہ میٹنگ پر صدر شہر کانگریس کمیٹی کا اعتراض

امرتسر ۱۸ اپریل۔ کل شب جلیانوالہ باغ میں کانگریس کمیٹی کے ایک جلسہ میں ممبران میں باہم سخت مقابلہ ہوا کمیٹی کے ۱۸ ممبران کی جانب سے شہر کانگریس کمیٹی کے صدر غازی عبدالرحمن کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش کرنے کا اس بنا پر نوٹس دیا ہے کہ انہوں نے امرتسر میں بدیشی پارچہ کی دکانوں پر پکٹ کرنے کے جواز پر اعتراض کیا ہے ...

کانگریس کی کمیٹی برائے تحقیقات کرپارام بھگت سنگھ

لاشوں کو اوپر نیچے رکھ کر مٹی کے تیل سے جلایا گیا

لاہور کی کانگریس کمیٹی تحقیقات خاکستر اور کرپارام نے لاہور کے بعد قصور اور فیروز پور میں ... یہ معلوم ہوا ہے کہ تینوں لاشوں کو دریا کے کنارے لیجاکر ایک ہی چتا پر رکھ کر ایک دم جلا دیا ... مٹی کا تیل جلایا گیا۔

... گرنتھی اور آچاریہ پنڈت کو دعائے نجات کے لئے پورا وقت نہیں دیا گیا۔

جہاں جلایا گیا وہاں سے نشان جلد صاف کرنے کی کوشش کی گئی کانگریس نے جو نشانات شناخت کے لئے بنائے تھے آئی ڈی نے مٹا دیے۔

نادر شاہ کے کمانڈر انچیف کی پشاور میں تشریف آوری

پشاور ۱۸ اپریل۔ کل شام جب ہز ایکسلنسی اللہ نواز خاں ... ملتان روانہ ہوئے تو مقامی احرار اور خلافت کمیٹی کے ممبروں نے آپ کو دھوم دھام کے ساتھ رخصت کیا۔ ... آپ والدین سے ملتان میں ملنے کے بعد ... کے مہمان تھے ...

امان اللہ خاں کی واپسی کابل کا مسئلہ

وزیر جنگ افغانستان کی تجلیات

پشاور ۱۸ اپریل۔ ہز ایکسلنسی اللہ نواز خاں جو نادر شاہ کے ایڈی کانگ ہیں دوران ملاقات میں بیان کیا کہ افغانستان میں کسی قسم کی بدامنی نہیں ہے بلکہ کامل امن وامان ہے۔ آپ نے جنرل غلام محمد نبی خاں کی سرگرمیوں کے متعلق ... امان اللہ خاں اب افغانستان جانے کا ارادہ کریں گے ...

سیالدہ اسٹیشن پر گولیوں کے فائر ہوگئے

چار بنگالی نوجوان پانچ ہزار کی تھیلی لیکر فرار ہوگئے

کلکتہ ۱۰ اپریل۔ شام کو ساڑھے پانچ بجے کے قریب سیالدہ اسٹیشن پر گولیوں اور ریوالوروں کی واردات ہوگئی جس کا یہ واقعہ ہے کہ دو کلرک چار پانچ ہزار روپے کی تھیلیاں لئے اور ایک چپراسی کرنسی نوٹوں کی گڈیاں لئے جمع کرانے جارہا تھا کہ چار بنگالیوں نے ان پر حملہ کیا چپراسی کے خنجر لگا جس سے اس کی حالت نازک ہے حملہ آور پانچ ہزار کی تھیلی لے کر بھاگ گئے۔ اسٹیشن کے ملازمین اور کلرک وچپراسیوں نے پیچھا کیا لیکن انہوں نے گولیاں چلا کر ان کے منہ پھیر دئے باقی جن لوگوں کے چوٹ آئی وہ شدید زخمی نہیں ہیں۔ ابھی تک کوئی گرفتاری نہیں ہوئی۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ایک کے ہاتھ میں ہلکی اسٹک تھی۔

مدراس میں ہندو مسلم اتحاد قائم کرنے کی کوشش

سیٹھ جمال محمد کی مساعی حسنہ

مدراس ۱۸ اپریل۔ شہر کے ممتاز مسلمانوں کا ایک جلسہ سیٹھ جمال محمد صاحب ایم ایل اے کی صدارت میں ہندو مسلم اتحاد قائم کرنے کے ذرائع پر غور کرنے کے لئے منعقد ہوا ... ایک مرکزی مسلم کمیٹی قائم کی گئی جو ۳۷ ارکان پر مشتمل ہے ... کمیٹی کے قیام کا مقصد یہ ہے کہ ہندو مسلمانوں میں خوشگوار تعلقات قائم کرنے کی کوشش کرے۔ سیٹھ جمال محمد صدر منتخب ہوئے مسٹر عبدالحکیم اور حاجی حکیم سید مخدوم ... سیکرٹری منتخب ہوئے۔ (د پ)

ریاست موروی میں مسلح بغاوت

پانچ آدمیوں کا پولیس سے مقابلہ

احمد آباد ۱۰ اپریل۔ قبیلہ میانا جس میں ایک جرائم پیشہ قبیلہ ہے اور پولیس میں تصادم کی جو تفصیلات موصول ہوئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ اس قبیلہ کے ۱۰ افراد نے مہلک ہتھیاروں سے مسلح ہوکر پولیس کو تین آدمیوں کے گرفتار کرنے سے روکا اور حملہ کردیا ... ایک کانسٹبل مقتول اور تین زخمی ہوئے ... ریاست موروی سے پولیس کو کمک پہونچ گئی۔ اس لئے ان کے گیارہ سرغنوں کو گرفتار کرلیا گیا۔ اس کے بعد اہل قبیلہ نے ہتھیار رکھ دئے اور امن بحال ہوگیا۔

سرکاری تحقیقاتی کمیشن کانپور نے کام شروع کردیا

بعض مسلمان نوجوانوں کی نازیبا حرکات

کانپور ۱۸ اپریل۔ آج مقامی حکومت کی مقرر کردہ کمیشن کے ممبروں نے مع حافظ ہدایت حسین ... فساد کے سلسلہ میں ... بنگالی محلہ ... کا معائنہ کیا ... کمیشن کے ممبروں نے بیان کیا کہ وہ صرف گھروں کو دیکھنے آئے ہیں ... (ا پ)

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۲۶۵

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

یداللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ

دہلی

سہ روزہ ایڈیشن

ایڈیٹر
ہلال احمد زبیری بی اے

قیمت
صرف سہ روزہ ایڈیشن
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
فی پرچہ
ممالک غیر کیلئے
سالانہ
ششماہی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کیلئے
سالانہ
ششماہی

جلد ۱۳ | دہلی یوم دوشنبہ ۸ ذی الحجہ ۱۳۴۹ھ ہجری مطابق ۲۷ اپریل ۱۹۳۱ء | نمبر ۲۴

انتخاب جداگانہ یا مخلوط انتخاب
مسلمانوں کے حقوق کا تحفظ کس میں ہے؟

ہندوستان میں جداگانہ طریق انتخاب

انتخاب جداگانہ سے کیا فائدہ پہونچا

پارسی، سکھ اور مسیحی اقلیتیں

جداگانہ انتخاب کی مخالفت

اسلامی حقوق کا تحفظ

انتخاب جداگانہ اور فرقہ وارانہ فسادات

انتخاب جداگانہ کیوں ہیں ہے؟

انتخاب جداگانہ کا کانٹا

مکتبہ علمیہ کے گرانمایہ تحفے

اصلی طاؤس مارکہ حجیم بیڑی

بے کاروں کیلئے سنہری موقع

ہمارا اسلامی رعایتی اعلان

منجن سلطانی

حب ہاشم

ہم اپنی لڑکیوں کو کس طرح تعلیم دیں

احکام عید الاضحی اور مسائل قربانی

(از مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند)

جو باتیں عید الفطر میں سنت یا مستحب ہیں وہی عید الاضحی میں بھی ہیں۔ مثلاً غسل کرنا، کپڑے بدلنا، خوشبو لگانا، عیدگاہ کے آنے جانے میں راستہ کا مختلف ہونا

البتہ عید الفطر میں نماز سے پہلے کچھ کھانا مستحب ہے لیکن عید الاضحی میں نماز کے بعد کھانا تناول کرنا مستحب ہے …

دنبہ ایک آدمی کی طرف سے ایک ہی ہو سکتا ہے لیکن گائے بھینس اور اونٹ میں سات شخص شریک ہو سکتے ہیں۔

بکری بکرا ایک سال سے اور بھیڑ اور دنبہ چھ ماہ سے گائے دو سال اونٹ پانچ سال سے کم نہ ہوں …

سلطان حجاز کے حرم میں دو مسیحی خواتین

مساوات و رواداری کی مثال

(ایک انگریز سیاح کے قلم سے)

(ترجمہ خصوصی)

آجکل مشرق کے ایک فرمانروا کے محل میں دو نوجوان مسیحی عورتیں قیام پذیر ہیں۔ ان کا قیام قیدیوں کی حیثیت سے نہیں بلکہ آزادانہ اسن پسندانہ اور مساویانہ حیثیت سے ہے۔ یہ دونوں خاتونیں آج تمام دنیا میں اپنے حسن و جمال کے اعتبار سے بے نظیر ہیں اور خدا نے ان کو حسن کی دولت سے بہت زیادہ مالامال کیا ہے …

مسیحی عورتیں سلطان کے محل میں کس طرح پہونچیں؟

اس حیرت انگیز انکشاف نے مجھے متحیر بنا دیا سلطان ابن سعود ایک پختہ ارادہ کا بہادر انسان ہے اس نے اپنے نوجوان سپاہیوں کی بدولت اپنے باپ کی فرمانروائی کو دوبارہ حاصل کیا اور اپنی حسن تدبیر اور اصول حکمرانی کے باعث وہ دو تہائی عربوں کا امام بن گیا ایسے شخص کے حرم میں دو مسیحی خاتون کا وجود؟ بے شک یہ ایک حیرت انگیز انکشاف تھا …

سلطان کا سلوک

تھانہ بھون اور دہلی

کے

فتاویٰ کا مدلل جواب

(از حضرت مولانا مولوی عبد الصمد صاحب … ناظم جمعیۃ علماء ہند)

(۱۴) ریشمی کپڑے کا مقاطعہ ترک واجب کو مستلزم نہیں

ولایتی کپڑوں کے مقاطعہ کا مسئلہ جسکو جمعیت علماء ہند نے پاس کیا ہے …

جواب

دلچسپ حقائق و معلومات

انگریزی زبان میں سب سے پہلا خط

بیان کیا جاتا ہے کہ سب سے پہلا خط جو انگریزی میں لکھا گیا وہ سرجان پلیم کی بیوی نے خانگی طور پر لکھا تھا …

انگریزی میں سب سے پہلا پوسٹر

انگلستان لارڈ خاندانوں کی تعداد

طلباء اور درسگاہوں کی تعداد

انگلستان میں درآمد و برآمد

ہوائی جہازوں کی تعمیر میں اضافہ

کان کن مزدوروں کی تعداد

شہد کی درآمد

ایک سال کے اندر مکانوں کی تعمیر

انگلستان اور ویلز میں چار کروڑ پونڈ کی خیرات

انگلینڈ اور ویلز میں قانون غرباء کی رو سے جو رقم مفلس اور غریب لوگوں میں تقسیم کی گئی اس کی تعداد ۰۰۰،۹۲۵،۳ پونڈ تھی یہ صرف گذشتہ ایک سال کی مقدار ہے۔

مخلوط انتخاب ہی سے مسلم حقوق کا تحفظ ہوگا!

ہندو کیوں مخلوط انتخاب چاہتے ہیں

روزنامہ حقیقت کے ایک مقالہ کے پر … ایک مشہور بزرگ نے یہ سوال کیا ہے کہ آخر اس کی کیا وجہ ہے کہ صرف کانگریسی ہندو … مخلوط انتخاب رائج کر دیا جائے …

ایک اور اعتراض

ایک بڑا اعتراض یہ کیا جاتا ہے کہ مخلوط انتخاب کے ذریعہ سے مسلمانوں کے جو نمائندے کونسلوں میں جائیں گے چونکہ وہ زیادہ تر ہندو ووٹروں کی مدد سے منتخب ہوئے ہوں گے اس لئے وہ اسلامی حقوق کی نیابت و وکالت نہیں کر سکیں گے …

الہ آباد یونیورسٹی کی مثال

ایک اور غلط اندیشہ

مولانا محمد علی کا حکیمانہ …

ایک دوسری مثال

انتخاب جداگانہ کے معنی ہندو راج ہیں

مخلوط انتخاب

مخلوط انتخاب تحفظ نشست کے ساتھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

۲۷ اپریل سنہ ۱۹۳۱ء

جماعتی پروپگنڈا کے مذموم طریقے

غلط بیانیوں اور تہمت طرازیوں کی بھرمار

دنیا میں ہر شخص کو یہ حق حاصل ہے کہ اپنے مخصوص خیالات کی تبلیغ و اشاعت کرے اور اپنے گرد و پیش کو اپنے نقطۂ نظر کی صداقت کا قائل کرنے کے لیے ...

جمعیۃ علماء اور مخلوط انتخاب

"الجمعیۃ" کا تبادلہ تقریباً تمام اسلامی معاصرین سے ہے اور دفتر اس امر کی کوشش کرتا ہے کہ ہر معاصر کی خدمت میں ہر پرچہ بالالتزام حاضر ہوتا رہے۔ ...

ایک اخلاقی و مذہبی اصول

یہ اصول تمام عالم انسانیت کے لیے مسلّم ہے بالخصوص مسلمان اخلاقی اور مذہبی دونوں حیثیتوں سے اس کی صداقت کے قائل ہیں۔ ...

مغالطہ انگیزیوں کا انجام

جب توحید جیسے عقیدہ کی تبلیغ جو ہر مسلمان کا جزو ایمان ہے کذب کے ذریعہ نہیں کی جا سکتی ...

جامع مسجد دہلی کے جلسے

علمائے صوبہ سرحد کا تربناب تحصیل چارسدہ میں عظیم الشان اجتماع

جمعیۃ علمائے ہند کے محترم عہدہ داروں کا شکریہ

(از نامہ نگار خصوصی)

بتاریخ ۱۲ اپریل سنہ ۱۹۳۱ء جمعیت علمائے افغان کے اراکین نے دورہ کے ضمن میں موضع تربناب میں ایک عظیم الشان پبلک جلسہ کیا۔ تلاوت رکوع کے بعد مولوی فضل ربخان صاحب ناظم جمعیت تربناب نے جمعیت علمائے افغان کے اراکین کو ایک منظوم خطبہ استقبالیہ پڑھ کر سنایا جس سے حاضرین جلسہ نہایت درجہ محظوظ ہوئے۔ اس کے بعد مولوی سید عبداللہ شاہ صاحب ماتیزارہ تقریر کرنے کے لیے کھڑے ہوئے مولانا نے اپنے خاص انداز میں تقریر کرنی شروع کی۔ تقریر نہایت موثر تھی ... اس کے بعد مولانا محمد اسرائیل صاحب ناظم جمعیت العلماء کے نعروں کے درمیان اسٹیج پر تقریر کرنے کے لیے تشریف لائے ...

جدید مقدمہ سازش لاہور کی کاروائی

پولیس نے عدالت کے حکم کو ٹھکرا دیا

... مسٹر سلیمان کمشنر نے دریافت کیا کہ عدالت کس قانون کے ماتحت اس قسم کا کوئی حکم جاری کر سکتی ہے۔ ... جمعہ کے روز ہوگی۔

امرتسر میونسپل کمیٹی کے صدر کا انتخاب

خواجہ غلام صادق صدر منتخب ہوگئے

امرتسر ۲۳ اپریل۔ آج شام کو ٹاؤن ہال میں میونسپل کمیٹی کا ایک جلسہ منعقد ہوا اس موقعہ پر نئی میونسپل کمیٹی کے لیے صدر کے انتخاب کو دیکھنے کے لیے اکٹھا ہوگیا تھا۔ مسٹر رابرٹسن ٹیلر (نامزد ممبر) بالاتفاق صدر جلسہ منتخب ہوئے۔

خان بہادر خواجہ غلام صادق صاحب اور لالہ بال مکند صاحب ایڈووکیٹ کے نام صدارت کے لیے پیش کیے گئے قرعہ اندازی کے بعد خان بہادر خواجہ غلام صادق صاحب ۱۳ آراء کے مقابلہ میں ۱۷ آراء سے منتخب ہوئے۔ چند ممبروں نے فرقہ وارانہ اتحاد کی اپیل کی اگرچہ جوش بڑھا ہوا تھا لیکن جلسہ بخیر و خوبی ختم ہوگیا۔

خانہ ویرانی کی طرف سے بے نیاز ہوجاؤ

مہاجرین موضع افوہ کو سردار پٹیل کی نصیحت

بردولی ۲۴ اپریل۔ سردار ولبھ بھائی پٹیل اور جیمس ہاس ...

حسب ہدایت مہاراجہ صاحب ریاست تردلی کے پرائیویٹ سکریٹری کا مکتوب

حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کے نام

ریاست تردلی میں ایک قبرستان کے انہدام کے متعلق حاجی عبدالکریم صاحب کا جو مراسلہ ۱۲ اپریل کے الجمعیۃ میں شایع ہوچکا ہے اس پر حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب نے مہاراجہ صاحب تردلی کو بذریعہ تار توجہ دلائی تھی ہز ہائنس کے پرائیویٹ سکریٹری کا حسب ذیل جواب موصول ہوا ہے۔

آپ کے تار مورخہ ۱۶ اپریل کے جواب میں گزارش ہے کہ یہاں کوئی قبرستان نہیں کھودا جا رہا ہے اور نہ میرے سامنے بظاہر کوئی ایسی علامت موجود ہے جس سے مسلم رعایا کا غیر مطمئن ہونا پایا جاتا ہے۔ میں اس سلسلہ میں مزید حالات معلوم کرنا چاہتا ہوں۔ اگر بے اطمینانی کے وجوہ کچھ ہیں تو ان کے متعلق مطلع فرمائیے۔

رگھوناتھ پرشاد رائے صاحب پرائیویٹ سکریٹری ہز ہائنس

الہ آباد میں مسلم نیشنلسٹ پارٹی کا جلسہ

مخالف جماعت کی طرف سے فساد کا اندیشہ

الہ آباد ۲۴ اپریل مسلم نیشنلسٹ پارٹی نے ایک جلسہ کرنے کا انتظام کیا تھا لیکن معلوم ہوتا ہے کہ مخالف جماعت کی طرف سے بدنظمی پھیلانے کا خطرہ تھا اس لیے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے دفعہ ۱۴۴ کے ماتحت حکم دیا ہے کہ کوئی جلسہ منعقد نہ ہو اس لیے جلسہ منعقد نہیں ہوا۔ نیشنلسٹ پارٹی نے آج صبح ایک جلسہ کا اعلان کیا جس میں گذشتہ اتوار کے اس جلسہ کی اہمیت کو کم کر کے دکھایا جو ڈاکٹر شفاعت احمد خاں کی صدارت میں منعقد ہوا تھا ...

کانپور سرکاری تحقیقاتی کمیٹی کی کاروائی

پولیس کے خلاف سنگین الزامات

فسادات کو حکومت نے نہیں روکا بلکہ لوگ لڑتے لڑتے تھک گئے

۱۴ اپریل۔ کانپور مسٹر ... نے بیان کیا کہ ۲۴ مارچ کو ایک میں نے غل شور کی آواز سنی اور جب میں باہر آیا تو دیکھا کہ کچھ ...

مسٹر گیون جونز کی شہادت

مسٹر گیون جونز منیجنگ ڈائرکٹر کانپور کیمیکل ورکس لمیٹڈ ... نے بیان کیا کہ شہر کے مغربی حصہ میں پولیس نے ان کی کوئی حفاظت نہیں کی ...

مسٹر ... کی شہادت

تحقیقاتی کمیٹی میونسپلٹی لاہور واپس نہ ہوگی

لاہور ۲۳ اپریل۔ سرکاری اطلاع ہے کہ لاہور میونسپلٹی کی بے ضابطگیوں کی تحقیقات کرنے کے لیے جو کمیٹی مقرر کی گئی تھی اسکو واپس نہیں لیا جائے گا ... اختیارات دیئے گئے ہیں۔ مسٹر ظفر علی اور راجہ پرکشن لال کول کمشنر ... کی حسب ضرورت بروقت امداد کرتے رہیں گے۔

ڈاکٹر خانچند دیو کی گورنر سے ملاقات

لاہور ۲۴ اپریل۔ ... ڈاکٹر خانچند دیو سکریٹری ... نے گورنر سے ملاقات کی۔

شملہ میں وائسرائے کی پہلی آمد

سواری جلوس سے نکلے گی

شملہ ۲۴ اپریل۔ ہز ایکسیلنسی وائسرائے اور لیڈی ولنگڈن معہ اپنے عملہ کے یکم مئی کو جمعہ کے دن بعد دوپہر پہنچیں گے آپ کی آمد جلوس میں ہوگی حکومت کی فہرست میں جن لوگوں کے نام ہیں ان کو دعوت دی گئی ہے۔ ...

الہ آباد میں جلسہ کرنے کی ممانعت

الہ آباد ۲۴ اپریل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے احکامات جاری کئے ہیں کہ ... اپریل تک میونسپل کمیٹی کی حدود میں کسی جگہ بھی جلسے منعقد نہ کئے جائیں۔

گیا میں ہندو مسلمانوں کا مشترکہ جلسہ

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کی بصیرت افروز تقریر

ہندو مسلمانوں کو اتحاد کی تلقین

گیا ۱۸ اپریل۔ باشندگان گیا کا ایک عام جلسہ بابو راجندری پرشاد ایم۔ ایل۔ سی۔ صدر میونسپل کمیٹی کی صدارت میں میونسپل میدان میں منعقد ہوا مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے ہندو مسلم اتحاد پر ایک تقریر کی۔ آپ نے مسلمانوں سے درخواست کی کہ وہ قومی جد و جہد میں اور زیادہ حصہ لیں۔ کیونکہ ہندوستان مسلمانوں کا بھی اسی طرح وطن ہے جس طرح کہ ہندوؤں کا ... اور اپنے ہمسایوں کے ساتھ امن و محبت کی زندگی بسر کریں۔ آپ نے ہندوؤں سے اپیل کی کہ وہ بھی مسلمانوں سے برادرانہ سلوک کریں اور ان کے حقوق کا احترام کریں باہمی رضامندی اور محبت تمام مناقشات اور تنازعات کو دور کر دیتی ہے۔ ... (ا پ)

پراونشل اتحاد کمیٹی گیا کا جلسہ

فرقہ وارانہ فسادات ہندوستان کے مستقبل کیلئے تباہ کن ہیں

گیا ۱۸ اپریل۔ پراونشل اتحاد کمیٹی کے پروگرام کے مطابق گذشتہ ... باشندگان گیا کا ایک عظیم الشان جلسہ زیر صدارت حکیم قطب الدین صاحب منعقد ہوا تاکہ بقرعید کے موقع پر امن قائم رکھا جائے ... جناب صدر نے دونوں قوموں سے تحمل کرنے اور مل جل کر رہنے کی تلقین کی۔ (ا پ)

فروخت شدہ اراضی کس طرح لے سکتے ہیں

گاندھی جی کی بردولی میں کاشتکاروں سے ملاقات

بردولی ۱۴ اپریل۔ گاندھی جی نے بردولی تعلقہ کے ان کاشتکاروں سے آج سہ پہر ایک گھنٹہ تک بے ضابطہ گفتگو کی جن کی اراضی حکومت نے ضبط کرکے فریق ثالث کو فروخت کر دی ہے۔ ...

انتخاب جداگانہ یا مخلوط انتخاب

بقیہ صفحہ ۲

... ہندو ووٹ حاصل کئے اور مسلمانوں کے ووٹ اس قدر کثیر تعداد میں وہ حاصل نہیں کر سکا، تو کیا انصافاً یہ مناسب ہوگا کہ کامیاب امیدوار کو ہارا ہوا تسلیم کیا جائے ...

ایک اور تدبیر

آخری التجا

سلطان حجاز کے حرم میں دو مسیحی خواتین

بقیہ صفحہ ۳

سلطان کچھ نہیں ہے صرف سلطان اور اسلامی روایات کا حامل ہے ...

سلطان کی بیویوں کے مکانات

قبول اسلام کی توقع

حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کے نام

مولانا ظفر علی خاں صاحب کا مکتوب

مولانا المکرم۔ السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ۔

مسلم نیشنلسٹ کانفرنس لکھنؤ میں جو مدبرانہ روش آپ نے اختیار فرمائی اس پر میری طرف سے ہدیۂ تہنیت قبول فرمائیے اور جمعیۃ علمائے ہند کے صدر کی اسی قابل صد ستائش روش کا نتیجہ تھا کہ کانفرنس نے اپنی ایک قرارداد میں مسلمانوں کے اس طبقہ کے ساتھ جس کا زاویۂ نگاہ طریق انتخاب کے متعلق ... مصالحانہ مذاکرات کا دروازہ کھلا رکھنے کا اعلان کر دیا۔

اس نازک مرحلہ پر جب کہ انگریزوں سے اپنے مطالبات منوانے کے لئے ہندو مسلم مفاہمت ناگزیر ہے، دلدادگان طریق انتخاب جداگانہ اور حامیان انتخاب مخلوط کی باہم آویزش مسلمانوں کی اجتماعی قوت کو پارہ پارہ کر رہی ہے جس سے بجز خسران و خذلان کے اور کچھ حاصل ... دونوں فریقوں کو ایک نقطۂ خیال پر جمع کرنے کی غرض سے بہت سی کوششیں پہلے ہو چکی ہیں جو ناکام رہیں لیکن اگر خدائے بزرگ و برتر کی رحمت شامل حال ہو تو کوئی وجہ نہیں کہ ان کے المناک تشتت و افتراق کو رفع کرنے کی کوئی مخلصانہ کوشش اگر باسلوب مناسب آئندہ کی جائے تو اس کا حشر بھی وہی ہو جو مساعی سابقہ کا ہوا۔

مسلمانان لاہور کی خواہش ہے کہ جانبین کو مسئلہ زیر بحث میں کوئی درمیانی رستہ اختیار کر کے ایک نقطۂ نظر پر جمع کرنے کی ایک آخری کوشش اور کی جائے اور اس غرض سے کوئی بہت بڑی سنٹر کانفرنس منعقد کرنے کے بجائے چیدہ چیدہ قائدین کرام کو دعوت دی جائے کہ وہ سر جوڑ کر بیٹھ جائیں اور کسر و انکسار سے کوئی ایسا سیاسی کلیہ ملت کے لئے تجویز کریں جس سے سب کو اتفاق ہو تاکہ خانہ جنگی کی جو بلائے مہیب اس وقت مسلمانوں کے سر پر معلق ہے وہ ٹل جائے اور مسلمان اس قابل ہو جائیں کہ وہ اپنا متفقہ مطالبہ مہاتما گاندھی یا کسی فیصلہ کن رسالت ... سے دو کسی ایسے مطالبہ کے لئے بیحد مضطرب نظر آتے ہیں) برادران ہنود کے سامنے بطور تحت آخر پیش کر سکیں۔ اس نہایت ہی اہم اجتماع کے لئے جو وقت کی فوری ضرورت ہے دعوت دینے کا منصب مجھے تفویض کیا گیا ہے اور مجھے مجاز کیا گیا کہ حسب ذیل حضرات کو بہ تعیین تاریخ لاہور میں قدم رنجہ فرمانے کی دعوت دوں۔

مولانا ابو الکلام آزاد، مولانا شوکت علی، علامہ مفتی محمد کفایت اللہ، سیٹھ حاجی عبد اللہ ہارون، ڈاکٹر مختار احمد انصاری، علامہ سر محمد اقبال، خواجہ عبد الرحمن غازی، میاں سر محمد شفیع، مولانا عبد القادر قصوری، مولانا حسرت موہانی۔

پس میں جناب سے اسلام کی سیزدہ سالہ روایات کے نام پر مسلمانان ہند کی عزت کے نام پر جو خطرہ میں ہے اور ملت بیضا کی تاریخی وحدت و اتحاد کے نام پر صمیم قلب کے ساتھ التجا کرتا ہوں کہ اس عاجزانہ دعوت کو قبول فرمائیں اور یکم مئی کی شام یا ۲ مئی کی صبح تک رونق افزائے لاہور ہو کر مسلمانان لاہور کی عزت بڑھائیں اور ایک نہایت ہی پیچیدہ مسئلہ کا کوئی متفقہ حل سوچ کر اس بدنصیب ملت کی دستگیری فرمائیں ... تک اپنے شیرازہ کی پریشانی کو سوہان روح بنا رکھنے کی اب نہیں لاسکتی۔ دوران قیام لاہور میں جناب کی فرودگی کا مناسب انتظام کیا جا چکا ہے۔ اس عریضہ کا جواب بواپسی لطف ہو۔

دعاگوئے ملت اسلامیہ
ظفر علی خاں

لاہور
۱۸ اپریل ۱۹۳۱ء

حضرت مفتی صاحب کا جواب

مولانا محترم ۔۔۔ دام فیضکم

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ۔ عنایت نامہ مشتمل دعوت اجتماع مورخہ ۱۸ اپریل وصول ہو کر موجب تشکر و امتنان ہوا۔ جناب والا کو معلوم ہے کہ جمعیۃ العلماء کراچی اس نے اپنی ورکنگ کمیٹی کو ہدایت کی ہے کہ وہ دوسری مسلم جماعتوں سے گفتگو کر کے کوئی متفقہ تصفیہ کرے۔ اسی کے ماتحت خاکسار نے نیشنلسٹ مسلم کانفرنس لکھنؤ میں وہ بیان دیا ہے جس کا جناب نے مکرمت نامہ کی ابتدا میں حوالہ دیا ہے۔ میں ۱۲ ذی الحجہ مطابق ۱۸ اپریل کی تاریخ مقرر کر کے جانبین کو دعوت دینے والا تھا کہ جناب کا دعوت نامہ موصول ہوا۔ اور ایک اور تجویز سر محمد شفیع صاحب کی طرف سے اخبارات میں شائع ہوئی ہے۔

میری ناچیز رائے میں یہ مناسب ہوگا کہ جمعیۃ علماء جناب سے مسلم کانفرنس اور نیشنلسٹ مسلم پارٹی کو دعوت دی جائے۔ مسلم کانفرنس میں مسلم لیگ بھی شامل ہے اس لئے لیگ کی نمائندگی بھی اس میں ہو جائے گی۔ جمعیۃ علماء اور مسلم کانفرنس اور نیشنلسٹ مسلم پارٹی تینوں جماعتوں کے پانچ پانچ یا سات سات نمائندے مجتمع ہو کر کوئی متفقہ فیصلہ کریں۔ فیصلہ وو ٹنگ سے نہیں بلکہ تجھوتہ سے ہو۔

اگر جناب اس اجتماع کو جو آپ نے تجویز فرمایا ہے ملتوی فرمادیں تو بہتر ہے کیونکہ جناب کا اس اجتماع سے جو مقصد ہے وہ میری معروضہ صورت میں بوجہ احسن پورا ہو جائے گا۔ براہ کرم اپنے فیصلہ سے بواپسی مطلع فرمائیں۔

محمد کفایت اللہ
۲۳ اپریل ۱۹۳۱ء

فسادات کانپور کی سرکاری تحقیقات

پولیس کی کارروائیوں کے متعلق کمیٹی کے سامنے شہادتیں

کانپور ۲۰ اپریل۔ کانپور تحقیقاتی کمیٹی (سرکاری کمیٹی) کے روبرو لفٹننٹ کرنل سیلم کی شہادت ... میجر سیل نے آپ کی امداد کی۔ کرنل سیلم نے بیان کیا کہ ۲۴ مارچ کو ۲ بجے مسٹر سیل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی طرف سے مجھے تار موصول ہوا ...

یہ مسٹر سیوارڈ اور مسٹر لائیڈ ... مسٹر ہبرن نے آکر اطلاع دی کہ فوجی دستوں کو مسٹن روڈ پر جانے کا حکم ملا ہے۔ اس موقع پر پریذیڈنٹ نے دریافت کیا کہ کیا آپ کو یاد ہے کہ فوجی دستوں کے ساتھ مسلح پولیس بھی گئی تھی؟ جواب دیا گیا کہ فوجی دستے مسٹر ہبرن کے ہمراہ گئے تھے۔ ایک اور سوال کے جواب میں گواہ نے کہا مجھے خوب اچھی طرح یاد ہے کہ پولیس ہمراہ نہیں گئی۔ پریذیڈنٹ نے ایک اور سوال کیا کہ کیا کلیم ہال میں فوجی دستے دیکھے گئے تھے۔ گواہ نے جواب دیا کہ حسب معمول جو دربان وہاں ہوتا ہے موجود تھا۔ اپنے بیان کو جاری رکھتے ہوئے گواہ نے کہا کہ ... ہجوم کو منتشر کیا ہو نے دیکھا ...

پولیس نے کچھ نہیں کہا

شملہ ۹ جولائی۔ سکھوں کے وفد نے جو کل سینٹ دسنگھ مجیٹھی کی سرکردگی میں کمانڈر انچیف سے ملا تھا آج لارڈ ولنگڈن وائسرائے کو ایڈریس پیش کیا جس میں آئندہ آئین میں سکھوں کی پوزیشن کی حفاظت کرنے کے لئے سترہ نکات کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ انہوں نے اس بات پر خاص طور پر زور دیا تھا کہ وہ کسی خاص رعایت کے طالب نہیں ہیں بشرطیکہ جدید آئین خالص قومی نقطہ نظر پر مبنی ہو لیکن اگر دیگر اقلیتوں کو خاص مراعات دی جائیں تو ان کے مفاد کی بھی مناسب طور پر حفاظت کی جائے۔

سکھوں کو فوجی کونسل میں مناسب نمائندگی دی جائے اعلیٰ اور ... پنجاب کی صدی نشستیں دی جائیں۔ تمام برٹش انڈیا کی مرکزی حکومت کے ہاتھوں میں اور سکھوں کو دیگر اقلیتوں کے مطابق زائد از وزن نیابت ملنی چاہئے۔

وائسرائے کا جواب

ایڈریس کا جواب دیتے ہوئے وائسرائے نے ان کو یقین دلایا کہ وہ اس بات کی کوشش میں اپنے تمام اثرات کام میں لائیں گے کہ تمام فرقہ جات کے ساتھ مناسب سلوک کیا جائے اور اقلیتوں ... کے مفاد کا خاص خیال رکھا جائے۔ ...

زیرہ بم کیس کے ملزموں کی اپیل خارج کر دی گئی

لاہور ۹ جولائی۔ آج صبح لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس ... نے ملزمین پورن سنگھ اور گوردت کی اپیل خارج کر دی۔ ناظرین کو یاد ہوگا کہ انہوں نے گذشتہ ماہ نومبر میں زیرہ پولیس اسٹیشن پر بم پھینکا تھا ... ڈھائی ڈھائی سال کی سزا کا حکم دیا۔

کانپور کے مقدمات کی سماعت کیلئے انگریز جج کا تقرر

الہ آباد ۹ جولائی۔ اطلاع ملی ہے کہ مسٹر ... کانپور میں ... سیشن جج مقرر کیا جائے گا اور آپ فرقہ وارانہ فسادات کے مقدمات کی سماعت فرمائیں گے۔

تھایٹ میو کا گورہ فوج سے محاصرہ

کرفیو آرڈر کا نفاذ۔ باغیوں سے حملہ کا اندیشہ

رنگون ۹ جولائی۔ تھایٹ میو کا شہر جہاں کہ گورنر صاحب برما آج کل قیام فرما ہیں محاصرہ کی حالت میں دکھلائی دیتا ہے۔ ... کرفیو آرڈر کا نفاذ کر دیا گیا ہے ... ڈسٹرکٹ حکام نے یورپین اور اینگلو انڈین باشندوں کے نام حکم صادر کر دیا ہے کہ ان کو حملہ کی صورت میں کیا کرنا چاہیے۔ (ٹائمز آف انڈیا)

مقامی حکومتیں دہلی معاہدہ کو پامال کر رہی ہیں

معاہدہ کی خلاف ورزی حکومت کی طرف سے ہونے دو

کانگریس کمیٹیوں کو گاندھی جی کا جواب

احمد آباد ۹ جولائی۔ گاندھی جی ینگ انڈیا میں رقمطراز ہیں کہ بہت سے مقامات سے شکایات موصول ہو رہی ہیں کہ مقامی حکام سمجھوتہ دہلی کے ٹکڑے ٹکڑے کر رہے ہیں اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حکومت کانگریس سے برسر پیکار ہے اور اس لئے اس کی نظر میں ہر کانگریسی کارکن مشتبہ ہے۔ ...

اس کے بعد گاندھی جی لکھتے ہیں کہ مجھے صوبجات متحدہ، پنجاب اور بنگال سے شکایات موصول ہو رہی ہیں ... اور اس ساری سختی کو برداشت کریں گے۔ ...

مفسدانہ تقریر کے الزام میں ایک ایڈیٹر کی گرفتاری

لاہور ۹ جولائی۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ راولپنڈی کے جاری کردہ وارنٹ کی بنا پر لالہ ... ایڈیٹر "ویر بھارت" ... گرفتار کر لئے گئے ہیں۔

کانگریس کی مجلس عاملہ کا اجلاس بمبئی

مولانا شوکت علی کے مقابلہ میں قوم پرور مسلمانوں کی تجاویز

بمبئی ۹ جولائی۔ معلوم ہوا ہے کہ کانگریس کارکن کمیٹی نے مولانا شوکت علی کے علاوہ قوم پرست مسلمانوں کے نمائندوں کو بھی دعوت دی ہے ... مخلوط انتخابات اور جداگانہ انتخابات ... مولانا شوکت علی سے بات چیت کرے گی۔

ناظم ندوۃ العلماء کا استعفا اور انتخاب

حضرت علامہ سید سلیمان صاحب ندوی کی اطلاع

جناب نواب سید محمد علی حسن خاں صاحب نے پیری اور ضعف و علالت کے باعث مدت سے ندوۃ العلماء کی نظامت سے علیحدگی پر مصر تھے اور صرف ارکان کے اصرار سے وہ بار بار اپنا استعفا واپس لے لیتے تھے ... آئندہ بحیثیت ناظم کے جناب نواب صاحب ممدوح کو تکلیف نہ دی جائے اور ڈاکٹر صاحب کے نام دفتر ندوۃ العلماء لکھنؤ کے پتہ سے خطوط اور زر چندہ بھیجے جائیں۔

سید سلیمان ندوی

شملہ لائن کا انجن پچاس فٹ نیچے کھڈ میں گر پڑا

بیس آدمی زخمی مگر گاڑی بال بال بچ گئی

شملہ ۹ جولائی۔ آج صبح کالکا سے شملہ جانے والی ۸۳ اپ گاڑی انجن اور تین ڈبے لائن سے اتر کر کھڈ میں گر گئے ... ایک ڈبہ لائن سے اترے اور ایک کھڈ میں گر گئے ...

نوجوان بھارت سبھا کانفرنس کی تجاویز

گاندھی ارون مفاہمت۔ گول میز کی شرکت سب غداری ہے

سوویٹ روس کی مخالفت ملوکیت پرستی ہے

امرتسر ۹ جولائی۔ پنجاب پراونشل نوجوان بھارت سبھا کانفرنس منعقدہ ملتان میں مندرجہ ذیل ریزولیوشن اتفاق رائے سے پاس ہوئے۔

(۱) نوجوان بھارت سبھا کا یہ اجلاس شہید بھگت سنگھ، راجگورو اور سکھدیو ... کی قربانیوں کو فخر کی نظر سے دیکھتا ہے ...

(۲) نوجوان بھارت سبھا کا یہ اجلاس گاندھی ارون سمجھوتہ کو ... غداری تصور کرتا ہے اور گول میز کانفرنس میں شرکت کو غداری تصور کرتا ہے ...

(۳) نوجوان بھارت سبھا کی اس کانفرنس کی رائے میں موت کی سزا بربریت اور وحشت کی نشانی ہے ...

(۴) نوجوان بھارت سبھا کی یہ کانفرنس حکومت کی اس پالیسی کی سخت مذمت کرتی ہے ...

(۵) نوجوان بھارت سبھا کی یہ کانفرنس ... مارشل لاء ... ہمدردی کا اظہار کرتی ہے ...

(۶) نوجوان بھارت سبھا کا یہ اجلاس سوویٹ روس کے خلاف ملوکیت پرست سرمایہ دار حکومتوں کی جنگی تیاریوں کی مذمت کرتا ہوا ہندوستان کے عوام سے اپیل کرتا ہے ...

(۷) نوجوان بھارت سبھا کا یہ اجلاس اس بات کی پرزور مذمت کرتا ہے ...

(۸) نوجوان بھارت سبھا کا اجلاس ... کی سزائے موت پر ... اظہار کرتا ہے۔

(۹) نوجوان بھارت سبھا کا اجلاس ...

برما میں ڈاکہ۔ لوٹ آتشزدگی اور قتل

پولیس چوکی پر پچاس باغیوں کا حملہ

رنگون ۹ جولائی۔ باغیوں کی سرگرمیاں ابھی تک بدستور جاری ہیں ... تقریباً پچاس باغیوں نے ... پولیس چوکی پر حملہ کیا ...

آج ۹ مزید باغیوں نے خود کو پولیس کے حوالے کر دیا ہے۔

وزراء کی تعداد اور ملازموں کی تنخواہوں میں تخفیف

حکومت بمبئی کی تخفیف کمیٹی کی سفارشات

پونا ۹ جولائی۔ اس سال کے بجٹ میں ... لاکھ کا گھاٹا پورا کرنے کے واسطے ... تخفیف کمیٹی مقرر کی تھی ...

۳۰ روپیہ سے ۲۰۰ روپیہ لینے والے ۵ فی صدی
۲۰۰ " " ۵۰۰ " " ۷½ " "
۵۰۰ " " ... " " ... " "
۷۰۰ روپیہ سے زیادہ لینے والے ۱۰ فی صدی

...

سب سے پہلی تصنیف

لیڈروں کے محتاج نہ ہو!

ہندوستانی سیاسیات میں اس وقت سب سے زیادہ اہمیت طریقہ انتخاب کو دی جا رہی ہے ... مسئلہ انتخاب ... ایم اے مجید معرفت منیجر الجمعیۃ دہلی

ضرورت ہے

میرٹھ۔ غازی آباد۔ ہاپوڑ۔ مظفر نگر۔ لکھنؤ۔ دیوبند۔ سہارنپور۔ منگلور۔ گنگوہ۔ انبہٹہ۔ نجیب آباد۔ نگینہ۔ بجنور۔ ... کے لئے الجمعیۃ کے ایجنٹوں کی ضرورت ہے ...

منیجر اخبار "الجمعیۃ" دہلی

کانگریس کی مجلس عاملہ کے روبرو حکومت کی شکایات

صوبجاتی حکومتیں کس طرح دہلی مفاہمت کو پامال کر رہی ہیں

ہندو مسلم مسائل پر ڈاکٹر انصاری صاحب کا بیان

بمبئی ۸ جولائی۔ اگرچہ آل انڈیا ورکنگ کمیٹی کی تمام کارروائی اس وقت تک صیغہ راز میں رکھی گئی ہے تاہم وثوق سے کہا جاتا ہے کہ گاندھی ارون سمجھوتہ کی شرائط کی جس طریق پر مقامی حکومتوں نے خلاف ورزی کی ہے اس کے متعلق ممبران نے علیحدہ علیحدہ شکایات کیں جن کو گاندھی جی اور سردار ولبھ بھائی پٹیل نے نہایت سکون سے سنا۔ کہا جاتا ہے کہ پنڈت جواہر لال نے یو-پی کی گورنمنٹ کی خلاف ورزیوں کو تفصیل وار بیان کیا اور بہت سی مثالیں پیش کیں جن سے واضح ہوتا تھا کہ یو-پی گورنمنٹ کس طرح سمجھوتہ کی شرائط کو پامال کر رہی ہے۔ آپ نے اس امر پر زور دیا کہ یو-پی گورنمنٹ کی کارروائی خاص طور پر غور کے قابل ہے کیونکہ دہلی کا سمجھوتہ اس صوبہ پر بھی عائد ہوتا ہے۔

کیرل صوبجاتی کانگریس کمیٹی کے صدر مسٹر کیلاپان نے جن کو خاص طور پر مدعو کیا گیا تھا ممبران کے سامنے ایسی بہت سی مثالیں پیش کیں جن سے ظاہر ہوتا تھا کہ کیرالہ کی گورنمنٹ نے سمجھوتہ کی شرائط کی خلاف ورزی کی ہے۔ آپ نے کمیٹی سے درخواست کی وہ کیرل کے حالات پر خاص توجہ دے۔ اس وقت تک صرف یو-پی۔ اور کیرالہ کے حالات ہی کمیٹی کے روبرو پیش کئے گئے ہیں۔ اس کے بعد گول میز کانفرنس اور کانگریس ... پر بحث و تمحیص ہوگی نیز ہندو مسلم مسئلہ پر بھی غور کیا جائے گا کیونکہ خیال کیا جاتا ہے کہ ڈاکٹر انصاری ایک ایسی تجویز پیش کریں گے جس سے اس مسئلہ کے حل ہو جانے کا امکان ہے۔

دوسرا اجلاس

بمبئی ۸ جولائی۔ آج صبح ... بجے کانگریس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس پھر منعقد ہوا اور سوا گیارہ بجے ختم ہوا ... مولانا ابوالکلام آزاد آج صبح بمبئی تشریف لے آئے ہیں ... اجلاس میں شریک ہوں گے۔

کمیٹی نے بنیادی حقوق کی کمیٹی کی رپورٹ کی تصدیق کی اور ممبران کی ... کا اعتراف درج ریکارڈ کیا۔

بعد ازاں ملک کی موجودہ صورت حالات پر غور کیا گیا ...

فرید پور کانفرنس کو ناکام بنانے کیلئے کیا کیا کوششیں کی گئیں

دلائل کی رو سے فرقہ پرست قوم پرور مسلمانوں کا مقابلہ نہیں کر سکتے

شفیع داؤدی کے جواب پر ڈاکٹر انصاری کا تبصرہ

بمبئی ۸ جولائی۔ آج ایک اخباری نمائندے کے ساتھ ملاقات کے دوران میں اپنی تقریر میں جو میں نے یہ کہا تھا کہ تعلیم یافتہ مسلمانوں کا سمجھدار طبقہ اور عوام قوم پرست مسلمانوں کے ساتھ ہیں تو یہ صرف میری خوش فہمی ہی نہیں تھی بلکہ میں نے فرید پور میں اس کا مظاہرہ دیکھ لیا تھا اور اس معاملہ میں میں اپنے کسی مخالف کو بھی چیلنج کرنے کو تیار ہوں۔

اپنے بیان کو جاری رکھتے ہوئے ڈاکٹر صاحب نے کہا کہ فرید پور کانفرنس کو ناکام بنانے کے لئے فرقہ پرستوں نے کتنی کوشش کی اور اس مطلب کے لئے مقامی فرقہ پرستوں کو مسوری، ڈھاکہ اور کلکتہ سے تار بھیجے گئے ان تاروں کو میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔

آخر میں آپ نے کہا کہ چونکہ دلائل کی رو سے تو فرقہ پرست قوم پرست مسلمانوں کا مقابلہ نہیں کر سکتے اس لئے وہ اب غنڈا شرارت پر اتر آئے ہیں مگر یہ امر موجب اطمینان ہے کہ ان کی یہ کوشش بھی ناکام رہی ہے۔ جب آپ سے دریافت کیا گیا کہ کیا وہ مولانا شفیع داؤدی کے بیان کا جواب نہیں دیں گے تو آپ نے فرمایا کہ مولانا شفیع اصلی معاملہ کو نظر انداز کر گئے ہیں ... اکثریت کو قربان کرنے کو تیار ہیں۔ مولانا شفیع نے اس سیدھے سوال کا جواب دینے سے پہلوتہی کی ہے اس معاملہ میں میں ہزاروں شفیع داؤدیوں کی تردید کر سکتا ہوں اگر ان میں جرأت ہے تو وہ اس معاملہ پر مسلمانوں کا فیصلہ حاصل کریں۔

گاندھی جی کا مکتوب ہوم سکرٹری گورنمنٹ آف انڈیا کے نام

دہلی مفاہمت کی خلاف ورزی کی بابت گفتگو

بمبئی ۸ جولائی۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ گاندھی جی نے مسٹر ایمرسن ہوم سکرٹری گورنمنٹ آف انڈیا کو ایک خط تحریر کیا ہے جس میں مقامی حکومتوں کی جانب سے سمجھوتہ کی شرائط کی جس طریقہ سے خلاف ورزی کی گئی ہے اس کا ذکر کیا گیا ہے۔ نیز گاندھی جی نے اس خط میں یہ بھی تحریر کیا ہے کہ اس کے متعلق ایک ثالثی بورڈ کا تقرر کیا جائے تاکہ وہ اس کے متعلق تحقیقات کرے اور آئندہ کے لئے اس کا انسداد کیا جائے۔ گاندھی جی جواب کا انتظار کر رہے ہیں۔

برما کے لیڈر مسٹر مونگ کی گاندھی جی سے ملاقات

برما کی علیحدگی کے متعلق تبادلہ خیالات

بمبئی ۸ جولائی۔ مسٹر مونگ مونگ جی نے جو برما کو ہندوستان سے علیحدہ کرنے کے مخالفین کے لیڈر ہیں گاندھی جی اور پنڈت جواہر لال نہرو سے ملاقات کی اور ان کو اس سیاسی صورت حالات سے مطلع کیا جو برما کی علیحدگی کے مخالفین کے گول میز کانفرنس اور فیڈرل تعمیری کمیٹی میں مناسب نمائندگی کے متفقہ مطالبہ سے پیدا ہو گئی ہے ... مسٹر مونگ جی نے اس سلسلہ میں وائسرائے سے دو مرتبہ ملاقات کی ...

پبلک پراسیکیوٹر اور اس کی بیوی کا قتل

کسی نامعلوم شخص نے گولی مار دی

کراچی ۸ جولائی۔ جیکب آباد کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ مسٹر ... اسسٹنٹ پبلک پراسیکیوٹر اور ان کی بیوی کو جب کہ وہ سو رہے تھے کسی نامعلوم شخص نے گولی مار کر ہلاک کر دیا۔

گول میز کانفرنس میں کانگریس کا درجہ

تحفظات ہندوستان کے مفاد پر مبنی ہونگے

قدامت پسندوں کو گاندھی جی کا جواب

بمبئی ۸ جولائی۔ تحفظات اور آزادی کے ریزولیوشن پر مجوزہ پابندی مسٹر ... کے اعلان کے متعلق ایک اخباری نمائندہ سے گاندھی جی نے ملاقات کی ... یہ کہنا نہیں ہے کہ کانگریس نے تحفظات کے اصول کو تسلیم کر لیا ہے مگر وہ تحفظات ہندوستان کے مفاد پر مبنی ہونے چاہئیں ...

ہندوستان میں بدیشی کپڑے کے سٹاک کو غیر ممالک میں بھیجنے کی اسکیم کی بیان کردہ ناکامی کے متعلق گاندھی جی نے کہا کہ میں کامیابی کے بارے میں پرامید ہوں ... تو اس اسکیم کو کامیاب بنایا جا سکتا ہے۔

قدامت پسند پارٹی کی شرمناک حرکتیں

لارڈ ولنگڈن کی تقریر نے حکومت کے وقار کو تباہ کر دیا

لندن ۸ جولائی۔ ہوس آف کامنز کے ایک رجعت پسند ممبر مسٹر براکن نے ایک تحریک پیش کرنے کا نوٹس دیا ہے جس میں وائسرائے ہند لارڈ ولنگڈن کی ۸ جون والی تقریر کی مذمت کی گئی ہے محرک کا خیال ہے کہ تقریر بودے پن اور شکست کی اسپرٹ کو ظاہر کرتی ہے اور اس سے گورنمنٹ ہند کے وقار کو دھکا لگے گا۔

دارالعوام میں الٹا کانگریس پر اتہام

یو-پی کانگریس کے خلاف قدامت پسندوں کی شرافشانی

لندن ۸ جولائی۔ ہوس آف کامنز میں مسٹر مورڈ ڈربی نے دریافت کیا کہ کیا ضلع رائے بریلی یو-پی میں کانگریس کی خلاف قانون سرگرمیوں کی روک تھام کے لئے گورنمنٹ ہند تدابیر اختیار کر رہی ہے مسٹر بین وزیر ہند نے جواب دیا کہ ان کے پاس ٹھیک اطلاع نہیں پہنچی ہے۔

ہاں حال ہی میں ان کو یہ اطلاع دی گئی تھی کہ یو-پی کے بعض اضلاع میں جو لوگ لگان کی عدم ادائیگی کی حوصلہ افزائی کر رہے ہیں ان کے خلاف قانون کے تحت کارروائی کی جا رہی ہے۔

مسٹر مورڈ ڈربی نے دریافت کیا کہ کیا وزیر ہند کو معلوم ہے کہ ایک ڈپٹی کمشنر نے کانگریسیوں کی ان سرگرمیوں کو روکنے کی کوشش کی تھی اگر گورنمنٹ ہند نے اس کو حکم دیا کہ وہ ایسی میٹنگوں کو اپنی مہم جاری رکھنے کی اجازت دیدیں۔ وزیر ہند نے جواب میں کہا کہ وہ اس بیان کو منظور نہیں کرتے ہیں کیونکہ اس کی تائید میں ان کے پاس کوئی شہادت نہیں ہے۔

پنجاب ہائیکورٹ میں ۸۰ کلرکوں کی برطرفی

لاہور ۷ جولائی۔ پنجاب ہائی کورٹ میں بھی تخفیف عمل میں لائی گئی ہے معلوم ہوا ہے کہ آج ہائیکورٹ کے تقریباً ۸۰ کلرکوں اور مترجموں کو نوٹس دیدئے گئے ہیں کہ اب ان کی خدمات کی ضرورت نہیں ہے۔

ڈاکٹر اسد کی ادب نوازی

رسالہ نقاد کا اجراء

کلکتہ ۷ جولائی۔ مشرقی ہند میں اردو کی نشر و اشاعت کے لئے ڈاکٹر اسد ایک علمی ادبی اور تنقیدی ماہانہ رسالہ "نقاد" نکال رہے ہیں جس کا پہلا نمبر ڈاکٹر صاحب موصوف کی ادارت اور پوری ذمہ داری میں بہت جلد شائع ہو جائے گا۔

بمبئی میں قوم پرور مسلمانوں کا اجتماع

گول میز کانفرنس کے مسلم نمائندوں سے اظہار بیزاری

بمبئی ۸ جولائی۔ کل بمبئی پریذیڈنسی کی قوم پرست مسلم پارٹی کا اجلاس منعقد ہوا مسٹر ایس اے برلیوی۔ ایڈیٹر "بمبئی کرانیکل" نے صدارت کی متعدد مقامات پر شاخیں قائم کرنے کے لئے جو درخواستیں موصول ہوئی تھیں ان پر غور کیا گیا آخر میں یہ فیصلہ ہوا کہ ان درخواستوں کے بموجب زبردست پروپیگنڈا کرنا چاہیئے۔

مسٹر عباس طیب جی کی تجویز پر یہ طے پایا کہ سرکردہ قوم پرست مسلمانوں کو پریذیڈنسی کے مختلف مقامات پر پروپیگنڈا کے لئے بھیجنا چاہیئے۔

اس کے بعد مسٹر ابراہیم سی چھاگلہ نے مندرجہ ذیل ریزولیوشن پیش کیا۔

صوبہ بمبئی کی قوم پرست مسلمانوں کی یہ کانفرنس پرزور الفاظ میں یہ اعلان کرتی ہے کہ گول میز کانفرنس کے مسلم نمائندے ہندوستانی مسلمانوں کے صرف ایک طبقہ کی رہنمائی کرتے ہیں اور ملک کے کثیر لوگوں کو ان میں قطعی اعتقاد نہیں ہے قوم پرست مسلمانوں کی یہ کانفرنس کارکن کمیٹی کا یہ مطالبہ ہے کہ قوم پرست مسلمان باقاعدہ گول میز کانفرنس میں نامزد کئے جائیں کچھ دیر بحث مباحثہ کے بعد ریزولیوشن پاس ہو گیا مسٹر مہر علی نے اختلاف رائے ظاہر کیا اور فرمایا کہ وہ ان کے نوجوان ہمراہی سمجھتے کے مستحق نہیں ہیں۔

مجلس عاملہ کے اجلاس کی مزید کارروائی

گاندھی جی سے مولانا شوکت علی کی ملاقات

بمبئی ۸ جولائی۔ کانگریس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس آج ... منعقد ہوا ... گفتہ تک جاری رہا معلوم ہوا ہے کہ اس میں ملک کی موجودہ حالت کے متعلق ... کیا گیا ہے ...

سہ پہر سے قبل مولانا شوکت علی نے گاندھی جی سے نصف گھنٹہ تک گفت و شنید کی انہوں نے ورکنگ کمیٹی کے چند دیگر ممبران سے بھی ملاقات کی کمیٹی کا آئندہ اجلاس کل صبح ۸ بجے منعقد ہوگا۔

کانگریس کے مشیروں میں کوئی اختلاف نہیں ہے

کانگریس کمیٹی کے جنرل سکرٹری کی طرف سے تردید

بمبئی ۸ جولائی۔ آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے جنرل سکرٹریان نے اخبارات میں شائع شدہ اس خبر کی تردید کی ہے کہ گول میز کانفرنس میں کانگریس کی شرکت کے سوال پر ورکنگ کمیٹی میں اختلاف رائے ہے سکرٹریان کی رائے میں اس اخبار کی تمام رپورٹ غلط اقتباسات پر مبنی ہے کانگریس کے مشیروں میں کوئی اختلاف رائے نہیں ہے۔

اگر تندرستی میں فرق ہے تو زندگی بیکار ہے

شربت اکسیر (رجسٹرڈ)

قیمت فی شیشی ایک روپیہ

اگر آپ ستاری دنیا سے بدگمان ہو گئے ہیں تو صرف ایک روپیہ اور بھی خرچ کر کے ہمارے کارخانے کا شربت اکسیر استعمال کر کے قدرت خدا کا تماشہ دیکھئے ...

جریان ...

۱۳ برس کا پرانا جریان شربت اکسیر کے استعمال سے اچھا ہو گیا

حکیم سید محمد عزیز حسن پری گیٹ بھوپال

ملنے کا پتہ۔ ایس۔ اے۔ بی۔ بخشی۔ ایجنسی کمپنی ... اسٹریٹ کلکتہ

زمین پر تارے نکل آئے

دلہنوں کی کانفرنس

عروس نوشاہ

بیوی کے فرائض

سوانح حیات مولانا محمد علی

آپ کی عمر ایک سو بیس سال ہو سکتی ہے

سفرنامہ یورپ

احمد بک ایجنسی پہاڑی املی دہلی

دو سو روپیہ مفت حاصل کرو

اکسیر عزیزی ...

نسخہ بہراپن کا شرطیہ علاج

کان بہنے، زخم، کم سننے، کان بند یا بھاری رہنے ... کان کی تمام بیماریوں کی ایک مجرب و اکسیر بے خطا دوا

بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کراماتی

ہماری ... قیمت فی شیشی ...

کان کی دوا۔ بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یو۔پی)

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

سہ روزہ

یداللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری
معاون
محمد عثمان فارقلیط

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
کو شائع ہوتا ہے
نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ ( )
ایک کالم ( )

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
فی پرچہ (بیرونجات)
(مقامی)
ممالک غیر کیلئے
سالانہ
ششماہی

جلد ۱۴ | دہلی یوم پنجشنبہ ۲۹ صفر المظفر ۱۳۵۰ھ ہجری مطابق ۱۶ جولائی ۱۹۳۱ء | نمبر ۵

صوبہ سرحد میں جمعیۃ علماء کا احیاء

مذہبی اور سیاسی اصلاحات کیلئے علماء کرام کے اہم اقدامات

انگریزی قوانین کے بجائے شرعی احکام کے نفاذ کا مطالبہ

یوم دوشنبہ ۲۲ جون ۱۹۳۱ء مطابق ۵ صفر ۱۳۵۰ھ شہر پشاور مسجد ... خان میں صوبہ سرحد کے مقتدر علماء کرام کا واقعات حاضرہ پر غور کرنے کے لئے ایک عظیم الشان اجتماع ہوا جس میں ملک کے مختلف اطراف سے ڈیڑھ سو علماء موجود تھے۔ واقعات حاضرہ پر مباحثہ ... کرنے کے بعد حسب ذیل تجاویز باتفاق ...

(۱) اس جمعیۃ کی رائے میں قوم کی موجودہ تباہی کی اصلی وجہ شریعت محمدیہ کی مخالفت اور موجودہ انگریزی قانون کا ... [illegible]

(۶) یہ جمعیۃ علماء کرام سے استدعا کرتی ہے کہ مسلمانوں کو حسب ذیل اخلاقی واقتصادی نقصانات پر متوجہ کرکے کوشش سے ان کو روکیں ... [illegible]

(۷) یہ جمعیۃ مسلمانوں کا مسئلہ حجاب اور تصویر کشی اور سود خوری کی طرف خاص ... [illegible]

[illegible]

جمعیۃ علماء صوبجات متحدہ کا اجلاس میرٹھ

بصدارت جناب مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند

[illegible]

معاصرین کے افکار و آراء

ملت اسلامیہ کی نجات کا واحد ذریعہ (مدینہ)

اصل طریق کار یہ ہونا چاہیے کہ ملت اسلامیہ کو ایک مشترکہ خاندان تصور کر لیا جائے جس کا ہر فرد اپنی استعداد فطری کے مطابق خدمت میں مصروف ہے۔ ایک شخص تجارت سے روزی کما سکتا ہے تو اسے تجارت کی اجازت دی جائے، دوسرا شخص ملازمت کی جانب راغب ہے تو اسے ملازمت کرنے دی جائے اور تیسرا فرد زراعت سے خاندان کا پیٹ پال سکتا ہے تو اسے کھیتی باڑی کرنے دی جائے، اصرار صرف اس بات پر ہو کہ کوئی فرد خاندان اپنی ذات کو پیش نظر رکھے بلکہ سب کا مقصد پورے کنبے کی خدمت اور آبادی ہو۔

ملت اسلامیہ اسوقت متعدد عناصر سے مرکب ہے۔ ... [illegible]

ہوتے بغیر ملک و ملت کی خدمت کر سکتے ہیں۔ اتحاد عمل کی کوشش ہو چکی ہے ... تقسیم عمل ہے اور اسی کا نام ہے اختلاف امتی رحمۃ۔

پست ہمتی کا علاج (امارت)

مسلمانوں کے آپس کا اختلاف و تنازع ان کی پست ہمتی کا سبب ہے جیسا کہ اشاعۃ ماسبق میں قرآن حکیم کی ایک آیت کے حوالہ سے بیان کیا جا چکا ہے۔ ضرورت ہے کہ مسلمان اپنے مرض کے علاج کی طرف توجہ کریں۔ قرآن حکیم میں تمام امراض کے علاج کو بھی بیان کر دیا گیا ہے ... [illegible]

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ فَإِنْ تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ ...

ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول اور امیر المومنین کی اطاعت کرو ... [illegible]

ریلوے بورڈ توجہ کرے (زمیندار)

[illegible]

چرتھاول میں کیا ہو رہا ہے

ناظرین الجمعیۃ کو ضروری اطلاع

چرتھاول میں کئی سال سے جدید و مفید تصنیف و تالیف کا سلسلہ جاری ہے فارسی عربی کی آسان و مشہور کتابیں شائع ہو چکی ہیں جن سے تعلیم کی ابتدائی مشکلات کا خاتمہ ہو گیا ہے ... جدید کی تعلیم سے طلبہ میں علم کی روح پھونکی جاتی ہے آپ بھی ان عجیب و غریب کتابوں کو علمی نعمت سمجھ کر اپنے ... مدارس میں داخل کرائیں اور چند روز میں تعلیم میں ترقی کا انقلاب دیکھ کر مصنف کی داد دیں۔ یہ کتابیں کئی کئی بار طبع ہو چکی ہیں ان سے محروم رہنا بڑی بدقسمتی ہے اور وہ یہ ہیں۔

فارسی زبان کا قاعدہ تین آنے ۳/ — رہبر فارسی تین آنے ۳/ — لطائف فارسی تین آنے ۳/ — عربی زبان کا قاعدہ تین آنے ۳/ — علم الصرف حصہ اول و دوم ۳/ حصہ سوم ۵/ — علم النحو ۳/ عوامل النحو ۳/ — عربی صفوۃ المصادر مع لغات جدیدہ (۶/) — روضۃ الادب فی تسہیل کلام العرب (۸/)

نوٹ: محصول ڈاک ہر حالت میں بذمہ خریدار ہوگا۔ پتہ صاف تحریر کریں۔

پتہ: شفیق احمد۔ اشاعت الادب پوسٹ چرتھاول مظفر نگر

بے روزگاروں کیلئے شریفانہ ذریعہ معاش

اگر آپ بے روزگاری کے ہاتھوں تنگ ہیں اور معاش کا کوئی بہتر ذریعہ آپ کے پاس نہیں ہے تو الجمعیۃ کی ایجنسی حاصل کرنے کے لئے آج ہی درخواست کیجئے۔ الجمعیۃ کی ایجنسی لیکر آپ آٹھ آنے سے کر دو روپیہ روزانہ تک بآسانی کما سکتے ہیں اور اسی کے ساتھ ایک حق پرست اسلامی اخبار کی توسیع اشاعت کا فرض بھی ادا کر سکتے ہیں۔

شرائط ایجنسی کے لئے اس پتہ پر ایک کارڈ لکھیئے

پتہ: منیجر اخبار "الجمعیۃ" دہلی

دق کی دوا مفت

حکیم مقبول احمد صاحب تعلیم یافتہ و سند یافتہ مدرسہ طبیہ دہلی تکمیل الطب لکھنؤ ... سے ہر قسم کی دق ... جو پچاس خوراک ... [illegible] ... معمولی قیمت چالیس خوراک پانچ روپیہ (۵/) غریب اشخاص بشرطیکہ بستی کے معزز حضرات تصدیق فرمائیں ایک آنہ کا ٹکٹ بھیجکر پندرہ خوراک مفت طلب کریں۔

المشتہر: منیجر دواخانہ حکیم مقبول صاحب گنگوہ سہارنپور محلہ سرائے

دوا العصفور

بے مقویات میں لاجواب

اعادہ قوت مردمی و ازالہ ضعف باہ کا بےخطا علاج

اس کا استعمال آپ کو تمام مقویات و ممسکات ادویہ اور اطلبہ وغیرہ سے بے نیاز کر دیگا اس کی صداقت میں صرف اس قدر لکھ دینا کافی ہے کہ اس کی ایک خوراک نمونۃً منگا کر استعمال کیجئے اگر فوری قوت نہ پیدا کرے تو حلفاً اور اخلاقاً نمونہ کی قلیل اجرت واپس ... [illegible]

... مع محصول ...

حکیم ظہیر الحسن ہومیوپیتھک کٹرہ ... دہلی

ہوشیار ہو جاؤ

اگر آپ واقعی تعلیمی ناکامیابی کو حیرت انگیز کامیابی میں تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو ضرور بالضرور جوہر ہائی اسکول میں داخل ہو جاؤ اس حیثیت علم سے ضرور زائدہ اٹھاؤ نہ صرف آپ کو علمی لیاقت سے سرفراز کرے گا بلکہ آپ کو اپنی زندگی کے نصب العین کو صحیح معنوں میں حاصل کرنے کے قابل بنا دیگا طرز زندگی اخلاق بہتر بنائے جائیں گے۔ اسکول میں ہندو مسلم عیسائی سب تعلیم پاتے ہیں بورڈنگ ہاؤس میں رہنے کا بہترین انتظام ہے ہمارا دعویٰ ہے کہ ہمارے ہوسٹل میں رہنے کے بعد طلبہ کی صحت بہتر ہو جائے گی ہم ان طلباء کو میٹرک کا امتحان گارنٹی سے پاس کراتے ہیں جو ہمارے قواعد کے پابند رہتے ہیں پس میٹرک کے امتحان دینے والے طلبہ کو چاہیئے کہ ضرور بالضرور ہمارے قواعد و ضوابط و داخلہ فارم منگا کر فوراً اسکول میں داخل ہونیکا فیصلہ کریں۔ ورنہ جگہ پر ہونے پر داخلہ بند ہو جائیگا نیز جو طلبہ ہمارے سکول میں مڈل کے امتحان کے لئے داخل ہوں گے ہم گارنٹی سے انہیں میٹرک پاس کرائیں گے۔ نوٹ۔ قواعد و ضوابط منگانے کی درخواست کے ساتھ ایک کا ٹکٹ آنا ضروری ہے ورنہ تعمیل نہ ہوگی۔

جملہ درخواستیں بنام ہیڈ ماسٹر جوہر ہائی سکول صدر بازار دہلی آنی چاہئیں

کٹ پیس تھوک نرخوں پر

اگر آپ کو کٹ پیس ہر ایک قسم کی ضرورت ہو تو تھوک نرخ طلب فرمائیں۔

منیجر اے۔ آر سیٹھ ہول سیل مرچنٹ انٹریا بلڈنگ لارنس روڈ کراچی

چمڑے کے سوٹ کیس

نہایت مضبوط خوبصورت چمڑا فسٹ کوالٹی لگا ہوا۔ تھوک نرخ حسب ذیل ہے۔

سائز بکس		قیمت فی عدد	قیمت فی درجن
12	انچ	2/4	25/8
14	"	2/8	28/-
16	"	2/12	30/-
18	"	3/-	33/-
20	"	3/4	36/-
24	"	5/-	55/-
26	"	5/12	66/-
28	"	7/-	80/-
30	"	8/-	90/-

نوٹ: ½ قیمت پیشگی آرڈر کے ہمراہ آنی ضروری ہے۔

منیجر اے۔ آر سیٹھ۔ ہول سیل مرچنٹ انٹریا بلڈنگ لارنس روڈ کراچی

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

مفت رسالہ زندگی

اگر آپ زندگی کے بہترین حصہ کو بے اعتدالیوں سے تباہ کرکے لطف زندگی سے محروم ہو چکے ہیں اور اسے حاصل کرنے کے لئے بے قرار ہیں تو آپ کے لئے رسالہ زندگی کا مطالعہ نہایت ضروری ہے اس میں نوجوانوں کی زندگی کے تاریک پہلو کو محققانہ انداز میں بیان کیا گیا ہے اور اس کے صحیح طریق علاج کو طبی اصول پر لکھا گیا ہے ہر بوڑھے اور جوان کے پڑھنے کے قابل ہے ضرورت مند صرف ایک کارڈ لکھ کر مفت حاصل کریں۔

منیجر شفاخانہ معاون صحت رجسٹرڈ شہر لائلپور (پنجاب)

نادر طبی کتب

قیمت میں غیر معمولی خاص رعایت

صرف ایک ماہ کیلئے

نام تصنیف	مطبوعہ قیمت	رعایتی قیمت
پیام صحت دستی مجموعہ جلد طب ہومیوپیتھی کی مشہور ضخیم کتاب بزبان اردو	عہ	۱۰/
طریق تشخیص امراض بزبان اردو	۱۰	۶/
اردو واجی راز مع علاج امراض مخصوصہ (بزبان اردو)	۱۲/	۹/

خرچ ڈاک ہر حالت میں علاوہ ہوگا مزید رعایت کے لئے لکھنا فضول ہے۔ مشہور اطبا، اخبارات کے ریویو و مضامین مندرجہ کی تفاصیل مفت طلب کریں وقت گذر جانے پر تقاضہ اور تاسف لاحاصل ہوگا۔

المشتہر: ہومیوپیتھک میڈیکل ہال چھاونی فیروزپور (پنجاب)

نوٹ: پیام صحت کی فرمائش کے ہمراہ ایک روپیہ خرچ ڈاک پیشگی آنا ضروری ہے۔

پانچ ترجمے اور کامل احسن التفاسیر والا قرآن شریف

یہ قرآن شریف عام طور پر اس قدر مقبول اور عام پسند ہے کہ ہر فرقے اور ہر عقیدے کے مسلمان نہایت ذوق شوق سے اسی میں تلاوت کرتے ہیں۔ اس قرآن شریف میں حسب ذیل پانچ ترجمے ہیں۔

پہلا ترجمہ (فارسی) از حضرت مولانا شیخ مصلح الدین سعدی شیرازی علیہ الرحمۃ

دوسرا ترجمہ (فارسی) حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی علیہ الرحمۃ

تیسرا ترجمہ (اردو لفظی) از حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب محدث دہلوی علیہ الرحمۃ

چوتھا ترجمہ (اردو بامحاورہ) از حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب محدث دہلوی علیہ الرحمۃ

پانچواں ترجمہ (اردو بامحاورہ) از حضرت مولانا شاہ اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ

عام فہم تفسیر بھی ہے

اس کے حاشیہ پر اردو زبان کی بہترین اور عام فہم تفسیر احسن التفاسیر کامل درج ہے یہ تفسیر علامہ حضرت شاہ احمد حسن صاحب محدث دہلوی کی پچاس سال کی دماغ سوزی اور عرق ریزی کا نتیجہ ہے۔ کچھ عرصہ سے کتابی صورت میں بالکل ناپید تھی۔ مگر اب قرآن کریم نے اس کو زندہ جاوید بنا دیا یہ دنیائے اسلام کے سلسلہ میں سب سے پہلی اور سب سے بہتر اردو تفسیر ہے اور صحت روایات کامل شان نزول وغیرہ کے اعتبار سے آپ ہی اپنی نظیر ہے۔

خصوصیات

(۱) ہر مقام پر بسم اللہ شریف بخط طغریٰ جداگانہ شان سے لکھی ہے (۲) قرآن شریف کے مضامین کی فہرست شروع میں دی گئی ہے (۳) تفسیر احسن التفاسیر کی فہرست مضامین درج ہے تاکہ مضامین کی تلاش میں وقت نہ پڑے (۴) اعمال اور وظائف قرآنی ہیں (۵) تمام صورتوں کے تعبیر خواب ہیں (۶) تمام صورتوں کے تعویذ القرآن ہیں (۷) مسائل القرآن (۸) فضائل القرآن (۹) آداب القرآن (۱۰) رموز اوقاف (۱۱) وہ مضامین جن کی غلطی اعراب سے کفر لازم آتا ہے (۱۲) حضور سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سوانح عمری مبارک درج ہے (۱۳) عربی کتابت ہندوستان کے بہترین خوشنویس سے کرائی گئی (۱۴) نہایت صحیح ہے (۱۵) کاغذ مصری جس پر مصر کے نہایت قیمتی کلام مجید شائع ہوتے ہیں صفحات ۸۵۲ سائز ۱۳½ انچ × ۱۰ انچ وزن ۴ سیر کے قریب ہے۔

ہدیہ:۔ اس قرآن شریف کا اصلی ہدیہ بغیر جلد بیس روپے ہے مگر صرف خریداران الجمعیۃ کیلئے مصری کاغذ ہدیہ دس روپے اور سفید ولائتی دبیز کاغذ کا پندرہ روپے محصولڈاک ایک جلد پر ایک روپیہ آٹھ آنہ لگتا ہے فرمائش کے ہمراہ پانچ روپے پیشگی آنے چاہئیں ایک ساتھ پانچ جلدوں کے خریدار کو محصولڈاک معاف۔

ملنے کا پتہ: منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی



آج خریدیں یا کل خریدیں بالآخر زنگی قلم ہی خریدنا پڑیگا سستے فاؤنٹین قلموں میں یا تو نب سنہری ہوتی ہی نہیں جو سیاہی سے گل جاتی ہے یا ہلکی ہوتی ہے جو ہاتھ کے دباؤ کی ... تھوڑے دنوں میں نرم پڑ کر پھیلنی شروع ہو جاتی ہے زنگی قلم کی نب اصلی سونے کی وزنی پائیدار ہوتی ہے آہستہ سے لکھیں یا دبا کر پھیلتی بالکل نہیں ہر قسم کے کاغذ پر خوب رواں چلتی ہے اور مدتوں کام دیتی ہے سنہ ۱۹۱۷ء کے قلم آج تک چل رہے ہیں پہچان کے لئے ہر نب کے اوپر زنگی خوب گہرا کھدا ہوا ہے قیمت زنگی دونوں طرف پیچدار۔ (۱) سکرو کیپ (۲) سیفٹی (۳) بلنگ ... زنگی ... آرمی انکلٹ سیاہی نیلی سرخ سبز اور دی گرین ... آج ہی ایک ہفتہ کی آزمائش پر بشرط پسند دی پی منگائیں۔

زنگی قلم کمپنی نئی سڑک ۳۲ دہلی

رنگ روغن وارنش اور انیمل

نہایت اعلیٰ قسم چار پانچ گھنٹے میں خشک ہو جانے والے برائے عمارتی سجاوٹ اندرونی بیرونی دیوار چھت فرش فرنیچر لکڑی لوہا دھات (ڈسٹمپر) موٹر لاریوں کے خاص رنگ ... برانڈ

ساختہ آئی۔ پی۔ اینڈ سٹینڈرڈ وارنش کمپنی کے لئے دریافت کرو

سول ایجنٹ

دی سٹینڈرڈ پینٹ اینڈ وارنش کمپنی انڈیا چاندنی چوک متصل گوردوارہ دہلی

ہر بڑے شہر میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۲۹ صفر المظفر ۱۳۵۰ھ

نیشنلسٹ مسلم پارٹی اور مسلم کانفرنس

مسلمانوں کے لئے کس کے مطالبات زیادہ مفید ہیں؟

(۴)

سائمن رپورٹ، حکومت ہند کے مکتوب اور گول میز کانفرنس کی روداد سے جو اقتباسات اشاعت گزشتہ میں پیش کئے گئے ہیں ان کو پڑھ کر قارئین کرام نے بآسانی یہ اندازہ لگایا ہوگا کہ جداگانہ انتخاب اور مسلمانوں کے دیگر مطالبات کس طرح نزاع کے دو پلڑوں میں رکھے ہوئے ہیں۔ اگر مسلمان ہندوؤں کے ساتھ

تنکے کا سہارا

اس موقعہ پر اکثر حقوقی حضرات کی طرف سے بحث کی خاطر یہ کہا جاتا ہے کہ مسلم اقلیت کے خلاف اکثریت کوئی قانون اس لئے منظور نہیں کر سکے گی کہ ہم وہ اصول بھی دستور میں داخل کرانا چاہتے ہیں یعنی اگر کسی بل کی مخالفت اقلیت کے

حدیث دیگراں

مہاراجہ کشمیر کا اعلان

مہاراجہ صاحب کشمیر نے اپنی رعایا کے نام ایک پیغام شائع کیا ہے جس میں ریاست کی قدیم روایات کا ذکر کرکے اپنی انصاف پروری اور امن پسندی کا یقین دلانے کی سعی کی گئی ہے۔ ہمیں افسوس ہے کہ ہم مہاراجہ صاحب کے اس اعلان کو پڑھ کر مطمئن ہونے کی بجائے ان کے طرز عمل سے اور زیادہ مایوس ہو گئے ہیں اور ہمیں صاف طور پر یہ نظر آ رہا ہے کہ آئندہ ریاست کشمیر کا امن و امان خطرے میں ہے۔ مہاراجہ صاحب نے جہاں ایک طرف ریاست کے اندر تمام سیاسی سرگرمیوں کو یک قلم بند کر دینے کا مطالبہ کیا ہے اور ایجی ٹیشن جاری رکھنے کی صورت میں انتہائی تشدد کرنے کی دھمکی دی ہے وہاں بیرون ریاست کے تمام قومی اداروں اور اخبارات کو تنبیہ کی ہے کہ وہ ریاست کے خلاف ایک لفظ بھی اپنی زبان و قلم سے نہ نکالیں ورنہ اچھا نہیں ہوگا۔ اس کا صاف و صریح مقصد یہ ہے کہ ریاست کشمیر کے مسلمان وہاں کی حکومت کے مظالم سے گھٹ گھٹ کر جان دیدیں مگر کسی کو یہ خبر بھی نہ ہو کہ کیا ہو رہا ہے۔ ایک اتنی بڑی قوم جو ریاست کی کل آبادی کا ۹۵ فی صدی حصہ ہے غیر مسلم حکومت کے رحم و کرم پر پڑی ہے اور باہر کے مسلمان اپنی آنکھوں سے اس کی حالت زار خاموشی کے ساتھ دیکھتے رہیں یہ کسی طرح ممکن نہیں ہو سکتا۔ اگر مہاراجہ صاحب کشمیر حقیقت میں انصاف پرور ہوتے اگر ان کو اپنی رعایا کے جذبات و احساسات کا احترام مقصود ہوتا تو وہ ایجی ٹیشن کو ختم کرنے کا مطالبہ کرنے سے قبل ان اسباب کو ختم کر دیتے جو ایجی ٹیشن کا مبنیٰ ہیں اور جن کی وجہ سے ایجی ٹیشن کیا جا رہا ہے۔ کشمیر کے مسلمانوں پر جو مظالم بیان کئے جاتے ہیں وہ ایسے نہیں ہیں کہ ان کے لئے کسی لمبی چوڑی تحقیقات کی ضرورت ہو وہ تو بالکل ظاہر ہیں اور مہاراجہ کو اگر اپنی ریاست کے متعلق کچھ بھی معلومات ہیں اور انہوں نے اپنے پنڈتوں کی حکومت پر سارا نظم و نسق نہیں چھوڑ دیا ہے تو یقیناً انہیں ان شکایات کا کافی علم پہلے ہی سے ہوگا جو آج پریس میں لائی جا رہی ہیں

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ قادر بخش مورث اعلیٰ فوت ہوگئے اور انہوں نے جائداد منقولہ و غیر منقولہ و سامان خانہ داری و زیور و نقد رقم اس پیدا کردہ اپنا چھوڑا اور وارث حسب ذیل چھوڑی ممّاۃ اکو زوجہ و ممّاۃ آمنہ ہمشیرہ حقیقی ظہور الدین و محمد صدیق و گلاب الدین و محمد حنیف بھتیجے حقیقی و تین بھتیجیاں ان کی کس کس کو کس قدر شرعاً ترکہ قادر بخش سے پہونچتا ہے۔ اور کون حصہ سے محروم رہتا ہے بینوا توجروا

الجواب

بھتیجے چار ہیں اس لئے مسئلہ یوں ہوگا

ابناء الاخ	ہمشیرہ	زوجہ
۴	۸	۴

آزاد علاقہ کے آفریدیوں کی حیرت انگیز مہمان نوازی

دشمنوں کے ساتھ انتہائی دوستی کا ثبوت

درۂ خیبر میں سیر و سیاحت کے تین دن

(ایک انگریز کے قلم سے)

افغانستان کی تمدنی ترقی کی پنجاہ سالہ تاریخ

تمام افغانستان میں ریلوے لائن کا مغربی جال

کوئلہ اور معدنیات کے سلسلہ میں حکومت کی مساعی

(ترجمہ خصوصی)

افغانستان میں کوئلے کی کانیں

پرجوش خیر مقدم

سرحد پار کے آفریدی

عکا کی جیل میں وطن پرور عربوں پر مظالم

یہودی جیلر کی کینہ توزی اور اسلام دشمنی

جنوبی افریقہ میں ایک مسجد کی تعمیر

اسلام کی ایک مایہ ناز خاتون کا انتقال

فلسطین کے یہودیوں کی تعلی

لاہور میں احرار اسلام کانفرنس کا افتتاح

مسلمانوں کا زاویۂ نگاہ سیاسی اور اقتصادی آزادی ہے

حکومت مصر کی برطانیہ نوازی

کانگریس کی طرف سے حکومت پر ۸ ارب روپے کا دعویٰ

حکومت کو تمام وصول شدہ روپیہ واپس کرنا پڑے گا

امریکہ کے ایک اخبار میں زبردست مضمون

طرابلس کے مظالم کا اعتراف خود اٹلی کی زبان سے

بغاوت کو فرو کرنے کے لئے مسلمانوں کو وطن سے بے وطن کیا گیا

کانگریس کے ماتحت ہندوستانی رضاکاروں کی تنظیم

پنڈت جواہر لال نہرو کو انچارج مقرر کر دیا گیا

کانگریس کی مجلس عاملہ کا فیصلہ

مجلس عاملہ بمبئی کی تجاویز

مسلم قوم پرور پارٹی کے مطالبات تسلیم کر لئے گئے

اقلیتوں کے حقوق اور بالغوں کو حق رائے دہی

سمجھوتہ دہلی کی خلاف ورزی

دہلی ضلع کانگریس کمیٹی کے انتخابات

منتخب شدہ عہدیداروں کی فہرست

مقدمہ سازش دہلی کی سماعت

ملزمان کی طرف سے ڈاکٹر کچلو کا تقرر

افیون فروشی کے سازشی مقدمہ کی سماعت

عدالت میں انسپکٹر آبکاری پر سنگین الزام

مولانا عبد اللہ کی بچی مل گئی

آزاد حکومت میں غیر ملکی کپڑا فروخت نہیں ہوگا

بمبئی میں سردار پٹیل کی تقریر

کانگریسی کارکنوں اور رضاکاروں میں سمجھوتہ

اخبار زمیندار کے دوسرے ایڈیٹر کی گرفتاری

غیر ملکی تعلقات کے آرڈیننس کا حملہ

بمبئی فیڈریشن کو کانگریس کی مجلس عاملہ کا جواب

تخفیف کے متعلق مصالحتی بورڈ قائم کرنے کی تائید

کانگریس کے ضبط شدہ سامان کی واپسی کا حکم

مجلس ملازمت کے بغیر ہی مقدمہ سازش کی سماعت

عدالت خصوصی کے صدر کا جدید حکم

جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ کا ساتواں اجلاس

اسلامیان ہند کے قائدین اور علماء ملت کا بے نظیر اجتماع

مسائل زیر بحث کیا ہوں گے؟

جمعیۃ العلماء صوبہ متحدہ کا ساتواں سالانہ اجلاس بصدارت حضرت مولانا المولوی الحافظ الحاج احمد سعید صاحب دام فیضہم بتاریخ ۱۹-۲۰ جولائی مطابق ۳-۴ ربیع الاول بروز اتوار و پیر شہر میرٹھ میں منعقد ہوگا۔

مضامین زیر بحث یہ ہوں گے

نجد اور شرق اردن کی حدود پر اجتماع

بحالی امن و امان کے لئے سلطان ابن سعود اور امیر عبد اللہ کی مساعی

کانگریس کے انتخابات بے قاعدہ ہیں

ہائی کورٹ میں چارہ جوئی کیلئے گاندھی جی کو دھمکی

پنجاب یونیورسٹی پر سنگین الزامات

نصاب کی کتابوں میں داعی اسلام کی توہین

سندھ کی علیحدگی کی تحقیقات کیلئے کمیٹی کا تقرر

کمیٹی شملہ میں اپنا کام شروع کرے گی

کیا سر جان سائمن کو گول میز کانفرنس میں بلایا جائیگا؟

دارالعوام میں وزیر ہند کا جواب

بمبئی میں قوم پرور مسلمانوں کا شاندار اجتماع

امام الہند مولانا ابوالکلام اور ڈاکٹر انصاری صاحب کی تقریریں

فرقہ پرستوں کے دھوکہ سے بچو

مفلس ہندوستان پر گیارہ ارب کا قرضہ

کراچی کانگریس کی سب کمیٹی کی رپورٹ

دو بنگالی قیدیوں پر ایک نیا مقدمہ

پنڈت نہرو اور سردار پٹیل گرفتار نہیں کئے جائیں گے

حکومت کی طرف سے افواہ کی تردید

وائسرائے کا امید افزا جواب

گاندھی جی کی شملہ کو روانگی

مجلس عاملہ کے اجلاس میں غور و خوض

عام بجٹ میں پانچ فیصدی تخفیف کا حکم

احرار اسلام کانفرنس کا اجلاس

متعدد قراردادوں کی منظوری

مراد آباد میں ساردا ایکٹ کی خلاف ورزی

ایک پنڈت پر ایک روپیہ جرمانہ

فرقہ پرستوں کی باتوں میں نہ آؤ

امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد کی تقریر

کیا ڈاکٹر مونجے مسلم مطالبات کی مخالفت کرینگے؟

قوم پرور حلقوں میں شدید خطرہ کا اظہار

سرحدی قوانین کی تحقیقاتی کمیٹی کا کام ختم

کیل میں برطانی جہازوں پر اشتراکی پروپگنڈا

عورت دو بچوں کو لیکر کنوئیں میں گر پڑی

وائسرائے سے گاندھی جی کی ملاقات

دہلی سے نوجوان اخبار کا اجراء

عدالتوں کی فیسوں میں اضافہ کی تجویز

مالیہ کے نقصان کی تلافی

الہ آباد ۱۱ر جولائی۔ یو۔ پی۔ کونسل میں عدالتوں کی فیسوں میں اضافہ کرنے کے واسطے ایک مسودہ قانون پیش کیا گیا ہے اس قانون کی غرض رعایت یہ بتائی ہے کہ زرخوں کی ارزانی اور اس کی وجہ سے مالگذاری میں تخفیف کے باعث صوبہ کی مالی حالت خراب ہوگئی ہے اس لئے کفایت شعاری اور تخفیف اخراجات کو ملحوظ رکھتے ہوئے آمدنی میں اضافہ کی ضرورت ہے۔ عدالتوں کی فیس میں اضافہ سے ایک بڑی حد تک مالی فائدہ ہوگا۔

اظہار افسوس اور خدمات کا اعتراف

برمی باغیوں کے سر علیحدہ کرنے پر حکومت کا افسوس

رنگون ۱۱ر جولائی۔ حکومت برما نے۔ کپتان لیبن اور سٹیونسن کے اس فعل کو ناپسندیدگی کی نظر سے دیکھا ہے کہ انہوں نے ۱۱ مقتول باغیوں کے سر علیحدہ کرکے رنگون بھیجائے حکومت نے ان افسروں کو کسی قسم کی سزا دینے سے انکار کیا ہے کیونکہ اس کے خیال میں ان دونوں انگریزوں نے قابل قدر خدمات انجام دی ہیں۔ حکومت نے اس پر اظہار افسوس کیا ہے۔

حکومت بمبئی نے سندھ کے شفاخانوں کی امداد بند کردی

حیدرآباد ۱۱ر جولائی۔ چونکہ حکومت بمبئی نے ہسپتالوں کی امداد بند کردی ہے اس لئے سندھ کے ہسپتالوں کی مالی حالت بہت خراب ہوگئی ہے۔ سندھ کے سول ہسپتالوں کے سال گذشتہ کی رپورٹ مظہر ہے کہ ایک سال میں دس ہزار روپیہ کا خسارہ ہوا ہے۔

سول سرجن نے عوام سے چندہ کی اپیل شائع کی ہے۔ کیونکہ اگر امداد نہ کی گئی تو اندیشہ ہے کہ ہسپتال میں اندرونی مریضوں کا داخلہ بند کردیا جائیگا کلکٹر حیدرآباد سندھ نے آٹھ ہزار روپیہ چندہ کی مد میں جمع کیا ہے۔

نیشنل کانگریس کی شاخ لندن توڑ دی گئی

اشتراکی جماعت کی مخالفت کا نتیجہ

لندن ۱۰ر جولائی۔ انڈین نیشنل کانگریس کی شاخ لندن کو اس بنا پر توڑ دیا گیا کہ اس کی دو جماعتوں میں سخت اختلاف تھا ایک جماعت ہے کہہ رہی تھی کہ گاندھی جی جب لندن آئیں تو ان کے خلاف مظاہرہ کیا جانا چاہئے یہ جماعت اشتراکیین کی تھی۔

بمبئی کے مزدوروں میں ہنگامہ

لاٹھیوں اور پتھروں سے متعدد مجروح

بمبئی ۱۰ر جولائی۔ جمعہ کی شام کو پریل میں گرنی کامگار یونین کی دو مخالف جماعتوں کا تصادم ہوگیا لاٹھیاں چلیں اور پتھر برسائے گئے...

بمبئی کی گفتگوئے مصالحت کا حشر

کانگریس کی سب کمیٹی کی طرف سے فیصلہ کا اعلان

مفاہمت کا دروازہ بند نہیں ہوگا

بمبئی ۱۱ر جولائی۔ آج سہ پہر میں مجلس عاملہ کے اجلاس میں فرقہ وارانہ مسئلہ پر پھر بحث شروع ہوئی ڈاکٹر انصاری صاحب مالوی جی اور سردار سردول سنگھ پر مشتمل جو سب کمیٹی اس مسئلہ کو طے کرنے کے لئے بنائی گئی تھی معلوم ہوا ہے کہ اس نے اپنی رپورٹ پیش کردی۔ رپورٹ گو زیادہ طویل نہیں ہے لیکن اس میں اس مسئلہ کے مختلف پہلوؤں کو اچھی طرح نمایاں کردیا گیا ہے اور ایک تجویز بھی پیش کی گئی ہے جس پر مفاہمت کی بنیاد رکھی جاسکتی ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ یہ تجویز مخلوط انتخاب کے اصول پر ہے اور اس میں اقلیتوں کے لئے نشستوں کے تعین کی بھی اجازت ہے لیکن اس کے لئے ایک تعداد مقرر کردی گئی ہے کہ اسی مدت سے تعین ہوسکے گا۔ خیال ہے کہ یہ شرح چھبیس فی صدی ہے اور اسی کو زائد نشستیں بھی دی جاسکیں گی۔

مفاہمت کا دروازہ کھلا رہے گا

گو تجویز مخلوط انتخاب کے اصول پر مرتب کی گئی ہے اور اسی کی بنیاد فرقہ وارانہ میثاق ہوگا لیکن جو لوگ جداگانہ انتخاب کے حامی ہیں ان سے گفت و شنید کا دروازہ کھلا رکھا گیا ہے...

مجلس عاملہ نے رپورٹ پر غور کیا لیکن دیر تک بحث کے بعد کوئی تجویز منظور نہیں کی ہے۔ کل صبح کے اجلاس میں پھر بحث ہوگی اور اس کے بعد قرارداد منظور کردی جائے گی۔

بہرحال مولانا شوکت علی صاحب سے مصالحت کی جو گفتگو شروع ہوئی تھی اس کا کوئی خاطر خواہ نتیجہ نہیں نکلا اور کوئی ایسی تجویز طے نہ ہوسکی جس سے مولانا شوکت علی صاحب اور ان کی جماعت بالکل متفق ہوجاسکے۔

شدھی اور سنگھٹن کیلئے از سر نو تیاریاں

صوبہ سندھ کی علیحدگی کی مخالفت

ہندو سبھا کے اجلاس کی کارروائی

بڑودہ ۱۱ر جولائی۔ گجرات بڑودہ کی ہندو مہا سبھا کا اجلاس احمد آباد میں ...

آپ بیکار کیوں ہیں؟

الجمعیۃ کی ایجنسی لے لیجئے اور فارغ وقت میں تھوڑی سی محنت کرکے روزمرہ کا خرچ بآسانی پیدا کرلیجئے۔

منیجر الجمعیۃ دہلی

ثالثی بورڈ کے تقرر سے حکومت کا انکار

اب گاندھی جی وائسرائے کے جواب کے منتظر ہیں

۱۵ر اگست کو لندن کی روانگی!

بمبئی ۱۱ر جولائی۔ مستند ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ گاندھی جی کو مسٹر ایمرسن ہوم سکریٹری حکومت ہند کا جواب موصول ہوگیا ہے جس میں انہوں نے ثالثی بورڈ کے تقرر کے متعلق گاندھی جی کے مطالبہ کو منظور کرنے سے مجبوری کا اظہار کیا ہے۔ گاندھی جی نے مسٹر ایمرسن کو مکتوب تحریر کرنے کے علاوہ حکومت ہند کو مطلع کیا تھا کہ اگر بیچ میں کوئی رکاوٹ پیدا نہ ہوئی تو وہ گول میز کانفرنس میں شریک ہونے کے لئے لندن جائیں گے۔ وائسرائے نے اس کے جواب میں گاندھی جی کو مطلع کیا ہے کہ وہ ان کے فیصلہ کو منتظر استحسان دیکھتے ہیں اور ہر مشکل میں مدد کرنے کا یقین دلاتے ہیں گاندھی جی نے مذکورہ بالا مکتوب وصول ہونے پر وائسرائے کو برقی پیغام کے ذریعہ بعض ان مشکلات کا ذکر کیا ہے۔ جو مقامی حکومتوں کی جانب سے سمجھوتہ دہلی کی خلاف ورزی کے باعث پیدا ہوگئی ہیں آپ وائسرائے کے جواب کے منتظر ہیں۔ اور اگر جواب حسب مرضی موصول ہوا تو آپ خود شملہ جاکر وائسرائے سے ملاقات کریں گے باخبر حلقوں میں خیال کیا جاتا ہے کہ گاندھی جی کی لندن کو روانگی یقینی ہے۔ غالباً آپ ۱۵ر اگست کو ہندوستان سے روانہ ہو جائیں گے۔

سکندر آباد کے فسادات میں مزید گرفتاریاں

کمشنر ملتان سے ہندو وفد کی ملاقات

ملتان ۱۱ر جولائی۔ مسٹر اے لطیفی کمشنر ملتان آج اپنے موسم گرما کے صدر مقام فورٹ منرو سے یہاں پہنچے تاکہ سکندر آباد کے فسادات سے پیدا شدہ صورت حالات کا ذاتی طور پر معائنہ کریں۔

۸۰ آدمی اس وقت حراست میں ہیں لیکن ابھی کل تک صرف ۷ آدمیوں کو گرفتار کیا گیا ہے ایک شخص کو موضع جک میں دس دکانوں کے لوٹنے کے جرم میں گرفتار کیا گیا ہے۔ گو صورت حال پر قابو پالیا گیا ہے لیکن فرقہ وارانہ کشیدگی بہت بڑھی ہوئی ہے۔

ہندوؤں کے وفد سے ملاقات

آج ملتان کے سرکردہ ہندوؤں کا ایک ڈیپوٹیشن مسٹر لطیفی کے پاس گیا...

برما کے مقام ہنزادہ میں کرفیو آرڈر کا نفاذ

رنگون ۱۱ر جولائی۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ہنزادہ نے شہر میں کرفیو آرڈر نافذ کردیا ہے ... یہ حکم ۱۸ر دسمبر ۱۹۳۱ء تک جاری رہے گا۔

علاقہ برما میں مزید تعزیری پولیس کا تقرر

رنگون ۱۱ر جولائی۔ گورنر باجلاس کونسل نے پارونگ... اور باکانگ میں ایک سال کے لئے مزید تعزیری پولیس مقرر کرنے کی منظوری دی ہے۔

برما کے چار دیہات پر مسلح باغیوں کی یورش

دو باغی ہلاک کردیئے گئے

رنگون ۱۱ر جولائی۔ چار باغی تھاراوادی کے شمال مشرق میں ایک گاؤں کے اندر گھسے اور دیہاتیوں سے روپیہ اور اسباب طلب کیا دیہاتیوں نے اپنے حملہ کردیا دو مارے گئے اور غالباً دو زخمی ہوکر بھاگ گئے۔ تقریباً پچاس باغیوں نے دیسی ساخت کی ۲ بندوقوں کے ساتھ ۸ر جولائی کو دو دیہات پر حملہ کیا اور کچھ روپیہ لوٹ کر لے گئے۔

پیروم میں ایک انسپکٹر پولیس کی سرکردگی میں ۳۰ فوجی سپاہیوں نے ایک گھنے جنگل میں باغیوں کی دو جھونپڑیاں معلوم کیں جن میں رسد اور اسباب خورد و نوش پڑا ہوا تھا۔ ایک مفرور باغی بھی موجود تھا۔ گذشتہ دو یوم میں مزید ۳۰ باغیوں نے اطاعت قبول کرلی ہے میانگ میا سے ہندوستانیوں کو جھونپڑیوں میں آگ لگانے اور درختوں کے کاٹنے کی خبریں موصول ہورہی ہیں ڈاکہ کی وارداتیں جاری ہیں۔ ...

افغانستان میں پارلیمنٹ کا افتتاح

غیر ملکی سفراء اور اعلیٰ حکام فوج کی شرکت

بمبئی ۱۱ر جولائی۔ افغان قونصل مقیم بمبئی کا ایک اعلان مظہر ہے کہ شاہ نادر خاں نے افغانستان میں ملی پارلیمنٹ کا افتتاح ۶ر جولائی کو کیا ہے۔ افتتاحی رسم میں بہت بڑے بڑے امراء اور رؤسائے سلطنت شامل تھے وزراء غیر ملکی سفراء اعلیٰ حکام فوج بھی افتتاح کے وقت موجود تھے۔ مذکورہ پارلیمنٹ مغربی اصول پر قائم کی گئی ہے اور اس کے نمائندے منتخب شدہ ہیں۔

حرکت تندرستی ہی زندگی ہے تو زندگی بیکار ہے

شربت اکسیر (رجسٹرڈ)

قیمت فی شیشی ایک روپیہ

اگر آپ ستاری دنیا سے بدگمان ہوگئے ہیں تو صرف ایک روپیہ اور بھی خرچ کرکے ہمارے کارخانے کا شربت اکسیر استعمال کرکے قدرت خدا کا تماشہ دیکھئے

جریان

۴۳ برس کا پرانا جریان شربت اکسیر کے استعمال سے اچھا ہوگیا

پتہ ایس۔ اے۔ بی بخشی۔ اسٹنڈ کمپنی نمبر ۲۱ کوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

زندگی

جوانی زندگی کا بہترین حصہ ہے

منیجر شفاخانہ ساون مجسٹریٹ نمبر ۱۰۲ ضلع راولپنڈی پنجاب

ہیضہ

اگرچہ ایک خوفناک و مہلک وبا ہے تاہم

امرت دھارا (رجسٹرڈ)

ہمیشہ اپنے پاس رکھئے!

احتیاط

امرت دھارا لاہور

بے روزگاروں کیلئے شریفانہ ذریعہ معاش

اگر آپ بے روزگاری کے ہاتھوں تنگ ہیں اور معاش کا کوئی بہتر ذریعہ آپ کے پاس نہیں ہے تو الجمعیۃ کی ایجنسی حاصل کرنے کے لئے آج ہی درخواست بھیجئے اور اسی کے ساتھ ایک حق پرست اسلامی اخبار کی تبلیغ و اشاعت کا فرض بھی ادا کرسکتے ہیں شرائط ایجنسی کے لئے اس پتہ پر ایک کارڈ لکھئے

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

دارالشذرات

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

دیوریا میں گاڑھا کانفرنس کا انعقاد

مولانا آزاد سبحانی کی مساعی جمیلہ

حضرت مولانا آزاد سبحانی صاحب نے یہاں تشریف لاکر تحصیلدار بور ... کے گاڑھا کمیٹی کی مجلس انتظامیہ کا جلسہ منعقد کیا اس میں مرکزی گاڑھا کمیٹی کی جانب سے یہ تجویز پیش کی گئی کہ ضلع گورکھپور کی ضلع گاڑھا کانفرنس دیوریا میں منعقد کی جاوے۔ تجویز بالاتفاق منظور ہوئی اور ۱۲، ۱۳، ۱۴ر جولائی ۱۹۳۱ء بروز اتوار پیر منگل دیوریا میں گاڑھا کانفرنس ہونا طے کیا گیا ساتھ ساتھ گاڑھا نمائش کا انعقاد بھی طے پایا۔ صدارت کانفرنس کے لئے جناب قاضی محمد عدیل عباسی صاحب ایم اے۔ ایل ایل۔ بی۔ وکیل بستی کا نام پیش کیا گیا بالاتفاق منتخب ہوا۔ دوسرے عہدہ داران کانفرنس و ارکان مجلس استقبالیہ کا بھی انتخاب کیا گیا۔ صدر استقبالیہ کانفرنس جناب حکیم محمد زاہد صاحب قمر و سکریٹری کانفرنس جناب منشی شکر اللہ صاحب منشور و سکریٹری گاڑھا نمائش سید محمد چشتی صاحب وکیل منتخب ہوئے امید کی جاتی ہے کہ معنوی حیثیت سے کانفرنس و نمائش اچھے پیمانہ پر ہوگی کانفرنس و نمائش میں انتظامات شروع ہوگئے ہیں دو دفتر کانفرنس قائم ہوچکا ہے پوسٹر و اشتہارات ضلع بھر میں بھیجے جارہے ہیں اور نمائش کے لئے ناداروں سے خط و کتابت شروع کردی گئی ہے فراہمی سرمایہ کا کام بھی سرگرمی سے جاری ہے۔ کانفرنس کی ایک بڑی خصوصیت یہ ہوگی کہ وہ ہر طرح کی تکلفات سے دور اور نہایت سادہ اور کم خرچ ہونے کے باوجود نہایت پر معنی و نتیجہ خیز ہوگی اس کانفرنس کو کامیاب بنانے میں ضلع گورکھپور و ہم سرحد و اضلاع کے باشندوں کو عموماً سرگرم حصہ لینا چاہئے۔ ...

جو حضرات شریک کانفرنس ہوں گے ان کے قیام کا انتظام منجانب کانفرنس ہوگا اور نمائش میں مال لانے والوں کا کرایہ بھی اگر ان کا مال نہ بکا تو کانفرنس ادا کرے گی۔ کانفرنس سے خط و کتابت اس پتہ پر کرنا چاہئے۔ پتہ۔ دفتر گاڑھا کانفرنس دیوریا ضلع گورکھپور شکر اللہ منشور سکریٹری

رئیس الاحرار مرحوم کے عقیدتمندوں سے اپیل

برادران اسلام! ہندوستان کے اس نامور قائد اعظم بطل جلیل رئیس الاحرار مولانا محمد علی مرحوم کے جذبہ ایثار و اسلامی ہمدردی سے کون واقف نہ ہوگا ...

مسجد کی تعمیر میں شورش پسند ہندوؤں کی مزاحمت

ضلع لودیانہ میں ہندوؤں کی طرف سے مسلمانوں کا بائیکاٹ

وصہ سے تحصیل سمرالہ خاص میں متصل اڈہ خانہ ایک مسجد تعمیر ہورہی تھی محراب تک پایہ تکمیل کو پہنچ چکی تھی کہ قضائے الٰہی سے اہل ہنود سمرالہ نے اس کی تعمیر میں روڑے اٹکانے شروع کئے الغرض معاملہ بہت پیچیدہ ہوگیا افسران ضلع لودیانہ و تحصیل ہذا سے رپورٹ کی گئی کہ یہاں مسجد ہرگز ہرگز تعمیر نہیں ہونی چاہئے۔ انہوں نے صاف جواب دیا کہ ہم اس معاملہ میں کوئی دخل نہیں دے سکتے وہ مسلمانوں کی زمین ہے اپنی زمین میں جو چاہیں کریں۔ آخر جب وہ کچھ نہ کرسکے تو انہوں نے مسلمانان سمرالہ کا حقہ پانی بند کردیا۔ ... تمام مسلمان ملازمین کو جو کہ کرایہ دار تھے مکان چھوڑنے پر مجبور کیا گیا۔ ...

حافظ نور جمال امام مسجد تحصیل سمرالہ (نامہ نگار)

بخارا اور روسی ترکستان کے مسلمانوں پر مظالم

اجمیر شریف کے مسلمانوں کا اجتماع

مورخہ ۸ر جولائی ۱۹۳۱ء بروز جمعہ بعد نماز عشاء کے بعد اکبری مسجد درگاہ شریف میں مسلمانان اجمیر کا ایک عظیم الشان جلسہ زیر صدارت سید اسرار احمد صاحب منعقد ہوا اس جلسہ میں مسلمانان بخارا اور روسی ترکستان پر روسی مظالم کی داستان بیان کی گئی ...

حافظ محمد شریف مہتمم مدرسہ حنفیہ صوفیہ اجمیر شریف

رائے پور میں مسلمانوں کا زبردست اجتماع

حکومت اٹلی کے خلاف اظہار غیظ و غضب

۲۶ر جون ۱۹۳۱ء کو رائے پور سی۔ پی۔ گول بازار میں مسلمانوں کا ایک زبردست اجتماع مسلم قوم پرور جماعت کے زیر اہتمام اور مولانا مولوی محمد حامد علی صاحب فاروقی مہتمم مدرسہ اصلاح المسلمین کی زیر صدارت بہت جوش و خروش کے ساتھ منایا گیا جناب صدر جماعت قوم پرور سے بے تعلق ہونے کے باوجود شریک جلسہ تھے عبدالرؤف خاں نحوی جو اس جلسہ کے بانی تھے شدید بیماری کی وجہ سے شریک جلسہ نہ ہوسکے ان کی تحریر جلسہ میں پڑھ کر سنائی گئی جس میں انہوں نے طرابلس کے مسلمانوں پر جو دردناک حادثات پیش آئے ہیں اور حکومت اٹلی نے جو مظالم توڑ رکھے ہیں اس پر روشنی ڈالتے ہوئے مسلمانان رائے پور سے اٹلی کے مال کے مقاطعہ کی اپیل کی تھی اور جناب محمد محفوظ الحسن خانصاحب کی تحریک اور جناب مہدی حسن صاحب کی تائید سے حسب ذیل تجویز بالاتفاق منظور کی گئی۔

مسلمانان رائے پور کا یہ جلسہ مسلمانان طرابلس کے ساتھ گہری ہمدردی رکھتا ہے اور حکومت اٹلی کے مظالم کو غیظ و غضب کی نگاہ سے دیکھتا ہے نیز گورنمنٹ برطانیہ کو متنبہ کرتا ہے کہ وہ مسلمانان ہندوستان کے جذبات کا خیال رکھتے ہوئے حکومت اٹلی ...

سید محمد شاہ گیلانی سیالکوٹی صدر جمعیۃ العلماء پنجاب ہے؟

یہ اس لئے کہ وہ ایسے مظالم سے باز آئے اور مسلمانوں سے یہ درخواست کرتا ہے کہ وہ اٹلی کے مال کا مقاطعہ کریں۔

نواب الدین پیڑ حیاء بار رائے پور سی۔ پی۔

جریدہ خیبر راولپنڈی کی اشاعت ۸ر جولائی میں صفحہ ۹ پر قرون الاشعی کی طرف رجوع کے عنوان سے ایک انجمن کے سالانہ جلسہ کی روئداد شائع ہوئی ہے اس روئداد میں سید محمد شاہ گیلانی سیالکوٹی کا وعظ درج ہے اور شاہ صاحب کا پورا پتہ غلام محمد شاہ صاحب گیلانی صدر جمعیۃ العلماء پنجاب لکھا ہوا ہے۔ ... نامہ نگار سیالکوٹ

زمین پر تارے نکل آئے

دلہنوں کی کانفرنس

عروس و نوشاہ

بیوی کے فرائض

سوانح حیات مولانا محمد علی

آپکی عمر اکیس سال ہوسکتی ہے

سفرنامہ یورپ

احمد ایجنسی پہاڑی املی دہلی

سب سے پہلی تصنیف

لیڈروں کے محتاج نہ بنو!

ہندوستانی سیاسیات میں اسوقت سب سے زیادہ اہمیت طریقہ انتخاب کو ہے ... عام مسلمان اس مسئلہ کی حقیقت سے ناواقف ہیں ...

مسئلہ انتخاب

ایم۔ اے۔ مجید معرفت منیجر الجمعیۃ دہلی

کٹ پیس تھوک نرخوں پر

اگر آپ کو کٹ پیس ہر ایک قسم کی ضرورت ہو تو تھوک نرخ طلب فرمادیں۔

منیجر۔ اے۔ آر۔ سیٹھ ہول سیل مرچنٹ

انٹریا بلڈنگ لارنس روڈ کراچی

ماہرین تعلیم کی رائے

جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی کے متعلق ...

رجسٹرار جامعہ ملیہ دہلی

ضرورت ہے

میرٹھ۔ غازی آباد۔ ہاپوڑ۔ مظفرنگر۔ کھتولی۔ دیوبند۔ سہارنپور۔ منگلور۔ گنگوہ۔ انبہٹہ۔ نجیب آباد۔ نگینہ بجنور۔ شیرکوٹ۔ شاہجہانپور۔ بریلی۔ پیلی بھیت۔ دہرہ دون۔ آگرہ۔ علی گڈھ۔ کانپور۔ اٹاوہ۔ فیض آباد۔ لکھنؤ اور گورکھپور میں بلند پایہ اور مشہور اخبار "الجمعیۃ" کے لئے محنتی اور ایماندار ایجنٹوں کی ضرورت ہے شرائط ایجنسی وغیرہ کے لئے درخواستیں اس پتہ پر آنی چاہئیں۔

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

پیلی بھیت کیوں مشہور ہے

بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات

نپٹ بہراپن

کان کی دوا بلب اینڈ سنز پیلی بھیت

زنگی قلم کمپنی نئی سڑک دہلی

مشہور عالم زود اثر طبی ایجاد

آپریشن یا نشتر کی زحمت نہ اٹھایئے

ہمدرد دواخانہ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تارکا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

یداللہ علی الجماعۃ

سہ روزہ

الجمعیۃ دہلی

تاریخہائے اشاعت — ہر عیسوی ماہ کی ۱، ۵، ۹، ۱۳ ... کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات — ایک صفحہ (ایک بار)، نصف صفحہ، ایک کالم، نصف کالم، ربع کالم

قیمت اخبار — ہندوستان کیلئے: سالانہ، ششماہی، سہ ماہی، فی پرچہ؛ نمونہ مفت — ممالک غیر کیلئے: سالانہ، ششماہی

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری

معاون: محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۴ | دہلی۔ یوم دوشنبہ ۳ ربیع الاول سنہ ۱۳۵۰ ہجری مطابق ۲۰ جولائی سنہ ۱۹۳۱ء | نمبر ۶

احرار کانفرنس میں مولانا حبیب الرحمٰن صاحب کا خطبۂ صدارت

موجودہ سیاسیات اور مسلم حقوق کے تحفظ پر ناقدانہ تبصرہ

ذیل کا صدارتی خطبہ جناب مولانا مولوی حبیب الرحمٰن صاحب لدھیانوی نے بہ تقریب احرار اسلام کانفرنس پنجاب بمقام لاہور حبیبیہ ہال میں بتاریخ ۱۱ جولائی ۱۹۳۱ء پڑھا۔

جس جماعت کے زیر اہتمام یہ کانفرنس ہو رہی ہے میرا فرض ہے کہ اُس کی مختصر زندگی پر تبصرہ کروں۔ جنگ عظیم کے بعد حکومت برطانیہ نے ترکی حکومت کے ختم کرنے کا فیصلہ کر لیا تو ۱۹۱۹ء میں ترکوں کی امداد کے لئے ہندوستان میں مرحوم خلافت کمیٹی کے نام سے ایک جماعت قائم کی گئی جس کی تمام زندگی کے ابتدائی و آخری مراحل آپ خود دیکھ چکے ہیں۔ ۱۹۱۹ء میں جن مسلمانوں کے دل میں اسلام اور ہندوستان کی آزادی کا سچا درد تھا وہ سب کے سب اپنی زندگیوں کے آرام و راحت کو چھوڑ کر خلافت ...

صلح کے بعد جبکہ نیا آئین و قانون ہندوستان کے لئے کانگریس انگریزی حکومت کے ساتھ مل کر تیار کر رہی ہے۔ اس وقت ہر قوم کی یہ کوشش ہے کہ وہ اس آئین میں اپنے لئے بہتر سے بہتر مقاصد حاصل کر لے۔ پنجاب میں سکھوں کی قوم جن کی نمائندگی کا دعویٰ ماسٹر تارا سنگھ کو ہے مسلمانوں کے خلاف زہر اگلا اور ہندو پریس نے اس کی تائید کی جس کے لئے تریاق کی ضرورت ہے۔

۱۹۲۸ء میں نہرو رپورٹ لکھنؤ میں منظور کی گئی اور مسلم احرار پنجاب نے اس شرط پر دستخط کئے کہ اگر ہر بالغ کو حق رائے دہندگی دی جائے تو وہ دس سال کے لئے مخلوط انتخاب منظور کرتے ہیں۔ اس معاہدہ پر سکھوں اور ہندوؤں نے بھی دستخط کئے تھے۔ مگر سکھوں نے تو لکھنؤ سے ہی دستخط کرنے ...

(باقی صفحہ ۶ پر ملاحظہ فرمائیے)

معاصرین کے افکار و آراء

جادو وہ جو سر پہ چڑھ کے بولے (مدینہ)

مولوی شفیع داؤدی صاحب سرور و نشاط فتح سے مدہوش ہوئے تو حق و صداقت اُن کی زبان پر جاری ہو گیا اور انہوں نے تسلیم کر لیا کہ جہاں تک صلح و مفاہمت کا تعلق ہے مسلم قوم پرست پارٹی نے انتہائی شرافت و رواداری سے کام لیا اور ارشاد فرمایا ہے:

"حقیقت یہ ہے کہ انہوں نے اپنی غیر یونیورسٹی صدارتی تقریر میں مسلمانوں کی اکثریت کے سامنے سر انقیاد خم کر دیا ہے اور ان کے بہت سے مطالبات کی معقولیت کو تسلیم کر لیا ہے۔"

اس کے بعد لکھتے ہیں "اب ڈاکٹر انصاری اور مسلم کانفرنس کے مابین صرف انتخاب کی گفتگو ہے" اور اس میں بھی ڈاکٹر صاحب ایک معین میعاد کے لئے جداگانہ انتخاب کو تسلیم کر لینے پر آمادہ تھے۔ اس اعتراف حق اور اعلان حقیقت کے بعد ...

بات کی پوجا (سچ)

"(۱) ایسی مفاہمت جو دہلی ریزولیوشن کی ریورٹ اسپرٹ کے خلاف ہو ہمارے لئے قابل قبول ہو ہی نہیں سکتی۔ آل پارٹیز کانفرنس کی ورکنگ کمیٹی نے نیشنلسٹ مسلم پارٹی سے گفت و شنید کی ہرگز استدعا نہیں کی اور دہلی ریزولیوشن کے ہوتے ہوئے وہ ایسا کر ہی نہیں سکتی تھی۔ وہ ہر صورت اور ہر حالت میں اسی ریزولیوشن کی تا بمقدور حمایت کا بیڑا اُٹھا چکے ہیں۔ مخلوط انتخاب، مشروط ہو یا غیر مشروط ان کے لئے قابل قبول ہی نہیں بلکہ سوائے وہ اس گفتگو میں پڑ کر اپنے کو زحمت تضیع وقت میں مبتلا بھی نہیں کرنا چاہتے۔ تا وقتیکہ برطانوی پارلیمنٹ جدید گورنمنٹ آف انڈیا بل پاس نہ کر دے۔"

(تقریر مولانا حسرت موہانی، در جامع مسجد شملہ)

یہ دہلی ریزولیوشن! آخر یہ کیا بلا ہے کون قضائے مبرم ہے جو کسی حال میں کسی کے ٹالے ...

کیا مولانا شوکت علی نامزد ہو گئے؟

احرار کانفرنس کی ضرورت

احرار کانفرنس کے بلانے کی ضرورت کیوں ہوئی اس کا جواب یہ ہے کہ عارضی ...

کسانوں اور زمینداروں کی پریشانی

... تر زیادہ سے زیادہ ہو گیا ہے۔ رسید کا اضافہ ان کیلئے بیحد پریشان کن ہے اس لئے ان کیلئے بھی یہ مشکل ہے کہ وہ کسانوں سے اپنے مطالبہ میں تخفیف کریں جب تک کہ حکومت اپنے مطالبہ میں تخفیف نہ کرے۔

پنجاب اور یوپی وغیرہ کی حکومتوں نے ارزانی کی وجہ سے اپنے مطالبات میں سے گرانقدر رقم معاف کر دی ہے۔ اگر حکومت بہار بھی کسانوں کی مصیبت کا احساس کر کے زمینداروں کے سیس وغیرہ میں اس شرط پر کمی کر دے کہ وہ اپنے مطالبہ میں بھی اسی اوسط سے تخفیف کر دیں تو اس سے کسانوں اور زمینداروں کی پریشانی میں بھی کمی آ جائے اور خود حکومت کے وقار کے لئے بھی مفید ہو۔

معاونین الجمعیۃ کا شکریہ

ہم معاونین الجمعیۃ کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے ہماری اپیل پر الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کیلئے کوشش شروع کر دی ہے جس کا اثر ہماری روزانہ ڈاک سے نمایاں طور پر محسوس ہو رہا ہے۔ اگر تمام ہمدردان الجمعیۃ نے الجمعیۃ کی اشاعت کو ترقی دینے کے لئے اس قسم کی کوششیں شروع کر دیں تو انشاءاللہ تعالیٰ وہ تمام پریشانیوں سے نجات حاصل کر لیگا۔

اس مہم کے تمام معاونین مخلصین کے اسمائے گرامی الجمعیۃ میں شکریہ کے ساتھ شائع کئے جائیں گے۔

منیجر الجمعیۃ۔ دہلی

داخلہ آیورویدک اینڈ یونانی طبی کالج دہلی

کالج میں داخل ہونے والے طلباء اور طالبات یونانی اور آیورویدک شعبوں کا پراسپکٹس اور فارم داخلہ بلا قیمت جلد طلب کریں۔ داخلہ کی درخواستیں ۱۵ جولائی سنہ ۱۹۳۱ء تک دفتر پرنسپل میں پہنچ جانی چاہئیں۔ یکم اگست سنہ ۱۹۳۱ء سے نیا سیشن شروع ہو جائے گا۔

حکیم حاجی محمد ظفر خان آنریری پرنسپل طبیہ کالج دہلی

ہوشیار ہو جاؤ

اگر آپ واقعی تعلیمی ناکامیابی کو حیرت انگیز کامیابی میں تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو ضرور بالضرور جوہر ہائی اسکول میں داخل ہو جاؤ۔ اس شعبہ علم سے ضرور فائدہ اٹھاؤ یہ صرف آپ کو علمی لیاقت سے سرفراز کرے گا بلکہ آپ کو اپنی زندگی کے نصب العین کو صحیح معنوں میں حاصل کرنے کے قابل بنا دے گا۔ ...

جملہ درخواستیں بنام ہیڈ ماسٹر جوہر ہائی اسکول صدر بازار دہلی آنی چاہئیں

چرتھاول میں کیا ہو رہا ہے

ناظرین الجمعیۃ کو ضروری اطلاع

چرتھاول میں کئی سال سے جدید و مفید تصنیف و تالیف کا سلسلہ جاری ہے فارسی عربی کی آسان و مشہور کتابیں شائع ہو رہی ہیں ...

فارسی زبان کا قاعدہ تین آنے ۳/ — رہبر فارسی تین آنے ۳/ — لطائف فارسی تین آنے ۳/ — عربی زبان کا قاعدہ تین آنے ۳/ — علم الصرف حصہ اول و دوم ۴/، حصہ سوم ۵/ — علم النحو ۲/، عوامل النحو ۱/ — عربی مصادر مع لغات جدیدہ ۶/ — روضۃ الادب فی تسہیل کلام العرب ۸/

نوٹ: محصولڈاک ہر حالت میں بذمہ خریدار ہوگا۔ پتہ صاف تحریر کریں

پتہ: شفیق احمد۔ اشاعت الادب پوسٹ چرتھاول مظفرنگر

رنگ روغن وارنش اور انیمل

... موٹر لاریوں کے خاص رنگ ... برانڈ

ساختہ آئی۔ سی۔ آئی اینڈ سٹینڈرڈ وارنش کمپنی کے لئے دریافت کرو

سول ایجنٹ: دی سٹینڈرڈ پینٹ اینڈ وارنش کمپنی انڈیا چاندنی چوک متصل گوردوارہ دہلی

نوٹ: ہر بڑے شہر میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے۔

چمڑے کے سوٹ کیس

نہایت مضبوط خوبصورت چمڑا منٹ کو الٹی لگا ہوا

تھوک نرخ حسب ذیل ہے

سائز بکس	قیمت فی عدد	قیمت فی درجن
۱۰	2/4	26/8
۱۲	2/8	28/-
۱۴	2/12	30/-
۱۶	3/-	33/-
۱۸	3/4	36/-
۲۰	5/-	55/-
۲۴	5/12	66/-
۲۷	7/-	80/-
۳۰	8/-	90/-

نوٹ: چوتھائی قیمت پیشگی آرڈر کے ہمراہ آنی ضروری ہے۔

منیجر اے۔ آر۔ سیٹھ سہول سیل مرچنٹ انٹریا بلڈنگ لارنس روڈ کراچی

نادر طبی کتب کی قیمت میں غیر معمولی خاص رعایت صرف ایک ماہ کیلئے

خرچ ڈاک ہر حالت میں علاوہ ہوگا ...

ہومیوپیتھک میڈیکل ہال چھاؤنی فیروزپور (پنجاب)

ہر سائز کے قرآن مجید و حمائل شریف و کتب مذہبی ملنے کا پتہ

مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

وسیلۂ نجات

... منیجر مکتبہ علمیہ بلیماران دہلی

اعلیٰحضرت حضور نظام کا خاص اپنی تلاوت کے لئے منتخب کردہ قرآن مجید

دہلی میں ورود مسعود کے موقع پر اعلیحضرت حضور نظام خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ نے اس قرآن شریف کو بیحد پسند فرمایا اور اپنی تلاوت کیلئے خاص طور پر اسی کلام پاک کو مخصوص فرما لیا اور تمام علماء نے بھی اس کو پسند فرمایا۔ اس قرآن شریف میں حسب ذیل پانچ ترجمے ہیں:۔

پہلا ترجمہ (فارسی) از حضرت مولانا شیخ مصلح الدین شیرازی، دوسرا ترجمہ (فارسی) از حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی، تیسرا ترجمہ (اردو لفظی) از حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ، چوتھا ترجمہ (اردو با محاورہ) از حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب محدث دہلوی، پانچواں ترجمہ (اردو با محاورہ) از حضرت مولانا شاہ اشرف علی صاحب تھانوی۔ سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ اس کے حاشیہ پر اردو زبان کی بہترین اور عام فہم تفسیر احسن التفاسیر کامل درج ہے یہ تفسیر علامہ حضرت شاہ احمد حسین صاحب محدث دہلوی کی پچاس سال کی دماغ سوزی اور عرق ریزی کا نتیجہ ہے کچھ عرصہ سے کتابی صورت میں بالکل ناپید تھی مگر اب قرآن کریم نے اسکو زندہ جاوید بنا دیا دنیائے اسلام کے دینی سلسلہ میں سب سے پہلی اور سب سے بہتر اردو تفسیر ہے اور صحت روایات و کامل شان نزول وغیرہ کے اعتبار سے آپ ہی اپنی نظیر ہے۔ دیگر خصوصیات یہ ہیں:۔

تمام بسم اللہ شریف بخط طغری جداگانہ شان سے لکھی ہیں (۲) قرآن شریف کے مضامین کی فہرست شروع میں دی گئی ہے (۳) تفسیر احسن التفاسیر کی فہرست مضامین درج ہے تاکہ مضامین کی تلاش میں وقت نہ پڑے (۴) اعمال و وظائف قرآنی ہیں (۵) تمام صورتوں کے تعبیر خواب ہیں (۶) تمام صورتوں کے تعویذ القرآن ہیں (۷) مسائل القرآن (۸) فضائل القرآن (۹) آداب القرآن (۱۰) رموز اوقاف (۱۱) وہ مضامین جس کی غلطی اعراب سے کفر لازم آتا ہے (۱۲) حضور سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سوانح مبارک درج ہے (۱۳) عربی کتابت ہندوستان کے بہترین خوشنویس سے کرائی ہے (۱۴) نہایت صحیح ہے (۱۵) کاغذ مصری جس پر مصر کے نہایت قیمتی کلام مجید شائع ہوتے ہیں صفحات ۸۵۲ سائز ۱۲½-۱۲ انچ ×۱۰ انچ وزن چار سیر کے قریب ہے۔

ھدیہ:۔ اس قرآن شریف کا اصلی ہدیہ بغیر جلد کا تیس روپے ہے مگر صرف خریداران الجمعیۃ کیلئے مصری کاغذ کا ہدیہ دس روپے اور سفید ولایتی دبیز کاغذ کا پندرہ روپے محصولڈاک ایک جلد پر ۱۲؎ لگتا ہے فرمائش کے ہمراہ پانچ روپے پیشگی ضرور آنے چاہئیں ایک ساتھ پانچ جلدوں کے خریدار کو محصولڈاک معاف۔ المشتھر

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الجمعیۃ دہلی
یوم دوشنبہ ۳ ربیع الاول ۱۳۵۰ھ ہجری

کانگریس کی مجلس عاملہ کا فارمولا
مسلمانوں کے لئے غیر اطمینان بخش اور ناقابل قبول ہے
(۱)

ہم گوشتہ اشاعتوں میں نیشنلسٹ مسلم پارٹی اور مسلم کانفرنس کے مطالبات کا جو مقابلہ کر رہے تھے اسکا ابھی پہلا ہی جز ختم ہوا تھا کہ بمبئی میں کانگریس کی مجلس عاملہ نے فرقہ وارانہ مسائل کے متعلق ایک قرارداد منظور کر دی جس کے بارہ میں کہا جاتا ہے کہ وہ احرار کے نقطۂ نگاہ سے متنازعہ فیہ مسائل کا بہترین حل ...

بھرتی کا بھی خیال رکھے گا اور یہ خیال رکھے گا کہ ہر ملت کو یکساں طور پر حصہ ملے۔
"۵ - مرکزی اور صوبجاتی وزارتوں کی ترتیب میں رواج کے ذریعہ اقلیتوں کے حقوق کی نمائندگی ہوا کرے گی۔
"۶ - صوبہ سرحد اور بلوچستان کو اس قسم کی اصلاحات دی جائیں جو ملک کے دیگر ...

چونکہ آئندہ دستور اساسی میں حق رائے دہی بالغان کے تسلیم کر لئے جانے کا امکان بہت ہی ضعیف ہے اس لئے کوئی ایسی بات نہیں ہے جو ڈھکی چھپی ہو اس لئے نیشنلسٹ مسلمانوں کی طرح کانگریس کی مجلس عاملہ کا یہ فرض تھا کہ وہ اس صورت کا تصور بھی کرتی اور اس کے لئے بھی کوئی فرقہ وارانہ حل پیش کر دیتی مگر اس نے عمداً اس سے گریز کیا اور پنجاب و بنگال کی اکثریت کو قطعی اور یقینی طور پر محفوظ کرنے کی جو واحد شکل نیشنلسٹ مسلم پارٹی کے فارمولا میں موجود تھی وہ نظر انداز کر دی۔

مرکزی مجلس میں ⅓ نمائندگی
نیشنلسٹ مسلم پارٹی کا مطالبہ حسب ذیل تھا:-
"مرکزی مجلس قانون ساز کے دونوں ایوانوں میں مسلمانوں کو ⅓ نشستیں حاصل ہوں۔"

کانگریس کی مجلس عاملہ نے اس مطالبہ کو بالکل نظر انداز کر دیا اور مرکز میں مسلمانوں کی ⅓ نشستیں محفوظ نہیں کیں۔ یہ ایک ایسا مطالبہ ہے جو نہرو رپورٹ میں بھی تسلیم کیا گیا تھا اور جس پر شروع سے لیکر اب تک تمام مسلم جماعتیں زور دیتی ہیں اور جسے نیشنلسٹ مسلم پارٹی نے بھی اپنے فارمولا میں داخل کر لیا ہے۔ اسکو تسلیم نہ کرنے کی جو وجہ بتائی گئی ہے وہ یقیناً ناکافی اور غیر اطمینان بخش ہے۔ کہا جاتا ہے کہ چونکہ فیڈریشن میں ریاستیں بھی شامل ہونگی اس لئے اس تناسب کو قائم کرنے میں سخت دشواریاں درپیش ...

حوادث و احکام

مصری حکومت کا افسوسناک رویہ
...

آزاد علاقہ کے آفریدیوں کی حیرت انگیز مہمان نوازی
دشمنوں کے ساتھ انتہائی دوستی کا ثبوت
درۂ خیبر میں سیر و سیاحت کے تین دن
(گذشتہ سے پیوستہ)

دونوں جا چھپیں۔ ابھی مل گئیں اور ہم نے پہاڑی کے خیال کی جانب ایک چکر دیا اور ایسے شکار کی تلاش میں پھرتے رہے جو سایہ دار درختوں کے نیچے سو رہا ہو ...

عمان میں شریف حسین مرحوم کا مجسمہ نصب کیا جائیگا
مرحوم جلالۃ الملک کے صاحبزادے اسکے مخالف ہیں

عمان میں جلالۃ الملک شریف حسین مرحوم کے مجسمہ کو نصب کرنیکا انتظام کیا جا رہا ہے اس مقصد کے لئے امت عربیہ نے بطور چندہ کے بہت سارا روپیہ بھی جمع کر لیا ہے اس کام کو درجۂ تکمیل تک پہونچانے کے لئے ایک مجلس بھی قائم کر دی ہے جس نے مجسمہ کیلئے مصر کے صناعوں کو آرڈر دیدیا ہے۔
علماء اور رجال دین اس تجویز کی سخت مخالفت کر رہے ہیں یہاں تک امیر اور مرحوم کے صاحبزادے بھی اس کی مخالفت کر رہے ہیں کیونکہ وہ نہیں چاہتے کہ شریف حسین کے نام پر جو خانوادۂ رسول اور عترۂ پیغمبر ہیں، کوئی مجسمہ بنایا جائے اور پھر اس کو شارع عام پر نصب کر دیا جائے۔

فلسطین کا جدید ہائی کمشنر
ملک معظم نے یکم نومبر سے فلسطین کے موجودہ ہائی کمشنر سر جان رابرٹ کا استعفا منظور کر لیا ہے ان کی جگہ لفٹنٹ جنرل آرتھر واوچوب کمانڈر شمالی آئیرلینڈ فلسطین شرق اردن کے ہائی کمشنر اور کمانڈر انچیف مقرر ہوئے ہیں۔

بغداد میں ریلوے لائن اور پٹرول کی نالیاں
بغداد سے جو ریلوے جو بل نکلنے والی ہے اس کی تخطیط کیلئے انجنیر آ گئے ہیں اور عنقریب ریلوے لائن بچھا دی جائیگی اس کے ساتھ پٹرول کی نالیاں بچھا دی جائیں گی جنکے ذریعہ تیل دور دراز مقامات پر پہونچایا جا سکیگا۔ عربی قوم ان تمام کاموں کو خوف و خطرہ کی نظر سے دیکھ رہی ہے اور یہ عام طور پر مشہور ہو گیا ہے کہ جو ریل کی لائن بچھائی جائیگی اور اگر یہ اس پر چلیں گی لیکن عربوں کو سوائے نقصان کے اور کوئی فائدہ نہ ہوگا۔

مصری حکومت کا افسوسناک رویہ
حق و انصاف کی آواز بند کرنے کی سعی
مصر کے ادارہ امن عام نے مدیر جریدہ "الفتح" اور "الزہراء" کو تنبیہ کی ہے کہ وہ آئندہ طرابلس کے مظالم کی داستان شائع کرنے سے احتیاط کرے لیکن ...

زنجبار میں عیسائی مشنریوں کا اجتماع
...

عربی اخبارات کے تراجم
(خاص الجمعیۃ کے لئے)

ممالک حبشہ میں اٹلی حکومت کی کارفرمائیاں
بادشاہ حبش کی طرف سے گرجاؤں کی تعمیر
صومال کے مسلمانوں پر جابرانہ احکام

حبش کا ملک دول شرقیہ میں ایک مستقل اور آزاد ملک ہے اور اس کی وہی حیثیت ہے جو ایران، چین، جاپان، افغانستان اور حجاز مقدس کی ہے اس لئے شرقی ہونے کی حیثیت سے ہمیں حبش اور حبش کے باشندوں سے ایک خاص تعلق اور یگانگی ہے اور ہم نہیں چاہتے کہ اس ملک پر کسی غیر حکومت کا تسلط ہو اور اس کی بھی وہی حالت ہو جائے جو دوسرے محکوم ممالک کی ہے اس لئے جب ہم دیکھتے ہیں کہ حبش میں بھی استعماری قوتیں اپنا جال پھیلا رہی ہیں تو ہم کو سخت روحانی تکلیف ہوتی ہے اور ہماری خودداری اور غیرت کا آئینہ پاش پاش ہو جاتا ہے۔

لیکن خطرہ یہ ہے کہ عنقریب اٹلی اس مقام کو اپنے زیر نگیں کرے گا کیونکہ وہ مقام "قرمبی" کے بالکل قریب واقع ہے جو حبش اور اٹلی میں حد فاصل ہے اور اٹلی نے حبش کی زمین کے بعض حصوں پر قبضہ جما لیا ہے اگر اس حالت کو دیکھ کر بادشاہ حبش "معلو سلاسی" حزم و احتیاط کو کام میں نہ لاتے اور جمعیۃ الاقوام کے پاس اپنی شکایات نہ بھیجتے تو خبر نہیں واقعات کیا صورت ہوتی۔ آپ نے جمعیۃ الاقوام کو اختلاف و نزاع کی تمام بنیادی باتوں سے آگاہ کر دیا ہے اور اس سے ایک مجلس کی تشکیل کا مطالبہ کیا ہے جو حبش اور اٹلی کی حدود کا تصفیہ کرے ...

یجد القوی من القوی مصادقا
اما الضعیف فما لدیہ صدیق

جمعیۃ الاقوام پر ہرگز بھروسہ نہیں کرنا چاہئے کیونکہ اٹلی ایک زبردست طاقت ہے اور جمعیۃ الاقوام طاقت کا ساتھ دینے پر مجبور ہے۔ صومال میں اٹلی نے اپنی فرعونیت کا جس طرح مظاہرہ کر رکھا ہے اس کی تفصیل حسب ذیل ہے

اٹلی کے جابرانہ احکام
(۱) اگر اٹلی کا کوئی عہدیدار بازار سے گذرے اور اس کے احترام کے لئے بازار والے کھڑے نہ ہوں تو ان سب کو حیوانوں کی طرح گھسیٹ کر جیل میں بند کر دیا جاتا ہے۔
(۲) اگر کوئی شخص حکومت کے دفتروں میں سے کسی دفتر میں ملازمت اختیار کرے تو اس پر لازم ہے کہ وہ دن کے دروازے پر شاہ اٹلی کی تعظیم ...

فلسطین میں ایک جدید مجلس کی تشکیل
طرابلس کے مسلمانوں کی امداد کیلئے دورہ
فلسطین اور عراقیہ کے چند جوان عربوں نے ایک مجلس بنائی ہے جسکا مقصد یہ ہے کہ اس کے ارکان مختلف مقامات کا دورہ کر کے طرابلس کے مظلوم مسلمانوں کو مالی مدد پہونچائیں اس مجلس نے اٹلی کے ارباب حکومت سے ایک تحقیقاتی وفد کو طرابلس بھیجنے کے لئے اجازت طلب کی ہے گو اس وفد کے لئے اجازت ملنے کی کوئی امید نہیں ہے مگر تاہم اتمام حجت کے لئے مجلس نے اسکے لئے ہمت دکھائی ہے۔

براق شریف اور مجلس اسلامی اعلیٰ
رائٹر کے نمائندہ کو مفتی اکبر کا بیان
... کے سامنے براق شریف کا مسئلہ درپیش ہے اور وہ فیصلہ بھی سامنے ہے جو حکومت نے اس کے متعلق صادر فرمایا ہے لیکن مجلس اسلامی ان تحفظات کو مد نظر رکھتے ہوئے جو اس وقت اس کے سامنے ہیں، مسلمانوں کی رائے عامہ کو پس پشت نہیں ڈال سکتی کیونکہ اماکن مقدسہ کا تعلق تمام عالم اسلامی سے ہے نہ فقط مجلس اسلامی سے، اس لئے مسئلہ کی اہمیت کو پیش نظر رکھتے ہوئے مجلس اسلامی اپنی علیحدہ کوئی رائے نہیں رکھتی۔

ملک فیصل کے سفر کا پروگرام
عمان، شام، ٹرکی اور سوئیزرلینڈ کا سفر
جلالۃ الملک فیصل بذریعہ ہوائی جہاز عمان تشریف لے گئے اور وہاں سے قدس شریف اپنے والد شریف حسین کی قبر کی زیارت کیلئے پہونچے پھر آپ کا سفر شام کی طرف ہوگا اور وہاں سے آپ غازی مصطفیٰ کمال پاشا سے ملاقات کے لئے انقرہ تشریف لے جائیں گے ...

انتقادات
تذکرۂ جمیل دہلی کے مشہور و معروف ماہوار رسالہ پیشوا نے ہر سال ربیع الاول کے مبارک مہینہ میں ایک رسول نمبر شائع کرنے کا التزام کر لیا ہے جس کو جناب سید عزیز حسن صاحب بقائی مدیر پیشوا نہایت اہتمام و انتظام کے ساتھ ...

... بہتر اور افضل ہے کہ حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند کے اس مضمون کو پڑھا جائے جو "افضل الخلق" کے عنوان سے تذکرۂ جمیل میں شائع ہوا ہے اور جس میں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل کا دریا ایک کوزہ میں بند کیا گیا ہے۔ حضرت مفتی صاحب کے مضمون کے علاوہ اور بھی بہت سے مضامین اس نمبر میں اس قابل ہیں کہ ہر مسلمان ان کا مطالعہ کرے سالہائے گذشتہ کی طرح امسال بھی تذکرۂ جمیل کی یہ ایک خصوصیت ہے کہ اس میں مسلمانوں کے علاوہ غیر مسلموں کے مضامین بھی شائع ہوئے ہیں جن میں دنیا کے پیغمبر اعظم صلی اللہ علیہ وسلم کی فضیلت کا ہر طرح اعتراف کیا گیا ہے۔ مضامین نثر کے بعض عنوانات حسب ذیل ہیں:-
صاحب قرآن کا ذکر قرآن میں۔ انسان کامل۔ سرور کائنات کا درجۂ اصف انبیاء۔ مصلح اعظم۔ مبلغ اعظم۔ نبیٔ مارشل اعظم۔
باوجود اس قدر گوناگوں خوبیوں کے اس کی قیمت جناب بقائی صاحب نے صرف ایک روپیہ رکھی ہے تاکہ ہر مسلمان باسانی منگا سکے۔ رسالہ پیشوا کے مستقل خریداروں کو تذکرۂ جمیل بغیر کسی قیمت کے دیا جاتا ہے اور پیشوا کا سالانہ چندہ ۴/ ہے اگر کوئی صاحب اسی نمبر سے خریداری قبول کرنا چاہیں تو وہ معمولی چندہ میں تذکرۂ جمیل بھی حاصل کر سکتے ہیں اور ایک سال تک پیشوا کے خریدار بھی رہ سکتے ہیں۔

ٹرکی میں مردہ جلانے کا جدید قانون
ٹیونس کے جریدہ "السلام" نے ترکی اخبارات سے ذیل کی خبر شائع کی ہے کمالی حکومت نے ایک جدید قانون کا نفاذ کیا ہے جس میں مردوں کے جلانے اور دفن کرنے کے متعلق ہدایات ہیں۔ چند دفعات کا خلاصہ یہ ہے:-
(۱) ہر ایک مردہ کو جلانے اور دفنانے کا حق صرف میونسپلٹی کو ہوگا اور کسی شخص یا افراد اور جماعت کو اپنے کندھوں پر لاش کو لیجانے کی اجازت نہیں ہے۔
(۲) ہر ایک مردہ کو دفن کرنے سے پیشتر جلایا جائیگا۔
(۳) میونسپلٹیوں کے ارباب اختیار پر ان دفعات کی تنفیذ لازمی ہوگی۔
(دستخط وزیر خارجہ)

بیت اللہ الحرام میں مرحوم شریف حسین کیلئے نماز غائب
جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کے حکم سے مرحوم شریف حسین کیلئے بیت اللہ الحرام میں نماز غائب پڑھی گئی، جماعت میں ارکان دولت کے علاوہ شہر کے نمایاں سادات اور علماء نے شرکت کی۔

مجلس عاملہ کانگریس کمیٹی دہلی کا اجلاس
غیر ملکی کپڑہ پر پکٹنگ کا فیصلہ

دہلی ۲۱ جولائی۔ ڈسٹرکٹ کانگریس ورکنگ کمیٹی کا دوسرا اجلاس آج شام کو دفتر کانگریس میں منعقد ہوا۔ پچھلے اجلاس میں جو سب کمیٹیاں بنائی گئی تھیں ان میں سے کئی کمیٹیوں کی رپورٹیں پیش ہوئیں۔ اور فیصلہ کیا گیا کہ گاندھی جی اور کانگریس ورکنگ کمیٹی کی ہدایات کے مطابق جلد سے جلد پورے زور کے ساتھ ولایتی کپڑے پر پرامن پکٹنگ لگا دیا جائے اور دہلی کے کپڑے والوں کو اس کا باقاعدہ نوٹس دیدیا جائے۔ اس کے ساتھ ہی یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ دیہات میں پروپیگنڈا شروع کردیا جائے۔

دہلی میں احرار پنجاب کی آمد
قوم پرور کانفرنس میں میرٹھ میں شرکت کا عزم

دہلی ۲۱ جولائی کل صبح ہندوستان کے مشہور رہنما اور احرار پنجاب کے ممتاز لیڈر مولانا مولوی حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری اور جناب شیخ حسام الدین صاحب ... دہلی تشریف لائے ... آج صبح یہ تینوں محبوب رہنما دفتر جمعیۃ علماء ہند میں بھی تشریف لائے قوم پرور کانفرنس اور جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ کے اجلاس میں شرکت کے لئے غالباً کل روانہ ہو جائینگے۔

احرار کانفرنس لاہور کی منظور شدہ تجویز
جداگانہ انتخاب کی حمایت

احرار اسلام کانفرنس کے اجلاس منعقدہ ۱۱ و ۱۲ جولائی میں جداگانہ انتخاب کی تائید میں حسب ذیل قرارداد منظور ہوئی:

(الف) ہرگاہ ان تجاویز دہلی کو جو مارچ ۱۹۲۷ء میں مختلف خیالات کے ذی اثر مسلمان رہنماؤں نے مرتب کیں اور جن کی رو سے تمام موہ بجات میں تمام اقوام کیلئے مخلوط انتخاب کے تابع نشستیں مخصوص کرنے کی تجویز کی گئی تھی پنجاب کے ہندوؤں اور سکھوں نے منظور نہیں کیا۔

(ب) ہرگاہ پنجاب کے فیصلہ کو جو نہرو رپورٹ کے تصفیہ کے مطابق ہندو مسلم سکھ میثاق لکھنؤ ۱۹۲۸ء میں درج ہے اور جس کی رو سے نشستوں کی تخصیص کے بغیر بالغوں کو حقوق رائے دہی اور مخلوط انتخاب کی سفارش کی گئی تھی سکھ قوم نے مسترد کردیا ...

ترکمان دروازے کے نزدیک ایک قتل
گھوسیوں نے ایک چمار کو مار ڈالا

ناظم جمعیۃ علماء ہند کا تار
وائسرائے کے نام

مولانا احمد سعید صاحب کی میرٹھ کو روانگی

انجمن اہلحدیث دہلی کا قیام

سٹہ اور کوکین کا انسداد

دہلی کے ایک کانگرسی کارکن کی گرفتاری

کشمیر میں پولیس اور مسلمانوں کا سرزہ خیز تصادم
پولیس کی گولیوں سے دس مسلمان شہید اور سینکڑوں مجروح
شہداء کی تجہیز و تکفین اور سنگینوں کا مظاہرہ

سری نگر ۱۴ جولائی۔ پشاور کے ایک مسلمان پر ہندوؤں کے خلاف اشتعال انگیز تقریر کرنے کے الزام میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی عدالت میں مقدمہ چل رہا تھا بیشمار مسلمانوں کے مجمع نے جیل توڑنے کی کوشش کی جس پر پولیس نے گولی چلادی اور دس مسلمان شہید اور بیسیوں زخمی ہوگئے۔

سارے شہر میں اس ناگہانی اشتعال سے شدید خوف و دہشت طاری ہے اور فوج کے دستے کوچہ و بازار میں گشت کر رہے ہیں۔

مسلمانوں کی گرفتاریاں اور تحقیقاتی کمیٹی کا تقرر

سری نگر میں تین سو مسلمان شہید ہوئے

سری نگر میں کرفیو آرڈر کا نفاذ
کشمیر جہنم کا نمونہ بن رہا ہے

سری نگر ۱۷ جولائی۔ سیلاب کشیدگی بڑھ رہا ہے فسادات کے باعث سکول کالج۔ دفاتر اور ڈاک خانے بند ہیں۔ بہت سے لوگ لاپتہ ہیں کئی آدمی دریا میں ڈوب گئے ہیں ...

سری نگر میں مسلمانوں پر دوبارہ گولی چلادی گئی
اب تک ۲۱ شہید اور ۵۰ زخمی ہوچکے ہیں
۴۰ مجروحین کی نازک حالت

کشمیر میں کتب و تصاویر کی ضبطی

الجمعیۃ کی خدمات کا اعتراف

کسانوں کی گرفتاریاں ہنوز جاری ہیں
زمینداروں کو ہوش آ رہا ہے

لنکا میں تین کانگرسی وزراء کا انتخاب

فساد کانپور کے منحوس نتائج
ایک مسلمان کو حبس دوام کی سزا

کانپور ۱۷ جولائی۔ مسٹر راجا رام ایڈیشنل سشن جج کانپور نے شبیر کے خلاف مقدمہ زیر دفعہ ۳۰۲ (اقدام قتل) کا فیصلہ سنادیا ہے۔ اور ملزم کو عمر قید کی سزا دی ہے۔

مظلومین کانپور کی امداد

مسلمانان کانپور کی امداد کیلئے ایک ہندو کا عطیہ

جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ کا اجلاس میرٹھ
تمام انتظامات مکمل ہوچکے ہیں

یوروپینوں کیلئے جداگانہ نمائندگی کی درخواست
رنگون کارپوریشن نے منظور کرلی

سرحدی نوجوان بھارت سبھا کے ممبروں کو سزائیں
دفعہ ۱۴۴ کی خلاف ورزی کا جرم

تنخواہیں جب ملینگی جب چوروں کا پتہ لگا ؤ گے

اشتراکیوں کیخلاف صدر چین کی تیاریاں
اشتراکی افواج کی پسپائی

ضلع بریلی میں گولی چل گئی
دو دیہاتیوں کی ہلاکت

برمامیں مرد اور عورتوں کا قتل
خونریز سرگرمیوں کا دور دورہ

ایک عیسائی پرنسپل خاتون کے متعلق غلط خبر کی تردید

جدہ سے جہانگیر جہاز کی روانگی
(خاص تار بنام الجمعیۃ)

گول میز کانفرنس کا التوا کسی حالت میں نہیں ہوسکتا
گاندھی جی کو اختیار ہے کہ لندن جائیں یا نہ جائیں

کونسل آف اسٹیٹ میں مسٹر قدوائی کی تحریک
پہلے ہندوستان میں گول میز کانفرنس کیجائے

ریلوے کی آمدنی میں کثیر نقصان
ہفتہ واری رپورٹ

مہاراجہ پٹیالہ کی کانفرنس

گاندھی جی وائسرائے سے کب ملاقات کرینگے؟

پنڈت جواہر لال نہرو کی شملہ کو روانگی
گاندھی جی کی مسٹر گریرار سے ملاقات

شملہ کی چوٹیوں پر تبادلہ خیالات
دہلی مفاہمت پر مزید گفتگو

پشاور کے علاقہ میں سرخ پوشوں کی کامیابی
خان عبدالغفار خاں کے تیرہ ہزار فدا کار

لندن کانفرنس میں ریاستی باشندوں کی نمائندگی
وائسرائے کی انتظامیہ کونسل میں بحث

ریاست بھوپال
میں الجمعیۃ عبدالعزیز خاں تاجر کتب سے خریدا جاسکتا ہے۔

کانگریس ورکنگ کمیٹی کی تجاویز

ممتاز رہنماؤں کے خیالات

دہلی ۱۶ جولائی ڈاکٹر سیف الدین کچلو نے کانگریس کی مجلس عاملہ کی تجاویز پر حسب ذیل خیالات کا اظہار کیا ہے۔

کانگریس کا نصب العین فرقہ پرستی اور قوم پرستی کے درمیان ایک مصالحت ہے ...

مسٹر آصف علی صاحب بیرسٹر

ڈاکٹر شفاعت احمد خاں صاحب

ملک برکت علی ایڈووکیٹ

لاہور ۱۵ جولائی ملک برکت علی ایڈووکیٹ نے فرقہ وارانہ حل کے لئے کانگریس ورکنگ کمیٹی کے فارمولا کے متعلق اخبارات کو ایک بیان دیا ہے ...

مولانا شوکت علی صاحب

بنگلور ۱۵ جولائی مولانا شوکت علی صاحب ... سرنگاپٹم کے لئے روانہ ہو گئے ... اور کہا کہ مسلمان اسے منظور نہیں کر سکتے جب تک مسلمانوں کے مختلف فرقے ... آگاہ کر دیں کہ وہ جانبازی سے کام لینا چھوڑ دیں۔

گاندھی جی

احمد آباد ۱۴ جولائی فرقہ وارانہ مسئلہ کے حل کے متعلق کانگریس ورکنگ کمیٹی کی مجوزہ اسکیم پر تبصرہ کرتے ہوئے مہاتما گاندھی "ینگ انڈیا" میں رقمطراز ہیں ...

سردار سردول سنگھ کویشر

لاہور ۱۶ جولائی سردار سردول سنگھ کویشر نے فرقہ وارانہ مسئلہ پر کانگریس ورکنگ کمیٹی کی تجویز کے متعلق اظہار خیال کرتے ہوئے فرمایا ...

گاندھی جی شملہ پہونچ گئے

حکومت ہند کے سکریٹری سے طویل ملاقات

فرقہ وارانہ مسئلہ کے متعلق گاندھی جی کا اظہار خیال

شملہ ۱۵ جولائی ... گاندھی جی ... شملہ پہونچ گئے ...

گاندھی جی سے انٹرویو

احرار کانفرنس میں مولانا حبیب الرحمن صاحب کا خطبہ صدارت

بقیہ صفحہ اول

فرقہ پرست کون ہے

کانگریسی اور غیر کانگریسی مسلمان

(باقی آئندہ)

معاونین الجمعیۃ سے اہم گذارش

اپنی فرض شناسی کا ثبوت دیجئے

اپنے دل کو ٹٹولئے

نیاز مند۔ منیجر الجمعیۃ

لاہور کے مقدمہ سازش کے ایک مخبر کا قتل

کیا قاتل سیاسی خیال کے تھے؟

ملتان ۱۴ جولائی ... لاہور میں جو مقدمہ سازش چلا تھا اس کے ملزموں کو گرفتار کرانے والا ایک سردار کرپال سنگھ بھی تھا ... پولیس سرگرمی سے تفتیش کر رہی ہے۔

گاندھی جی کے ہمراہ پنڈت مالویہ بھی انگلستان جائینگے

الہ آباد ۱۵ جولائی معلوم ہوا ہے کہ پنڈت مدن موہن مالویہ گاندھی جی کے ہمراہ "ملتان" نامی جہاز سے انگلستان کے لئے ۱۵ اگست کو روانہ ہونگے ...

خان عبدالغفار خاں کی خدمت میں سپاسنامہ

میرٹھ ۱۵ جولائی ...

درد ملت

(مضمون نگار حضرات کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

مرکز ملت کے اجلاس میرٹھ سے اپیل

...

محرک:۔ مولانا فدا حسین صاحب

موئد:۔ محمد ابراہیم خاں

خادم قوم محمد ابراہیم خاں جھگڑاہ

قرطبہ کی مسجد اعظم

مسلمانان ہند کی غیرت دینی و حمیت اسلامی کا امتحان

...

ناظم جمعیۃ علماء مدرسہ شاہی مراد آباد

جھگڑہ کے جلسہ میں قوانین سرحدی کی تنسیخ کا مطالبہ

گرفتار شدہ سرخ پوشوں کے ساتھ اظہار ہمدردی

...

(عاقل البولوی)

فرنگی محل لکھنؤ کا خاص عرس شریف

...

محمد ناصر صاحب قبلہ مدظلہ

مسلمانوں کے افلاس کا علاج اور مسئلہ انتخاب

یہ وہ معرکۃ الآرا تصنیف ہے جس میں مسلمانوں کے افلاس اور تعلیمی پستی کے حقیقی وجوہ بتا کر ان کا قطعی اور عملی علاج تجویز کیا گیا ہے۔ مسلمانوں کے مذہبی حقوق اور ان کی حفاظت کی تدابیر اور موجودہ و آئندہ نظام سلطنت اور طریقہ انتخاب پر نہایت تفصیل کے ساتھ بحث کی گئی ہے۔ کتاب اپنی خوبیوں کی وجہ سے ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو رہی ہے۔

ملنے کا پتہ

ایم۔ اے مجید معرفت منیجر الجمعیۃ دہلی

پائیوریا کا دشمن

سنون محبوب

آپ استعمال کریں جو دانتوں کی جملہ خرابیوں کے لئے اکسیر اور تیر بہدف ثابت ہو چکا ہے ... اس کی قیمت لاگت کے برابر رکھی گئی ہے تاکہ ہر شخص اس سے فائدہ اٹھا سکے۔ قیمت فی شیشی ... محصول بذمہ خریدار

ملنے کا پتہ احمد بک ایجنسی پہاڑی املی دہلی

ہر قسم کے قرآن شریف و حمائل شریف ملنے کا پتہ

مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی



سناٹوجن استعمال کیجئے

اور جوانی کا مزہ اٹھائیے

جو شخص سناٹوجن استعمال کریگا اس کو چند ہی روز میں معلوم ہو جائیگا کہ اس کی کھوئی ہوئی جوانی کی طاقت دوبارہ واپس آ گئی ہے سناٹوجن کے استعمال سے کمزوری اور عصبانی ناتوانی بالکل دور ہو جاتی ہے۔ اور مریض کو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اس کی شریانوں میں خون جوش مار رہا ہے۔

سناٹوجن استعمال کرنے والا ہر وقت توانا اور ہوشیار رہتا ہے اپنی زندگی کا ایک لمحہ مسرت میں گذارتا ہے۔

سناٹوجن کے استعمال سے تنی زیادہ طاقت جو مریض کے بدن میں آ جاتی ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ اس میں صرف وہی اجزاء شامل ہیں جو انسانی جسم کو حقیقی معنی میں زندگی اور خالص خون بخشتے ہیں۔

آج ہی سناٹوجن کی ایک شیشی خریدیئے چند ہی یوم میں آپ کو معلوم ہوگا کہ آپ کی صحت اور طاقت میں حیرت انگیز اضافہ ہو گیا ہے۔

SANATOGEN

اصلی قوت بخش دوا

تمام دوا فروشوں سے دستیاب ہو سکتی ہے

تیاری کے دوران میں ہاتھ نہیں لگایا جاتا

مفت

رسالہ زندگی

اگر آپ زندگی کے بہترین حصہ کو بے احتیاطیوں سے ضائع کرکے لطف زندگی سے محروم ہو چکے ہیں اور اسے حاصل کرنے کے لئے بے قرار ہیں تو آپ کے لئے رسالہ زندگی کا مطالعہ نہایت ضروری ہے ... قابل ہے مفت ... ایک کارڈ لکھ کر مفت حاصل کریں۔

پتہ

منیجر شفاخانہ معاون صحت درجسٹرڈ شہر راولپنڈی پنجاب

پانچ سو روپے انعام

... اکھل کشور رام ۱۳ پوسٹ کتری سرائے گیا

نیٹ بہرا پن کا شرطیہ علاج

کان بہنے، زخم، کم سننے، کان بند یا بھاری رہنے، پھنسی، ناسور، کیڑے پڑ جانے، درد طرح طرح کی آوازیں ہونے، بہرے پن کی کمزوری اور کان کی تمام بیماریوں کی ایک مجرب و اکسیر بے خطا دوا

بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات ہے

فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ ... محصول ڈاک و پیکنگ معاف

ہمادری سرمہ ... فی شیشی چار آنے (۴)

ملنے کا پتہ

کان کی دوا۔ بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یوپی)

جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی

میں اب آپ کے بچوں کی تعلیم و تربیت کا بہترین انتظام ہو گیا ہے ... داخلہ یکم اگست سے ہوگا ...

رجسٹرار جامعہ ملیہ دہلی

بے روزگاروں کیلئے شریفانہ ذریعہ معاش

اگر آپ بے روزگاری کے ہاتھوں تنگ ہیں اور معاش کا کوئی بہتر ذریعہ آپ کے پاس نہیں ہے تو الجمعیۃ کی ایجنسی حاصل کرنے کے لئے آج ہی درخواست بھیجئے ... اسلامی اخبار کی توسیع اشاعت کا فرض بھی ادا کر سکتے ہیں۔ شرائط ایجنسی کے لئے اس پتہ پر ایک کارڈ لکھئے۔

پتہ منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

ماہ ربیع الاول یوم میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تقریب اور آپ کے مقدس حالات میں سیرۃ الحبیب مستند کتاب ہے علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند کی تقریظ سے مزین ... ملنے کا پتہ منیجر کتب خانہ ... دہلی

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

سہ روزہ

الجمعیۃ دہلی

ید اللہ علی الجماعۃ

تاریخہائے اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی ... کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات

ایک صفحہ (ایک بار) ... نصف صفحہ ... ایک کالم ...

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے: سالانہ ... ششماہی ... سہ ماہی ... فی پرچہ ... نمونہ مفت

ممالک غیر کیلئے: سالانہ ... ششماہی ...

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی اے)

معاون: محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۴ | دہلی یوم جمعہ ۷ ربیع الاول ۱۳۵۰ھ ہجری مطابق ۲۴ جولائی ۱۹۳۱ء | نمبر ۷

جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ کا عظیم الشان اجلاس

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کا خطبۂ صدارت

مذہبی و سیاسی حقائق کا بہتا ہوا دریا

جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ کے جلسہ منعقدہ ... میں حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے ذیل کا بصیرت افروز اور حقائق آگاہ صدارتی خطبہ ارشاد فرمایا:

الحمد للہ حمداً یلیق بہ والصلوٰۃ علی نبیہ الجلیل النبیہ وآلہ وکل من یحبہ ویتقیہ۔

حیرت و استعجاب

کی موت سے مسلمانوں کو جس قدر نقصان پہنچا ہے وہ کسی مزید تشریح و توضیح کا محتاج نہیں ہے۔ مولانا مرحوم کے ایثار و قربانی کا یہ اثر ہے کہ آج لاکھوں مسلمانوں کی آنکھیں اپنے محبوب رہنما کی یاد میں پرنم ہیں۔ مسلمان ایک عرصہ سے آزادی وطن کے سبق کو فراموش کر چکے تھے لیکن مولانا مرحوم کے صحیح جذبے نے ہمارا مسلمانوں کے قلوب میں آج احساس عمل کو از سر نو پیدا کر دیا ہے اور ہم دیکھ رہے ہیں کہ مسلمان ...

ملک میں انقلابی دور

ہندو مسلم فساد

مسلمانوں کی مظلومیت

انگریزوں کا طرز عمل

حقوق کا سوال

سول نافرمانی اور جمعیۃ علماء ہند

یادرفتگان

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ

قرابادین مفید عام

... صاحب حیدرآبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کرکے ... اس کتاب کو بہت پسند کیا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرابادین مفید عام

... قیمت صرف ایک روپیہ علاوہ محصول ڈاک رکھی گئی ہے۔

تاریخ القرآن ایک روپیہ آٹھ آنہ | بستان العارفین تین روپے | اعجاز القرآن آٹھ آنے | تفسیر مظہری پارۂ اول ایک روپیہ | تعلیم الاسلام ... | فتاویٰ رشیدیہ ہر سہ حصہ کامل ... | احسن الوظائف قیمت ... | عطر مجربات قیمت تین روپے

نوٹ: محصول ڈاک ہر حالت میں بذمہ خریدار ہوگا۔ پتہ صاف تحریر کریں۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

چمڑے کے سوٹ کیس

نہایت مضبوط خوبصورت چمڑا فسٹ کوالٹی لگا ہوا، تھوک نرخ حسب ذیل ہے

سائز بکس		قیمت فی عدد	قیمت فی درجن
۱۴	انچ	۲/۹	۲۵/۸
۱۶	"	۲/۸	۲۸/-
۱۸	"	۲/۱۲	۳۰/-
۲۰	"	۳/-	۳۳/-
۲۲	"	۳/۴	۳۶/-
۲۴	"	۵/-	۵۵/-
۲۶	"	۵/۱۲	۶۶/-
۲۸	"	۷/-	۸۰/-
۳۰	"	۸/-	۹۰/-

نوٹ: ¼ قیمت پیشگی آرڈر کے ہمراہ آنی ضروری ہے۔

منیجر اے۔ آر سیٹھ ہول سیل مرچنٹ انٹریا بلڈنگ لارنس روڈ کراچی

نادر علمی کتب — قیمت میں غیر معمولی خاص رعایت

صرف ایک ماہ کیلئے

تصنیف	مطبوعہ قیمت	رعایتی قیمت
...	...	...

... ہومیو پیتھک میڈیکل ہال چھاؤنی فیروز پور (پنجاب)

کٹ پیس تھوک نرخوں پر

اگر آپ کو کٹ پیس ہر ایک قسم کی ضرورت ہو تو تھوک نرخ طلب فرمائیں۔

منیجر اے۔ آر سیٹھ ہول سیل مرچنٹ انٹریا بلڈنگ لارنس روڈ کراچی

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

مقویات میں ایک بے نظیر ایجاد

دوا ء العصفور

اعادۂ قوت مردمی و ازالۂ ضعف باہ کا بیخطا علاج

... قیمت ... علاوہ محصول ...

حکیم ظہیر الحسن میونسپل کمشنر متھرا۔ یو۔ پی۔

ہوشیار ہو جاؤ

اگر آپ واقعی تعلیمی ناکامیابی کو حیرت انگیز کامیابی میں تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو ضرور بالضرور جوہر ہائی اسکول میں داخل ہو جاؤ ...

جلد درخواستیں بنام ہیڈ ماسٹر جوہر ہائی سکول صدر بازار دہلی آنی چاہئیں



زنگی قلم کمپنی نئی سڑک ۳۲ دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اسکو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشۂ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آجتک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو سنکر اور دیکھکر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرمالیا صحت۔ طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں۔ مولانا شاہ رفیع الدین صاحب مولانا شاہ عبد القادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ و مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن مجید کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ دس روپے علاوہ محصولڈاک ہے۔ فرمائش کے ہمراہ کم ازکم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

سب سے سستا اور صحیح قرآن مجید معرّا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملے گا۔ اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کیساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے با موقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کی چھپائی کے وقت طہارت اور باوضو ہونے کا پورا اہتمام کیا گیا تھا نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھکر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دیجاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی عہ بلا جلد مجلد پارچہ عہ مجلد چرم نقرہ عہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اسکا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جسکے دیکھنے سے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے ہدیہ: قسم اعلیٰ سفید کاغذ حاشیہ دار عہ قسم دوم حاشیہ دار عہ علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ عہ چرم عہ

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

کانگریس کی مجلس عاملہ کا رزولیوشن

اصل تجویز کا صحیح ترجمہ

[ہمیں افسوس ہے کہ گزشتہ اشاعت کے مقالہ افتتاحیہ میں کانگریس کی مجلس عاملہ کا فارمولا ایک اردو اخبار سے نقل کیا گیا تھا جو بعد میں انگریزی کی اصل تجویز سے مقابلہ کرنے پر غیر صحیح ثابت ہوا۔ چونکہ ہمیں ابھی اس فارمولا پر تفصیل کے ساتھ اظہار رائے کرنا ہے اس لئے اس کا صحیح لفظی ترجمہ درج ذیل کیا جاتا ہے:-]

۱-(۱) دستور اساسی میں بنیادی حقوق کے متعلق جو دفعہ ہوگی اس میں مختلف ملتوں کے لئے ان کے کلچر، زبان، رسم الخط، تعلیم، مذہبی عقائد، مذہبی اعمال اور مذہبی اوقاف کی حفاظت کی ضمانت بھی موجود ہوگی۔

(ب) دستور اساسی میں پرسنل لا کی حفاظت کیلئے مخصوص دفعہ داخل کی جائے گی۔

(ج) مختلف صوبوں میں اقلیتوں کے سیاسی اور دیگر حقوق کی حفاظت وفاقی حکومت کا کام ہوگی اور اس کے دائرہ اختیارات میں داخل رہے گی۔

۲- حق رائے دہی تمام بالغ مردوں اور عورتوں کو دیا جائے گا۔

(نوٹ) مجلس عاملہ کراچی کی قرارداد کے مطابق حق رائے دہی بالغان کی پابند ہے اور حق رائے دہی میں کوئی تبدیلی قبول نہیں کر سکتی لیکن بہرحال ان شکوک کی بنا پر جو بعض حلقوں میں پیدا ہوگئے ہیں مجلس عاملہ اس امر کی وضاحت کر دینا چاہتی ہے کہ ہر صورت میں حق رائے دہی یکساں اور اس قدر وسیع ہوگا کہ فہرست انتخاب کنندگان میں ہر ملت کی آبادی کا تناسب باقی رہے۔

۳-(۱) ہندوستان کے آئندہ دستور اساسی میں نیابت کی بنیاد مخلوط انتخاب پر ہوگی۔

(ب) ہندوؤں کے لئے سندھ میں، مسلمانوں کے لئے آسام میں، سکھوں کے لئے پنجاب اور صوبہ سرحد میں، اور ہندوؤں اور مسلمانوں کے لئے ہر اس صوبہ میں جہاں ان کی آبادی ۲۵ فیصدی سے کم ہے، وفاقی اور صوبجاتی مجالس مقننہ کے اندر نشستیں آبادی کی بنیاد پر محفوظ ہوں گی اور اس کے ساتھ انہیں مقابلہ کر کے مزید نشستیں حاصل کرنے کا بھی حق ہوگا۔

۴- ملازمتوں پر تقرر ایک غیر جانبدار پبلک سروس کمیشن کی طرف سے کیا جائیگا جو لیاقت کا کم سے کم معیار مقرر کرے گا، اور پبلک ملازمین کی قابلیت کو ملحوظ رکھے گا اور اس اصول کا لحاظ بھی کرے گا کہ تمام قوموں کو ملک کی پبلک ملازمتوں میں منصفانہ حصہ لینے کا موقع حاصل رہے۔

۵- وفاقی اور صوبجاتی وزارتوں کی ترتیب میں اقلیتوں کے مفاد کو رواج کے ذریعہ تسلیم کر لینا چاہیئے۔

۶- صوبہ سرحد اور بلوچستان کو بھی طرز حکومت حاصل ہوگا جو دوسرے صوبوں میں رائج کیا جائے گا۔

۷- سندھ کو علیحدہ صوبہ بنا دیا جائے گا بشرطیکہ باشندگان سندھ ایک علیحدہ صوبہ کا مالی بار برداشت کرنے کے لئے تیار ہوں۔

۸- ملک کا آئندہ دستور اساسی وفاقی ہوگا اور اختیارات غیر مصرحہ وفاقی اجزاء کو حاصل ہونگے۔ الا یہ کہ مزید غور و خوض کے بعد یہ صورت ہندوستان کے بہترین مفاد کے منافی ثابت ہو۔

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و حاملان لوائے شرع متین مسائل مندرجہ ذیل میں:-

(۱) تبلیغ دین کے لئے مد زکوٰۃ میں سے روپیہ صرف کیا جا سکتا ہے یا نہیں۔

(۲) مبلغ دین صاحب نصاب ہو تو کیا اس کی تنخواہ زکوٰۃ کے روپیہ سے ادا کی جا سکتی ہے یا نہیں۔

(۳) مبلغ مذکور علاوہ تبلیغ کے اگر فراہمی زکوٰۃ کا کام بھی کرے تو زکوٰۃ سے اس کا خرچ یا تنخواہ ادا ہو سکتی ہے یا نہیں۔

(۴) اگر فراہم شدہ رقم اس کی ماہواری تنخواہ سے کم ہو اور غیر زکوٰۃ سے تنخواہ پوری کی جائے تو اس مخلوط تنخواہ کا کیا حکم ہے۔

(۵) کیا زکوٰۃ میں تبلیغ دین کے رسائل کی اشاعت اور مفت تعلیم دی جا سکتی ہے یا نہیں۔

(۶) مبلغ اگر سادات میں سے ہو تو اس کا کیا حکم ہوگا، زکوٰۃ فراہم کر سکتا ہے یا نہیں۔ نیز زکوٰۃ سے تنخواہ لے سکتا ہے یا نہیں۔

(۷) اگر مسلمانوں کو تبلیغ دین کیلئے دعوت دی جائے تو اس دعوت میں طعام وغیرہ پر زکوٰۃ کا روپیہ صرف ہو سکتا ہے یا نہیں۔

(۸) تبلیغ دین کیلئے خط و کتابت میں زکوٰۃ کا روپیہ صرف ہو سکتا ہے یا نہیں۔

(۹) تبلیغ دین کے لئے غیر مذاہب کے کتب مطالعہ کیلئے زکوٰۃ سے خریدی جا سکتی ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب

حنفیہ کے نزدیک ادائے زکوٰۃ کیلئے ضروری ہے کہ تملیک مستحق بغیر عوض کے طور پر دی جائے۔ پس مال زکوٰۃ سے قاعدے، سیپارے، دینیات کے رسالے [illegible] احسان کے بچوں کو تقسیم کرنا تو جائز ہے۔ اسی طرح تعلیم کا درس اور نقد وظائف بھی دئے جا سکتے ہیں۔ مبلغ کی تنخواہ نہیں دی جا سکتی خواہ وہ صاحب نصاب ہو یا نہ ہو۔ [illegible]

[illegible]

کہ مجلس عاملہ کی قرارداد کا نمبر ا (ج) جو بظاہر صوبوں میں اقلیتوں کی حفاظت کے لئے بڑھایا گیا ہے حقیقتاً مسلمانوں کے واسطے کس قدر خطرناک ہے اور اس کی وجہ سے پنجاب، بنگال، صوبہ سرحد، بلوچستان اور سندھ کی مسلم اکثریتیں کس طرح بے اثر ہو جاتی ہیں۔ (باقی آئندہ)

گول میز کانفرنس

فیڈرل اسٹرکچر سب کمیٹی میں سات اراکین کا اضافہ کیا گیا ہے جن میں سے گاندھی جی اور پنڈت مالویہ کے نام ایسے ہیں جو ابھی تک گول میز کانفرنس کے نمایندگان کی فہرست میں موجود نہیں تھے۔ ہمیں یہ دیکھ کر افسوس ہوتا ہے کہ حکومت ابھی تک مسلمانوں کے معاملہ میں صرف ایک ہی خیال کے لوگوں کو نمایندگی دینے پر تلی ہوئی ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ اس نے مسلمانوں کے قوم پرور اور مذہبی طبقہ کو نظر انداز کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ فیڈرل کمیٹی میں کسی ایسے مسلم زعیم ملت کو نہیں لیا گیا جو دوسرے خیال کے مسلمانوں کا نقطہ نگاہ پیش کر سکے۔ اگر آئندہ بھی حکومت نے اسی پالیسی کا اظہار کیا تو گول میز کانفرنس یقیناً بعض ایسی ہستیوں کے مشورہ سے محروم رہ جائیگی جن کا دستور اساسی کی ترتیب و تدوین کے وقت موجود ہونا مسلمانان ہند کے نقطہ نگاہ سے انتہا ضروری ہے۔ ابھی اقلیتوں کی سب کمیٹی کے اراکین کا اعلان باقی ہے۔ ہم ایک مرتبہ پھر حکومت کو متنبہ کرنا چاہتے ہیں کہ وہ اس سب کمیٹی میں ہندوستانی مسلمانوں کی مذہبی جماعت کو نمایندگی دینے سے اغماض نہ کرے ورنہ گول میز کانفرنس کے فیصلے مسلمانوں کی ایک بہت بڑی اکثریت کے لئے قابل قبول نہ ہو سکیں گے اور حکومت کو نہایت شدید مخالفت سے دو چار ہونا پڑیگا۔

پنجاب کی اکثریت خطرہ میں

"ہندوستان ٹائمس" کے نمایندہ خصوصی کو ایک بیان دیتے ہوئے سکھوں کے مشہور لیڈر گیانی شیر سنگھ نے فرمایا ہے کہ:-

"میں نے ۱۵ ماہ حال کو مہاتما گاندھی سے ملاقات کا شرف حاصل کیا اور کانگریس نے فرقہ وارانہ تصفیہ کے لئے جو فارمولا پیش کیا ہے اس پر گفتگو کی۔ میں نے مہاتما جی سے کہا کہ کانگریس کے فارمولا پر سکھوں میں شدید ناراضگی پھیلی ہوئی ہے اس لئے میں درخواست کرتا ہوں کہ اس کی تشریح [illegible]

[illegible]

ریاست پٹیالہ میں ۱۵ لاکھ روپیہ کی معافی

[illegible]

الجمعیۃ

الجمعیۃ

انسان کے مظالم کی کیوں تک

یوم جمعہ ۷ ربیع الاول ۱۳۵۰ھ ہجری

کانگریس کی مجلس عاملہ کا فارمولا

مسلمانوں کیلئے غیر اطمینان بخش اور ناقابل قبول ہے

(۲)

ہم نے اس سلسلہ مضامین کے پہلے نمبر میں یہ عرض کیا تھا کہ کانگریس کی مجلس عاملہ کے فارمولے کو نیشنلسٹ مسلم پارٹی کے مطالبات کے عین مطابق ظاہر کرنا کسی طرح صحیح نہیں ہے کیونکہ اس فارمولے سے ان مطالبات کا مقابلہ کرنے کے بعد جو ڈاکٹر انصاری صاحب صدر آل انڈیا نیشنلسٹ مسلم پارٹی نے فرید پور [illegible]

نہیں ہے۔ ایک عام معیار قابلیت مقرر کر کے صرف ایک قوم کے افراد کو ملازمتوں میں بھر لینا اور اعتراض ہونے پر یہ جواب دے دینا کہ موقع سب کو مساوی حاصل تھا مگر مسلمان اس موقع سے فائدہ نہیں اٹھا سکے آسان ہے مگر قابلیت کے ایک عام معیار کا [illegible]

[illegible]

علیحدگی سندھ

[illegible]

اختیارات غیر مصرحہ

[illegible]

ملازمتوں کا معاملہ

[illegible]

صوبہ سرحد کی آزادی

[illegible]

آزادی علاقہ میں جارحانہ اقدام

[illegible]

طرح آزادی کی زندگی بسر کرنے دے جیسی کہ وہ صدیوں سے بسر کرتے ہیں۔ ورنہ اسے اچھی طرح سمجھ لینا چاہیئے کہ اس کی یہ غیر دانشمندانہ حکمت عملی اس کے لئے کبھی مفید نہیں ہو سکتی۔ (باقی آئندہ)

ٹرکی اور مصر میں اشتراکی پروپیگنڈہ

اشتراکیت کو ختم کرنے کیلئے سخت تدابیر

مصر ۱۸ جولائی۔ مصر اور ٹرکی کو کمیونسٹ پروپیگنڈا کی وجہ سے بہت سی مصیبتوں کا سامنا درپیش ہے۔ مصر نے اس پروپیگنڈا کو ختم کرنے کے لئے سخت تدابیر اختیار کرنے کا فیصلہ کیا ہے کہ کمیونسٹ انجمنوں کے مصر میں پیدا شدہ ممبران کو اُن کی نیشنیت سے محروم کر دیا جائے، نیز انہیں روس میں جلاوطن کر دیا جائے گا۔

[illegible]

مسلمانان طرابلس پر وحشتناک مظالم

[illegible]

مجوزین ملک کا مسودہ قانون

[illegible]

مدارس عربیہ اور طریقہ تعلیم

[illegible]

جمعیۃ علمار صوبہ متحدہ کا اجلاس میرٹھ

اجلاس کی کارروائی، سپاسنامے اور جلوس

تمام شہر کی آرائش اور جلوس کے ہمراہ انسانوں کا سیلاب

جمعیۃ علمار صوبجات متحدہ کا اجلاس ۱۹-۲۰ جولائی کو بڑی دھوم دھام سے منعقد ہوا۔ ہندوستان کے اطراف وجوانب سے لیڈران قوم اور علمار ملت نے کافی تعداد میں شرکت کی ۱۸-۱۹-۲۰ جولائی کو تمام یوپی مسلم کانفرنس منعقد کی گئی جو نہایت کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔ میرٹھ کو یہ پہلا ہی موقعہ نصیب ہوا تھا کہ اس میں ہندوستان کے یہ دو زبردست اجلاس منعقد ہوئے اور نہایت کامیابی وشان وشکوہ کے ساتھ ختم ہوئے اہالیان میرٹھ کو یہ تاریخی اجلاس ہمیشہ یاد رہیں گے۔

جمعیۃ علمار صوبہ متحدہ کا اجلاس

جمعیۃ علمار صوبجات متحدہ کے اجلاس کی پہلی نشست ۱۹ جولائی کو ۹ بجے سہ پہر منعقد ہوئی جس میں سو علمار نے شرکت فرمائی جن میں بعض کے اسمارگرامی حسب ذیل ہیں: حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمار ہند، مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمار ہند، مولانا مولوی حسین احمد صاحب مدنی جانشین حضرت شیخ الہند رح، مولانا مولوی حفظ الرحمن صاحب سیوہاروی، مولانا مولوی بشیر احمد صاحب کھٹوری، مولانا سید عطار اللہ شاہ صاحب بخاری، مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی، شیخ حسام الدین صاحب امرتسری، خان عبد الغفار صاحب، ڈاکٹر سید محمود صاحب ...

اول قرآن حکیم کی تلاوت کے بعد حاجی نجم الدین صاحب صدر استقبالیہ نے اپنا خطبہ پڑھا ...

غرض جمعیۃ علمار صوبہ متحدہ کا یہ اجلاس بہت کامیاب رہا جس کے باعث تمام شہر میرٹھ میں حیات تازہ کی لہر دوڑ گئی اور مسلمانوں کے اندر احساس عمل پیدا ہو گیا۔

جمعیۃ علمار کے اجلاس کی منظور شدہ تجاویز

جمعیۃ علمار صوبہ متحدہ کے اجلاس منعقدہ میرٹھ میں ذیل کی تجاویز باتفاق آرار منظور ہوئیں۔

(۱) جمعیۃ علمائے صوبہ متحدہ کا یہ اجلاس مولانا محمد علی صاحب رح کی وفات حسرت آیات کو مسلمانان ہند کے لئے ناقابل تلافی نقصان سمجھتا ہے اور ان کے ارکان خاندان کے ساتھ دلی ہمدردی کا اظہار کرتا ہے اور دعا کرتا ہے کہ حق تعالیٰ مولانا مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمادے۔

(۲) جمعیۃ علمائے صوبہ متحدہ کا یہ اجلاس راجہ صاحب محمود آباد ممتاز رکن نیشنل مسلم پارٹی کی وفات کو قوم ووطن کے حق میں ایک ناقابل تلافی نقصان اور مصیبت عظمیٰ تصور کرتا ہے۔ راجہ صاحب کی شاندار قومی وملکی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے ان کے پسماندگان کی خدمت میں تعزیت پیش کرتا ہے۔

(۳) جمعیۃ علمائے صوبہ متحدہ کا یہ اجلاس اپنے ممتاز ارکان مولانا نثار احمد صاحب کانپوری، مولانا محمد فاروق صاحب چریاکوٹی، مولانا فاخر صاحب الہ آبادی کے انتقال پر ملال کو ملی وملکی مفاد کے لئے مصیبت عظمیٰ سمجھتا ہے اور دعا کرتا ہے کہ حق تعالیٰ ان حضرات کو جنت الفردوس عطا فرماوے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل بخشے۔

(۴) جمعیۃ علمار صوبہ متحدہ کا یہ اجلاس پنڈت موتی لال نہرو کی وفات کو ملک ووطن کے حق میں مصیبت کبریٰ سمجھتا ہے اور ان کی شاندار خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے ان کے فرزند پنڈت جواہر لال نہرو اور دیگر ارکان خاندان کے ساتھ اپنی دلی ہمدردی کا اظہار کرتا ہے۔

(۵) جمعیۃ علمار صوبہ متحدہ کا یہ اجلاس حاجی وجیہ الدین صاحب ایم۔ ایل۔ سی کی اس تجویز کا خیر مقدم کرتا ہے جو انہوں نے تنسیخ ساردا ایکٹ کے سلسلہ میں اسمبلی میں پیش فرمائی ہے تمام مسلمان ممبران اسمبلی کا دینی ومذہبی فریضہ ہے کہ اسمبلی میں اس تجویز کے پاس ہونے کے وقت وہ متفقہ ومتحدہ رائے اس کے حق میں دیں اور اس لعنت سے مسلمانوں کو نجات دلائیں ...

(۶) الف۔ جمعیۃ علمار صوبہ متحدہ کا یہ اجلاس کانگریس کی ورکنگ کمیٹی کی اس تجویز کو جو کہ اس نے ہندو مسلم ودیگر اقوام ہند کی مفاہمت کے سلسلہ میں پاس کی بڑی حد تک قابل اطمینان سمجھتا ہے ...

حمایت میں انتہائی یکجہتی سے کام لیں نیز مسلم ارکان اسمبلی کو بھی توجہ دلاتا ہے کہ وہ اس مبارک تجویز کو اسمبلی میں پیش کرکے اپنی دینی وملی حمیت کا ثبوت دیں۔

(۱۰) جمعیۃ علمار صوبہ متحدہ کا یہ اجلاس کشمیر کے اس ہنگامہ کو سخت اضطراب کی نظر سے دیکھتا ہے جس میں کہ تقریباً تین سو مسلمان مجروح وشہید ہوئے ہیں اور جمعیۃ علمائے ہند کے وفد کو روک کر حکومت کشمیر نے اس اضطراب میں اضافہ کر دیا اور رنج وشبہ کے خطرات کو بہت زیادہ بڑھا دیا۔ اگر حکومت کشمیر نے اپنی پوزیشن کو صاف نہ کیا اور جمعیۃ علمار ہند کے تحقیقاتی وفد کو اجازت نہ دی تو مسلمانان ہند کے قلوب میں حکومت کشمیر کی جانب سے اور بہت زیادہ بے اعتمادی پیدا ہو جاوے گی حکومت کشمیر کو اپنی نوے فی صدی آبادی کے معاملہ میں پورے حق وانصاف سے کام لینا چاہئے۔

(۱۱) جمعیۃ علمار ہند کا یہ اجلاس اپنے صوبہ کے مدارس عربیہ کو پرزور توجہ دلاتا ہے کہ وہ موجودہ نصاب تعلیم میں کم از کم حسب ذیل مضامین کو نصاب تعلیم میں لازمی قرار دے لیں تاکہ عربی طلبہ میں ایسی وسعت معلومات پیدا ہو کہ وہ موجودہ فضا میں بہترین مذہبی وملی خدمات انجام دے سکیں۔

ترجمۃ القرآن۔ تاریخ اسلام۔ جغرافیہ۔ ریاضی۔ مشق کتابت

(۱۲) جمعیۃ علمائے صوبہ متحدہ کا یہ اجلاس مسلمانان ضلع میرٹھ کا عموماً اور ارکین مجلس استقبالیہ کا خصوصاً شکریہ ادا کرتا ہے اور جمعیۃ کے سالانہ اجلاس کو کامیاب بنانے کے لئے جو قابل قدر خدمات انجام دی گئی ہیں ان کا اعتراف کرتا ہے۔

دہلی میں حضرت مولانا مولوی عبد الحلیم صاحب صدیقی کا ورود

دہلی ۲۱ جولائی۔ آج شام کو حضرت مولانا مولوی حافظ عبد الحلیم صاحب صدیقی میرٹھ کی قوم پرور کانفرنس اور جمعیۃ علمار صوبہ متحدہ کے اجلاس سے فارغ ہو کر دہلی وارد ہوئے۔ مولانا محترم ۸ جون سے مسلسل سفر میں ہیں۔ دیوبند، سہارنپور، سرہند اور دیگر مقامات کا سفر ختم کرکے آپ میرٹھ کے اجلاس میں شریک ہوئے۔ وہاں سے آپ آج ہی دہلی تشریف لائے اور کل شب کی گاڑی سے لکھنؤ تشریف لے جائیں گے۔

کیا ریلوے میں عام ہڑتال کی جائیگی

تخفیف اخراجات کے نتائج بد کا ظہور

کلکتہ ریلوے کے ملازمین کی انجمن کے سکرٹری مسٹر گیری نے ایک بیان اخبارات کے نام شائع کرایا ہے جس میں وہ لکھتے ہیں کہ محکمہ ریلوے میں تخفیف کے مسئلہ کے متعلق بہت کچھ غلط فہمی پیدا ہوئی ہے۔ بعض اخبارات اور عوام کا یہ خیال ہے کہ مصالحتی بورڈ قائم ہو گیا ہے تخفیف بند ہو گئی ہے اس لئے اب عام ہڑتال کے لئے استصواب کی ضرورت نہ ہوگی ...

چنانچہ شملہ میں مجلس عاملہ نے یہ طے کر دیا ہے کہ عام ہڑتال کی ضرورت بدستور باقی ہے ... انجمنوں سے یہ بھی درخواست کی گئی ہے کہ وہ ۲۶ جولائی کو استصواب رائے شروع کر دیں اور ۹ اگست تک ختم کر دیں اور اس کے نتیجہ سے مسٹر گیری کو مطلع کر دیں۔

ریلوے کو ایک ہفتہ میں چار لاکھ کا نقصان

شملہ ۲۰ جولائی۔ ہفتہ مختتمہ ۲۰ جولائی ۱۹۳۱ء میں سرکاری ریلوں کی آمدنی ۱۵۵ لاکھ روپیہ ہوئی۔ جو گذشتہ ہفتہ سے بقدر دو لاکھ اور سال گذشتہ کے مطابق ہفتہ بقدر ۴ لاکھ کم ہے۔ یکم اپریل سے ۲۰ جولائی تک ۵، ۳۰ کروڑ آمدنی ہوئی ہے یعنی سال گذشتہ کے مطابق موسم کے مقابلہ میں ۲۶۰ لاکھ روپیہ کا خسارہ ہوا ہے۔

پراچین کہانی ... کا مقدمہ

دو مسلم نوجوانوں کو پھانسی کی سزا

وکیل صفائی کی درخواست رحم نامنظور کر دی گئی

کلکتہ ۱۸ جولائی۔ لاہور کے دو مسلم نوجوان عبد الرحمن اور امیر احمد نے، رسی کو بھولا ناتھ پبلشر "پراچین کہانی" اور اس کے دو ساتھیوں کو جیسا کہ بیان کیا جاتا ہے کہ دن دہاڑے قتل کر دیا تھا۔ بیان کیا گیا تھا کہ ان کو مولویوں نے ورغلایا کہ "پراچین کہانی" کتاب میں آنحضرت صلعم کی تصویر ہے جس سے آپ کی توہین ہوتی ہے۔ ملزم موقعہ پر گرفتار کر لیے گئے۔ جن پر مقدمہ چلا۔ آخرکار آج ہائی کورٹ کریمنل سشن سے جس کے صدر جسٹس لارٹ ولیم تھے ان ہر دو کو پھانسی کی سزا دی گئی ہے۔ جیوری میں ۸ یورپین اور ایک مسلمان تھے سب نے متفقہ رائے دی کہ ملزموں نے جرم کیا ہے انہیں موت کی سزا دی جائے۔ جیوری کے سامنے مسٹر ڈبلیو جرو گرج نے وکیل صفائی نے درخواست کی کہ ملزموں کو دوسروں نے ترغیب دی تھی ان سے بھول ہو گئی ہے وہ نوجوان ہیں اس لئے ان پر رحم کرکے موت کے بجائے عمر قید کی سزا دی جائے کیونکہ انہوں نے جو فعل کیا ہے وہ جوش کی حالت میں کیا ہے۔ مسٹر لارڈ شب نے درخواست نامنظور کر دی اور سزائے موت کا حکم سنا دیا۔ قیدیوں کو جیل کی طرف لے گئے تو حبس شدہ مسلمانوں نے نعرہ اللہ اکبر بلند کئے۔ ملزموں نے سزا کو خاموشی کے ساتھ سنا۔

نمائندہ ایسوسی ایٹڈ پریس سے گاندھی جی کی ملاقات

آپ اپنے اعلان کے خلاف لندن کیوں تشریف لیجا رہے ہیں؟

گاندھی جی کا غیر تسلی بخش جواب

شملہ ۲۰ جولائی۔ گول میز کانفرنس کے ڈیلیگیٹوں کی فہرست شائع ہو گئی ہے اس سلسلہ میں نمائندہ ایسوسی ایٹڈ پریس نے گاندھی جی سے انٹرویو کیا۔ گاندھی جی نے نمائندہ موصوف کے ایک سوال کے جواب میں فرمایا اگر فضا (سیاسی) موافق رہی تو یہ وثوق کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ وہ لندن ضرور تشریف لے جائیں گے۔

سوال: کیا آپ نے نہیں کہا تھا کہ اگر ہندو مسلم مسئلہ حل نہ ہوا تو آپ گول میز کانفرنس میں شرکت کے لئے لندن تشریف نہیں لے جائیں گے۔ اب آپ نے اپنا فیصلہ تبدیل کیوں کر دیا؟

جواب: میرا فیصلہ اب بھی وہی ہے جو کہ پہلے تھا میں کانگریس کے نمائندہ کی حیثیت سے گول میز کانفرنس میں شرکت کے لئے لندن جا رہا ہوں ...

س: آپ کب تک لندن کو روانہ ہونگے؟

ج: اغلباً ۱۵ اگست تک اور اگر ممکن ہو سکا تو اس سے قبل ہی روانہ ہو جاؤں گا۔

ایک اور سوال کے جواب میں گاندھی جی نے فرمایا کہ وائسرائے کے پاس سے ان کو ابھی تک کسی قسم کی کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی ہے لیکن اغلب ہے کہ گاندھی جی کل پھر وائسرائے سے ملاقات کرینگے۔

وائسرائے اور گاندھی جی کی گفتگو

تبادلہ خیال کا سلسلہ بغیر کسی نتیجہ کے ختم کر دیا گیا

شملہ ۲۱ جولائی۔ وائسرائے سے گاندھی جی کی گفتگو دن تمام تک جاری رہی گاندھی جی نے پریس کے نمائندہ کو بتایا کہ گفتگو کا کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوا ہے لیکن میں ملاقات کے لئے شملہ میں نہیں ٹھہروں گا۔ بلکہ کل بارڈولی روانہ ہو جاؤں گا ... جہاز پر سوار نہ ہو جاؤں اس وقت تک روانگی لندن کے متعلق کچھ یقین سے نہیں کہا جا سکتا۔

گاندھی جی نے آج شام کا کھانا وائسرائیگل لاج میں کھایا ...

سیاسی کانفرنس کی ایک اہم تجویز

سیاسی قیدیوں کے لئے خاص کلاس کا مطالبہ

شملہ ۲۰ جولائی۔ سیاسی کانفرنس ضلع شملہ جو کہ ڈاکٹر ستیہ پال کی صدارت میں ہو رہی تھی متعدد رزولیوشن پاس کرنے کے بعد ختم ہو گئی۔ ایک رزولیوشن کے ذریعہ اس بات پر زور دیا گیا کہ سیاسی قیدیوں کے لئے جیل کے اندر ایک خاص کلاس بنایا جائے۔

برمی بغاوت کے دوسرے مقدمہ کا فیصلہ

تین کو سزائے موت ۵۴ کو کالا پانی

رنگون ۱۸ جولائی۔ تھارواڈی کے مخصوص وقتی عدالت (ٹریبونل) نے بغاوت تھارواڈی کے دوسرے مقدمہ کا فیصلہ سنا دیا۔ اس مقدمہ میں ۵۷ ملزمین ماخوذ تھے عدالت نے تین کو سزائے موت ۵۴ کو سزائے حبس دوام بعبور دریائے شور دی اور ۲۰ کو بری کر دیا۔

ابراہیم بیگ بالشویکوں کی حراست میں

پشاور ۱۸ جولائی۔ بالشویکی خبر رساں ایجنسی کی ایک خبر مظہر ہے کہ افغانی لٹیرا ابراہیم بیگ جس نے بالشویکوں کو عاجز کر رکھا تھا آخرکار گرفتار کر لیا گیا۔ گذشتہ موسم سرما میں جنرل شاہ محمود خاں نے اسے روسی ترکستان میں بھگا دیا تھا اس کے ساتھی سب ایک ایک کرکے پہلے ہی گرفتار ہو چکے تھے۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ اسے گرفتار کرنے کے بعد تاشقند بھیج دیا گیا ہے۔

اٹلی کے سفیر اطرابلس کے مظالم کی کیوں تکذیب کر رہے ہیں؟

مسلمانوں کو اٹلی کے مال کا زبردست بائیکاٹ کرنا چاہئے

عالم اسلامی کے نام امیر شکیب ارسلان کا پیغام

الشوریٰ کی تازہ اشاعت میں امیر شکیب ارسلان لکھتے ہیں کہ طرابلس اور برقہ کے مسلمانوں پر اٹلی نے جو مظالم برپا کئے ہیں ان کی صداقت میں کسی کو شبہ نہیں ہو سکتا۔ مگر تمام اٹلی کے سفرار ان واقعات کی تکذیب کے لئے زبردست پروپیگنڈا کر رہے ہیں اور دنیا پر ظاہر کر رہے ہیں کہ طرابلس کے مسلمانوں پر حکومت کی طرف سے کوئی ظلم نہیں کیا گیا حالانکہ طرابلس کے مظالم سے انکار کرنا آفتاب درخشاں کا انکار کرنا ہے۔

آخر کیا وجہ ہے کہ اٹلی کے سفرار ان واقعات کی تکذیب پر اپنا پانی کی طرح روپیہ خرچ کر رہے ہیں؟ ...

علمار ربانیین کے فیصلہ کے سامنے ایک بادشاہ نے سر جھکا دیا!

سلطان ابن سعود کو علمار نجد کی زبردست ڈانٹ

جلالۃ الملک کی طرف سے غلطی کا اعتراف اور آئندہ کیلئے باز رہنے کا عہد

دو سال سے حجاز مقدس میں عید جلوس (جشن) منایا جاتا ہے جس کے خلاف حال ہی میں نجد کے تمام علمار نے ...

برما میں باغیوں کا سرغنہ گرفتار کر لیا گیا

گاؤں پر پولیس کا چھاپہ۔ ڈاکوؤں کی اطاعت

رنگون ۱۸ جولائی۔ ... کو پروم میں گرفتار کر لیا گیا۔ پیشین میں دو باغیوں نے اور پروم میں تھارواڈی میں ۱۳ نے اور تھایٹ میو میں ایک باغی نے اطاعت قبول کر لی ہے۔

اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس تھایٹ میو نے ایک جماعت کے ساتھ موضع شہادت پر چھاپہ مارا۔ اور پانچ باغیوں کو گرفتار کر لیا۔ دیگر مقامات سے بھی تازہ ڈکیتیوں کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔

سرحد کے ایک غدار ہندو کی استبداد پسندی

سیاہ قوانین کی حمایت کا صلہ

پشاور ۱۸ جولائی۔ سرحدی وکلاء نے اپنے ایک خاص اجلاس میں مسٹر چھبیت لال سکرٹری کے خلاف تجویز ملامت منظور کی۔ مسٹر چھبیت لال نے سرحدی ضوابط کی تحقیقاتی مجلس کے سامنے ضوابط کو برقرار رکھنے کے متعلق بیان دیا تھا حالانکہ انجمن مذکور کا متفقہ مطالبہ تھا کہ جملہ سرحدی ضوابط بالکل منسوخ کر دئے جائیں۔ مسٹر چھبیت لال نے تجویز منظور ہونے کے بعد اپنا استعفیٰ پیش کر دیا جو منظور کر لیا گیا۔

پنڈت جواہر لال کی ہوم سکرٹری سے ملاقات

شملہ ۱۹ جولائی۔ گاندھی جی کل دن بھر تا شام تک خاموش رہیں گے اس لئے آج ساڑھے چار بجے پنڈت جواہر لال نہرو مسٹر ایمرسن سے ملاقات کرینگے۔

حکومت کے خلاف حبشیوں کی بغاوت

گولیوں سے سرکاری افسر اور حبشیوں کی ہلاکت

...

برطانوی قونصل جنرل کا قتل

سمندر میں پھینک کر انتقام لیا گیا

لندن ۱۹ جولائی۔ پچھلے سال مارسیلز میں مقیم برطانوی قائم مقام قونصل جنرل مسٹر ... کے جاپانی تاجروں کے لیڈر نے ... جرم کر لیا ہے کہ انہوں نے قونصل جنرل کا اغوا کرکے اسکو سمندر میں پھینک دیا تھا ...

گرجا کو بم سے اڑانیکی کوشش

کیا حکومت اٹلی اسکی ذمہ دار ہے؟

لندن ۱۹ جولائی۔ اطلاعات مظہر ہیں کہ ...

آئندہ گول میز کانفرنس کے کثیر اخراجات

نصف اخراجات ہندوستان کو ادا کرنے پڑیں گے

لندن ۱۸ جولائی۔ پارلیمنٹ میں ساتھ لاکھ پونڈ کے ضمنی مطالبات پیش ہونے والے ہیں۔ ان میں گول میز کانفرنس کے اخراجات کے لئے پچاس ہزار پونڈ کی رقم بھی شامل ہے۔

نقد پچاس ہزار کی رقم ہندوستان کے خزانہ سے خرچ ہوگی پچھلی گول میز کانفرنس کے لئے ہندوستان کے خزانہ سے تقریباً ... روپیہ خرچ ہوا تھا۔

ایک سپاہی، ایک دیہاتی اور ایک ڈاکو کی ہلاکت

برما کے لئے مزید افواج کی روانگی

رنگون کا ایک تار مظہر ہے کہ تھرواڈی میں صرف ایک دن میں نو ڈاکہ پڑے جو سب کے سب باغیوں کی سازش کا نتیجہ تھے ...

شان ریاستوں میں جو بغاوت ہوئی تھی اس کے سلسلہ میں باغیوں کا ایک لیڈر ... کی گرفتاری کے لئے ایک ہزار روپیہ کے انعام کا اعلان کیا گیا ہے۔

حکومت برما نے خاص پولیس میں اضافے کی اجازت دیدی ہے یہ فوجیں ایک سال تک مزید تعینات رہیں گی۔

پونہ ۱۹ جولائی۔ معلوم ہوا ہے کہ فوجوں کی روانگی کے حکم کو منسوخ کرکے پونہ کی ... رجمنٹ کو فوراً برما روانہ ہو جانے کا حکم دے دیا گیا ہے۔ یہ فوجیں آج ایک اسپیشل ٹرین سے روانہ ہو رہی ہیں۔

گول میز کانفرنس میں بنگال کو مزید نمائندگی دیجائے

بنگال کونسل کا اجلاس

کلکتہ ۱۸ جولائی۔ بنگال کونسل نے ایک تجویز منظور کی جس میں گول میز کانفرنس میں بنگال کی کافی نمائندگی کا مطالبہ کیا ہے۔ ہوم ممبر نے تقریر کرتے ہوئے ایوان کو یقین دلایا کہ کونسل کی قرارداد حکومت ہند کے سامنے پیش کر دی جائیگی ...

گول میز کانفرنس کی تیاریاں

فیڈرل کمیٹی کیلئے نمائندوں کا اعلان

شملہ ۲۰ جولائی۔ وزیر اعظم نے حسب ذیل اصحاب کو گول میز کانفرنس کی مجلس وضع دستور وفاقی میں شرکت کے لئے نامزد کیا ہے۔ مجلس مذکور کا اجلاس ۵ ستمبر کو لندن میں منعقد ہوگا۔

لارڈ سینکے (صدر) مسٹر ایچ۔ بی۔ لیز سمتھ۔ مسٹر اے۔ ڈبلیو۔ بینیک۔ لارڈ ... سر سیموئیل ہور۔ لارڈ پیل۔ لارڈ لوتھین۔ لارڈ ریڈنگ۔ مہاراجہ بڑودہ۔ مہاراجہ بیکانیر۔ نواب بھوپال۔ مہاراجہ ریوا۔ سردار سانگلی۔ نواب سر محمد اکبر حیدری۔ سر مرزا اسمٰعیل۔ کرنل ... سر محمد علی جناح ... مسٹر گاندھی ... سر تیج بہادر سپرو ... مسٹر ظفر اللہ خاں۔

مذکورہ بالا نمائندوں میں سے جو برطانیہ میں نہیں وزیر اعظم دعوت نامے بھیج رہے ہیں اور جو ہندوستان میں ہیں ان کے نام وائسرائے دعوت نامے جاری کر رہے ہیں۔

اقلیتوں کی ماتحت مجلس ستمبر تک لندن پہنچ جائے گی تاکہ ابتدائے اکتوبر میں کام شروع کیا جا سکے۔ ... اس کے متعلق بھی ایک اعلان کی توقع کی جاتی ہے۔

ستیہ گرہیوں پر پولیس نے گولی چلادی

تین آدمی ہلاک اور چالیس مجروح

بنگلور ۱۹ جولائی۔ گزشتہ شب بنگلور بنی مل کے مزدوروں کے مجمع کو منتشر کرنے کی غرض سے پولیس کو گولیاں چلانی پڑیں ... تین آدمی تو وہیں مر گئے اور چالیس بہت زیادہ زخمی ہوئے جنہیں فوراً ہسپتال پہنچا دیا گیا۔

مرہٹوں کی پلٹن بھی برما بھیجدی گئی

پونہ ۱۹ جولائی۔ مرہٹوں کی ایک پلٹن جس میں سات برطانوی افسر ایک ڈاکٹر اور ۵۰۳ سپاہی شامل ہیں آج برما کے لئے روانہ ہو گئی۔ یہ لوگ ۲ جولائی کو مدراس پہنچیں گے اور غالباً اسی دن جہاز کا سفر شروع ہو جائے گا۔

مہاراجہ پٹیالہ کا مبارک اقدام

مالگزاری اور آبیانہ میں تخفیف

پٹیالہ ۲۰ جولائی۔ مہاراجہ پٹیالہ نے مالگزاری اور آبیانہ میں تخفیف کر دی ہے ... فصل ربیع میں گیارہ آنے سے بیکر چھ آنے تک تخفیف کی گئی ہے ... ۵ لاکھ روپیہ کی تخفیف کی گئی ہے۔

بھگت سنگھ کے سوانح نگار کو سخت ترین سزا

الہ آباد ۲۰ جولائی۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ الہ آباد نے آج مسٹر ... مصنف اور ... طابع وناشر سوانح بھگت سنگھ کو دفعہ ۱۲۴ الف کے ماتحت دو سال اور ایک ہزار روپیہ جرمانہ یا ۶ ماہ قید با مشقت کی علی الترتیب سزا دی ہے۔

ریاست جوناگڈھ میں فرقہ وارانہ فساد

طرفین کے بہت سے آدمی مجروح ہوئے

بمبئی ۱۹ جولائی۔ شہر میں یہ افواہ بڑے زور وشور سے پھیل رہی ہے کہ ویراول ریاست جوناگڈھ میں فرقہ وارانہ فساد کے باعث بہت سے آدمی ہلاک ومجروح ہوئے لیکن اس سلسلہ میں کوئی سرکاری اطلاع موصول نہیں ہوئی ہے۔

بعد کی خبر

بمبئی ۲۰ جولائی۔ نجی طور پر جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ ویراول (ریاست جوناگڈھ) میں ہندو اور مسلمانوں کے درمیان فساد ہو گیا ۳ ہندو مارے گئے اور ۶ زخمی ہوئے۔ تفصیلات ابھی موصول نہیں ہوئی ہیں۔

پڈوکوٹہ کے ہنگامہ کی تفصیلات

ہندوؤں نے مسلمانوں کے مکانات کو لوٹ لیا

پڈوکوٹہ ۲۰ جولائی۔ مسلمانوں اور کالاروں کے درمیان جو فساد ہوا ہے اس کے متعلق مزید تفصیلات مظہر ہیں کہ ... کالاروں نے ... مسلمانوں کے مکانات کو لوٹ لیا ...

ایک شوفر گولی کا نشانہ بنا دیا گیا

چاٹگام ۱۹ جولائی۔ ... پولیس کے لڑکے ... انہوں نے شاید کوئی جواب نہیں دیا اس لئے ان کو گولی ماری گئی۔

سکھ سنٹرل لیگ کا خصوصی اجلاس

کانگریس کی مجلس عاملہ کا فیصلہ رد کر دیا گیا

امرتسر ۱۹ جولائی۔ سنٹرل سکھ لیگ کی انتظامیہ کمیٹی کا ایک اجلاس یہاں آج ماسٹر تارا سنگھ جی کی زیر صدارت سکھ مشنری کالج میں منعقد ہوا۔ اس میں ذیل کا رزولیوشن پاس ہوا ...

دار العلوم دیوبند اور حضور نظام

(از نامہ نگار خصوصی)

منگلور سہارنپور ۲۰ جولائی۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ اعلیٰ حضرت حضور نظام خلد اللہ ملکہ کی طرف سے ماہ رجب المرجب میں ایک وفد دار العلوم دیوبند کے قضیہ کا قطعی فیصلہ کرنے کے لئے روانہ ہونے والا ہے۔

تحصیل کانگریس کمیٹی کا فیصلہ

(از نامہ نگار خصوصی)

منگلور سہارنپور ۲۰ جولائی۔ روڑکی تحصیل کانگریس کمیٹی نے اپنے ایک اجلاس منعقدہ ... میں فیصلہ کیا ہے ...

احرار کانفرنس میں مولانا حبیب الرحمن صاحب کا خطبہ صدارت

موجودہ سیاسیات اور مسلم حقوق کے تحفظ پر ناقدانہ تبصرہ

(گذشتہ سے پیوستہ)

مسلم نیشنلسٹ کانفرنس لکھنؤ کی قرارداد

لکھنؤ میں مسلم نیشنلسٹ کانفرنس نے یہ تجویز منظور کی ہے کہ اس صوبہ میں جو اقلیت تینتیس فی صدی تک ہو اس کی نشستیں ریزرو کردی جائیں اور اس سے زیادہ حاصل کرنے کی اجازت دی جائے اس قرارداد کو پنجاب کا کوئی مسلمان کبھی منظور کرنے کے لئے تیار نہیں کیونکہ اس کے تو یہ معنی ہیں کہ پنجاب کی مسلم اکثریت جو چار اور پانچ سے زیادہ نہیں ہے اقلیتوں کو اس کے تباہ کرنے کا حق دیا جائے اس لئے مسلمانان پنجاب کی گذارش ہے کہ صدر مسلم نیشنلسٹ پارٹی

تہذیب میں کوئی فرق نہیں وہ صرف سیاسی حقوق کے لئے الگ ہیں ورنہ باہم رشتے ناطے ہوتے ہیں مسلمان امیدوار کے مقابلہ میں وہ متحد اور متفق ہوں گے بہرحال پنجاب کے انتخابی معرکوں میں مسلم اور غیر مسلم الگ الگ گروہوں میں ہوں گے علیحدہ انتخاب کی جو استانی معرتیں ہیں وہ بوجہ اتم رونما ہوں گی علیحدہ انتخاب کی صورت میں تو کونسلوں کے اندر تو تو اور میں میں کا افسوسناک منظر موجود ہے لیکن لکھنؤ کی قرارداد منظور ہوجانے کی صورت میں تو مخلوط انتخاب کے پولنگ سٹیشنوں پر بھی مسلم اور غیر مسلم میں جو تاحل جانے کے اغلب امکانات موجود

……

مخلوط انتخاب کو منظور کریں گے۔

اس لئے متحدہ قومیت کے عہد مبارک کو قریب تر کرنے کے لئے میں سمجھتا ہوں۔ آج ہر ہندوستانی کا بالخصوص ہر مسلمان کا فرض ہے کہ وہ اچھوت کی لعنت کو ملک سے نکالنے کے لئے زبردست جہاد کرے

اچھوت

ہندو مسلم اختلافات کے دور کرنے کے لئے نہ تو مسلم نیشنلسٹ کانفرنس لکھنؤ کی قرارداد محدود معاون ہوسکتی ہے نہ مخلوط انتخاب کی چیخ و پکار اس کے

……

عارضی صلح

حکومت نے مجبور ہوکر گاندھی جی کے ساتھ سمجھوتہ کیا جس کو عارضی

۱۶۵

دت طلاء

(پھول بلا کانٹا) گرمیوں کا تحفہ

نہ باندھنے کی ضرورت۔ نہ پانی کا پرہیز۔ نہ کوئی جگہ بچانے کا خیال

گرمیوں میں بھی اب آسانی سے طلاء استعمال ہوسکتا ہے

…ی سے ہر جگہ مالش کرو۔ رگوں، پٹھوں کی کمزوری دور کرنے کے واسطے بے نظیر … منز طلاء ہے۔ قوتوں کی برقراری کے واسطے ہر کوئی شوقیہ بھی اس کو استعمال … سکتا ہے۔ آپ نہا دھو کر جیسے خوشبودار تیل سر و منہ کو مل لیتے ہیں۔ ویسے ہی روزانہ اس طلاء کو اپنے اعضاء پر مل سکتے ہیں۔ اور ہمیشہ ٹھیک حالت پر رہ سکتے ہیں۔

فوائد اسکے یہ ہیں:۔ کمزور۔ ڈھیلے۔ ناکارہ عضلوں اور پٹھوں کے اندر نئی طاقت … ڈھیلا پن کو دور کرکے سختی لاتا ہے … اور جہاں ناواجب سختی آگئی ہو۔ اسکو ڈھیلا کرکے رگ و ریشہ کو درست حالت پر لاتا ہے۔

قیمت فی شیشی دو روپے (عہ) (اس سے کم نہیں بھیجا جاتا)

خط و کتابت و تار کا پتہ:۔ امرت دھارا لاہور

المشتہر منیجر امرت دھارا … امرت دھارا بھون … لاہور

اگر تندرستی میں فرق ہے تو زندگی بیکار ہے

شربت اکسیر رجسٹرڈ

قیمت فی شیشی ایک روپیہ

اگر آپ اشتہاری ادویات سے بدگمان ہوگئے ہوں تو صرف ایک روپیہ اور بھی خرچ کرکے ہمارے کارخانے کا شربت اکسیر استعمال کرکے قدرت خدا کا تماشہ دیکھئے

… ایک کہنہ مشق … ڈاکٹر سے ملا ہے اور شربت اکسیر کا اشتہار دینے کے قبل … اگر میری تحریر کو لغو سمجھیں تو ایک شیشی شربت اکسیر منگا کر ضرور استعمال فرمادیں۔ میری تحریر کی صداقت آپ کو فوراً ہوجاویگی

جریان

… ان سب مہلک امراض کیلئے شربت اکسیر نہایت ہی مفید ثابت ہوا ہے۔ … قیمت فی شیشی ایک روپیہ …

… برس کا پرانا جریان شربت اکسیر کے استعمال سے اچھا ہوگیا

ملنے کا پتہ … ایجنسی … کمپنی … اسٹریٹ کلکتہ

ضرورت

میرٹھ، غازی آباد، ہاپوڑ، مظفرنگر، کھتولی، دیوبند، سہارنپور، منگلور، گنگوہ، انبہٹہ، نجیب آباد، نگینہ، بجنور، شیرکوٹ، شاہجہانپور، بریلی، پیلی بھیت، سوہرہ دون، آگرہ، علی گڑھ، کانپور، اٹاوہ، فیض آباد، لکھنؤ اور گورکھپور میں بلند پایہ اور مشہور اخبار الجمعیۃ کے لئے مخلص اور ایماندار ایجنٹوں کی ضرورت ہے شرائط ایجنسی وغیرہ کے لئے درخواستیں اس پتہ پر آنی چاہئیں۔

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

بیکاروں کیلئے سنہری موقع

تمام ہندوستان میں اس سے بہتر کوئی اور کالج نہیں ہے۔

اس کالج میں موٹر ڈرائیوری، فٹری کا کام … ہیں سکھایا جاتا ہے جس کی فیس … روپیہ لی جاتی ہے غریبوں کیلئے خاص رعایت ہے مفصل حالات معلوم کرنے کے لئے پراسپکٹس مفت طلب کیجئے پردیسی طلباء کیلئے بورڈنگ ہاؤس کا انتظام بھی ہے

دی کیپٹل پریکٹیکل موٹر ٹریننگ کالج بازار مچھلی والان متصل جامع مسجد دہلی

… سیرۃ الحبیب … علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند کی تقریظ سے مزین … ملنے کا پتہ۔ منیجر کتب خانہ دینیات مدرسہ امینیہ دہلی

میرٹھ میں نمایان ملت کا شاندار اجتماع

ڈاکٹر سید محمود اور مولانا احمد سعید صاحب کے خطبات صدارت

جمعیۃ علماء صوبجات متحدہ کے اجلاس کی کارروائی

میرٹھ ۱۹ جولائی۔ صوبجات متحدہ کی تاریخ میں میرٹھ کا یہ ہفتہ یادگار رہیگا ماضی قریب میں اس سے پہلے شاید اس صوبہ کے تعلیمیافتہ مسلمانوں کا کوئی اجتماع ایسا نہ ہوا ہوگا جیسا کہ اس وقت یہاں قوم پرور مسلمانوں کا ہو رہا ہے نہ صرف اس لحاظ سے کہ اس صوبہ کے مسلمانوں کی طرف سے ملکی سیاسی معاملات کے متعلق ان کی صحیح رائے کا اظہار کیا جائے گا بلکہ ان میں جو انتشار اور افتراق تھا اس اجتماع کے بعد دور ہوجائے گا اور وہ اس منزل کی طرف روانہ ہوجائیں گے جس کے لئے انہوں نے ۱۹۲۱ء میں آغاز کیا تھا۔

شرکاء کانفرنس

……

ڈاکٹر سید محمود صاحب کا خطبہ

……

جمعیۃ العلماء کا اجلاس

……

زنجیر ملی کو کاٹ دو کیونکہ جس قوم کے ہاتھ سے ہندوستان کو آزادی نصیب ہوگی وہی سربلند ہوکر رہے گی۔ اللہ اکبر

حبیب الرحمن

لودھیانوی

……

کسان، مزدور اور سرمایہ دار

……

آخری التماس

……

اندر مشائخ اور امراء کی اکثریت عیش اور سکون کی زندگی بسر کر رہی ہے غرباء میں ایثار اور بہادری کا مادہ موجود ہے مگر ان سے کام لینے والا کوئی نہیں۔ اٹھو اپنے اندر زندگی پیدا کرو اور ہندوستان کی غلامی کی …

گاندھی جی اور پنڈت جواہر لال نہرو کی وائسرائے سے ملاقات

یوپی کے کسانوں کی حالت پر گفتگو

شملہ ۱۸ جولائی۔ آج سہ پہر گاندھی جی سے ملاقات کے بعد ہز ایکسلنسی وائسرائے نے پنڈت جواہر لال نہرو کو بھی ملاقات کا … وائسرائے اور پنڈت جی کے درمیان جو گفتگو ہوئی اس کی تفصیل تو نہیں معلوم ہوسکتی لیکن خیال ہے کہ پنڈت جی نے صوبہ متحدہ کے کسانوں کی حالت ہز ایکسلنسی کے سامنے پیش کی اور ان دقتوں اور دشواریوں کو بیان کیا جو کسانوں کی راہ میں حائل ہیں پنڈت جی کا قیام ابھی یہاں کئی دن تک اور رہیگا۔

گاندھی جی سے گفتگو

گاندھی جی نے وائسرائے سے دن میں ساڑھے دس بجے ملاقات کی … سے ملنے جائیں گے۔

شملہ میں وائسرائے سے ملاقات کے بعد گاندھی جی جب واپس آئے تو اخبار کے نمائندوں نے انہیں گھیر لیا گاندھی جی نے ایسوسی ایٹڈ پریس کے نمائندہ سے حسب ذیل گفتگو کی:۔

آج سہ پہر تک آپ کی شملہ میں جو گفت و شنید ہوئی ہے اس سے آپ کی پوزیشن کیا ہوگئی ہے۔

گاندھی جی نے جواب دیا کہ میری وہی پوزیشن ہے جیسی کہ ۱۵ جولائی کو تھی جب کہ میں یہاں آیا تھا۔

سوال:۔ وائسرائے، ہوم سکرٹری اور ہوم ممبر کی گفتگو میں آپ کیا فرق محسوس کرتے ہیں؟

جواب:۔ اس قسم کا مقابلہ کرنا ٹھیک نہ ہوگا لیکن میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ ہر جگہ میرا نہایت مخلصانہ طریقہ پر خیر مقدم کیا گیا۔ لارڈ ولنگڈن حسب معمول مہربانی اور خوش اخلاقی سے پیش آئے۔

سوال:۔ کیا آج کی گفتگو محض معاہدہ دہلی کے متعلق تھی کسی اور مسئلہ پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔

جواب:۔ ہاں صرف معاہدہ دہلی کے متعلق گفتگو ہوتی رہی۔

سوال:۔ جب آپ لارڈ ولنگڈن سے دوبارہ ملاقات کریں گے تو کیا اس وقت گول میز کانفرنس کے متعلق سوال اٹھایا جائے گا؟

جواب:۔ گاندھی جی نے کچھ تامل کے بعد جواب دیا کہ خیال ہے اٹھایا جائے گا۔

سوال:۔ کیا سردار پٹیل کے تشریف لانے کی امید ہے۔

جواب:۔ مجھے توقع نہیں بظاہر تو کوئی ضرورت نہیں۔

پولیس اور مفرور ملزمین کا تصادم

دونوں طرف سے گولیوں کی بارش

لاہور ۱۸ جولائی۔ چک نمبر ۹ ضلع لائلپور میں مفرور ملزمین اور پولیس کی جماعت کے مابین گولیوں کے تبادلے کی اطلاع موصول ہوئی ہے کہا جاتا ہے کہ پولیس کی ایک جماعت نے کھیتوں میں مفرورین کا سراغ لگایا اور انہیں ایک ہی جگہ پر بیٹھے رہنے کا حکم دیا۔ ایک آدھے کے علاوہ جملہ ملزمین فرار ہوگئے۔ اول الذکر کی ٹانگیں گولی لگنے کے باعث زخمی ہوگئیں مفرورین نے گولیوں کا جواب گولیوں سے دیا پولیس کے کئی افسر زخمی ہوگئے ایک سپاہی بھی زخمی ہوا … زخمی ہوئے …

کانپور میں انقلاب پسندوں نے گولی چلادی

کانپور ۱۸ جولائی۔ گذشتہ شام انقلاب پسندوں نے گولی چلادی جس کی وجہ سے ایک ہندو زخمی ہوا۔ پولیس نے ایک شخص اسی کمار نامی کو اپنی حراست میں لے لیا ہے یہ شخص خون آلودہ …

ایک لاثانی و نایاب چیز

بیش قیمت جڑی بوٹیوں سے تیار کیا ہوا

نیم کا صابن

یہ جلد کی تمام بیماریوں کو آرام دیتا ہے مثلاً داد کھجلی۔ اکر۔ تمام زہریلے زخم و ہر قسم کے پھوڑے وغیرہ۔ تمام امراض کو بے بنیاد کردیتا ہے گنجے و ہاتھ پاؤں کا پھٹنا اس سے سب اچھا ہوتا ہے ہر قسم کی حیوانی چربی سے پاک و صاف ہے۔ یہ نہایت ہی قیمتی جڑی بوٹیوں کے جوہروں سے تیار کیا گیا ہے اس کے ہر طرح پاک و صاف ہونے کی گارنٹی کرتے ہیں اس میں کسی جانور کی چربی نہیں ہے۔ جو کہ معمولی ولایتی صابن میں رہتی ہے۔ آج ہی ایک بکس صابن کا آرڈر لکھ دیجئے اور آزمائش کیجئے اور ہر وقت اپنے پاس رکھئے

قیمت فی بکس دو روپے (عہ)

منیجر جنرل ٹریڈنگ ایجنسی جگ سلائی ٹاٹا نگر

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ

قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح عمل پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں اس نقص کو دور کرنے کے لئے ایک سلیس اردو قرابادین کی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی تھی۔ الحمد للہ کہ حکیم مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کرکے اس کمی کو پورا کردیا اس کتاب میں دواسازی کے اصول اتنی وضاحت اور تفصیل کیساتھ بیان کئے گئے ہیں کہ اسکی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ ہی دواؤں کو خراب نہ کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطباء نے اس کتاب کو بہت زیادہ پسند کیا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرابادین مفید عام کا ہر بااصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیماردار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ علاوہ محصولڈاک رکھی گئی ہے

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

پیلی بھیت کیوں مشہور ہے

اس لئے کہ وہاں سے بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کی ایک مشہور دوا بہراپن کی روغن کرامات تمام دنیا میں پہنچتی ہے جسکا ڈاکٹر اور انگریز بھی قدر کرتے ہیں۔

بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات

نپٹ بہراپن

کان بہنے اور طرح طرح کی آوازیں ہونے اور کان کی ہر ایک چھوٹی سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی بیماری کی ایک خاص صفت دوا ہے

قیمت فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ (عہ)

جن صاحبان کو اعتبار نہ ہو وہ خود یہاں تشریف لاکر علاج کراسکتے ہیں دھوکہ دینے والوں مکار ٹھگوں اور جعلسازوں نقالوں سے بچنا آپ کا فرض ہے۔ ہمارا پتہ یہ ہے۔

کان کی دوا بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یوپی)

پائیوریا کا دشمن دانتوں کا محافظ منہ کی بدبو کو زائل کرنے والا

سنون محبوب

آپ استعمال کریں جو دانتوں کی جملہ خرابیوں کے لئے اکسیر اور تیر بہدف ثابت ہوچکا ہے پائیوریا کو جڑ سے کھود دیتا ہے ہلتے ہوئے دانتوں کو جمانا اس کا اصلی فعل ہے دانتوں کے درد مسوڑھوں کی سوزش کو فوراً دور کردیتا ہے رفاہ عام کی غرض سے اس کی قیمت لاگت کے برابر رکھی گئی ہے تاکہ ہر شخص اس سے فائدہ اٹھا سکے قیمت فی شیشی معہ پیکنگ، محصولڈاک بذمہ خریدار

ملنے کا پتہ احمد بک ایجنسی پہاڑی املی دہلی

زندگی

حقیقت میں اس سرجوش قوت پر منضبط رکھنے کا نام ہے جسے جوانی کہتے ہیں لیکن بہت کم نوجوان اس پر منضبط رکھ سکتے ہیں اور اسے قائم رکھنا چاہتے ہیں۔

جوانی زندگی کا بہترین حصہ ہے

اگر آپ جوانی … سے محروم ہوچکے ہیں اور اسے حاصل کرنے کیلئے بیقرار ہیں تو آپکے لئے رسالہ زندگی کا مطالعہ نہایت ضروری ہے … محققانہ انداز میں … صحیح طریق علاج بتایا گیا ہے ہر بوڑھے اور جوان کے پڑھنے کے قابل ہے ضرور تشریف ایک پوسٹ کارڈ لکھ کر مفت حاصل کریں۔

منیجر شفاخانہ معاون صحت رجسٹرڈ شہر راولپنڈی پنجاب

مسلمانوں کے افلاس کا علاج اور

مسئلہ انتخاب

یہ وہ معرکۃ الآرا تصنیف ہے جس میں مسلمانوں کے افلاس اور تعلیمی پستی کے حقیقی وجوہ بتاکر ان کا قطعی اور حکمی علاج تجویز کیا گیا ہے۔ مسلمانوں کے مذہبی حقوق اور ان کی حفاظت کی تدابیر اور موجودہ و آئندہ نظام سلطنت اور طریقہ انتخاب پر نہایت تفصیل کے ساتھ بحث کی گئی ہے کتاب اپنی خوبیوں کی وجہ سے ہاتھوں ہاتھ فروخت ہورہی ہے

مصنفہ سید محمد احمد کاظمی بی۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی (علیگ) کتاب کا حجم ۸۰ صفحے ہے لیکن قیمت فی نسخہ علاوہ محصولڈاک صرف ۸ ہے۔ آج ہی ایک نسخہ طلب کرکے اپنی معلومات میں شاندار اضافہ کریں

ملنے کا پتہ

ایم۔ اے مجید معرفت منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

روغن کنٹھ مالا

یہ روغن کنٹھ مالا اور خنازیر کا حکمی اور شرطیہ علاج ہے اس کے استعمال کے بعد مرض جڑ سے جاتا رہتا ہے چند روز کے استعمال سے غدود تحلیل ہوجاتے ہیں اور زخم طور جاتا ہے اس مرض کے لئے اس سے بہتر آج تک کوئی دوا تیار نہیں ہوئی۔ … فی شیشی علاوہ محصولڈاک و پیکنگ … ملنے کا پتہ

ایم۔ ایس معرفت منیجر الجمعیۃ دہلی

کٹ پیس تھوک نرخوں پر

اگر آپ کو کٹ پیس ہر ایک قسم کی ضرورت ہو تو تھوک نرخ طلب فرمائیں۔

منیجر اے۔ آر سیٹھ ہول سیل مرچنٹ انٹر یا بلڈنگ لارنس روڈ کراچی

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے۔ منیجر

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

الجمعیۃ

سہ روزہ — دہلی

ید اللہ علی الجماعۃ

تاریخہائے اشاعت: ہر عیسوی ماہ کی یکم، ۵، ۹، ۱۳ — ۱۶، ۲۰، ۲۴، ۲۸ کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات: ایک صفحہ (ایک بار) — نصف صفحہ — ایک کالم — ...

قیمت اخبار — ہندوستان کیلئے: سالانہ — ششماہی — سہ ماہی — فی پرچہ — نمونہ مفت — ممالک غیر کیلئے: سالانہ — ششماہی

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی اے)

معاون: محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۴ — دہلی یوم سہ شنبہ ۱۱ ربیع الاول ۱۳۵۰ ہجری مطابق ۲۸ جولائی ۱۹۳۱ء — نمبر ۸

جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ کا عظیم الشان اجلاس

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کا خطبہ صدارت

مذہبی و سیاسی حقائق کا بہتا ہوا دریا

(گذشتہ سے پیوستہ)

ہندو مسلم مفاہمت

حضرات علماء کرام! ہندوستان میں آج کل ہندو مسلم مسئلے نے خاص صورت اختیار کر رکھی ہے، عام طور سے یہ مسئلہ باشندگان ہندوستان کے لئے دلچسپی کا سبب بنا ہوا ہے۔ سنہ ۱۹۱۶ء میں مسلم لیگ اور کانگریس کے درمیان ایک سمجھوتہ ہوا تھا اس وقت مسلمانوں کی ایک ہی سیاسی جماعت تھی مسلمانوں میں سیاسی بیداری بھی نہ تھی — حکومت خود اختیاری کا بہت زیادہ امکان بھی نہ تھا اسلئے اسوقت اس پیکٹ کے متعلق بہت زیادہ چرچا تھا اور نہ کسی قسم کے جھگڑے تھے، لیکن شاید یہ سمجھوتہ ...

کیا فرقہ پرستی مفقود ہے؟

ہر شخص گھبرایا ہی کرتا ہے۔

حضرات! جو کچھ میں نے عرض کیا ہے یہ تو اصولی طور پر ہے۔ اب میں آپ سے واقفیت کے طور پر دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا آپ کے ملک میں اسٹیشنوں پر ہندو پانی اور مسلمان پانی کی آوازیں نہیں لگتیں، کیا مسجدوں کے سامنے باجا بجانے اور قربانی کی حفاظت، اذان کی بندش اور آرتی کی آزادی پر فساد نہیں ہوتے... [illegible]

سمجھوتے کی مختلف تجاویز

جمہوریت کی حمایت

سمجھوتے کا اصول جمہوری جیسا قرۃ والا نہ

پنجاب و بنگال کی اکثریت

ہم انصاف چاہتے ہیں

جمعیۃ علماء ہند اور مسلم حقوق

[illegible]

چمڑے کے سوٹ کیس

نہایت مضبوط خوبصورت چمڑا فٹ کو الٹی لگا ہوا تھوک نرخ حسب ذیل ہے

سائز بکس		قیمت فی عدد	قیمت فی درجن
12/9	انچ	2/4	25/8
14/10	″	2/8	28/-
16/11	″	2/12	30/-
18/12	″	3/-	33/-
[illegible]	″	3/4	36/-
22/14	″	5/-	55/-
24/15	″	5/12	66/-
26/17	″	7/-	80/-
30/18	″	8/-	90/-

نوٹ:- ¼ قیمت پیشگی آرڈر کے ہمراہ آنی ضروری ہے

منیجر اے آر سیٹھ نبول سیل مرچنٹ انٹریا بلڈنگ لارنس روڈ کراچی

نادر طبی کتب

قیمت میں غیر معمولی خاص رعایت

صرف ایک ماہ کیلئے

نام تصنیف	مطبوعہ قیمت	رعایتی قیمت
پیام صحت مشتمل بر دو جلد طب جدید ... کی مشہور ضخیم کتاب بزبان اردو	[illegible]	[illegible]
طریق تشخیص امراض بزبان اردو	[illegible]	[illegible]
ازدواجی راز سے علاج امراض مخصوصہ بزبان اردو	۱۲/	۹/

خرچ ڈاک ہر حالت میں علاوہ ہوگا، مزید رعایت کیلئے لکھنا فضول ہے۔ مشہور اطباء و اخبارات کے ریویو و مضامین مندرجہ کی تفاصیل مفت طلب کریں۔ وقت گزر جانے پر تقاضہ اور تاسف لاحاصل ہوگا۔

المشتہر

ہومیوپیتھک میڈیکل ہال چھاونی فیروزپور پنجاب

نوٹ: پیام صحت کی فرمائش کے ہمراہ ... پیشگی آنا ضروری ہے

چرتھاول میں کیا ہو رہا ہے

ناظرین الجمیعۃ کو ضروری اطلاع

چرتھاول میں کئی سال سے جدید و مفید تصنیف و تالیف کا سلسلہ جاری ہے فارسی، عربی کی آسان و مشہور کتابیں شائع ہو رہی ہیں جن سے تعلیم کی ابتدائی مشکلات کا خاتمہ ہو گیا ہے۔ ایک اسلامی درسگاہ قائم ہے جس میں نصاب جدید کی تعلیم سے طلبہ میں علم کی روح پیدا کی جاتی ہے۔ آپ بھی ان عجیب و غریب کتابوں کو علمی نعمت سمجھ کر ... داخل کرائیں اور چند روز میں تعلیم میں ترقی کا انقلاب دیکھ کر مصنف کی داد دیں۔ یہ کتابیں کئی کئی بار طبع ہو چکی ہیں ان سے محروم رہنا بڑی بدقسمتی ہے اور وہ یہ ہیں:

فارسی زبان کا قاعدہ تین آنے ۳/ — رہبر فارسی تین آنے ۳/ — لطائف فارسی تین آنے ۳/ — عربی زبان کا قاعدہ تین آنے ۳/ — علم الصرف حصہ اول و دوم ۵/ حصہ سوم — علم النحو عوامل النحو ۶/ — عربی منظوم اصطلاح مع لغات جدیدہ ۶/ — روضۃ الادب فی تسہیل کلام العرب ۸/

نوٹ: محصول ڈاک ہر حالت میں بذمہ خریدار ہوگا پتہ صاف تحریر کریں

پتہ: شفیق احمد غوث اشاعۃ الادب پوسٹ چرتھاول مظفر نگر

آج خریدیں یا کل خریدیں بالآخر زنگی قلم ہی خریدنا پڑیگا۔ سستے فاونٹین قلموں میں یا تو نب سونے کی ہوتی ہی نہیں ... ہر قسم کے کاغذ پر خوب اس طرح چلتی ہے ... [illegible]

زنگی قلم کمپنی نئی سڑک ۳۲ دہلی

ہمارے ہاں ہر سائز کے قرآن مجید و حمائل شریف و مذہبی کتب ہر مطبع کی ملتی ہیں۔ پتہ

منیجر مکتبہ علیمیہ بازار بلیماران دہلی

بے روزگاروں کیلئے شریفانہ ذریعہ معاش

اگر آپ بے روزگاری کے ہاتھوں تنگ ہیں اور معاش کا کوئی بہتر ذریعہ آپ کے پاس نہیں ہے تو الجمعیۃ کی ایجنسی حاصل کرنے کے لئے آج ہی درخواست کیجئے۔ الجمعیۃ کی ایجنسی لے کر آپ آٹھ آنے سے لے کر دو روپیہ روزانہ تک باسانی کما سکتے ہیں اور اسی کے ساتھ ایک حق پرست اسلامی اخبار کی توسیع اشاعت کا فرض بھی ادا کر سکتے ہیں۔ شرائط ایجنسی کے لئے اس پتہ پر ایک کارڈ لکھئے۔

پتہ: منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

پانچ سو روپے انعام

[illegible] ... روپیہ انعام جنہیں یقین نہ ہو ایک آنہ کا ٹکٹ لگا کر شرط لکھوالیں قیمت ...

ملنے کا پتہ: اکمل کشورام ۱۲ پوسٹ کٹری سرائے گیا

تلاش کیجئے

[illegible] ... مقبول عام ہے۔

المشتہر: نورل سوپ کمپنی بازار لال چاہ دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشۂ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰ حضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو سنکر اور دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرما لیا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں۔ مولانا شاہ رفیع الدین صاحب، مولانا شاہ عبد القادر صاحب، مولانا شاہ ولی اللہ صاحب، حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن مجید کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے صرف دس روپے (عـــ۱۰) علاوہ محصولڈاک ہے۔ فرمائش فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

سب سے سستا اور صحیح قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما، اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملے گا۔ اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایۂ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کرسکتے ہیں نورانی قرآن مجید کی چھپائی کے وقت طہارت اور باوضو ہونے کا پورا اہتمام کیا گیا تھا نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھکر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ بلا جلد مجلد پارچہ عہ مجلد چرم نقرہ عـــ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اسکا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے سے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھ میں نور پیدا ہوتا ہے۔ ہدیہ:- قسم اعلیٰ سفید کاغذ مجلد ... قسم دوم ... علاوہ محصولڈاک ...

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم سہ شنبہ ۱۱ ربیع الاول ۱۳۵۰ھ ہجری

کانگریس کی مجلس عاملہ کا فارمولا

مسلمانوں کیلئے غیر اطمینان بخش اور ناقابل قبول ہے

(۲)

گزشتہ اشاعتوں میں ہم نے مجلس عاملہ کے فارمولے کی صرف ان دفعات پر بحث کی تھی جو ڈاکٹر انصاری صاحب کے پیش کردہ مطالبات کے بظاہر مطابق نظر آتی ہیں مگر جن کو غور کے ساتھ دیکھنے کے بعد یہ حقیقت منکشف ہو جاتی ہے کہ ان میں اور ڈاکٹر صاحب کے مطالبات میں تھوڑے سے ردو بدل اور اضافہ سے زمین و آسمان کا فرق کر دیا گیا ہے۔ آج کی اشاعت میں ہم یہ بتانا چاہتے ہیں کہ بنیادی حقوق اور پرسنل لا کی حفاظت کے متعلق جو دفعہ مجلس عاملہ کے فارمولے میں داخل کی گئی ہے اور جس کا حصہ (الف) اور (ب) بجنسہ نیشنلسٹ مسلم پارٹی والے فارمولا سے لیا گیا ہے اس پر ہمیں کیا اعتراض ہے اور ہم پرسنل لا کے تحفظ کی کونسی شکل ناگزیر اور ضروری سمجھتے ہیں اور اس کے ساتھ ہی ساتھ اس دفعہ پر بھی بحث کرنا چاہتے ہیں جو ڈاکٹر صاحب کے فارمولا میں نہیں تھی مگر مجلس عاملہ نے اسے اپنی طرف سے بڑھا دیا ہے اور ان امور پر بھی اظہار خیال ضروری سمجھتے ہیں جنھیں مجلس عاملہ نے قطعاً نظر انداز کر دیا ہے اور جن کا اس قسم کے فرقہ وارانہ سمجھوتہ میں موجود ہونا مسلم اقلیت کی ...

ظاہر ہے کہ جہاں تک پرسنل لا کی حفاظت کا تعلق ہے ایک دفعہ اس وقت بھی ہندوستان کے دستور اساسی میں ایسی موجود ہے جو پرسنل لا کے تحفظ کے لئے وضع کی گئی ہے مگر وہ اپنے ابہام و اجمال کے باعث اسقدر بیکار ہے کہ ساردا ایکٹ جیسا خلاف شریعت قانون منظور ہو جاتا ہے ...

انتقادات

تندرست زندگی کا راز

زبدۃ الحکماء حکیم محمد افضل صاحب نے اپنی تازہ تصنیف "تندرست زندگی کا راز" ہمارے پاس بغرض ریویو ارسال کی ہے۔ موصوف اپنی طبی خدمات کے سلسلہ میں کافی شہرت حاصل کر چکے ہیں۔ اور آپ کی متعدد طبی کتابیں ملک سے خراج تحسین حاصل کر چکی ہیں اسلئے اس کتاب کے متعلق کسی تفصیلی تبصرہ کی ضرورت نہیں معلوم ہوتی صرف اتنا بتا دینا کافی ہوگا کہ یہ کتاب پانچ حصوں پر منقسم ہے پہلے حصہ میں مخلوق مخصوص ادویات کی فہرست اور ان کے فوائد درج کئے گئے ہیں۔ دوسرے میں بچوں کی پرورش، ان کے امراض کی تشریح اور علاج سے بحث کی گئی ہے۔ تیسرے حصہ میں عورتوں اور لڑکیوں کی صحت کو قائم رکھنے کے طریقے بیان کئے گئے ہیں۔ اور ان کے امراض کی تشریح اور علاج کے طریقے بتائے گئے ہیں۔ چوتھے حصہ میں چیچک کے متعلق تفصیلی معلومات اور اسکا علاج درج کیا گیا ہے۔ اور پانچواں حصہ سل اور دق کے متعلق ...

سپاسنامہ منجانب ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ

بعالی خدمت حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب

ذیل کا سپاسنامہ ۱۹ جولائی کو میرٹھ ڈسٹرکٹ بورڈ کی جانب سے حضرت مولانا مولوی حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند و صدر اجلاس جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ منعقدہ میرٹھ کی خدمت عالی میں پیش کیا گیا:۔

ہم ممبران ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ آپ کی خدمت اقدس میں اس لئے حاضر ہوئے ہیں کہ ان بے پایاں جذبات مسرت کا اظہار کریں جو ضلع میرٹھ کے ہر متنفس کے دل میں آپ کی تشریف آوری کی تو بہ سنکر سمندر کی موجوں کی طرح لہریں مار رہی ہیں اور جن کی بے پناہ روانی میں تفکرات و تردّدات کی ابھر آرزا اور رہت تسکین پیٹا تیں خس و خاشاک کی طرح بہتی چلی گئی ہیں۔

آپ نے اس تکلیف دہ موسم میں اپنے راحت و آرام کو قربان کر کے اپنی اہم مصروفیتوں کو پس پشت ڈال کر ہمارے شہر میں تشریف لا کر جس عنایت اور محبت کا ثبوت دیا ہے اس نے ہمارے دلوں کو موہ لیا ہے اور ہماری زبانیں اس کا شکریہ ادا کرنے سے قاصر ہیں۔

...

کے ساتھ رعایا پروری کا سلوک کیا گیا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ اگر ہر بالغ کو حق رائے دہندگی دیدیا جائے یا تناسب آبادی کے لحاظ سے ہر ملت کو ووٹر ملجائیں تو جن صوبوں میں مسلمانوں کی اکثریت ہے وہاں یقیناً مسلمانوں کے لئے مخلوط انتخاب مفید ہے۔ میں آپ حضرات سے دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا صوبہ سرحد و بلوچستان میں جہاں ۹۵ فی صدی مسلمان ہیں وہاں بھی مخلوط انتخاب مسلمانوں کے لئے مضر ہے؟

کیا صوبہ سندھ جہاں ۷۵ فی صدی مسلمان ہیں وہاں بھی مخلوط انتخاب مسلمانوں کے لئے نقصان رساں ہے۔ کیا پنجاب و بنگال میں بھی مخلوط انتخاب مسلمانوں کے لئے ضرر رساں ہے۔ یہ ممکن ہے کہ جن صوبوں میں مسلمانوں کی آبادی کم ہو وہاں مخلوط انتخاب مسلمانوں کے لئے بجز مخصوص صورت کے نقصان رساں ہو اس امر کا دعوی کرنا کہ مخلوط انتخاب ہندوستان کے تمام صوبوں میں ہر حالت کے اعتبار سے مسلمانوں کے لئے مفید ہے۔ صحیح نہیں جس طرح یہ دعوی صحیح نہیں ہے کہ مخلوط انتخاب تمام صوبوں میں ہر حالت کے اعتبار سے مسلمانوں کے لئے مضر ہے۔

مخلوط انتخاب کی شرائط

میرے معزز بزرگو! جداگانہ انتخاب کتنا ہی مضر ہو اور مخلوط انتخاب کتنا ہی ...

اکثریت ہے وہاں ہم نے نہایت خندہ پیشانی سے اکثریت پر اعتماد کا اظہار کیا ہے جس طرح ہم نے ہندو اکثریت پر اعتماد کرنے میں کوئی عذر نہیں کیا ہے اسی طرح ہم مسلم اکثریت پر ہندوؤں کی جانب سے بھی اسی خوشدلی کے ساتھ اعتماد کا اظہار چاہتے ہیں۔ ہم اس کو پسند نہیں کرتے کہ پنجاب و بنگال کی اکثریت سے محض اس لئے اعراض کیا جائے کہ ان دو صوبوں کی اقلیت اکثریت کی حکومت نہیں چاہتی۔ میں ہندو ذہنیت کو کوئی طعنہ نہیں دینا چاہتا بلکہ مسلمانوں کے ساتھ انصاف کا مطالبہ کرتا ہوں۔ پنجاب و بنگال کی مسلم اکثریت کے تحفظ کا سوال ایسا سوال ہے کہ ایک لمحہ کے لئے بھی اس کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

کیا آئینی اکثریت جمہوریت کے منافی ہے؟

حضرات! اکثریت کے ساتھ آئینی کا لفظ استعمال کر کے مسلمانوں کے مطالبے کو نامعقول بنایا جاتا ہے۔ میں عرض کروں گا اگر اکثریت کو آئینی اقلیت بنانا غیر معقول نہیں ہے تو مجھے افسوس ہے کہ میں اس منطق کے سمجھنے سے معذور ہوں کہ ۵۶ کی آبادی کو پچاس یا اس کی تعداد میں رز رو کرنا تو نامعقول ہے لیکن ۵۶ کی آبادی کو پچاس یا انچاس کی تعداد میں رز رو کر دینا غیر معقول نہیں ہے؟ آخر معقول اور غیر معقول کا معیار کیا ہے؟ کیا ہر بالغ کو حق رائے دہندگی دینا یا تناسب آبادی کے موافق حق ووٹ قائم کرنا بھی غیر معقول ہے ...

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید نے ...

الجواب

ریاستی باشندوں کی کانفرنس کو ممنوع قرار دیدیا گیا

کارکنوں کے نام دفعہ ۱۴۴ کے ماتحت نوٹس

شملہ ۲۵ جولائی۔ گزشتہ شب ریاستی باشندوں کی جو کانفرنس شملہ میں منعقد ہوئی تھی اس کے سلسلہ میں ڈپٹی کمشنر شملہ نے حسب ذیل اصحاب کے نام دفعہ ۱۴۴ کے ماتحت حکم جاری کیا ہے ان اشخاص نے جلسے میں نمایاں حصہ لیا تھا:۔

(۱) لالہ دونی چند انبالوی (۲) مسٹر امرت لال ٹھاکر (۳) مسٹر منی لال کوٹھاری (۴) سردار بھگوان داس (۵) سید طالب حسین صاحب اور (۶) ڈاکٹر ... ایل ورما۔

گزشتہ شب جلسہ انتظامی حکم کی وجہ سے منتشر کرنا پڑا اور مقامی کانگریس کمیٹی کی جانب سے ایک احتجاجی جلسہ منعقد ہوا ... ہند کے ماتحت گرفتار کر لئے گئے تھے۔ اب ضمانت پر رہا کر دئے گئے ہیں۔

غدائی خدمتگاروں کو تین تین سال قید سخت کی سزا

ڈرامہ "درد" کھیلنے کا جرم

پشاور ۲۲ جولائی۔ ڈرامہ "درد" کے سلسلہ میں جو خدائی خدمت گار ماہ اپریل میں گرفتار کئے گئے تھے کل ان کے مقدمہ کا آخری فیصلہ سنا دیا گیا۔ ملزمین کو تین تین سال قید سخت کی سزا دی گئی۔ ملزمین نوعمر لڑکے ہیں۔

کشمیر کو طبی مشن بھیجنے کی تجویز

مہاراجہ سے بذریعہ تار اجازت کی طلبی

سندھ ہندو وفد وائسرائے کے آستانہ پر

سندھ کی علیحدگی پر آہ و زاری

آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا آئندہ اجلاس

بمبئی میں ہوگا

مسلمانوں کی جانب سے کشمیری تحقیقاتی کمیٹی کا مقاطعہ

دریا سے ایک کشمیری مسلمان لڑکی کی نعش کی برآمدگی

بمبئی میں شراب کی دوکانوں پر پکٹنگ

رضاکاروں پر حملہ ۔ ایک رضاکار زخمی

پنجاب میں متعدد کتب و رسائل کی ضبطی

مرکزی حکومت پر رعب جمانے کی کوشش

دہلی مفاہمت پر ناپسندیدگی کا اظہار

بمبئی میں گرفتاریوں کی بھرمار

پولیس کی سرگرمیاں۔ گرفتاریوں کے خلاف احتجاج

گورنر پنجاب کے حملہ آور سشن سپرد کر دیئے گئے

گول میز کانفرنس میں ڈاکٹر انصاری بحیثیت ...

مسلح ڈاکو نو ہزار روپیہ لے کر فرار ہو گئے

خنجر سے ایک ملازم کو ہلاک کر دیا

بمبئی میں سات سو مزدوروں کی ہڑتال

کارخانہ پر زبردست پکٹنگ

عدالت میں گورنر بمبئی کے حملہ آور کا بیان

گورنر کے تقرر اور مارشل لاء کے نفاذ پر اعتراض

بنارس میں جلسوں اور جلوسوں کی ممانعت

فرقہ وارانہ ہنگاموں کو روکنے کیلئے سعی

نوجوان بھارت سبھا کے مکان پر پولیس کا چھاپہ

ملتان کے دروازوں پر سے پکٹنگ اٹھا لیا گیا

ڈپٹی کمشنر کی طرف سے تنبیہ

ایک مشہور اکالی لیڈر کو قتل کر دیا گیا

اعلان تعطیل

کانگریس اور حکومت میں کوئی تصفیہ نہ ہو سکا

موجودہ صورت حال نہایت مایوس کن ہے

فلسطین پر دوامی قبضہ کرنے کیلئے برطانیہ کی نئی چال

عربوں کو برباد کرنیکے بعد دوبارہ آباد کرنے کی تجویز

باغیوں کے کیمپ پر فوج کا زبردست حملہ

ایک باغی کا سنگین سے قتل، ۲ باغیوں کی گرفتاری

کشوری گنج کے فرقہ وارانہ فساد کے مقدمہ کا فیصلہ

اٹھارہ مسلمانوں کو قید سخت کی سزائیں

ہندوستانی اور برطانوی مفادات ایک ہیں

لارڈ ارون کی تازہ تقریر

مولانا شفیع داؤدی کی تاریک تصنیف

قوم پرور مسلمانوں کو گول میز کانفرنس میں شریک کیا جائے

دس سال تک جداگانہ انتخاب کی حمایت

مدراس کے مسلمانوں کا فارمولا

باغیوں پر پولیس اور فوج کا حملہ

دو باغی ہلاک اور متعدد گرفتار

لارڈ ارون کو وائسرائے کے بجائے پادری بننا چاہئے تھا

سابق وائسرائے کی تقریر پر لارڈ ہیڈ انچکیپ کا تبصرہ

ہندو مہا سبھا کے سکرٹری کو قید سخت کی سزا

منافرت انگیز مضامین شائع کرنے کا الزام

برمی بغاوت کو فرو کرنے کیلئے بودھوں کی پیشکش

حکومت برما کا اعلان

برما میں قتل و غارت گری کا سلسلہ

۱۴ مزید باغیوں کی گرفتاری

مالیانہ وصول کرنے والے پر حملہ

پولیس کی گولی سے متعدد اشخاص مجروح

اسپانیہ میں جمہوری حکومت کی مخالفت

پندرہ سو ٹیلیفون کی لائنیں کاٹ دی گئیں

ایڈیٹر پرتاب گرفتار کر لئے گئے

پولیس انسپکٹر کے قاتل کی اپیل مسترد

پریوی کونسل نے سزائے موت بحال رکھی

ہندوستانی باشندوں پر برمیوں کے مظالم

حکومت برما کے نام مکتوب اور اس کا جواب

پدوکوٹہ کے فسادات کی تحقیقات کیلئے کمیٹی کا تقرر

الہ آباد یونیورسٹی کی مالی امداد کم کر دی گئی

راجہ کالاکنکر کے بھائی کی گرفتاری

اشتراکیت کا الزام؟

وزیر مالیات پر بموں سے حملہ

چینی وزیر کا سکرٹری ہلاک

گاندھی جی کے استقبال کیلئے لندن میں تیاریاں

سردار بھگت سنگھ کی جلدیں ضبط کر لی گئیں

مراسلات

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

گرلز اسکول پل بنگش

پرنسپل صاحبہ کے خلاف الزامات کی پرزور تردید

آپ کے اخبار مورخہ ... ماہ حال میں ایک مضمون بعنوان گرلز اسکول پل بنگش ... شائع ہوا ہے ...

ہم تمام مسلمان مستانیاں اس اسکول میں تعلیم دیتی ہیں۔ اگر پرنسپل صاحبہ کا ...

بل بنگش اسکول کی مسلم استانیاں

معززیاز حسین خان کا بیان

... سلطان پل بنگش ۔ ایم بی گرلز اسکول

دارالعلوم ندوۃ العلماء کھل گیا

دارالعلوم ندوۃ العلماء بعد تعطیل کلاں کے یکم جولائی ۱۹۳۰ء سے کھل گیا ہے اور تعلیم شروع ہو گئی ہے ...

ناظم ندوۃ العلماء

دنیا میں جنت

... خانقاہ صوفیہ چرتھاول ضلع مظفر نگر

اخبار الجمیعۃ کیلئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

ربڑ اور پیتل کی مہریں

ملنے کا پتہ :- مرزا احمد بیگ اینڈ سنز چاندنی چوک دہلی

اشتہار

طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڑھ ...

پرنسپل طبیہ کالج علی گڈھ

نپٹ بہرا پن کا فوری علاج

بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات ہے

کان کی دوا ۔ بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یو ۔ پی)

پانچ سو روپے انعام

... اکمل کشوم اسپوٹ کنزی سرائے گیا

جلد ضرورت ہے

محنتی اور باثر ایجنٹوں کی جو کپڑے کی ایک فرم کی ایجنسی شمالی ہند میں ہے سکیل تنخواہ ڈیڑھ سو روپے ماہوار سے دس روپے ترقی کے ساتھ دو سو روپے تک دی جائے گی نقد ضمانت ایک ہزار کی ضرور ہونی چاہئے تمام درخواستیں برائے تفصیلات انگریزی میں آنی چاہئیں

ایڈورٹائزر معرفت اخبار الجمعیۃ دہلی

سنون محبوب

پائیریا کا دشمن دانتوں کا محافظ منہ کی بدبو کو زائل کرنے والا

ملنے کا پتہ :- احمد بک ایجنسی پہاڑی املی دہلی

زمیندار دواخانہ جھجر ضلع رہتک

... مینجر زمیندار دواخانہ جھجر ضلع رہتک

بیکاروں کیلئے سنہری موقع

تمام ہندوستان میں اس سے بہتر کوئی اور کالج نہیں ہے۔

اس کالج میں موٹر ڈرائیوری فٹری کا کام دو ماہ میں سکھایا جاتا ہے جس کی فیس ... روپیہ لی جاتی ہے غریبوں کیلئے خاص رعایت ہے مفصل حالات معلوم کرنے کیلئے پراسپکٹس مفت طلب کیجئے پردیسی طلباء کیلئے بورڈنگ ہاؤس کا انتظام بھی ہے۔

دی کیپٹل پریکٹیکل موٹر ٹریننگ کالج

بازار مچھلی والان متصل جامع مسجد دہلی

رنگین انقلاب

برسات کے بہار آفرین موسم میں نیرنگ کا ادبی تحفہ ہوگا

... مینجر نیرنگ مچھلی والان دہلی

مسلمانوں کے افلاس کا علاج

مسئلہ انتخاب

یہ وہ معرکۃ الآرا تصنیف ہے جس میں مسلمانوں کے افلاس اور تعلیمی پستی کے حقیقی وجوہ بتا کر ان کا قطعی اور حتمی علاج تجویز کیا گیا ہے مسلمانوں کے مذہبی حقوق اور ان کی حفاظت کی تدابیر اور موجودہ و آیندہ نظام سلطنت اور طریقہ انتخاب پر نہایت تفصیل کے ساتھ بحث کی گئی ہے کتاب اپنی خوبیوں کی وجہ سے ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو رہی ہے مصنفہ سید محمد احمد کاظمی بی ایس سی ایل ایل بی علیگ کتاب کا حجم ۸۰ صفحے ہے لیکن قیمت فی نسخہ علاوہ محصولڈاک صرف ۸ ہے آج ہی ایک نسخہ طلب کر کے اپنی معلومات میں شاندار اضافہ کریں۔

ملنے کا پتہ

ایم ۔ اے مجید معرفت منیجر الجمعیۃ دہلی

صوبہ سرحد کو دیگر صوبجات کے برابر درجہ دیا جائیگا

قانون، امن پر صوبہ کا قبضہ اور مرکز سے مالی امداد

سرحدی مضامین کی تحقیقاتی کمیٹی کی سفارشات

شملہ ... گول میز کانفرنس کی سب کمیٹی کی سفارش پر حکومت ہند نے شمال مغربی سرحدی صوبہ کے مضامین کی تحقیقات کے لئے ...

سفارشات

...

مالی امداد

...

ہیضہ کے متعلق سرکاری اعلان

... امرت دہارا ...

نصیحت کو مانو

پتہ ۔ امرت دہارا ۱۶۱ لاہور

منیجر امرت اوشدھالیہ امرت بھون امرت سٹرک امرت ڈاکخانہ لاہور

شربت اکسیر

اگر آپ بستر زندگی پر ... ہیں تو

قدرت خدا کا تماشہ دیکھئے

جریان

پتہ ۔ ایس ۔ بی ۔ بخشی ۔ اینڈ کمپنی ۱۲ ٹونی نمبر ۲ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

عمر بڑھ سکتی ہے ۔ بوڑھے جوان ہو سکتے ہیں

صورت کی تبدیلی ممکن ہے

لقمان الملک حکیم نابینا صاحب کا لاجواب نسخہ

عمل جراحی کے بغیر غدود کا پیوند

معجون مددگار غدود

چہرے کی تبدیلی

عورتوں کے حسن کی واپسی

ساٹھ روپے کی خوراک کی قیمت چار روپے

ملنے کا پتہ :- احمد مجتبیٰ منیجر رسالہ نظام المشائخ ۲۳ کوچہ چیلان دہلی

سفید بال

سات دن میں جڑ سے کالا نہ ہو تو قیمت واپس

منیجر گنگا پرشاد گپتا بہار میڈیکل اسٹور دربھنگہ

محدث کی ضرورت

چاٹگام مدرسہ دارالعلوم کے طبقہ حدیث کے لئے ایک محدث کی ضرورت ہے جو ہر فن میں یکتا تقریر و تحریر میں ماہر ... تنخواہ ۵۰-۷۵-۱۰۰ مدت درخواست آخر جولائی تک۔

پتہ :- سکریٹری ۔ مدرسہ دارالعلوم چاٹگام

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے ۔ منیجر الجمعیۃ دہلی

رنگ روغن وارنش اور انیمل

... دی سٹینڈرڈ پینٹ اینڈ وارنش کمپنی چاندنی چوک متصل گوردوارہ دہلی

ماہ ربیع الاول ... سیرۃ ... منیجر کتب خانہ دینیات مدرسہ امینیہ دہلی

تارکاپتہ "الجمعیۃ دہلی"

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

سہ روزہ

الجمعیۃ

یداللہ علی الجماعۃ

[redacted]

مسئول
مدیر: ہلال احمد زبیری (بی اے)

معاون
محمد عثمان فارقلیط

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
فی پرچہ
نمونہ مفت
ممالک غیر کیلئے
سالانہ
ششماہی

جلد ۱۴ | دہلی یوم چہارشنبہ ۱۹ ربیع الاول ۱۳۵۰ھ ہجری ۔ مطابق ۵ اگست ۱۹۳۱ء | نمبر ۹

افغانستان کی پارلیمنٹ میں شاہ نادر خاں کی افتتاحی تقریر

دور ترقی کے اہم باب اور زمانہ انقلاب کے واقعات پر ایک مفصل تبصرہ

برطانیہ سے تعلقات کی حقیقت ۔ جنگی قوت کیلئے اسلحہ کی فراہمی

(ترجمہ مخصوص)

ذیل میں شاہ نادر خاں کی اس مبسوط تقریر کا ترجمہ شائع کیا جاتا ہے جو آپ نے مجلس شورائے ملی کے افتتاح کے موقع پر اعیان حکومت اور ارکان دولت کے سامنے کی جس میں افغانستان کی موجودہ سیاسیات پر مبسوط تبصرہ کیا گیا ہے۔

خدائے قادر توانا کے نام سے جو دنیا و آخرت کی سعادت کا بخشنے والا ہے میں اس مجلس شورائے اسلامی (پارلیمنٹ) کا افتتاح کرتا ہوں۔ اور بارگاہ ایزدی سے حکومت اور ملت افغانیہ کے لئے توفیق چاہتا ہوں کہ وہ شریعت مطہرہ حضرت محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سایہ میں اسلام کی اس خاک پاک کو شرف قیود بخش عطا فرمائے تاکہ ...

دنیا کی موجودہ جمہوریت اور اسلام

عزیزان من! الحمدللہ کہ میں دوسری بار افغانستان کو مصائب و نوائب نفاق و خانہ جنگی سے مامون و مصئون دیکھتا ہوں اور یہ سود کی خاطر اعدل پیدا امید ہے ...

... اور تم کو موقع وفرصت بخشنے کہ حکومت اور ملت کے درمیان سے تمام شکایات کو دم رفع کردیں۔ آج کل کی دستوری اور شوروی حکومتیں جیہ ردیا کم کے ساتھ ترقی حاصل کرتی ہیں ...

افغانی پارلیمنٹ ترقی کی بنیاد ہے

خدا کا شکر ہے کہ میں نے اس پر امن فرصت میں اس کے افتتاح کی توفیق پائی ...

افغانستان کی حدود میں نادر خاں کا داخلہ

... فرزندان و برادران من! اس دور کے واقعات کو میں خود تمہارے سامنے بیان کرنا چاہتا ہوں جن کا تعلق امروزہ افغانستان کی خارجی سیاست سے ہے تاکہ خارجی سیاست سے موجودہ حکومت کو آپ اچھی طرح سمجھ لیں۔ باقی مسائل جو آٹھ دس ماہ کے اندر رونما ہوئے ان کو صدر اعظم فرداً آپ کے سامنے بیان کریں گے ...

معاصرین کے افکار و آراء

اجتماعات میرٹھ کے فیصلے

(مدینہ)

میرٹھ میں پچھلے دنوں صوبہ کی دو ممتاز جمعیتوں کے اجلاس منعقد ہوئے تھے مسلم نیشنلسٹ کانفرنس اور جمعیۃ العلماء صوبہ متحدہ نے ڈاکٹر سید محمود صاحب اور مولانا احمد سعید صاحب کی صدارتوں میں کانگریس کے مجوزہ فارمولا کی تائید و تصدیق کی اور اسے مسلمانوں کے تحفظ حقوق کے لئے قابل اطمینان قرار دیا۔ اس کے ساتھ ہی چونکہ سیاست حاضرہ میں علمائے کرام کو سب سے اہم اور ممتاز جگہ حاصل ہوگئی ہے اور انہوں نے اپنی سرفروشی اور قربانی سے انگریزی خواں طبقہ کو شکست دے دی ہے۔ لہٰذا ان اجتماعات کے فیصلوں پر بھی علماء صوبہ کا سب سے زیادہ اثر پڑا۔ اور جمعیۃ علماء کے مطالبہ کی روشنی میں ... کی تفسیر و تشریح کی گئی۔

جہاں تک کانگریس کے فارمولا کا تعلق ہے وہ نقائص وعیوب سے پاک نہیں ہے اور ابھی اس میں بہت سی شرح و وضاحت اور ترمیم و تنسیخ کی گنجائش ہے لیکن بہرحال وہ مسلمانوں کی ایک اہم جماعت کے جذبات کا اطمینان بخشتا ہے ...

مسلمانان ہند کا ایک ایسا مذہبی و قومی فریضہ تھا جس کی ادائیگی کے لئے موجودہ جماعتوں میں سے کسی آل انڈیا جماعت کو سرگرم عمل ہوجانا چاہئے تھا اور تمام مسلمانوں کو اس جماعت کی امداد کرنی چاہئے تھی ...

عراق کی بیان کردہ آزادی

(اودھ اخبار)

برطانیہ کی طرف سے پہلے تو حد درجہ ساختہ انتداب کمیشن عراق کی اہلیت کے متعلق تحقیقات کرنے کے لئے مقرر کیا گیا۔ اور اس طرح کچھ عرصہ تک اس مسئلہ کو طول میں رکھا گیا لیکن بالآخر برطانیہ نے اس امر کا اعلان کردیا کہ وہ عراق کو ۱۹۳۲ء میں آزاد کردے گا ...

"انتخاب بھی جان سے زیادہ عزیز ہے ہم اپنی جانیں دیدیں گے لیکن جداگانہ انتخاب نہ چھوڑیں گے"

جن نفقروں کو زیر خط کردیا گیا ہے، وہ قابل ملاحظہ ہیں۔ یہ جوش، یہ غلو، یہ کاش کسی اصول دین کی حمایت میں ہوتا! ...

بحث میں مولوی نہ ہاریں گے
جان ہاریں گے مگر نہ ہاریں گے

مگر اب کون کہہ سکتا ہے کہ یہ ذہنیت صرف مولوی صاحبان تک محدود ہے؟

نئی رجز خوانیاں

(سچ)

پچھلے ہفتہ "سعد الکافی" اخبارات میں تین تین جلی عنوانات کے ساتھ نمایاں کرکے حسب ذیل تار برقی شائع ہوا تھا:

"جوالاپور ۲۵ر دکیم جون کو قرارداد کے مطابق جمعیۃ جداگانہ انتخاب کے زیر اہتمام ۲۸ر جون کو ایک شاندار جلوس نکالا گیا جس میں ایک ہزار سے زیادہ مسلمان شریک تھے ...

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ

قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں اس نقص کو دور کرنے کے لئے ایک ایسے اردو قرابادین کی شدید ضرورت محسوس کی جارہی تھی الحمدللہ کہ حکیم مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کرکے اس کمی کو پورا کردیا اس کتاب میں دوا سازی کے اصول اتنی وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے گئے ہیں ...

قرابادین مفید عام کا ہر با اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیماردار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ علاوہ محصولڈاک رکھی گئی ہے۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

چمڑے کے سوٹ کیس

نہایت مضبوط خوبصورت فرسٹ کوالٹی لگا ہوا تھوک نرخ حسب ذیل ہے

سائز بکس		قیمت فی عدد	قیمت فی درجن
12/9	انچ	2/4	25/8
14/10	"	2/8	28/-
16/11	"	2/12	30/-
18/12	"	3/-	33/-
20/13	"	3/4	36/-
22/14	"	5/-	55/-
24/15	"	5/12	66/-
28/17	"	7/-	80/-
30/18	"	8/-	90/-

نوٹ:- ۱/۴ قیمت پیشگی آرڈر کے ہمراہ آنی ضروری ہے

منیجر اے۔ آر سیٹھ ہول سیل مرچنٹ انٹریا بلڈنگ لارنس روڈ کراچی

قیمت میں غیر معمولی خاص رعایت

صرف ایک ماہ کے لئے

نام تصنیف	مطبوعہ قیمت	رعایتی قیمت
پیام صحت مشتمل ہر دو جلد طب ہومیوپیتھی کی مشہور ضخیم کتاب بزبان اردو	عہ	۱
طریق تشخیص امراض۔ بزبان اردو	۱۲	۸
ازدواجی راز مع علاج امراض مخصوصہ بزبان اردو	۱۲	۹

خرچ ڈاک ہر حالت میں علاوہ ہوگا مزید رعایت کیلئے کتب مفصل ہے مشہور اطباء و اخبارات کے ریویو و مضامین مندرجہ کی تفاصیل مفت طلب کریں وقت گذر جانے پر تقاضہ اور تاسف لاحاصل ہوگا۔

المشتہر

ہومیوپیتھک میڈیکل ہال چھاؤنی فیروزپور (پنجاب)

نوٹ

پیام صحت کی فرمائش کے ہمراہ عہ خرچ ڈاک پیشگی آنا ضروری ہے

کٹ پیس تھوک نرخوں پر

اگر آپ کو کٹ پیس ہر ایک قسم کی ضرورت ہو تو تھوک نرخ طلب فرمائیں۔

منیجر اے۔ آر سیٹھ ہول سیل مرچنٹ
انٹریا بلڈنگ لارنس روڈ کراچی

خط و کتابت کے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں۔ منیجر

حلفیہ بیان اور سابق منسٹر ریاست ضرغام اللہ خاں کا مدعا

...

منیجر دواخانہ ... نظر و عرفان راولپنڈی پنجاب

مفت

رسالہ زندگی

اگر آپ زندگی کے بہترین حصہ کو بے اعتدالیوں سے ضائع کرکے لطف زندگی سے محروم ہوچکے ہیں اور اسے حاصل کرنے کے لئے بے قرار ہیں تو آپ کے لئے رسالہ زندگی کا مطالعہ نہایت ضروری ہے اس میں نوجوانوں کی زندگی کے تاریک پہلو کو محققانہ انداز میں بیان کیا گیا ہے اور اس کے صحیح طریق علاج کو علمی اصول پر لکھا گیا ہے ہر بوڑھے اور جوان کے پڑھنے کے قابل ہے ضرور منگا کر صرف ایک کارڈ لکھ کر مفت حاصل کریں۔

پتہ

منیجر شفاخانہ معاون صحت (رجسٹرڈ) شہر راولپنڈی پنجاب



زنگی قلم کمپنی نئی سڑک ۳۲ دہلی

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے۔ منیجر الجمعیۃ دہلی

اعلیٰحضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور باعث نجات سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰحضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰ حضرت نے ترجمہ اور تفسیر کی خوبیوں کو سنکر اور دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرمالیا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں، مولانا شاہ رفیع الدین صاحب مولانا شاہ عبدالقادر صاحب، مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے، مصری کاغذ والے قرآن مجید کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ دس روپے (عنہ) علاوہ محصولڈاک ہے فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

سب سے سستا اور صحیح قرآن مجید مترجم

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملے گا۔ اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کے لئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے دردِ دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زبر زیر پیش ایسے بامو قع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے، بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کرسکتے ہیں نورانی قرآن مجید کی چھپائی کے وقت طہارت اور باوضو ہونے کا پورا اہتمام کیا گیا تھا نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

محبت اسلامی سے آپ کو یہ بھی اطلاع دیجاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی عہ بلا جلد مجلد پارچہ عہر مجلد چرم ۸ر نقرہ علاوہ محصولڈاک عام دو روپے۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام الدین ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹل ہی کی خوبیاں کتنا ہے کہ جس کے دیکھنے سے دل سرور ہوجاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ خاستہ للعہ قسم دوم خاستہ عہ علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ۸ر چرم عہر

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک مسجد کی جنوبی دیوار کے متصل مسجد سے متعلق ایک قطعہ زمین ہے ...

کے باوجود اس کے کپڑے کی خرید و فروخت کو حرام قرار دیتے ہیں، اس کے صناعوں کے ہاتھ کٹوا لیتے ہیں اس پر زبردست (اور بھاری محصولات عائد کر کے اس کی تجارت روک دیتے ہیں (اور ہندوستانیوں کی یہ کیفیت ہے کہ وہ انگریزوں کا کپڑا خریدنے کے لئے کروڑوں روپیہ کا سرمایہ جمع کرتے ہیں، کمپنیاں بناتے ہیں، دیسی کپڑے پر پکٹنگ کرنے کی تیاریاں کرتے ہیں اور لنکاشائر کی فنا ہوتی ہوئی تجارت کو پھر سہارا دے کر زندہ کرنا چاہتے ہیں۔ قومی بے حیثیتی کا یہ نظارہ شرمناک بھی ہے اور اندوہناک بھی۔

نکات چہاردہ گانہ کا مصنف

مسٹر محمد علی جناح گول میز کانفرنس کے پہلے اجلاس میں شرکت کی غرض سے لندن گئے تھے۔ انعقاد کانفرنس کے بعد بھی ایک عرصہ تک وہاں رہے اور اب صرف ایک مہینہ کے لئے ہندوستان واپس آئے ہیں۔ موصوف نے ساحل بمبئی پر قدم رکھتے ہی جو بیان اخبارات کو دیا وہ شائع ہو چکا ہے اور اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ انگلستان میں تقریباً ایک سال تک رہنے کے بعد ان پر یہ حقیقت (اور زیادہ روشن ہو گئی ہے کہ ہندو مسلم مسئلہ کا حل کئے بغیر ہندوستان سے جانا ...

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم چہارشنبہ ۱۹ ربیع الاول ۱۳۵۰ھ

ہندو مسلم مفاہمت کے بغیر لندن جانا بے سود ہے

گاندھی جی کیلئے ایک لمحۂ فکریہ

ہم نے اس حقیقت کی طرف الجمعیۃ کے کالموں میں بار بار اشارہ کیا ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ ہندوستان کے تمام صحیح الخیال اور معاملہ فہم حضرات اس سے پوری طرح واقف ہیں کہ جب تک اس ملک کی دو سب سے بڑی ملتیں یعنی ہندو اور مسلمان آئندہ دستور کے متعلق کوئی مفاہمت نہیں کر لیں گے اس وقت تک آئینی طریق پر کوئی جد و جہد کامیاب نہیں ہو سکتی ...

مطلب نہیں ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ اس قسم کا اتحاد و اتفاق غیر ممکن ہے ...

بے غیرتی کی انتہا

جمعیۃ علماء صوبہ برما

فہم و تدبر کی ضرورت

اتحاد و اتفاق کا امکان

گاندھی جی لندن کا سفر فضول کر رہے ہیں

برطانیہ کے ملوکیت پرست ہندوستان کو آزادی نہیں دینگے

تحفظات کے نام سے غلامی کی زنجیریں بدستور قائم رہیں گی

(از برنارڈ ہاوٹن)

مسٹر سیکڈانلڈ اور مسٹر بالڈون کے درمیان جو خط و کتابت ہوئی ہے وہ اگرچہ اس طرح پر شائع نہیں ہوئی جیسا کہ ان مدبرین کا منشا تھا مگر اس میں شبہ نہیں کہ اس کی اشاعت نہایت بامو قعہ اور برو قت ہوئی ہے ...

”ہندوستان کا مفاد“

ملوکیت پرستوں کی تنظیم

ایک لاحاصل سفر

تحفظات کا مفہوم

بسلسلۂ صفحۂ اول

برطانیہ نے کس طرح روڑے اٹکائے

اہل غرض کا پروپیگنڈہ اور برطانیہ کی امداد

شاہ نادر خاں پر برطانیہ کی سختی

غازی امان اللہ خاں پر نکتہ چینی

ہندوستان کا پیالہ صبر و قرار لبریز ہو چکا ہے

اگر برطانیہ نے جلد انصاف نہ کیا تو انقلاب عظیم برپا ہو گا

ڈاکٹر بیسنٹ کی حکومت کو بروقت تنبیہ

(از ڈاکٹر اینی بیسنٹ)

استعدر بربادی ہو گئی ہے کہ ہندوستان کے کسان بے انتہا قرضہ میں مبتلا ہو گئے ہیں جو ہر سال زیادہ ہو جاتا ہے کیونکہ ان کی آمدنی ان کے مصارف سے کم ہے ...

ان عملی، سیاسی اور اقتصادی وجوہ پر کبھی ایمانداری کے ساتھ غور نہیں کیا گیا جو ہندوستان کو اس پر مجبور کرتے ہیں کہ وہ اپنے معاملات کا انتظام اپنے قبضہ میں لیلے۔

بھوکی قوم

سرمایہ داروں کی لوٹ

مقاطعہ کا طریقہ

تعلیم سے محرمانہ غفلت

حکومت متسلط

پارلیمنٹ اور صنعت یا جمہوریت

ادنیٰ حیثیت کا احساس

بے انصافی کی انتہا

حکومت کا طویل تجربہ

بنگال اور بنگالیوں کا چیلنج

برطانوی تسلط کا اثر

پیپلز ایمپائر کی لیبرلزم

ہندوستانی کسان کی حالت

برطانیہ کی طرف سے پہلے دو لاکھ روپے ... (بسلسلہ)

اعلان ملوکیت اور دول خارجہ سے تعلقات

جاوا اور اوگنڈہ میں دین حق کی حیرت انگیز ترقی

عیسائی مشنری کروڑہا روپیہ خرچ کرنے کے باوجود شکست کھا رہے ہیں

مسیحی تبلیغ کا منشا مستعمرین فرنگ کیلئے میدان تیار کرنا ہے

(اوگنڈا زنجبار) کا نامہ نگار خصوصی لکھتا ہے کہ یہاں کے لوگ مذہب کے معاملہ میں بہت آزاد ہیں اور وہ یہ سمجھتے ہیں کہ ہر شخص کو کشف حقیقت کے بعد یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنا مذہب تبدیل کرلے۔ ... یہاں عیسائیت کی زبردست نشر و اشاعت کرتے ہیں ... لوگ دین اسلام کو جلد قبول کر لیتے ہیں اور عیسائیت کو وہ غلامی کی ایک دوسری شکل سمجھتے ہیں۔

اوگنڈا کے دارالسلطنت کمپالا میں اسلام سرعت کے ساتھ پھیل رہا ہے ... یہاں کے مسلمان عیسائی عورتوں سے شادی کر لیتے ہیں مگر مسلم خواتین کو عیسائیوں کے نکاح میں نہیں دیا جاتا ...

طرابلس کے میدان میں زبردست جنگ

عربی جرنیل سید عمر مختار کے ہاتوں اٹلی کو ذلت آمیز ہزیمت

عربوں کے قبضہ میں بیشمار مال غنیمت

طرابلس اور برقہ میں ابھی تک امن و سکون مفقود ہے اور اٹلی کے سفاک کارکنان عربوں کے خلاف برابر تشدد آمیز کارروائیاں کر رہے ہیں۔ مسلمان بھی حکومت پر کوئی اعتماد نہیں رکھتے اور وہ اپنے تحفظ کے لئے میدان عمل میں نکل آئے ہیں۔ ... کرام کو اٹلی کی فوج پر فتح حاصل ہو رہی ہے۔ اور اٹلی کو ان کے مقابلہ میں ذلت آمیز ہزیمتیں اٹھانی پڑ رہی ہیں۔

... اللہم انصر من نصر دین محمد ... آمین۔

امیر عبدالکریم ریفی پر قیود

بطل احرار ریف امیر سید عبدالکریم ریفی ... آج کل آپ کو جزیرہ ری یونین میں بند کر رکھا ہے۔ ...

ریاست بڑودہ میں حضرت ناظم جمعیۃ علماء ہند کا ورود

عید میلاد کے جلسہ میں لیڈروں کی ایمان افروز تقریریں

قاتلانہ حملوں کے خلاف گاندھی جی کا بیان

بھگت سنگھ کی پوجا نے ملک کو نقصان پہونچایا ہے

گول میز کانفرنس کی کامیابی ہندو مسلم سمجھوتہ پر ہے

مسٹر محمد علی جناح کا تازہ بیان

بغاوت برما کے انسداد کے لئے جدید ہنگامی قانون

مقامی حکام کو وسیع اختیارات دیدیئے گئے

ایک سیٹھ کے لڑکے پر سلطانہ کا دعویٰ

مجالس مقننہ کو حکومت کی مکمل ذمہ داری دی جائے

بمبئی میں ایک جرمن خاتون کی گرفتاری

مقدمہ سازش دہلی کی سماعت

تشدد کو روکنے کے لئے ایک نئی تجویز

ضلع کوہاٹ میں نمک بنانے کے جرم میں گرفتاریاں

کانپور میونسپلٹی کے انتخابات کا التوا

انجمن تخفیف کرایہ داران دہلی کا جلسہ

زمینداروں اور کسانوں پر مقدمے نہ چلائے جائیں

خان عبدالغفار خان سے چیف کمشنر کی ملاقات

پٹنہ میں تیار کرتے ہوئے بم پھٹ پڑا

پولیس میں ہیجان متعدد اشخاص کی گرفتاری

پٹنہ یکم اگست۔ گذشتہ شام مقامی شاہ چوک علاقہ میں ایک بم پھٹ گیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ رام بابو ایک ۱۹ سالہ نوجوان آدمی دامودر کے مکان میں بم تیار کر رہا تھا کہ وہ پھٹ گیا جس سے رام بابو شدید مجروح ہوا اور جس کمرہ میں بم تیار کیا جا رہا تھا اس کو بہت سا نقصان پہنچا۔ مجروح شخص کو شفاخانے لے جایا گیا اور اس کے زخموں کی مرہم پٹی کی گئی۔ پولیس نے حادثہ بم کے سلسلے میں ۱۲ اشخاص کو گرفتار کیا ہے جن میں ... پرشاد وکھٹری ... ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس مسٹر کارٹر سپرنٹنڈنٹ پولیس اور اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس نے شب کے وقت جائے وقوعہ کا معائنہ کیا۔ تفتیش جاری ہے۔ ... کام دیتا ہے اور بہت سے لوہے کے ٹکڑے کمرہ سے برآمد ہوئے۔

لکھنؤ کے ایک شفاخانہ میں ریوالور کے فائر

ملزم چہرہ پر نقاب ڈالکر فرار ہوگیا

لکھنؤ ۱۳ جولائی۔ گذشتہ شنبہ کی شب کو بلرامپور ہسپتال (لکھنؤ) میں ایک نہایت ہی حیرت انگیز واقعہ رونما ہوا۔ کہا جاتا ہے کہ رات کے ... بجے کے قریب یوروپین وارڈ کے ایک کمرہ میں یکا یک ایک فائر ہوا اور اس کے بعد فوراً ہی ریوالور کے چار پانچ اور فائر یکے بعد دیگرے سنائی دئے۔ ... اس شخص نے کوئی چیز پولیس کے سپاہیوں کے پاس پھینکی۔ پولیس والے گھبرا کر اس شے کو دیکھنے لگے کہ اجنبی غائب ہوگیا۔

چین کے مطلع پر خوفناک جنگ کے بادل

باغی فوج کی روز افزوں ترقی

مولانا حسرت موہانی نے ہندوستان کی سیاسیات میں ایک عرصہ سے جو مسلک اختیار کر رکھا ہے وہ نہ صرف ہمارے لئے بلکہ تمام دنیا کے لئے ایک چیستاں بنا ہوا ہے اور کسی کی سمجھ میں نہیں آتا کہ مولانا حقیقت میں چاہتے کیا ہیں۔ کوئی دن ایسا نہیں گزرتا کہ مولانا کا تلون دنیا کو ایک نیا تماشہ نہ دکھاتا ہو۔ اور وہ اپنے گزشتہ دعادی کے بالکل خلاف ایسے لوگوں کے ساتھ نظر نہ آتے ہوں ...

دیتے ہیں کہ وہ جمعیۃ کی کوئی تجویز ایسی پیش کریں جس سے ان کے دعوے کا ثبوت بہم پہنچ سکتا ہو۔ بیشک جمعیۃ علماء نے کانگریس کے فارمولا کو آنکھیں بند کر کے ایک قلم منظور نہیں کیا ہے اور اسے بعض ضروری ترمیمات کے ساتھ منظور کیا ہے مگر اس سے آزادی کامل کے نصب العین پر کیا اثر پڑتا ہے۔ جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ نے اپنے اجلاس سہارنپور میں جو فارمولا منظور کیا ہے ...

احادیث نبوی

(از حضرت مولانا حافظ حاجی احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند)

جس نے قسم کھائی کفر تو وہ ویسا ہی ہے۔ (یعنی بعض لوگوں کو عادت ہوتی ہے کہ وہ باوجود سچے ہونے کے کہدیا کرتے ہیں کہ اگر میں جھوٹا ہوں تو یہودی ہو کر مروں یا کافر ہو کر مروں تو ایسے شخص کے لئے فرمایا کہ جیسا اس نے کہا اللہ کے نزدیک ویسا ہی ہوگا) جس نے اپنی جان کو قتل کیا قیامت کے دن اس پر سخت عذاب ہوگا۔ مسلمان پر لعنت کرنا اس کے قتل کے برابر ہے۔ کسی مسلمان پر کفر کی تہمت لگانا اس کو قتل کر دینے کے برابر ہے۔ جس نے اپنی جان کو کسی چیز سے ذبح کیا تو وہ قیامت کے دن اس چیز سے ذبح کیا جائے گا۔ (بخاری و مسلم)

کسی مقتول کے پاس جا کر کھڑے نہ ہو، شاید کہ وہ مظلوم مارا گیا ہو اور تم بھی خدا کے غضب کی لپیٹ میں آ جاؤ۔ (احمد) مطلب یہ ہے کہ اگر کسی مقتول مظلوم کی امداد نہ کی اور محض تماشائی بن کر چلے گئے تو خدا کا غضب ایسے لوگوں پر بھی نازل ہو جائے گا۔

جہاں کوئی شخص ظلماً مارا جاتا ہے تو وہاں اللہ تعالیٰ کی لعنت نازل ہوتی ہے اور پھر اگر کوئی شخص باوجود قدرت اور استطاعت کے مقتول کی اعانت نہ کرے تو وہ بھی لعنت میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ (بیہقی، طبرانی)

...اللہ بوکل نے اپنی ان حرکات سے ثابت کر دیا ہے کہ آپ کو اس درجہ گر گیا ہے کہ اب ان کے لئے دنیا کو عزت کے ساتھ منہ دکھانے کی کوئی صورت باقی نہیں رہی ہے۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ان کی اس شرمناک وحشت و درندگی کو اسلام کے ساتھ دور کا واسطہ بھی نہیں ہے اور اس لئے انہیں اس قسم کی حرکات کے دوران میں اپنے آپ کو مسلمان کہتے ہوئے شرم آنی چاہیئے۔ مگر اس ذمہ داری میں ان لوگوں کے ساتھ یقیناً وہ اخبار نویس بھی شامل ہیں جو اس قسم کے ہنگاموں کو سراہتے ہیں اور مسلمانوں کی آنکھوں سے مسلمانوں کا خون بہتا ہوا دیکھ کر خوش ہوتے ہیں اور اس کا ذکر اس طرح کرتے ہیں کہ گویا اس گروہ نے بہت بڑا جہاد کیا ہے اور انہوں نے خدمت اسلام کے لئے کوئی بہت بڑا کارنمایاں کیا ہے۔ ہم مثال کے طور پر بعض اخبارات کے عنوانات نمونہ ذیل کرتے ہیں۔

(۱) بمبئی میں کانگریسی مسلمانوں کی عبرت انگیز درگت اور بزدلانہ فرار
مسلمانوں کی رائے عامہ کے خلاف خود غرضانہ پروپگنڈا کا انجام
مسٹر محمود و جواہر لال نہرو کی بے بسی اور مسٹر کی تجاویز بجائے جداگانہ انتخاب کی فتح
مسٹر بریلوی، عبدالجلیل ندوی، مسٹر چھاگلا زخمی ہو گئے اور کانگریسی مسلمانوں کے بھاگ...

(۲) مسلم نیشنلسٹوں پر گھیر گھیر کر حملہ
عام مسلمانوں کے جذبات کو اشتعال دینے کا بدترین انجام
جداگانہ انتخاب کے حامیوں نے جلسہ گاہ پر قبضہ کر لیا
درجنوں مسلمان مجروح ہو گئے

(۳) مسٹر بریلوی اور مسٹر چھاگلا پٹ گئے
بمبئی میں کانگریسی مسلمانوں کے جلسہ میں ہنگامہ آرائی

یہ مثالیں مشتے نمونہ از خروارے کا حکم رکھتی ہیں۔ جن مضامین پر یہ عنوانات قائم کئے گئے ہیں ان میں کیا ہوگا اس کا اندازہ قارئین کرام خود لگا سکتے ہیں ...

مظالم کشمیر اور ہندو مسلم منافرت

مسٹر چینتامنی کی رائے

بدمعاشوں کی حمایت

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

اسلام ارتقاء اور تمدن کا حامی ہے

مغرب پرستی کے مہلک نتائج پر مسلمانوں کو انتباہ

جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کی تقریر

جلالۃ الملک سلطان ابن سعود والئی حجاز و نجد ہر سال حجاز کے طلباء کو کسب علوم کے لئے یورپ روانہ فرماتے ہیں اور ان کو روانہ کرنے سے پیشتر مفید نصائح سے مشرف فرماتے ہیں تاکہ طلباء یورپ کی نظر فریب بیلوں سے مسحور ہو کر اپنے مقاصد عالیہ کو فراموش نہ کر جائیں اور مغرب پرستی کی بلا میں مبتلا ہو کر اسلامی روح کو اس پر قربان نہ کر دیں۔ حال ہی میں ایک ایسے وفد کو جو تحصیل علوم و فنون کیلئے یورپ روانہ ہونے والا تھا آپ نے نصیحت کی اور ان کے سامنے ذیل کی تقریر فرمائی۔

اے فرزندو! تم میرے اس پودہ کا ثمر ہو جس کو میں نے اپنے ہاتھ سے لگایا ہے اس لئے تم کو علم کی حقیقت سے واقف ہونا چاہیئے۔ تم کو معلوم ہونا چاہیئے کہ علم بلا عمل کے ایسا ہی ہے جیسا کہ بغیر پھل کے درخت اور علم جس طرح صاحب علم کے لئے نافع ہوگا اور جو اس پر عمل نہیں کرے گا تو وہ اس کے لئے مضر ہو جائیگا۔ جاہل اور عالم برابر نہیں ہوتے۔ تھوڑا علم جو برکت والا ہو وہ اس کثیر علم سے بہتر ہے جو برکت اور فیضان سے خالی ہو اور ظاہر ہے کہ برکت عمل اور صرف عمل ہی ہے۔ اکثر لوگ عجیب و غریب تقریر کرتے ہیں اور سامعین کو محو حیرت بنا دیتے ہیں اور اس اسلوب سے کلام کرتے ہیں کہ لوگوں کی عقلیں دنگ رہ جاتی ہیں۔ آج کل کے اخبارات اور رسائل اسی قسم کی باتوں سے بھرے رہتے ہیں۔ بعض لوگوں میں ایسے لوگ بھی ہیں جو علم کی وادی میں قدم رکھتے ہیں اور اسکو طے کر جاتے ہیں لیکن اس کثیر علم کے لئے پردہ کیا جاتا ہے؟ ...

اسلام ترقی کا حامی ہے

پردہ ڈالنے کی کوشش کرتے ہیں اور کوئی ایسا صحیح مشورہ پیش نہیں کرتے جو ملک اور قوم کے لئے مفید ہو۔

امام یحییٰ کو صحیح مشورہ

فی الحقیقت امام یحییٰ کی مثال اس شخص کی سی ہے جو خزانہ پر کھڑا ہو اور اس کو خزانہ کا علم بھی ہو لیکن وہ اس لئے اس سے فائدہ حاصل نہیں کر سکتا کہ کھودائی کرنے والے مزدوروں کی اجرت اس کے پاس نہیں ہے!

ان تمام امراض کا علاج یہ ہے کہ حکومت یمانیہ کو منظم کیا جائے اور اس میں مالی، عدلی، داخلی اور حربی ادارے ہوں جن میں نہایت انتظام و ضبط سے کام ہوتا رہے۔ امام یحییٰ اس بات کو اچھی طرح جانتے ہیں کہ ان کی مملکت میں ایسے اشخاص مفقود ہیں کہ جو اصول ادارہ، سیاست، اقتصاد، مہمات جنگ اور تعلیم کی حقیقت سے واقف ہوں۔ اس لئے ضرورت ہے کہ جلالۃ الملک شام، فلسطین اور عراق کے جلیل القدر عربوں کی خدمات حاصل کر لیں جو دولت عثمانیہ کی برکت سے ان تمام امور میں پوری پوری مہارت رکھتے ہوں اور وہ نہایت اخلاص سے ان قربانیوں کو کرنے کے لئے تیار ہیں۔ (الشوریٰ)

ٹیونس میں مسلمانوں اور اطالیوں کے درمیان جنگ

جانبین کے گیارہ آدمی مارے گئے

ایک سو مسلمانوں کی گرفتاری

۵ صفر بروز ہفتہ ایک اٹلی کے باشندہ نے ٹیونس کے ایک مسلمان کو مسجد سے نکلتے ہوئے مارا جب مسلمانوں نے اس ظلم کو دیکھا تو وہ مدافعت کے لئے آگے بڑھے۔ اس وقت آتے جاتے مسلمان ...

استعماری پنجہ سے مشرق کی نجات کیونکر ممکن ہے؟

ہر ملک یورپ کے قبضہ سے کسی خاص حکومت کے

علامۃ الزمن استاذ ثعالبی کی تصریحات

مملکت یمن کیلئے عظیم الشان خطرہ

یمن میں فوجی تعلیمی اور سیاسی اداروں کا فقدان

کیا یمن اٹلی کے زیر نگیں ہو جائیگا؟

یمن پر اٹلی کا قبضہ؟

دمشق میں ۱۸۶۰ء کے ترکی شہداء کی یاد

شہیدان حریت کے مزارات پر عقیدت کے پھول

عہد حاضر کا فرانس

فرانسیسی اخبارات کی خصوصیات اور مطامح نظر

(ترجمہ خصوصی)

(از جی۔ آر۔ کپاڈیا)

کسی قوم کی اسپرٹ اور اس کی خواہش کا اظہار ہمیشہ اس کے پریس سے ہوتا ہے اگرچہ اس میں شبہ نہیں کہ پریس کی ترکیب میں دوسرے چھوٹے چھوٹے مفاد بھی دخل انداز ہوتے ہیں اور حکومت کی روایات کیلئے بھی ایک جگہ ہوتی ہے مگر جو چیز ہمیں کسی ملک کے اخبارات میں سب سے زیادہ اہم نظر آتی ہے وہ اس ملک کے باشندوں کی ذہنیت ہوتی ہے۔ اور اخبارات سے ہماری مراد یقیناً اس ملک کے سب سے زیادہ مقبول روزناموں سے ہے۔ ہمیں اس امر کا اعتراف کرنا پڑتا ہے کہ مقبول عام اخبارات پبلک کے مفاد اور اس کی رائے کے پیرو ہوتے ہیں اور ان کے ذریعہ سے ہم قوم کے معمولی، عام اور بنیادی رجحانات کا پتہ چلا سکتے ہیں۔

اس لئے اگر ہم کسی ملک کی نفسیات کو تحقیق کریں یا کسی قوم کا اس کے مقبول ...

وہ جانتے تھے کہ پریس خواہ اپنے ابتدائی زمانہ میں ہی کیوں نہ ہو ایک استبدادی حکومت کے لئے کس قدر خطرات پیدا کر سکتا ہے۔ اس لئے فرانسیسی صحیفہ نگاری کے "مجدامجد" کی راہ میں سخت مشکلات حائل تھیں۔ اس کے الفاظ ملاحظہ ہوں "مجھے معاف کیجئے اگر میرا قلم ہر شخص کو خوش نہ رکھ سکے ... لیکن ایک بات ایسی ہے جس میں میں کسی کے سامنے نہیں جھکوں گا اور وہ جستجوئے صداقت ہے"۔ بانی گزٹ کے پاس اپنے اخبار کی ترتیب کے لئے صرف چار گھنٹے ہوتے تھے اسی دوران میں اسے خبریں پیغامبروں کے ذریعہ ملتی تھیں وہ انہیں مرتب کرتا تھا اور چھاپتا تھا۔ یہ وقت اس زمانہ میں جبکہ پریس اپنی ابتدائی حالت میں تھا اور طباعت کی مشکلات بہت زیادہ تھیں بہ وقت یقیناً بہت قلیل تھا۔ گزٹ کی اشاعت کے ۴۳ سال بعد "جرنل ڈیں سیونیٹس" جاری ہوا جو پہلا فرانسیسی ریویو تھا ...

انقلاب فرانس

اٹلی اور جرمنی کے اخبارات

فرانسیسی اخبارات کی مرکزیت

ترقی کا زمانہ

جبر و تشدد کا دور

اہم اخبارات کے نام

جدید قانون

صحیفہ نگاری کی ابتدائی تاریخ

مقدمہ سازش دہلی کی سماعت

اجلاس کے التواء پر دلچسپ بحث

آخر صدر ٹربیونل کو سماعت ملتوی کرنی پڑی

دہلی ۸ اگست۔ مقدمہ سازش دہلی کی سماعت آج ٹھیک ۱۱ بجے شروع ہوئی۔ وریا بھوشن اور اگیاندیو تدار آج بھی علالت کی وجہ سے عدالت میں موجود نہ تھے۔ ملزمان نے کمرے میں داخل ہوتے ہی فلک رسا قومی نعرے بلند کئے اور دو غزلیں پڑھیں۔

مقدمہ کی کارروائی شروع ہونے سے پیشتر مسٹر وتسائن نے صدر کو مخاطب کر کے کہا کہ مسٹر کپل پرشاد جین کی آنکھوں میں سخت تکلیف ہے۔ اس لئے آج مقدمہ کی سماعت ملتوی کر دی جائے۔

صدر۔ کیا سپرنٹنڈنٹ جیل نے اس کو بیماری کا سرٹیفکیٹ دیدیا ہے؟

مسٹر وتسائن۔ جناب سپرنٹنڈنٹ جیل نے یہ کہتے ہوئے سرٹیفکیٹ دینے سے انکار کر دیا کہ عدالت میں جانے کے لئے ٹانگوں کی ضرورت ہوتی ہے، آنکھ کی نہیں (قہقہہ)

خان بہادر میر علی (جج)۔ میرا خیال ہے کہ ملزم کے کان تو درست کام دیتے ہونگے؟

وتسائن۔ بیشک جناب اس کے کان تو درست ہیں لیکن مقدمہ کی سماعت کے لئے کان اور آنکھ دونوں کی ضرورت ہے۔

صدر۔ میرے خیال میں یہ ضروری نہیں۔

دہلی کے دفاتر میں ڈیڑھ سو ملازموں کی برطرفی

ہندو سبھا کے اجلاس میں کشمیر کے حالات پر غور

چاٹگاؤں میں آتشیں اسلحہ کا پارسل پکڑا گیا

ایک مشتبہ نوجوان کی گرفتاری

تاڑی کے ٹھیکوں کے نیلام پر احتساب

ڈسٹرکٹ کلکٹروں کو نئے اختیارات

بمبئی میں مفسدوں کی شرمناک حرکتیں

حکیم عبد الجلیل صاحب کا بیان

بمبئی ۸ اگست۔ حکیم عبد الجلیل نے اپنا حسب ذیل بیان اخبار "بمبئی کرانیکل" میں شائع کرایا ہے:-

اگرچہ میرا ارادہ نہیں تھا مگر ۵ اگست کے اخبار خلافت کی غلط بیانیوں نے مجھے مجبور کر دیا ہے کہ ... مختصر طور پر کچھ عرض کروں۔

نامہ نگار ٹائمز آف انڈیا کا بیان

معاہدہ دہلی کی خلاف ورزی کی تحقیقات کا وعدہ

گاندھی جی کے نام وائسرائے کا مکتوب

مولانا آزاد و ڈاکٹر انصاری کی گاندھی جی سے گفتگو

بمبئی میں نئے قومی جھنڈے کی سلامی

اس اجتماع کی فلم بھی اتاری گئی

بمبئی ۸ اگست۔ باوجود سخت بارش کے آج صبح کانگریس ہاؤس بمبئی کے سامنے سردار ولبھ بھائی پٹیل نے کانگریسی جھنڈے کو لہرایا۔

صوبہ سرحد میں کانگریس کی تحریک

افغان جرگہ اور کانگریس کمیٹی میں مصالحت ہو گئی

جنرل سکریٹری کانگریس کا اعلان

گاندھی جی کے نام حکومت کا مراسلہ

ابھی تک موصول نہیں ہوا

گاندھی جی جہاز کے تیسرے درجہ میں سفر کرینگے

صدر و ناظم جمعیۃ علماء ہند کی گاندھی جی سے ملاقات

گاندھی جی کی طرف سے جمعیۃ علماء ہند کی خدمات کا اعتراف

بمبئی ۸ اگست۔ بمبئی کا نامہ نگار خصوصی اطلاع دیتا ہے کہ جمعیۃ العلماء کے لیڈران مولانا مفتی محمد کفایت اللہ و مولانا احمد سعید صاحبان نے کل گاندھی جی سے ملاقات کی اور فرقہ وارانہ مسئلہ پر بات چیت کی۔

"گاندھی اور گول میز کانفرنس برباد"

بمبئی میں نوجوانوں کے مظاہرے

لندن کانفرنس میں ایک سے زائد نمائندوں کی شرکت

گاندھی جی کا مدلل جواب

کانگریس کمیٹی کے اجلاس کا اختتام

مجلس عاملہ کی جملہ تجاویز منظور کر لی گئیں

کانگریس کے اجلاس میں بنیادی حقوق پر بحث

گورنر بمبئی پر بندوقوں کے فائر

عدالت میں ہز ایکسلنسی کے ایڈیکانگ کا بیان

گاندھی جی کی لندن کو روانگی

گورنر بمبئی کے جواب پر منحصر ہے

بمبئی ۸ اگست۔ آل انڈیا کانگریس کمیٹی میں گاندھی جی نے اعلان کیا کہ میری لندن کو روانگی صرف اس جواب پر منحصر ہے جو گجرات میں مالگزاری کی تحصیل کے متعلق گورنر بمبئی کے پاس سے وصول ہونے والا ہے۔

قوم پرور مسلمانوں کی طرف سے کانفرنس کا بائیکاٹ

سیاسی حلقوں میں افواہ

کیا سرخ پوشوں کی طرف سے سول نافرمانی کی جائیگی

ایک شخص کی گرفتاری کا نتیجہ

آفریدی ڈاکوؤں کی گرفتاری

کئی اشخاص ہلاک و مجروح

کانگریس کی طرف سے یوم جھنڈا منانے کی تجویز

چار ماہ میں ریلوے کو خسارہ

مدناپور میں خانہ تلاشیوں کی بھرمار

سرخ اشتہارات دیواروں پر چسپاں پائے گئے

ہوشیار پور کے مواضعات میں ہیضہ کی وبا

گیارہ اشخاص کی ہلاکت

کشمیر کے واقعات سے خوفناک نتائج پیدا ہونے کا اندیشہ

ہندو اخبارات اور حکومت کشمیر کی افسوسناک بے تدبیری

امام الہند مولانا ابو الکلام آزاد کا بیان

سرخ پوشوں کے خلاف سول کی ہڑتال

یہ لوگ امان اللہ خاں کو دوبارہ تخت نشین کرانا چاہتے ہیں

الہ آباد میں رجعت پسندوں کے اجتماعات

خطبات صدارت اور منظور شدہ تجاویز

الہ آباد ۸ اگست۔ یو۔ پی مسلم کانفرنس بعد نام نہاد یو۔ پی جمعیۃ العلماء کے اجلاس آج شام کو میو ہال میں بصدارت مولانا شوکت علی اور مولانا حسرت موہانی شروع ہوئے۔

منظور شدہ قرارداد

مسلمانوں کو دہلی تجاویز پر مصر رہنا چاہئے

ڈاکٹر شفاعت احمد خاں کی تقریر

سر آغا خاں اور وزیر اعظم کے نام مولانا حسرت موہانی کا تار

گول میز کانفرنس کو بائیکاٹ کر دیا جائیگا

مقدمہ سازش لاہور کے اسیروں کا مقاطعہ جوعی

حیرت انگیز انکشافات کی توقع

ہندوستان کی مکمل آزادی روس کی مانند ہو

مسلمانوں کو درجہ نوآبادیات سے انکار کر دینا چاہئے

مولانا حسرت موہانی کی تقریر صدارت

الہ آباد ۸ اگست۔ جمعیۃ علماء کی سالانہ کانفرنس کی صدارت کرتے ہوئے مولانا حسرت موہانی نے فرمایا کہ وہ ہندوستان کے لئے مکمل آزادی بھی صورت متحدہ یا سوویٹ روس کے طریقہ پر چاہتے ہیں۔

گول میز کانفرنس کا مقاطعہ کیا جائے

قوم پرور مسلمانوں کا اعلان

[redacted]

طغیانی کے باعث ڈھائی ہزار مربع میل تباہ

فصلوں کی تباہی اور مویشیوں کی ہلاکت

مصری وزراء پر بموں کا استعمال

تحریک آزادی کے ساتھ تشدد کا سلسلہ

اینگلو انڈین اور ہندوستانی طلباء میں دست بدست جنگ

پندرہ طلباء شدید مجروح

روس میں مساوی تنخواہوں کو اڑا دینے کا فیصلہ

مکتوبات

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

مظالم کشمیر کے خلاف دہلی میں جلسے

برادران اسلام ریاست کشمیر میں امت محمدی جن مظالم جگر خراش کا شکار ہو رہی ہے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں مشترکہ بورڈ مسلم انجمن ہائے دہلی ایک سب کمیٹی ستم رسیدگان کشمیر کے ساتھ اظہار ہمدردی کرنے اور انسداد ظلم ناروا کے واسطے مقرر کی اس سب نے ایک سب کمیٹی ستم رسیدگان کشمیر کے ساتھ اظہار ہمدردی کرنے اور انسداد ظلم ناروا کے واسطے مقرر کی اس سب کمیٹی نے اکابرین شہر پیشوایان مذہب کو دعوت دی کہ اس اہم اور مذہبی کام میں اس کا ہاتھ بٹائیں الحمد للہ کہ ہر طرف سے صدائے لبیک بلند ہوئی اور بزرگان دین وملت کا ایک جلسہ ۸ر اگست ۳۱ء ۴ بجے شام کو حکیم غلام کبریا خاں صاحب عرف چھوٹے میاں کے دولت خانہ پر منعقد ہوا۔ باشندگان دہلی کو مظالم کشمیر سے پوری طرح آگاہ کرنے اور یوم کشمیر منانے کے واسطے مندرجہ ذیل پروگرام منظور ہوا۔

۸ر اگست ۳۱ء - کوچہ چیلاں میں جلسہ زیر صدارت ملا واحدی صاحب
۱۰ر اگست ۔ سوئی والان میں جلسہ زیر صدارت شمس العلماء جناب سید احمد صاحب امام جامع مسجد۔
۱۲ر اگست ۳۱ء قصاب پورہ میں جلسہ زیر صدارت جناب مفتی محمد کفایت اللہ صاحب۔
۱۴ر اگست ۳۱ء یوم کشمیر ہے تک تمام شہر میں مکمل ہڑتال بعد نماز جمعہ تمام مساجد میں مظلومین کشمیر کے واسطے دعا اور جلسہ بعد نماز عشاء جامع مسجد میں زیر صدارت حکیم غلام کبریا خاں صاحب عرف چھوٹے میاں۔

مندرجہ ذیل اصحاب کمیٹی ہٰذا کے واسطے منتخب کئے گئے۔
(۱) جناب حکیم غلام کبریا خاں صاحب عرف چھوٹے میاں۔
(۲) خواجہ محمد شفیع صاحب سکرٹری۔
(۳) سیٹھ محمد لطیف صاحب خزانچی
(۴) شمس العلماء جناب سید احمد صاحب امام جامع مسجد۔
(۵) مولانا مولوی احمد سعید صاحب (۶) شیخ ضیاء الدین صاحب

...

سابقہ اپنے بھائیوں کی طرح اظہار ہمدردی کرتے ہیں۔
محرک - ناظم جمعیت العلماء میرٹھ - مؤید - مولوی خادم الدین صاحب
مولوی محمد شعیب صاحب - مؤید صدر صاحب مولوی ...
(۲) جمعیت العلماء میرٹھ کہ ڈاکو خان بھیکہ دار سرکاری کشتی نے چند بار اطلاعات حکومت کو دیتے تھے کہ موجودہ رسمی کشتی کی پرانا اور جا بجا ٹوٹا ہوا ہے بعض جگہ گھاٹ میں چلانی میں خوفناک ہے۔ ہندی نیا کشتی لگائی جاوے تو حکومت سرحد کی اس بے پروائی اور بے غوری پر کہ ان درخواستوں پر کوئی خیال نہ کی نہایت اظہار افسوس کرتے ہیں۔
محرک - مولوی محمد شعیب صاحب ناظم جمعیۃ العلماء میرٹھ
مؤید - مولوی عبد الحق صاحب پیرلائی
مؤید - مولوی حاجی عبد المنان صاحب ڈھنڈار
(۳) جمعیت العلماء میرٹھ اپنے تمام مسلمانوں کو یہ تجویز پیش کرتے ہیں کہ اپنے لڑکوں اپنے پیشواؤں کے ساتھ مسجدیں برائے تعلیم القرآن و فرائض کے بھیجا دیویں۔
محرک - حکیم مولوی سید الابرار صاحب پیرلائی۔
مؤید - مولوی سید خادی شاہ صاحب - مؤید ابو الفیض صاحب ...
بعد اس کے مولوی حکیم سید الابرار صاحب نے خطبہ صدارت پڑھکر جلسہ برخواست ہوا۔ فقط
مولوی خادی شاہ صاحب پیرلائی

سرحدی صوبہ اور گول میز کانفرنس

پہلے گول میز کانفرنس کا کانگرس نے بائیکاٹ کیا تھا۔ اس وجہ سے ہم بھی گول میز کانفرنس سے کوئی تعلق نہیں رکھتے تھے۔ اور گورنمنٹ کی مرضی تھی کہ سرحد سے جسکو وہ چاہتے سرحدی نمائندہ کا لقب دیکر شامل کرتے۔ اور ہوا بھی ویسا۔ کہ سر عبد القیوم کو سرحدی نمائندہ کہہ کر گول میز کانفرنس میں شامل کیا گیا۔ اب جب کہ کانگرس نے فیصلہ کیا ہے کہ اپنے نمائندوں کو گول میز میں بھیجیں گے۔ تو حکومت کو چاہیئے کہ سرحد کا ایک نمائندہ بھی گول میز کانفرنس میں شامل کریں جیسا کہ دیگر صوبجات سے نمائندے لئے جاتے ہیں۔ سرحدی صوبہ کی نمائندگی اگر کوئی کر سکتا ہے جس پر عام سرحدیوں کو اعتماد ہو تو وہ دو شخص ہیں ایک سرحد کا بے تاج بادشاہ فخر افغان خان عبد الغفار خان دوسرا میاں احمد شاہ صاحب بیرسٹرایٹ لا صدر پراونشل کانگرس کمیٹی و جنرل سکرٹری فرنٹیئر مسلم افغان یوتھ لیگ۔ میں حکومت ہند کو بتانا چاہتا ہوں کہ وہ اگر چاہیں کہ گول میز کانفرنس کامیاب ہو۔ اور کانفرنس کے فیصلے سرحدیوں کے نزدیک قابل قبولی ہوں تو پھر حکومت کا فرض ہے کہ گول میز کانفرنس میں ان دونوں صاحبوں میں سے کسی ایک کو دعوت شمولیت دیدیں اگر حکومت نے ایسا نہ کیا تو میرے خیال میں گول میز کانفرنس کے فیصلے سرحدیوں کے نزدیک قابل قبول نہیں ہوں گے۔ میرے ہی خیال پر کیا منحصر ہے بلکہ عام پبلک کا بھی عندیہ ہے۔ صوبہ سرحد میں گول میز کانفرنس کی نمائندگی پر عام تشویش کا اظہار کیا جاتا ہے۔ سر عبد القیوم جو حکومت کا نمائندہ ہے پبلک کا ان پر اعتماد نہیں ہے۔ میں حکومت کو مشورہ دیتا ہوں کہ وہ ان دونوں بزرگوں میں سے کسی ایک کو ضرور دعوت دیدیں۔ ورنہ پبلک کی بے چینی اور بھی بڑھتی جائے گی۔ جس کے نتائج حکومت و رعایا دونوں کے واسطے اچھے نہیں ہوں گے۔ فقط

صدر ڈسٹرکٹ کانگرس کمیٹی مردان

نظامت تعلیمات حیدر آباد کی حرکت مذبوحی

دار العلوم کے طلبہ کا احتجاجی جلسہ

مورخہ ۵ر ربیع الاول ۱۳۵۰ھ بروز چہار شنبہ بعد نماز عشاء بمقام منزل دار العلوم دیوبند انجمن دکن کا ایک جلسہ بصدارت مولانا محمد عبد الجبار صاحب حیدر آبادی (فاضل دیوبند) منعقد ہوا جس میں مندرجہ ذیل تجویز پاس ہوئی۔

ہم تمام طلبائے حیدر آباد کا یہ جلسہ محکمہ تعلیمات سرکار عالی کے اس جدید نافذ کردہ قانون کو جس کی رو سے مدارس حیدر آباد دکن سے تعلیم دینیات کو غیر ضروری قرار دیا گیا ہے نفرت کی نگاہ سے دیکھتے ہوئے اس کے خلاف غم و غصہ کا اظہار کرتا ہے اور بعض ارباب بست و کشاد محکمہ نظامت تعلیمات کے اس ناعاقبت اندیشانہ رویہ ...

سلطنت عثمانیہ جنوبیہ کے لئے معذرت رساں سمجھتے ہوئے سلطان العلوم خلد اللہ ملکہ سے مودبانہ عرض کرتا ہے کہ اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ جلد از جلد اپنی پوری توجہ اس اہم مسئلہ کی طرف منعطف فرما کر باشندگان دکن کو مطمئن فرمائیں گے اور بذریعہ فرمان خسروی اپنی دین پروری و علم دوستی کا پورا پورا ثبوت دیں گے۔

میر یسین علی فصیح حیدر آبادی
متعلم جامعہ قاسمیہ دیوبند ضلع سہارنپور

کشمیر کمیٹی کی جانب سے جلسہ

زیر سرپرستی کشمیر کمیٹی مشترکہ بورڈ مسلم انجمن ہائے دہلی ۹ر اگست بوقت ۸ بجے شب کوچہ چیلان میں مسلمانان دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ زیر صدارت جناب حاجی عبد الرزاق صاحب منعقد ہوا جناب مولانا مولوی احمد سعید صاحب و مولانا مولوی عبد الحمید صاحب نے ۱۴ر اگست یوم کشمیر کے پروگرام کو کامیاب بنانے کے واسطے پر زور تقریریں فرمائیں۔

آپکا خادم - خواجہ محمد شفیع

جمعیۃ علمائے جیتہ کا اجلاس سوم

مظالم اٹلی کے خلاف موثر احتجاج

مورخہ ۲ر صفر ۵۰ھ بروز چہار شنبہ بمقام گوشائن پور جمعیت علمائے جیتہ کا تیسرا جلسہ منعقد ہوا۔ افضل العلماء جناب مولانا عبد الرحیم صاحب گھڑالی کا ممی مسند صدارت پر رونق افروز ہوئے جس میں سے زائد علماء جلسہ میں شریک تھے انتخاب صدارت کے بعد جناب مولوی محمد یوسف صاحب نے نہایت موثر لہجہ میں نظام ملی پر اپنے خیالات کا اظہار کیا جس کا حاضرین پر بہت اثر ہوا پھر آپ نے اچھی موضوع پر ایک دلکش نظم پڑھی جس کو سنکر حاضرین بہت محظوظ ہوئے۔ ازاں بعد گذشتہ اجلاس کی روئداد پڑھکر سنائی گئی اور چند تجاویز یکے بعد دیگرے پیش ہو کر متفقہ طور سے پاس ہوئیں منظور شدہ تین ضروری تجاویز حسب ذیل ہیں:۔

(۱) جگہ جگہ قومی مکاتب قائم کئے جائیں اور جمعیۃ العلماء کی طرف سے اس کی نگرانی کا خاص انتظام کیا جائے۔

(۲) جمعیۃ علمائے جیتہ کا یہ جلسہ مظالم اٹلی کے خلاف سخت احتجاج بلند کرتا ہے اور ان کی جابرانہ کارروائیوں پر سخت اظہار نفرت کرتا ہے اور برادران طرابلس سے اپنی سچی ہمدردی کا اظہار کرتا ہے اور تمام مسلمانوں سے استدعا کرتا ہے کہ اٹلی کی اشیاء کا بائیکاٹ۔

(۳) جمعیۃ العلماء جیتہ کا یہ جلسہ گورنمنٹ سے درخواست کرتا ہے کہ ...

انجمن اسلامیہ کے اسسٹنٹ ڈائرکٹر کے عہدہ پر اہل سنت والجماعت کے کسی عالم انگریزی داں کو مقرر کیا جائے۔

ابو یوسف محمد یعقوب عفی عنہ
ناظم جمعیۃ علمائے جیتہ کا ساباری ضلع سلہٹ (آسام)

ملک محمد دین صاحب کے مسودۂ قانون کی حمایت

(۱) مسلمانان گوجرہ کا یہ عظیم الشان جلسہ گورنمنٹ برطانیہ سے پر زور اپیل کرتا ہے۔ کہ ملک محمد دین صاحب ممبر پنجاب لیجسلیٹو کونسل جو مسودہ قانون بابت تحفظ اسلامی پرسنل لاء کونسل میں پیش کرنا چاہتے ہیں۔ ان کو اس بل کے پیش کرنے کی اجازت مرحمت فرمائی جاوے نیز گورنمنٹ سے درخواست کرتا ہے کہ مسودہ قانون فوراً گزٹ میں شائع کر دیا جائے تاکہ آئندہ اجلاس کونسل میں پیش ہو سکے۔

(۲) نیز یہ جلسہ ملک محمد دین صاحب ممبر پنجاب کی اس اہم خدمت اسلامی کو نہایت عزت کی نظر سے دیکھتا ہے۔ اور ان کی تحسین کرتا ہے۔

عبد الحکیم حافظ سکرٹری
انجمن اسلامیہ گوجرہ

اخبار الجمیعۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

Rejuvenation By Vitamine
مقوی ادویات کی سرتاج
GET YOUNG
THE CAPITAL MEDICATION CO. DELHI
لوکل ایجنٹ - ایم امین خاں - بازار لال جاہ - دہلی

سفید بال پندرہ دن میں جڑ سے کالا

نوٹس

صورت کی تبدیلی ممکن ہے
عمل جراحی کے بغیر عضووں کا پیوند
معجون مددگار غدود
چہرے کی تبدیلی
عورتوں کے حسن کی واپسی

شوقین حضرات کو مژدہ
بینظیر کتابیں

چمڑے کے سوٹ کیس

برسات میں چٹنی بڑا مزا دیتی ہے
چٹنی نور جہاں

شربت اکسیر
قدرت خدا کا تماشہ دیکھئے
جریان

چلو چھٹی ہوئی

ایک لاکھ مسلمانوں کی ضرورت ہے

قدرت
نور چشم

پیلی بھیت کیوں مشہور ہے
پیٹ بہار آچن
کان کی دوا البب اینڈ سنز پیلی بھیت (یوپی)

حلقہ بگوش سلاطین و رسائل شہنشاہ خاندان دوا خانہ

تلاش گمشدہ

سرما اکسیر چشم

آج کل کی تمام موسمی علالتیں
امراض یعنی
بد ہضمی - متلی - بادی - قے - ہیضہ - دست - انفلوئنزا - کھانسی
امرت دھارا
احتیاط
امرت دھارا - لاہور

مسلمان لڑکے لڑکیوں کے پڑھنے کی کتابیں

ایک لاجواب انگریزی آجائے گی

سکل ٹوٹ گیا

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

سہ روزہ

ید اللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دہلی

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے

ممالک غیر کیلئے

تاریخہائے اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی

نرخنامہ اشتہارات

معاون محمد عثمان فارقلیط

مسئول مدیر ہلال احمد زبیری (بی اے)

جلد ۱۴ — دہلی یوم یکشنبہ یکم ربیع الثانی ۱۳۵۰ھ ہجری مطابق ۱۶ اگست ۱۹۳۱ء — نمبر ۱۲

معاصرین کے افکار و آراء

خالص اسلامی تجارتی کمپنی

محشرستان کشمیر

انگلستان میں ڈکٹیٹرشپ

دلچسپ حقائق و معلومات

امریکن موٹروں کی ساخت میں حیرت انگیز کمی

اندھوں کے رہنما کتے

ایک جدید سیال مادہ

گرگٹ نما مچھلی

زلزلوں سے بچنے کا ذریعہ

کھانا چکھنے کا آلہ

آگ بجھانے کا ایک جدید طریقہ

فن تیر اندازی کی تعلیم

گنجینہ عملیات

روح حیات

کھانے والا خضاب

اسپر میرہ

منجن دندان

صفاچٹ میدان

ضرورت ایجنٹ

ایجنٹ

حکیم ڈاکٹر ماجد حسین مالک کارخانہ اکسیر امرت و کتب خانہ نعمانی تجارتی بارہ بنکی اودھ

جنتری ملی کلکتال

تیرہ بہدف

مولانا اکبر شاہ خاں نجیب آبادی کی مصنفہ

المشتہر منیجر عبرت نجیب آباد (یو۔پی)

اعلیحضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں کبھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰ حضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو سنکر اور دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرما لیا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب مولانا شاہ عبد القادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔

مصری کاغذ والے قرآن مجید کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ دس روپے علاوہ محصول ڈاک ہے۔ فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

المشتہر منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

بے روزگاروں کیلئے سنہری موقع

گورنمنٹ آف انڈیا سے تمام ہندوستان کے لئے رجسٹری شدہ ہندوستان میں اس سے بہتر کوئی اور کالج نہیں ہے اس کالج کا پاس شدہ تمام دنیا میں کام کرسکتا ہے کالج ہذا صرف پچاس روپے فیس داخلہ لیکر دو ماہ میں مکمل میٹر ڈرائیور اور موٹر فٹر کا کام سکھاتا ہے اور ملازمت کی ذمہ داری بھی لیتا ہے پردیسی طلباء کے لئے رہائش کا بھی اعلیٰ انتظام ہے مکمل حالات معلوم کرنے کے لئے پراسپکٹس مفت طلب کیجئے۔

منیجر دی کیپٹل پریکٹیکل موٹر ٹریننگ کالج حلقہ ۵۔ جامع مسجد دہلی

کٹ پیس تھوک نرخوں پر

اگر آپ کو کٹ پیس ہر ایک قسم کی ضرورت ہو تو تھوک نرخ طلب فرمائیں۔

منیجر اے۔ آر سیٹھ ہول سیل مرچنٹ انٹریا بلڈنگ لارنس روڈ کراچی

سفید بال

سات دن میں جڑسے کالا ہونا ورنہ قیمت واپس

منیجر گنگا پرشاد گپتا بہار میڈیکل اسٹور دربھنگہ

ربڑ اور پیتل کی مہریں

ملنے کا پتہ مرزا احمد بیگ اینڈ سنز چاندنی چوک دہلی

اشتہار

پرنسپل طبیہ کالج علی گڈھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ
دہلی

یوم یکشنبہ یکم ربیع الثانی ۱۳۵۰ھ

ملّت اسلامیہ کے لئے ایک اور دام تزویر
قادیانیوں کا خلیفہ مسلمانوں کے قائد کی حیثیت میں

بہر رنگے کہ خواہی جامہ می پوش
من انداز قدت را می شناسم

تقریباً دو سال کا عرصہ ہوا کہ ہم نے الجمعیۃ میں ہندو ریاستوں کے مسلمانوں کی اقتصادی و مذہبی تباہی کے متعلق ایک سلسلہ مضامین سپرد قلم کیا تھا جو بارہ نمبروں پر مشتمل تھا اور جس میں مختلف ریاستوں کے مختلف حالات پر روشنی ڈالی گئی تھی۔ اسی سلسلہ میں ریاست کشمیر پر بھی ایک مقالہ لکھا گیا تھا اور اس میں صاف طور پر ظاہر کر دیا گیا تھا کہ مہاراجہ صاحب کشمیر کی اگرچہ ملت کی …

صاف کریں مسلمان اس کی بازی کو خوب سمجھتے ہیں اور بالخصوص خلیفہ قادیان کی اس جد و جہد کا مقصد انہیں اچھی طرح معلوم ہے جس شخص نے مرزا احمد قادیانی کی تعلیمات کا مطالعہ کیا ہے اور جس کے سامنے مرزا محمود کے مذہبی خیالات موجود ہیں وہ کبھی بھی اس کا یقین نہیں کر سکتا کہ مسلمانوں کے لئے ہمدردی کا کوئی شائبہ بھی خلیفہ قادیانی یا اس کی جماعت کے گذشتہ قلب میں پایا جا سکتا ہے …

گول میز کانفرنس کا مقاطعہ

تقریباً ایک ماہ سے برابر گاندھی جی اور گورنر بمبئی کے درمیان خط و کتابت جاری تھی اور ہر وقت یہ امکان نظر آتا تھا کہ گاندھی جی حکومت کی بد عنوانیوں سے تنگ آکر گول میز کانفرنس میں شرکت سے انکار کر دیں گے چنانچہ اسی خط و کتابت کے آخری نتیجہ پر غور کرنے کے لئے کانگریس کی مجلس عاملہ بمبئی میں بیٹھی ہوئی تھی اور تمام ملک کو آخری فیصلہ کا انتظار کر رہا تھا۔ گورنر بمبئی نے اس خط و کتابت کے نتیجہ میں جو فیصلہ کن جواب گاندھی جی کو دیا تھا اس کے بعد ہی صورت حال بالکل بدل گئی تھی اور کانگریس کے لئے شرکت کانفرنس کا فیصلہ کرنا تقریباً غیر ممکن ہو گیا تھا مگر اس کے باوجود گاندھی جی نے وائسرائے سے ایک اور مخلصانہ درخواست کی اور انہیں گاندھی ارون معاہدہ کے احترام کی طرف توجہ دلائی دو دن تک برابر وائسرائے کی ایگزیکیٹو کونسل کے اجلاس ہوتے رہے جس میں گورنمنٹ آف انڈیا کے ارباب حل و عقد نے اس مسئلہ پر خوب بحث و تمحیص کر کے ایک فیصلہ کیا اور وائسرائے نے اس فیصلہ کے بعد گاندھی جی کو مطلع کر دیا کہ وہ بالکل مجبور ہیں اور کچھ نہیں کر سکتے۔ یہ گویا ایک انتہائی جواب …

الاحادیث النبویۃ

(از حضرت مولانا حافظ حاجی احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند)

امارت و ولایت

جس نے خود عہدۂ قضا کی خواہش کی تو وہ اپنے نفس کے حوالے کر دیا گیا۔ لیکن جس کو مجبور کر کے والی بنایا گیا تو ایک فرشتہ اس کے لئے مقرر کیا جاتا ہے جو اس کو غلطی سے محفوظ رکھتا ہے۔ (ابن ماجہ)

جو شخص قاضی بنایا گیا گویا وہ بغیر چھری کے ذبح کر دیا گیا (ابو داؤد، ترمذی)

قاضی تین قسم کے ہوتے ہیں جس نے جان بوجھ کر ناانصافی کی وہ دوزخی ہے جس نے قانون کی عدم واقفیت کے باعث ناانصافی کی وہ بھی جہنمی ہے۔ جس نے حق کو پہچانا اور حق کے موافق حکم دیا صرف وہ جنتی ہے (ابو داؤد، ترمذی۔ ابن ماجہ)

…

قادیانیوں کے متعلق شامی علماء کے فتاویٰ
مذاہب اربعہ کا اتفاق

معزز مصری معاصر "الفتح" نے اپنی ۲۴ محرم ۱۳۵۰ھ کی اشاعت میں صفحہ ۱۲ پر قادیانیوں اور ان کے نبی کے متعلق استفتاء اور مذاہب اربعہ کے مفتیان کرام کے جوابات شائع کئے ہیں جن کا لفظی ترجمہ درج ذیل ہے:

استفتاء

اس شخص کے متعلق آپ کیا فرماتے ہیں جس نے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے سے انکار کیا اور گمان کیا کہ آخر زمان میں نزول عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کے علاوہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی اور نبی بھی مبعوث ہوگا اس نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زندہ حالت میں آسمان پر اٹھائے جانے سے بھی انکار کیا اور دعویٰ کیا وہ خود ہی عیسیٰ منتظر ہے۔ اور اس پر وحی نازل ہوتی ہے۔ یہ شخص مر گیا اور دفن کر دیا گیا اس کے بعد اس کے خلفاء ظاہر ہوئے جن کا یہی اعتقاد ہے …

کافر ہو جائے اور عاقل بالغ ہو تو اسے مرتد کہیں گے۔ اور اسلام میں مرتد کے متعلق احکام یہ ہیں:

دعوة الى الاسلام ويستتاب ثلاثة ايام ويضيق عليه ويحبس فان تاب والا قتل بالسيف لقوله صلى الله عليه وسلم من بدل دينه فاقتلوه كما في الاقناع والمنتهى والغاية والله تعالى اعلم (اسے اسلام کی دعوت اور تین دن تک توبہ کی مہلت دی جائے۔ اگر توبہ کرے تو نہا ورنہ اسے تلوار سے قتل کر دیا جائے۔ کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو اپنا دین تبدیل کرے اسے قتل کر دو۔

بیروت کے مفتی علامہ استاذ شیخ مصطفیٰ نجا نے بھی اسی قسم کا جواب دیا ہے جیسا کہ دمشق کے محولہ فوق مفتی احناف نے اور تحریر حسب ذیل حوالے دئے ہیں: …

…

لہ کتاب التنویر)

باب المرتد صفحہ ۳۰۰ میں ہے کہ اصطلاح شرع میں مرتد اس کو کہتے ہیں جو دین اسلام کو اختیار کرنے کے بعد ترک کر دے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

(زمیندار)

قولہ علیہ الصلوٰۃ والسلام لا تتفق امتی علی ضلالۃ کی بنا پر کافر ہو گیا اور جس شخص نے لوگوں کو کسی کافر بنانے والی بدعت کی طرف دعوت دی وہ کافر ہو گیا۔ کیونکہ شارع علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے من احدث فی امرنا ھذا ما لیس منه فهو رد۔

"جو شخص مسلمان ہونے کے بعد مذکورہ بالا امور میں سے کسی امر کی وجہ سے …

جبریہ تعلیم اور حفظ قرآن
کیا بہی خواہان تعلیم اسلام توجہ فرمائینگے

(از مولانا محمد میاں صاحب)

جہل ہمیشہ برا ہے۔ خصوصاً ایسے زمانہ میں کہ متمدن اقوام ۹۵ فیصدی اور …

سامنے شیکسپیر کی کوتاہ پروازی سے بہت کچھ مشابہت رکھتی تھی جس حقیقت کا مذکورہ بالا سطور میں اظہار کیا گیا اس کا تعلق کسی مخصوص قوم یا ملت سے نہیں۔ بلکہ ہر اس فرد کے ساتھ اس کا تعلق ہے جو ہندوستانی کہلایا جائے اور جس کو برٹش شہنشاہیت کی غلامی کا فخر حاصل ہو، مگر یہ لطیفہ عجیب ہے

ہر بلائے کز آسماں آید ۔۔۔ گرچہ بر دیگرے قضا باشد
بر زمین نارسیدہ می پرسد ۔۔۔ خانہ انوری کجا باشد

اس جبریہ تعلیم کی نعمت غیر مترقبہ یا آفت ناگہانی کا تعلق مسلمانوں سے ہوا …

…

عربی اخبارات کے تراجم
(خاص الجمعیۃ کے لئے)

جریدۃ الشوریٰ کو اٹلی کی طرف سے رشوت دینے کی کوشش
"خدا کیلئے اٹلی کے مظالم کی تشہیر نہ کرو"

الشوریٰ نے اٹلی کے اوقات ومنک خواروں کے متعلق ذیل کا واقعہ شائع کیا ہے:

۸ رجب کی شام کو الشوریٰ کے دفتر میں انطون یعقوب آیا۔ یہ شخص سفارت اٹلی متعینہ مصر کا ایک رکن اور اٹلی کے محکمہ مخابرات کا نامہ نگار ہے۔ اس کو دیکھ کر صاحب الشوریٰ اس کے پاس گئے اور دریافت کیا کہ آپ یہاں کیوں اور کس غرض کے لئے تشریف لائے ہیں۔ اس کے جواب میں اس نے کچھ جلدی جلدی گفتگو کی، صاحب الشوریٰ نے فرمایا کہ میں اس وقت کام میں مشغول ہوں اور آپ بغیر اطلاع دئے تشریف لے آئے ہیں اس لئے آپ کسی اور وقت پر ملاقات کو موقوف رکھیں۔ اسپر انطون یعقوب نے کہا کہ میں صرف چند کلمات …

… تب بھی ہم اٹلی کے ان مظالم کی اشاعت سے باز نہ آئیں گے جس کا ارتکاب وہ طرابلس میں کر رہا ہے کیا تو پاگل ہے جو اس کام کے لئے یہاں آیا ہے؟ یہ سنکر انطون نے کہا کہ یہ پاگل پن ہے ہم یہ لازم ہے کہ وہ بات کہیں جس پر کہ خود ہم کو یقین نہیں اور جو بات پر اعتقاد ہے۔ اس پر سکوت اختیار کریں۔ کیا ہم خلاص کو اختیار کر کے موت کی زندگی لیکر رہیں۔"

صاحب الشوریٰ نے یہ کلام سنکر جو اس کی نفسیاتی کیفیت کا آئینہ تھا اور جس سے خبث باطن و زر پرستی نمایاں تھی اس کی طرف سے منہ پھیر لیا اور یہ کہا کہ میں نے تو سمجھا تھا کہ تم میں کچھ عقل ہوگی۔ مگر معلوم ہوا کہ تم میں انسانی احساس بھی باقی نہیں ہے۔ تم کو طرابلس کے مسلمانوں پر رحم نہیں آتا حالانکہ اجانب کو ان پر رحم آ رہا ہے اور پھر تم عرب کہلاتے ہو۔"

یہ واقعہ ہم نے اس لئے شائع کر دیا ہے تاکہ اٹلی کے اوقات اس کو بالعکس بیان نہ کریں۔ اب ہم ایطالیہ کی سفارت سے ذیل کے سوالات کرتے ہیں:

(۱) کیا یہ شخص وہی انطون ہے جس نے کہا تھا کہ میں امیر شکیب ارسلان کو مصر سے نکال دونگا اور جب امیر عادل نجاز تشریف لے گئے تو اس نے اڑادی کہ میں نے ان کو نکلوا دیا؟

(۲) کیا سفارت اٹلی میں اسی قسم کی مخلوق آباد ہے؟

ملک شام آزاد ہے یا مغلوب و محکوم؟
فرانس کے کمشنر سے طلبائے شام کی دلچسپ گفتگو

شام میں پیرس کی ایک نمائش تھی جس میں فرانس کے کمشنر موسیو پونسو بھی ایک روز تشریف لائے۔ آپ نے تمام نمائش کا بغور معائنہ کیا اور اس کے بعد آپ واپس ہونے لگے اتنے میں شام کے طلباء نے آپ کو گھیر لیا اور ایک طالب علم نے آپ کو مخاطب کر کے کہا کہ ہم آپ کے پاس احتجاج کرنے آئے ہیں۔ پونسو نے کہا کہ آپ کس بات پر احتجاج کرنے آئے ہیں؟ ایک طالب علم نے کہا کہ آپ نے ہمارے متمدن ملک کو متعمرات کی شکل کیوں دے رکھی ہے؟ پونسو اس کا جواب دینا چاہتے تھے کہ فوراً دوسرا طالب علم بول اٹھا ہم جمعیۃ الاقوام جنیوا اور وزارۃ خارجیہ کے پاس اپنا احتجاج روانہ کر چکے ہیں …

… نے یہی الفاظ اخبارات کے مدیروں کے سامنے کہے تھے۔ اس پر الشوریٰ لکھتا ہے کہ موسیو پونسو نے طلباء کو خوش کرنے اور اپنا پیچھا چھڑانے کے لئے یہ منافقت اختیار کی ورنہ ملک شام ابھی تک مستعمرہ کا یہ سایہ ہے اور ابھی تک اس پر آزادی کا آفتاب طلوع نہیں ہوا ہے۔

یہودیوں کی ہرزہ سرائی

بیجہ نویلی جو انگریزوں کے خاص کاتب ہیں ان سے بعض یہودیوں نے دوران ملاقات میں کہا کہ

"اگر اٹلی کا انتداب فلسطین پر قائم ہو جاتا تو موسولینی بہت جلد فلسطین کو ہمارا قومی وطن بنا دیتے اور ہماری تمام مصیبتوں کا خاتمہ ہو جاتا مگر برطانیہ وطن الیہود کے مسئلہ کو توقف دینا چاہتی ہے۔"

مگر یہودیوں کو شاید معلوم نہیں کہ طرابلس میں موسولینی نے کیا گل کھلائے ہیں۔ اگر وہ فلسطین پر اپنا انتداب قائم کرے تو یہودیوں کو حقیقت حال معلوم ہو جائے۔

جاوا میں اٹلی کے مال کا زبردست مقاطعہ

بتاجیا (جاوا) کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ بمبائج سومطرا اور سورابایا کے عربوں نے اٹلی کے مال کا بائیکاٹ کر دیا ہے کیونکہ اٹلی نے طرابلس اور برقہ کی مظلوم اور بے بس رعایا پر غیر آئینی اور انسانیت سوز مظالم کا ارتکاب کیا ہے۔ جاوا کی اس تحریک مقاطعہ کی تقلید دوسرے جزائر میں بھی کی جا رہی ہے۔

کیا جلالۃ الملک شاہ علی شام کے بادشاہ بنائے جائینگے

بیروت میں فرانسیسی فوج کے ایک کمانڈر مقیم ہیں جن کے پاس ان کے ایک دوست مقیم پیرس کی طرف سے مکتوب موصول ہوا ہے جس میں لکھا ہے کہ شاہ علی کو شام کا بادشاہ بنانے کا مسئلہ قریب قریب ختم ہو گیا ہے اور فرانسیسی وزارت نے اس پر اپنے دستخط ثبت کر دئے ہیں۔ (الحیاۃ)

مصر میں عید میلاد کے شاندار جشن

تمام عالم اسلامی میں عید میلاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم دھوم دھام سے منائی گئی مصر میں جو جشن منایا گیا وہ بہت عظیم الشان تھا جس میں حکومت نے مع حزب الشعب کے سرکاری طور پر شرکت کی۔ اس خوشی میں توپوں کی سلامی دی گئی اور تمام سرکاری دفاتر بند کر دئے گئے۔

ملک فیصل اور انگریزی معاشرت

ملک فیصل والی عراق، شریف مکہ مرحوم کے صاحبزادے آج کل انگورہ غازی مصطفیٰ کمال پاشا سے ملنے گئے تھے۔ حال میں ان کی جو تصویر آئی ہے اس میں وہ غازی پاشا کے ساتھ خالص مغربی لباس میں ہیں۔ ان دونوں اسلامی فرمانرواؤں کی یہ تصویریں ولایتی اخبارات میں بڑے شان کے ساتھ شائع ہوئی ہیں۔

مصر کیلئے نئی ہوائی فوج

مصر میں ہوائی فوج قائم کرنے کے مسئلہ کا مطالعہ کرنے کی غرض سے حال ہی میں ایک حکومتی کمیٹی قائم ہوئی تھی۔ طے پایا ہے کہ پانچ ہوائی جہاز خریدے جائیں اور مصری فوج کے چیف انسپکٹر اسپنکس پاشا کے سپرد یہ کام کیا گیا ہے کہ وہ جہاز خریدیں۔ وہ عنقریب جنوبی یورپ جانے والے ہیں اور اپنے قیام یورپ کے دوران میں وہ اسی کام میں مصروف رہیں گے۔ ان جہازوں کے خریدنے کے لئے ضروری قرضہ کی منظوری وزارت مواصلات کے سال رواں کے میزانیہ میں ہو چکی ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ آئندہ میزانیہ میں بھی مزید قرضہ منظور ہوگا تاکہ اور پانچ جہاز خریدے جا سکیں۔ ہنگر گاہ اور گودام تیار کئے جا رہے ہیں۔ مصری ہوا باز جہاز رانی کریں گے۔ یہ وہ لوگ ہونگے جو انگلستان میں اپنی تعلیم ختم کر چکے ہیں۔

جزیرۃ العرب میں سلسلۂ رسل و رسائل کا انتظام
بغداد سے موٹروں کے ذریعہ مکہ مکرمہ کا سفر

دولۃ الجندل (جزیرۃ العرب) کی ایک خبر مظہر ہے کہ سلطان ابن سعود کی حکومت نے تیس موٹر کاریں جوف روانہ کر دی ہیں اور عنقریب دیگر کاریں بھی تجارتی اغراض کے لئے ارسال کی جائینگی۔ یہ موٹر کاریں حکومت کے مرکزی سامان سے معمور کر کے جوف بھیجی گئی ہیں۔ … اور عراق کا مرکز متوسط بننے والا ہے۔ اگر مملکت حجاز اور عراق کے درمیان حسن نظام کے ساتھ کوئی پائیدار معاہدہ ہو گیا تو اس راستہ سے مسافر اور حجاج بغداد سے جوف کو آ سکیں گے اور جوف سے مکہ مکرمہ کو آمد و رفت میں بہت سی سہولتیں ہو جائیں گی۔ سلطان ابن سعود کے عامل ابن زید نے نجدی قبائل کو خارج حدود میں آنے کی اجازت نہیں دی ہے۔ البتہ قافلوں کو اجازت دیدی ہے جو تجارتی اغراض کے لئے عمان اور حوران کا سفر کر سکتے ہیں۔

شیخ محمد بن وحیلان نے ابن زید سے اجازت طلب کی ہے کہ وہ اپنے … میں آنے کی اجازت مرحمت فرمائیں جس کو ابن زید نے اس شرط پر منظور کر لیا ہے کہ وہ اراضی کو چراگاہ کے طور پر استعمال کریں اور محصول بھی ادا کریں۔ چنانچہ ابن وحیلان نے ان تمام شرائط کو منظور کر لیا ہے اور وہ ارض حجاز میں آ گئے ہیں۔ (الشوریٰ)

حبشہ میں ایک اسلامی انجمن کا قیام
دفاع عن الاسلام کیلئے مبارک اقدام

اولیں بابا (حبشی) میں جالیہ کے باشندوں نے ایک انجمن قائم کی ہے جس کا نام ہے جمعیۃ اتحاد اسلامی۔ اس جمعیۃ کو قائم ہوئے ابھی چند ہفتے بھی نہیں گزرے کہ اس میں عرب اور حبشی مسلمان بکثرت شریک ہوئے۔ اس کا پہلا اجلاس ۱۳ ربیع الاول ۱۳۵۰ھ کو منعقد ہوا جس میں سینکڑوں کی تعداد میں فضلاء عرب اور اعیان قوم شریک ہوئے اور متفقہ طور پر ذیل کی تجاویز منظور کی گئیں:

(۱) اسلام اور مسلمانوں پر اٹلی نے جو ستم ڈھائے ہیں ان پر غم و غصہ کا اظہار کیا گیا۔

(۲) جریدہ الفتح اور الشوریٰ کی خدمات جلیلہ کا اعتراف کیا گیا جنہوں نے اسلام اور اہل اسلام کے لئے انجام دی ہیں۔

(۳) اہل طرابلس، بربر، مراکش اور فلسطین کے ساتھ ہمدردی ظاہر کی گئی اور اٹلی کی جیوانی حرکات کے خلاف احتجاجی برقیے ارسال کئے جائیں۔

کیا حیفا کو برطانوی جہازوں کا مستقر بنایا جائیگا؟

حکومت برطانیہ نے فلسطین کی تعمیر کیلئے قرض لیا ہے لیکن اس کا اکثر حصہ اس جنگی مقام کی تعمیر پر خرچ کیا جائیگا جو حیفا میں جنگی جہازوں کے لئے مخصوص کیا گیا ہے۔ آخری خبر یہ ہے کہ حکومت نے زراعت کی اصلاح کیلئے بھی لاکھ کی قرض لی ہے لیکن وہ یہودیوں کی تجاویز کو عملی جامہ پہنانے کی اسکیم پر خرچ کیا جائے گا …

خریداران الجمعیۃ

گزارش ہے کہ خط و کتابت کے وقت اپنے نمبر خریداری کا (جو کہ آپکے نام سے پہلے پتہ کے شروع میں لکھا ہوتا ہے) حوالہ ضرور دیا کریں ورنہ عدم تعمیل ارشاد معاف۔

بمبئی میں فرقہ وارانہ فارمولا پر بحث کیوں ملتوی کی گئی

اراکین جمعیۃ علماء ہند سے گاندھی جی اور کانگریس ورکنگ کمیٹی کا وعدہ

گول میز کانفرنس میں کانگریس کی طرف سے کوئی متفقہ اسکیم پیش نہیں کیا جائیگا

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے حسب ذیل بیان اخبارات کو غرض اشاعت دیا ہے:—

بمبئی میں جمعیۃ علمائے ہند کے ممبران نے گاندھی جی اور کانگریس ورکنگ کمیٹی سے فرقہ وارانہ مسئلہ پر گفتگو کی۔ گاندھی جی اور کانگریس ورکنگ کمیٹی نے یہ خیال ظاہر کیا کہ کانگریس فارمولا کے متعلق مختلف حلقوں سے مختلف رائیں موصول ہوئی ہیں اور وقت اسقدر تنگ ہے کہ انگلستان کی روانگی سے پہلے مختلف فرقوں کے نمائندوں سے تبادلۂ خیال کرکے کسی متفقہ فیصلے تک پہنچنا ناممکن ہے۔ اسلئے گاندھی جی کانگریسی نمائندے کی حیثیت سے گول میز میں فرقہ وارانہ مسئلہ کا متفقہ حل پیش نہیں کریں گے۔ کیونکہ کانگریس فارمولا کو سب طبقوں نے قبول نہیں کیا ہے ... وہاں بھی فرقہ وارانہ مسئلہ کا حل نہیں کیا جائے گا ... اس کے حل میں شریک ہوں گے اور کانگریس اس حل کو قبول کریگی جس کو متعلقہ جماعتیں منظور کریں گی۔ سالانہ بحث کو منظور کر لیا گیا۔

سرحد میں زبردست ہندو مسلم فساد

تلواروں اور خنجروں سے چار اشخاص کی ہلاکت

آتشزدگی۔ لوٹ مار اور کرفیو آرڈر کا نفاذ

ڈیرہ اسمٰعیل خاں ۱۳ اگست۔ یہاں ہندو و مسلمانوں میں سخت فساد ہوگیا۔ دو ہندو اور ایک مسلمان کی جان ضائع ہوئی اور تقریباً ۱۹ آدمی زخمی ہوئے متعدد مکانوں میں جن کی تعداد سات تک بتلائی جاتی ہے آگ لگا دی گئی۔

فساد کی بنا بازار میں ایک معمولی سے واقعہ پر ہوئی ایک مسلمان دوکاندار اور ایک ہندو گاہک میں کسی بات پر تکرار ہوئی اور اس نے آخر میں فرقہ وارانہ صورت اختیار کرلی یہ واقعہ دن میں دس بجے کا ہے تکرار کے بعد ہاتھا پائی کی نوبت آئی جس میں ارد گرد کے لوگ شریک ہوگئے۔

مجمع کے ہندو اور مسلمانوں نے نہایت آزادی کے ساتھ تلوار، خنجر، لاٹھی اور اینٹیں استعمال کیں جن سے لوگ زخمی ہوئے ... بدمعاشوں نے اس سے فائدہ اٹھا کر دوکانوں کو لوٹنا شروع کردیا۔ لوٹ مار میں تقریباً دونوں قوموں نے حصہ لیا اور دونوں قوموں کی دوکانیں لوٹی گئیں ... اس کا انبار لگایا گیا اور اس پر مٹی کا تیل چھڑک کر اس میں آگ لگائی گئی ... دوکانوں کا خصوصیت سے انتخاب کیا گیا۔

بعد کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ آگ سات بجے تک لگی رہی لیکن فساد ختم ہوگیا ہے۔ فوج پہنچ گئی ہے اور ہر جگہ متعین ہے کرفیو آرڈر جاری کردیا گیا ہے۔

لاہور کا ایک تازہ پیام مظہر ہے کہ وہاں یہ خبر آئی ہے کہ آج ۱۳ اگست کی صبح کو بھی اکا دکا حملے ہوتے رہے فوج سڑکوں پر گشت لگا رہی ہے۔

پشاور ۱۳ اگست آج تقریباً پولیس کے سو سپاہی ... پولیس اور فوج کا کل شہر میں تمام دن گشت رہا مقتولین کی تعداد چار ہے ...

کانگریس کی طرف سے لندن کانفرنس کا مقاطعہ

گاندھی جی نے لندن جانے کا ارادہ ترک کردیا

حکومت کا ثالثی بورڈ مقرر کرنے سے انکار

بمبئی ۱۳ اگست۔ گاندھی جی کو آج ڈھائی بجے بعد دوپہر وائسرائے ہند کی طرف سے جواب مل گیا۔

بمبئی ۱۳ اگست وائسرائے کی جانب سے جو جواب موصول ہوا ہے اسے گاندھی جی نے اس وقت تک شائع نہیں کیا ہے لیکن کانگریسی حلقوں میں عام طور پر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ گاندھی جی جواب سے مطمئن نہیں ہوئے ہیں۔

بعد کی اطلاع مظہر ہے کہ گاندھی جی کے متعلق یہ خیال کیا جاتا ہے کہ وہ گول میز کانفرنس میں شریک نہیں ہوں گے۔

۱۱ بجکر ۵ منٹ پر جو اطلاع موصول ہوئی ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ کانگریس ورکنگ کمیٹی نے وائسرائے کے جواب پر غور و خوض کیا اور گول میز کانفرنس میں شریک نہ ہونے کا فیصلہ کیا چنانچہ گاندھی جی لندن نہیں روانہ ہوں گے۔ ورکنگ کمیٹی اس سلسلہ میں عنقریب ایک بیان شائع کرنے والی ہے۔

کانگریس کا بیان

کانگریس ورکنگ کمیٹی نے حسب ذیل بیان شائع کیا ہے:—

ورکنگ کمیٹی نے اس تمام خط و کتابت پر نہایت احتیاط سے غور کیا جو ایک جانب تو مرکزی اور صوبجاتی حکومتوں کے درمیان اور دوسری جانب گاندھی جی کے درمیان معاہدہ دہلی سے پیدا شدہ امور کے متعلق ہوئی ہے کمیٹی نے گاندھی جی کے اس بیان پر بھی غور کیا ہے جو آپ نے مراسلت کے اسباب کے متعلق دیا ہے کانگریس ورکنگ کمیٹی افسوس ظاہر کرتی ہے کہ صوبجاتی حکومتوں نے بحیثیت دہلی کی متواتر اور بعض حالات میں شدید خلاف ورزیاں کیں جس سے نوبت یہاں تک پہونچی کہ گاندھی جی نے صوبجاتی حکومتوں کی جانب سے اطمینان بخش جواب موصول نہ ہونے پر ورکنگ کمیٹی کے مشورہ سے ایک غیر جانبدار ثالث مقرر کرنے کا مطالبہ کیا تاکہ وہ معاہدہ کی شرائط کی بنیاد پر خلاف ورزیوں کی تحقیق کرسکے۔

چونکہ اس قسم کی درخواست کو ان حالات میں بھی مسترد کردیا گیا ہے جہاں کسانوں کے مفاد کا تعلق ہے کمیٹی لہٰذا اس نتیجہ تک پہونچنے پر اپنی مرضی کے خلاف مجبور ہے کہ معاہدہ کی شرائط کے مطابق اور قومی مفادات کے پیش نظر کانگریس کی گول میز کانفرنس میں نمائندگی ہوسکتی ہے اور نہ ہونی چاہئے۔

معاہدہ دہلی کی خلاف ورزی نہیں کیگئی

گاندھی جی کا لندن جانے سے انکار

بمبئی ۱۳ اگست ورکنگ کمیٹی کا اجلاس دوپہر کے وقت برخاست ہوا۔ اور شام کو تین بجے پھر منعقد ہوگا معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ گاندھی جی اور دیگر ممبران ورکنگ کمیٹی سر ارنسٹ ہاٹسن قائمقام گورنر بمبئی کے جواب سے انتہائی مایوس ہوئے ہیں بحث کے بعد گاندھی جی نے مسٹر ایمرسن ہوم سکرٹری اور لارڈ ولنگڈن وائسرائے کے نام برقی پیغام روانہ کیا ہے جس میں لکھا ہے کہ ان حالات میں میرا لندن جانا غیر ممکن ہے۔

باخبر حلقوں سے معلوم ہوا ہے کہ سر ہاٹسن نے اپنے مکتوب میں معاہدہ دہلی کی شرائط کی خلاف ورزی اور تشدد کے استعمال سے انکار کیا ہے اور یہ لکھا ہے کہ قانون کو صرف عام طریقہ پر استعمال کیا گیا ہے۔

جب ایک سربرآوردہ کانگریسی کارکن سے استفسار کیا گیا تو انہوں نے جواب دیا کہ صورت حال بہت زیادہ نازک ہے۔

صبح کے اجلاس میں ممبران کے علاوہ پنڈت مدن موہن مالویہ، مسٹر ٹی پرکاسم ... مسٹر عباس طیب جی بھی موجود تھے مسٹر ہاٹسن کے مکتوب کے مضمون سے ورکنگ کمیٹی کے ممبران بہت زیادہ متحیر ہوئے۔ کیونکہ گاندھی جی کی ملاقات کے بعد عام خیال پیدا ہوگیا تھا کہ مسٹر ہاٹسن گاندھی جی کی روانگی لندن کے لئے کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کریں گے۔ یہ تو اعلان کیا جاچکا تھا کہ گاندھی جی کی لندن کو روانگی گجرات کی صورت حال پر منحصر ہے اب یہ معلوم ہوا ہے کہ گاندھی جی سے ملاقات کے دوران میں مسٹر ہاٹسن بہت خلیق اور منکسرانہ طریقہ سے پیش آئے تھے اور گاندھی جی نے معاہدہ دہلی کی خلاف ورزی کے جو واقعات پیش کئے تھے اور تشدد کے جو حالات بیان کئے تھے ان کی پوری پوری تحقیق کرنے کا وعدہ کیا تھا یہ بھی کہا جاتا ہے کہ کچھ عرصہ قبل گاندھی جی کو یہ یقین دلایا گیا تھا کہ اگر انہوں نے اپنا اثر استعمال کرکے مالگذاری کی واجب الادا رقوم ان کسانوں کے وصول کرادیں جو ادا کرنے کے قابل ہیں تو پھر تشدد آمیز ذرائع اختیار نہیں کئے جائیں گے یہی وجہ ہے کہ کانگریسی حلقوں میں یہ خیال ظاہر کیا گیا کہ گاندھی جی نے مالگذاری کا ۹۰ لاکھ روپیہ گجرات سے حکومت کو دلوایا ہے اس کے باوجود حکومت نے اپنے وعدے کی خلاف ورزی کی اور تشدد آمیز ذرائع اختیار کئے جس کی وجہ سے گاندھی جی کو یونہ جانا پڑا اور مسٹر ہاٹسن سے ملاقات کرنی ضروری خیال کی گئی اس ملاقات کے دوران میں گاندھی جی گورنر کے سامنے وہ مخصوص واقعات پیش کئے جن میں گاندھی جی کی رائے کے مطابق حکام نے مالگذاری معاہدہ دہلی کی شرائط کی خلاف ورزی کی۔

گورنر نے آج جو مکتوب گاندھی جی کی خدمت میں ارسال کیا ہے اس میں مذکور ہے کہ معاہدہ کی کوئی خلاف ورزی نہیں کی گئی اور قانون مالگذاری کے علاوہ کوئی تشدد آمیز طریقہ استعمال نہیں کیا گیا مسٹر ہاٹسن کا جواب بہت زیادہ مایوس کن خیال کیا جاتا ہے گاندھی جی نے ورکنگ کمیٹی سے مشورہ کرنے کے بعد وائسرائے اور ہوم سکرٹری کو برقی پیغام روانہ کیا ہے جس میں صورت حال کی نزاکت ظاہر کی گئی ہے ورکنگ کمیٹی اب وائسرائے کے جواب کی منتظر ہے۔

ورکنگ کمیٹی کے جلسہ کے بعد پنڈت مدن موہن مالویہ نے اخبار کے نمائندے سے ملاقات کے دوران میں کہا کہ "صورت حال بہت زیادہ نازک ہے حکومت نے گجرات میں معاہدہ کی خلاف ورزی ہے"۔

مسٹر جناح کی طرف سے مخلوط انتخاب کی حمایت

بنگال و پنجاب میں مسلم اکثریت کا تحفظ

گورنر بمبئی پر حملہ کا مقدمہ

عدالت میں ملزم کا دلیرانہ اقبال

بمبئی میں قوم پروروں پر بدمعاشوں کا حملہ

گورنر پنجاب پر حملہ کا مقدمہ

گاندھی جی کی طرف سے مسٹر عابد علی کی عیادت

آپکی ٹانگ کاٹی جائے گی

بمبئی ۱۳ اگست۔ چار فی روٹریں شراب کی دوکان پر پکٹنگ کے وقت مسٹر عابد ...

ایوان تجارت ہند نے گول میز کانفرنس کا مقاطعہ کردیا

تین نمائندوں کو شامل نہ کرنے پر احتجاج

جمعیۃ علمائے ہند

دہلی میں مجسٹریٹوں کا تقرر

معاہدہ دہلی کی پابندی کیجائیگی

صدر کانگریس کو مجلس عاملہ کے اختیارات دیدیئے گئے

دہلی کی آبادی کے اعداد و شمار

صدر میونسپلٹی اور ممبران کے تنازعہ کا خاتمہ

ہندو مہاسبھا اور کشمیر کے واقعات

ایک نوزائیدہ بچہ سانپ بن گیا

ڈیڑھ ہزار سرخ پوشوں کا مورچہ

مسٹر عابد علی سکرٹری کانگریس کمیٹی پر ریوالور کے فائر

ایک پارسی کی دوکان پر پکٹنگ اور فریقین میں تصادم

مسٹر عابد علی کی نازک حالت

سرخ پوشوں پر پولیس کی یورش

چالیس اشخاص زخمی

مسلمانوں کی دو پارٹیوں میں ہاتا پائی

برما کے ایک گاؤں پر باغیوں کا حملہ

مراد آباد میں ڈاکوؤں کے ایک گروہ کی گرفتاری

خدائی خدمتگاروں پر پولیس نے گولی چلادی

مقدمہ سازش لاہور کے اسیری کی نازک حالت

ایوان تجارت ہند کے فیصلہ پر عمل

فرانس کی ریلوں کا بھی دیوالہ نکل رہا ہے

ایک ہندو نوجوان کا قتل

کانپور میں ایک شخص گولی سے ہلاک کردیا گیا

ایک ایڈیٹر کی گرفتاری

برکیس کے ملزم کو سشن سپرد کردیا گیا

منشی محمد ادریس کو سزا

افکار و حوادث

کشمیر کے مظالم پر موثر احتجاج

احمد آباد میں حکومت نے جلسہ میلاد النبی کو کیسے روکا

حکومت ہندوستانیوں کو بے وقوف بنا رہی ہے

خان عبدالغفار خاں کو نمائندہ نامزد کیا جائے

صدر کانگریس کی مسٹر مظہر الحق کا خطاب

ریاست کالاکنڈر میں قدیم درگاہ کا انہدام

اولیاء عظام کی ہڈیوں کو اکھاڑ کر دریا میں پھینک دیا گیا

جمعیۃ علماء ہند کے تحقیقی دفد کی رپورٹ کا خلاصہ

بعد کی رپورٹ

ڈیرہ اسمٰعیل خاں میں فرزندان اسلام کا اجتماع

متعدد تجاویز کی منظوری

مدراس کے ایوان تجارت کا حکومت کے نام مکتوب

لندن کانفرنس میں ہمارے نمائندے کون کون سے انتخاب کیا گیا؟

پشاور میں پکٹنگ شروع کر دیا گیا

پارچہ فروشوں کی طرف سے معاہدہ کی خلاف ورزی

مشہور انقلاب پسند ایم این رائے کو پناہ دینے کا جرم

جرمنی خاتون ہندوستان سے خارج کر دی گئی

برمی باغیوں کی سفاکانہ کارروائیاں

ایک ہندوستانی خاندان کا وحشیانہ قتل

حافظ محمد ابراہیم صاحب کے مراسلہ کا جواب

پارلیمنٹ میں مسٹر محمد علی جناح کا داخلہ

ہندوستانی مسائل کیلئے جدوجہد

ہندو مہاسبھا کی طرف سے نمائندگی پر احتجاج

صدر کی جانب سے وائسرائے کو تار

یورپین ایسوسی ایشن کی تازہ حماقت

حکومت کو ہندوستان پر تشدد کرنے کی ترغیب

سیلاب کے باعث ایک عمارت کا انہدام

چار سو اشخاص کی دردناک ہلاکت

صدر جمہوریہ جرمنی کی ٹرین پر بم

نیپٹ ہیرالڈ کا شرطیہ علاج

پلب اینڈ سنز پبلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات ہے

کان کی دوا۔ پلب اینڈ سنز پبلی بھیت (یوپی)

گول میز کانفرنس سے پہلے ہر مسلمان کو سلسلہ انتخاب کا مطالعہ ضروری ہے تاکہ وہ اس کے فیصلہ کی چھان بین اور برائیاں صحیح طور پر سمجھ سکے ... الجمعیۃ دہلی

مراد آباد میونسپلٹی کا اسلام کش رویہ

جبریہ تعلیم کے خلاف مسلمانوں کا پرزور احتجاج

ایک جلسہ ... ربیع الاول ۱۳۴۹ھ مطابق ۱۷ اگست ۱۹۳۰ء بروز پنجشنبہ بوقت ایک بجے شب بمقام محلہ موتی باغ مراد آباد بصدارت مولانا مولوی محمد عبدالحق صاحب مدنی منعقد ہوا جس میں افتتاحاً حافظ قمر الدین صاحب نے قرآن پاک سنایا پھر مولوی سید واحد رضا صاحب نے ان کے بعد مولانا مولوی محمد عبدالحق صاحب نے ان کے بعد مولوی محمد اسمٰعیل صاحب نے تقاریر فرمائیں جن میں سلسلہ تعلیم جبریہ کے متعلق میونسپلٹی والوں نے جو رویہ اختیار کر رکھا ہے اس پر اظہار نفرت اور تحفظ تعلیم قرآن شریف کی ضرورت ظاہر فرمائی اور حسب ذیل ریزولیوشن پاس ہوئے۔

(۱) مسلمانان مراد آباد کا یہ جلسہ جبریہ تعلیم کے نفاذ کو آوارہ لڑکوں کے حق میں نظر استحسان دیکھتے ہوئے سپرنٹنڈنٹ تعلیم و ممبران تعلیمی کمیٹی کے اس طرز عمل پر صدائے احتجاج بلند کرتا ہے کہ جو انہوں نے مراد آباد میں جبریہ تعلیم کے ایکٹ نمبر ۲ پرائمری جبریہ تعلیم دفعہ ۸ ضمن ۲ و ۶ کے سراسر خلاف اختیار کر رکھا ہے۔

(۲) یہ جلسہ میونسپل کمیٹی کے موجودہ طریقہ کار کو نہ صرف مسلمان لڑکوں کے لئے مذہبی تعلیم سے محرومی کا باعث قرار دیتا ہے بلکہ علمائے اسلام کے فتوے کے بناء پر صریح مداخلت فی الدین یقین کرتا ہے۔

(۳) یہ جلسہ تعلیمی کمیٹی سے پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ وہ جبریہ تعلیم کے ایکٹ کی اصل منشاء کے مطابق ان لڑکوں کو جو تعلیم پا رہے ہوں منظور شدہ مدارس میں داخل کرائے جن کی طرف اس وقت تک قطعی کوئی توجہ نہیں کی جا رہی ہے اور ناظرہ قرآن خواں لڑکوں کو ناظرہ خوانی کی مدت اور حفظ قرآن خواں لڑکوں کو قرآن حفظ کرنے کی مدت تک مستثنیٰ ہونے کا اعلان کر دے اور جو مقدمات دارالعدالت کر رکھے ہیں ان کو جلد از جلد واپس لے کر ہمارے مذہبی تعلیم کو آزاد کر دے اس لئے کہ مسلمانان مراد آباد اپنے لڑکوں کے مذہبی تعلیم سے محروم رہنے کو ہرگز ہرگز گوارا نہیں کر سکتے۔

(۴) یہ جلسہ انسپکٹر صاحب مدارس روہیلکھنڈ کے اس حکم پر کہ میونسپلٹی کے جدید مڈل سکول کی سیکشن ۵ کو ہم منظور نہیں کرتے اسکو توڑ دیا جاوے۔ صدائے احتجاج بلند کرتا ہے اور مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اس کی منظوری عطا فرمائیں۔

(۵) یہ جلسہ تجویز کرتا ہے کہ ان تجاویز کی ایک ایک نقل لوکل گورنمنٹ و انسپکٹر مدارس روہیلکھنڈ و چیرمین و سکریٹری میونسپلٹی و ممبران تعلیمی کمیٹی کو بھیجی جاوے۔ (احقر سید محمد مرتضیٰ علی غفرلہ، ناظم انجمن تحفظ دین مدرسہ شاہی مراد آباد)

کانپور میں مسلم قوم پرور پارٹی کا قیام

۱۶ اگست ۱۹۳۰ء کو سربرآوردہ مسلمانان کانپور کا ایک جلسہ نواب شیخ مبارک علی صاحب کے دولت کدہ پر زیر صدارت حافظ محمد ہاشم صاحب رئیس منعقد ہوا کہ موجودہ سیاسی خلفشار میں مسلمانوں کے واسطے ایک ایسی راہ عمل تجویز کی جائے جو ان کے مذہبی سیاسی اقتصادی اور ثقافتی حقوق کی حفاظت کرتے ہوئے ان کو ملکی اور قومی ترقی سے ہمکنار کرے۔ چنانچہ یہ طے کیا گیا کہ کانپور میں قوم پرور خیال رکھنے والے مسلمانوں کی ایک انجمن بنائی جائے جو آل انڈیا مسلم نیشلسٹ پارٹی سے ملحق ہو اور اسی کے اصول پر کام کرے لہٰذا حسب ذیل اشخاص کا انتخاب عمل میں آیا۔ تاکہ وہ ضروری کارروائی انجام دیں۔

صدر۔ حافظ محمد ہاشم صاحب رئیس و تاجر

نائب صدر (۱) حاجی شرف الدین صاحب رئیس المطابع۔ (۲) حکیم خواجہ عبدالشکور صاحب۔

سکریٹری۔ محمد حضور عالم (دھلیگ) مالک اشیاٹک لیدر کمپنی

جوائنٹ سکریٹری۔ مسٹر معین الدین احمد صاحب صدیقی ایم اے ایل ایل بی وکیل (۲) سید محمد صادق صاحب مختار و خازن مسلم بنک آف انڈیا لمیٹیڈ کانپور

ارکان انتظامیہ (۱) سرفراز علی صاحب بیرسٹرایٹ لا (۲) سید عبدالرحمن صاحب ایڈوکیٹ (۳) شاہ بشیر عالم صاحب ایم اے ایل ایل بی وکیل (۴) مسٹر محمد سمیع صاحب مالک مجیدی پریس (۵) سید احمد حسن صاحب بی اے دھلیگ اسسٹنٹ کمشنر (۶) نواب شیخ مبارک علی صاحب رئیس (۷) خواجہ عبدالسلام صاحب ایڈیٹر صداقت (۸) مولوی حکیم نورالدین صاحب (۹) مولوی سید ابو محمد صاحب ثاقب (۱۰) شیخ محمد شریف صاحب وارثی تاجر (۱۱) سید ممتاز علی صاحب۔

نیز یہ تجویز منظور ہوئی کہ اس جلسہ کی رائے میں حکومت کا یہ فعل قابل احتجاج ہے کہ اس نے لندن کانفرنس میں مسلمانوں کے ایک خاص خیال کے طبقہ کو غیر ضروری اہمیت دیکر قوم پرور پارٹی کے حقوق کو نظرانداز کیا ہے حالانکہ نیشلسٹ پارٹی ہی تعلیم یافتہ مسلمانوں کے خیالات کی ترجمان ہے۔ خاکسار

محمد حضور عالم سکریٹری

”مرقع قادیانی“

قادیانی فتنہ سے مسلمانوں میں مذہبی اور سیاسی تفرقہ پیدا ہو رہا ہے۔ اسلئے ضرورت تھی کہ قادیانی فتنہ کی آگ کو بجھایا جائے۔ اسی غرض سے ”مرقع قادیانی“ زیر ادارت مولانا ثناء اللہ صاحب (فاتح قادیان) جاری ہوا ہے۔ اس رسالہ میں قادیانی لٹریچر کا مکمل جواب دیا جاتا ہے۔ ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو پوری آب و تاب سے شائع ہوتا ہے۔ قیمت (بہت کم) سالانہ ایک روپیہ آٹھ آنے (عہ) نمونہ کا پرچہ ۶ پائی محصول (بصورت جوابی کارڈ) آنے پر مفت۔

ابو رضا عطاء اللہ منیجر مرقع قادیانی امرتسر

سگنل ڈاؤن ہوگیا

جلد دوڑ ورنہ خطرہ ہے ... وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

مسلمان لڑکے لڑکیوں کے پڑھانے کی کتابیں

مصنفہ علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند ... قاعدہ تعلیم الاسلام ... تعلیم الاسلام حصہ اول ... دوم ... سوم ... چہارم ... ملنے کا پتہ منیجر کتب خانہ دینیات مدرسہ امینیہ دہلی

برسات میں چٹنی بڑا مزا دیتی ہے

چٹنی نورجہاں

تمام شیریں چٹنیوں کی سرتاج ہے ... قیمت فی سیر عہ علاوہ محصول و پیکنگ معاف۔

پتہ محمد میاں اینڈ برادر اچار مربے والے کھاری باؤلی دہلی

اکسیری منجن!!

یہ منجن بہت سے تجربات اور اخراجات کے بعد تیار کیا گیا ہے اس کے استعمال سے تمام امراض دانت مثلاً درد دانت، دانتوں کا ہلنا، دانتوں کا زرد یا سیاہ ہو جانا، دانتوں سے خون کا آنا، کالے ٹیڑھے مسوڑھوں کا پھولنا، گوشت خورہ، گندہ دہنی وغیرہ وغیرہ تمام امراض لگتے ہی دور ہو جاتے ہیں ... قیمت فی شیشی ۸ آنے ... علاوہ محصول ڈاک۔

محمد عبدالعزیز خاں تاجر کتب لوہا بازار بھوپال

حلفیہ بیان و سابق شیر پاٹ ضرغام الدین خاں کا معالجہ

... منیجر دواخانہ اسی النغر با محلہ شاہ نظر دیوان کوٹ لپنڈی شہر

سفید بال

ساتھ دن میں جڑ سے کالا ہو تو قیمت واپس۔ یہ خضاب نہیں ہے خوشبو دار تیل ہے چاہے شرط لکھا لیں۔ قیمت صرف چار روپے (للعہ)

پتہ منیجر گنگا پرشاد گپتا بہار میڈیکل اسٹور دربھنگہ

سفید بال پندرہ دن میں جڑ سے کالا

... منیجر ہربرنا اسٹور کنسی سمری دربھنگہ

ضبط نہ ہوئی تو روانہ ہوگی ورنہ شکایت معاف

پیشنگوئی ظہور امام مہدی آخرالزمان و نزول عیسیٰ علیہ السلام

پیشنگوئی کا عجب احوال ہویدا ہوگا | کوئی پاجائیگا عزت کوئی رسوا ہوگا
کفر دنیا سے یقین ہے کہ فراری ہوگا | سکہ اسلام کا آفاق میں جاری ہوگا
مدعیٔ مہر و کرم حضرت باری ہوگا | مورد قہر اک کافر و ناری ہوگا

... حکیم ڈاکٹر ماجد حسین کارخانہ اکسیر امرت بارہ بنکی۔ اودھ

رنگ روغن وارنش اور اینمل

... آئی۔ بی۔ اینڈ سٹینڈرڈ وارنش کمپنی کے لئے دریافت کرو۔

سول ایجنٹ دی سٹینڈرڈ پینٹ اینڈ وارنش کمپنی انڈیا چاندنی چوک متصل گوردوارہ دہلی

نوٹ۔ ہر بڑے شہر میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

... زنگی قلم کمپنی نئی سڑک دہلی

پانچ روپے انعام

مہاتما کی بنائی سفید کوڑھ کی عجیب دوائی تین دن میں پورا آرام اگر سینکڑوں حکیموں ڈاکٹروں وید و اشتہار بازوں کا علاج کر کے مایوس ہو چکے ہوں تو اس دوائی کو استعمال کر کے صحت حاصل کریں اس کے بے فائدہ ثابت ہونے پر پانچ روپیہ انعام جنہیں یقین نہ ہو ایک آنہ کا ٹکٹ لگوا کر شرط لکھا لیں قیمت ۴ ملنے کا پتہ اکھل کشور رام اسپوسٹ کٹری سرائے گیا

مفت رسالہ زندگی

اگر آپ زندگی کے بہترین حصہ کو بے احتیاطی سے ضائع کر کے لطف زندگی سے محروم ہو چکے ہیں اور اسے حاصل کرنے کے لئے بے قرار ہیں تو آپ کے لئے رسالہ زندگی کا مطالعہ نہایت ضروری ہے ... ایک کارڈ لکھ کر مفت حاصل کریں۔

منیجر شفاخانہ معاون صحت رجسٹرڈ شہر راولپنڈی پنجاب

VITAMINE PILLS

GOLDEN

دل کی مراد پوری ہو جائے گی

CAPITAL MEDICATION CO. DELHI

لوکل ایجنٹ:۔ ایم۔ این۔ خان۔ بازار لال چاہ دہلی

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

تندرست اور طاقتور بنو۔ پھر دنیا تمہاری کنیز ہے اگر تندرستی چاہیئے تو ہمدم دواخانہ پوسٹ بکس ۱۷۰ دہلی سے فہرست ادویات مفت طلب کیجئے۔

تار کا پتہ: "الجمعیۃ دہلی"

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

الجمعیۃ

سہ روزہ — دہلی

ید اللہ علی الجماعۃ

تاریخہائے اشاعت: ہر عیسوی ماہ کی ۱ ۵ ۹ ۱۳ ...

نرخنامہ اشتہارات

قیمت اخبار: ہندوستان کیلئے — سالانہ، ششماہی، سہ ماہی، فی پرچہ — نمونہ مفت — ممالک غیر کیلئے

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی۔ اے)

معاون: محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۴ | دہلی یوم پنجشنبہ ۵ ربیع الثانی سنہ ۱۳۵۰ ہجری مطابق ۲۰ اگست سنہ ۱۹۳۱ء | نمبر ۱۳

جبریہ تعلیم اور حفظ قرآن

کیا بہی خواہان تعلیم اسلام توجہ فرمائیں گے؟

(از مولانا محمد میاں صاحب مدرس مدرسہ شاہی مسجد مراد آباد)

(گذشتہ سے پیوستہ)

اسکول کے تمام اوقات میں ہندی یا اردو کی چند کتابیں حساب املا اور آدھ گھنٹہ تفریح کا ہے۔ بچوں کے کلاس سے لیکر درجہ چہارم تک کے مختلف پروگرام اور نصاب ہمارے سامنے ہیں۔ آج کل منیر علی صاحب انسپکٹر تعلیمات کا منظور کردہ پروگرام نافذ ہے۔ ان چاروں درجوں میں تاریخ یا اخلاق کے متعلق بھی کوئی کتاب نہیں پائی جاتی ...

کتب تفاسیر کو (معاذ اللہ) تنگ نظر ناواقف علماء کی مضحکہ خیز تاویلات کا دفتر پارینہ کہہ دیا جاتا ہے۔ کتب احادیث کو (معاذ اللہ ثم معاذ اللہ) یہود اور نصاریٰ کی روایات کا انبار ...

معاصرین کے افکار و آراء

ڈاکٹر مونجے کا تعصب! (ہند)

سب جانتے ہیں کہ ہندو مسلم سمجھوتے کے لئے کانگریس نے جو اصول منظور کئے ہیں وہ سب مسلمانوں کو مطمئن نہیں کرسکے۔ بلکہ یہ واقعہ ہے کہ وہ تمام مسلمان جو کانگریس سے باہر ہیں ان اصول کو مسترد کر رہے ہیں۔ اب ڈاکٹر مونجے صاحب سامنے آئے ہیں اور ہندو مہاسبھا کی طرف سے ان تمام باتوں کی بھی مخالفت پر کمربستہ ہوئے ہیں جو کانگریس کے منظور کردہ اصول ہیں ...

مسلم کانفرنس، مولانا شفیع داؤدی صاحب سکرٹری مسلم کانفرنس، اور سر محمد اقبال کو ممبری کانفرنس کے لئے نامزد کیا ہے۔ گورنمنٹ نے جو مسلمان گول میز کانفرنس کی ممبری کے واسطے نامزد کئے ہیں ان میں صرف ایک سر علی امام ایسے ہیں جو جداگانہ انتخاب کے مخالف ہیں ...

مسئلہ کشمیر اور سکھ اور ہندو (ریاست)

ریاست کشمیر میں مسلمانوں کی بے چینی ایک خالص سیاسی حیثیت رکھتی ہے ...

حامیان مسلم کانفرنس کی نرالی ادا

سچ نہیں رہیں گے

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ

قرآبادین مفید عام

... قرآبادین مفید عام کا سائز اور ضخامت ... قیمت فی نسخہ صرف ... علاوہ محصول ڈاک رکھی گئی ہے۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

وسیلۂ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کر کے ... دو بیش بہا کتابیں ...

ملنے کا پتہ: منیجر مکتبہ علمیہ بلیماران دہلی

چلو چھٹی ہوئی

تحفہ سیاہ فام

... منیجر انڈین خضاب ورکس سیالکوٹ سٹی

ایک ماہ میں انگریزی آجائے گی

... مشہور بک ایجنسی پھاٹک حبش خان دہلی

بے روزگاروں کیلئے سنہری موقع

گورنمنٹ آف انڈیا سے تمام ہندوستان کے لئے رجسٹری شدہ ... اس کالج کا پاس شدہ ... موٹر ڈرائیور اور موٹر فٹری کا کام سکھا دیا جاتا ہے اور ملازمت کی ذمہ داری بھی لینا ہے ...

منیجر دی کیپٹل پولیٹیکنیکل موٹر ٹریننگ کالج حلقہ جامع مسجد دہلی

ایک لاثانی و نایاب چیز

بیش قیمت جڑی بوٹیوں سے تیار کیا ہوا

نیم کا صابن

...

ملنے کا پتہ: منیجر جنرل ٹریڈنگ ایجنسی جگ سلائی ٹانگر

نوٹس

بذریعہ اشتہار ہذا پبلک کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ہم نے ایک برانچ آفس واقع عقب ڈاکخانہ صدر بازار دہلی کھولا ہے جہاں نمبر ... کے کارخانوں کا تیار کردہ صابون ہر وقت مل سکتا ہے۔ نرخ وغیرہ کے متعلق مفصل معلومات ... سے حاصل کریں۔

... ہیڈ آفس کراچی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشۂ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰ حضرت نے تراجم اور تفسیری خوبیوں کو دیکھ کر بہت پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرما لیا۔ صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں، مولانا شاہ رفیع الدین صاحب مولانا شاہ عبد القادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے۔ علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر بڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن مجید کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ دس روپے (۱۰) علاوہ محصول ڈاک ہے۔

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

سب سے سستا اور صحیح قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا۔ اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے۔ نورانی قرآن مجید کی صحت کے لئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے دردِ دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے۔ نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے با موقع ہیں کہ عورت مرد بوڑھے بچے ان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کرسکتے ہیں۔ نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے۔ جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دیجاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی عمر بلا جلد مجلد پارچہ عہ مجلد چرم نقرہ علاوہ محصولڈاک دو روپے (عہ)

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت صحیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے سے دل مسرور ہوجاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ: قسم اعلیٰ سفید کاغذ حاشیہ دار ... قسم دوم ... علاوہ محصول ڈاک جلد پارچہ ... چرم ...

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

انتقادات

ھند کلکتہ سے جناب عبدالرزاق صاحب ملیح آبادی کے زیر ادارت ایک جدید روزنامہ جاری ہوا ہے جس کے چھ نمبر اب تک شائع ہو چکے ہیں اور اس وقت ہمارے سامنے موجود ہیں۔ اپنی تقطیع، کتابت و طباعت اور ترتیب مضامین کے اعتبار سے ہندا اردو صحافت میں جدت طرازی اور ارتقا پسندی کی طرف مائل ہے اور پرانی ڈگر پر چلنے کے بجائے عہد حاضر کی جدید صحافتی خصوصیتیں پیدا کرنا چاہتا ہے۔ ۲۰×۳۰ سائز کے ۸ صفحات پر جاری کیا گیا ہے ہر صفحے میں پانچ کالم ہیں اور مقالہ افتتاحیہ کے علاوہ روزانہ کی خبروں اور اخباری مضامین کو ...

معالجات جدید دہلی کے یونانی طبی کالج نے ہندوستان کے فن طب کی جو شاندار خدمت انجام دی ہے اس کا اندازہ ان بے شمار طلباء کی تعداد سے لگایا جا سکتا ہے جو ہر سال کامیابی کے ساتھ کالج کو چھوڑ کر مخلوق خدا کو فائدہ پہنچا رہے ہیں۔ اس کالج کی سب سے بڑی خصوصیت جس پر مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں مرحوم ہمیشہ توجہ فرماتے رہے ہیں ہے کہ وہ علاج کے مختلف طریقوں سے طلباء کو واقفیت تامہ بہم پہنچاتے ہیں اور پھر ان میں یہ قابلیت پیدا کرتا ہے کہ وہ خود اپنی تشخیص اور تجویز سے کام لے سکیں۔ اس کالج کے ایک پروفیسر جناب حکیم نذیر الدین احمد کامل طب ...

حضرات صابن منگانا چاہیں وہ مندرجہ ذیل پتہ پر خط و کتابت کر کے فہرست طلب کریں۔ دی ماڈرن سوپ فیکٹری۔ لال کنواں۔ دہلی۔

فرقہ وارانہ مسائل کا بہترین حل

جمعیۃ علماء ہند کے فارمولا کی تائید

(از مولانا سید طفیل احمد صاحب۔ علی گڑھ)

ہندوستان کی آزادی کا انحصار عرصہ سے اس امر پر تھا کہ مختلف فرقوں میں باہمی سمجھوتہ ہو۔ بد قسمتی سے مسلمانوں کی مختلف جماعتوں کے درمیان کوئی متفق علیہ فیصلہ نہ ہو سکا تب مجبور ہو کر کانگریس کی ورکنگ کمیٹی نے ایک فارمولا بطور اپنے مختلف فرقوں کے سامنے پیش کیا۔ اسے مسلم نیشنلسٹ اصحاب کی اکثریت نے ...

حجاز مقدس میں اقتصادی اور تمدنی اصلاحات کا نیا دور

کنوؤں کی تعمیر معادن کی تنقیب اور زراعت کو ترقی دینے کا زبردست پروگرام

تین ہزار سال پیشتر جزیرۃ العرب کی تاریخی عظمت

(فقید الشرق فخر عدنان امیر شکیب ارسلان کے قلم سے)

حضرت امیر عادل امیر شکیب ارسلان نے حجاز مقدس کے اقتصادی اور عمرانی حالات پر ذیل کا پر مغز مقالہ سپرد قلم فرمایا ہے جس میں حجاز کی آئندہ ترقی پر واقفانہ کے ماتحت روشنی ڈالی گئی ہے۔ فقید الشرق کے اس مضمون کا ترجمہ ہم مجلہ "المنار" سے ہدیہ قارئین کرتے ہیں۔ امیر موصوف فرماتے ہیں ...

... اس لئے ہم امیر غلام سے فقیر آزاد بہتر ہیں علاوہ ازیں استقلال حیات اور حریت کے فقدان کے بعد ثروت کا جمع ہونا بھی مشکل ہے کیونکہ ثروت و عزت اور آزادی توام ہیں۔ غلامی اور محکومی فقر و افلاس کا ہی دوسرا نام ہے ...

کان کنی کے لئے سرکاری کمپنیوں کی خدمات حاصل کی جائیں

استعمار کا خطرہ

جزیرۃ العرب کی عظمت اور ایک جرمن مصنف

قدرتی ذخائر سے استفادہ

صابن ...

چاقو اور استرے ...

سعید ...

آئینہ حقیقت نما ...

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ

دہلی

یوم پنجشنبہ ۵ ربیع الثانی ۱۳۵۰ھ

مسئلہ کشمیر

راجا اور پرجا کی جنگ

اس وقت ملکی سیاسیات میں جماعتوں کی کچھ ایسی تقسیم ہو گئی ہے کہ ہر مسئلہ خواہ وہ کتنا ہی غیر اختلافی کیوں نہ ہو جماعتی رنگ میں رنگ دیا جاتا ہے اور باوجود اغراض و مقاصد کے اتفاق و اتحاد کے اسے آہستہ آہستہ نفاق و شقاق کا ذریعہ بنا لیا جاتا ہے آپ خواہ کوئی بات کہیں اور وہ بات خواہ کتنی ہی معقول کیوں نہ ہو آپ کے مخالفین اس کے خلاف ضرور آواز بلند کریں گے اور نہایت ...

... کچھ اور کر کے ہی دنیا میں ترقی کر سکے اور اپنے ... سے نجات حاصل کر سکے جب خرابی بسیار کے بعد رعایا کو ہوش آیا اور اس نے اپنی تباہ حالی پر غور کیا تو مہاراجہ کی خدمت میں عرضداشتیں بھیجی گئیں۔ وفاداری کے اعلانات اور عقیدتمندی کے مظاہروں کے ساتھ ساتھ التجائیں کی گئیں کہ خدا کے واسطے ہمیں لاکھ ہا انسانوں کو مصیبت سے نجات دلائیے تو صدائے برنخاست۔ اول تو مہاراجہ کے ...

آل انڈیا کشمیر کمیٹی بنائی گئی ہے تو اس کی تشکیل سے بنیادی اختلاف رکھنے کے باوجود ہم نے اس کے اس اعلان کو نہایت اطمینان و مسرت کے ساتھ دیکھا تھا کہ کشمیر ایجی ٹیشن کا تعلق ہندوستان کے ہندو مسلم تنازعات سے بالکل نہ ہوگا اور خود کشمیر کے مسلمان بھی اس معاملہ میں بہت زیادہ سخت اور اب تک برابر اسی پر زور دے رہے ہیں کہ خدا کے واسطے کشمیر کے مسئلہ کو ہندو مسلم سوال نہ بننے دیجئے مگر یا ہو اس بے نظمی اور انتشار کا کہ خود مسلمانوں ہی میں سے چند لوگ اٹھتے ہیں اور اخبارات میں ایسی اشتعال انگیز اور غیر ذمہ دارانہ تحریریں شائع کرنا شروع کر دیتے ہیں جو ہندوؤں کو مسئلہ کشمیر میں مداخلت سے باز رکھنے کے بجائے انہیں اور زیادہ مشتعل کرتی ہیں اور ایک ایسے مقصد کو شدید نقصان پہنچاتی ہیں جو نہ صرف تمام مسلمانوں بلکہ تمام انصاف دوست ہندوستانیوں کو عزیز ہونا چاہئے۔ جب بار بار یہ کہا جا چکا ہے کہ کشمیر کے مسئلہ کو ہندو مسلم ذہنیت سے بالاتر رکھنا چاہئے تو ہماری سمجھ میں نہیں آتا کہ ہندوؤں کو برافروختہ کرنے کے لئے کشمیر کو سامنے رکھ کر ایسا ہی پروپیگنڈا کیوں کیا جاتا ہے جو دوستی کے بجائے منافرت بڑھانے والا ہے اور جس کے بعد ہندو اخبارات اور متعصب ہندو مقررین کے لئے اپنی قوم کو ابھارنے اور کشمیر کی حمایت اور مسلمانوں کی مخالفت کرنے کا موقع ...

... کر کے فضا کو خراب کر دیں گے جو آپ کا طریق کار رہا ہے مگر اس سے کشمیر ایجی ٹیشن کو کوئی فائدہ نہ پہنچے گا بلکہ اس طرف سے توجہ ہٹ جائے گی اور ان مظلوموں کو سخت نقصان پہنچے گا۔ کشمیر کا مسئلہ مخصوص ہے وہاں راجا اور پرجا میں جنگ ہو رہی ہے اس کو اسی حد تک محدود رکھئے۔ ہندو مسلم جنگ نہ بنائیے۔

غفلت کی حمایت

واقعات و حقائق

اشتعال انگیز پروپیگنڈا

غلط فہمی کا ازالہ

جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس عاملہ نے اپنے اجلاس منعقدہ سہارنپور میں فرقہ وارانہ مسائل کا اطمینان بخش اور منصفانہ حل پیش کرنے کے لئے جو فارمولا منظور کیا ہے اور جس کی بنا پر جمعیۃ کے محترم اراکین نے بمبئی میں گاندھی جی اور کانگریس ورکنگ کمیٹی سے گفتگو کی تھی اس کے متعلق ایک غلط فہمی عام طور پر پھیلائی جا رہی ہے ...

... کے حسن و قبح پر موقوف ہے اس لئے ان دو جماعتوں میں سے کوئی جماعت بجا طور پر اپنا حامی یا مؤید قرار نہیں دے سکتی۔ ہمیں امید ہے کہ آئندہ اس سلسلہ میں احتیاط سے کام لیا جائے گا۔

کلکتہ کے مسلمانوں سے

جمعیۃ علمائے ہند کی مذہبی و قومی خدمات کسی تعارف کی محتاج نہیں ہیں۔ تمام ہندوستان ...

احادیث نبوی

(از حضرت مولانا مولوی حافظ حاجی احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند)

جو حاکم اور راعی لوگوں کی حاجت مصیبت اور فقر سے بے پروائی کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی ضرورت اور حاجت سے قیامت کے دن بے پروائی کرے گا۔ (ابوداؤد) مطلب یہ ہے کہ رعایا کی حاجت پر توجہ نہیں کرتا اور ان کے افلاس کو دور کرنے کی کوشش نہیں کرتا تو قیامت میں اس کی حاجت بھی پوری نہیں کی جائے گی۔

جو حاکم قصور مند کیلئے اپنا دروازہ بند کر لیتا ہے اور رعایا کے دکھ درد میں شریک نہیں ہوتا تو خدا تعالیٰ قیامت کے دن ان سے اپنی رحمت کا دروازہ بند کر لیگا۔ (احمد)

بغاوت اور قتل عمد

ظلم۔ ظالموں کی اعانت اور حاکم کی نصیحت

کمپنی باغ میں باشندگان دہلی کا عظیم الشان جلسہ

مولانا سید عطاء اللہ شاہ صاحب کی زبردست تقریر

حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کی بیعت کا اقرار

دہلی ۱۰ اگست سنہ ۳۱ء - آج آزاد گراونڈ واقع کمپنی باغ دہلی میں بعد نماز عشاء مسلمانان دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی کی صدارت میں منعقد ہوا۔

اول قاری خادم حسین صاحب نے قرآن پاک کی تلاوت کی پھر جناب صدر نے ایک مبسوط تقریر فرمائی آپ نے فرمایا کہ میرا تعلق جماعت احرار سے ہے جس نے ہمیشہ آزادی وطن کے لئے سرفروشانہ خدمات انجام دیں لیکن ہندو پریس نے ہمیں فرقہ پرور کا خطاب دیا ہے، حالانکہ یہ کسی طرح درست نہیں ہو سکتا کیونکہ جس طرح ہم آزادی وطن کے لئے سرفروشانہ خدمات انجام دے رہے ہیں اسی طرح اپنی ملت کے جائز مفاد کو بھی نظر انداز نہیں کر سکتے آزادی وطن کے لئے مسلمانوں کو ہر قسم کی قربانی دا ایثار کی تلقین کرتے ہوئے ہندو مسلم اتحاد پر زور دیا آپ نے فرمایا کہ موجودہ تعلیم ہندو کو حکومت سے عداوت اور مسلمان کی دشمنی پر آمادہ کرتی ہے اور مسلمانوں کو حکومت کی وفاداری اور ہندو کی عداوت کی ترغیب دیتی ہے۔ اگر ہندو مسلمانوں میں حقیقی اتحاد ہوتا تو ہندوستان اب سے بہت پہلے آزاد ہو چکا ہوتا۔ فاضل صدر نے اپنی تقریر کو جاری رکھتے ہوئے مسلمانوں کو ایک امیر پر متحد ہونے کی ہدایت کی اور ان کی تمام کامیابیوں کو بیت امیر میں مضمر بیان فرماتے ہوئے مسلمانان دہلی سے اپیل کی وہ حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کے ہاتھ پر بیعت کریں آپ کے بعد مجاہد کبیر مولانا عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری اللہ اکبر کے فلک بوس نعروں میں تقریر کرنے کے لئے کھڑے ہوئے آپ کی تقریر نہایت مدلل تھی ...

جمہوریہ اسپین نے اہل ریف کے تمام مطالبات منظور کر لئے

رئیس جمہوریہ کی طرف سے اسلامی وفد کا شاندار استقبال

منظور کردہ مطالبات کے نفاذ کا حتمی وعدہ

اسپین کی شخصی حکومت کا دور ختم ہوتے ہی ریف کے مجاہد عربوں نے جمہوری حکومت کے سامنے اپنے مطالبات پیش کرنے کے لئے میڈریڈ (دار الحکومت اسپین) کو اپنا ایک وفد ارسال کیا تھا اب خبر آئی ہے کہ اس وفد نے جمہوریہ اسپین کے سامنے مندرجہ ذیل مطالبات پیش کئے:-

(۱) پریس کی آزادی (۲) محاکم شرعیہ کا قیام (۳) اسلامی مدارس کا افتتاح جس میں خالص اسلامی طریق پر تعلیم کا انتظام ہو (۴) میونسپلٹی میں طریق انتخاب (۵) قرطبہ کی جامع اعظم کی واپسی جس میں بیک وقت اسی ہزار مسلمان نماز ادا کر سکتے ہیں اور جو آج سے سات سو برس پیشتر تعمیر کی گئی تھی یا وطنی وفد اپنے مطالبات کو پیش کر کے بہت خوش واپس آگیا ہے۔ اسپین میں اس وفد کا شاندار سرکاری استقبال کیا گیا تھا اور رئیس جمہوریہ نے خاص اخلاق کا سلوک کیا۔ وفد مذکور کے مطالبات سنکر اس کو اطلاع دی گئی کہ ان کے تمام مطالبات منظور ہیں۔ جمہوری حکومت ان کو جلد نافذ کر دے گی۔ وفد میں عبد السلام نمونہ سابق وزیر مال بھی شریک تھے۔

تاڑی کی دوکانوں کے نیلام پر پکٹنگ

لندن کانفرنس کے بائیکاٹ کی تائید

ڈیرہ اسمٰعیل خاں کے قریب ایک گاؤں میں فساد

دہلی کمپنی باغ میں ایک قدیم مسجد کا انکشاف

ہندو مہاسبھا کا شر انگیز پروپیگنڈہ

خورجہ میں سینما پر مسلمانوں کی طرف سے پکٹنگ

پولیس اور برمی باغیوں میں خوفناک جنگ

ڈائریکٹر ایکزیکیٹو کونسل میں مزید ہندوستانی

سری نگر میں یوم کشمیر کس طرح منایا گیا

دفعہ ۱۴۴ کے ماتحت جلوس نکالنے کی ممانعت

سری نگر ۱۴ اگست۔ ریاست کشمیر کا ایک سرکاری اعلان مظہر ہے کہ شہر میں مسلمانوں نے جزوی ہڑتال منائی۔ بعض دوکانیں تو تمام دن کھلی رہیں اور بعض صبح دس بجے سے لیکر صرف تین بجے تک بند رہیں۔ ہندوؤں کی تمام دوکانیں کھلی رہیں۔ جامع مسجد اور زیارت گاہ میں جلسے ہوئے اور نماز کے بعد تقریریں کی گئیں۔ دفعہ ۱۴۴ کے ماتحت جلوس نکالنے کی ممانعت کر دی گئی تھی اس لئے کوئی جلوس نہیں نکالا گیا۔ شملہ کشمیر کمیٹی کی جانب سے مطبوعہ پروگرام اور مرزا بشیر محمد قادیانی کی جانب سے مطبوعہ گشتی مراسلے شہر میں تقسیم کئے گئے اور مسلمانوں نے اسی کے مطابق عمل کیا۔ دن بخیر و خوبی گزر گیا اور کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا۔

شہداء کی قبروں پر جمع ہونا بھی جرم ہو گیا

مجمع کو پانی ڈال کر منتشر کیا گیا

سری نگر ۱۴ اگست۔ پرسوں چند مسلمان مرد اور عورتیں اس قبرستان میں جمع ہوئیں جہاں ان لوگوں کی نعشیں دفن کی گئی ہیں جو تازہ فساد میں مارے گئے تھے۔ پولیس نے مجمع پر پانی برسایا جس کی وجہ سے مجمع پر امن طریقہ پر منتشر ہو گیا۔

دربار کشمیر سے ہندو جرائد کی غلط بیانیوں کی تردید

نہ کوئی گائے ذبح کی گئی اور نہ نظر بندوں نے معافی مانگی

سری نگر ۱۴ اگست۔ سرکاری اعلان مظہر ہے۔ ملاپ نے ۱۰ اگست کے پرچے میں یہ خبر شائع کی ہے کہ سلک فیکٹری جیوں دکار خانہ ابریشم) میں ایک آدمی گرفتار کیا گیا جس نے اقبال کیا کہ وہ چار آدمیوں کی جانیں لینا چاہتا ہے۔ ملاپ کا یہ بیان سراسر غلط ہے۔ حکام کو اس قسم کی کوئی خبر نہیں ملی۔ ۲ اگست کے ٹریبون میں یہ خبر شائع ہوئی ہے کہ گلگام تحصیل میں چند گائیں ذبح کی گئی ہیں یہ خبر بھی غلط ہے بعض بیرونی انجمنوں نے ہز ہائی نس سے درخواست کی تھی کہ انہیں فسادات کشمیر کے سلسلہ میں خاطر خدمت ہونے کی اجازت دی جائے۔ لیکن ان کی یہ درخواست اس بنا پر نامنظور کر دی گئی ہے کہ ایسے دفود کی آمد سے جوش پھیلنے کا امکان ہے۔ عبد نظربندوں کی رہائی کے متعلق اخبارات میں متضاد خبریں شائع ہوئی ہیں۔ یہ رہائی ۲ اگست کو عمل میں آئی اسی تاریخ کے سرکاری بیان میں یہ اطلاع بھی شائع کر دی گئی تھی کہ انہوں نے بعض تحریری شرائط پیش کی تھیں جن کی بنا پر انہیں رہا کر دیا گیا تھا یہ خبر غلط ہے کہ انہوں نے معافی طلب کی تھی۔

لندن کی روانگی سے پیشتر مولانا شوکت علی کا بیان

ہمارے مطالبات گول میز میں منظور ہونگے

بمبئی ۱۵ اگست۔ مولانا شوکت علی لندن روانہ ہو گئے ہیں اور ایک بیان شائع کیا ہے کہ میں امید، صبر اور جرات کے ساتھ ہندوستان چھوڑ رہا ہوں۔ میں نا موافقت سمجھوتہ کر کے جا رہا ہوں اور میں اس کے حصول کے لئے ہر کوشش کرونگا۔ ہندوؤں اور کانگریس نے ہمارے مطالبات منظور نہیں کئے۔ ہمیں امید کرنی چاہئے کہ گول میز کانفرنس میں یہ منظور ہونگے مجھے ہندوؤں سے کوئی نفرت نہیں۔

آخر میں آپ نے اپیل کی کہ محمد علی میموریل کے لئے بیگم محمد علی اور ڈاکٹر معین کا فنڈ کی فراہمی کے لئے امداد کی جائے۔ ہمیں تمام مسلمانوں سے جو ہیں چاہئے پیارے دوست انصاری بھی شامل ہیں التجا کرتا ہوں کہ وہ متحد رہیں۔

گاندھی جی کی لندن کو روانگی کا امکان

آخری اطلاع

شملہ ۱۷ اگست۔ گاندھی جی کی روانگی لندن کا مسئلہ حکومت ہند کے زیر غور ہے شملہ کے حلقوں میں مسئلہ کا حل ممکن تصور کیا جاتا ہے۔ ...

اب گاندھی جی کے لندن جانے کا کوئی امکان نہیں

قوم پروروں پر مخالفین کے شرمناک حملوں کا انسداد

ایک کسان کی خوفناک درندگی

حکومت اعلان کر دے کہ سمجھوتہ ختم ہو گیا

گاندھی جی کا اظہار خیال

مہاراجہ کشمیر سے مسلم وفد کی ملاقات

جمعیۃ علمائے ہند اور مسلمانان کلکتہ

حقیقی صلح صرف ہندوستان میں ہو گی

ایک انگریز کے ہاتھوں اپنی بیٹی کی عصمت دری

سی آئی ڈی پولیس کا حیرت انگیز کارنامہ

لارڈ ارون مصر کے ہائی کمشنر مقرر ہو نیوالے ہیں

گاندھی جی کو ایک امریکن کا تحفہ

چین میں ایک سیکنڈ میں اڑ گیا

خان عبد الغفار خان کی صدارت میں پولیٹیکل کانفرنس

ایکسل کے ہندو مسلم ملازمین میں فساد

جبریہ تعلیم اور حفظ قرآن

(بسلسلہ صفحہ اوّل)

کیا پریس سے حفاظت قرآن ممکن ہے

اعتراض کیا جاتا ہے کہ دنیا کی تمام کتابوں کی آج پریس حفاظت کر رہا ہے تو کیا قرآن پاک کی حفاظت سے وہ قاصر رہے گا۔

مگر جواباً عرض ہے کہ کیا خود پریس کی حفاظت کی بھی کوئی ذمہ داری لے سکتا ہے؟ دنیا انقلاب کی معرکہ گاہ ہے تاریخ اپنے قدیم اوراق پلٹتی رہتی ہے لیل ونہار کی گردش بنے بنائے مجسموں کو زیر خاک کرتی رہتی ہے اور پرانی ہڈیوں کو اچھالتی رہتی ہے۔

کسی زمانہ میں انسان موجودہ تہذیب کے بال پر سے تمدن حاضر کے زیورات سے ناآشنا تھا کس کو خیال تھا کہ کوئی اس عہد بہیمیت کی یاد بھی تازہ کریگا اور دور ماضی کے ذرات کو پھر جگمگانے کی کوشش کرے گا۔ مگر قصر تہذیب کے بالانشین لاکھوں افراد نے بام تمدن سے نیچے اتر کر قبائے تہذیب کو چاک کر دیا اور جرمنی اور فرانس کے لاکھوں افراد نے مادر زاد برہنگی کو اختیار کر کے عہد قدیم کی طرف رجعت قہقری شروع کر دی۔

تخفیف اسلحہ کی کمیٹیاں غالباً پرانی دنیا کی طرح آج پھر میدان جنگ کو بندوقوں کی گولیوں اور توپوں کے دھماکوں سے سنسان دیکھنا چاہتی ہیں فضاء آسمانی کو ہوائی جہازوں اور طیاروں سے معرا کرنا چاہتی ہیں۔ جدید ٹرکی نے انقلاب کا ایک ورق اولٹا اور پریس داہنی جانب سے بائیں جانب پلٹ گیا عربی حرفوں کی جگہ لاطینی حروف نے لے لی اخبارات اور جرائد نے حجازی حلوں کو اتار کر یورپین ڈریس زیب تن کر لیا۔ کیا مسلمانوں کی ہمیت قرآن پاک کی حفاظت کو اسی پریس کے حوالہ کرنا چاہتی ہے۔ اور اگر پریس موجود بھی رہے تو کیا پریس کی مطبوعات بھی موجود رہ سکتی ہیں۔ اعلیٰ اعلیٰ دماغوں کی بیسیوں تصانیف ایسی ہیں جو ایک زمانہ میں رواج یافتہ تھیں مگر زیادہ دن نہیں گذرنے پائے کہ چند مکانوں کے علاوہ ان کا پتہ کہیں نہیں چلا جو رفتہ رفتہ وہاں سے بھی ختم ہو گئیں۔ اور اگر خدا ترسی اور خدا پرستی کو معاذ اللہ لغو سمجھ کر ماسکو جیسی کسی گورنمنٹ نے قرآن شریف ہی کو ضبط کر لیا تو پشاور کی رپورٹ کی طرح ...

ترجمہ قرآن کی اشاعت اور تعلیم

حفاظت قرآن کی عمر

تضییع اوقات

[illegible]

پیلی بھیت کیوں مشہور ہے

اس لئے کہ دنیا سے بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کی ایک مشہور دوا بہرے پن کی درد روغن کرامات تمام دنیا میں پہنچتی ہے ہزارہا ڈاکٹر اور انگریز حسب کی قدر کرتے ہیں۔

بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات

کان بہنے ہر طرح کی آوازیں ہونے اور کان کی ہر ایک چھوٹی سے

بہرا پن چھوٹی اور بڑی سے بڑی بیماری کی ایک خاص صفت دوا ہے قیمت فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ (عہ)

جن صاحبان کو اعتبار نہ ہو وہ خود یہاں تشریف لا کر علاج کرا سکتے ہیں دھوکہ دینے والوں مکار ٹھگوں اور جعلسازوں نقالوں سے بچنا آپ کا فرض ہے۔ ہمارا پتہ یہ ہے۔

کان کی دوا بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یو۔پی)

ضرورت ہے

... ایجنٹوں کی ضرورت ہے شرائط ایجنسی وغیرہ کے لئے درخواستیں اس پتہ پر آنی چاہئیں۔

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

ایک ماہ میں انگریزی آجائے گی

... ملنے کا پتہ ... کلاں محل دہلی

ZANGI

زنگی قلم کمپنی نئی سڑک دہلی

گول میز کانفرنس سے پہلے ہر مسلمان کو مسئلہ انتخاب کا مطالعہ ضروری ہے تاکہ وہ اس کے فیصلے کی اچھائیاں اور برائیاں صحیح طور پر سمجھ سکے پانچ آنہ کے ٹکٹ مع محصول ڈاک وغیرہ بھیجکر طلب کریں۔ ایم۔ اے۔ مجید معرفت الجمعیۃ دہلی

جڑی بوٹی کا کمال

سفوف بچھیرہ ... تیر بہدف ... کنٹھ مالا اور خنازیر کی مجرب دوا ...

منیجر دواخانہ حسینی حسن منزل لال کنواں دہلی

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

اشتہار

طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ تعطیلات کلاں کے بعد ... کو کھلے گا ... فرسٹ ایر کلاس میں داخل ہونے والے طلباء کا داخلہ ہو گا ... کے بعد کوئی درخواست نہیں لی جائے گی۔

پرنسپل طبیہ کالج علی گڈھ

بے روزگاروں کیلئے شریفانہ ذریعہ معاش

اگر آپ بے روزگاری کے ہاتھوں تنگ ہیں اور معاش کا کوئی بہتر ذریعہ آپ کے پاس نہیں ہے تو الجمعیۃ کی ایجنسی حاصل کرنے کے لئے آج ہی درخواست بھیجئے الجمعیۃ کی ایجنسی لیکر آپ ... روزانہ تک باآسانی کما سکتے ہیں اور اسی کے ساتھ ایک حق پرست اسلامی اخبار کی توسیع اشاعت کا فرض بھی ادا کر سکتے ہیں۔ شرائط ایجنسی کے لئے اس پتہ پر ایک کارڈ لکھئے

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

مسلمانوں کو خوشخبری

نصف ہدیہ میں صحیفہ پاک ...

منیجر عزیزی پریس بک ڈپو گورنمنٹ بھوپال

... خرم کن مواد اے کفر و عصیاں کردہ

ان دل وجانے کہ اول نظر قرآن کردہ

اس طویل افسانہ کے آخر میں مسلمانوں سے عموماً اور تعلیمی اداروں کے اراکین سے خصوصاً درخواست کرتا ہوں کہ اگر انہوں نے قرآن کے متعلق کوئی دوسری رائے قائم کی ہو تو اس پر نظرثانی فرمانے کی تکلیف گوارا فرمائیں۔ نیز ابتدائی تعلیمات میں اس مقدس رسم کی انسداد کی کوشش نہ کریں بلکہ روز افزوں ترقی دینے کی جدوجہد فرمائیں۔

آج دنیا اپنی مذہبی کتابیں مفت تقسیم کر رہی ہے کروڑوں روپیہ اس سلسلہ میں خرچ کرتی ہے۔ تو کیا مسلمان اپنے سچے خدا کی سچی کتاب کو شائع کرنے کے بجائے سینوں سے بھی نکالدینے کی کوششیں کرینگے۔

واٰخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔

از مولانا محمد میاں صاحب مدرس مدرسہ شاہی مسجد مراد آباد

سہارنپور میں پولیٹیکل کانفرنس کا اجلاس

ضلع پولیٹیکل کانفرنس کے ساتھ ... ستمبر ۱۹۳۱ء تک سودیشی نمائش ...

بے غیرت اور بدمعاش مردوں سے عورتوں کو بچاؤ

پردہ دار عورتوں کی اپیل

[illegible]

آجکل ہاضمہ کا پورا خیال رکھیں!

آجکل اس کی خرابی سے صحت بگڑتی ہے۔ بخار وغیرہ بھی سب اسی کے نتائج ہیں۔ ہاضمہ کا پورا خیال رکھیں تو تمام موسمی تکلیفوں سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔ اس موسم میں بھی صحت کی ترقی ہو سکتی ہے۔ ہاضمہ کو مکمل صحت میں رکھنے کے لئے

امرت دھارا

کا استعمال بکثرت جاری رکھنا چاہئیے۔ کوئی بھی تکلیف ہو جائے۔ اسی پر زور دینا چاہئیے۔ اسے دستوں میں انار دانہ کے پانی سے بار بار پینا چاہئیے۔ اس کا استعمال ہر قسم کے انفلوئنزا وغیرہ بخاروں سے محفوظ رکھے گا۔ کیونکہ وہ کمال درجے کی اینٹی سپٹک بھی ہے۔ ہاضمہ ٹھیک رہیگا۔ تو قدرتی نعمتوں سے فائدہ اٹھائیں گے۔ اور آجکل بھی صحت کی ترقی ہوتی دیکھیں گے۔

گھر میں رکھئیے جیب میں رکھئیے

بھولئیے نہیں۔ صحت۔ روپیہ اور وقت سب کو بچاویگی!

قیمت فی شیشی دو روپے آٹھ آنے۔ نصف ایک روپیہ چار آنے۔ نمونہ آٹھ آنے۔

احتیاط۔ نقلوں سے بچو۔ کیونکہ سخت اور پیچیدہ امراض میں دھوکہ دیکر وہ تشویش بڑھا دیں گی صحت کے معاملے میں کبھی نقلوں پر اعتبار نہ کرو۔

خط وکتابت و تار کا پتہ:- امرت دھارا نمبر ۵ لاہور

المشتہر منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ۔ امرت دھارا بھون۔ امرت دھارا روڈ۔ امرت دھارا ڈاکخانہ لاہور

سفید بال

سات دن میں جڑ سے کالا نہ ہو تو قیمت واپس۔ یہ خضاب نہیں ہے خوشبودار تیل ہے۔ چاہے شرط لکھا لیں۔ قیمت صرف چار روپیہ (للعہ)

پتہ: منیجر گنگا پرشاد گپتا ہیڈ میڈیکل اسٹور دھنگ

سگنل ڈون ہو گیا

جلد دوڑو ورنہ خطرہ ہے

... وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

ایک لاکھ مسلمانوں کی ضرورت ہے

... ناظم حلقہ قطب چوک مظفرنگر

چمڑے کے سوٹ کیس

نہایت مضبوط خوبصورت چمڑا فسٹ کوالٹی کا مع تھوک نرخ جسب ذیل ہے

سائز مکس	قیمت فی عدد	قیمت فی درجن
۱۵ انچ	2/4	25/8
۱۶	2/8	28/-
۱۷	2/12	30/-
۱۸	3/-	33/-
۲۰	3/4	36/-
۲۲	5/-	35/-
۲۴	5/12	65/-
۲۶	7/-	80/-
۲۸	8/-	90/-

نوٹ۔ ۱/۴ قیمت پیشگی آرڈر کے ہمراہ آنی ضروری ہے۔

منیجر اے۔ آر۔ سیٹھ جنرل مرچنٹ انٹریا بلڈنگ لارنس روڈ کراچی

زندگی

جوانی زندگی کا بہترین حصہ ہے

... منیجر شفاخانہ معاون صحت رجسٹرڈ شہر راولپنڈی پنجاب

حلقیہ بیان اور سابق شہریات ضرغام الدولہ خاں کا

... منیجر معالج خانہ افیل الغر ... اولپنڈی شہر

برسات میں چٹنی بڑا مزا دیتی ہے

چٹنی نورجہاں

... محمد میاں اینڈ برادر اچار مربہ والے کھاری باؤلی دہلی

پانچ سو روپے انعام

... اجمل کشوام و پوسٹ کٹری سرائے گیا

شربت اکسیر

اگر صحت دیر میں فرق ہے تو زندگی بیکار ہے

قیمت فی شیشی ایک روپیہ

اگر آپ اشتہاری ادویات سے بدگمان ہو گئے ہوں تو صرف ایک روپیہ اور بھی خرچ کر کے ہمارے کارخانے کا شربت اکسیر استعمال کر کے قدرت خدا کا تماشہ دیکھئے

جریان

... ۳۳ برس کا پرانا جریان شربت اکسیر کے استعمال سے اچھا ہو گیا

ملنے کا پتہ: ایس۔ اے۔ بی۔ بخشی۔ اینڈ کمپنی کوٹھی نمبر ۷ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

مرقع قادیانی

قادیانی فتنہ سے مسلمانوں میں مذہبی و سیاسی تفرقے پیدا ہو رہے ہیں۔ اسلئے ضرورت تھی کہ قادیانی فتنہ کی آگ کو بجھایا جائے۔ اسی غرض سے "مرقع قادیانی" زیر ایڈیٹری مولانا ثناء اللہ صاحب (فاتح قادیان) جاری ہوا ہے۔ اس رسالہ میں قادیانی لٹریچر کا مکمل جواب دیا جاتا ہے۔ ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو ... شائع ہوتا ہے۔ قیمت (بہت کم) سالانہ ... نمونہ کا پرچہ ...

ابو الوفا ثناء اللہ منیجر مرقع قادیانی امرتسر

فہرست اور طاقتور بنو پھر دنیا تمہاری کنیز ہے۔ اگر تندرستی چاہئیے تو ہمدم دواخانہ پوسٹ بکس نمبر ۔ دہلی سے فہرست ادویات مفت طلب کیجئے

تار کا پتہ: "الجمعیۃ دہلی"

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

الجمعیۃ

سہ روزہ — ید اللہ علی الجماعۃ — دہلی

تاریخہائے اشاعت — ہر عیسوی ماہ کی

قیمت اخبار — ہندوستان کیلئے — ممالک غیر کیلئے

نرخنامہ اشتہارات

معاون محمد عثمان فارقلیط — مدیر مسئول ہلال احمد زبیری (بی۔اے)

جلد ۱۴ — دہلی یوم دوشنبہ ۹ ربیع الثانی ۱۳۵۰ھ ہجری مطابق ۲۴ اگست ۱۹۳۱ء — نمبر ۱۴

ہندو مسلم نزاع احرار مصر کی نگاہ میں

مصر کے مسلمانوں اور قبطیوں میں مصالحت کیونکر ہوئی؟

ذیل کا مضمون ابلاغ (قاہرہ) کے ایک پر مغز مقالہ کا ترجمہ ہے جس میں مصری اور ہندوستانی سیاسیات پر وفد پارٹی کے ایک سرگرم لیڈر نے بہتر تبصرہ کیا ہے۔ یہ مضمون دراصل ایک مکتوب کے جواب میں ہے جو کراچی کے ایک مشہور تاجر نے مقالہ نگار کو ارسال کیا تھا ہم معزز معاصر ہند سے اس مکتوب کو ذیل میں درج کرتے ہیں۔ (ایڈیٹر)

آپ کے مکتوب گرامی نے مجھے مشرف کیا جس میں آپ فرماتے ہیں کہ ہندوستان کی قومی تحریک کے لیڈر گاندھی کی طرف جب سے برطانوی حکومت نے دوستی کا ہاتھ بڑھایا ہے، ہندو مسلمانوں میں محض معمولی باتوں کی وجہ سے اختلاف رونما ہو گیا ہے اور یہ کہ آپ کی رائے میں یہ اختلاف اسی طریقے سے دور ہو سکتا ہے جس طریقے سے مصری مسلمانوں اور قبطیوں کا اختلاف دور ہوا ہے لہذا آپ مجھے حکم دیتے ہیں کہ حسب ذیل سوالوں کا جواب لکھ دوں:

۱۔ مصر میں قبطیوں مسلمانوں کا جھگڑا کیوں کر دور ہوا؟

۲۔ کیا وہ نکات (پوائنٹس) جن پر قبطیوں اور مسلمانوں کا اتفاق ہوا ہے، مصر کے دستور اساسی میں بھی داخل کر دئیے گئے ہیں۔

۳۔ کیا میونسپلٹیوں اور پارلیمنٹ میں قبطیوں کی نشستیں مقرر و محفوظ کر دی گئی ہیں؟

ان سوالات کے جواب سے پہلے میں آپ کو مبارکباد دیتا ہوں کہ آپ نے ان اہم معاملات کی طرف توجہ فرمائی اور اخلاص کی کوشش کی طرف رغبت ظاہر فرمائی کیونکہ اس سے زیادہ مبارک کوشش اور کیا ہو سکتی ہے کہ ہندوستانی قوم کے دونوں فریق، ہندو مسلمانوں کے درمیان سے تمام اختلافات دور کر دئیے جائیں تاکہ وہ دونوں وطن عزیز کی خدمت میں ایک ہاتھ اور ایک وجود بن جائیں اور تاکہ ان نامبارک نااتفاقی کا خاتمہ ہو جائے جو اجنبی ہاتھوں کے تسلط و قبضہ کا سبب بنی ہے …

قبطی اور مسلمان دونوں یکساں طور پر میدان میں آ ڈٹے حالت یہ ہوگئی کہ مسلمانوں کے علماء گرجاؤں میں وعظ کہنے لگے اور قبطیوں کے پادری مسجدوں کے منبر پر تقریریں کرنے لگے دونوں جماعتوں کے بیٹے دوش بدوش میدان میں کھڑے ہو کر انگریزی بندوقوں کا نشانہ بنے۔

برطانیہ نے جال بچھا دیا!

یہی صورت حال ۱۹۲۲ء تک جاری رہی یہاں تک کہ ۲۸ فروری کو برطانوی حکومت نے مصر کی آزادی تسلیم کرلی۔ لیکن اس نے اپنی اس آزادی کی دستاویز میں چند تحفظات (سیف گارڈس) رکھ دئیے تھے جن میں ایک یہ بھی تھا کہ برطانیہ اقلیتوں کی حفاظت کی ذمہ دار ہوگی …

دستور اساسی کیوں کر بنا؟

[illegible]

معاصرین کے افکار و آراء

کانگریس کا انکار

[illegible]

جمعیۃ علماء ہند

[illegible]

آزادی کیلئے بغاوت

[illegible]

جلسوں میں ہنگامہ آرائی

[illegible]

علماء کانفرنس

[illegible]

سفید بال پندرہ دن میں جڑ سے کالا

از مودہ خضاب تیل

شیشی عام زیادہ بال سفید بالوں کے لئے "امرت جوان" … منیجر بہر بنا اسٹور ۹۴ کمنی سمری در بھنگہ

Rejuvenation By Vitamine

شباب رفتہ کو یاد کرنے والو!

GET YOUNG

THE CAPITAL MEDICATION CO. DELHI

لوکل ایجنٹ م۔ ایم۔ این۔ خاں۔ بازار لال چاہ۔ دہلی

بے روزگاروں کیلئے سنہری موقع

گورنمنٹ آف انڈیا سے تمام ہندوستان کے لئے رجسٹری شدہ ہندوستان میں اس سے بہتر کوئی اور کالج نہیں ہے اس کالج کا پاس شدہ تمام (انڈیا) میں کام کرسکتا ہے کالج ہذا صرف پچاس روپے فیس داخلہ لے کر دو ماہ میں مکمل موٹر ڈرائیور اور موٹر فٹری کا کام سکھا دیتا ہے اور ملازمت کی ذمہ داری بھی لیتا ہے پردیسی طلباء کے لئے رہائش کا بھی اعلیٰ انتظام ہے مکمل حالات معلوم کرنے کے لئے پراسپکٹس مفت طلب کیجئے۔

منیجر دی کیپٹل پریکٹیکل موٹر ٹریننگ کالج حلقہ ۲ جامع مسجد دہلی

چلو چھٹی ہوئی

تحفہ سیاہ فام

الشتہر: منیجر انڈین خضاب ورکس سیالکوٹ سٹی

کٹ پیس تھوک نرخوں پر

اگر آپ کو کٹ پیس ہر ایک قسم کی ضرورت ہو تو تھوک نرخ طلب فرمادیں۔

منیجر اے۔ آر۔ اسیٹھ ہول سیل مرچنٹ اسٹریا بلڈنگ لارنس روڈ کراچی

وسیلہ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کرکے دو بےنظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں جن میں سے ایک کا نام دوزخ کا کھٹکا ہے اس میں وہ احادیث درج ہیں جن میں اعمال سیئہ کے ارتکاب پر عذاب الٰہی اور دوزخ کی وعید ہے اور عذاب الٰہی کا خوف دلا کر اعمال سیئہ سے بچنے کی ترغیب ہے مکمل کتاب احادیث پر مشتمل ہے ہر حدیث کا اردو ترجمہ ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ عمدہ لکھائی چھپائی دیدہ زیب قیمت فی جلد صرف ۸ دوسری کتاب کا نام جنت کی کنجی ہے اس میں احادیث جمع کی گئی ہیں جن میں اعمال حسنہ کی بنا پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے اسمیں احادیث درج ہیں ہر حدیث کا ترجمہ ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ چکنا سفید اور لکھائی چھپائی بہترین ہدیہ فی جلد ۸ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا اور دوسرا ایڈیشن بھی قریب الختم ہے ہر مسلمان گھر میں دونوں کتابوں کا رکھنا نہایت ضروری ہے [illegible] ورنہ آئندہ ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔ دونوں کتابوں کے یکجائی خریدار کو صرف دو روپیہ میں دونوں جلدیں دیجائیں گی۔

ملنے کا پتہ:- منیجر مکتبہ علمیہ بلیماران دہلی

ضبط نہ ہوئی تو روانہ ہوگی ورنہ شکایت معاف

گنجینہ عملیات

بالکل اسرار نہاں معروف بہ رہبر حکیمان ڈاکٹران و عام خاصان یا گنجینہ ارض و سماں یہ کتاب اسم بامسمیٰ ہے اس میں علم حاضرات و موکلات و عملیات جلالی و جمالی علوی و سفلی، فالنامہ و تعبیر نامہ و شگون و تعویذات وظائف بخورات وامراض نقشہ ابجدی ساعت، سعد و نحس، اور تاریخ و ایام دشمنی و محبت و رہائی درج ہیں …

روح حیات — نامردی کمزوری سستی اعصاب کا حکمی علاج …

حکیم ڈاکٹر ماجد حسین مالک کارخانہ اکسیر امرت و کتب خانہ نعمانی تجارتی بارہ بنکی اودھ

سب سے سستا اور صحیح قرآن مجید معرّا

اس شان کا اتنا خوشنما، اتنی صحت اور اس قدر نفاست و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا۔ اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے۔ نورانی قرآن مجید کی صحت کے لئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے۔ نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دیجاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے۔ یعنی عہر بلا جلد مجلد بارچہ عہر مجلد چرم نقرہ علاوہ محصولڈاک دو روپے دعہ

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت صحیح اور با محاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے سے دل مسرور ہوجاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ: قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ عہ قسم دوم حنا شدہ عہ علاوہ محصولڈاک جلد بارچہ ۸ چرم عہر

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰ حضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو سنکر اور دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرما لیا۔ صحت، طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں۔ مولانا شاہ رفیع الدین صاحب مولانا شاہ عبدالقادر صاحب۔ مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے۔ علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن مجید کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ دس روپیہ (عنہ) علاوہ محصولڈاک

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم دوشنبہ ۹ ربیع الثانی ۱۳۵۰ھ

ہندوستان کے مطلع پر جنگ کے بادل

حکومت کے خلاف گاندھی جی کے الزامات

جب گاندھی جی اور حکومت کی طویل خط و کتابت ختم ہوئی ہے اور دو روز تک وائسرائے کی ایگزیکٹو کونسل کے اجلاس منعقد ہونے کے بعد لارڈ ولنگڈن کا آخری تار گاندھی جی کے نام موصول ہوا ہے اور اس تار کے بعد کانگریس کی مجلس عاملہ...

قبل کانگریس کو "کانگریس غلطی" کے نام سے یاد کرنا اور گاندھی جی کی شخصیت اور ان کے اثر کا اعتراف کرنا یہ تمام امور اکثر دعویٰ کی دلیل میں پیش کئے جا سکتے ہیں یہ دوسری بات ہے کہ اب لارڈ ارون کے چلے جانے کے بعد حکومت کے ذمہ دار...

حکومت کا رویہ

فرو قرارداد جرم

آئندہ جنگ کا امکان

کانگریس کی حیثیت

امتحان کا وقت

خلیفہ مقادیان اور تحریک کشمیر

علیحدگی سندھ

پروفیسر چابلانی نے جو اپنی ہندو مسلمانی ذہنیت کے متعلق خاص شہرت حاصل کر چکے ہیں۔ سندھ کے آئندہ صوبہ کی مالی حالت کے متعلق کچھ اعداد و شمار جمع کئے ہیں جن کے بارہ میں کہا جاتا ہے کہ وہ نہایت صحیح ہیں اور حکومت نے بھی انہیں ایک حد تک تسلیم کر لیا ہے۔ ان اعداد و شمار کے مطابق یہ دکھایا گیا ہے کہ اگر سندھ کو علیحدہ صوبہ بنا دیا گیا تو ہر سال تقریباً دو کروڑ روپیہ کی وہاں کے میزانیہ میں کمی رہا کرے گی۔

ہمعصر ہندوستان ٹائمس ان اعداد و شمار کا ذکر کرنے کے بعد لکھتا ہے:-

"گول میز کانفرنس اور کانگریس نے علیحدگی سندھ کے لئے جو شرط لگائی ہے وہ یہ ہے کہ خود سندھ اپنے مالی بار کو برداشت کرنے کے قابل ثابت ہو جائے جو لوگ اب تک سندھ کی علیحدگی کا مطالبہ کرتے رہے ہیں ان کا یہ فرض ہے کہ وہ یا تو پروفیسر چابلانی کے اعداد و شمار کی تردید کریں یا پھر وہ یہ بتائیں کہ پروفیسر چابلانی نے سندھ کے نئے صوبہ کے میزانیہ میں جو نقص ظاہر کیا ہے کی دکھائی ہے وہ اسے کیونکر پورا کریں گے۔"

ہمارے سامنے اس وقت پروفیسر چابلانی کے اعداد و شمار موجود نہیں ہیں اس لئے ہم ان کی صحت و عدم صحت پر کچھ بحث کرنا نہیں چاہتے البتہ ہمعصر ہندوستان ٹائمس کو یہ بتا دینا چاہتے ہیں کہ اگر یہ ثابت بھی ہو جائے کہ صوبہ سندھ کی مالی حالت دوسرے صوبوں کے مقابلہ میں خراب ہوگی...

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص سود کو حلال سمجھ کر کھاتا ہے سود اور رباء علمائے کرام منع فرماتے ہیں مگر اس فعل سے باز نہیں آتا تو کیا ایسے شخص کا کھانا وغیرہ صلحاء و غیر صلحاء کو جائز ہے یا نہیں اور کلمہ گو مسلمانوں کو ایسے شخص کے ساتھ کیا سلوک کرنا چاہیئے۔

الجواب

اگر اس شخص کا مال اکثر حلال ہے تو اس کے یہاں کا کھانا جائز ہوگا اور اگر اکثر مال اس شخص کا سودی ہے تو اس کے یہاں کا کھانا صلحاء وغیرہ کو بھی ناجائز ہوگا اور پہلی صورت میں جواز ہے مگر صلحاء کو بچنا بہتر ہوگا۔

اجابہ و کتبہ حبیب المرسلین نائب مفتی
مدرسہ امینیہ دہلی

استفتاء

ایک شخص دوسری شادی کرتا ہے...

الجواب

استفتاء

الجواب

استفتاء

الجواب

مستقبل قریب میں اتحاد عرب کے زبردست امکانات

فرانسیسی حکومت کے خلاف شامیوں کی تحریک ستیہ گرہ

مسلمانان ہند کے متعلق مسلمانان شام کے خیالات

(ترجمہ خصوصی)

مشرقی دنیا اس صرف ایک ہی بڑا مسئلہ زیر غور نظر آتا ہے یعنی اجنبی حکومت سے کس طرح نجات حاصل کی جائے۔ یہ مسئلہ شام میں ایک پرانا مسئلہ ہے مگر اس کی موجودہ صورت بالکل جدید ہے...

شام میں مختلف مذاہب اور فرقے

انتخابی نظام

دمشق کی یونیورسٹی

ہندوستانی بغاوت کے اثرات

شام کے جدید سیاسی قانون

تحریک اتحاد عرب

مصر میں فرعونی اور عربی تمدن کے درمیان زبردست معرکہ

فرعونی تمدن کے حامیوں سے علامہ سید رشید رضا کا تاریخی مناظرہ

قدماء مصر کا عرب سے تعلق۔ قبطی تمدن پر عربی تمدن کا اثر

(ترجمہ خصوصی)

مصر میں ایک زمانہ سے فرعونی مدنیت اور عربی مدنیت کا اختلاف چلا آتا ہے۔ قبطی باشندے یہ چاہتے ہیں کہ مصر میں فرعونی تمدن کو فروغ ہو اور عربوں کی یہ خواہش ہے کہ عربی مدنیت کے سوا اور کوئی مدنیت مصر میں قائم نہ ہونے پائے۔ اس سلسلہ میں...

قدیم مصری باشندے عربی الاصل تھے

قبطی اور عربی زبان کی وحدت

جامع ازہر میں تاریخی مناظرہ

مصری یا قبطی تمدن پر عربی تمدن کا اثر

علامہ سید رشید رضا کا جواب

(باقی آئندہ)

حکومت کے خلاف کانگریس کی طرف سے الزامات کی فہرست

معاہدہ دہلی کی حکومت نے خلاف ورزی کی ہے

صوبہ سرحد میں مظالم

عام الزامات

شراب خانوں پر پکٹنگ

کانگریس کارکنوں پر مظالم

تازہ مقدمات اور قیدیوں کی عدم رہائی

مالگذاری کی وصولی اور تعزیری پولیس

خواتین سے بدسلوکی

ملازمین اب تک بحال نہیں کئے گئے

فرقہ وارانہ ٹینشن نہیں ہے

یوم کشمیر منانے کے جرم میں جموں میں گرفتاریاں

شہر میں فوجی گشت ۔ سو مسلمانوں کی گرفتاری

ایران کے شمالی صوبجات پر روس کا حملہ؟

طہران کے سابق روسی سفیر کا بیان

قصبہ بارہ ضلع پٹنہ میں سیرت کا عظیم الشان جلسہ

علماء کرام و مشائخ عظام کی تشریف آوری

کانپور کے ہندو مسلم مزدوروں میں فساد

کلکٹر کانپور کی طرف سے سرکاری اعلان

گاڑا کانفرنس ضلع غازی پور

مسئلہ کشمیر کے متعلق مجلس احرار اسلام پنجاب کا اعلان

جامع مسجد دہلی میں بیس ہزار مسلمانوں کا عظیم الشان اجتماع

مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کا پرتاثیر وعظ

مسلمانان دہلی کا مفتی صاحب قبلہ کے ہاتھ پر بیعت کرنیکا عہد

بعض لوگوں کی ناکام شرارت

امارت شرعیہ

نماز جمعہ کے بعد حضرت ناظم الجمعیۃ اور حضرت شاہ صاحب کی تقریریں

جمعیۃ علماء کی امداد و اعانت کا عہد

حضرت مفتی صاحب کی بیعت کے متعلق جوش عقیدت کا اظہار

ارون ہسپتال کی مساجد کیلئے چندہ

ایک ضروری تردید

ڈسکہ میں پولیس اور سکھوں کا تصادم

پولیس کا لاٹھیوں سے حملہ

مولانا سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری اور مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی کی گرفتاری

حضرت مولانا عبدالصمد صاحب رحمانی کی تشریف آوری

کیا حکومت تحقیقات کیلئے آمادہ ہوگئی ہے؟

خفیہ رپورٹ کیلئے لندن کی ایک اطلاع

مسٹر گارلک سشن جج کے قاتل کی تلاش

خفیہ پولیس کی جدوجہد

فسادات کشمیر کا اثر پنجاب میں

لاہور اور اسکے نواح میں ہندو مسلم فساد کا اندیشہ

بنارس میں بم پھٹنے کا حادثہ

ایک پولیس کانسٹبل زخمی

صدر نوجوان بھارت سبھا کے مقدمہ کی سماعت

دہلی میں یوم کشمیر

مسلمانان دہلی کا اظہار غم

مسلم نوجوانوں کو بدنام کرنیکی کوشش

تنگ نظر مخالفین کی شرمناک حرکت

حکیم محمد سلیمان صاحب کے مکان کی تلاشی

دہلی میں زائد پولیس کی بھرتی

ہندو مسلم نزاع احرار مصر کی نگاہ میں
(بسلسلہ صفحہ اول)

چنانچہ ۱۹۲۴ء میں ایک کے بجائے دو قبطی وزیر شامل کئے چونکہ مصری وزارت دس وزیروں سے مرکب ہوتی ہے اس لئے دو قبطی وزیر بنانے میں قبطیوں کا تناسب وزارت میں بیس فیصدی ہوگیا حالانکہ ملک بھر میں ان کی آبادی چار فی صدی سے زیادہ نہیں ہے۔

پھر یہ بھی ملحوظ رہے کہ صرف وزارت ہی میں نہیں جو ظاہر ہے نامزد کی جاتی ہے بلکہ مجلس عوام اور دار الامراء دونوں پارلیمنٹری مجلسوں میں بھی ان کی تعداد بہت بڑھ گئی اول الذکر میں وہ آٹھ فی صدی اور آخر الذکر میں نو فی صدی ہوگئے یہ علاوہ ان ممبروں کے جو دوسرے عیسائیوں کے اور یہودیوں کے دونوں ایوانوں میں منتخب ہو کر آئے تھے۔ ۱۹۲۴ء سے اب تک تمام انتخابات میں یہی صورت حال باقی ہے۔

میں چاہتا ہوں کہ آپ پر یہ بھی واضح ہو جاوے کہ قبطی پورے ملک میں اس طرح پراگندہ ہیں کہ کسی مقام میں بھی اکثریت نہیں رکھتے ہر جگہ اکثریت مسلمانوں ہی کو حاصل ہے اور وہ مسلمان ہی ہیں جو جدید دستور اساسی کے بعد سے اتنی کثیر تعداد میں قبطیوں کو منتخب کر کے دونوں ایوانوں میں بھیجا کرتے ہیں صرف قبطیوں ہی کو نہیں بلکہ اپنے دوسرے ہموطن عیسائیوں اور یہودیوں کو بھی جو تعداد میں قبطیوں سے بھی کم ہیں۔

۱۹۲۶ء میں ہمارے موجودہ لیڈر صاحب الدولہ مصطفیٰ نحاس پاشا نے اپنی پہلی وزارت مرتب کی اور ۱۹۳۰ء میں دوسری وزارت ان دونوں وزارتوں میں بھی دو دو قبطی وزیر موجود رہے پھر پارلیمنٹ کا صدر بھی ایک قبطی ہی تھا۔

سرکاری نوکریاں

جدید دستور سے پہلے سرکاری نوکریوں میں قبطی چالیس فی صدی کی نسبت رکھتے تھے حالانکہ ان کی آبادی جیسا کہ مذکور ہو چکا چار فی صدی سے زیادہ نہیں ہے لیکن جب جدید دستور جاری ہوا اور ملازمتوں کے باب میں انگریزوں کی کارستانیاں کم ہو گئیں تو مسلمانوں نے قبطیوں سے کوئی احتساب نہ کیا انہیں بدستور ان کی نوکریوں پر بحال رہنے دیا کسی آدمی کے ذہن میں بھی یہ خیال پیدا نہیں ہوا کہ نوکریوں کی تقسیم مذہب و عقیدے کی بنا پر ہونی چاہئے بلکہ سب نے یہی کہا کہ نوکری اسے ملنا چاہئے جو زیادہ قابل ہے انگریزوں نے اس کے بعد بھی بارہا کوشش کی کہ مسلمانوں اور قبطیوں کو باہم لڑا دیں مگر ہر دفعہ انہیں سخت ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا۔

اس بیان سے آپ کو ہر سوالات کا جواب از خود مل جائے گا آپ کو ... کی ... سے بچانے کے لئے میں خود تصریح کئے دیتا ہوں کہ مصری مسلمانوں اور قبطیوں کے حقوق کے بارے میں کوئی سمجھوتہ نہیں ہوا سمجھوتہ کیونکر ہوتا جب کہ دونوں کے علیحدہ علیحدہ حقوق ہی تسلیم نہیں کئے گئے؟ اور حقوق کیونکر تسلیم کئے جاتے جب کہ انہیں دو الگ الگ قومیں نہیں بلکہ ایک ہی قوم مانا گیا ہے اگرچہ وہ دو مختلف مذہبوں کے ماننے والے ہیں۔

بنا بریں نہ ان میں کوئی سمجھوتہ ہوا ہے نہ میونسپلٹیوں اور پارلیمنٹ میں ان کی نشستیں مقرر و مخصوص کی گئی ہیں بلکہ ان میں باہمی اتحاد و تعاون کا جذبہ کام کر رہا ہے جس کی بنیاد اس حقیقت پر ہے کہ وہ تمام کے تمام ایک ہی قوم کے افراد اور ایک ہی وطن کے فرزند ہیں۔

یہ اعتماد و تعاون روز افزوں ترقی پر ہے جو چیز اسے ترقی دے رہی ہے وہ مشترک مصائب ہیں جنہیں دونوں جماعتیں جہاد وطن کی راہ میں ہمدوشی کے ساتھ برداشت کر رہی ہیں معلوم ہے مقصد شریف کے لئے مصائب کی برداشت ... سے زیادہ ... اور اتحاد و اتفاق پیدا کرنے والی ہوتی ہے۔

اس تفصیل کے بعد میں فیصلہ آپ کے ہاتھ میں چھوڑتا ہوں آپ اپنے ملک کے حالات اور اجتماعی حالت سے بخوبی واقف ہیں اور فیصلہ کر سکتے ہیں کہ دونوں ہندو و مسلمانوں کا اتحاد کس طرح ہو سکتا ہے یا نہیں جس پر مصر میں قبطی اور مسلمان متحد ہو گئے ہیں؟

میری آرزو ہے اور میری قوم کے ہر فرد کی آرزو ہے کہ ہندوستان میں اتحاد پیدا ہو جائے تمام ہندوستانی ایک ذات ہو کر اپنی آزادی واپس لینے کے لئے کھڑے ہو جائیں گے!

یہ ہرگز نہ خیال کیجئے کہ زعیم عظیم گاندھی کی رہنمائی میں آپ کی قومی تحریک نے فی الحال جو شاندار کامیابی حاصل کی ہے وہ آپ کے جہاد کی منزل مقصود ہے ہرگز نہیں ۱۹۲۲ء سے اب تک ہمارے حد درجہ تلخ تجربوں نے ہمیں اچھی طرح سکھا دیا ہے کہ انگریزی سیاست کس طرح دھوکہ دے سکتی مگر ہتھیار نہیں ڈالتی آپ کو چاہئے کہ ہمارے تجربوں سے سبق حاصل کریں انگریزی سیاست کا سب سے بڑا حربہ یہ ہے کہ وہ آپ میں ہمیشہ پھوٹ ڈالنے کی کوشش کرتی رہے گی لہذا اس سے ہوشیار رہئے اللہ تعالیٰ ہمارے ہندوستانی بھائیوں کا حامی و ناصر ہو اور انہیں کامیابی اور فتحمندی عطا فرمائے۔

دریائے جمنا میں پہلوانوں کی کشتی

نیاز علی شاگرد استاد نزاکت خاں نے اپنے حریفوں کو چیلنج دیا کہ جس شخص کا جی چاہے مجھ سے پانی میں کشتی لڑے چنانچہ اس کی اطلاع تمام پارٹی کو کر دی گئی۔ اس چیلنج کو عبد الستار صاحب شاگرد خلیفہ نبدو خلیفہ یعقوب پارٹی گوگم داز والے نے منظور کر لیا چنانچہ اس کشتی کے لئے ۹ اگست مقرر ہوئی۔ دونوں پہلوان اپنے استادوں سے اجازت لے کر پانی میں اترے اور کشتی ہوئی۔ اس کشتی کا تمام پبلک تماشہ دیکھتی رہی آخر عجیب و غریب داؤں پیچوں کے بعد عبد الستار صاحب گوگم داز والے نے نیاز علی صاحب کو شکست دیدی جس سے نیاز علی صاحب کے چیلنج کی سب پر حقیقت ظاہر ہو گئی

(راقم یوسف خاں)

حکومت کے مہلک اقدام پر ہم مدافعت کیلئے مجبور ہونگے
گاندھی جی کا بیان

احمد آباد ۱۰ اگست۔ گاندھی جی نے ایک بیان میں اس خبر کی تردید کی ہے کہ کانگریس تیزی کے ساتھ جنگ کی تیاریاں کر رہی ہے اور کانگریسی کارکنوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ حکومت کے احکام کی خلاف ورزی کریں۔ گاندھی جی نے اس چیز کی بھی پرزور تردید کی ہے کہ کانگریس کسانوں کو تشدد آمیز ذرائع اختیار کرنے کی ہدایت کر رہی ہے اس کے برخلاف تمام کارکنوں کو معاہدہ دہلی پر پوری طرح پابند رہنے کا حکم کیا گیا ہے۔

گاندھی جی نے فرمایا کہ "میں جانتا ہوں کہ کانگریس ورکنگ کمیٹی معاہدہ دہلی کو باعزت طور پر بروئے کار لانے کے لئے مضطرب ہے۔ لیکن اگر صوبجاتی حکومتوں نے ہمارے ٹیکس لگایا تو مجبوراً ہم کو مدافعانہ رویہ اختیار کرنا ہوگا۔ میں نے ایسا کافی مواد جمع کر لیا ہے جو اس امر کی شہادت ہے کہ ٹیکس لگانا شروع کرایا گیا ہے۔

ریل گاڑیوں کا خوفناک تصادم
۲۷ اشخاص ہلاک و مجروح

دائی آنتا ۱۰ اگست ایک مسافر گاڑی کا مال گاڑی سے گوکس کے مقام کے قریب تصادم ہو گیا۔ خیال کیا جاتا ہے کہ کم سے کم ۱۲ اشخاص ہلاک چار شدید مجروح اور ۱۰ خفیف مجروح ہوئے ہیں۔

سردار کھڑک سنگھ اور ۲۵ سکھوں کی گرفتاری
۲۲ دوکانوں کو مسمار کرنے کا ارادہ

لاہور ۱۰ اگست۔ سردار کھڑک سنگھ (سکھ لیڈر) دیگر ۲۵ سکھوں کے ساتھ ڈسکہ ضلع سیالکوٹ میں ۱۲ دوکانوں کو منہدم کرنے کی کوشش کرنے پر گرفتار کر لئے گئے انہیں دوکانوں کی ملکیت کا تصفیہ کچھ عرصہ سے سکھوں اور ہندوؤں کے درمیان چل رہا تھا۔ ہائیکورٹ نے ہندوؤں کے حق میں فیصلہ کر دیا سردار کھڑک سنگھ ہائیکورٹ کے فیصلہ سے غیر مطمئن ہو گئے اور انہوں نے دوکانوں پر مورچہ لگانے کا اعلان کر دیا اس اعلان کا مقصد یہ تھا کہ یا تو زبردستی ان دوکانوں پر قبضہ کر لیا جائے یا ان کو بالکل منہدم کرا دیا جائے۔ شرومنی گوردوارہ پربندھک کمیٹی اور اکالی دل نے سکھوں کو ہدایت کی کہ وہ فی الحال کوئی مورچہ نہ لگائیں بلکہ ...

سنون محبوب

دانتوں کے جملہ امراض کیلئے مفید ثابت ہو چکا ہے سیکڑوں سارٹیفکٹ موجود ہیں کامیاب ڈاکٹروں نے انگریزی پوڈر چھوڑ کر اپنے لئے خود اسکا استعمال ضروری کر لیا ہے اور ہر شخص سے سفارش کرتے ہیں کہ وہ انگریزی منجنوں کا استعمال ترک کر کے سنون ...

منیجر دھنک ایجنسی پہاڑی املی دہلی

قدرت

نور چشم

منیجر حسینی دواخانہ ... لال کنواں دہلی

مفت
رسالہ زندگی

منیجر شفاخانہ ... راولپنڈی

طلائے عزیزی

مولوی محمد عزیز خاں ... بازار ... لکھنؤ

چھرے کے سوٹ کیس

اطلاع بہ حسب دفعہ ... ایکٹ ۳ ۱۹۲۶ء ممالک مغربی و شمالی

نمبر مقدمہ ۲۱۶ ۳۱-۱۹۳۰ء

بحکم جناب چودھری محمد صالح صاحب آنریری اسسٹنٹ کلکٹر بہادر درجہ دوم مارہرہ ضلع ایٹہ

بعدالت مال مقام مارہرہ ... ضلع ایٹہ

بالو گذاری لال زمیندار نمبردار موضع تلوک پور پرگنہ مارہرہ ساکن ... بنام مسماۃ رام کٹوری بیوہ ... ساکن تلوک پور

تفصیل اراضی

پرگنہ	موضع	محال	نمبر کھیت کا	رقبہ کھیت کا
مارہرہ	تلوک پور		۱۹۵	

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

نپٹ بہرا پن کا شرطیہ علاج

بابو اینڈ سنز ... کا بجائے کردہ روغن کرامات ہے

بہاوری سحر

کان کی دوا بابو اینڈ سنز ... دہلی

تندرستی اور طاقت ... پوسٹ بکس ۱۰ دہلی سے فہرست ... مفت طلب کیجئے

یم ابن ... ہندوستانی دواخانہ ... فہرست مفت

مراسلات

سنی شیعہ مسلمانوں میں افسوسناک کشمکش
صحابہ کرام کی توہین کے خلاف سنی مسلمانوں کا اجتماع!!

... فیض آباد میں جلسہ منعقد کیا گیا جس میں حسب ذیل تجاویز پاس کی گئیں۔

نوٹ:۔ یہ تھیٹر صرف فیض آباد ہی میں ہوتا ہے اور اس قسم کا تھیٹر دنیا کے کسی حصہ میں نہیں ہوتا لہذا سخت ضرورت ہے کہ ہر مقام پر سنی مسلمان اس تھیٹر کے خلاف صدائے احتجاج بلند کریں۔

تجویز ۱۔ تمام باشندگان سنی المذہب والجماعت ضلع فیض آباد اس تھیٹر کے انعقاد پر جو کہ شیعان فیض آباد محلہ خورد محل میں سنیوں کی دل آزاری کی غرض سے کرتے ہیں اور جس میں کہ وہ اصحاب کبار رضی اللہ عنہم و ازواج مطہرات رسول مقبول علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی سخت توہین اور تذلیل کرتے ہیں سخت نفرت اور غصہ کی نظر سے دیکھتے ہیں اور پرزور طریقہ پر ایسے ناپاک تھیٹر کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرتے ہیں اور تمام شیعہ اصحاب سے استدعا کرتے ہیں کہ وہ آئندہ ایسے تھیٹر کے انعقاد سے باز آویں۔

تجویز ۲۔ یہ جلسہ گورنمنٹ سے پرزور طریقہ پر اپیل کرتا ہے کہ وہ تمام باشندگان سنی المذہب کی دل آزاری و توہین مذہب کا خیال کرتے ہوئے ایسے ناپاک جلسہ کو بند کرا دے۔

تجویز ۳۔ یہ جلسہ صوبہ ممالک متحدہ آگرہ واودھ کے تمام باشندگان سنی المذہب سے اپیل کرتا ہے کہ وہ اپنے اپنے شہروں اور مقاموں سے احتجاجی جلسہ کر کے لوکل گورنمنٹ سے ایسے تھیٹر کے بند کرانے کی استدعا کریں۔

تجویز ۴۔ یہ جلسہ تجویز کرتا ہے کہ ان ریزولیوشنوں کی ایک ایک نقل تمام سربرآوردہ شیعہ حضرات و نیز حکام ضلع ڈپٹی کمشنر صاحب بہادر فیض آباد و لوکل گورنمنٹ و نیز اخبارات میں بھیجی جاوے۔

افسران محکمہ تعلیم کی انصاف پسندی
اور ہندو اخبارات کی فرقہ وارانہ ذہنیت

گذشتہ ماہ اپریل ۱۹۳۱ء میں گورنمنٹ ٹریننگ اسکول صوبہ دہلی کے داخلہ کے واسطے انتخاب طلبہ بحکم جناب سپرنٹنڈنٹ صاحب بہادر ایجوکیشن دہلی افسران محکمہ تعلیم پنڈت رام چند صاحب اور ہیڈ ماسٹر صاحب گورنمنٹ سکول نجف گڑھ نے فرمایا تھا۔ اس انتخاب میں افسران تعلیم نے بدستور سابق جیسا کہ پہلے سے ہندو مسلم طلبہ کا انتخاب ہوتا رہا ہے کیا گیا ہے۔ اور کسی قسم کی رعایت نہیں رکھی گئی۔ اس انتخاب میں ہندو امیدوار طلبہ کی تعداد بہت زیادہ تھی لہذا انتخاب میں ۱۸ ہندو اور ۱۵ مسلمان ایک عیسائی منتخب کئے گئے۔ اس انتخاب پر ہندو اخبارات نے بہت شور مچایا اور افسران تعلیم کے خلاف نہایت ہی بیہودہ آرٹیکل بدنام کرنے کے واسطے شائع کئے گئے۔ اور یہ ظاہر کیا کہ مسلم افسران نے ہندوؤں کی حق تلفی کی اور مسلمان طلبہ کو یہ رعایت دی گئی حالانکہ اس میں ہندوؤں کی قطعی حق تلفی نہیں ہوئی اور نہ ہی مسلمانوں کو کوئی رعایت ملی پھر معلوم نہیں کہ کیوں ایسے منافرت پھیلانے والے آرٹیکل شائع کئے جاتے ہیں یہ صرف اس وجہ سے کہ کچھ عرصہ سے ایک نہایت منصف مزاج اور سچے مسلمان محکمہ تعلیم کے افسر اس صوبہ میں آ گئے ہیں اس وجہ سے خواہ مخواہ ان کو بدنام کرنے کے واسطے اور افسران اعلیٰ کے نوٹس میں ان کی طرف سے بدظنی پیدا کرنے کا ذریعہ بناتے ہیں اب امتحان سہ ماہی پر ہیڈ ماسٹر صاحب نے انصاف کو مدنظر رکھتے ہوئے۔ اور بلا رعایت مذہب افسران تعلیم کی منظوری سے مسلمان طلبہ سکول سے اوٹ کر دئے اور ان کے مقابلہ میں صرف ایک ہندو طالبعلم کو خارج کیا جاتا ہے۔ یہ طلبہ امتحان سہ ماہی میں کامیاب نہیں ہوئے تھے ان بیچارے غریب طلباء کا بے حد نقصان ہوا ہے اب صرف ۱۲ مسلمان طلبہ ۱۷ ہندوؤں کے مقابلہ میں نارمل سکول میں موجود ہیں لیکن یہ قلیل تعداد مسلمانوں کی اب بھی ہندوؤں کی نظر میں کھٹکتی ہے اب اس نتیجہ کی طرف اور مسلمان طلبہ کے اس طرح اوٹ ہو جانے کی صورت میں ہندو اخبارات نے کوئی آرٹیکل شائع نہیں کیا۔ اور نہ ہی ان کے انصاف پر غور کیا۔ ایسے آرٹیکل ہندو اخبارات کیوں شائع کرتے۔ کیونکہ مسلمانوں کی انصاف پسندی ظاہر ہوتی ہے اور افسران اعلیٰ کے نوٹس میں مسلمانوں کی انصاف پسندی نہ گذرے۔ افسوس ان ہندو اخبارات کی ذہنیت پر ہے کہ ایک طرف تو لیڈران ملک اتحاد اتحاد کی صدائیں بلند کرتے ہیں اور دوسری جانب ہندو اخبارات منافرت پھیلانے میں سعی بلیغ کر رہے ہیں صوبہ دہلی میں صرف دو تین سال سے محکمہ تعلیم کے ایک سچے مسلمان افسر ممتاز ہیں اسی وقت سے ہندو اخبارات ان کے خلاف شور مچا رہے ہیں اور اخبارات میں ان کے خلاف آرٹیکل شائع کر رہے ہیں۔ اس سے پیشتر اس صوبہ میں ہمیشہ سے ہندو افسران محکمہ تعلیم کے عہدوں پر ممتاز رہے اس وقت کوئی آرٹیکل ان کے خلاف شائع نہیں ہوتا تھا اور ان کے وقت میں مسلمانوں کے ساتھ سراسر ناانصافیاں کی جاتی تھیں اور حقوق پامال کئے جاتے تھے۔ ان باتوں سے ظاہر ہے کہ ہندو کو مسلمان افسر ایک آنکھ نہیں بھاتے اور اسی وجہ سے خواہ مخواہ بدنام کرنے کے واسطے آرٹیکل شائع کرتے رہتے ہیں افسران بالا کو غور فرمانا چاہئے۔

(ایک واقف حال)

ماحول جامعہ اسلامیہ ڈابھیل (ضلع سورت)
برقی روشنی اور آب صافی و شیریں کا انتظام نو

الحمد للہ علیٰ احسانہ جامعہ اسلامیہ ڈابھیل جو عہد حاضر میں مشرق کا مشہور مذہبی و دینی ادارہ ہے آجکل ارتقاء و عروج کی شاندار منازل طے کر رہا ہے دینی تعلیم جس عظیم الشان پیمانہ پر یہاں ہو رہی ہے ... علامہ سید محمد انور شاہ صاحب مدظلہ اور جناب حضرت العلامہ شبیر احمد صاحب عثمانی دامت برکاتہم اور دیگر مقتدر و محترم مشہور و معروف اساتذہ کرام کا مستقلاً قیام واضح و بین دلیل ہے۔ بنا بریں اسے موجودہ عصر کا بقیہ ... بغداد و بخارا ... سال ہے ... بیرون ہند بھی اس کی شہرت و عظمت فلک الافلاک پر ... ہے اور آج یہاں ترکستان ... چین ... کے ... رسول اکرم علیہ السلام ... تحصیل علم میں مصروف نظر آتے ہیں۔ محترم ارباب جامعہ کے یوم قیام سے ہی ... طلبہ کرام کی تکالیف کے ازالہ میں مشغول رہے ... رہے اہم تکالیف جو طلبہ کرام کے لئے پریشانی خاطر کا باعث تھیں۔ وہ روشنی اور پانی کا کافی انتظام نہ تھا۔ امسال خدائے بزرگ کے فضل و کرم سے یہ ہر دو تکلیفیں دور ہو گئی ہیں ان کے ازالہ کا فخر مشہور تاجر جناب اسحاق اسمٰعیل داؤدجی کو ... معتمم رنگون کے حصہ میں آیا۔ موصوف الصدر نے از راہ کرم ایک انجن بمعہ سامان متعلقہ برقی روشنی ادا کر دیا آپ یہ ہر دو فوائد اس سے حاصل ہو رہے ہیں ایام رواں میں فضائے جامعہ برقی روشنی سے جگمگا اٹھی ہے آب رسانی کا انتظام بھی اعلیٰ پیمانہ پر ہو گیا ہے۔ جامعہ کے وسیع و عریض احاطہ میں متعدد نل لگا دئے گئے ہیں جن سے طلبہ کرام جس وقت چاہیں صاف اور شیریں پانی لے سکتے ہیں۔ ان سطور کے بعد ہندوستان کے ان حضرات سے جو تعلیمات نبوت کی روشنی اور ضیاء سے اپنے قلوب و صدور کو منور و مجلّی دیکھنے کے متمنی ہیں استدعا ہے کہ وہ ڈابھیل کا قصد فرمائیں اور یہاں آکر علوم نبوت کے آفتاب جہاں افروز کی شعاعوں سے مستنیر ہوں۔

ضلع لدھیانہ میں مظالم کشمیر کے خلاف احتجاج

حسب اعلان آل انڈیا کشمیر کمیٹی انجمن ترغیب الصلوٰۃ کے اہتمام سے زیر صدارت جناب منشی عبد الغفور صاحب سیونٹی کشمیر ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا مولوی عبد القدیر صاحب سکرٹری انجمن ہذا اور جناب صدر نے تقریریں کیں اور حسب ذیل ریزولیوشن بالاتفاق رائے پاس ہوئے۔

(۱) مسلمانان لکھنہ و لودھی کا یہ عظیم الشان اجلاس جموں و کشمیر میں ... جنگ اور خطبہ کی بندش اور گولی چلانے کے واقعات کو نہایت نفرت کی نگاہ سے ... تحقیقاتی کمیشن اور ہندوستانی بیرسٹروں کو ... کے متعلق ... پرزور مطالبہ ...

(۲) یہ جلسہ کشمیر میں اسلام قبول کرنے پر خاندان کی قبطی بیوی بچوں کے چھین لینے وغیرہ مظالم کو حقارت کی نظر سے دیکھتا ہے۔ نیز اس بات پر سخت افسوس کرتا ہے کہ انہیں اخبار نکالنے اور تقریر کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ اور گورنمنٹ و مہاراجہ صاحب سے پرزور مطالبہ کرتا ہے۔ کہ مسلمانوں کو ان امور میں پوری آزادی دی جاوے۔

(۳) نیز یہ جلسہ مطالبہ کرتا ہے کہ کشمیری مسلمانوں کو ... حقوق ... برابر ہونے چاہئیں۔

(۴) یہ جلسہ نیز مطالبہ کرتا ہے کہ کشمیر میں مجلس قانون ساز قائم کی جاوے تاکہ مسلمان اپنی آواز مہاراجہ تک پہنچا سکیں اور ان کی رائے ریاست کو معلوم ہو سکے۔

(۵) جلسہ ہذا یہ بھی مطالبہ کرتا ہے کہ کشمیری مسلمانوں کو ملازمتوں میں ... آبادی ... حصہ دیا جائے۔

(۶) چونکہ کشمیر کا صدر ... تاریخ، تمدن، مذہب ... کشمیر کیلئے علیحدہ وزارت ہو جو ... مہاراجہ صاحب کے ساتھ کام کرے اور آسامی ... آبادی کے لحاظ سے مسلمان وزراء لئے جاویں۔

(نوٹ) یہ جلسہ مطالبہ کرتا ہے کہ گورنمنٹ برطانیہ ... مہاراجہ صاحب بہادر کشمیر کی خدمت میں ...

(از سکرٹری انجمن ترغیب الصلوٰۃ قصبہ لکھنہ ضلع لدھیانہ)

گول میز کانفرنس سے پہلے ہر مسلمان کو مسئلہ انتخاب کا مطالعہ ضروری ہے تاکہ وہ اس کے فیصلے کی اچھائیاں و برائیاں صحیح طور پر سمجھ سکے پانچ آنے کے ٹکٹ ... بھیجکر طلب کریں ... معرفت الجمعیۃ دہلی

غم غلط کرنا ہو تو
لکھنؤ کا مشہور آزاد ظریف باتصویر ہفتہ وار پرچہ
اودھ پنچ

منیجر اودھ پنچ لکھنؤ

نئی قلم کی انقلاب انگیز فہرست
نئی اسٹائلو قلم
نئی ڈی لیوکس
مرمت و تبادلہ

ایک ماہ میں انگریزی آ جائے گی

پانچ سو روپے انعام

بھیل بنگالی ... سنقرہ کر آنکھوں ... کا علاج

سنکھ طوطن ہو گیا

کٹ میں بھٹوک زخموں پر

عطاروں اور طبیبوں کا تحفہ
قرآبادین مفید عام

طب یونانی اور ... عطاری کے تنزل کا سبب ... قرآبادین مفید عام ...

منیجر الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

حلقہ بیان ورسائل ... ختم النبیین ...

برسات میں چٹنی بڑا مزا دیتی ہے
چٹنی نور جہاں

محمد علی ... بٹلہ ... کھاری باولی دہلی

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

سہ روزہ

ید اللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ
دہلی

مسئول مدیر
ہلال احمد زبیری (بی۔ اے)

معاون
محمد عثمان فارقلیط

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
۱ ۵ ۹ ۱۳
۱۷ ۲۱ ۲۵ ۲۹
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ
ایک کالم

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
فی پرچہ
نمونہ مفت
ممالک غیر کیلئے
سالانہ
ششماہی

جلد ۱۴ | دہلی یوم جمعہ ۱۳ ربیع الثانی ۱۳۵۰ھ ہجری ۔ مطابق ۲۸ اگست ۱۹۳۱ء | نمبر ۱۵

امیر الہند کا تقرر ہی مسلمانوں کو بربادی سے بچا سکتا ہے

صدر جمعیۃ علماء ہند سے بیعت کی پُرزور تائید

(از جناب سید طفیل احمد صاحب)

۲۰ اگست ۱۹۳۱ء کے الجمعیۃ دہلی میں یہ خبر شائع ہوئی ہے کہ ۱۶ اگست کی شب کو دہلی میں مسلمانوں کا ایک عظیم الشان جلسہ بصدارت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب لدھیانوی منعقد ہوا۔ اس جلسہ میں جناب صدر نے اور مولانا عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری نے فرمایا کہ تمام کا بیابوں کا راز بیعت امیر میں مضمر ہے اور مسلمانان دہلی سے اپیل کی کہ وہ حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کے ہاتھ پر بیعت کریں۔ چنانچہ جلسہ کے اختتام پر ہزاروں آدمیوں نے ہاتھ اٹھا کر بیعت پر آمادگی کا اظہار کیا۔

امیر الہند مقرر ہونے کی کمل اسکیم جمعیۃ العلماء میں ۱۹۲۳ء میں منظور ہوئی تھی۔ ...

جمعیۃ علماء ہند کا جہاد حق

اب رہی نوکری پیشہ جماعت اس نے اپنی عافیت اسی میں سمجھی کہ نہ صرف یہ کہ سلطنت کی زبان سیکھیں بلکہ حکام وقت کی خوشنودی کیلئے انگریزی معاشرت انگریزی لباس اختیار کریں اور انگریزی صورت بنائیں۔ کاش اسی پر بس ہوتی مگر انہوں نے تو سلطنت کے خوف سے اپنے مذہبی جہاد کے مسئلہ کو بھی عیب کی طرح چھپا نا شروع کیا مگر سلطنت سے ترکوں کا اتحاد ہوا تو ان کا اعلان اپنا کیا ان سے اختلاف ہوا تو ان سے بیزاری کا اظہار کیا اور حکام وقت کی اطاعت کیلئے اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول و اولی الامر منکم ...

علماء حق اور اسلاف کی رہنمائی

...

(باقی صفحہ ۷ پر ملاحظہ فرمائیے)

معاصرین کے افکار و آراء

جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ کی تازہ قرارداد (مدینہ)

کانگریس کی ورکنگ کمیٹی نے اجلاس بمبئی میں فرقہ وارانہ مفاہمت کی جو معقول قرارداد منظور کی تھی اس پر ہم ایک گزشتہ اشاعت میں مفصل تبصرہ کر چکے ہیں کہ کانگریس کی بناء پر مفاہمت کی جائے۔ گو ہم نے یہ رائے ظاہر کی اگر مفاہمت کی خاطر چند سال کے لئے جداگانہ انتخاب قبول کرنا پڑے تو اس سے بھی دریغ نہ کیا جائے۔ گو یہ قرارداد آخری مفاہمت کا باعث نہ ہو سکی لیکن اس سے آخری مفاہمت کیلئے راستہ صاف ہو گیا اس پر اکثر حلقوں میں اظہار پسندیدگی کیا گیا مسلمانوں کی اس جماعت کے بغیر جس کے رہنما خدا وندان شملہ کے اشاروں پر ناچتے ہیں اور ان سکھوں کے علاوہ جو ماسٹر تارا سنگھ کے گول میز کانفرنس میں مندوب نامزد کئے جانے پر بیحد برافروختہ ہیں باقی تمام فرقوں اور جماعتوں نے اسے معقول نباہے مفاہمت قرار دیا جمعیۃ علماء کی ...

اس کے کہ تمام صوبے بالاتفاق تسلیم کریں کہ غیر مفوضہ اختیارات فیڈرل اسمبلی کو دیئے جائیں۔

(۱۱) ملازمتوں پر تقرر ایک غیر جانبدار پبلک سروسز کمیشن کی طرف سے کیا جائیگا جو لیاقت کا کم از کم معیار مقرر کر کے اس امر کا لحاظ رکھیگا کہ اس معیار کے ماتحت ہر ملت اپنے تناسب آبادی کے موافق حصہ پائے سے محروم نہ رہے نیز ماتحت ملازمتوں میں بھی کسی خاص فرقہ کی اجارہ داری نہ ہوگی تمام فرقوں کو ان کا واجبی حصہ ملیگا۔

(۱۲) وفاقی اور صوبجاتی حکومتوں کی وزارتوں میں اقلیتوں کی نمائندگی باہم تفاہم کے ذریعہ قائم کر دی جائے گی۔

(۱۳) دستور اساسی کی بنیادی دفعات میں کوئی تغیر، ترمیم یا اضافہ اس وقت تک نہ ہو سکیگا جب تک تمام وفاقی اجزاء اسے منظور نہ کریں۔

(۱۴) یہ تمام دفعات ایک دوسرے کے ساتھ مرتبط ہیں۔ اگر ان میں سے کوئی ...

اسلامی ریاستوں کے خلاف پروپگنڈا

...

(باقی)

آزمودہ مشتہر ۔ آزمودہ سٹرنیسل

سفید بال پندرہ دن میں جڑ سے کالا

... منیجر ہیئر برنا اسٹور ... کمپنی سمری در بھنگہ



VITAMINE
GOLDEN
PILLS

جوانی کیسے قائم رہ سکتی ہے؟

قیمت ... CAPITAL MEDICATION CO. DELHI

لوکل ایجنٹ: ایم۔ این۔ خاں ۔ بازار لال چاہ دہلی

بے روزگاروں کیلئے سنہری موقع

گورنمنٹ آف انڈیا سے تمام ہندوستان کے لئے رجسٹری شدہ ہندوستان میں اس سے بہتر کوئی اور کالج نہیں ہے اس کالج کا پاس شدہ تمام (انڈیا) میں کام کر سکتا ہے کالج ہذا صرف پچاس روپے فیس داخلہ لے کر دو ماہ میں مکمل موٹر ڈرائیور اور موٹر فٹری کا کام سکھا دیتا ہے اور ملازمت کی ذمہ داری بھی لیتا ہے پردیسی طلباء کے لئے رہائش کا بھی اعلیٰ انتظام ہے مکمل حالات معلوم کرنے کے لئے پراسپکٹس مفت طلب کیجئے

منیجر دی کیپٹل پریکٹیکل موٹر ٹریننگ کالج حلقہ ۱ جامع مسجد دہلی

سفید بال

سات دن میں جڑ سے کالا نہ ہو تو قیمت واپس

... صرف چار روپیہ (للعہ)

پتہ: منیجر گنگا پرشاد گپتا بہار میڈیکل اسٹور در بھنگہ

طبی دنیا میں قابل قدر اضافہ

...

وسیلہ نجات

...

منیجر مکتبہ بازار لیماران دہلی

ضبط نہ ہوئی تو روانہ ہو گی ورنہ شکایت معاف

پیشینگوئی ظہور امام مہدی آخر الزمان و نزول عیسیٰ علیہ السلام

...

حکیم ڈاکٹر ماجد حسین کارخانہ اکسیر مرت بارہ بنکی اودھ

سب سے سستا اور صحیح قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا۔ اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے نامور خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے۔ نورانی قرآن مجید کی صحت کے لئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی احتیاط کے ساتھ کی ہے۔ نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے واضح ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے، بچے، جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر زرین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ...

نورانی قرآن مجید مترجم

...

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

...

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم جمعہ ۱۳ ربیع الثانی ۱۳۵۰ھ ہجری

حزب العمال کی وزارت کا زوال

جدید حکومت برطانیہ اور سیاسیات ہند

حزب العمال کی کابینہ مستعفی ہوگئی۔ مسٹر ریمزے میکڈانلڈ وزیر اعظم برطانیہ نے ملک معظم کے سامنے اپنا استعفا پیش کر دیا۔ اور تازہ خبروں سے معلوم ہوتا ہے کہ بجائے عام انتخابات کے ایک حکومت مرکبہ (Coalition Government) قائم کی جائے گی جس میں مختلف جماعتوں کے زعماء بطور وزراء کے شامل ہوں گے اور اس حکومت کی تشکیل مسٹر میکڈانلڈ ہی فرمائیں گے مسٹر بالڈون نے جو قدامت پسندوں کے رہنما ہیں مسٹر میکڈانلڈ کے ماتحت کام کرنے پر آمادگی ظاہر کر دی ہے۔ لبرل جماعت کے رہنما مسٹر لائڈ جارج تو صاحب فراش ہونے کے باعث کابینہ میں شریک نہیں ہو سکتے ان کی جگہ سر ہربرٹ سیمویل لیلئے جائیں گے۔ کہا جاتا ہے کہ مسٹر ویجوڈ بین بھی دوسرے وزراء کی طرح کابینہ کو خیرباد کہہ دیں گے اور ان کی جگہ لارڈ پیل یا لارڈ ریڈنگ وزیر ہند مقرر ہوں گے۔ بہرحال یہ حکومت جیسا کہ معلوم انتخابات کے بعد جماعتی اصول پر مبنی نہیں ہوگی بلکہ بغیر انتخابات کے "ایک قومی حکومت" کے نام سے نامزد ہوگی۔ اس میں چند قدامت پسند، چند لبرل اور چند حزب العمال والے شریک ہوں گے۔ اور اسے دارالعوام میں تقریباً ۲۲۰ اراکین کی مخالفت کا مقابلہ کرنا پڑے گا۔ تقریباً ساٹھ اراکین کی اکثریت اسے حاصل ہوگی۔ مگر اس کے باوجود یہ امید نہیں کی جا سکتی کہ یہ حکومت زیادہ عرصہ تک جاری رہ سکے۔ بہت ممکن ہے کہ آئندہ اکتوبر ہی میں جدید انتخابات کرنے پڑیں اور اس کے بعد کوئی مستقل حکومت قائم ہو۔

[illegible]

حکومت کی ذمہ داری

[illegible]

گرفتاری کا وارنٹ!

[illegible]

رام گڑھ کی مسجد

[illegible]

پنڈت مالویہ اور راؤنڈ ٹیبل کانفرنس لندن

[illegible]

سرکار پرستوں کے کرتوت

[illegible]

مجرمانہ غفلت

[illegible]

سہارنپور میں حضرت ناظم الجمعیۃ کی ولولہ انگیز تقریر

مسائل حاضرہ پر مفصل تبصرہ

جناب صدر اور معزز حاضرین! اس سے پیشتر کہ میں آپ حضرات کے سامنے اپنے خیالات کا اظہار کروں مناسب سمجھتا ہوں کہ بفحوائے من لم یشکر الناس لم یشکر اللہ آپ حضرات کی مہمان نوازی اور حسن انتظام کا شکریہ ادا کروں۔ گرمی اور برسات کے موسم میں، مکان کی عام طور سے تکلیف دیتی ہے ایسے موسم میں آپ حضرات کا ممبران مجلس عاملہ کے لئے آرام و آسائش کا سامان مہیا کرنا یقیناً اس قابل ہے کہ مسلمانان سہارنپور کی صمیم قلب کے ساتھ شکریہ ادا کیا جائے۔ جمعیۃ علماء ہند کیلئے یہ پہلا موقع ہے کہ اس کی مجلس عاملہ کا اجلاس سہارنپور میں ہو رہا ہے۔ غالباً آپ حضرات تو جمعیۃ علماء ہند کو نہ جانتے ہوں گے لیکن میں آپ کو ایک عرصہ سے جانتا ہوں۔ اگر مجبوری کی بات نہ ہوتی تو میں یہ بھی کہتا کہ جمعیۃ علماء ہند مسلمانان سہارنپور کی ۲۳ء میں خدمت بھی کر چکی ہے اور یہ بات مجبوری اسلئے ہے کہ ہم نے جو کچھ خدمت کی وہ مسلمانوں ہی کا معاملہ تھا جو ضرورت کے وقت مسلمانوں ہی پر خرچ کر دیا گیا۔ بہرحال اب آپ سے ملاقات ہوگئی ہے۔ امید ہے کہ آپ کے شہر میں آئندہ بھی جمعیۃ علماء ہند کے اجلاس ہوتے رہیں گے اور میں تو ہر وقت آپ کی خدمت کے لئے حاضر ہوں۔

مدرسہ مظاہر العلوم

جناب صدر! اگر یہ واقعہ صحیح ہے کہ مدرسہ والوں نے آپ کے مہمانوں کو قیام کی جگہ نہیں دی اور اسلئے آپ کو قیام کیلئے کوٹھی کا انتظام کرنا پڑا تو یہ کوئی تعجب کی بات نہیں ہے۔ مظاہر العلوم ان مدارس میں سے ہے کہ جس نے خلافت کی تحریک میں بھی نہایت حزم و احتیاط سے کام لیا تھا اور آج کل تو خالص وطنیت کی تحریک ہے۔ اگر مدرسہ والوں نے حزب الوطنی کے ممبران کو ٹھہرانے سے انکار کر دیا تو یہ امر کوئی قابل شکایت نہیں ہے اس تحریک میں تو عام طور سے عربی مدارس پر جمود طاری رہا اور بھائی سچ پوچھو تو یہ مدارس خلافت کی تحریک میں بھی شریک نہ ہوتے لیکن اس وقت تو یہ مسلمانوں کی رائے عامہ سے دب گئے تھے ورنہ تو یہ تو صرف درس و تدریس کے رہ گئے ان میں عملی روح کہاں ہے۔

اسی ملت میں مصعب بن عمیر کا سر کٹا تھا اور مصعب کچھ دنوں بعد اسی ملت میں مختار کا سر کٹا تھا۔ اگر تم نے یہ کچھ نہیں دیکھا تو کیا فرعون کو دریا میں ڈوبتے اور بنی اسرائیل کو مصر کا بادشاہ بنتے بھی نہیں دیکھا۔ کیا تم نے حسین کے قاتلوں کی ہڈیاں قبر سے اکھڑتے اور ان میں آگ لگتے بھی نہیں دیکھا۔ کیا تم نے عبداللہ بن زبیر کا سر مکہ کے دروازے پر لٹکے ہوئے نہیں دیکھا۔ اگر تم نے یہ کچھ نہیں دیکھا تو کیا بغداد کو تباہ ہوتے بھی نہیں دیکھا اور تاتاریوں کو مسلمان ہوتے بھی نہیں دیکھا۔ کیا تم نے انقلاب اسپین بھی نہیں دیکھا۔ کیا تم نے سات سو سالہ حکومت کے تاجدار کو شب کے آخری حصے میں ایک پرانے اور شکستہ جہاز میں اپنے اہل و عیال اور بڑے بیماروں کے ساتھ ہسپانیہ سے نکلتے نہیں دیکھا۔ سب سے عبرتناک اگر یہ کچھ نہیں دیکھا تو کیا بہادر شاہ کا وہ خوان بھی نہیں دیکھا جس میں ان کے بیٹوں کا سر کاٹ کر عمال حکومت نے اس طرح پیش کیا تھا جس طرح کسی کے سامنے ہدیہ خوان میں عمدہ کھانا پیش کیا جاتا ہے۔ کیا تم نے اجمالہ کے کنوئیں میں کو پڑ کر رفرائیاں نہیں دیکھیں۔ کیا تم نے دہلی کی سڑکوں پر شرفاء دہلی کی لاشوں کو خون میں تڑپتا ہوا نہیں دیکھا۔ کیا تم نے مسلمانوں کے جسم پر سور کی چربی مل کر پھانسیاں دیتے ہوئے نہیں دیکھا۔

[illegible]

حکیم اجمل خاں صاحب مرحوم کے تمام خاندانی و ذاتی خاص اخلاص اصلی تجربات ملنے کا پتہ — جسے خود حکیم صاحب مرحوم نے قائم فرمایا ہے — ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۱۱۰۲ دہلی — فہرست مفت۔

گاندھی جی کے عائد کردہ الزامات کا حکومت کی طرف سے جواب

صوبجاتی حکومتوں نے معاہدہ دہلی کی خلاف ورزی نہیں کی ہے

گورنمنٹ آف انڈیا کا مفصل اعلان

شملہ ۲۴ اگست۔ حکومت ہند اور کانگریس کے مابین جو مراسلت ہوئی تھی اور کانگریس نے حکومت کے خلاف الزامات کی جو فہرست شائع کی تھی اس کے سلسلہ میں حکومت نے آج ایک بیان شائع کیا ہے مذکورہ بیان کی ابتدائی فقرے سے ہوتی ہے کہ وسط جولائی کے قریب جب مسٹر گاندھی شملہ آئے تھے تو انہوں نے حکومت ہند کے محکمہ داخلہ کے سکریٹری (مسٹر ایمرسن) کو شکایات کی دو فہرستیں دی تھیں۔

طلباء کا اخراج

انگلستان کی موجودہ مزدور حکومت کا خاتمہ

مسٹر میکڈانلڈ وزیر اعظم مستعفی ہو گئے

مزدور حکومت کے بجائے مشترکہ قومی حکومت کا قیام

لندن ۲۴ اگست۔ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ مسٹر ریمزے میکڈانلڈ وزیر اعظم مستعفی ہو گئے ہیں۔ اس سلسلہ میں بعد کی اطلاعات یہ ہیں کہ مسٹر ریمزے میکڈانلڈ اور مسٹر بالڈون کی پارٹی میں باہمی معاہدہ ہو گیا ہے جس کی رو سے اب انگلستان میں بجائے مزدور حکومت کے مشترکہ قومی حکومت قائم ہو گی لیکن یہ امر یقینی ہے کہ اس حکومت کی جانب سے بھی وزیر اعظم مسٹر ریمزے میکڈانلڈ ہی منتخب ہوں گے۔

جدید قومی حکومت کی تشکیل کے بعد وزیر اعظم نے ہندوستان کو یقین دلایا ہے کہ وزارت کی تبدیلی گول میز کانفرنس کے انتظامات اور اس کی حکمت عملی پر اثر انداز نہ ہوگی۔

مسجد اور دھرمسالہ کے دروازوں کو ریلوے حکام نے بند کر دیا

ہندو مسلم وکلاء کی مشترکہ اپیل

ریلوے کے ذمہ دار افسران نے موکامہ کی مسجد کے دروازہ کو بند کر دیا ہے جس کے باعث گذشتہ سات ماہ سے اذان اور نماز بھی بند ہو گئی ہے۔ اس طرح ریلوے کے ارباب اختیار نے مقامی دھرمسالہ درگاہ اور مسلمانوں کے قبرستان کے دروازے بھی بند کر دئے ہیں ریلوے کے ذمہ دار حضرات کی اس دست درازی پر ہندو اور مسلمانوں میں سخت بے چینی پھیلی ہوئی ہے اور دونوں جماعتوں کو اس کارروائی سے تکلیف ہے۔ ریلوے کے ذمہ دار حکام کو ان ناخوشگوار حالات کی طرف توجہ دلائی جاتی ہے۔ بند کئے ہوئے دروازہ کو کھول کر عوام کی تکالیف اور بے چینی کا فوراً انسداد کرنا چاہئے۔

کوسی کلاں کے ہندو مسلم فساد کے مقدمہ کا فیصلہ

تمام ہندو ملزمین بری کر دئے گئے

متھرا ۲۳ اگست۔ کل مسٹر پی۔ این۔ گھوش سیشن جج نے کوسی کے فرقہ وارانہ مقدمہ کا فیصلہ سنا دیا۔ ناظرین کو یاد ہوگا کہ اس سلسلہ میں ۹ ہندو قتل، فساد اور دیگر الزامات میں گرفتار کئے گئے تھے اور ان کے خلاف ڈیڑھ مہینہ سے مقدمہ چل رہا تھا۔ فاضل جج نے فیصلہ سناتے ہوئے جملہ ملزمین کو بری کر دیا ہے۔

انگلستان میں قومی حکومت چند روزہ رہیگی

مختلف جماعتوں کو مشکلات کا احساس

گاندھی جی کی لندن کو روانگی

حکومت کی طرف سے الزامات کا جواب گمراہ کن ہے

شملہ ۲۵ اگست۔ آج سہ پہر کے وقت گاندھی جی نے مسٹر ایمرسن سے تقریباً دو گھنٹہ تک ملاقات کی۔ گاندھی جی نے اخبار کے ایک نمائندے سے فرمایا کہ کانگریس نے الزامات کی جو فہرست شائع کی تھی اس کے سلسلہ میں جو صوبجاتی حکومتوں کے جواب کا میں نے صرف خلاصہ پڑھا ہے جو کہ اخبارات میں شائع ہوا ہے۔

مجلس مقننہ کے آئندہ اجلاس میں تعدد تجاویز

گاندھی جی مطمئن ہونے کے بعد لندن جائینگے

افغان یوتھ لیگ کی مجلس عاملہ کا فیصلہ

سہارنپور میں حضرت ناظم الجمعیتہ کی تقریر

عدن میں گاندھی جی کے استقبال کی تیاریاں

ہندوستانی اور عربی مصنوعات کی ترویج کیلئے روپوں کی پیشکش

"زعیم الہند" سے عربوں کی عقیدت

الشوریٰ کا نامہ نگار عدن سے اطلاع دیتا ہے کہ گاندھی جی گول میز کانفرنس کی شرکت کے لئے لندن تشریف لے جائیں گے اس سلسلہ میں آپ کا گزر عدن سے بھی ہوگا اس لئے عدن کے باشندوں نے آپ کے استقبال کی تیاریاں شروع کر دی ہیں۔

ناظم الجمعیتہ مولانا حافظ احمد سعید صاحب کا کانپور میں ورود

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سیرت مقدسہ پر تقریر

کلکتہ کے ایثار پیشہ مسلمانوں سے خطاب

جانشین حضرت شیخ الہند مولانا حسین احمد صاحب مدنی کی اپیل

جمعیۃ علماء ہند دس سال سے مسلمانوں کی دینی و بنیادی ضرورتوں میں جرأت و استقلال کے ساتھ رہنمائی کے فرائض انجام دے رہا ہے آج جمعیۃ مالی مشکلات میں مبتلا ہے۔ اس کے سفیر مولانا محمد ابراہیم صاحب کلکتہ میں مقیم ہیں۔ میں کلکتہ کے مخیر اور ہمدرد اسلام مسلمانوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ سفیر مذکور کے دورہ کو کامیاب بنائیں اور جمعیۃ کی مالی امداد کر کے حضرت شیخ الہند کے قائم کردہ دینی مرکز کو برقرار رکھنے کی سعی کریں۔

ننگ اسلاف حسین احمد

صدر المدرسین دار العلوم دیوبند و نائب صدر جمعیۃ علماء ہند

مشہور انقلابی مقدمہ کی سماعت

پیروی کے لئے جرمن سے وکلاء کی آمد

مہاراجہ کشمیر سے مسلم وفد کی شکایات

ہز ہائی نس کی جانب سے جواب

مسجد فتحپوری میں مولانا شفیع داؤدی کی تقریر

آپ مسلمانوں کے نمائندے نہیں ہیں

ہسپانیہ میں رومن کیتھولک فرقہ کی بغاوت

ڈاکٹر سید راس مسعود کا عزم راسخ

گاندھی اور وائسرائے کی ملاقات کا خوشگوار نتیجہ

گول میز کانفرنس کی شرکت کے لئے گاندھی جی کی لندن کو روانگی

"ملاقات بہت تسلی بخش رہی ہے"

شملہ ۲۷ اگست "فرگو" ہوس میں مزید تحقیقات سے معلوم ہوا ہے کہ گاندھی جی اور وائسرائے کے درمیان ملاقات کے نتیجہ کے طور پر گورنمنٹ نے جو اعلان کرنا تھا اس کے مسودہ کے متعلق اشکال پیدا ہو گیا ہے۔

فیصلہ ہو گیا

شملہ ۲۷ اگست۔ گاندھی جی نے وائسرائے کے ساتھ تقریباً تین گھنٹہ تک ملاقات کی اور ملاقات کے بعد ایسوسی ایٹڈ پریس کو مطلع کیا کہ وہ آج بعد دوپہر شملہ سے سیدھے بمبئی جا رہے ہیں اور وہاں سے ۲۹ اگست کو لندن روانہ ہو جائیں گے۔

جدید حکومت کے ارکان کی فہرست

قدامت پسندوں کی حکمت عملی کا اعلان

لارڈ ارون اور مسٹر بین کا نئی حکومت سے اخراج

لندن ۲۵ اگست نئی نیشنل گورنمنٹ برطانیہ کے اراکین کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ مندرجہ ذیل سرکردہ ممبران پر نئی حکومت مشتمل ہے:-

وزیر اعظم	مسٹر ریمزے میکڈانلڈ
لارڈ پریزیڈنٹ آف کونسل	مسٹر سٹینلے بالڈون
چانسلر آف ایکسچیکر	مسٹر فلپ سنوڈن
ہوم سکرٹری	سر ہربرٹ سیموئل
لارڈ چانسلر	لارڈ سینکے
وزیر خارجہ	لارڈ ریڈنگ
وزیر ہند	سر سیموئل ہور
وزیر نو آبادیات	مسٹر جے ایچ تھامس
وزیر صحت	مسٹر نویل چیمبرلین
پریزیڈنٹ بورڈ آف ٹریڈ	سر فلپ کنلف لسٹر

نئے قومی جھنڈے کی سلامی

محکمہ احتساب نے فلم منظور کر لی

معاہدہ دہلی کی تحقیقات کی جائیگی

سر شادی لال ثالث مقرر ہوں گے

محکمہ پولیس میں زبردست تخفیف

۶۳ ہزار روپے کی بچت

حکومت کی طرف سے معاہدہ دہلی کی خلاف ورزی

رپورٹ مرتب کی جا رہی ہے

کمہار اور نوکروں کی ہلاکت

ریلوے لائن کو عبور کرنے کا نتیجہ

قدامت پسندوں کی حکمت عملی

حکومت سے برمی خواتین کا مطالبہ

روس اور افغانی معاہدہ کی تصدیق

براڈکاسٹنگ کے ذریعہ وزیر اعظم کا اعلان

امیر الہند کا تقریبی مسلمانوں کو بربادی سے بچا سکتا ہے
(بسلسلہ صفحہ اول)

جب وہ اپنے معتقدین کو کسب معاش کے طریقے بتاتے ہیں تو وہ نہیں ان کی کمائی میں حصہ دار بننے کا پورا حق حاصل ہے۔ مذہب عیسوی محض ... کا ملتی تھا۔ مذہب اسلام دینی اور دنیوی دونوں جہاں کی فلاح کا ملتی ہے پھر کوئی وجہ نہیں کہ علماء کرام مذہب کی حفاظت کے ساتھ ان مسائل کو باقاعدہ میں نہ لیں جن کی وجہ سے مسلمان دنیوی طور پر برباد ہو کر دائرہ اسلام سے خارج ہونے پر مجبور ہو رہے ہیں۔ اگر وہ اس کام کو ہاتھ میں لے لیں تو ان کی جمعیت کو مسلمانوں کی آمدنی میں حصہ دار بننے کا پورا حق حاصل ہوگا جس سے جمعیۃ علماء کی بنیاد مضبوط بنیادوں پر قائم ہو جائیگی۔

اسلام کی جامعیت

اس زمانہ میں تمام مذہبی جماعتوں کو دہریت کے عالمگیر سیلاب سے سخت اندیشہ پیدا ہو رہا ہے مگر جب کہ مذہب اسلام ایک ازلی اور ابدی مذہب ہے تو اسے کوئی خطرہ نہیں ہو سکتا۔ دیگر مذاہب کی بنیاد ان کے منفرد مذہبی مصلح کی تعلیمات پر قائم ہوئی تھی مگر اسلام جملہ مذاہب کی انفرادی تعلیمات پر حاوی ہے جو دنیا کے ابتدائی دور میں خانہ بدوش اقوام کا سیدھا سادہ مذہب بھی اسلام تھا اور انسانی سوسائٹی کے نشو و نما کے ساتھ تمام ارتقائی منازل طے کرنے کے بعد جو شکل مذہب نے اختیار کی ہے اور جو تفسیر حدیث، فقہ، کلام اور صدہا قسم کے علوم اور لاکھوں کتابوں پر مشتمل ہے وہ بھی اسلام ہے اور انسانی معلومات میں اضافہ ہونے کے ساتھ مذہبی معتقدات میں جو تغیرات پیدا ہوں گے وہ بھی عین اسلام ہوں گے۔ اسلام کی اس برتری کو یورپ کے علماء بھی تسلیم کر چکے ہیں۔ چنانچہ پچھلے دنوں برنارڈ شا نے پیشین گوئی کی تھی کہ آئندہ زمانہ میں مذہب دنیا سے رخصت ہو جائے گا۔ البتہ جو شکل معتقدات کی باقی رہے گی وہ اسلام سے مشابہ ہوگی۔ جیسا کہ اوپر عرض کیا گیا۔

اسلام کا یہ بھی دعویٰ ہے کہ وہ ایک ابدی مذہب ہے اس لئے اگر مسلمانوں کو اپنے مذہب پر پورا اعتقاد ہے تو انہیں نہ دہریوں سے ڈرنا چاہیئے اور نہ دہریوں سے، نہ سوشلزم سے ڈرنا چاہیئے اور نہ بالشوزم سے۔ زمانہ ماضی میں جب کسی نئے عقیدہ کا الہام کسی مذہبی پیشوا کو ہوتا تو وہ اسلام تھا اسی طرح زمانہ مستقبل میں مزید انسانی معلومات اور دماغی نشو و نما اور عقلی ارتقاء کے جو بہترین نتائج نکلیں گے جن سے انسانی فلاح و بہبود مترتب ہوگی وہ عین اسلام ہوں گے۔ اگر ان امور کو پیش نظر رکھ کر جرأت اور محبت کے ساتھ ہمارے علمائے کرام اپنا کام شروع کر دیں گے اور امامت سرعیہ کی تجویز جمعیۃ علماء کے مدنظر ہے تو یقینی طور پر کامیابی ہوگی اور دنیا میں اسلام کا بول بالا رہے گا۔

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

ہندوؤں کی طرف سے ایک مسجد پر قبضہ کرنے کی کوشش
ہندو حکام کی شرارتیں اور مہاراجہ جلیبور کی خدمت میں درخواست
رانگڈھ کے مسلمانوں میں سخت اضطراب

رانگڈھ ریاست جلیبور کی ایک مسجد کے سلسلہ میں مقامی ہندوؤں نے جو شرارت پھیلائی ہے اور ہندو حکام نے شورہ پشتوں کی جس طرح حمایت کی ہے اس کے متعلق رانگڈھ کے چند افراد دفتر جمعیۃ علماء ہند میں آئے اور انہوں نے اپنے دستخطوں سے ذیل کی درخواست پیش کی۔

موضع رانگڈھ میں ایک قدیم مسجد ہے جس کے گوشہ جنوب مشرق میں ایک پیپل کا درخت ہے جس کو وزیر الدین قاضی اور امام بخش پولیس دار نے نمازیوں کے آرام و راحت کے لئے حوض کے پاس لگایا تھا اس درخت کی عمر تقریباً اسی سال ہوگی۔

پیپل کے متصل مسجد کی مشرقی دیوار جو خام تھی منہدم ہو گئی اور اسکو مسلمانوں نے دوبارہ محرم کی آٹھ تاریخ کو بنانا چاہا۔ لیکن چند ہندوؤں نے جن کے نام حسب ذیل ہیں خام دیوار بنانے سے مسلمانوں کو اس لئے روکا کہ پیپل جو ہندوؤں کے نزدیک مقدس ہے ان کو دیدیا جائے۔

نام اہل ہنود۔ بر دھنگر، بھاج رام گجراتی، ہیرا سنار، جنگیا سنار وغیرہ ان ہندوؤں نے ہندو تحصیلدار سے جس کا نام نارائن سنگھ ہے تعمیر بند کرنے کا حکم حاصل کر لیا اور اٹھائیس مسلمانوں کی تعمیر دیوار کی بنا پر گرفتار کرا لیا جو آجکل ضمانت پر رہا ہیں گرفتاریاں ۱۲ محرم کو عمل میں آئیں۔

تعمیر دیوار روکدی گئی ہے لیکن تحصیلدار اور دوسرے ہندوؤں کی منشاء ہے کہ مسجد کی دیوار کو پیچھے ہٹا کر پیپل کو ہندوؤں کے لئے چھوڑ دیا جائے لیکن مسلمان ایک موتو نہ مسجد کی آراضی سے کسی طرح دست بردار نہیں ہو سکتے اور وہ اس کی حفاظت کیلئے ہر ممکن قربانی کو آمادہ ہیں۔ ۲۲ محرم کو مسلمانوں کے موقوفہ قبرستان کی باڑہ کو جلا دیا گیا ہے باڑہ قدیمی ہے اور اس کے جلانے سے ہندو کا مقصد یہ ہے کہ قبرستان میں سے راستہ نکالیں باوجودیکہ قبرستان کے بالکل قریب راستہ موجود ہے مسلمانوں نے تحصیلدار سے شکایت کی لیکن ان مسلمانوں کی شکایتوں پر کوئی خاص توجہ نہیں کی بلکہ وہ دربردہ مسلمانوں کے خلاف ہندوؤں کی امداد اور طرفداری کرتا ہے اس سے پیشتر مسلمانوں نے ہر جولائی کو جہدید اسسٹنٹ میں درخواستیں دیں اور ۸ اگست کو پولیس نے انتظام کیا مسلمانوں کی قلیل آبادی بہت غریب ہے اور انہیں تعلیم بھی نہیں ہے ہندوؤں نے ہر محرم سے مسلمانوں کا مکمل بائیکاٹ کر رکھا ہے جس کے باعث مسلمان سخت تکلیف میں مبتلا ہیں قبرستان اور مسجد پر پولیس کا پہرہ ہے غریب مسلمانوں کو طرح طرح سے دھمکایا اور ستایا جاتا ہے اور پہرے پر پولیس دھرم سالہ میں مقیم تھی۔

۱۸ اگست کو رام کو بھی مسلمانوں کو ... ہندو ... پولیس ... جلیبور ... ماتحت سپرنٹنڈنٹ پولیس مع ... مسلمانوں کے ... ہندوؤں ... نے ... کوٹھا ... کر دیا۔

ذیل میں اس درخواست کی نقل درج ہے جو مسلمانوں کی جانب سے مہاراجہ صاحب کی خدمت میں پیش کی گئی

نقل درخواست

بحضور ... دام اقبالہ

گذارش حال جملہ مسلمانان رانگڈھ کا یہ ہے کہ آپ کی بستی میں آج تک ...

ہم غریب مسلمان آرام سے ساتھ رہتے آئے ہیں اور کسی طرح کی تکلیف ہم لوگوں کو نہ ہوئی اور اب بھی ہم لوگ ہر وقت آپ کی جان و مال کی دعا کرتے ہیں کہ حضور کا تخت و تاج سلامت رہے۔ حضور اعلیٰ مسجد کی شکستہ دیوار بنانے کے بارہ میں تحصیلدار صاحب نارائن سنگھ کے باعث یہ سب مصیبت کے پہاڑ ہم پر ٹوٹ پڑے ہیں کا جواب تحصیلدار صاحب سے لیا جاوے اور برہمن لوگوں سے جو مزار کی اور گورستان کی باڑہ اور چند قبریں جو جلائی ہیں ان کا جواب برہمنوں سے لیا جاوے اور پھر اہل شہر نے ملکر جبراً و قہراً جو بھائی کاٹ کیا ہے اس کا جواب مہاجنوں سے لیا جائے۔ ہم لوگ جب درخواست تحصیل میں کرنے جاتے ہیں تو جے دیال گونڈ کا اور جعل جی ہم سے پہلے پہنچ کر تحصیلدار صاحب کے کان بھر دیتے ہیں پھر غریبوں کا والی کون اور وہ کس کے پاس فریاد لے جائیں تحصیلدار صاحب ہماری کوئی فریاد نہیں سنتے اس سے صاف ظاہر ہے کہ تحصیلدار صاحب خود ہندوؤں سے ساز باز رکھتے ہیں یہ کام انصاف کا نہیں انصاف کا کام غریبوں اور امیروں کو یکساں رکھنے کا ہے لیکن حضور ہم تحصیلدار جی صاحب کو غربت کی وجہ سے کچھ نہیں دیتے اور دوسرے لوگ مالدار ہونے کے باعث بہت کچھ دیتے ہیں پھر وہ ہم غریبوں کو کیوں خیال میں لائیں جس وقت انہوں نے قبرستان کی باڑہ کو جلایا اور تحصیل کے سامنے مندر کے پاس رات بھر بڑا ہجوم رہا اور ماردھاڑ کی علانیہ دھمکی دیتے رہے تب بھی ان سے کچھ نہ کہا مسیح جب سلمانان رانگڈھ نے تحصیل میں جاکر باڑہ کے واسطے کہا تو جواب ملا کہ ملازم کو لاؤ اس جواب کو سنکر وہ خاموش ہو گئے اور پیچھے سے تحصیل سے پیچھے از کر چلے آئے اور اگلے روز بارش زور شور سے برستی تھی اور بولا مسجد کی جو کچی تعمیر کی گئی ہے اس پر تپڑا وغیرہ رکھا تھا اس بپڑے کو تحصیلدار صاحب اور تھانیدار صاحب نے جبراً سپاہیوں کو بھیجکر نیچے ڈلوا دیا اور جمع شدہ پانی بھی نہ نکالنے دیا اور چار سپاہی کو لگ پہرے پر قائم کر دئے کسی مسلمان کو دیوار کے پاس نہ آنے دیتا اب تک پہرہ قائم ہے اس سے یہی صاف ظاہر ہے کہ تحصیلدار کا ارادہ ہے کہ دیوار شکستہ ہو جاوے تو اچھا ہے لہذا عرض ہے بلکہ امید وار ہیں کہ چارہ جوئی فرمائی جاوے۔ جو واجب تھا عرض کیا۔

المرقوم ۲۰ر جولائی ۱۹۳۱ء
راقم جملہ مسلمانان رانگڈھ

مہاراجہ جلیبور کے نام ناظم جمعیۃ علماء ہند کا تار
مسجد کے متعلق مسلمانوں کی شکایات پر توجہ فرمائیے

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے ذیل کا تار سکرٹری مہاراجہ جلیبور کے نام روانہ کیا ہے۔

رانگڈھ کے مسلمانوں پر ظلم ہو رہا ہے۔ ہندوؤں کی جانب سے مسجد کی دیوار بنانے میں مزاحمت کی جا رہی ہے۔ مہربانی فرما کر فوراً توجہ کیجئے۔
احمد سعید سکرٹری جمعیۃ علماء ہند

لارڈ ہیڈلے کی تقریر مفت منگوائیں

غیر ممالک میں تین ہزار تقریر بسیرت دو مرتبہ لارڈ ہیڈلے فاروق مفت تقسیم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ یہ تقریر پانچ زبانوں اردو، انگریزی گجراتی، تامل، گورمکھی، میں ہیں۔ غیر ممالک کے مسلم یا غیر مسلم پتہ ذیل سے بالکل مفت طلب فرماویں۔
دفتر ایمان ٹیٹی (Patti) ضلع لاہور

چیف سکرٹری حکومت بمبئی کی شملہ کو روانگی

پونا ۲۶ر اگست۔ آج کابینہ کی اہم میٹنگ ہوئی جس میں گاندھی جی کی گفت و شنید پر غور و خوض کیا گیا۔ معلوم ہوا ہے کہ چیف سکرٹری حکومت بمبئی اس سلسلہ میں کل شملہ روانہ ہو رہے ہیں یہ بھی ممکن ہے کہ مسٹر گیرٹ کمشنر ناردرن ڈویژن بھی چیف سکرٹری کے ساتھ جائیں۔

مذاکرات
(ایڈیٹر کا مقالہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

مظالم کشمیر کے خلاف احتجاجات
مسلمانان فیروز پور کا جلسہ

ایک جلسہ عام احاطۂ انجمن اسلامیہ میں بروز جمعہ مورخہ ۲۱ر اگست ۱۹۳۱ء بوقت بعد از نماز مغرب زیر صدارت چودھری مولا بخش صاحب رئیس چھاؤنی فیروز پور منعقد ہوا۔ حاضرین کی تعداد کافی تھی کارروائی جلسہ تلاوت قرآن مجید سے شروع کی گئی۔ جناب میاں حمید الدین صاحب بی اے۔ ایل۔ ایل۔ بی پلیڈر نے ایک مختصر سی تقریر فرما کر کشمیر کے مظالم کی داستان سنائی جس سے حاضرین پر بہت اثر ہوا۔ بعد ازاں مندرجہ ذیل ریزولیشن بالاتفاق رائے پاس کئے گئے۔

(۱) مسلمانان چھاؤنی فیروز پور کا یہ جلسہ عام ان مظالم کے خلاف جو مسلمانان کشمیر پر دربار کشمیر و حکام کی طرف سے کئے گئے ہیں بڑے زور سے احتجاج کرتا ہے اور حکام کے تمام ان افعال کو جو ان مظالم کے سلسلہ میں انہوں نے کئے ہیں بہ نظر حقارت دیکھتا ہے جلسہ ہذا ان تمام شہداء کے لئے دعا مغفرت کرتا ہے اور ان کے پسماندگان سے اظہار ہمدردی کرتا ہے۔

(۲) مسلمانان چھاؤنی فیروز پور کا یہ جلسہ مسلمانان کشمیر کو یقین دلاتا ہے کہ تمام مسلمان جو سرزمین ہند میں آباد ہیں ان کی موجودہ تکلیف میں اور مقابلہ میں ان کے دوش بدوش ہیں اور ہر طرح کی امداد کے لئے تیار ہیں۔

(۳) یہ جلسہ موجودہ تحقیقاتی کمیشن جو کشمیر میں مظالم کی تحقیقات کر رہی ہے عدم اعتماد کا اظہار کرتا ہے۔

(۴) یہ جلسہ حضور والا ایکسلنسی وائسرائے ہند و سکرٹری آف سٹیٹ سے استدعا کرتا ہے کہ ایک غیر جانبدارانہ تحقیقاتی کمیٹی کی تقرری کرے جو کہ مسلمانوں کی کہانی کو ہمدردی کے ساتھ سماعت کرکے انصاف کرے۔

(۵) یہ جلسہ دیکفیلڈ کمیٹی کی رپورٹ سخت ناتسلی بخش تصور کرتا ہے جس کے سپرد قرآن کریم کی بے حرمتی کا مقدمہ جو جموں میں سرزد ہوا تھا کیا گیا تھا۔ خیال کرتا ہے کہ اس رپورٹ سے مسلمانان ہند کے جذبات کو ٹھیس لگی ہے۔

(۶) یہ جلسہ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کا وہ فیصلہ جس کی رو سے سب انسپکٹر پولیس کو بری کیا گیا ہے سخت حقارت کی نظر سے دیکھتا ہے جس نے عید کے روز خطبہ عید پڑھنا بند کر دیا تھا اور خیال کرتا ہے کہ اس کے اس فعل سے جملہ اہل اسلام کی توہین ہوئی ہے۔

(۷) یہ جلسہ ان تمام ریزولیشن کو اخبارات میں شائع کرنے کی تاکید کرتا ہے اور اس کی روئیداد کشمیر کمیٹی کو بھیجنے کی سفارش کرتا ہے۔

جنرل سکرٹری انجمن اسلامیہ فیروز پور

منجن سلطانی استعمال کیجئے
انشاء اللہ دانت کی کلوں کی ضرورت نہیں رہیگی
دانت کا درد، مسوڑھوں کا ورم، خارش، جلن، کھٹا پن، دانتوں کا ہلنا ... ہی درد دانت کا فوراً جاتا ہے ... حکیم سید محمد عزیز الحسن پری گھاٹ بھوپال

ایک ماہ میں انگریزی آجائے گی
... انگریزی زبان ... کلاں محل دہلی

پیلی بھیت کیوں مشہور ہے
اس لئے کہ وہاں سے بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کی ایک مشہور و ماہراں کی دوا روغن کرامات تمام دنیا میں پہونچی ہے ہزارہا اور انگریز جس کی قدر کرتے ہیں۔
بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات
کان بہنے اور طرح طرح کی آوازیں ہونے اور کان کی ہر ایک چھوٹی سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی بیماری کی ایک خاص صفت دوا ہے
نپٹ بہرا پن
قیمت فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ (عہ۱)
جن صاحبان کو اعتبار نہ ہو وہ خود یہاں تشریف لاکر علاج کرا سکتے ہیں دھوکہ دینے والوں مکار ٹھگوں اور جعلسازوں نقالوں سے بچنا آپ کا فرض ہے۔ ہمارا پتہ یہ ہے۔
کان کی دوا بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یو۔ پی)

گول میز کانفرنس سے پہلے ہر مسلمان کو رسالہ انتخاب کا مطالعہ ضروری ہے تاکہ وہ اس کے فیصلے کی اچھائیاں اور برائیاں صحیح طور پر سمجھ سکے پانچ آنے کے ٹکٹ مع محصول ڈاک بھیجکر طلب کریں۔ ایم۔ اے۔ مجید معرفت الجمعیۃ دہلی

سفید بال
سات دن میں جڑ سے کالا
یہ خضاب نہیں ہے خوشبودار تیل ہے۔ جہاں سے طلب لکھ لیویں قیمت صرف چار روپیہ (للعہ)
پتہ: منیجر گنگا پرشاد گپتا بہار میڈیکل اسٹور دربھنگہ

طبی دنیا میں قابل قدر اضافہ
تحفۂ سیاہ ... منیجر مدینہ خضاب ورکس سیالکوٹ سٹی

ایک لاکھ مسلمانوں کی ضرورت ہے
جو دس کروڑ مسلمانوں کی اقتصادی پریشانی دور کرنے کی سعی میں میرے دست راست بنکر میں ... حالات کو دیکھ مسلام اور مسلمانوں کی کیا خدمت کر سکتے ہیں اور ... ناظم حلقہ ... منظفر نگر

سکنل ڈون ہو گیا
جلد دوڑو ورنہ خطرہ ہے
...

مسلمانان راندیر کی تجاویز

مورخہ ۱۶ر اگست بروز جمعہ مسلمانان راندیر کا ایک عظیم الشان جلسہ ریاست کشمیر کے مظالم کے خلاف احتجاج کرنے کے لئے زیر اہتمام دی ینگ مینس بروہڈ بصدارت عالیجناب مولوی عبدالرحیم صاحب ایڈیٹر رسالہ صادق منعقد ہوا۔ تقاضائیں جناب صدر نے کشمیر کے معاملات پر کافی روشنی ڈالی بعد ازاں حضرت مولانا مولوی مفتی سید مہدی حسن صاحب و سیٹھ حاجی احمد ابراہیم بیگا پوری صاحب نے تقریر فرمائی اور حسب ذیل تجاویز بالاتفاق منظور ہوئیں جو بذریعہ تار وائسرائے اور مہاراجہ صاحب کو ارسال کر دی گئیں۔

مسلمانان راندیر کا یہ عام جلسہ ریاست کشمیر کے ان مظالم کے خلاف جو اس نے اپنی مسلم رعایا پر ڈھائے و نیز قرآن شریف کی توہین کے خلاف سخت احتجاج کرتا ہے اور ریاست کشمیر کو متنبہ کرتا ہے کہ ہندوستان کے مسلمان اب ان مظالم کے برداشت کرنے کی تاب نہیں لا سکتے جو آئے دن ان کے بھائیوں پر آپ کی ریاست میں کئے جاتے ہیں۔

(۲) یہ جلسہ ریاست کشمیر کے ان بے پناہ مظالم کی طرف جو کہ آئے دن وہاں کی مسلم رعایا پر ڈھائے جاتے ہیں وائسرائے بہادر کو توجہ دلاتا ہے اور مطالبہ کرتا ہے کہ ایک آزاد اور غیر جانبدار کمیشن کے ذریعہ مظالم کی تفتیش فرما کر مظلومین کی دادرسی فرمائیں اور اپنی مسلم رعایا کی تسکین فرمائیں۔

(۳) یہ جلسہ مظلومین مسلمانان کشمیر کے ساتھ خلوص دل سے اظہار ہمدردی کرتا ہے اور شہداء کے لئے صمیم قلب سے دعائے مغفرت چاہتا ہے۔

(۴) یہ جلسہ بیراول کے ایک ناگوار واقعہ کے متعلق ہندو اخبارات اور بعض ہندو زعماء نے جھوٹے پروپیگنڈے کی جو روش ریاست جونا گڈھ کے خلاف اختیار کر رکھی ہے اس کے خلاف سخت احتجاج کرتا ہے اور ان کے افعال پر سخت اظہار نفرت کرتا ہے اور نواب صاحب جونا گڈھ سے التماس کرتا ہے کہ وہ ان لوگوں کے اس فتنہ ناک پروپیگنڈے سے مرعوب ہو کر مظلوم مسلمانوں کی دادرسی سے چشم پوشی نہ فرمائیں گے۔

مذکورہ بالا تجاویز مناسب مقامات پر ارسال کرنے کا اختیار جناب صدر کو دینے اور صاحب صدر کا شکریہ ادا کرنے کے بعد جلسہ نہایت پرامن طریقہ سے برخاست ہوا۔

راقم سکرٹری۔ احمد ابراہیم عجام
دی راندیر ینگ مینس برادرہڈ۔ راندیر ضلع سورت

مسلمانان گورکھپور کا احتجاج

۱۸ر اگست ۱۹۳۱ء بصدارت جناب حکیم مولوی نذیر احمد صاحب بعد نماز جمعہ جامع مسجد گورکھپور میں بسلسلہ یوم کشمیر ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا۔ محرک اور موید کی تائید سے حسب ذیل تجاویز پاس کی گئیں۔

(۱) مسلمانان گورکھپور کا یہ جلسہ مسلمانان ریاست کشمیر کے ان ہولناک مظالم پر جو سری نگر میں خصوصاً اور ریاست مذکورہ کے دیگر مقامات پر عموماً جاری و ساری ہیں اپنے انتہائی غم و غصہ اور نفرت کا اظہار کرتا ہے اور ریاست کو متنبہ کرتا ہے کہ اگر وہ جلد سے جلد مسلمانان کشمیر کے حقیقی شکایات رفع اور جائز حقوق اور پوری آزادی کو تسلیم نہ کرے گا اس وقت تک مسلمانان کشمیر کے ہیجان میں کسی قسم کی کمی واقع ہوگی اور نہ مسلمانان ہند کا جوش و خروش کم ہوگا۔

(۲) مسلمانان گورکھپور کا یہ عظیم الشان جلسہ ہز ایکسلنسی وائسرائے سے پرزور سفارش کرتا ہے کہ جو مظالم مسلمانان کشمیر پر جناب ریاست کشمیر جاری ہیں حضور بحیثیت نائب حکومت برطانیہ جلد از جلد اسکا تدارک کریں اور نیز مسلمانان ہند کی مجالس جمعیۃ علماء، مسلم کانفرنس کے ارکان کو جو ایک مشکل وفد کشمیر جانا چاہتے ہیں ان کو اجازت دیجائے اور پنجاب حکومت ایک مستقل وفد ممبران اسمبلی و کونسل روانہ کیا جائے۔ ہم لوگ ہز ایکسلنسی وائسرائے پر اس کا اظہار کر دینا ضروری سمجھتے ہیں کہ جب تک مسلمانان کشمیر کے متعلق بہتری نہیں آئی ہمارے جذبات کو صدمہ عظیم پہونچ رہا ہے۔

(۳) مسلمانان گورکھپور کا یہ جلسہ ممبران وفد کشمیر جمعیۃ العلماء ہند دہلی اور ... کے جذبات کا اعتراف کرتا ہے جو مسلمانان کشمیر کے متعلق نہایت دلیری اور آزادی کے ساتھ انجام دے رہے ہیں۔

قبرستان متصل قدم شریف اور حلقہ سست کا خطرناک طرز عمل
مشترکہ بورڈ کے وفد کی ڈپٹی کمشنر سے ملاقات

امر جولائی ۱۹۳۱ء کو خواجہ عبدالصمد صاحب وکیل دصدر مشترکہ بورڈ

میاں محمد صادق صاحب وکیل اور غیاث الدین احمد صاحب اراکین وفد مشترکہ بورڈ نے ڈپٹی کمشنر صاحب سے ملاقات کی اور قبروں کے نیچے کی سرنگوں کے لرزہ خیز حالات تفصیل کے ساتھ بیان کئے اور نوٹس کئے نیز درخواست کی کہ اس دل آزار اور توہین آمیز حرکت کے بانیوں کا پتہ لگا کر سزائیں دی اور جلد از جلد ان سرنگوں میں جو سینکڑوں فٹ تک چلی گئیں ہیں مٹی بھروائیں کیونکہ اسی کی تمام تر ذمہ داری محکمہ نزول پر ہے جس کے سپرد حکومت نے اس قطعہ کی نگہداشت کر رکھی ہے ڈپٹی کمشنر صاحب نے تفتیش کے لئے پولیس کو ہدایت کرنے کا وعدہ فرمایا اگرچہ مٹی بھروانے کو ایک مشکل کام بتایا لیکن حسب اصرار کے ساتھ مسلمانوں کے جذبات اور سینکڑوں قبروں کے دھنس جانے کے امکانات پر زور دیا تو صاحب موصوف نے چیف کمشنر صاحب کے آنے تک انتظار کے لئے کہا معلوم ہوا ہے کہ حال میں حکومت نے صرف سرنگوں کے منہ کو مٹی سے بند کرا دیا ہے۔ حکومت کا یہ فعل ... مسلمانوں کے لئے سخت خطرناک ہے کیونکہ یہ اونچا اور وسیع ٹیلا بظاہر مضبوط اور قابل اعتماد معلوم ہوتا ہے لیکن اندر سے بالکل خالی ہے اس راستہ سے عام طور پر میت کے ساتھ مسلمان کثیر تعداد میں جاتے ہیں اگر کسی وقت لوگ اس پر سے گذر رہے ہوں اور یہ دھنس جائے تو یقینی بات ہے کہ بہت سی جانیں ضائع ہو جائیں گی اور قبروں کے نشان تک مٹ جائیں گے چیف کمشنر صاحب کو ان حقائق سے آگاہ کیا جا رہا ہے اور بانیوں کی تحقیقات کے حالات ...

آجکل صحت کو برقرار رکھنا چاہیں
تو ہاضمہ کا خیال رکھیں، ہاضمہ کی خرابیاں ہی اس موسم کی تمام چھوٹی بڑی بیماریوں کی جڑ ہیں۔ کھانسی۔ زکام۔ انفلوئنزا۔ جی متلانا۔ قے دست۔ بدہضمی۔ بادی سب ہاضمہ کی خرابیاں ہی ہیں۔ اس لئے صحت کو ہر طرح سے محفوظ رکھنا چاہتے ہیں۔ تو
امرت دہارا
کا استعمال کثرت جاری رکھنا چاہیئے ...
گھر میں رکھیئے۔ جیب میں رکھیئے
جس سے نہیں صحت، روپیہ اور وقت سب کو بچاویگی!
قیمت فی شیشی دو روپے آٹھ آنے۔ نصف شیشی ایک روپیہ چار آنے۔ نمونہ ۸ آنے
احتیاط: نقلوں سے بچیئے کیونکہ صحت و روپیہ دونوں برباد ہوتے ہیں ... کبھی نقلوں پر اعتبار نہ کرو!
خط و کتابت و تار کا پتہ: امرت دہارا ۔۔ لاہور
منیجر امرت دہارا اوشدھالیہ۔ امرت دہارا بھون۔ امرت دہارا روڈ۔ امرت دہارا ڈاکخانہ لاہور

اگر تندرستی میں فرق ہے تو زندگی بیکار ہے
شربت اکسیر (رجسٹرڈ)
اگر آپ ستاری کی دیات بدگمان ہو گئے ہوں تو صرف ایک ہی روپیہ خرچ کر کے ہمارے کارخانے کا شربت اکسیر استعمال کیجئے
قدرت خدا کا تماشہ دیکھئے
...
جریان
...
۱۲ برس کا پرانا جریان شربت اکسیر کے استعمال سے اچھا ہو گیا
...
پتہ: ایس۔ بی۔ بخشی۔ اینڈ کمپنی
کوٹھی نمبر ۲ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

ہندوستان میں سب سے پہلی عجیب و غریب شان کی بے نظیر
حمائل شریف ...
مولوی محمد ... خان مولوی نظام الدین صاحب تاجران کتب لوہا بازار بھوپال

سناٹوجن استعمال کیجئے
اور جوانی کا مزہ اٹھائیے
جو شخص سناٹوجن استعمال کریگا اس کو چند ہی روز میں معلوم ہو جائیگا کہ اسکی کھوئی ہوئی جوانی کی طاقت دوبارہ واپس آگئی ہے سناٹوجن کے استعمال سے کمزوری اور عصابی ناتوانی بالکل معدوم ہو جاتی ہے اور مریض کو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اس کی شریانوں میں خون جوش مار رہا ہے۔
سناٹوجن استعمال کرنے والا ہر وقت توانا اور ہوشیار رہتا ہے اپنی زندگی کا ایک لمحہ مسرت میں گذارتا ہے۔
سناٹوجن کے استعمال سے اتنی زیادہ طاقت جو مریض کے بدن میں آجاتی ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ اس میں صرف یہی اجزاء شامل ہیں جو انسانی جسم کو حقیقی معنی میں زندگی اور خون بخشتے ہیں۔
آج ہی سناٹوجن کی ایک شیشی خرید لیجئے چند ہی یوم میں آپ کو معلوم ہوگا کہ آپ کی صحت اور طاقت میں حیرت انگیز اضافہ ہو گیا ہے۔
SANATOGEN
اصلی قوت بخش دوا
تمام دوا فروشوں سے دستیاب ہو سکتی ہے
تیاری کے دوران میں ہاتھ نہیں لگایا جاتا

سفید بال پندرہ دن میں جڑ سے کالا
آزمودہ شرطیہ تیل
... منیجر بیربرنا اسٹور ۵۷ لکنی سمری دربھنگہ

برسات میں چٹنی بڑا مزا دیتی ہے
چٹنی نورجہاں
...
پتہ: محمد میاں اینڈ برادر اچار مربہ والے کھاری باؤلی دہلی

سنون محبوب
...
پتہ: منیجر احمد بک ایجنسی پہاڑی املی دہلی

کٹ پیس تھوک نرخوں پر
...

چوہوں کی دوا
...

بے روزگاروں کیلئے سنہری موقع
گورنمنٹ آف انڈیا سے تمام ہندوستان کیلئے رجسٹری شدہ ہندوستان بھر میں اس سے بہتر کوئی اور کالج نہیں ہے اس کالج کا پاس شدہ تمام دنیا میں کام کر سکتا ہے کالج ہذا صرف پچاس روپیہ فیس داخلہ لیکر دو ماہ میں مکمل موٹر ڈرائیونگ اور موٹر فٹری کا کام سکھا دیتا ہے اور ملازمت کی ذمہ داری بھی لیتا ہے پردیسی طلباء کے لئے رہائش کا بھی اعلیٰ انتظام ہے مکمل حالات معلوم کرنے کیلئے پراسپکٹس مفت طلب کیجئے۔
منیجر دی کیپٹل پریکٹیکل موٹر ٹریننگ کالج حلقہ نمبر ۱ جامع مسجد دہلی

اخبار الجمعیۃ کے لئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے کمیشن معقول دیا جاتا ہے (منیجر)

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

سہ روزہ

الجمعیۃ

دہلی

ید اللہ علی الجماعۃ

تار کا پتہ :- "الجمعیۃ دہلی"

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ
ایک کالم

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
فی پرچہ
نمونہ مفت
ممالک غیر کیلئے
سالانہ
ششماہی

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی-اے)

معاون
محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۴ — دہلی یوم سہ شنبہ ۱۷ ربیع الثانی سنہ ۱۳۵۰ ہجری مطابق یکم ستمبر سنہ ۱۹۳۱ء — نمبر ۱۶

کاندھلہ ضلع مظفر نگر کے مسلمانوں کا عام جلسہ

ناظم جمعیۃ علماء ہند کی تشریف آوری

۲۷ اگست۔ آج ۲ بجے دن کے حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند اور مولانا حافظ رحیم الدین صاحب دہلوی کاندھلہ تشریف لائے اسٹیشن پر معززین شہر نے استقبال کیا۔ معزز مہمانوں نے متولی ضیاء الاسلام صاحب کے مکان پر قیام کیا۔ شام کو بعد نماز عشاء معزز مہمانوں نے ایک عام جلسے میں تقریریں کیں ... [illegible]

مہتمم صاحب دیوبند کو لکھ بھی دیا تھا۔ بلکہ محمد سعید کو بھی دیوبند سے سہارنپور بلایا تھا لیکن مجلس عاملہ کے بعد فوراً یہ رائے ہوئی کہ ہم لوگوں کو بھی جانا چاہئے کیونکہ ہم لوگ کانگریس کے فارمولے پر مطمئن نہیں تھے۔ کانگریس کا فارمولا منطقی طریقہ پر بہت خوشنما ہے لیکن مالوی جی کے قانونی دماغ نے اس فارمولے ... [illegible]

معاصرین کے افکار و آراء

دولت آصفیہ اور تعصب! (ملت)

کشمیر کے افسوسناک سانحات کے بعد جب فرقہ پرست اور مہاسبھائی ہندوؤں سے کچھ بن نہ پڑی تو انہوں نے ہندوستان کی اسلامی ریاستوں پر تعصب اور مسلمانوں کے ساتھ طرفداری کے الزامات لگانے شروع کر دیئے۔ ہندو مہاسبھا کا جلسہ ... حیدرآباد اور بھوپال پر جھٹ یہ الزام لگا دیا گیا کہ ان اسلامی ریاستوں کی ہندو رعایا کے حقوق پامال ہو رہے ہیں ... سرکاری ملازمتوں میں آبادی کے تناسب سے کہیں زیادہ ہندوؤں کے مقابلہ ... [illegible]

مسلمانوں کے مقابلہ میں ۸۲ فیصدی سے کچھ زیادہ ہے۔ محکمہ ریل میں ہندوؤں کی جو تعداد ہے مجموعی حیثیت سے اس کا حساب لگائیے تو وہ مسلمان ملازمین کے مقابلہ میں کئی گنا زیادہ ہے۔

یہ اعداد و شمار دولت آصفیہ کے صرف ایک شعبہ کے ہیں۔ یہی حالت نہ صرف تقریباً تمام دیگر شعبہ جات کی ہے بلکہ مجموعی طور پر بھی ہے۔ سرکاری عہدوں اور ملازمتوں کے علاوہ بالکل یہی حالت جاگیروں، وظائف اور دیگر مراحم خسروانہ کی ہے ... [illegible]

سندھ کی علیحدگی

[illegible]

کاندھلہ کی مشکلات

[illegible]

حاشیہ کی دیگر

[illegible]

حقوق مسلمان

اگرچہ ان مفروضہ حقوقیوں کی ملک کے سنجیدہ طبقے کی نظر میں کوئی وقعت ... [illegible]

"اکسیر معدہ" قیمت ایک روپیہ (عہ) - ہیضہ اور امراض شکم کی اکسیری دوا۔ از مجربات حکیم محمود خان اعظم (پٹیالہ) "ہندوستانی دواخانہ دہلی" - (نئی اکسیری فہرست مفت)

زندگی

حقیقت میں اس پر جوش قوت پر ضبط رکھنے کا نام ہے جسے جوانی کہتے ہیں لیکن بہت کم نوجوان اس پر ضبط رکھ سکتے ہیں اور اسے عرصہ تک قائم رکھنا چاہتے ہیں

جوانی زندگی کا بہترین حصہ ہے

اگر آپ جوانی کی بے اعتدالیوں سے ضائع کر چکے ہیں اور اسے حاصل کرنے کیلئے بیقرار ہیں تو آپ کیلئے رسالہ "زندگی" کا مطالعہ نہایت ضروری ہے ... انداز میں کرنے کے بعد صحیح طریق علاج بتایا گیا ہے ہر بوڑھے اور جوان کے پڑھنے کے قابل ہے مفت ... ایک پوسٹ کارڈ لکھ کر مفت حاصل کریں۔

ملنے کا پتہ
منیجر شفاخانہ معاون صحت رجسٹرڈ شہر راولپنڈی پنجاب

حلفیہ بیان اور سابق منسٹر ریاست انعام اللہ خاں کا مدعا

فی زمانہ جھوٹے اشتہار ... سارٹیفکٹوں سے ... بیماروں کے گلے پر چھری پھیرتے ہیں ... [illegible]

منیجر دواخانہ انیس الغربا محلہ شاہ نظر دیوان راولپنڈی شہر

زنگی قلم کی انقلاب انگیز فہرست

آج ہی طلب کریں جس میں وہ نادر حسین اور کار آمد قلم درج ہیں جس کا ثانی کسی قیمت پر بھی نہیں مل سکتا۔

زنگی اسٹینڈرڈ قلم

۱۹۱۶ء سے اب تک چالیس ہزار سے زائد فروخت ہو چکے ہیں۔ مضبوط ... اصلی ایریڈیم کی نوک اور ... پیٹنٹ فیڈ لینی سیاہی ... بہم پہنچانے والا بہترہ زنگی قلم کو ہر دیگر قلم سے زیادہ کار آمد ... زنگی لیور کلب چھ آنے دہرے

خدمت — ہر ایک زنگی قلم ہمیشہ مفت مرمت کیا جاتا ہے البتہ اگر کوئی پرزہ لگانا لازمی ہو تو واجبی قیمت لی جاتی ہے

زنگی ڈی لیوکس

... قیمت دس روپیہ ... سیاہ نیلا اور سرخ رنگ بھی ہے۔

مرمت و تبادلہ

ہر قسم کے قلم ... مرمت ہوتے ہیں اور زنگی سے بدلے بھی جا سکتے ہیں ... اخبار الجمعیۃ کا حوالہ ضرور دیں۔

زنگی قلم کمپنی نئی سڑک نمبر ۳۲ دہلی

ضبط نہ ہوئی تو روانہ ہوگی ورنہ شکایت معاف

گنجینہ عملیات

یا کلید اسرار نہاں معروف بہ رہبر حکیمان و کامران و عام خاصان یا گنجینہ ارض و سماں یہ کتاب اسم بامسمّی ہے اس میں علم حاضرات و مرکلات و عملیات جلالی و جمالی علوی و سفلی، فالنامہ و تعبیرنامہ و شگون و تعویذات و ظائف و طورات امراض نقشہ ابجدی ساعت سعد و نحس اور تاریخ و ایام و دشمنی و محبت ... [illegible]

روح حیات

[illegible]

حکیم ڈاکٹر ماجد حسین مالک کارخانہ اکسیر امرت ... [illegible]

وسیلہ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کر کے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں ایک کا نام دوزخ کا کھٹکا ہے اس میں وہ احادیث درج ہیں جن میں اعمال سیئہ کے ارتکاب پر عذاب الٰہی دوزخ کی وعید ہے اور عذاب الٰہی سے خوف دلا کر اعمال سیئہ سے بچنے کی ترغیب ہے ... دوسری کتاب کا نام جنت کی کنجی ہے ... [illegible]

ملنے کا پتہ — منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

تندرست اور طاقتور بنو۔ پھر دنیا تمہاری کنیز ہے۔ اگر تندرستی چاہیئے تو ہمدم دواخانہ پوسٹ بکس نمبر ۰ دہلی سے فہرست ادویات مفت طلب کیجئے

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشۂ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو سنکر اور دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرمایا۔ صحت، طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں۔ مولانا شاہ رفیع الدین صاحب مولانا شاہ عبد القادر صاحب۔ مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے۔ علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن مجید کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ دس روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

سب سے سستا اور صحیح قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدرت طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا۔ اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے۔ نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے۔ نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر، زبر، پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے، بچے، جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائٹیل رنگین اور جاذب نظر ہے۔ جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دیجاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی عہ بلا جلد مجلد۔ پارچہ عہ مجلد چرم نقرہ علاوہ محصولڈاک دو روپے (عہ)

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت صحیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹیل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹیل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے سے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ۔ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حاشیہ دار عہ قسم دوم حاشیہ دار عہ علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ۸ چرم عہ

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم سہ شنبہ ۱۷ ربیع الثانی ۱۳۵۱ھ

احادیث نبوی

(از حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند)

مفلس کون ہے؟ لوگوں نے عرض کیا جس کے پاس روپیہ پیسہ نہ ہو۔ فرمایا وہ مفلس نہیں ہے بلکہ مفلس وہ ہے جو قیامت میں نماز روزہ اور زکوٰۃ کا ڈھیر لیکر آئے لیکن اس نے دنیا میں کسی پر ظلم کیا تھا، کسی کو گالی دی تھی، کسی پر تہمت لگائی تھی، کسی کو قتل کیا تھا یا اور کسی قسم کی تکلیف پہنچائی تھی تو قیامت میں اس کی تمام نیکیاں مظلوم کو دلوا دی گئیں اور مظلوم کے گناہ اس کی گردن پر رکھ دئے گئے اور پھر اس کو جہنم میں ڈال دیا گیا۔ حقیقی مفلس یہ ہے اور اس سے بڑھ کر کون مفلس ہو سکتا ہے۔ (مسلم، ترمذی)

مظلوم کی بددعا جو ظالم کے حق میں ہو بادلوں کے اوپر اٹھالی جاتی ہے۔ آسمانوں کے دروازے اس دعا کے لئے کھول دئے جاتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میں تیری امداد ضرور کروں گا اگرچہ کچھ وقفہ سے ہو۔ (احمد، ترمذی)

[illegible]

مجتہد، مولانا سید ناصر حسین صاحب مجتہد، شمس العلماء مولانا سید احسن صاحب، مولانا قطب الدین عبدالوالی صاحب، مولانا عبید اللہ صاحب مجتہد، مولانا عمر دراز بیگ صاحب ناظم جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ، مولانا سید ولایت حسین صاحب الہ آبادی وغیرہم۔

(۲۱) مذہبی حلقوں اور مذہبی اداروں نے بھی اس کو مذہب کے خلاف قرار دیا اور اس سے بیزاری کا اعلان کیا۔ مثلاً جمعیۃ علماء ہند، دارالعلوم ندوۃ العلماء، دارالعلوم دیوبند، مظاہر العلوم سہارنپور، مدرسۃ الواعظین لکھنؤ، اہلحدیث کانفرنس وغیرہ۔

(۲۲) ہندوستان کے بہت سے شہروں اور قصبوں میں جلسے ہوئے جن میں ہزارہا مسلمانوں نے مجمع عام میں بالاتفاق اس بل کے مسلمانوں پر اطلاق سے ناراضی ظاہر کی اور اس کے قبول کرنے سے انکار کر دیا۔

ایسی صورت میں نہ صرف منتخب شدہ اراکین جمعیۃ مقننہ بلکہ سرکاری اراکین کا بھی فرض یہ ہے کہ وہ حاجی وجیہ الدین صاحب کے مسودۂ قانون کی تائید کر کے ساردا ایکٹ کی تنسیخ کے حق میں ووٹ دیں۔

میسور یونیورسٹی کی خطرناک غلطی

ہمیں سخت افسوس کے ساتھ آج پھر ایک ایسی کتاب کے خلاف قلم اٹھانا پڑتا ہے جو مسلمانوں کی انتہائی دل آزاری کا موجب [illegible]

[illegible]

مصالحت کشمیر

[illegible]

حد قائم کرنے میں مداہنت

[illegible]

لندن کا سفر

[illegible]

نیاز ہر ہند

[illegible]

فتنہ قادیان

[illegible]

ساردا ایکٹ کی تنسیخ

جمعیۃ مقننہ میں حاجی وجیہ الدین کا مسودۂ قانون

۸ ستمبر ۱۹۳۱ء کو اسمبلی میں ساردا ایکٹ کی ترمیم و تنسیخ کے متعلق متعدد مسودات قانون پیش ہونے والے ہیں۔ حاجی وجیہ الدین صاحب ایم۔ ایل۔ اے کا مسودۂ قانون خاص طور پر قابل توجہ ہے جس کے متعلق ہم کسی گزشتہ اشاعت میں اظہار خیال کر چکے ہیں اور عام طور پر اس کی تائید کی گئی ہے۔ چونکہ ۱۹۲۹ء کا یہ قانون مسلمانوں کے نزدیک مذہب اسلام میں ایک کھلی ہوئی مداخلت سمجھا گیا ہے اور اس کی مخالفت میں جمعیۃ علماء ہند کے زیر قیادت زبردست مظاہرے کئے جا چکے ہیں اور اس نافرمانی کے بعد جو مختلف مقامات پر جمعیۃ علماء ہند کی تحریک سے کی گئی تھی اور کی جا رہی ہے یہ قانون عملاً بیکار و معطل ہو چکا ہے اس لئے اس کا کتاب قانون پر موجود رہنا خود قانون کی بھی توہین ہے اور عام بیزاری اور احتجاج کا بھی موجب ہے جس قدر جلد اسے منسوخ کر دیا جائے اتنا ہی بہتر ہے۔ اراکین مجلس مقننہ کو یہ خیال رکھنا چاہئے کہ اس مرتبہ وہ رائے عامہ کا پورا اندازہ لگا کر ووٹ دیں اور جو غلطی ۱۹۲۹ء میں ہو چکی ہے، اس کا پھر اعادہ نہ کیا جائے۔

مذہبی حیثیت

مسلمانوں کے تعلق میں ساردا ایکٹ کی مذہبی حیثیت کے متعلق بہت کچھ لکھا جا چکا ہے۔ حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کے مطبوعہ رسائل "ساردا ایکٹ کی حقیقت" اور "قانون شریعت کی حفاظت" اس وقت بھی موجود ہیں جن میں مسئلہ کے تمام پہلوؤں پر کافی روشنی ڈال دی گئی ہے اور یہ بتا دیا گیا ہے کہ ساردا ایکٹ اصول اسلام کے قطعاً منافی ہے اور مسلمانوں کے ایک جائز اور مذہبی حق کو جو انہیں شریعت غرا کے ماتحت حاصل ہے سلب کر کے مذہب میں صریح مداخلت کرتا ہے۔ چنانچہ حضرت مفتی صاحب نے اس سلسلہ [illegible]

فرائض میں داخل ہے اور اگر ایسا نہ کیا گیا یا کسی قسم کے لیت و لعل سے کام لیا گیا تو یہ سخت کوتاہی ہوگی اور جمعیۃ مقننہ جمہور کے اعتماد کو قطعاً زائل کر دے گی۔ ساردا ایکٹ کے مختلف مراحل کے متعلق حضرت مفتی صاحب نے تحریر فرمایا تھا کہ

"(۱) مسلم ممبران اسمبلی کی اکثریت نے ستمبر ۱۹۲۹ء میں ایک یادداشت جس پر ہم مسلمان [illegible]

[illegible]

آئینی حیثیت

[illegible]

مملکت حیدرآباد کی مرفہ الحالی

کساد بازاری کے باوجود میزانیہ میں بچت

سر اکبر حیدری کا جدید مالیاتی نظام

(ترجمہ خصوصی)

حضرت اقدس و اعلیٰ حضور نظام دکن کی حکومت کے رکن مالیات سر اکبر حیدری نے ۱۳۴۱ف (من ابتدائے ۷ اکتوبر ۱۹۳۱ء تا نہایت ۵ اکتوبر ۱۹۳۲ء) کا میزانیہ پیش کر دیا ہے۔ اقتصادی افسردگی کے باعث کافی تخفیف ہو جانے کے بعد بھی اس میزانیہ میں بچت دکھائی گئی ہے۔ حالانکہ اندرونی ترقی کے محکموں میں کافی امداد دی گئی ہے اور ریاست کی مالیات کا توازن قائم رکھتے ہوئے ریلوے کی خریداری میں کافی روپیہ صرف کیا گیا ہے۔ اب دس سال کا عرصہ ہوا کہ سر اکبر حیدری نے مالیات کو مختلف محکموں میں تقسیم کر دینے کی اسکیم پر عمل شروع کیا تھا۔ مالی حکمت عملی میں اس جدید تغیر پر تبصرہ کرتے ہوئے رکن مالیات نے یہ ظاہر کیا ہے کہ گزشتہ نو سال میں جو تجربات ہوئے ہیں ان سے یہ اسکیم بالکل صحیح اور مفید ثابت ہوئی ہے اور اس کے تمام مقاصد حاصل ہو گئے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ:-

جدید اسکیم

محکمۂ مالیات نے مصارف کے محکموں سے سہ سالہ معاہدہ کرنے کی تجویز پر عمل کیا ہے۔ اور اس طرح وہ ریاست کی آمدنی کو خرچ کرنے کے متعلق طویل مدت پیش نظر رکھنے میں کامیاب ہو گیا ہے۔ گزشتہ تجربہ کی بنا پر ہر تین سال کی ابتدا میں محکمۂ مالیات اس قابل ہو جاتا ہے کہ آئندہ تین سال کی مدت کے متعلق امکانی محاصل کا اندازہ لگا سکے۔ اس اندازہ کی روشنی میں حکومت کے مختلف محکموں سے مشورہ کرنے کے بعد وہ تین سال کی مدت میں سے ہر سال کے لئے ایک میزانیہ بنا لیتا ہے۔ محاصل کے متعلق پہلے سے ایک تخمینہ کر لیا جاتا ہے جس میں معمولی طور پر متوقع [illegible]

لاکھ روپیہ، میونسپلٹی اور محکمۂ عام کو ۱۴۲۰۰۹ لاکھ روپیہ، اور تعمیرات اور رسل و رسائل کے محکمہ کو ۱۶۷۶۷ لاکھ روپیہ بطور غیر معمولی امداد کے ملے ہیں۔

ریلوے لائن کی خرید

اسی زمانہ میں نظام گارنٹیڈ اسٹیٹ ریلوے کمپنی سے ریلوے لائن خریدنے میں کافی روپیہ صرف ہوا ہے۔ یہ معاملہ مقررہ مدت سے چار سال قبل ہی ۱۳۳۹ف میں ہو گیا تھا۔ ریلوے لائن کو خریدنے کے لئے روپیہ اس طرح دیا گیا تھا کہ کچھ رقم تو اس محفوظ سرمایہ میں سے ادا کی گئی جو میرے تقرر کے بعد بچت کی رقوم سے جمع ہونا شروع ہو گیا تھا اور کچھ رقم قرض میں رہی۔ کمپنی کے قائم رہنے کی صورت میں جو منافع ملتا ہے اور اس پر جو سود ہوتا ہے وہ قرض میں لگا دیا گیا۔ یہ قرضہ ۱۳۴۳ف کے ختم تک بالکل ادا ہو جائے گا۔ اس لئے ۱۳۴۴ف میں محاصل بقدر ۷۰ لاکھ روپیہ کے بڑھ جائیں گے کیونکہ اس سال میں ریلوے کی تمام آمدنی ریاست کے پاس آئے گی جو کم و بیش ۱۲۵ اور ۱۳۰ لاکھ کے درمیان ہے۔

۱۳۳۹ف

۱۳۳۹ف کے لئے آمدنی کا اندازہ ۸۱۱،۴۵ لاکھ روپیہ لگایا گیا تھا اور خرچ ۵۸،۷۵ لاکھ روپیہ فرض کیا گیا تھا۔ آمدنی زیادہ ہوئی اور خرچ کم جس کے باعث ۸۰،۴۲ لاکھ روپیہ کی بچت ہوئی۔ حالانکہ بچت کا تخمینہ ۵۱،۸۷ لاکھ روپیہ تھا۔ آمدنی کی طرف سب سے زیادہ اضافہ جنگل کے محکمہ میں ہوا یعنی ۱۹ لاکھ روپیہ۔ اس کی خاص وجہ قاضی پیٹھ بلا سٹیشن ریلوے اور قاآباد بدار لائن کا افتتاح [illegible]

۱۳۴۰ف

[illegible]

۱۳۴۱ف

[illegible]

مختلف محکموں کی ترقی

[illegible]

آمدنی سے کم خرچ

[illegible]

ریاست کا استحکام

[illegible]

فلاح عامہ کے محکمے

[illegible]

مسلمانوں کے بارے میں انگریزوں کی حفاظت

[illegible]

پھوٹ ڈال کر حکومت کرنا

[illegible]

کانپور کا عجیب واقعہ

[illegible]

تختۂ جہاز پر گاندھی جی کا آخری پیغام

"خدا مجھے مخلوق کی خدمت کا ذریعہ بنائیگا"

میں امید کے خلاف امید لیکر لندن جارہا ہوں

بمبئی ۲۹ اگست۔ تختۂ جہاز پر سوار ہونے کے بعد گاندھی جی نے نمائندہ ایسوشی ایٹیڈ پریس کو مندرجہ ذیل پیغام دیا۔

اگرچہ مجھے آسمان پر کوئی علامت نظر نہیں آتی جو امید بندھاتی ہو تاہم چونکہ میں جنم سے پر امید ہوں اس لئے میں امیدوں کے خلاف امید لگائے ہوئے ہوں۔ میرا ایشور میں پورا وشواس ہے معلوم ہوتا ہے اسی نے میرا لندن جانے کا راستہ صاف کیا ہے۔ اس لئے میں یہ توقع کرتا ہوں کہ وہ مجھے خدمت خلق کے لئے استعمال کرے گا۔ میرے لئے ہندوستان کی خدمت اور خدمت خلق میں کوئی تضاد نہیں ہے بلکہ ایک دوسرے کے مرادف ہے۔ ہندوستان کے بعض طبقات خواہ کانگریس کے دعوی کی مخالفت کریں لیکن یہ امر واقعہ ہے کہ کانگریس سارے ملک کی نمائندہ بننے کا مقصد اپنے سامنے رکھتی ہے اور اس لئے مجھ میں جو اعتماد کیا گیا ہے نیز مجھ پر جو ذمہ داری ڈالی گئی ہے۔ اس کا اہل ثابت کرنے کے لئے میں ہر طبقہ و خیال کے ایسے مفاد کی صحیح نمائندگی کرنے کی کوشش کروں گا جو ملک کے کروڑوں بے زبان باشندوں کے مفاد کے خلاف نہ ہوں گے جن کے لئے کانگریس کا وجود ہے۔ ...

لاہور میں ساردا ایکٹ کے ماتحت ایک مقدمہ کی سماعت

مسلمانوں پر ساردا ایکٹ کے نفاذ کا امتحان

لاہور ۲۹ اگست۔ موضع ... ضلع لاہور کے ایک شخص مسمی علم الدین نے اپنی بیٹی مسماۃ حسین بی بی ... ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ لاہور کی عدالت میں ساردا ایکٹ کے ماتحت ایک مقدمہ دائر کیا ہے۔

جاتا ہے کہ مدعی کی بچہ ... اس کی بیٹی مسماۃ غلام فاطمہ عمر ۱۳ سال کی شادی شبیر عمر ۱۵ سال کے ساتھ کرادی ... معلوم ہوتا ہے کہ پنجاب میں اس ایکٹ کے ماتحت مسلمانوں کے خلاف یہ دوسرا مقدمہ ہے۔ ... اس کے پیش نظر معلوم ہوتا ہے کہ یہ مقدمہ خاص اہمیت حاصل کریگا۔ ... کیونکہ ابھی مقدمہ سے مسلمانوں پر ساردا ایکٹ کے نفاذ کا تصفیہ ہوجائے گا مسلمانوں کو ہر قسم کی قربانیاں کرنے کیلئے تیار رہنا چاہیے۔

ریاست کشمیر اور مسلمانوں کے درمیان مفاہمت؟

موہوم وعدوں پر احتجاجات ترک کرنے پر آمادگی

حکومت کشمیر کا اعلان

سری نگر ۱۶ اگست۔ مسلمانان جموں و کشمیر کی طرف سے دس اصحاب کا جو وفد ۱۵ اگست کو ... کی خدمت میں حاضر ہوا تھا نواب سر مہر شاہ کی وساطت سے وزیر اعظم کے پاس پہنچا۔ نواب صاحب موصوف صورت حالات کے مطالعہ کی غرض سے کشمیر بغرض ملاقات تشریف لائے ہوئے تھے۔ ...

ہز ہائینس کی حکومت کا اعلان

قادیانی فتنہ اور مسئلہ کشمیر

صدر اور ناظم جمعیۃ علماء ہند کا اعلان

کشمیر کے مسلمانوں پر وہاں کے حکام نے جو مظالم توڑے ہیں ان کی وجہ سے تمام ... ہندوستان کے مسلمانوں کی اس بے چینی اور امداد کے لئے ... قادیانی خلیفہ نے اس موقعہ کو غنیمت سمجھا اور ...

محمد کفایت اللہ — صدر جمعیۃ علمائے ہند
احمد سعید — ناظم جمعیۃ علمائے ہند

نئے جھنڈے کی شاندار سلامی

دس ہزار ہندو مسلمانوں کا اجتماع

مسٹر آصف علی کی شاندار افتتاحی تقریر

دہلی ۱۶ اگست۔ آج گاندھی گراؤنڈ میں دہلی کے ہندو مسلمانوں کا شاندار اجتماع ہوا ...

میونسپلٹی کے صدر اور ارکان کو حکومت کا نوٹس

بھگت سنگھ کی پھانسی پر دفاتر بند کرنے کا جرم

بدیشی کپڑے کی دوکانوں پر پکٹنگ شروع ہوگیا

رضا کاروں کی گرفتاری اور رہائی

الہ آباد ۱۸ اگست۔ تقریباً ایک ہفتہ سے یہاں کپڑے کی بعض دوکانوں پر پکٹنگ سختی سے جاری ہے۔ ...

معاملات کشمیر کے پردہ میں ہندوؤں کے منصوبے

فساد کیلئے بہانہ کی تلاش

میونسپل انتخاب پر مسلمانوں میں جنگ

مولوی مشتاق کی فحش کلامی اور اشتعال انگیزی

مسلمانوں میں باہمی جنگ و جدل کا خطرہ

مولوی مشتاق احمد جو ایک عرصے سے دہلی میں اشتعال انگیز تقریریں کرتے ہیں ...

ناظم جمعیۃ علماء ہند کی خدمت میں

علماء و طلباء مدارس عربیہ کا تہنیت نامہ

جامع مسجد دہلی میں زبردست جلسہ

معاملات کشمیر میں قادیانی گروہ کی تلبیس سے ہوشیار رہو

دہلی ۱۵ اگست۔ کل بعد نماز جمعہ جامع مسجد دہلی میں زیر صدارت حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا۔ ...

"جو فلسطین و عراق و مصر میں خونریزی ہے"

آزادی عراق کی معکوس تعبیر

فلسطین میں تیس ہزار عربوں کا تعطل

بغداد ۱۵ اگست۔ ... حکومت عراق نے عراق کی آزادی کا جو اعلان شائع کیا تھا اس کی سیاہی ابھی سوکھنے بھی نہ پائی تھی کہ اس کا رد عمل شروع کردیا گیا۔ ...

بلوچستان میں ہیبتناک اور تباہ کن زلزلہ

کوئٹہ کے قریب ایک قصبہ زمین کے برابر ہوگیا

سندھ اور پنجاب میں جھٹکا محسوس کیا گیا

کراچی کی ایک خبر مظہر ہے کہ بلوچستان کا زلزلہ بہت وسیع اور سخت تباہ کن تھا۔ پہلے اسکو ایک معمولی زلزلہ سمجھا گیا تھا مگر تفصیلات نے اس کی حقیقت سے پردہ اٹھایا۔ ... بلوچستان میں زلزلہ کا جھٹکا ... خیال کیا جاتا ہے کہ گذشتہ سال جس طرح آسام میں زلزلہ آیا تھا یہ زلزلہ بھی اسی قسم کا ہے اور ایک پہاڑ کے پھٹ جانے سے واقع ہوا ہے۔

لندن کو گاندھی جی کی روانگی

قیام لندن کے متعلق چند دلچسپ باتیں

دہلی ۲۹ اگست۔ گاندھی جی کل صبح کو شملہ سے بمبئی جاتے ہوئے دہلی سے گزرے ...

چرخہ بھی ساتھ ہوگا

فلسطین میں یہود نوازی کا تازہ ثبوت

عربوں پر گولیوں کی بارش

متعدد عرب شدید مجروح ہوئے

لندن ۲۴ اگست۔ فلسطین کے تمام شہروں میں عربوں نے یہودیوں کے ... کے خلاف احتجاج کے طور پر ہڑتال کی ...

وسط افریقہ میں آفتاب اسلام کی ضیا پاشی

ایک متمول انگریز کا قبول اسلام

ڈیرہ اسمعیل خاں کا ہندو مسلم فساد

مسلمانوں کے مطالبات اور شرائط صلح

(از نامہ نگار خصوصی)

افواج کشمیر میں ہندوؤں کی کثرت

مسلمان سپاہیوں سے ہتھیار لیلئے گئے

سوراج اور گول میز کانفرنس سے بیکاری

مسٹر لے کی مجلس مدافعت کا گاندھی جی کو تار

لارڈ ارون پر تبرہ بازی

سر ایگل اوڈوائر کی شرارت کا تازہ ثبوت

موجودہ وائسرائے کو قتل کا مشورہ

کمشنر کے دفتر اور فوجداری عدالتوں کی تنسیخ

عدالتی گواہوں کا بستہ بھی بند

دہلی میں زلزلہ کا جھٹکا

دہلی ۲۸ اگست۔ کل رات کو ۹ بجے نئی دہلی میں زلزلہ کا ... جھٹکا محسوس کیا گیا ...

مسودہ قانون شریعت کی تائید

بغاوت برما کے تیسرے مقدمہ کا فیصلہ

۲۹ باغیوں کو پھانسی اور کالا پانی

ضروری اطلاع

کورٹ آف وارڈس نے مسجد کو بھی فروخت کردیا

میرٹھ میں مسلمانوں کا جلسہ

بت پرستی کا خوفناک انجام

شوجی کیلئے ایک طالب علم نے اپنا سر کاٹ ڈالا

ندوۃ العلماء کے انتظام میں طلبائے قدیم کی شرکت

مجلس وضع دستور وفاقی کا اجلاس ملتوی

گاندھی جی کی آمد کا انتظار

کاندھلہ ضلع مظفرنگر کے مسلمانوں کا اہم جلسہ

(بسلسلہ صفحہ ۱)

دیا سلتی سفرق (؟) ہے کہ کسی کا نام آئینہ روشن ہوتا ہے اور کسی کا منہ کالا ہوتا ہے۔ یہ تبیض وجوہ و تسوید وجوہ۔ اللہ خوش رکھے والا ... نے ایک قصہ سنایا تھا کہ ایک عورت کئی خاوند کرچکی تھی جب کوئی خاوند مرجاتا تو دوسرا نکاح کرلیتی تھی یہاں تک کہ جب کوئی تین چلیں، خاوند کرچکی تو اس نے ایک دن کہا بندی تو بے شک ہم کے رہنے کی نہیں مگر اللہ میاں تمہاری بے وفائی یاد رہیگی۔ تو بھائیو! ان کو انگریز تو اس ملک میں رہیں گے نا ہیں مگر مسلمانوں کا منہ کالا ہونا ہے وہ ہو جائیگا۔

مل کر کام کرنے کی ضرورت

عام طور سے آج کل یہ بھی پروپیگنڈا کیا جاتا ہے کہ مسلمانوں کو ملکر کام کرنے کی ضرورت ہے جس طرح ہندوؤں میں مختلف الخیال حضرات ملکر کام کرتے ہیں اسی طرح مسلمانوں کو بھی ملکر کام کرنا چاہئے وہاں کے قوم پرست اور ... پرست سب مل جاتے ہیں لیکن ہمارے قوم پرست سرکار پرستوں کے ... ملکر کام نہیں کرتے۔ میں عرض کرتا ہوں یہ بالکل صحیح ہے۔ لیکن اُن کے سرکار پرستوں اور تمہارے سرکار پرستوں میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ اُن کے سرکار پرستوں نے آج گاندھی کو گاندھی بنادیا، بمبئی جاتے ہیں تو گاندھی کی تعریف۔ جیکر جاتے ہیں تو گاندھی کی تعریف۔ پٹیل جاتے ہیں تو کہتے ہیں گاندھی جی کو راضی کرو۔ انگریزوں کے دماغ پر اُن کے سرکار پرستوں نے گاندھی کو مسلط کردیا ہے ...

بمبئی کا سفر اور کاندھلہ کی حاضری

(نامہ نگار)

حکومت اور کانگریس کے سمجھوتہ پر سرکاری اعلان

حکومت کی طرف سے باردولی کی تحقیقات منظور کرلی گئی

انجن اور مسافر گاڑیاں پلٹ گئیں

گیارہ اشخاص ہلاک و مجروح

جھانسی ۱۰ اگست۔ گذشتہ شب تقریباً ساڑھے ۱ بجے آنے والی مسافر گاڑی بارکھیڑہ عبید اللہ گنج کے مقام پر پٹڑی سے اتر گئی۔ انجن اپنے پہلو سے پلٹ گیا۔ آٹھ پیچھے کی گاڑیاں اور چار پیچھے کی تین گاڑیاں بالکل پٹڑی سے نیچے آن پڑیں۔ چار مسافر ہلاک اور سات مجروح ہوئے ہیں۔ ستمبر سے پہلے حسب معمول کام شروع ہوسکے گا۔ ڈاک اور ایکسپریس گاڑیاں نینی تال، جبل پور اور اٹارسی کی راہ سے جارہی ہیں۔

دو کروڑ ستر لاکھ اشخاص بیکار ہوگئے

صدر جمہوریہ امریکہ کا سخت رویہ

لندن ۲۸ اگست اخبار ڈیلی ٹیلی گراف کا نامہ نگار مقیم نیویارک لکھتا ہے کہ تازہ ترین سرکاری بیانات سے ظاہر ہوتا ہے کہ بیکاروں کی تعداد ستر لاکھ ہے اور ان کم ساتھ ... دو کروڑ دس لاکھ ان کے متعلقین بھی گرفتار مصیبت ہیں مسٹر ہوور بیکاروں کو امداد دینے کے سخت مخالف ہیں اور کہتے ہیں کہ اقتصادی ...

معاہدہ دہلی کی موجودگی میں سول نافرمانی معرض التوا میں ہے۔ لیکن اگر حکومت ہند اور مقامی حکومتیں تحقیق کو منظور کرنے کے واسطے تیار نہیں ہیں تو میں اور میرے رفقائے کار اس نتیجے پر باقی رہنے پر معترض نہیں ہیں اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ گو کانگریس ان معاملات کے متعلق جو اس وقت تک پیدا نہیں ہوئے ہیں "تحقیق" پر مجبور نہیں کرے گی۔ لیکن اگر بدقسمتی سے کوئی شکایات ایسی سخت پیدا ہو جائے کہ پھر کانگریس کا فرض اولین یہ ہو کہ وہ تحقیقات کی عدم موجودگی میں بلا واسطہ مدافعانہ طریقہ اختیار کرے تو کانگریس ایسا کرنے میں آزاد ہوگی۔ باوجودیکہ تحریک سول نافرمانی معرض التوا میں ہوگی۔

مجھے حکومت کو یہ یقین دلانے کی چنداں ضرورت نہیں کہ کانگریس کی مسلسل کوشش یہ ہوگی کہ وہ بلا واسطہ طریق کار اختیار نہ کرے بلکہ بحث ترغیب وغیرہ سے مداوا حاصل کرے کانگریس کے صورت حال کے متعلق جو تشریح یہاں بیان کی گئی ہے کہ وہ اس وجہ سے ضروری تھی کہ آئندہ غلط فہمی کا امکان پیدا نہ ہو یا کانگریس پر اعتماد شکنی کا الزام نہ لگایا جائے۔

میں توقع کرتا ہوں کہ موجودہ مباحث کا کامیاب نتیجہ برآمد ہونے پر اس خط کے متعلق اعلان اور آپکا جواب بیک وقت شائع کردیا جائے گا۔

آپکا مخلص
ایم۔ کے۔ گاندھی

مسٹر ایمرسن کا خط گاندھی جی کے نام :-

ہم ہندوستان میں حکومت کرتے رہیں گے

دارالعوام میں جدید وزیر ہند کا اعلان

جہاز کے پیچھے ورجنیں گاندھی جی کا سفر

امر تسلا

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

جمعیۃ علما ہند کے فارمولے پر اظہار اطمینان

جمعیۃ علماء جینتہ کا خاص اجلاس

جمعیۃ علماء جینتہ سلہٹ کا ایک خاص جلسہ بمقام گاچباڑی بتاریخ ۱۲ اگست ۱۹۳۱ء زیر صدارت حضرت مولانا عبد الہادی صاحب چھنگا باڑی منعقد ہوا جس میں متعدد مقامات سے آئے ہوئے حضرات علماء کی کافی تعداد موجود تھی مسائل حاضرہ ہند اور عام مسلمانوں کے اخلاقی اور اقتصادی حالات پر چند ممتاز علماء نے تقریریں کیں اور حسب ذیل تجاویز باتفاق آراء منظور ہوئیں۔

یتیم خانہ اسلامیہ بھاگلپور کی اپیل

مولانا سید سلیمان صاحب ندوی کے دست مبارک سے یتیم خانہ کی بنیاد پڑ چکی ہے جس کا اعلان اخبارات بذریعہ اشتہار اور مختلف طریقہ پر کیا جاچکا ہے ماہ ستمبر سے یتیموں کی تعلیم و تربیت اور رہائش کا باقاعدہ سلسلہ شروع ہوجائیگا۔ اس حقیقت سے کسی کو انکار نہیں کہ بھاگلپور کمشنری ٹون اور بہار میں بڑا شہر اور مشہور ضلع ہے۔ مگر یہاں مسلمانوں میں مذہبی و قومی احساس کی بڑی کمی ہے اسی بھاگلپور میں عیسائی اور آریہ مشنری کا زبردست کام اور پروپیگنڈا منظم طور پر جاری ہے بکثرت واقعات شاہد ہیں کہ بہت سے لاوارث مسلمان اور یتیم بچے اسلام کے دامن سے جدا کردئے گئے۔ مسلمان لاوارث اور یتیم بچوں کی حفاظت کا اگر جلد سامان نہ کیا گیا تو آئندہ اس کا خطرہ زیادہ ہے اس مصیبت کے سدباب اور انسداد کی واحد صورت یہی ہے کہ یتیم خانہ کو جلد مستحکم اور کامیاب بنادیا جائے یتیم خانہ کے ذریعہ سے مسلمان لاوارث اور یتیم بچوں کی حفاظت کے ساتھ اسلامی تبلیغ و اشاعت کا بھی بڑا راز مضمر ہے۔ ہر مسلمان یتیموں کی حفاظت کا بہت بڑا ذمہ دار ہے، یتیموں کی مدد اور خدمت کرنے والے دین و دنیا کی فلاح اور اجر و ثواب کے مستحق ہوتے ہیں۔

رقوم سکریٹری یتیم خانہ کے نام سے روانہ فرمائیں شہر کے معتمد اور باوثوق حضرات یتیم خانہ کے ذمہ دار اور کارکن مقرر ہوئے ہیں حساب و کتاب پاکیزہ اور صاف رکھا جاتا ہے ہر مسلمان کو حق ہے کہ دفتر یتیم خانہ میں تشریف لاکر حساب و کتاب دیکھ سکے۔ یتیم خانہ کی طرف سے وصولی چندہ کے لئے جو سلسلے و محصل باضابطہ سند اور رسید وغیرہ کے ساتھ آپ کی خدمت میں حاضر ہوں ان کی فراخ دلانہ اعانت فرماکر عند اللہ ماجور ہوں۔ جس گاؤں یا محلہ میں یتیم بچے ہوں جن کی تعلیم و تربیت کا کوئی سامان نہ ہو دس ستمبر تک مندرجہ ذیل پتہ پر ان کی درخواست آجانی چاہئے اسوقت دس یتیموں کا داخلہ ممکن ہوسکے گا۔ پتہ

عتیق احمد ندوی سکریٹری یتیم خانہ اسلامیہ (ناناپور) بھاگلپور
خاکسار عبد الوحید خاں رحمانی
صدر یتیم خانہ اسلامیہ بھاگلپور

بخدمت ممبران جامع مسجد کمیٹی دہلی

تیموریہ ایسوسی ایشن کی اپیل

اور معذوروں کے ساتھ عملی ہمدردی کرسکے۔

(۳) مجھے امید واثق ہے کہ آپ جیسے محترم ہستیاں تیموریہ ایسوسی ایشن دہلی کی استدعا پر پوری ہمدردی و غیرت قومی سے غور فرماکر منصفانہ فیصلہ کے ساتھ توجہ فرمائیں گے۔ فقط والسلام

صدر تیموریہ ایسوسی ایشن دہلی

ایک ضروری تردید

غالباً نامہ نگار یا کمپوزیٹر کی غلطی سے ۱۲ اگست ۱۹۳۱ء کے اخبار ... میں مسلم یونیورسٹی کے شعبہ تعلقہ میں دو نئے تقررات کے متعلق ... خبر شائع ہوئی ہے کہ ڈاکٹر سید ظفر الحسن صاحب ایم۔ اے۔ ایل ایل۔ بی ... ایم۔ اے۔ ڈی۔ فل (آکسن) پی۔ ایچ۔ ڈی (ان لکھنؤ) ...

جمعیۃ علماء ہند کی قیادت کا اعتراف

کول میز کانفرنس سے پہلے ہر مسلمان کو مسئلہ انتخاب کا مطالعہ ضروری ہے

گنجینہ عملیات

روح حیات

کھانے والا خضاب

منجن دندان

صفاچٹ میدان

ضرورت ایجنٹ

ایجنٹ

سگنل ڈاؤن ہوگیا

جلد ڈرو ور نہ خطرہ ہے

سفید بال سات دن میں کالا

طبی دنیا میں قابل قدر اضافہ

مجرب اور سستی دوائیں

سنون محبوب

زنگی قلم کی انقلاب انگیز فہرست

زنگی اسٹینڈرڈ قلم

زنگی ڈی لیوکس

موت و تبادلہ

نپٹ بہرا پن کا قطعیہ علاج

کان کی دوا

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

زود اثر ادویہ

حکیم ڈاکٹر راجد حسین مالک کارخانہ اکسیر امرت و کتب خانہ نعمانی تجارتی بارہ بنکی اودھ

[illegible]

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

سہ روزہ

الجمعیۃ

دہلی

ید اللہ علی الجماعۃ

قیمت اخبار — ہندوستان کیلئے — ممالک غیر کیلئے

تاریخہائے اشاعت — ہر ہفتہ کے ... — نرخنامہ اشتہارات

معاون محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول ہلال احمد زبیری (دہلی)

جلد ۱۴ | دہلی یوم شنبہ ۲۱ ربیع الثانی ۱۳۵۰ ہجری - مطابق ۵ ستمبر ۱۹۳۱ء | نمبر ۱۷

ناخدا کہاں ہے؟

(از حضرت جوش ملیح آبادی)

خبر لو اے ساکنانِ ساحل، اک اہلِ کشتی جلی پرزاں ہے — چھڑی ہوئی ہے لڑائی زبوں عناصر کے درمیاں ہے

تمام دنیا عرق عرق ہے، تمام عالم دھواں دھواں ہے — حقیر تنکے کی طرح کشتی کبھی یہاں ہے کبھی وہاں ہے

کوئی خدا کیلئے بتاؤ کہ ناخدا کون ہے؟ کہاں ہے؟

ہر اک صدا ہیبت آفریں ہے، ہر ایک آواز پُرخطر ہے — بلا کی پروائی چل رہی ہے، چھڑی ہوئی جنگ بحر و بر ہے

غضب کے گرداب پڑ رہے ہیں، عظیم طوفان زور پر ہے — تھپیڑے کھاتا ہوا سفینہ کبھی ادھر ہے کبھی اُدھر ہے

کوئی خدا کیلئے بتاؤ کہ ناخدا کون ہے؟ کہاں ہے؟

ہوائیں سنسنا رہی ہیں، اچھل رہے موجوں کے تھپیڑے — نہ آئے دریا کو وجد کیونکر کہ ساز جب اپنا باب چھیڑے

ہر ایک گرداب میں وہ قوت کہ ڈوب جائیں ہزار بیڑے — بلا ہیں سیلاب کے طمانچے، غضب ہیں تند فلک کے تھپیڑے

کوئی خدا کیلئے بتاؤ کہ ناخدا کون ہے؟ کہاں ہے؟

نہ روشنی کا کوئی منارہ، نہ کوئی ساحل کا راستا ہے — غضب ہے بپھرا ہوا سمندر فلک کی جانب ہمک رہا ہے

فلک بھی جھنجلا چکا ہے، استاد بیٹھے اوپر چھکا ہوا ہے — اور اہلِ کشتی ہیں جن کو دیکھو الگ الگ ہے، خفا خفا ہے

کوئی خدا کیلئے بتاؤ کہ ناخدا کون ہے؟ کہاں ہے؟

ڈراؤنی رات غیظ میں ہے، بحر ہے تمام جل تھل — گھٹاؤں سے آسمان ہے بھاری، زمین طوفان سے بوجھل

مہیب دریا میں ہے تلاطم، سیاہ دھارے میں ایک ہلچل — بھنور نکالے ہوئے ہیں آنکھیں، گرج رہے ہیں سروں پہ بادل

کوئی خدا کیلئے بتاؤ کہ ناخدا کون ہے؟ کہاں ہے؟

گھٹا کی پر ہول گڑگڑاہٹ، دلوں پہ نشتر لگا رہی ہے — کڑک کے فتنے اٹھا اٹھا کر گرج کے سکتے بٹھا رہی ہے

سیاہ رو موت ظلمتوں میں مہیب پرچم اڑا رہی ہے — وہ دیکھو کشتی بھی ڈوبنے کو بھنور کے جبڑے میں آ رہی ہے

کوئی خدا کیلئے بتاؤ کہ ناخدا کون ہے؟ کہاں ہے؟

مبارک، اے دشمنو، مبارک یہ کامرانی، یہ شادمانی — سلام لو اے عزیز یارو، کہ اب نہیں ممکن زندگانی!!

کہا سنا سب معاف کر دو، بھلا دو باتیں نئی پرانی — ہٹو کہ وہ جھک چلا سفینہ، اٹھو کہ آنے لگا وہ پانی!!!

کوئی خدا کیلئے بتاؤ کہ ناخدا کون ہے؟ کہاں ہے؟

(ھند)

معاصرین کے افکار و آراء

ہندوؤں سے خطاب

[illegible]

ہمارا الجمعیۃ اور کانگرس

[illegible]

الجمعیۃ کا دو منزلہ ...

[illegible]

اکسیر معدہ — قیمت ایک روپیہ (عہ) ہیضہ اور امراض شکم کی اکسیری دوا۔ از مجربات حکیم محمود خان اعظم (رجسٹرڈ) "ہندوستانی دواخانہ دہلی" (نئی اکسیری فہرست مفت)

سفید بال پندرہ دن میں جڑ سے کالا

ہفتہ وار پیغامِ سرحد

منیجر پیغامِ سرحد پرپوزہ صوبہ سرحد

بے روزگاروں کیلئے بہترین موقع

نیو ورکشاپ پریکٹیکل موٹر ٹریننگ کالج ملحقہ جامع مسجد دہلی

مرقع قادیانی

وسیلۂ نجات

منیجر کتب خانہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

سرا کی چشم

حلقہ سابق مشیر ...

سستے ٹکٹ ...

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور ذریعۂ مغفرت سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا۔ اعلیٰ حضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو سنکر اور دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرما لیا۔ صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں۔ مولانا شاہ رفیع الدین صاحب، مولانا شاہ عبد القادر صاحب، مولانا شاہ ولی اللہ صاحب، حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے۔ علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ سفری کاغذ والے قرآن مجید کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے ... علاوہ محصولڈاک فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

سب سے سستا اور صحیح قرآن مجید معرّا

اس شان کا اتنا خوشنما، اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا۔ اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے۔ نورانی قرآن مجید کی صحت کے لئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت مقرر کی گئی تھی جنہوں نے دردِ دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے۔ اعراب زیر زبر پیش ایسے با موقع ہیں کہ عورت مرد، بوڑھے بچے، جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دیجاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے۔ ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ... علاوہ محصولڈاک ...

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام المجید میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت صحیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور پیچھے شاہی مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے سے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ: قسم اعلیٰ سفید کاغذ ... قسم دوم ... علاوہ محصولڈاک ...

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

یداللہ علی الجماعۃ

سہ روزہ

الجمعیۃ
دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
۱ ۵ ۹ ۱۳
۱۷ ۲۰ ۲۴ ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار) ...
نصف صفحہ (") ...
ایک کالم (") ...
۱/۴ کالم (") ...
۱/۸ کالم (") ...

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ... ۶ سے
ششماہی ... ۳ سے
سہ ماہی ... ۲ سے
فی پرچہ ... ۱/

نمونہ مفت

ممالک غیر کیلئے
سالانہ ... ۸ سے
ششماہی ... ۴ سے

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مسئول
مدیر
ہلال احمد زبیری (بی اے)

جلد ۱۴ | دہلی یوم شنبہ ۲۱ ربیع الثانی ۱۳۵۰ ہجری - مطابق ۵ ستمبر ۱۹۳۱ء | نمبر ۶۷

معاصرین کے افکار و آراء

ہندوؤں سے خطاب (ہند)

ہمارا پختہ یقین ہے کہ ہندوستان کے تمام فرقے چند لمحوں میں متحد ہو جا سکتے ہیں، بشرطیکہ موجودہ بے اعتمادی دور کی جا سکے۔ یہ بے اعتمادی بھی کوئی اٹل پہاڑ نہیں ہے کہ اپنی جگہ سے ہٹایا نہ جا سکے۔ یہ پہاڑ بآسانی بشاکر بحر ہند میں ہمیشہ کے لئے غرق کیا جا سکتا ہے بشرطیکہ ملک ہمارا نیک مشورہ قبول کرلے سخت افسوس کا مقام ہے کہ موجودہ مکدر فضا میں زیادہ سے زیادہ مخلصانہ بات بھی بدبختی سے محمول کر دی جاتی ہے۔ مسلمانوں کی تمام باتیں ہندوؤں کی نظر میں غیر مخلصانہ بنتی ہیں اور ہندوؤں کی مسلمانوں کی نظر میں۔ لیکن ہم ہندوؤں سے التجا کرتے ہیں کہ وہ ایک لمحہ کے لئے سوء ظن الگ کر کے عقل و تدبر سے کام لیں اور ٹھنڈے دل سے ہمارے مشورے پر غور کریں۔ ہم مسلمانوں سے، سکھوں سے، کسی دوسری قوم سے یہ التجا نہیں کر سکتے کیونکہ بے اعتمادی دور کرنے والے صرف ہندو ہی ہو سکتے ہیں۔ ہندوؤں کو اقلیتوں سے خوف کھانے کی کوئی وجہ نہیں ہو سکتی، لیکن اقلیتوں کا ہندوؤں پر بھروسہ نہ کرنا بے جا نہیں کہا جا سکتا۔ بحیثیت مجموعی ہندوؤں کا طرز عمل تمام اقلیتوں خصوصاً مسلمانوں سے ایسا رہا ہے اور اب تک جاری ہے جس کی وجہ سے یہ بے اعتمادی پیدا ہوئی ہے۔ یہ واقعہ ہے کہ جس جگہ بھی ہندوؤں کو اقتدار حاصل ہے، وہ مسلمانوں کو آگے بڑھنے سے روکتے ہیں۔ ظاہر ہے اس طرز عمل کی موجودگی میں اعتماد پیدا ہونے کی امید نہیں کی جا سکتی۔ پس اگر ہندو چاہتے ہیں کہ ہندوستان آزاد ہو جائے تو انہیں مسلمانوں کو دعوت اتحاد و اعتماد دینا چاہئے۔ زبانی دعوت بے فائدہ ہے۔ اپنا عمل انہیں یکلخت بدل دینا چاہئے جس دن ان کا برتاؤ منصفانہ ہو جائے گا، اسی دن مسلمانوں کا اور سب کا ان پر اعتماد ہو جائیگا۔ ہمیں یہ دیکھ کر افسوس ہوتا ہے کہ اتنی بڑی اکثریت رکھنے پر بھی ہندو تنگ دلی سے کام لے رہے ہیں۔ اگر ان میں تدبر کا فقدان نہ ہوتا تو فراخ دلی کے ساتھ مسلمانوں سے اور تمام اقلیتوں سے صاف کہہ دیتے کہ جو کچھ تم لینا چاہتے ہو لے لو، ہم خوش ہیں! ظاہر ہے اقلیتیں جو کچھ بھی لیں گی وہ ہندوستانیوں ہی کے پاس رہیگا کسی غیر کے پاس نہیں جائے گا۔ کیا ہندو ہمارے اس مخلصانہ مشورے پر غور کریں گے؟

یہ تہمت سراسر غلط ہے کہ مسلمانوں کو اپنے وطن سے محبت نہیں ہم خود مسلمان ہیں اور مسلمانوں کے جذبات سے اچھی طرح واقف ہیں۔ مسلمان ایک ایسا انسان ہے جو فریب دھوکہ نہیں جانتا۔ مسلمان، سپاہی ہوتا ہے اور سپاہیوں کی سی سادہ طبیعت رکھتا ہے۔ وہ محبت کا جواب ہمیشہ محبت ہی سے دے سکتا ہے اس میں کتنے ہی عیوب ہوں، مگر بے وفائی کا عیب اس میں پیدا ہی نہیں ہو سکتا ہندوؤں کا طرز عمل اچھا نہیں ہے، اس پر بھی لاکھوں مسلمان ہندوؤں کے دوش بدوش جہاد آزادی میں نبرد آزمائی کر رہے ہیں۔ اگر آج ہندو اپنا برتاؤ منصفانہ کر دیں تو ہم دعوے سے کہہ سکتے ہیں کہ تمام مسلمان، اللہ اکبر کے نعروں کے ساتھ میدان میں آ جائیں گے اور دنیا دیکھ لیگی کہ مسلمان کیسے ہیں؟ ہندوستان کے مقابلہ میں انگریزوں کا اتحاد، ہندوستانیوں کے لئے اپنے اندر بڑا چیلنج رکھتا ہے۔ ہندوستان کو چاہئے کہ وہ بھی اپنے اتحاد سے جواب دے۔ اتحاد کا معاملہ سراسر ہندوؤں کے ہاتھ میں ہے جس دن وہ چاہیں گے اسی دن تمام ہندوستانی متفق ہو جائیں گے۔ ان کا چاہنا یہی ہے کہ مسلمانوں سے اور تمام اقلیتوں سے انصاف و رواداری کا برتاؤ شروع کر دیں، اگر یہ نہیں تو ہندوستان کے مستقبل پر ابھی سے فاتحہ پڑھ دینا چاہئے۔

الجمعیۃ کا دردمندانہ مشورہ (رفیق ہند)

خادم ملت معزز ہمعصر الجمعیۃ نے مظالم کشمیر کی انسدادی کارروائی کرنے کا جو مخلصانہ مشورہ مسلمانوں کو دیا ہے وہ بلاشبہ ہر فرد مسلم کی رگ حمیت کو جنبش دینے اور اپنے بھولے ہوئے فرض کو یاد دلانے کے لئے کافی ہے۔ مہاراجہ کشمیر نے گزشتہ چند ماہ میں اپنی ناعاقبت اندیشی سے جو استبدادی کارروائیاں اپنی غریب اور مظلوم مسلم رعایا پر روا رکھی ہیں اور باوجود کروڑوں التجاؤں کے

مظالم روز افزوں بڑھتے جا رہے ہیں وہ مسلمانان ہند کے لئے تازیانہ عبرت ہیں۔ مسلمانوں کی کمزوری، ان کی غفلت اور ان کے انتشار کا فائدہ کشمیر کی مظلوم اور بیکس مسلم رعایا کو کچل کر اٹھایا جا رہا ہے اور اگر یہ ہی لیل و نہار رہے تو کچھ تعجب نہیں کہ کشمیر کی ۹۵ فیصدی مسلم آبادی مہاراجہ کی استبدادیت کے سامنے عالم بیکسی میں دم توڑ دے۔ سوال تو یہ تھا کہ اسوقت جبکہ ملک آزادی کی جنگ میں منہمک ہے اور ہندو مسلم اتحاد کی بنیادوں کو آزادی کا بنیادی اصول قرار دے کر مضبوط اور مستحکم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے کوئی ایسا فتنہ نہ اٹھایا جائے کہ جو اغیار کے اشاروں پر نہ صرف انتخابی پروگرام کا قلع قمع کر دے گا بلکہ ایک عالمگیر جنگ کا پیش خیمہ ہوگا لیکن افسوس کہ مہاراجہ کشمیر کی انانیت اور کوتاہ اندیشی نے اپنی ۹۵ فیصدی غریب مسلم رعایا کے تمام جائز مطالبات کا جواب گولیوں سے دیا ہے جس کا سلسلہ ابھی ختم ہونے کو نہیں آتا۔ چنانچہ پنجاب جو تازہ اطلاعات موصول ہوئی ہیں وہ ہمعصر موصوف ہی کے الفاظ میں درج کرتے ہیں۔ کاش یو۔ پی کے مسلمان بھی زندہ دلان پنجاب کی تقلید کریں، اور اپنی غفلت ترک کر کے زندگی کا ثبوت پیش کریں۔ معاصر موصوف لکھتا ہے:۔

"ریاست کشمیر میں ۱۸ اگست کو ۲۳ سربرآوردہ مسلمان گرفتار کر لئے گئے، مسلم ینگ مینز ایسوسی ایشن کے صدر بھی اسیروں میں شامل ہیں، ۱۸ اگست کو دم کشمیر منایا گیا تھا۔ اس موقعہ پر بھی گولیاں چلائی گئیں۔" اس قسم کی متوحش خبریں برابر کشمیر سے چلی آ رہی ہیں۔ مہاراجہ کی حکومت اپنی رعایا کا دم نہ دیکھ رہی ہے ظلم کے خلاف جو آواز بلند ہوتی ہے اسے ظالم ہی سے دبایا جا رہا ہے۔ ابھی تک انصاف کی طرف کوئی قدم نہیں اٹھایا گیا رواداری کا کوئی ثبوت پیش نہیں کیا گیا۔ اچھا ہے اگر ظلم و مظلومیت کی جنگ اسی طرح جاری رہی اور ظلم اپنی تمام "شاندار" روایات کو اسی طرح زندہ کرتا رہا تو نتیجہ بہت جلد برآمد ہو جائے گا، ظالم اپنے کیفر کردار کو پہونچ جائیں گے، ہندوستان کے مسلمانوں کو چاہئے کہ اپنی جدو جہد کو پوری قوت کے ساتھ شروع کرنے میں دیر نہ کریں، بہت سا وقت ضائع ہو چکا، بہت سے مواقع نکل چکے۔ اب مجلس احرار پنجاب میدان میں اتر آئی ہے اگر ہر مقام پر مسلمانوں نے بہترین رضاکاروں کے جتھے تیار کر لئے اور مالی امداد کا معقول انتظام ہو گیا تو ریاست کے خلاف ایک فیصلہ کن جنگ کامیابی کے ساتھ لڑی جا سکے گی جلسوں اور تجویزوں کے بعد اب عمل کا وقت آ رہا ہے۔ مہاراجہ صاحب کشمیر غالباً اس وقت تک تلافی مافات کی طرف متوجہ نہ ہونگے جب تک کہ مسلمانوں کے ایثار و قربانی کا پوری طرح امتحان نہ کر لیں گے مسلمانوں کو بھی امتحان کے لئے تیار رہنا چاہئے اور یہ یاد رکھنا چاہئے کہ

دررہ منزل لیلیٰ کہ خطرہاست بسے
شرط اول قدم آنست کہ مجنوں باشی

اگر یہ لوگ میدان عمل میں اترے تو کامیابی خود بخود ان کے قدم چومے گی اور وہ اپنے مظلوم بھائیوں کو ظلم کی بے پناہ مصیبتوں سے نجات دلا کر واپس آئیں گے۔"

مذکورہ بالا خیالات کسی مزید تبصرہ و تشریح کے محتاج نہیں۔ ہمیں امید ہے کہ مسلمانان ہند معاصر محترم کی اس اپیل پر ضرور توجہ اور عملی اقدام کرینگے!!

مہاراجہ کشمیر اور کانگریس (ریاست)

لاہور ڈسٹرکٹ کانگریس کمیٹی کا یہ اقدام انتہائی عزت و احترام کی نظر سے دیکھا جائیگا جسکے اہتمام میں ایک جلسہ ہوا جسکے صدر پنجاب کے محترم لیڈر لالہ دونی چند تھے اور رزولیوشن پاس کیا گیا کہ مسلمانان کشمیر کے جائز مطالبات کی مخالفت کرتے ہوئے مہاراجہ حق پرستی ہیں۔ مہاراجہ کشمیر کو ہندو یا مسلمان نہیں بلکہ صرف ایک مہاراجہ سمجھنا چاہئے اور اس مہاراجہ کا مقصد صرف یہ ہے کہ اپنا اقتدار قائم رکھے، چنانچہ اس مہاراجہ نے ہی مہاتما گاندھی کی گرفتاری کے موقعہ پر سکول کے چھوٹے بچوں کو ہڑتال کرنے کے جرم میں سزا دی تھی۔ ہم خوش ہیں اور لاہور کانگریس کمیٹی کو مبارکباد دیتے ہیں کہ اسوقت جبکہ لاہور کا ہر ہندو ... مہاراجہ کشمیر کی حمایت کر رہا ہے اسنے حق و صداقت کی آواز بلند کی، اور دوسرے لوگوں کیلئے ایک نیک مثال قائم کی۔

ناخدا کہاں ہے؟

(از حضرت جوش ملیح آبادی)

چھڑی ہوئی ہے یہ کیسی لڑائی زبوں عناصر کے درمیاں ہے | خبر لو اے ساکنان ساحل کہ نفس جاں بر گراں ہے
حقیر تنکے کی طرح کشتی کبھی یہاں ہے کبھی وہاں ہے | تمام دنیا عرق عرق ہے، تمام عالم دھواں دھواں ہے

کوئی خدا کیلئے بتاؤ کہ ناخدا کون ہے؟ کہاں ہے؟

بلا کی پڑ رہی چل رہی ہے چھڑی ہوئی جنگ بحر و بر ہے | ہر اک صدا ہیبت آفریں ہے، ہر ایک آواز پر خطر ہے
تھپیڑے کھاتا ہوا سفینہ کبھی ادھر ہے کبھی ادھر ہے | غضب کے گرداب پڑ رہے ہیں، عظیم طوفان زور پر ہے

کوئی خدا کیلئے بتاؤ کہ ناخدا کون ہے؟ کہاں ہے؟

نہ آئے دریا کو وجد کیونکر گھٹا جب اپنا رباب چھیڑے | ہواؤں کی سنسناہٹیں ہیں، سیاہ موجوں کے ہیں تھپیڑے
بلا ہیں سیلاب کے طمانچے، غضب ہیں خافے کے تڑتڑے | ہر ایک گرداب میں وہ قوت کہ ڈوب جائیں ہزار بیڑے

کوئی خدا کیلئے بتاؤ کہ ناخدا کون ہے؟ کہاں ہے؟

غضب ہے بپھرا ہوا سمندر فلک کی جانب ہمک رہا ہے | نہ روشنی کا کوئی منارہ، نہ کوئی ساحل کا راستا ہے
اور اہل کشتی میں جسکو دیکھو الگ الگ ہے خفا خفا ہے | فلک بھی جھنجلا چکا ہے اتنا زمیں پہ ٹوٹا ہوا ہے

کوئی خدا کیلئے بتاؤ کہ ناخدا کون ہے؟ کہاں ہے؟

گھٹاؤں سے آسمان ہے بھاری، زمین طوفاں سے بوجھل | ڈراؤنی رات غیظ میں ہے، بھڑک رہے ہیں تمام جل تھل
بھنور نکالے ہوئے ہیں آنکھیں گرج رہے ہیں ہیں بادل | مہیب دریا میں ہے تلاطم، سیاہی دھارے میں ایک ہلچل

کوئی خدا کیلئے بتاؤ کہ ناخدا کون ہے؟ کہاں ہے؟

کڑک کے فتنے اٹھا اٹھا کر گرج کے سکے بٹھا رہی ہے | گھٹا کی پر ہول گھڑگھڑاہٹ، دلوں پہ ضربیں لگا رہی ہے
وہ دیکھو کشتی بھی ڈوبنے کو بھنور کے چکر میں آ رہی ہے | سیاہ و موت خلقتوں میں مہیب پرچم اڑا رہی ہے

کوئی خدا کیلئے بتاؤ کہ ناخدا کون ہے؟ کہاں ہے؟

سلام لو اے عزیز یارو، کہ اب نہیں مشکل زندگانی!! | مبارک اے دشمنو مبارک، یہ کامرانی، یہ شادمانی
ہٹو کہ وہ جھک چلا سفینہ، اٹھو کہ آنے لگا کو پانی!!! | کہا سنا سب معاف کر دو، بھلا دو باتیں نئی پرانی

کوئی خدا کیلئے بتاؤ کہ ناخدا کون ہے؟ کہاں ہے؟

(ہند)

"اکسیر معدہ" قیمت ایک روپیہ (عہ) ہیضہ اور امراض شکم کی اکسیری دواء۔ از مجربات حکیم محمود خان اعظم (تیہ) "ہندوستانی دواخانہ دہلی" (نئی اکسیری فہرست مفت) ۔

مرقع قادیانی

قادیانی فتنہ۔ مسلمانوں میں مذہبی و سیاسی تفریق پیدا ہو رہی ہے۔ اسلئے ضرورت تھی کہ قادیانی فتنہ کی آگ کو بجھایا جائے۔ اسی غرض سے "مرقع قادیانی" زیر ادارت مولانا ثناء اللہ صاحب (فاتح قادیان) جاری ہوا ہے۔ اس رسالہ میں قادیانی لٹریچر کا مکمل جواب دیا جاتا ہے۔ ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو بڑی آب و تاب سے شائع ہوتا ہے۔ قیمت (بہت کم) سالانہ ایک روپیہ آٹھ آنے (ہے) نمونہ کا پرچہ ۲ پائی محصول (بصورت جوابی کارڈ) آنے پر مفت۔

ابو رضا عطاء اللہ منیجر مرقع قادیانی امرتسر

اخبار الجمعیۃ کے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

سب بے روزگاروں کیلئے سنہری موقع

گورنمنٹ آف انڈیا سے تمام ہندوستان کیلئے رجسٹری شدہ ہندوستان میں اس سے بہتر کوئی اور کالج نہیں ہے اس کالج کا پاس شدہ تمام (انڈیا) میں کام کر سکتا ہے کالج ہذا صرف پچاس روپے فیس داخلہ لے کر دو ماہ میں مکمل موٹر ڈرائیور اور موٹر فٹری کا کام سکھا دیتا ہے اور ملازمت کی ذمہ داری بھی لیتا ہے پردیسی طلباء کے لئے رہائش کا بھی اعلیٰ انتظام ہے۔ مکمل حالات معلوم کرنے کے لئے پراسپکٹس مفت طلب کیجئے۔

منیجر دی کیپٹل پریکٹیکل موٹر ٹریننگ کالج حلقہ ۱۲ جامع مسجد دہلی

سفید بال پندرہ دن میں جڑ سے کالا

آزمودہ شہرت یافتہ ... اگر آپکا بال پکنے لگا ہے وہ میری ہیر ڈائی برنا تیل سے کالا نہ ہو اور ہمیشہ کالا نہ رہے تو دام واپس ... زیادہ پکا بال سفید بالوں کیلئے "امرت جوان" ... منیجر ہیر برنا اسٹور ۵۲ کمنی سمری در بھنگہ

ہفتہ وار پیغام سرحد

صوبہ سرحد پر طرح طرح کے مصائب کی گھٹائیں کسی سے مخفی نہیں خصوصاً ... ہو سکتا ہے جس نے اس میدان میں قدم رکھا ہو "پیغام سرحد" ... وہ آپ حضرات سے پوشیدہ نہیں۔ باشندگان ضلع ہزارہ و صوبہ سرحد سے خصوصاً اور عام مسلمانوں سے عموماً استدعا ہے کہ اس کی اشاعت بڑھا کر اپنی اسلامی، قومی و ملکی آواز کو مضبوط بنائیں۔

منیجر پیغام سرحد ہری پور ہزارہ صوبہ سرحد

وسیلہ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کر کے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں ایک کا نام دوزخ کا کھٹکا ہے اسمیں وہ احادیث درج ہیں جن میں اعمال سیئہ کے ارتکاب پر عذاب الٰہی اور دوزخ کی وعید ہے اور عذاب الٰہی سے خوف دلا کر اعمال سیئہ سے بچنے کی ترغیب ہے مکمل کتاب احادیث پر مشتمل ہے ہر حدیث کا اردو ترجمہ اسکے ساتھ دیا گیا ہے کاغذ عمدہ لکھائی چھپائی دیدہ زیب قیمت فی جلد صرف عہ دوسری کتاب کا نام جنت کی کنجی ہے اور اس میں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جن میں اعمال حسنہ کی بنا پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے اسمیں احادیث درج ہیں ہر حدیث کا ترجمہ ان کے ساتھ دیا گیا کاغذ چکنا سفید اور لکھائی چھپائی بہترین ہدیہ فی جلد عہ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا اور دوسرا ایڈیشن بھی ختم ہو چلا ہر مسلمان گھر میں دونوں کتابوں کا رکھنا نہایت ضروری ہے۔

بعض مخیر حضرات ان کتابوں کو ہم سے خرید کر مفت تقسیم کر رہے ہیں روزانہ کی زندگی میں پیش آنے والے تمام کاموں کے متعلق احادیث کا اس سے بہتر مجموعہ اردو زبان میں اب تک تیار نہیں ہوا ہے بہت تھوڑے نسخے رہ گئے ہیں اس لئے جلدی کیجئے ورنہ آئندہ ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔ دونوں کتابوں کو یکجائی خرید کر صرف دو روپیہ میں دونوں جلدیں دیجائینگی۔ ملنے کا پتہ

منیجر کتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

سرمہ اکسیر چشم

یہ سرمہ نہایت محنت اور جانفشانی سے تیار کیا ہے ہم یہ دعویٰ نہیں کرتے کہ اسمیں ممیرا یا اصلی موتی شامل ہیں بلکہ یہ سرمہ جنگلی جڑی بوٹی اور نایاب قیمتی دوائیات اور سرمہ کو کیمیاوی اور طبی اصول کے مطابق صاف کر کے تیار کیا جاتا ہے آنکھوں کے تمام امراض کو اکسیر ہے مثلاً ضعف بصارت، جالا، پھولا، دھند، غبار، خارش، ککرے، سرخی، رویلان، پانی آنا، کیچڑ بہنا وغیرہ وغیرہ پر اکسیر ہے بلکہ مفید ہے چندہی روز میں عینک کو چھڑا دیتا ہے ابتدائی موتیابند میں بھی مفید ہے درحقیقت یہ سرمہ اندھی اور بے نور آنکھوں کو روشنی بخشنے والا ہے قیمت فی تولہ عہ، تین تولہ عہ، پانچ تولہ ... دس تولہ ساٹھ روپیہ علاوہ محصول ڈاک۔ ملنے کا پتہ

مولوی محمد عمر صاحب تاجر کتب ہیری پرس کمپنی لوہا بازار بھوپال

حلفیہ بیان در ساتھ شیر اسلامیات ضرغام اللہ خان کا مدعا

فی زمانہ جھوٹے مکار حکیم ... اشتہارات ... کے بھیجے ... سب کو اپنے ایک ایک اکسیر ... بہتر نہیں ... پر دعویٰ طب یونانیم و جدید کے اصول علاج سے غلط ہی نہیں بلکہ صریح ڈاکہ زنی ہے آپ خاصا حکیمانہ نقشہ مجوزہ سوالات مفت منگوا کر دواخانہ پر ہی واپس بھیجکر آپ کا تیار کردہ اکسیر شباب نمبر ۳ اور اکسیر کامل نمبر ۲ منگوا کر قدرت کا نظارہ دیکھیں جسکے استعمال سے ہزارہا مایوس العلاج بیمار فیضیاب ہو چکے ہیں کسی سارٹیفکٹ کو آپ تنخیہ بتلانا بھی اخلاقی جرم سمجھتے ہیں صرف خدا کا بھروسہ ہی کافی ہو سکتا ہے۔

منیجر دواخانہ انیس الحکمت محلہ شاہ نظر دیوان راولپنڈی شہر

سستے کٹ پیس

ایک پونڈ سے مکمل گانٹھ تک تھوک نرخوں پر ملیں گے

منیجر ایس سیٹھ ہول سیل مرچنٹ اسٹریا بلڈنگ لارنس روڈ کراچی

سب سے سستا اور صحیح قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما، اتنی صحت اور اس قدرت طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا۔ اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے یہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے۔ نورانی قرآن مجید کی صحت کے لئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے دردِ دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے۔ اعراب زیر زبر پیش ایسے بامو قع ہیں کہ عورت مرد، بوڑھے بچے، جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر زمین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آ جاتا ہے۔

محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دیجاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے۔ ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی عہ بلا جلد مجلد پارچہ عہ مجلد چرم نقرہ علاوہ محصولڈاک دو روپے (عہ)

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت صحیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے سے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ: قسم اعلیٰ سفید کاغذ خاشدہ ... قسم دوم خاشدہ عہ علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ۸ چرم عہ

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو سنکر اور دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرما لیا صحت، طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں۔ مولانا شاہ رفیع الدین صاحب مولانا شاہ عبد القادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے۔ علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن مجید کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ دس روپیہ (عنے) علاوہ محصولڈاک فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم شنبہ ۲۱ ربیع الثانی ۱۳۵۰ھ

فرصت کے چند مہینے

تعمیری پروگرام پر عمل کرنے کا بہترین موقع

گول میز کانفرنس کی شرکت کے لئے کانگریسی اور غیر کانگریسی رہنماؤں کی روانگی کے بعد اب ہندوستان کی فضا ایک حد تک پرسکون ہوگئی ہے اور اگر حکومت نے اس عرصہ میں ذرا سی مآل اندیشی اور موقع شناسی سے کام لیا اور خواہ مخواہ تشدد کر کے کانگریس کو کسی جارحانہ کارروائی پر مجبور نہ کیا تو امید کی جاتی ہے کہ جب تک گول میز کانفرنس کا کوئی نتیجہ برآمد نہ ہوگا ملک کی فضا اسی طرح پرامن رہے گی۔ ...

کامیابی کی جگہ ناکامی کا منہ دیکھنا پڑے گا۔ ہندوستان اگر اپنے اندر تعمیری قوت پیدا کر سکتا ہے تو جنگ وہ کامیاب ہوگا ورنہ اس کی کامیابی قطعاً موہوم ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم ابھی سے اپنی قوم میں وہ خصوصیات پیدا کریں جو آزادی کو قائم رکھنے اور نظام حکومت کو چلانے کے لئے ضروری ہیں۔ اگر ہم ایسا نہ کر سکے ...

ان کا درجہ ہندوستان کی ملتوں میں روز بروز کم ہوتا چلا جا رہا ہے۔ اگر ہمارے سیاسی رہنماؤں کو خدا نے یہ توفیق نہیں دی ہے کہ وہ اپنی قوم کی فلاح و صلاح کو سمجھ کر اس کے لئے راہ عمل تجویز کریں تو علمائے امت کو اس فرض کی ادائیگی سے کون روکتا ہے اور وہ ایک ایسا پروگرام کیوں مرتب نہیں کرتے جو مسلمانوں کو ان کی مذہبی، اخلاقی، سیاسی، اقتصادی اور تعلیمی ترقی کے طریقے بتائے اور ان کے لئے دنیا میں زندہ رہنے اور دوسروں سے اپنا وجود تسلیم کرانے کی قوت و طاقت بہم پہنچائے۔

احادیث نبوی

(از حضرت مولانا حافظ حاجی احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند)

جس کسی کی سفارش اللہ کی حد جاری کرنے میں حائل ہوئی تو وہ شخص ہمیشہ اللہ کے غضب اور غصے میں گرفتار رہتا ہے۔ یہاں تک کہ اپنی سفارش سے باز آ جائے (طبرانی - بطولہ)

جس نے اللہ تعالیٰ کی حد جاری کرنے میں سفارش کی تو اس نے اللہ تعالیٰ سے مقابلہ کیا اور جس نے کسی مقدمے میں مدعی یا مدعا علیہ کی اعانت کی اور بدون اس علم کے اعانت کی کہ حق کیا ہے اور کس کی جانب ہے وہ شخص اللہ کے غضب میں گرفتار رہتا ہے یہاں تک کہ امداد سے باز آ جائے (طبرانی)

اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ مبغوض کثرت سے مقدمہ بازی کرنے والا ہے (بخاری) بعض لوگ مقدمہ بازی کے عادی ہو جاتے ہیں۔ اور معمولی سے بات بات پر مقدمے لڑاتے ہیں اس حدیث میں ان کی مذمت ہے۔

ہتک محارم اللہ

جب کوئی خدا تعالیٰ کی حرام کی ہوئی شے کا ارتکاب کرتا ہے تو خدا کو سخت غیرت آتی ہے (بخاری۔ مسلم) یہ امر کس قدر قابل افسوس ہے کہ بجائے مجرم کے خود اللہ تعالیٰ کو غیرت آئے۔ یہ فرمانا کہ خود بدولت کو اور عالم کو غیرت آتی ہے اس میں تنبیہ کا بہترین طریقہ اختیار کیا گیا ہے۔ ...

ہیں۔ ان کا اور ان کی جماعت کا مطمع نظر بھی یہ ہے کہ وہ صوبہ سرحد کو اغیار کی دستبرد سے نجات دلائیں اور اس میں ایک آزاد خود مختار حکومت قائم کریں جو اپنے اندرونی معاملات میں ہر قسم کی بیرونی مداخلت سے پاک ہو۔ ... اس نقطہ خیال کو ایک مرتبہ نہیں ہزار مرتبہ انہوں نے ظاہر کیا ہے اور واقعہ یہ ہے کہ اسی مقصد کی وجہ سے انہوں نے کانگریس کے ساتھ تعاون بھی کیا ہے۔ ...

چٹاگانگ کا قتل

عدم تشدد پر عقیدہ رکھنے والے تمام سیاسیئین اس حادثہ قتل کی شدید ترین مذمت کریں گے جو چٹاگانگ میں رونما ہوا ...

وقف ایکٹ اور داؤدی بوہرے

ابھی تک داؤدی بوہروں کی جماعت وقف ایکٹ سے مستثنیٰ تھی۔ اور حکومت نے اس جماعت کے اوقاف پر اس قانون کی دفعات نافذ نہیں کی تھیں۔ مگر اب آئندہ اکتوبر سے داؤدی بوہروں پر بھی وقف ایکٹ کو نافذ کر دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔ جس کے خلاف بمبئی اور کراچی میں احتجاج کیا جا رہا ہے۔ ... ہم امید کرتے ہیں کہ حکومت اس معاملہ میں اپنی پوزیشن پر غور کرے گی۔

گول میز کانفرنس

ستمبر کا پہلا ہفتہ گزرنے کے بعد گول میز کانفرنس کی سب کمیٹیوں کے اجلاس باقاعدہ شروع ہو جائیں گے۔ سب سے پہلے اس سب کمیٹی کی کارروائی عمل میں آئیگی جو حکومت وفاقی کی تشکیل کے لئے مقرر کی گئی ہے اور جس میں گاندھی جی بھی شریک ہیں۔ ...

فسادات کوسی کے مقدمہ کا فیصلہ

کوسی کلاں میں ہندو مسلم فساد سے جو جانی اور مالی نقصانات ہوا تھا وہ اخبار پڑھنے والوں کے ذہن میں ابھی تک محفوظ ہوگا اور انہیں معلوم ہوگا کہ اس فساد میں کس قدر سخت مظالم کئے گئے تھے۔ ... ہم حکومت کو اس طرف توجہ دلاتے ہیں کہ فسادات کوسی کے مظالم کی تحقیقات از سر نو ہونی چاہئے اور جن لوگوں نے خوفناک جرائم کئے ہیں انہیں ضرور سزا ملنی چاہئے۔

صوبہ سرحد اور سرکاری طبقہ

فخر افاغنہ خان عبد الغفار خاں کے متعلق دہلی کے اینگلو انڈین اخبار "اسٹیٹسمین" نے اپنے نامہ نگار کا ایک بیان شائع کیا تھا جس کو بنیا قرار دے کر ...

رشوت

بلوچستان میں ہولناک زلزلہ کی تباہ کاریاں

ہزارہا آدمی بے خانماں ہو گئے

سینکڑوں کی جانیں ضائع ہوئیں اور بیشمار زخمی تڑپ رہے ہیں

ایک مسلمان کی حیرت انگیز بہادری

(اسٹیٹسمین کے نامہ نگار خصوصی کے بیانات)

(ترجمہ خصوصی)

پنجشنبہ کے دن بلوچستان میں قدرت کی شان جلالی کے جو مظاہرے ہوئے وہ گزشتہ چند سال کی تاریخ میں نہایت ہولناک اور تباہ کن تھے۔ ایک زبردست زلزلہ سے جس کی شدت کا اندازہ لگانا دشوار ہے متعدد قصبے زمین کے برابر ہوگئے۔ بہت سے آدمی مر گئے اور زخمی ہوئے، پہاڑیاں اڑ گئیں اور ناقابل ...

ایک دروازے سے نکل رہے تھے دوسری طرف کا دروازہ گرا اور جب سپاہی نکل گئے تو وہ دروازہ بھی آ پڑا۔ جب سب لوگوں کے نام لے کر پکارا جا چکا تو معلوم ہوا کہ ایک لڑکی رہ گئی ہے۔ سب لوگ اس مکان کی طرف جھپٹے جس میں وہ لڑکی تھی۔ جا کر دیکھا تو معلوم ہوا کہ مکان گر چکا تھا۔ ...

(باقی آئندہ)

ایک مسافر کا خوفناک بیان

مچ کے مقام سے پنجشنبہ کی خوفناک تباہی کا حال معلوم ہوا ہے۔ مچ کا اسٹیشن کوئٹہ سے ریل کے ذریعہ ۲½ گھنٹے کی مسافت پر واقع ہے۔ ... ان کی ٹرین مچ ۹ بجے پہنچی تھی۔ ...

خدا کی قدرت کا تماشا

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

اسپین میں عربوں کی گزشتہ روایات کا احیاء

ہسپانیہ کے باشندوں میں عربی تمدن اختیار کرنے کا ولولہ

آراضی واپس کرنے کیلئے عربی النسل مزارعین کا مطالبہ

اسپین میں قیام جمہوریت کے بعد جو حالات پیدا ہوگئے ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ ہسپانیہ کے باشندے آج پھر اپنی عربیت پر فخر کرنے لگے ہیں اور مصری تمدن پر دلدادہ ہوگئے ہیں۔ ...

گزشتہ سال میں قرطبہ کی اکاڈمی (مجمع علمی) نے اندلس کی خلافت بنی امیہ کا ہزار سال گزرنے کی خوشی میں جشن منایا تھا کیونکہ انہوں نے اس کا حساب عبد الرحمن ناصر اموی کے اعلان خلافت سے لگایا تھا جس پر ۹۲۹ء میں ایک ہزار سال گزرنے ہیں۔ ...

اسپین کے دار الحکومت میڈرڈ میں ایک جلسہ "رابطہ" نامی کھلنا شروع ہوا ہے جس کا مقصد عربوں اور اسپین کے باشندوں میں اتحاد پیدا کرنا ہے۔ ...

(الشوریٰ)

یمن کے جنوبی مقامات میں سے دوسرا مقام "العبدلی" ہے جو مکلا کی طرح بعض خصوصیات کا حامل ہے۔ اس کی آبادی تیس ہزار افراد کی ہے۔ یہاں کی زمین سرسبز و شاداب ہے جس میں گندم، تمباکو اور معمولی روئی اور تل پیدا ہوتے ہیں تلوں کا تیل نکالا جاتا ہے۔ پھل اور میوہ جات بہت کثرت سے پیدا ہوتے ہیں۔ اکثر باشندے کاشتکار ہیں اور تجارت پیشہ افراد کی تعداد بہت قلیل ہے لوگوں میں افلاس بھی بہت پایا جاتا ہے۔ ...

(الشوریٰ)

برطانیہ کی یہود نواز پالیسی پر عربوں کا غم و غصہ

عربوں کو قتل کرنے کیلئے یہود کو اسلحہ دیئے گئے

(۱) ۱۵ اگست کے مظاہروں کو کامیاب بنانے کے لئے ہر شہر میں پروپیگنڈا کیا جائے۔

(۲) اگر حکومت نو آبادیات کے یہودیوں کے لئے اسلحہ کی ضرورت پر اصرار کرے اور اپنے رویہ میں تبدیلی نہ کرے تو ضروری کارروائیاں کرنے کے لئے ایک مجلس مرتب کی جائے۔

(۳) یہودیوں کو مسلح کرنے سے فلسطین میں جو خطرہ پیدا ہوگیا ہے اس سے تمام عالم اسلامی اور تمام ملوک و امراء کو آگاہ کیا جاوے۔

(۴) ...

(۵) ...

(۶) مجلس اقوام کو احتجاجی تار ارسال کئے جائیں۔

(۷) ...

(۸) ... (الشوریٰ)

مسقط میں ایک امریکن پادری کی عیاری

"قاضی القضاۃ اور وزراء عیسائی کر لئے گئے"

عیسائی مشنری انسان پرستی کی نشر و اشاعت کیلئے ہر جگہ مکھیوں اور مچھروں کی طرح پھیرتے رہتے ہیں اور اپنے کمزور اور ناقابل ترمیم عقائد کو منوانے کے لئے ایسے ایسے طریقے اختیار کرتے ہیں کہ جن کو سن کر ہنسی کے ساتھ سخت افسوس بھی ہوتا ہے۔ ...

(الشوریٰ)

یمن کے جنوبی مقامات کی اقتصادی اور تمدنی حالت

مکلا، شحر، عبدلی اور یافعی کا طرز حکومت

صومال میں اٹلی کی چیرہ دستیاں

ایک نوجوان عرب کو بلا وجہ قید میں ڈالدیا

اٹلی صومال میں ایک مقام کا نام "مرکۃ" ہے وہاں کے رہنے والے لوگوں کا بیان ہے کہ اٹلی کے حکام جبر کی سبب سے لوگوں کو سخت تنگ کر رہے ہیں ان کو طرح طرح کی تکلیفیں دے رہے ہیں اور ان کو بلا وجہ قید خانوں میں ڈالا جا رہا ہے۔

... (الشوریٰ)

سیرت نبوی کے عالمگیر جلسے

جمعیۃ الاخوان مصر، جمعیۃ الشبان قاہرہ اور جمعیۃ ہدایۃ اسلامیہ کی مساعی

...

عراق و حجاز کے تعلقات

حجازی قونصل جنرل بغداد میں

...

نکتہ چینی کا غلط طریقہ

جن حضرات کو اخبار کے کام سے واقفیت حاصل ہے وہ اچھی طرح جانتے ہیں کہ کوئی ایڈیٹر خواہ وہ کتنا ہی محتاط کیوں نہ ہو تمام خبروں اور مضامین کو اپنے قلم سے نہیں لکھ سکتا اور نہ ان کی تصحیح و ترتیب کو اپنے ذمہ لے سکتا ہے، سوائے مقالات مدیری اور مخصوص مضامین کے اکثر حصہ اخبار کے عملۂ ادارت کی داخلی کارگذاری کا نتیجہ ہوتا ہے۔ اگرچہ اس میں شبہ نہیں کہ قانوناً ہر اس تحریر کا ذمہ دار ایڈیٹر ہی ہے جو اس کے اخبار میں شائع ہوتی ہے مگر کسی ایڈیٹر سے ہرگز یہ توقع نہیں کی جا سکتی کہ ہر خبر کو وہ اپنے قلم سے مرتب کرے گا۔ مجھے یہ دیکھ کر افسوس ہوتا ہے کہ مولانا عبد الماجد صاحب دریابادی نے اپنے ایک نئی مکتوب میں (وہ مدیر انقلاب نے "افکار و حوادث" کے کالم میں) ایک ایسی خبر کی ترتیب کو جو غلط مقام اور غلط تاریخ کے ساتھ الجمعیۃ میں شائع ہوگئی تھی میری طرف منسوب کیا ہے ... حالانکہ یہ حقیقت کے بالکل خلاف ہے ... [illegible]

بلال احمد زبیری

مدیر الجمعیۃ

ایک مسافر گاڑی کے نیچے بم پھٹ گیا

ریلوے لائن کا معائنہ اور زبردست تحقیق

جلگاؤں ۳ ستمبر۔ یہاں ایک اطلاع موصول ہوئی ہے کہ گذشتہ شب جب ایک مسافر گاڑی ارنڈول سٹیشن اور امالنیر کے درمیان جا رہی تھی تو اس کے نیچے ایک بم پھٹ گیا اور زور دار دھماکے کی آواز سن کر ریل کو روک دیا گیا اور انجن چلانے والے اور گارڈ نے ریل اور پٹڑی کا معائنہ کیا۔ تاریکی کی وجہ سے کچھ پتہ نہیں چلا اور گاڑی دوبارہ روانہ ہوگئی۔ صبح کے وقت تحقیقات شروع ہوئی۔ کہا جاتا ہے کہ کسی نے ریل کی پٹڑی پر ایک غیر مکمل بم رکھ دیا تھا جو ریل کے پہیوں سے ٹکرا کر پھٹ گیا۔ اس حادثہ سے کوئی جانی یا مالی نقصان نہیں ہوا۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے موقعہ واردات کا معائنہ کیا۔ زبردست تحقیق و تفتیش جاری ہے۔

راجپوتانہ جہاز سے گاندھی جی کا پیغام

کانگریس کے تعمیری پروگرام پر کاربند رہو

کراچی ۴ ستمبر۔ دخانی جہاز راجپوتانہ پر رپوٹر کے نمائندے سے گاندھی جی نے ... [illegible] ... کانگریسی کارکنان پر بھروسہ کرنا چاہتے۔

فوجی گوروں کے ہاتھوں ایک مسلمان کا قتل

عدالت نے فرد جرم لگا دی

راولپنڈی ۲ ستمبر۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ راولپنڈی کی عدالت میں دو گورے فوجی سپاہیوں کے خلاف محمد روشن چائے فروش کے قتل کے الزام میں مقدمہ چل رہا ہے۔ مجسٹریٹ نے استغاثہ کے ۲۵ گواہوں کے بیانات قلمبند کرنے کے بعد ملزمان پر دفعہ ۳۰۲، ۳۹ تعزیرات ہند کے ماتحت فرد جرم لگا دی ہے۔

شہر سے طوائفوں کو خارج کرنے کی سعی

میونسپلٹی کو پشاور خلافت کمیٹی کا نوٹس

پشاور ۲ ستمبر۔ پشاور خلافت کمیٹی نے میونسپل کمشنران کو نوٹس دیا ہے کہ وہ نیدرہ یوم کے اندر اندر رنڈیوں کے اڈوں کو شہر سے باہر کر دیں۔ ورنہ ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی اور پکٹنگ شروع کر دیا جائے گا۔

فوج اور برمی باغیوں میں جنگ

سرغنہ کی ہلاکت اور اسلحہ جنگ پر قبضہ

رنگون ۲ ستمبر۔ ۳۰ اگست کو لفٹیننٹ میرو میں فوجی دستہ نے باغیوں کے کیمپ پر حملہ کیا لیکن باغی فوجی دستہ کے پہونچنے سے پہلے ہی وہاں سے فرار ہوگئے۔ باغی کچھ بندوقیں اور سامان چھوڑ گئے۔ دو باغی لیڈروں نے اطاعت قبول کر لی ہے۔ لفٹیننٹ میو سے اغوا کے دو واقعات کی اطلاع ملی ہے ... باغیوں کا سرغنہ مارا گیا۔ دو کشتیاں اور کچھ اسلحہ جات بھی پکڑے گئے۔

بیت المقدس میں مولانا شوکت علی کی آمد

عرب زعماء کی طرف سے استقبال

بیت المقدس یکم ستمبر۔ مولانا شوکت علی یہاں پہونچ گئے ہیں۔ سٹیشن پر متعدد عرب زعماء نے آپ کا استقبال کیا۔ مولانا بندر سعید سے راجپوتانہ جہاز پر سوار ہو جائیں گے۔

اسپین میں مزدوروں کا اعلان جنگ

موجودہ حکومت شخصی حکومت سے بہتر نہیں ہے

بارسلونا یکم ستمبر۔ نیشنل کانفیڈریشن آف ورکرز نے حکومت ہسپانیہ کو اعلان جنگ دے دیا ہے۔ کانفیڈریشن کا یہ خیال ہے کہ موجودہ جمہوری حکومت شخصی حکومت سے کسی طرح بہتر نہیں ہے اور معاشرتی انقلاب کی ضرورت ہے ... اس اعلان نے تمام ہسپانیہ میں ایک سنسنی پیدا کر دی ہے ...

چمار گاؤں چھوڑ کر چل دیئے

بنارس ۲ ستمبر۔ موضع ... تحصیل بنارس کے ایک سو چمار وہاں کے زمینداروں سے تنگ آ کر اپنے گھروں کو چھوڑ دیا اور موضع ... مضافات بنارس میں آ گئے۔ ان کے ساتھ مویشی اور اسباب بھی ہیں۔

کشمیر کے مظالم پر پردہ ڈالنے کیلئے دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ

رئیس المجاہدین مولانا سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری کے داخلہ کی ممانعت

لاہور یکم ستمبر۔ سیالکوٹ میں دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ کر دیا گیا ہے۔ تاکہ ریاست کشمیر کے خلاف جو مظاہرہ جلوسوں اور جلسوں کی شکل میں کیا جا رہا ہے اس کا سدباب کیا جا سکے۔

کل سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری نے مسلح رضاکاروں کے ایک دستہ کے ساتھ سیالکوٹ کے قریب ریاست کی حدود میں داخل ہونے کی سعی کی لیکن کشمیر پولیس نے داخل ہونے سے روک دیا۔

دہلی میں ایک آدم خور مولوی

غریب طالب علموں کو چھوڑ دیا گیا

مولوی مشتاق کے متعلق گذشتہ اشاعت میں ہم ایک اطلاع شائع کرا چکے ہیں اب ہمیں معلوم ہوا ہے کہ جمعہ اور ہفتہ کی درمیانی شب ... [illegible]

انقلابی تحریک کو دبانے کیلئے حکومت کی طرف سے تیاریاں

معاہدہ دہلی کی موجودگی میں حکومت کا اقدام

اسمبلی میں مسودہ قانون پیش کیا جائے گا

شملہ یکم ستمبر۔ اینگلو انڈین اخبارات سیاسی حلقوں کی ذمہ داری کو کانگریس کے ... [illegible] ... کی موجودگی میں بھی کارروائی کرنے کے لئے آزاد ہوگی۔

مجلس مقننہ کے اجلاس میں ساردا ایکٹ پر بحث

برہمنوں اور مسلمانوں کو مستثنیٰ قرار دیا جائے

شملہ ۳ ستمبر۔ ... [illegible] ... رکھے جانے کو خلاف قانون قرار دیا جائے۔

جمعیۃ علماء ہند کے ایک مبلغ کا ایثار

بلا معاوضہ تبلیغی خدمت کا وعدہ

شعبہ تبلیغ جمعیۃ علماء ہند کی جانب سے صوبہ ... [illegible] ... مکاتب کا معاملہ بھی زیر غور ہے۔

محمد شفیع سر دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی

فرید پور میں گرفتاریاں اور خانہ تلاشیاں

حکومت کی طرف سے معاہدہ دہلی کی عزت افزائی

فرید پور یکم ستمبر۔ آج صبح پولیس نے بابو کنگا دھر چکرورتی، بابو کالی پرسنا گھوش، ڈاکٹر مدن ناتھ ... کانگریس کمیٹی کے مکانات کی تلاشی لی اور بعض کاغذات اور فوٹو اٹھا کر لے گئی ... تحت گرفتار کر لیا گیا۔

ہنسراج وائرلیس کلکتہ میں گرفتار کر لئے گئے

وائسرائے کی سپیشل کو اڑانے کا الزام

کلکتہ یکم ستمبر۔ ہنسراج عرف "وائرلیس" کو گذشتہ شب بارہ بجے کے قریب خفیہ پولیس نے کلکتہ میں گرفتار کر لیا اور اسے خفیہ پولیس کے صدر مقام پر پہنچا دیا ... وائسرائے کی سپیشل کو بم سے اڑانے ... کا الزام عائد ہے ... لاہور لایا جائے گا۔ جہاں ان کے مقدمہ کی سماعت ہوگی۔

تین ماہ میں ریلوں کو پونے چھ کروڑ کا خسارہ

شملہ یکم ستمبر۔ سرکاری ریلوں کی آمدنی ہفتہ مختتمہ ۱۵ اگست میں ... لاکھ روپیہ کی آمدنی ہوئی یعنی گذشتہ ہفتہ کی نسبت ... لاکھ روپیہ کا نقصان ہوا ... ۵ کروڑ ۷۰ لاکھ روپیہ کا خسارہ ہوا۔

پنجاب میں بیس لاکھ ہندوؤں کی کمی

دیگر اقوام کی تعداد میں اضافہ

شملہ ۱۳ اگست۔ پنجاب کی مردم شماری میں تیس لاکھ کے قریب اضافہ ہوا ہے کل آبادی کا شمار ۲۸۰۰۵۹۰ ہے۔ اس میں ریاستی رعایا کی آبادی ۵۰۰۰ ... ہے۔ آبادی بلحاظ اقوام حسب ذیل ہے۔

ہندو	۶۵۹۹۷۲۰	مسلمان	۱۳۳۲۹۸۹۶
سکھ	۴۰۷۱۶۲۴	جین	۴۳۱۴۰
بدھ	۷۷۵۳	پارسی	۵۶۰
عیسائی	۴۱۹۳۵۳		

سکھوں کی تعداد میں قریباً تین لاکھ کا اضافہ ہوا ہے۔ ہندو بیس لاکھ کے قریب کم ہوگئے عیسائیوں کی تعداد میں ۴۰ فی صدی اور بدھوں کی تعداد میں تیس فی صدی کے قریب اضافہ ہوا ہے کل آبادی کا اضافہ ۱۴ فی صدی سے کچھ زائد ہے۔

دعا کی ضرورت

مولوی اسرار احمد صاحب کاظمی جو اخبار الجمعیۃ کے دیرینہ محسن ہیں اور ہمیشہ اخبار الجمعیۃ کی خدمت انجام دیا کرتے ہیں ان کی بھتیجی ایک عرصہ سے بیمار ہے۔ مولانا موصوف ناظرین الجمعیۃ سے دعا کی درخواست کرتے ہیں۔ امید ہے کہ قارئین کرام کاظمی صاحب کی بھتیجی کیلئے اپنے خاص اوقات میں دعا فرمائیں گے ...

(مینیجر الجمعیۃ)

کمپنی باغ کی جدید مسجد میں نماز پنجگانہ

مولانا احمد سعید صاحب جمعہ پڑھائینگے

دہلی ۴ ستمبر۔ کمپنی باغ متصل کوچہ قابل عطار ... [illegible] ... حضرت مولانا مولوی حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نماز جمعہ پڑھائیں گے۔

(نامہ نگار)

دہلی کے قریب ایک گاؤں میں خونریز جنگ

۴۲ مجروح اور ۱۹ گرفتار

دہلی ۴ ستمبر۔ نجف گڑھ سے خبر آئی ہے کہ وہاں کے موضع ... اور ... کے لوگوں میں چراگاہ کے متعلق کشیدگی چلی آتی تھی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ایک دن دونوں گاؤں کے آدمیوں نے ... اور خوب لاٹھی چلی جس سے دو درجن کے قریب آدمی زخمی ہوگئے اور پولیس نے اس سلسلہ میں ۱۹ آدمیوں کو گرفتار کیا ہے۔

سندھ میں زلزلہ کی تباہ کاریاں

متعدد مقامات میں زبردست نقصان

حیدر آباد سندھ ۲ ستمبر۔ ... جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ گذشتہ ہفتہ کے دوران میں سندھ کے ہر خطہ میں زلزلہ آیا۔ جیکب آباد، شکارپور، روہڑی، سکھر، لاڑکانہ اور دیگر اضلاع میں اس کا اثر زیادہ نمایاں رہا ... عمارتوں کو بہت زیادہ نقصان پہنچا ہے ...

چاٹگام میں امن و امان قائم کرنے کی سعی

مصالحتی بورڈ اور میونسپلٹی کا مشترکہ اعلان

چاٹگام ۲ ستمبر۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ چاٹگام نے ایک نوٹس جاری کیا ہے جس کے ذریعہ عوام کو متنبہ کیا گیا ہے کہ جو شخص لوٹ مار کرتا ہوا پکڑا جائیگا اس کے ساتھ برا سلوک کیا جائیگا۔ ہندو اور مسلم لیڈروں کی مجسٹریٹ کے ساتھ ایک کانفرنس ہوئی جس میں ہر ایک وارڈ میں ایک ایک مصالحتی کمیٹی قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ... مفصلات سے حملوں کی اطلاع موصول ہو رہی ہیں۔

چاٹگام کے پولیس انسپکٹر کو گولی سے اڑا دیا گیا

۱۶ سالہ قاتل موقعہ پر گرفتار کر لیا گیا

بازار اور سینما بند شہر میں ہیجان

چاٹگام ۳۱ اگست۔ خان بہادر احسان اللہ پولیس انسپکٹر چاٹگام کو گذشتہ شام ایک اجنبی شخص نے ریوالور کے مسلسل فائر سے ہلاک کر دیا۔ حملہ آور ایک نوجوان ہندو بتایا جاتا ہے جس کی عمر تقریباً ۱۶ سال ہے۔ خان بہادر احسان اللہ فٹ بال کا ایک میچ دیکھنے گئے تھے۔ یہ میچ ٹاؤن کلب جس سے آپ کو دلچسپی تھی اور کوہ نور ٹیم کے درمیان تھا جب میچ ختم ہوگیا اور خان بہادر دیگر اشخاص میچ جیتنے پر خوشی منا رہے تھے۔ حملہ آور اچانک آگے بڑھا اور ریوالور کے مسلسل فائر کئے۔ مسٹر صدیقی دیوان سب انسپکٹر نے فوراً حملہ آور کو گرفتار کر لیا لیکن کشمکش میں گولیوں کے زخم آئے۔ کہا جاتا ہے کہ خان بہادر کے جسم پر کئی گولیاں لگیں جن میں سے ایک دل پر بھی جا کر لگی۔

خان بہادر احسان اللہ چاٹگام میں ۱۳ سال سے سرکاری خدمات انجام دے رہے تھے۔ آپ ہی نے اسلحہ خانہ پر حملہ کے مقدمہ کی تفتیش کی نگہداشت کی تھی۔ اور بعض مفرور ملزمان کو گرفتار کرنے کے لئے کوشاں تھے۔ شہر میں اس خبر سے سنسنی پھیل رہی ہے اور سینما وغیرہ بند ہو گئے ہیں۔ متوفی کو گذشتہ سالگرہ کے موقع پر خان بہادری کا خطاب ملا تھا۔

فرقہ وارانہ تصادم کا اندیشہ

چاٹگام ۳۱ اگست۔ خان بہادر احسان اللہ انسپکٹر پولیس کے قتل کا بدلہ لینے کی غرض سے مسلمانوں کے ایک مشتعل مجمع نے قصبہ کی ہندو دوکانوں کو لوٹ مار اور آگ لگا دی۔ متعدد خونریزہ ہیں اور احاطہ عدالت میں تمام دوکانیں اور کارخانے بند ہیں۔ مسلم لیڈران قیام امن کی سعی کر رہے ہیں۔ ڈاک ملٹری پولیس کی حفاظت میں تقسیم کی جاتی ہے۔ مقتول انسپکٹر کا جنازہ فوجی طریق پر صبح نکالا گیا۔

گورنر بنگال نے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ چاٹگام کو تار ارسال کیا ہے جس میں انسپکٹر کے قتل پر صدمہ کا اظہار کرتے ہوئے مقتول انسپکٹر کے پسماندگان سے ہمدردی کا اظہار کیا گیا ہے۔

اٹلی کی افواج اور مجاہدین میں زبردست معرکہ

دشمن کے ۵۰ سپاہیوں کا قتل اور میدان جنگ سے فرار

اٹلی کے مقابلہ میں رئیس المجاہدین سید عمر مختار کی شاندار فتح

معزز عربی اخبار "الشوریٰ" قاہرہ کا نامہ نگار خصوصی برقہ سے اطلاع دیتا ہے کہ مجاہدین کی ایک جماعت ایک شخص کو قتل کرنے کے لئے نکلی لیکن اس شخص کا کہیں پتہ نہیں لگا۔ اٹلی کے جو سپاہی بطور نگہبان مقرر تھے ان سب کو مجاہدین نے ٹھکانے لگا دیا۔ بہت سا مال غنیمت لیکر مجاہدین کی جماعت واپس لوٹی۔ مذکور لکھتا ہے کہ زعیم اکبر سید عمر مختار اور آپ کے رفقاء ابھی تک بخیر و عافیت ہیں۔ دوسری خبر یہ ہے کہ مجاہدین کی جماعت نے ... کے قریب جو زراعت کی تھی اور جہاں کے باشندوں کو اٹلی کی حکومت نے جبراً و قہراً باہر نکال دیا تھا اس سال استقدر غلہ پیدا ہوا ہے کہ جس کا شمار نہیں ہو سکتا اور لطف یہ ہے کہ زراعت کیلئے گندم کا ایک دانہ ڈالا گیا اور نہ جو کا لیکن خدا نے بغیر کوشش کے مجاہدین کے لئے بیشمار غلہ پیدا کر دیا۔

اٹلی نے جن قبائل کو نکال باہر کیا تھا وہ سب مجاہدین کی جماعت میں شرکت کر رہے ہیں اور ہر طرف کے مظلوم و منکوب عرب مسلمان مجاہدین کے گروہ میں آ کر پناہ گزیں ہو رہے ہیں۔

"الشوریٰ" کا دوسرا طرابلسی نامہ نگار روم سے مطلع کرتا ہے کہ رئیس المجاہدین سید عمر مختار نے اپنے ایک دوست کو مندرجہ ذیل خط لکھا ہے۔

"دشمن جس وقت قبائل کو جبل الاخضر اور طبرق کی طرف دھکیل رہا تھا تو ہمیں بھی اس کی خبر لگ گئی۔ چنانچہ بئر عزیزہ کے قریب جہاں اٹلی کی فوج سے مقابلہ ہوگیا۔ ... گھنٹہ تک متواتر ایسا شدید معرکہ ہوا جس کے نتیجہ میں دشمن کو ذلت آمیز شکست کے ساتھ راہ فرار اختیار کرنی پڑی اور وہ میدان جنگ میں اپنے پچاس گھوڑے اور ۱۴ لاشیں چھوڑ کر بھاگ گیا۔ لیکن اس پر بھی مجاہدین نے ان کا تعاقب کیا یہاں تک کہ وہ حواس باختہ ہو کر شہر "برج" میں گھس گئے۔ اس معرکہ کے باعث بہت سے سرگرداں قبائل ہمارے ساتھ مل گئے۔ اس معرکہ میں اٹلی کی فوج کو جان و مال کا سخت نقصان اٹھانا پڑا اور بہت سے سپاہی ہمارے ہاتھ سے مارے گئے جن کی مجموعی تعداد ۵۰ ہے۔" والحمد للہ!

چاٹگام میں زبردست ہنگامہ اور لوٹ مار

آتشزدگی اور قتل و غارتگری کے ہولناک مناظر

تار کاٹ ڈالے گئے مجسٹریٹ کا سر پھٹ گیا

چاٹگام یکم ستمبر۔ کل دہشت و خوف کا طوفان شہر پر چھایا رہا اور اسلحہ خانہ پر حملہ کے ہنگامہ کے دنوں سے بڑھا دیا۔ خان بہادر احسان اللہ ڈپٹی انسپکٹر پولیس کے قتل کے بعد ... [illegible]

چین میں تباہ کن سیلاب کے مفصل حالات

دس لاکھ انسان غرق اور ستر لاکھ خانماں برباد

غرق شدہ لوگوں میں ایک لاکھ مسلمان ہیں!

کلکتہ ۳۰ اگست۔ یہاں کے چینی تاجروں کے پاس چین سے جو خطوط آئے ہیں ان سے چین میں سیلاب کی تباہ کاریوں کے ہولناک حالات معلوم ہوتے ہیں۔ لال بازار کے ایک تاجر حقیقت کے پاس سرکاری رپورٹ بھی آئی ہے ... [illegible]

خدائی خدمتگاروں میں پھوٹ ڈال دی گئی

ایک جدید پارٹی کا ظہور

پشاور ۳۰ اگست۔ خدائی خدمتگاروں اور افغان جرگہ کے کانگریس میں شامل ہو جانے سے ان میں اختلاف پیدا ہو گیا ہے ... [illegible]

"مدیر جدید افغانستان" کے مقدمہ کا فیصلہ

ہر ایک کو ایک ایک سال قید کی سزا

لاہور ۳ اگست۔ جناب مرتضیٰ احمد خاں صاحب مدیر "جدید افغانستان" اور مولانا غلام حسن شاہ مدیر ... [illegible] ... ساتھ ہے۔

کانگریس بدستور اپنا کام کرتی رہے گی

پنڈت جواہر لال نہرو کا اعلان

الہ آباد یکم ستمبر۔ پنڈت جواہر لال نہرو نے ... [illegible]

مقدمہ بم بنارس کا فیصلہ

دو ملزموں کو عبور دریائے شور کی سزا!

بنارس یکم ستمبر۔ سیشن جج بنارس نے آج بنارس بم کیس کا فیصلہ سنا دیا ہے ... [illegible]

جہاز ملتان کے گول میز ممبران لندن پہنچ گئے

لندن میں قومی حکومت کے قیام پر اختلاف

لندن ۹ اگست۔ گول میز کانفرنس کے مندوبین کا پہلا گروہ آج جہاز سے ... [illegible]

مجلس وفاقی کا اجلاس کب شروع ہوگا؟

گاندھی جی کی آمد تک اجلاس ملتوی

لندن ۳ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ مجلس وفاقی دستوری ... [illegible]

بلوچستان کے زلزلہ میں کتنے انسان تباہ ہوئے؟

خطہ یکم ستمبر۔ کراچی میں خبر ہے ... [illegible]

مجلس مقننہ رنگون کا اجلاس

رنگون ۳ اگست ... [illegible]

حجاج کے مصارف میں تخفیف

حکومت حجاز کا سرکاری اعلان

حکومت نے باخبر لوگوں کے مطالعہ اور مشورہ سے موجودہ عالمگیر مالی حالت کی خرابی اور اقتصادی کساد کا لحاظ کرتے ہوئے حاجیوں کی راحت و آسانی کے لئے ان مصارف میں جو گذشتہ سال شائع اور مطوفین کے لئے مقرر تھے کمی کر دی ہے ... [illegible]

بصرہ میں تباہ کن ہیضہ

بصرہ ۲ ستمبر۔ بصرہ میں ہیضہ کی جو وبا آج کل شروع ہوئی ہے اس سے ... [illegible]

امر تسلا

(ایڈیٹر کا مضمون نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

دہلی میں مزارات کا انہدام
انہدام اور کھدائی کا کام شروع کر دیا گیا

پردہ باغ میں شریف خواتین کی حفاظت کا انتظام
ابھی مزید انتظامات کی ضرورت ہے

جناب من تسلیم۔

خاکسار خادم اہل اسلام

میر عنایت حسین رسولنمائی

دہلی میں مسلمان لڑکیوں کی تعلیم کیلئے ایک اسلامی مدرسہ

سنہ بر لاسس

خاکسار

ناظم و ارکان انجمن اسلامیہ گرلز سکول بلیماران دہلی

خواتین دہلی اور دارالاصلاح

تختۂ جہاز پر گاندھی جی کے مشاغل
پورٹ سعید سے مولانا شوکت علی کی ہمراہی

دنیا کے ہر حصہ سے گاندھی جی کو مبارکباد اور کامیابی کے سینکڑوں برقی پیغامات موصول ہوئے ہیں۔

ایک شخص کے ہاتھوں بیوی اور بچوں کا قتل
قاتل کا عدالت میں دلچسپ بیان

میک لیگن کالج کی تحقیقاتی کمیٹی کی سفارشات
خارج شدہ طلباء کو دوبارہ داخلہ کی اجازت

(۱) داخلہ میں جانبداری اور داخلہ کے بعد سلوک۔
(۲) طلبہ کے جو فنڈ تعلق رکھتے ہیں ان کی بدانتظامی۔
(۳) طریقہ تعلیم کی خرابی۔
(۴) سرکاری سامان اور آلات کے استعمال میں بے قاعدگیاں۔

برما کو ہندوستان سے علیحدہ نہ کیا جائے
برمی لیڈروں کا حکومت سے مطالبہ

لندن کانگریس کے الحاق کا التواء

گول میز کانفرنس کے سامنے ہندوستانی مطالبات
ہندو مسلم تصفیہ کس طرح ہو گا
بمبئی کرانیکل کے نمائندے سے گاندھی جی کی گفتگو

سوال:۔ آپ نے جب وائسرائے سے ملاقات کی تو اس سے کیا آپ کو حکومت کے رویہ میں تبدیلی کا کچھ اندازہ ہوا؟

جواب:۔ افسوس ہے کہ مجھے کوئی تبدیلی نہیں معلوم ہوئی

گول میز کانفرنس سے توقعات

سوال:۔ کیا آپ کو گول میز کانفرنس سے کچھ امید ہے؟

فرقہ وارانہ مسئلہ کا حل

گرفتار شدہ مسلمان ضمانت پر رہا کر دئے گئے
حکومت کشمیر کا سرکاری اعلان

برما کی مجلس مقننہ میں گورنر کی تقریر
بغاوت کے اسباب پر اظہار خیال

چین پر قہر الٰہی کا کنٹرول
سیلاب کے باعث ایک لاکھ آدمی ڈوب گئے

اُف! کیسا بُرا موسم ہے

جدھر دیکھو

بدہضمی — جی متلانا — دست — قے — بخار — کھانسی

امرت دھارا

گھر میں رکھئے — جیب میں رکھئے

احتیاط

منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ امرت دھارا بلڈنگ امرت دھارا روڈ لاہور

سناٹوجن کے استعمال سے کمزوری کو پہنچ جاتی ہے

SANATOGEN

اصلی طاقت بخش غذا

ایک لاکھ مسلمانوں کی ضرورت ہے

ہمارے قلم کا انقلاب انگیز فہرست

خدمت

زنگی قلم کمپنی نئی سڑک نمبر ۳۷ دہلی

ضبط نہ ہوئی تو روانہ ہو گی ورنہ شکایت معاف

پیشینگوئی ظہور امام مہدی آخرالزماں و نزول عیسیٰ علیہ السلام

پیشینگوئی کا جب احوال ہویدا ہوگا — کوئی پا جائے گا عزت کوئی رسوا ہوگا
نفر دنیا سے یقین ہے کہ فراری ہوگا — سکہ اسلام کا آفاق میں جاری ہوگا
مومنو پر کرم حضرت باری ہوگا — سور قہر اک کا فر و ناری ہوگا

سرمہ ممیرہ

خضاب الاحسن یا جوہر شباب

حکیم ڈاکٹر ماجد حسین کارخانہ اکسیر امرت بارہ بنکی اودھ

بہلی بھیت کیوں مشہور ہے

اس لئے کہ وہاں سے بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کی ایک مشہور دوا بہراپن کی (روغن کرامات) تمام دنیا میں پہونچی ہے ہزارہا ڈاکٹر اور انگریز جس کی قدر کرتے ہیں۔

بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات

کان بہنے اور طرح بطرح کی آوازیں ہونے اور کان کی ہر ایک چھوٹی

ننٹ بہراپن

سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی بیماری کی ایک خاص صفت دوا ہے
قیمت فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ (عہ)

جن صاحبان کو اعتبار نہ ہو وہ خود یہاں تشریف لاکر علاج کر سکتے ہیں دھوکہ دینے والوں مکار ٹھگوں اور جعلسازوں نقالوں سے بچنا آپ کا فرض ہے۔ ہمارا پتہ یہ ہے۔

کان کی دوا بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یو۔پی)

خاص مجربات
روغن کنٹھ مالا۔ معجون کنٹھ مالا۔ روغن داد۔ طلاء شباب۔ دوائے مسان۔ سفوف پھکری۔ سرمہ نورالعین۔ سفوف جریان۔ حب ممسک۔ دوائے برص

منیجر دواخانہ حسینی حسن منزل لال چاہ دہلی

جہاز روانہ ہو چکے

سفید بال سات دن میں کالا

نیر مہرشی اوشدھالیہ دربھنگہ بہار

سگنل ڈاؤن ہو گیا

طبی دنیا میں قابل قدر اضافہ

تار کا پتہ «الجمعیۃ» دہلی

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
۱ ۵ ۹ ۱۳ ۱۷ ۲۱ ۲۵ ۲۹
کو شائع کیا جاتا ہے
نرخنامہ اشتہارات

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

سہ روزہ
الجمعیۃ
دہلی
ید اللہ علی الجماعۃ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۶۹۳
قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
ممالک غیر کیلئے

مدیر مسئول ہلال احمد زبیری
معاون محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۴ — دہلی یوم چہارشنبہ ۲۵ ربیع الثانی ۱۳۵۰ ہجری مطابق ۹ ستمبر ۱۹۳۱ء — نمبر ۱۸

معاصرین کے افکار و آراء

ملاپ کا مشورہ (مدینہ)

معاصر ملاپ اور بعض دوسرے ہندو اخبارات نے ہندوؤں کو یہ مشورہ دینا شروع کیا ہے کہ وہ کشمیری مسلمانوں کے تیار کئے ہوئے گرم کپڑے کا مقاطعہ کریں۔ ابتداءً جب یہ تجویز ان کے ذہن میں آئی تو قطعاً اور خالصاً فرقہ وارانہ صورت میں تھی لیکن ایک ہوشیار قوم کی طرح انہوں نے اس کا رُخ جھٹ سودیشی کی طرف پھیر دیا ہے۔ اور یہ کہنا شروع کیا ہے کہ کشمیر کا گرم اور ریشمی مال غیر ملکی ریشم اور اون سوت سے تیار ہوتا ہے لہٰذا اس کا مقاطعہ اسی طرح کرنا چاہئے جس طرح غیر ملکی اشیاء کے مال کا بائیکاٹ کیا جا چکا ہے۔ اس سلسلے میں یہ الزام بھی لگایا گیا ہے کہ کشمیری شرارت پسند مسلمان ہندوؤں کا مقاطعہ کرکے ان پر عرصۂ حیات تنگ کر رہے ہیں۔ ہمیں افسوس ہے کہ ہمارے برادران وطن اپنے رستے میں خود کانٹے بو رہے ہیں۔ اور ایک بالکل سیاسی اور انسانی مفاد کی تحریک کو فرقہ وارانہ رنگ دیکر ہندو مسلم اتحاد کے تخیل کو پامال کر رہے ہیں۔

جہاں تک ہندوؤں کا تعلق ہے انہیں اپنے طرز عمل کے تعین کا حق ہے اور ہمیں ان سے کوئی شکایت نہیں۔ اور نہ ہم ان کی بدتمیزیوں کے باعث اپنے اصول و طینت سے گر سکتے ہیں۔ لیکن ہم مسلمانوں سے دریافت کرتے ہیں کہ اگر ہندوؤں نے کشمیری مسلمانوں کے مال کا مقاطعہ کیا تو کیا آپ اس مال کی پذیرائی کے لئے آمادہ و تیار نہیں ہوں گے اور کیا اس موقعہ کو غنیمت سمجھتے ہوئے سودیشی گرم مال کا تجارت پر قابض ہونے کی سعی نہیں کریں گے۔ برادران اسلام ہند کو یہ اس متعصبانہ روش کو خداداد موقعہ سمجھنا چاہئے اگر ہندو اس مال کا مقاطعہ کریں یا نہ کریں تم اس کی تجارت کو اپنے ہاتھ میں لینے کی کوشش کرو۔ ہندو اگر اس تجارت سے محروم ہونا چاہتے ہیں تو ان کو حق ہے لیکن تمہارا فرض ہے کہ موسم سرما میں تمام ولایتی اور بدیسی گرم کپڑوں کو چھوڑ کر صرف کشمیر کے دستے اور پٹو استعمال میں لاؤ۔ مسلمان تاجران پارچہ اس موقعہ پر اہل کشمیر کی اور خود اپنی بہترین خدمت کر سکتے ہیں۔ اور اس شہر میں سے بہترین خبر پیدا کر سکتے ہیں ملاپ وغیرہ کی دھمکی کا بہترین جواب عمل ہے۔ اس سے دو فائدے ہیں مسلمانوں کی تجارت و صنعت کی امداد اور مسلمانوں میں تجارت پارچہ کا فروغ اور سودیشی کی ترویج۔ کشمیری صناعوں سے درخواست ہے کہ وہ بدیشی سوت کا استعمال ترک کردیں اور ان مسلمانان ہند پر احسان کریں جو سودیشی کو بدیشی پر ترجیح دے چکے ہیں۔

جدید وزیر ہند کا بیان (ہند)

نئے وزیر ہند سر سیموئل ہور نے وزارت ہند کا قلمدان اپنے ہاتھ میں لینے کے بعد ایک بیان شائع کیا ہے جس میں حسب دستور ہندوستان کے ساتھ اپنی گہری دلچسپی، ہمدردی، دوستی جتائی ہے۔ کوئی وجہ نہیں کہ ہم موصوف کے دعووں کی سچائی پر شبہ کریں۔ لیکن مصیبت تو یہ ہے کہ انگریز مدبروں اور حاکموں کے خیال میں ہندوستان کی دوستی و ہمدردی کا جو مفہوم ہے بعینہ وہی ہندوستانیوں کے خیال میں دشمنی و بدخواہی کا مفہوم ہے۔ مثلاً خود موجودہ وزیر ہند ہی کو دیکھو۔ آپ بارہا صاف لفظوں میں اعلان کر چکے ہیں کہ ہندوستان کے آئندہ دستور اساسی میں برطانیہ کے مجوزہ تحفظات (سیف گارڈس) کا باقی رکھنا، ہندوستان کی دوستی ہے۔ مگر خود ہندوستانیوں کا دعویٰ ہے کہ یہ تحفظات، ہندوستان کے حق میں مہلک ہونگے، اس لئے ان پر زور دینا دشمنی ہے۔ یا مثلاً موصوف نے اپنے تازہ بیان میں فرمایا ہے کہ:

"برطانیہ اور ہندوستان کا سب سے زیادہ سچا دوست وہ ہے جو مشکلات کو واقعات کی عینک سے اس لئے دیکھتا ہے کہ ان پر غلبہ حاصل کرے۔ اور یہ کہ سنجیدہ و نازک سیاسی مسائل کے حل کے لئے دور از کار خیالات اور بلند جملے ناکافی ہیں۔"

ٹھیک یہی خیال ہر صاحب الرائے ہندوستانی کا بھی ہے مگر اس خیال میں بھی انگریزی اور ہندوستانی نقطۂ نظر یکساں نہیں بلکہ متضاد واقع ہوا ہے۔ وزیر ہند صاحب اور ان کے ہم مشرب انگریز اس طرح کے الفاظ بولکر یہ مطلب لیتے ہیں کہ ہندوستان آزادی کی صلاحیت نہیں رکھتا، لہٰذا اُسے اس حقیقت و واقعہ سے چشم پوشی کے بغیر برطانیہ کی سیادت و برتری پر مطمئن رہنا چاہئے۔ لیکن ہندوستانی مدبر ٹھیک ان ہی الفاظ سے یہ مطلب نکالتے ہیں کہ برطانیہ کو آپ آنکھیں کھولکر حقیقت واقعہ دیکھ لینی چاہئے۔ یعنی اُسے معلوم ہونا چاہئے کہ ہندوستان اب اس کی دُم چھلا بنا نہیں رہ سکتا، بلکہ آزاد ہونا چاہتا ہے! انگریزی اور ہندوستانی نقطہائے نظر کے اس شدید اختلاف کی موجودگی میں ہم حیران ہیں کہ وزیر ہند کے تازہ بیان کی تائید کریں یا مخالفت۔

سی پی کونسل میں ایک مسلمان صدر (سرفراز)

۲۶ اگست کو صوبہ جات متوسط کی مجلس قانون ساز کی صدارت کا انتخاب تھا جس میں مسٹر ایس ڈبلیو اے رضوی جمہوریت پسند جماعت کی طرف سے اور مسٹر دوانی ایم کیل، قوم پرور جماعت کی طرف سے اس انتخاب صدارت کے لئے کھڑے ہوئے تھے چنانچہ اول الذکر ۴۴ ووٹوں کے مقابلہ میں ۲۵ رائوں سے کامیاب ہوگئے۔ صوبہ متوسط ایک ایسا صوبہ ہے جس میں مسلمانوں کی تعداد ۴ فیصدی ہے اور ان کی حیثیت آٹے میں نمک سے زیادہ نہیں ہے لیکن اس پر بھی امسال ایک مسلمان کا انتخاب بہ حیثیت صدر عمل میں آگیا اور مسٹر رضوی مجلس قانون ساز کے سب سے پہلے صدر ہوگئے۔ ایک مسلمان کا اس انتخاب میں ایسے زمانہ میں کامیاب ہونا ہے جبکہ فرقہ وارانہ ذہنیت کے سمندر میں سرفلک موجیں اُٹھ رہی ہیں ملک میں ہر چہار طرف فرقہ پرستی کا دور دورہ نظر آتا ہے اور جداگانہ انتخاب کی وجہ سے ہندو مسلمانوں میں رواداری اور اعتماد و اعتبار کی فضا اس قدر مکدر ہو چکی ہے کہ اس کی موجودگی میں کسی ایسے صوبہ میں جہاں مسلمان بہت بڑی اقلیت میں ہوں ایک مسلمان کا اس طرح انتخاب میں کامیاب ہو جانا سخت حیرت انگیز ہے۔ اگر ملک میں مشترکہ انتخاب رائج ہوتا تو اس طرح کسی مسلمان کا کامیاب ہونا تعجب خیز نہ تھا۔ اسی ایک واقعہ سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ جب جداگانہ انتخاب کے دور میں مجلس قانون ساز کی صدارت میں ایک ایسے صوبہ میں جہاں مسلمان تین فیصدی ہیں، ایک مسلمان کو کامیابی ہو سکتی ہے تو مشترکہ انتخاب کے زمانہ میں تو بدرجہا اولیٰ کامیابی ہوسکے گی اور مسلمانوں کے حقوق اس وجہ سے پامال نہ ہوسکیں گے کہ وہ اس مذہب و عقیدہ کے پیرو نہیں ہیں جس کی پیرو اس ملک کی اکثریت ہے۔ صوبہ متوسط میں ابھی تک کونسل کا صدر کوئی مسلمان نہیں ہوا تھا مسٹر رضوی ہی ایسے مسلمان ہیں جنہیں سب سے پہلے یہ شرف حاصل ہوا ہے۔ مشترکہ انتخاب کے رواج کے بعد ایسی شاذ و نادر مثالیں عام ہو جائیں گی اور وہ حیرت انگیز نہ رہیں گی۔

جمعیۃ علماء ہند اور مسلمانان ہند (مدینہ)

ہم ایک سے زائد مرتبہ جمعیۃ علمائے ہند کی امداد و اعانت کی طرف مسلمانوں کو توجہ دلا چکے ہیں لیکن ہمیں یہ دیکھ کر حیرت ہوتی ہے کہ مسلمانان ہند بار بار کی اپیلوں کے باوجود بھی اس طرح خاموش ہیں گویا اس سلسلہ میں خدا اور رسول، مذہب و اخلاق کی طرف سے اُن پر کوئی فرض عائد ہی نہیں ہوتا۔ مانا کہ آج کل اقتصادی حالت خراب ہے، لیکن کیا اسی حالت میں مسلمانوں میں وہ تمام فضول خرچیاں نہیں جاری ہیں جن کا تعلق معمولی طور پر بھی قومی فلاح سے نہیں ہے۔ بہر کیف صرف مسلمانوں کا ایک ہی ادارہ ایسا ہے جس کے لئے مسلمانوں کی جیبوں میں پیسہ نہیں ہے اور پھر وہ ادارہ بھی کیسا جس نے مسلمانوں کے لئے مسلمانوں کے حقوق و مفاد کیلئے مسلمانوں کی تعلیم کے لئے مسلمانوں کی تہذیب اخلاق اور سلامتی ایمان کے لئے، قربانی و ایثار کا کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا۔ تحریک خلافت شروع ہوئی تو علماء نے جیلوں کو معمور کیا، شدھی کا فتنہ کھڑا ہوا تو جمعیۃ علماء کے مبلغ گاؤں گاؤں تبلیغ کا علم لئے پھرے۔ نہرو رپورٹ شائع ہوئی تو جمعیۃ علماء نے سب سے پہلے تنقیدی رپورٹ شائع کی۔ مسلم حقوق کے تحفظ کا آوازہ بلند کیا اور جب قربانیوں کا وقت آیا تو اس وقت بھی جمعیۃ علماء ہی کے ایثار پیشہ ارکان امروہہ میں جمع ہوئے اور مسلمانوں کی سرفروشانہ قیادت کے لئے میدان میں نکل کھڑے ہوئے۔ علماء کی تو یہ حالت ہے کہ وہ مشکل سے مشکل موقع پر مسلمانوں اور صرف مسلمانوں کے لئے مصائب کو لبیک کہہ چکے ہیں اور آئندہ کہنے کے لئے تیار لیکن عام مسلمان ہیں کہ ان کا روپیہ تھیٹروں میں ضائع ہو سکتا ہے، سینما کی نذر ہو سکتا ہے، احباب کی مجلسوں کی رونق بن سکتا ہے اور دنیا کی تمام خرافات کے لئے جیب سے باہر آ سکتا ہے لیکن اگر نہیں آ سکتا تو صرف جمعیۃ علماء ہند کی امداد کے لئے۔

مسلمانو! یاد رکھو کوئی قوم اس طرح اپنے حقیقی شرف کو حاصل نہیں کر سکتی اور نہ اُن کے جماعتی مقاصد پورے ہو سکتے ہیں اور نہ وہ اپنی ہمعصر قوموں میں سربلند اور باوقار ہو سکتی ہے۔ "جمعیۃ علمائے ہند" ہی ایک ایسا ادارہ ہے جو تمہارے دینی مفاد کے لئے سرگرم کار اور دنیاوی حقوق کے لئے آمادۂ عمل ہے۔ اگر وہی تمہاری تغافل کیشی کی نذر ہوگیا تو یاد رکھو تم ہندوؤں کے برابر تو کیا حقوق حاصل کروگے تمہاری جماعتی ہستی کی بقا بھی مشکل ہو جائے گی۔

چین میں اسلام کس طرح پھیلا

(ڈاکٹر مصطفیٰ رئیس بلدیہ کانسو کے قلم سے)

مسلمانوں کو یہ معلوم کر کے خوشی ہوگی کہ چین میں اسلام اور مسلمانوں کی حالت نہایت اچھی ہے۔ خاص کر علاقہ "کانسو" کے چینی مسلمانوں کی حالت نہایت بہتر ہے۔ اگر مبلغین چین اور جاپان میں شریعت اسلامیہ کی تبلیغ کریں تو ان ممالک میں اسلام بآسانی پھیل جائے۔ ان مقامات میں اشاعت اور تبلیغ کا بہت اچھا موقع ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج غیر معمولی تعداد میں وہاں فرزندان توحید موجود ہیں۔ حالانکہ بہت کم لوگ اس سے واقف ہیں۔

چین میں اشاعت اسلام کے متعلق تین نظریئے بیان کئے جاتے ہیں۔ سب سے زیادہ مشہور نظریہ سیفنو پورٹ کا ہے۔ یہ ایک تاریخی بورڈ ہے جس پر چینی زبان میں اشاعت اسلام کی ابتداء بتائی گئی ہے۔ اس میں لکھا ہوا ہے کہ ساتویں صدی میلادی میں اشاعت اسلام کی ابتداء چین میں ہوئی۔ (ساتویں صدی میلادی جو تخمینی برس کندہ ہے وہ چینی ہے۔ اور ناظرین کیلئے اس کا سمجھنا سخت دشوار ہے) مذکورہ بالا سال میں اشاعت اسلام کی چین کے جنوبی حصہ میں ابتداء ہوئی جس کی رفتار بعد میں سست ہوگئی لیکن پھر تمام ساحلی علاقوں میں پھیل گئی (در شنگھائی تک پہنچ گئی)۔ جب کثیر تعداد چینیوں نے اسلام قبول کرلیا تو شاہ چین کے بڑے بیٹے نے انجنیروں کو بلایا اور عظیم الشان مسجد بنوائی گئی۔ اس مسجد کی تعمیر سال میں ہوئی۔ اس واقعہ کی یاد کے واسطے یہ تختی آویزاں کی گئی ہے۔

چین میں تبلیغ کی ابتداء

ایک مسلمان چینی مورخ لکھتا ہے کہ شاہ چین نے ایک وفد کو عرب بھیجا۔ جب وہ واپس آیا تو ان کے ساتھ ایک شخص وقاص نامی تشریف لائے اور بڑی دیر تک شاہ چین سے گفتگو کرتے رہے بادشاہ نے ان کی بڑی تعظیم و تکریم کی۔ اس کے بعد شاہی حکم سے ایک مسجد تعمیر کی گئی۔ حضرت وقاص جزیرہ عرب کی طرف تشریف لے گئے۔ تقریباً ۲۰ سال بعد بادشاہ چین خود حلقہ بگوش اسلام ہوگیا، اور دوسرا وفد مکہ مکرمہ روانہ کیا جو واپسی پر ایک تعداد حفاظ قرآن اور اوقافین کی ان کے ساتھ آئی اور چین میں اشاعت اسلام کا سلسلہ جاری ہوگیا۔

اس سلسلہ میں ایک عجیب اور حیرت انگیز روایت اسلام کی اشاعت کے متعلق بیان کی جاتی ہے۔ اور میرے نزدیک وہ زیادہ قابل اعتبار ہے۔ یوشی لین اپنی کتاب میں تحریر فرماتے ہیں کہ چھٹے سال میں آسمان پر ایک عجیب و غریب ستارا نمودار ہوا۔ اس وقت شاہ چین کا پایۂ تخت "کان کائی ہانگ" میں تھا۔ فرمانروائے چین نے بڑے بڑے نجومیوں کو بلایا اور اس عجیب و غریب ستارہ کے متعلق سوال کیا۔ نجومیوں نے کہا کہ اس ستارہ کا ظہور اس بات کی دلیل ہے کہ مغرب میں کوئی نہایت عظیم الشان شخص ظاہر ہوا ہے۔ بادشاہ چین نے اپنے ایک پیغامبر کو تحقیق حال کے لئے مکہ مکرمہ روانہ کیا۔ اس نے وہاں پہنچ کر حضور سرور کائنات فخر موجودات صلی اللہ علیہ وسلم سے گفتگو کی اور بارگاہ رسالت میں درخواست کی کہ وہ اس کے ساتھ چین تشریف لے چلیں لیکن انہوں نے دعوت قبول نہ فرمائی۔ اپنی جگہ پر اپنے ماموں زاد بھائی اور دیگر اصحاب کو ایلچی کے ساتھ روانہ کیا۔

کانٹن میں سب سے پہلی مسجد

تیسرا نظریہ یہ ہے کہ نبی عربی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ ہی میں باشندگان چین اسلام کے نام سے مانوس ہو گئے تھے۔ کانٹن میں ایک مسجد ہے جس کا نام "ہالی جنگش" (یعنی مسجد یادگاری) ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اس مسجد کی تعمیر اس شخص نے کی ہے جس نے سب سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چین بھیجا۔ مسجد کے قریب ہی اس صحابی پیغمبر کی قبر بھی موجود ہے جو زیارتگاہ عوام و خواص ہے۔ کتب تواریخ سے پتہ چلتا ہے کہ جو مسلمان چین میں گئے انہوں نے وہیں بود و باش اختیار کرلی۔ اور چینی عورتوں سے شادی کرلی۔ اسی طرح داعیان اسلام چین ہی میں سکونت پذیر ہوگئے۔ کہا جاتا ہے کہ خلیفۃ المسلمین حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے اپنے زمانہ حکومت میں ایک سفیر بھی چین میں بھیجا۔

ایک سیاح کے چشم دید حالات

حال ہی میں سید عبد العزیز جلبی نے چین کی سیاحت کے بعد وہاں کے مختصر حالات عربی جرائد میں شائع کئے ہیں وہ ایک مکتوب میں تحریر فرماتے ہیں کہ:

جاپان کی سیاحت کے بعد موتشی، بندرگاہ سے (جو جاپان کا ایک عظیم بندرگاہ ہے) جاپان سے "تنزن" کی طرف روانہ ہوا چونکہ ہوا ناموافق تھی اور دریا میں طغیانی تھی اس لئے ہم "لنش" میں اُتر گئے اور ریل پر سوار ہو کر "تنکو" اور وہاں سے "تنزن" پہنچے۔ حالانکہ جہاز بھی وہیں چلا جاتا لیکن ناموافق ہوا کی وجہ سے مسافروں کو تاکر کر نظر انداز ہو گیا۔ جب ہم "تنزن" پہنچے تو وہاں سخت سردی تھی اور دریافت سے معلوم ہوا کہ اب تک دریا میں تلاطم برپا ہے۔ بارش بھی ہوئی تھی اس لئے "تنزن" پہنچ کر ہم نے بہت زیادہ سردی محسوس کی۔ فوراً ہی میں نے بازار جاکر گرم کپڑا خریدا۔ اسکے بعد نماز پڑھنے کی غرض سے مسجد کی تلاش میں نکلا اور بڑی حیرت ہوئی کہ موٹر ڈرائیور، پولیس اور ہوٹل والے کوئی واقف نہیں کہ "مسجد" کس چیز کا نام ہے بالاخر بڑی جستجو کے بعد بوقت تمام مسجد میں پہنچا اور ظہر کی نماز باجماعت ادا کی۔

شہر تنزن کے حالات

مسجد میں جب پہنچا تو نماز ہو چکی تھی۔ ساری مسجد نمازیوں سے بھری ہوئی تھی "تنزن" میں مختلف قبائل آباد ہیں اور ہر ایک کی مستقل حکومت اور مستقل انتظامات ہیں۔ مجھے حیرت و استعجاب کی کوئی انتہا نہیں رہی جب میں نے وہاں یہ دیکھا کہ ایک شخص بھی انگریزی سے واقف نہیں۔ مجھے چینی زبان نہ آتی تھی جس سے تبادلۂ خیالات میں بڑی دقت محسوس ہوتی تھی۔ ہاں بہت سے چینی عربی دان ملے لیکن وہ گفتگو نہ کر سکتے تھے اس لئے میں حتی الامکان سلیس عربی زبان میں سوال کرتا تھا اور وہ اس کا عربی ہی زبان میں لکھ کر جواب دیتے تھے۔

"تنزن" چین کے علاقہ میں واقع ہے۔ میرا خیال تھا کہ وہاں مسلمانوں کی بہت زیادہ تعداد ہوگی۔ لیکن خلاف امید بہت کم تعداد نظر آئی۔ دریافت سے معلوم ہوا کہ علاقہ شمالی میں مسلمان اقلیت میں ہیں۔ ہاں البتہ علاقہ جنوبی میں مسلمان اکثریت میں ہیں۔ علاقہ شمالی میں ہوٹلوں پر لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ تختیوں پر لکھ کر آویزاں کر دیا گیا ہے۔ جن ہوٹلوں پر یہ تختی آویزاں نہیں ہوتی چینی مسلمان اس میں داخل نہیں ہوتے۔

چین کی مسلم خواتین اور پردہ

چین کی مسلم خواتین اور مصر و ہندوستان کی خواتین مختلف مقامات پر بلا پردہ نظر آتی ہیں۔ یہاں کی مسلم خواتین سارے کاروبار میں مردوں کا ہاتھ بٹاتی ہیں۔ چین کے بعض مسلمان پانچ اور چار سے زیادہ شادیاں کرتے ہیں۔ اور ان کے لئے دو کانیں کھول دیتے ہیں۔ یہ عورتیں دوکانوں پر سامان بیچتی ہیں۔ جو کچھ بکری ہوتی ہے وہ شام کو جاکر وصول کر لیتے ہیں۔

بعض لوگ عربی زبان کے ماہر ہیں۔ مختلف کتابوں کا ترجمہ عربی زبان میں موجود ہے۔ علامہ رحمت اللہ ہندی کی کتاب "اظہار الحق" کا عربی ترجمہ میں نے وہاں دیکھا۔ ان کو اگر کسی کتاب کی ضرورت پیش آئے تو وہ مصر یا آستانہ سے نہیں منگاتے بلکہ اس کا عکس لیکر چھاپ لیتے ہیں علماء پڑھتے ہیں۔ وہ اگرچہ عربی زبان کا تلفظ صحیح ادا نہیں کر سکتے۔ لیکن وہ اس کے بہت زیادہ شوقین نظر آتے ہیں۔

"تنزن" میں چونکہ مسلمان اقلیت میں ہیں اسلئے بہت کم طلباء نظر آتے ہیں۔ مجھے موقعہ ملا تو انشاء اللہ چین کے جنوبی علاقہ کا دورہ کروں گا اور وہاں کے مسلمانوں کے حالات قلمبند کر کے بھیجوں گا۔ یہ چین کے شمالی علاقہ کے حالات ہیں۔ جاپان میں مجھے مسلمان نہیں ملے۔ اسلئے وہاں ابتک اسلام کی اشاعت نہیں ہوئی "ٹیگیل" میں تھوڑے سے مسلمان آباد ہیں لیکن مسیحی مبلغین ریشہ دوانیوں میں مصروف ہیں کہ انکو کس

"اکسیر معدہ" قیمت ایک روپیہ ہیضہ اور امراض شکم کی اکسیر دوا ہے۔ از مجربات حکیم محمود خان اعظم (پٹیالہ) "ہندوستانی دواخانہ دہلی"۔ (ہی اکسیری فہرست مفت) ہا

سفید بال پندرہ دن میں جڑ سے کالا — آزمودہ حضرت —
اگر آپکا بال پکنے لگا ہے تو ہمیشہ کی ہیئر ڈائی تیل سے کالا ہو جاتا ہے۔ قیمت فی شیشی ۳ و زیادہ ہر کل سفید بالوں کے لئے "امرت جوان" ... منیجر ہیر ریلیف اسٹور ... کمپنی ممبری در بھنگہ

اکسیری منجن!

یہ منجن بہت سے تجربات اور اخراجات کے بعد تیار کیا گیا ہے اس کے استعمال سے تمام امراض اسنان مثلاً درد دانت دانتوں کا ہلنا۔ دانتوں کا زرد یا سیاہ ہو جانا دانتوں سے خون آنا دانتوں کا ٹوٹنا۔ مسوڑھوں کا پھولنا گوشت خوردہ ٹھنڈا گرم لگنا یا ہلنا وغیرہ تمام امراض لگنے ہیں دور ہو جاتے ہیں ہلتے دانت بھی پتھر کی طرح جم جاتے ہیں دانت رنگ میں مثل موتیوں کے سفید آبدار ہو جاتے ہیں قیمت فی شیشی ... تین شیشی ... محصول ڈاک ہر صورت، علاوہ ملنے کا پتہ
محمد عبد العزیز خان تاجر کتب لوہا بازار بھوپال

بے روزگاروں کیلئے سنہری موقع

گورنمنٹ آف انڈیا سے تمام ہندوستان کے لئے رجسٹری شدہ ہندوستان میں اس سے بہتر کوئی اور کالج نہیں ہے اس کالج کا پاس شدہ تمام دنیا میں کام کرسکتا ہے کالج ہذا صرف پچاس روپے فیس داخلہ لے کر دو ماہ میں مکمل موٹر ڈرائیور اور موٹر فٹری کا کام سکھا دیتا ہے اور ملازمت کی ذمہ داری بھی لیتا ہے پردیسی طلباء کے لئے رہائش کا بھی اعلیٰ انتظام ہے مکمل حالات معلوم کرنے کے لئے پراسپکٹس مفت طلب کیجئے
منیجر دی کیپٹل پریکٹیکل موٹر ٹریننگ کالج
حلقہ راجا مسجد دہلی

حالات دیہات اور سابق مشیر ریاست ضرغام الدولہ خان کا مدعا

... منیجر دواخانہ حسن القربا محلہ شاہ نظر دیوان راولپنڈی شہر

سنون محبوب

دانتوں کے جملہ امراض میں مفید ثابت ہو چکا ہے سینکڑوں سارٹیفکیٹ موجود ہیں ... وہاں سے خریدیے یا براہ راست ہم سے منگائیے۔ ایجنٹوں کے لئے خاص رعایت ہے ... کمیشن دیا جائے گا
پتہ منیجر احمدیہ ایجنسی پہاڑی املی دہلی

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

وسیلۂ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کرکے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائیں ہیں ایک کا نام دوزخ کا کھٹکا ہے اس میں وہ احادیث درج ہیں جن میں اعمال سیئہ کے ارتکاب پر عذاب الٰہی اور دوزخ کی وعید ہے اور عذاب الٰہی سے خوف دلاکر اعمال سیئہ سے بچنے کی ترغیب ہے۔ مکمل کتاب احادیث پر مشتمل ہے ہر حدیث کا اردو ترجمہ اس کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ عمدہ لکھائی چھپائی دیدہ زیب قیمت فی جلد ... دوسری کتاب کا نام جنت کی کنجی ہے اور اس میں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جن میں اعمال حسنہ کی بنا پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے اسمیں احادیث درج ہیں ہر حدیث کا ترجمہ ان کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ چکنا سفید اور لکھائی چھپائی بہترین ہدیہ فی جلد ... کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا ...
... دونوں جلدیں دیجائیں گی۔ ملنے کا پتہ
منیجر مکتبہ علیہ بازار بلیماران دہلی

ہفتہ وار پیغام سرحد

صوبہ سرحد ہر طرح کے مصائب کی آماجگاہ ہے ... ایک عالم کو ... صوبہ سرحد سے خصوصاً اور عام مسلمانوں سے ... اس کی اشاعت بڑھاکر اپنی اسلامی قومی اور ملکی آواز کو مضبوط بنائیں۔ چندہ سالانہ ...
منیجر پیغام سرحد ہری پور ہزارہ صوبہ سرحد

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشۂ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیحضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰ حضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو سنکر اور دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرما لیا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب مولانا شاہ عبد القادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چھاپی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن مجید کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ دس روپے (دعہ) علاوہ محصولڈاک ہے۔

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

سب سے سستا اور صحیح قرآن مجید معریٰ

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویسوں میں ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے۔ نورانی قرآن مجید کی صحت کے لئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے۔ نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب، زیر زبر پیش ایسے با موقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے بچے، جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر زرین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دیجاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے۔ ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی عمہ بلا جلد، مجلد پارچہ عیہ مجلد چرم نقرہ علاوہ محصولڈاک دو روپے (دعا)

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام الدین میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت صحیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اپنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے سے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ ... قسم دوم حنا شدہ عا/ علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ۸ چرم عہر

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم چہارشنبہ ۲۵ ربیع الثانی ۱۳۵۰ھ

اخبارات کی آزادی پر حکومت کا حملہ

اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں ایک جدید مسودۂ قانون

اسمبلی کے اجلاس میں اخبارات کا گلا گھونٹنے کے لئے ایک مسودۂ قانون پیش زیر بحث لایا جا رہا ہے۔ اور حکومت کی جو تمنا دہلی میں پوری نہ ہو سکی تھی اسے شملہ میں پورا کرنے کی تیاریاں کی جا رہی ہیں۔ ہمیں بتایا گیا ہے کہ یہ مسودۂ قانون اس پریس آرڈیننس کے مطابق ...

البہاحریہ بالخصوص طور پر اخبارات کے خلاف سرکاری حکام کو دیا جائے گا یقیناً اس کا استعمال جائز و ناجائز طریقہ پر ہوگا اور اس کی حدود متعین کرنا قطعاً غیر ممکن ہو جائے گا۔ ...

حوادث و احکام

استفتاء — کتاب الطلاق مع جواب

کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین کہ ہندہ عمرہ (۳۵) سالہ زید کی بیاہتا بیوی تھی جو بائیس سال تک اپنے شوہر زید کی طرح طرح کے آزار دستی و لسانی سہتی رہی۔ آخر مظالم سے تنگ آ کر اپنی خالہ کے گھر جا کر رہ گئی مگر اس کے خاوند (مظہر) زید نے قاضی کی عدالت میں طلب زوجہ کا دعویٰ کیا اور قاضی کی عدالت میں طلب زوجہ کا دعویٰ کیا۔ اللہ قاضی نے بلا سماعت عذرات مسماۃ ہندہ کو اس کے شوہر زید سے نیک چلنی کی ضمانت لیکر ہندہ کو زید کے حوالے کر دینا چاہا۔ بالآخر تنگ آ کر ہندہ مرتد ہو گئی تاکہ نکاح فسخ ہو جائے ...

غلیورہ کالج کے متعلق پھر علمی جدوجہد کا آغاز ہونے والا ہے اور جس مرض کا علاج کرنے کے لئے کمیٹی کا تقرر ہوا تھا وہ ہنوز موجود ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ ایسی حالت میں کمیٹی کے اراکین کو چاہئے کہ وہ فوراً حکومت سے اپنی رپورٹ کی اشاعت کا مطالبہ کریں تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ انہوں نے کیا تحقیقات کی تھی اور حکومت نے اس پر کیا کارروائی کی۔ اگر حکومت نے فی الحقیقت غلیورہ کالج کے معاملہ میں پرنسپل ... کی بے جا حمایت برتی ہوئی ہے تو پھر مجبوراً مسلمانان لاہور کو اپنا مطالبہ تسلیم کرانے کے سلسلہ کوئی مؤثر کارروائی کرنی پڑے گی۔

مجلس احرار کی پہلی فتح

مجلس احرار اسلام پنجاب کا جو وفد مولوی مظہر علی اظہر کے زیر قیادت سیالکوٹ کی سرحد سے کشمیر کے اندر داخل ہوا تھا اسے مہاراجہ نے حیلاً اور سرینگر جانے کی اجازت دے کر یقیناً اپنی مآل اندیشی کا ثبوت بہم پہنچایا ہے اور اگر مہاراجہ کے اس حکم کو ان کی آئندہ پالیسی کا آئینہ دار سمجھا جا سکتا ہے تو ہم خیال کرتے ہیں کہ حالات رو باصلاح ہو چکے ہیں ...

ایجنٹ اسپ کمیٹی

اکولہ کی کانفرنس

دہلی میونسپل کمیٹی

مغلپورہ کالج کا قضیہ

انقلابی تحریکات

حکومت اور پریس

ہوشیار باش

بلوچستان میں ہولناک زلزلہ کی تباہ کاریاں

ہزارہا آدمی بے خانماں ہو گئے

سینکڑوں کی جانیں ضائع ہوئیں اور بے شمار زخمی تڑپ رہے ہیں

(اسٹیٹسمین کے نامہ نگار خصوصی کے بیانات)

(گذشتہ سے پیوستہ)

تمام رات سخت شور و غل جاری رہا۔ جو لوگ امدادی کام کرتے رہے تھے وہ بالکل تھک گئے۔ اور تھکنے کے بعد انہوں نے ریلوے انسٹی ٹیوٹ کے اس میدان میں آرام کی جستجو کی جو ٹینس کھیلنے کے واسطے مخصوص کر دیا گیا تھا لیکن آرام کی جستجو فضول تھی۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ ایک تڑپتی ہوئی مچھلی کی پیٹھ پر لیٹے ہوئے ہیں۔ اور ہر لمحہ میں پہاڑی چٹانوں کے گرنے سے نہایت مہیب شور سنائی دیتا تھا ...

اسٹیشن کے پلیٹ فارم پر بہت سے زخمی بغیر کسی قسم کی طبی امداد کے بے آب و دانہ پڑے ہوئے تھے۔

یہاں پر جو تباہی ہوئی ہے وہ بہت خوفناک ہے۔ ریلوے لائن ٹوٹ کر زمین کے نیچے دب گئی ہے اور پل غیر محفوظ ہیں۔ راستے کے پیچھے ایک جماعت نے ... بہت دور تک ...

لرزہ بر اندام کر دینے والا حادثہ

خوفناک منظر

ہوائی جہازوں کی خبر رسانی

راستے کی حالت

اسٹیشن کی بربادی

حالات اور بھی زیادہ خوفناک ہیں

مسئلہ کشمیر اور قادیانی فتنہ

حضرت مولانا حسین احمد صاحب کے ارشادات گرامی

مظلوم مسلمانان کشمیر کی امداد و اعانت ان سے ہمدردی و یگانگت صدر جمعیۃ ہی اہم ترین وظیفہ ... ہے۔

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

عدن میں ایک پُر لطف مجلس

برطانوی مندوب کو ایک عرب شیخ کا دندان شکن جواب

ہم بھوک سے تنگ آ کر لڑتے ہیں مگر تم غریبوں کا خون چوستے ہو

جریدہ "الشعب" کے ایک نامہ نگار نے عربی اور انگریزی قضیہ کے متعلق ایک عجیب اور دلچسپ مذاکرہ کا تذکرہ کیا ہے جس کا تعلق مرحوم شیخ عودہ ابو تایہ سے ہے جو حویطات کے امیر تھے۔ مراسلہ نگار لکھتا ہے کہ ۱۹۲۳ء کے اواخر میں امیر عبداللہ سے عمان میں میری ملاقات ہوئی۔ امیر عبداللہ نے دوران گفتگو میں ذیل کا واقعہ بیان کیا ...

عمان میں سے ایک شخص "جبلی" نے یورپ کے فرمانرواؤں کے پاس ایک مکتوب ارسال کیا تھا جس میں صاف یہ لکھا تھا کہ مغرب اقصیٰ میں جو سلطانی ظہیر شائع ہوا ہے وہ ان عہود و مواثیق کے خلاف ہے جو فرانس نے مغرب کے ساتھ کئے تھے۔ اتفاق سے یہ مکتوب فرانسیسی حکام کے ہاتھ لگ گیا۔ انہوں نے "جبلی" کو چوروں اور ڈاکوؤں کی طرح گرفتار کر کے قید خانہ میں ڈال دیا اور محکمہ ... نے اس کو دو سال کی سزا دے دی۔

جمعیۃ حقوق الانسان کی فرض شناسی

اٹلی کی شرمناک حرکات پر زبردست احتجاج

مصطفےٰ کمال پاشا کی ایک تقریر پر عربوں کا غصہ

معاہدۂ لوزان کے بعد امت عربیہ کا نام بھی نہیں لیا جاتا!

ملک فیصل جب انقرہ (انگورہ) پہنچے تو ان کے اعزاز میں ایک جلسہ کیا گیا جس میں غازی مصطفےٰ کمال پاشا نے ایک زبردست تقریر کی۔ اس تقریر پر عربی اخبارات نے سخت مضامین لکھے ہیں اور غازی موصوف پر اعتراضات کئے ہیں ...

جمہوریہ فرانس کے ادعائے حریت کی حقیقت

مغرب اقصیٰ میں عربی جرائد کے پڑھنے والوں کو سزا

فرانس، جمہوریہ اسپین کو عربوں کے خلاف بھڑکا رہا ہے

اگر مسلمانوں کے مطالبات کا تصفیہ پہلے نہ ہوا تو کانفرنس کا مقاطعہ کر دیا جائے

سر آغا خاں کے مشورہ سے مسلم مندوبین کا نیا اقدام

لندن ۵ ستمبر۔ مسلمان مندوبین کانفرنس پیرس میں ہز ہائی نس آغا خاں کے ہاں ٹھہر گئے تھے۔ وہاں ان لوگوں نے آپس میں مشورہ کیا اور اس کے بعد ڈاکٹر شفاعت احمد خاں جو کانفرنس کے رکن ہونے کے علاوہ مسلمانوں کے خیالات کے پروپیگنڈے کے بھی ذمہ دار ہیں کل لندن آ گئے۔ انہوں نے ابھی تک تو کوئی باضابطہ بیان نہیں دیا ہے تاہم ایک غیر مصدقہ بیان سے معلوم ہوا ہے کہ مسلم مندوبین نے یہ طے کر دیا ہے کہ اگر اقلیت والی کمیٹی کا اجلاس فیڈرل اسٹرکچر کمیٹی کے اجلاس سے پہلے نہ ہوا اور مسلمانوں کے مطالبات کا تصفیہ پہلے نہ کر دیا جائے۔ تو گول میز کانفرنس کا مقاطعہ کر دیا جائے۔ ان کے اس فیصلہ کی باضابطہ اطلاع متعلقہ عمال حکومت کو دے دی گئی۔ چنانچہ معلوم ہوا ہے کہ وزارت برطانیہ کو اس خبر سے کسی قدر تشویش پیدا ہو گئی ہے۔ اور وہ اس فکر میں ہے کہ اسے کسی طرح جلد طے کرے۔

کشمیر کو مجلس احرار کی زیر قیادت جتھوں کی روانگی

وزیر اعظم نے داخلہ کی اجازت دیدی

ہمارا مقصد سری نگر کے فساد کی تحقیقات ہے

جموں ۴ ستمبر۔ جماعت احرار اسلام کا پہلا جتھا جو انہوں نے کشمیر میں مسلمانوں کے حقوق کی حفاظت کی مہم سر کرنے کے لئے اپنے قائد حامد مولانا مظہر علی صاحب وکیل کی قیادت میں بھیجا تھا آج صبح دس بجے یہاں پہنچا۔ اس جتھے میں چودھری افضل حق اور دیگر حضرات بھی شریک ہیں۔ اسٹیشن پر ان کا شاندار استقبال کیا گیا لیکن کوئی مظاہرہ نہیں کیا گیا تاکہ ریاست کو ہنگامہ کرنے کی شکایت نہ ہو۔ داخلہ کے متعلق والی جموں (گورنر) نے ریاست کا حکم خود بیچ کر ان لوگوں کو دیا جن میں انہیں اجازت دیدی گئی تھی۔

گورنر جموں سے گفتگو

اس جتھے کی روانگی کی خبر سن کر ریاست نے گورنر جموں کو سیالکوٹ بھیجا تھا۔ جس وقت سیالکوٹ پہنچا ہے تو ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کی وساطت سے گورنر جموں نے جتھے کے قائد مولانا مظہر علی اظہر سے گفتگو ...

انتقادات

تشخیص الامراض

دستور اساسی میں مسلمانوں کے حقوق کا تحفظ

ہندوستان کو اپنے اختلافات خود ہی طے کرنے چاہئیں

بمبئی میں مسٹر جناح کی زبردست تقریر

مولانا سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری کی مساعی

جمعیۃ علماء ہند کیلئے تمام ملک میں دورہ

رام گڈھ کے مسلمانوں کیساتھ انصاف کیجئے

نائب ناظم جمعیۃ علماء ہند کا تار مہاراجہ صاحب جیپور کے نام

"مسلمانان رام گڈھ کے ساتھ سخت ظالمانہ برتاؤ کیا جا رہا ہے مسجد کے پیپل کو پوجنے کے لئے ہندو بیجا ضد کر رہے ہیں۔ مہربانی فرما کر فوراً توجہ کیجئے ورنہ ہندوستان کے مسلمانوں میں سخت ہیجان پیدا ہو جائیگا۔"

عبد الصمد رحمانی
نائب ناظم جمعیۃ علماء ہند

قصبہ بوڑیہ ضلع انبالہ کے مسلمان خطرے میں

حکام ضلع کے نام ناظم جمعیۃ علماء ہند کا تار اور خطوط

تار کی نقل

خط کی نقل

میں ہوں آپ کا مخلص
احمد سعید

چیئرمین میونسپل بورڈ کانپور کے نام

ناظم جمعیۃ علماء ہند کا تار

احمد سعید
ناظم جمعیۃ علماء ہند

ناظم جمعیۃ علماء ہند کا تار سر جیمس کریرار کے نام

احمد سعید
ناظم جمعیۃ علمائے ہند

شملہ کے میگزین پر حملہ

مسلم وقف ایکٹ اور جماعت بوہرہ

دہلی معاہدے کی خلاف ورزی نہ کیجائے

(مولانا) عبد الصمد رحمانی
نائب ناظم جمعیۃ علمائے ہند

عدن کو حکومت ہند کے ماتحت کر دیا جائیگا؟

اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں فیصلہ کی توقع

میونسپل بورڈ کانپور کا مستحسن فیصلہ

سائن بورڈ اور تعزیوں کا قصہ ختم کر دیا گیا

کوچہ قابل عطار کی مسجد میں مولانا احمد سعید صاحب کا وعظ

اخبارات اور مطابع کی آزادی خطرہ میں

انقلابی تحریکوں کے انسداد کیلئے نیا قانون مطابع

مالابار میں سیلاب کا طوفان

کاشت اور مکانات کی بربادی

ایک خدائی خدمتگار کی شہادت

ڈاکوؤں اور سرخ پوشوں میں لڑائی

راجپوتانہ جہاز میں گاندھی جی کے افکار

لندن میں مختلف جماعتوں سے ملنے کا ارادہ

جہاز میں مسٹر شعیب قریشی سے گفتگو

جہاز "راجپوتانہ" ۴ ستمبر۔ جیسا کہ پہلے لکھا جا چکا ہے کہ جہاز پر بھی گاندھی جی کے معمولات میں کوئی فرق نہیں ہے البتہ وہ جہاز کے مسافروں کے بچوں سے اسی طرح کھیلا کودا کرتے ہیں کہ بچے ہر وقت ان کے گرد جمع رہتے ہیں۔ وہ بچوں کو اچھی اچھی کہانیاں سناتے ہیں۔ انہیں چھیڑتے ہیں اور ان کو محبت سے پیار بھی کرتے ہیں۔

خیر مقدم کی تیاریاں

سرحد کے ایک گاؤں پر پولیس نے گولی چلادی

ایک سرخ پوش کی ہلاکت اور ایک شدید مجروح

ہندوستانی تجارت کو فروغ دینے کیلئے حکومت کا منصوبہ

مجلس انتظامیہ کے اجلاس میں چار اہم تحریکات

اینگلو انڈین اخبارات کے پروپیگنڈہ کی مذمت

میرا گاندھی جی سے کوئی اختلاف نہیں ہے

خان عبد الغفار خاں کا بیان

مولانا شوکت علی صاحب کا جہاز پر دلچسپ مشاغل

ناچ دیکھنا۔ گیس مارنا۔ اور ناول پڑھنا

گورنر بمبئی پر حملہ کے مقدمہ کی سماعت

"مجھے پھانسی مل جائے تو میرے خون کا بدلہ لینا"

عدالت میں ملزم کے خطوط

پرامن طریقہ سے حکومت کو جارحانہ اقدام

مجلس مقننہ کے اجلاس میں ایک نئی تجویز

جاہلانہ قانون کی خاطر ایک بیوہ عورت کا وحشیانہ قتل

نعش دریا میں تیرتی ہوئی پائی گئی

ایک سپاہی گولی سے ہلاک کر دیا گیا

مفرور ملزم کا انتقامی جذبہ

خلیفہ قادیان کی قیادت سے بیزاری کا اظہار

سہارنپور کے ایک جلسہ میں دو اہم تجویزیں

احمد آباد کو پنڈت جواہر لال نہرو کی روانگی

ریلوے انجن کو پٹری سے اتارنے کا مقدمہ

ملزمین کو عبرتناک سزائیں

حکومت نے فہرست الزامات کا کیا جواب دیا

کانگریس کمیٹیوں کی طرف سے غور و خوض

عدن میں گاندھی جی کا خیر مقدم

لوگ رات بھر ساحل پر کھڑے رہے

گول میز مندوبین کے تیسرے قافلہ کی روانگی

ڈاکوؤں کے ہاتھوں ایک عورت کا دردناک قتل

مقفل مکان سے نعش نکالی گئی

دخانی اور دیسی کشتی کا تصادم

دیسی کشتی پاش پاش ہو گئی

قصبہ رام گڈھ کی مسجد اور قبرستان کا قضیہ

ہندو حکام اور ہندو اکثریت کا مسلمانوں پر ناجائز دباؤ

جمعیۃ علماء ہند کے نمایندہ کی تحقیقات اور واقعات کی مختصر رپورٹ

قصبہ رام گڈھ ریاست جے پور میں مسجد پیپل اور قبرستان کے متعلق جو ناگوار اور افسوسناک صورت پیدا ہو گئی ہے اس نے ہندوستان کے مسلمانوں میں سخت ہیجان پیدا کر دیا ہے۔ واقعات و حالات کی نزاکت کا احساس کرکے حضرت ناظم جمعیۃ علماء ہند نے مہاراجہ جے پور کے نام ایک تار بھی ارسال کیا تھا جس میں مہاراجہ سے درخواست کی گئی تھی کہ وہ رام گڈھ کے مظلوم مسلمانوں کے مطالبات پر غیر جانبدارانہ غور کریں اور اس نزاع کا باہمی تصفیہ ایسے طریقہ سے کریں کہ جس سے مسجد اور قبرستان کا قضیہ ختم ہو جائے اور مسلمانوں کو کوئی شکایت باقی نہ رہے۔ اس دوران میں حضرت ناظم جمعیۃ علماء ہند کی خدمت میں متعدد خطوط بھی آئے اور رام گڈھ کے مسلمانوں نے آپ سے بالمواجہ گفتگو بھی کی جس پر ناظم جمعیۃ مولانا احمد سعید صاحب نے واقعات کی تحقیق کے لئے ایک نمایندہ بھیجنے کا حکم فرمایا تاکہ اصل واقعات مسلمانوں کے سامنے آجائیں اور وہ مدافعت ...

مسلمانوں کا مطالبہ اور ہجرت

چونکہ مسجد سے ملحقہ زمین جس میں مدرسہ اور پیپل کا درخت ہے مسجد کی زمین ہے اور مدتوں سے مسلمانوں کا اس پر قبضہ چلا آتا ہے اس لئے مسلمانوں کا مطالبہ یہ ہے کہ اس زمین پر ہندوؤں کو کوئی حق حاصل نہیں ہے بلکہ یہ مسلمانوں کے تصرف میں ہے اس لئے وہی سیاہ و سفید کے مجاز ہیں۔ اس کے مقابلہ میں ہندو یہ کہتے ہیں کہ پیپل کا درخت مسجد سے خارج ہے لہٰذا ہم کو حق ملنا چاہیئے کہ ہم اس کی پوجا کریں اس پر پانی چھڑکیں اور اس کے پاس مذہبی مراسم ادا کریں۔ مسلمانوں کا مطالبہ ظاہر ہے کہ حق و انصاف پر مبنی ہے اور ہندو زبردستی اپنی اکثریت کے زعم میں اس پر قبضہ جمانا چاہتے ہیں لیکن افسوس اس بات کا ہے کہ ارکان ریاست اور حکام ہندوؤں کی حمایت کر رہے ہیں اور مسلمانوں کو مرعوب کرنے کا انہوں نے مذموم شیوہ اختیار کر رکھا ہے۔ ہندو حکام مسلمانوں کو مجبور کر رہے ہیں کہ وہ مسجد کی زمین ...

مسلمانوں کا بائیکاٹ

رام گڈھ کے مسلمان ان تمام مصائب کا مقابلہ پوری قوت کے ساتھ کر رہے ہیں اور اپنے عزم و ارادہ میں مضبوط ہیں لیکن عام ہندوؤں کی جانب سے ان کے ساتھ بہت برا سلوک کیا جا رہا ہے۔ ہندوؤں میں رواداری کا نام و نشان تک نہیں ہے اور انہوں نے مسلمانوں کا بائیکاٹ کر دیا ہے۔ مسلمانوں کے ہاتھ سودا سلف تو فروخت کرتے ہیں مگر ان سے کوئی چیز نہیں خریدتے۔ ہندو کہتے ہیں کہ اگر ہمارے مطالبہ کو منظور نہ کیا گیا تو ہم مسلمانوں کے ہاتھ کوئی شے فروخت نہ کریں گے اور اس طرح مجبور کرکے ان سے پیپل کا درخت لے لیں گے۔

مسلمان نہایت غریب اور غیر تعلیم یافتہ ہیں۔ ان میں نہ تو کوئی صحیح مشیر ہے اور نہ کوئی ان کی صحیح رہنمائی کرنے والا ہے۔ مسلمانوں میں تفریق پیدا کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

مسٹر نذیر الحق

مسٹر نذیر الحق جو دہلی میں خفیہ پولیس کے انسپکٹر تھے اور جن کی خدمات آجکل ریاست جے پور نے حاصل کر لی ہیں ان کو ریاست نے اس معاملے کے لئے متعین کیا ہے۔ وہ بظاہر بہت کچھ ہمدردی کا اظہار کر رہے ہیں اور انہیں کی کوشش سے مہاجرین واپس آئے ہیں لیکن حکام کے طرز اور طریقہ سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں کے ساتھ انصاف نہیں کیا جائے گا۔ اگر ترغیب و ترہیب سے کامیابی نہیں ہوئی تو مسلمانوں میں اختلاف پیدا کیا جائے گا جس کے آثار رام گڈھ میں شروع ہو چکے ہیں اگر اس میں بھی کامیابی نہ ہوئی تو پھر قوت کے ساتھ مسلمانوں کو کچلا جائے گا۔ لیکن ایک انسانی ہمدرد کے پیپل کو جو مسجد کی زمین ہے اور برسوں سے مسلمانوں کے قبضے میں ہے ہندوؤں کو اس کے پوجنے اور پانی چڑھانے کے مطالبے سے نہیں روکا جائے گا۔ اس وقت تک کے حالات یہی ہیں۔ ممکن ہے کہ ریاست کے حکام کسی اندرونی یا بیرونی اثر سے متاثر ہو کر انصاف پر آمادہ ہو جائیں۔

راولپنڈی میں مجلس احرار کا عظیم الشان جلسہ

قادیانی خلیفہ کی فریب کاریوں پر تبصرہ

راولپنڈی ۵ ستمبر گذشتہ شب جامع مسجد میں مقامی مجلس احرار کے زیر اہتمام مسلمانوں کا ایک عظیم الشان جلسہ زیر صدارت حکیم عبدالغنی صاحب منعقد ہوا حاضرین کی تعداد کافی تھی۔ تلاوت قرآن کریم کے بعد خواجہ عبدالرحیم صاحب عاجز امرتسری اور ایک کمسن بچے غلام نقشبند نے نہایت دلچسپ انداز میں نظمیں پڑھیں اس کے بعد فخر احرار شیخ حسام الدین صاحب بی۔ اے امرتسری نے ایک مدلل تقریر کی جس کی طویل تمہید میں آپ نے اسلامیان ہند کے ملی شیرازہ کی پریشانی اور اس کے ہولناک نتائج پر ناقدانہ تبصرہ کرتے ہوئے مروجہ تعلیم پر دلپذیر تبصرہ کیا۔

فاضل مقرر نے فرمایا کہ المناک حادثات کے ہنگامے غافل قوموں کو خواب خود فراموشی سے بیدار کرنے کا موجب ہوتے ہیں چنانچہ کشمیر کے تیس لاکھ مسلمان جو اپنی قومی خودداری، عزت نہیں بلکہ انسانیت ایک مطلق العنان حکومت کے خود غرضانہ مقاصد پر قربان کر چکے تو ہندوستان کے ہنگامہ حریت نے ان کو بھی خواب غفلت سے بیدار کر دیا انہوں نے نہایت صبر و انضباط سے اپنے انسانی حقوق طلب کئے اس کا جواب جس تشدد سے دیا گیا وہ آپ سے پوشیدہ نہیں۔ آپ نے آگے چل کر فرمایا کہ مسلمان نوجوانوں کی جوانیاں جو مادہ پرست یورپ کے طوفان عشرت میں بہی جا رہی ہیں۔ وہ اگر کشمیر کے مسلمانوں کے کام آجاتیں تو اس سے یہی نہیں کہ مسلمان قوم اجتماعیت و ایثار کی کھوئی ہوئی دولت حاصل کرے گی بلکہ یہ فرمایا نیاں کا کی زکوٰۃ ہوا کرتی ہیں لیکن یہاں تو عدم تشدد کی جنگ ہے اور ہمیں احرار کے پروگرام کے مطابق پُر امن ذرائع سے اسلامیان کشمیر کے حقوق کی حفاظت کرنا ہے ان تمام جماعتوں نے عملی کام ہمارے سپرد کر دیا ہے جو اپنا حلقہ عمل قرار دادوں تک محدود رکھا کرتی ہے۔

سیاسی اغراض کی تکمیل

خلیفہ قادیان کا فریب رہنمائی

مجلس مقننہ کے آئندہ اجلاس میں متعدد تجاویز

پھانسی کی سزا منسوخ کیجائے

شملہ ۵ ستمبر۔ لیجسلیٹو اسمبلی میں غیر سرکاری بلوں پر غور کرنے کے لئے ۸ ستمبر کی تاریخ مقرر ہوئی ہے۔ انڈین بار کونسل (ترمیمی) بل جن کو سر ہری سنگھ گوڑ ...

ایک عورت کے قبضہ سے ریوالور برآمد ہوا

خاوند اور بیوی کو قید سخت کی سزا

مانسہرہ کے ایام جلاوطنی کی تنسیخ پر ان کی خدمت میں دلی مسرت کے ساتھ ہدیہ تبریک پیش کرتا ہے اور ان کی جلیل القدر مذہبی و وطنی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے ان کی مراجعت کو راولپنڈی کی بدقسمتی خیال کرتا ہے۔ اس کے بعد جلسہ بخیر و خوبی اختتام پذیر ہوا (نامہ نگار خصوصی)

شائقین علم نبوی کو بشارت

مدرسہ سعیدیہ کا افتتاح

مسلمانان دہلی کے لئے یہ امر موجب مسرت ہوگا کہ مولانا شرف الدین صاحب نے جو دہلی میں تقریباً تیس سال سے نہایت خاموشی کے ساتھ قرآن و حدیث کی خدمت کر رہے ہیں پل بنگش کے قریب حاجی عبدالخالق صاحب تارگٹی والوں کی مسجد میں ایک عربی مدرسہ کا افتتاح کیا ہے۔

مولانا موصوف نہایت خاموش اور متوکل بزرگ ہیں۔ تقریباً دو ماہ سے آپ نے توکلاً علی اللہ اس مسجد میں تعلیم کا کام شروع کر دیا ہے اس وقت دس طالب علم ہیں جو حدیث کا سبق پڑھ رہے ہیں مدرسہ کی کوئی آمدنی نہیں ہے طلباء کے کھانے کا بھی کوئی انتظام نہیں ہے کچھ معلوم ہوا ہے کہ حاجی کرم الٰہی صاحب مرحوم کے صاحبزادے حاجی احسان الٰہی صاحب نے چند گیہوں کی بوریاں طالب علموں ...

مسلم خواتین کراچی کا سالانہ اجلاس

ریاست جیپور میں کیا ہو رہا ہے؟

رنگپور میں میلاد النبی صلعم کی تقریب

باغیوں نے ایک گاؤں کو آگ لگادی

مولانا سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری کے مقدمہ کی سماعت
استغاثہ کی طرف سے زیر دفعہ ۱۲۴۔ الف ایک اور مقدمہ بھی دائر کر دیا گیا
دونوں مقدمات کی سماعت ایک ساتھ شروع ہوگی۔ گواہان استغاثہ کی فہرست
مقدمہ ضمانت کی اپیل کی سماعت ۵ اکتوبر کو ہوگی

گواہان استغاثہ کی فہرست

سیشن کورٹ میں ضمانت کی اپیل

مسٹر آصف علی صاحب بیرسٹر نے مسٹر ایلیر کے فیصلہ کے خلاف عدالت سیشن میں مولانا بخاری کی ضمانت پر رہائی کے لئے مرافعہ دائر کیا ہے۔

دہلی یکم اکتوبر۔ آج عدالت سیشن میں مسٹر آصف علی صاحب بیرسٹر کی طرف سے شاہ صاحب کی ضمانت پر رہائی کے مرافعہ کی سماعت ہوئی۔ ... عدالت نے اس کو منظور کرتے ہوئے مقدمہ کو ۵ اکتوبر کے لئے ملتوی کر دیا۔

مسجد فتحپوری میں مسلمانان دہلی کا عام جلسہ
مولانا عبدالغفار صاحب خیری کی مساعی حسنہ

حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی کا میاب دورہ
امارت شرعیہ کے قیام کیلئے مسلمانوں کی متفقہ آواز

دہلی میں گاندھی ہفتہ، جلوس اور جلسہ
امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد کی تقریر

دہلی ۲ اکتوبر۔ گاندھی ہفتہ کا آج بہ اہتمام تھا۔ شام کو ۵ بجے گاندھی بازار سے ایک شاندار جلوس نکالا گیا۔ ...

کٹڑہ مہر پرور کی مسجد کا سنگ بنیاد

انجمن محبان ایران کی طرف سے لیکچر

انگلستان کے اخبارات میں مسلمانان کشمیر کے ساتھ ہمدردی
مسلمانوں کے مطالبات کی معقولیت کا اعتراف

کشمیر میں مارشل لا۔ کی بے پناہ قیامت خیزیاں
کرنیل سدرلینڈ انچارج سرینگر کے احکام

مارشل لا کے نفاذ کے بعد کشمیر کی حکومت نے کرنیل سدرلینڈ بریگیڈیر جنرل انچارج سرینگر کے ہاتھ میں دیدی گئی ہے۔ آپ اس وقت تک نوٹیفکیشن نمبر ۱۹۔ ایل کے ماتحت سات اعلان شائع کر چکے ہیں۔ جو اطلاع عامہ کے لئے اصل الفاظ میں ذیل میں درج کئے جاتے ہیں۔

دستخط بحروف انگریزی۔ آراو سدرلینڈ بریگیڈیر

ناظم جمعیۃ علماء ہند کا تار کا جواب
وزیر اعظم مہاراجہ کشمیر کی طرف سے

مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے کشمیر کے خونی حادثات سے متاثر ہو کر وائسرائے ہند اور مہاراجہ کشمیر کو تار دئے تھے جن میں مہاراجہ کشمیر اور وائسرائے سے درخواست کی تھی کہ وہ کشمیر کے مظلوم مسلمانوں کی طرف جلد توجہ کریں اور معاملات کو حسن و خوبی کے ساتھ ختم کر دیں۔ ...

"سری نگر ۳۰ ستمبر۔ بغاوت کو فرو کرنے کے لئے سخت کارروائی کی ضرورت تھی اب بالکل سکون ہے۔ ہز ہائینس کی حکومت امن و انصاف کا یقین دلاتی ہے۔" وزیر اعظم

سرینگر میں مسلمانوں پر دردناک مظالم
جبراً مہاراجہ کی جے کے نعرے اور سزائے تازیانہ

ایسوسی ایٹڈ پریس کا بیان

کشمیر اور رعایا میں مصالحت کی ایک تجویز
ڈاکٹر انصاری اور جواہر لال نہرو کو مقرر کیا جائے

مدراس ۲۹ ستمبر۔ مسٹر عبدالحمید خاں ممبر کونسل نے ایک بیان دیا ہے جس میں آپ نے کشمیر کی صورت حال پر توجہ مبذول کرتے ہوئے تجویز کی ہے کہ یہ بہتر ہوگا کہ کانگریس ورکنگ کمیٹی ڈاکٹر انصاری اور پنڈت جواہر لال نہرو کو مقرر کرے کہ وہ کشمیر جائیں اور ریاست اور رعایا کے درمیان سمجھوتہ میں معاون ہوں۔

جعلی سکوں کے کارخانہ پر پولیس کا چھاپہ
سکوں کی برآمدگی متعدد سنار گرفتار

برمی باغیوں نے مکانات کو لوٹ کر آگ لگادی
تین باغی ہلاک ۹ گرفتار

جدید مسودۂ مالیات کی مخالفت

بیت المقدس میں دنیائے اسلام کی عظیم الشان کانفرنس
سپریم مسلم کونسل کی طرف سے حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کو دعوت شرکت
مؤتمر کا افتتاح مسجد اقصیٰ میں ہوگا

والسلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ

سید محمد امین الحسینی
رئیس المجلس الاسلامی الاعلیٰ و مفتی دیار قدسیہ
۲۵ ربیع الثانی ۱۳۵۰ھ

فرقہ وارانہ مسئلہ سے گاندھی جی کی مایوسی
جمعیۃ الاقوام کو ثالث بنانے کی تجویز
عام مفاد کی خاطر فرقہ وارانہ نیابت کی منظوری

حکومت پر الزام

گاندھی جی سے اپیل

نئے ٹیکسوں کا مطلب غرباء کو لوٹنا ہے
فوجی اخراجات میں دس کروڑ کی تخفیف کا مطالبہ
بل پر بحث کیلئے دہلی میں خاص اجلاس

وفاقی حکومت کو ٹیکس لگانے کے اختیارات

ترجمان القرآن مصنفہ مولانا ابوالکلام آزاد
جس کا پندرہ سال سے انتظار تھا تیار ہے
وسط اکتوبر ۱۹۳۱ء تک شائع ہو جائیگا

پوری کتاب دو جلدوں میں منقسم ہے۔ پہلی جلد ساڑھے پانچ سو صفحوں پر ختم ہوئی ہے۔ دوسری جلد بھی تقریباً اتنے ہی صفحات کی ہوگی۔ ...

سوڈا واٹر اور پان پر محصول کی تجویز
تخفیف کمیٹی کی سفارشات

لاہور ۳۰ ستمبر۔ شملہ سے معاصر ٹربیون کا نامہ نگار اطلاع دیتا ہے کہ حکومت پنجاب کی مقرر کردہ مجلس تخفیف اخراجات نے اپنا کام ختم کر لیا ہے۔ ...

مظلومین کشمیر کی امداد کے لئے تیار ہو جاؤ

جماعت احرار پنجاب کا اعلان

حکومت کشمیر کی جابرانہ اور مستبدانہ پالیسی کی بدولت جو خوفناک مظالم ہائے کشمیر کے مظلوم اور تباہ حال مسلمانوں پر کئے جا رہے ہیں ان کا سلسلہ بدستور جاری ہے سینکڑوں بے زبان ڈوگرہ حکومت کی گولیوں کا شکار ہو چکے ہیں اور بیسیوں جام شہادت نوش کر چکے ہیں۔

کیا مظلومین کشمیر کا خون رائیگاں جائیگا

ڈوگرہ حکومت کے وحشیانہ مظالم نے بیس لاکھ فرزندان توحید پر عرصہ حیات تنگ کر رکھا ہے اور حکومت کشمیر کی اوٹو کریسی نے خطہ جنت نظیر کو میدان محشر بنا دیا ہے۔ ہندوستان کی وادی کشمیر کی طرف اٹھ رہی ہیں۔ مسلمانو اپنے بیکس اور مصیبت زدہ اسلامی بھائیوں کو ڈوگرہ حکومت کے مظالم سے نجات دلوانے کے لئے کمربستہ ہو جاؤ۔

فراہمی سرمایہ اور رضاکاروں کی بھرتی

کا کام مسلمانان پنجاب کو زوروں سے شروع کر دینا چاہئے اپنے اپنے شہروں میں گاؤں میں قصبوں میں سرمایہ جمع کیا جائے اور فراہم شدہ سرمایہ فوراً مجلس احرار اسلام پنجاب کے فنانشل سکریٹری ڈاکٹر عبدالقوی صاحب ایم۔ بی۔ بی۔ ایس کے نام روانہ کر دینے چاہئیں تاکہ مجلس احرار اسلام پنجاب اس عظیم الشان تحریک کو نہایت ہی خوش اسلوبی سے انجام دے سکے۔

پنجاب بھر میں جلسے

کشمیر کی ڈوگری حکومت کے خلاف ایک منظم لیکن پرامن جنگ شروع کرنے کے لئے ۲ اکتوبر بروز جمعۃ المبارک تمام پنجاب میں جلسے کئے جائیں جن میں ڈوگرہ فوج کے مظالم کے خلاف صدائے احتجاج بلند کی جائے اور حکومت کشمیر سے مطالبہ کیا جائے کہ کشمیر کے ہردلعزیز لیڈر شیخ عبداللہ کو اور دیگر اسیران بلا کو فوراً غیر مشروط طور پر رہا کر دیں نیز ہری کشن کول وزیراعظم کی عہدہ وزارت سے فی الفور علیحدہ کر دیا جائے۔

بہر حال پروگرام کو کامیاب بنانے کے لئے ہر کلمہ گو مسلمان کا اسلامی فرض ہے کہ وہ جلسوں کو کامیاب بنانے کی پوری پوری کوشش کرے۔

ہو یا ڈوگرہ شاہی کی طرف سے۔
صدر مولانا مولوی حبیب الرحمن لدھیانوی
جنرل سکریٹری مولانا محمد داؤد غزنوی
مجلس احرار اسلام پنجاب

دہلی میں مسلمان لڑکیوں کا ایک اسلامی مدرسہ

ایک مدرسہ تقریباً ڈیڑھ سال سے بلیماران حویلی حسام الدین حیدر گلی جامن والی میں قائم ہے اس مدرسہ میں دینی تعلیم میں قرآن مجید مع ترجمہ دینیات۔ اسلامی روایات۔ عربی۔ فارسی اور سرکاری نصاب میں اردو انگریزی۔ حساب۔ تاریخ و جغرافیہ۔ کھانا پکانا۔ اور سوزن کاری یعنی سینا پرونا۔ بننا۔ کاڑھنا وغیرہ سکھایا جاتا ہے۔ [illegible]

اپنے اعلان پر نظر ثانی کرنے سے وزیر ہند کا انکار

دارالعوام میں سر سموئیل ہور کا اعلان

لندن ۸۰ ستمبر سر سموئیل وزیر ہند نے دارالعوام [illegible]

موجودہ محاصل میں زبردست اضافہ

تنخواہوں میں دس فی صدی کی تخفیف

خطوط اور لفافوں کی ڈیوڑھی قیمت

شملہ ۹ ستمبر۔ سر جارج شوسٹر رکن مالیات حکومت ہند نے آج سہپر کے وقت اسمبلی میں سپلیمنٹری بجٹ (ضمنی تخمینہ) پیش کر دیا اس بجٹ میں تخفیف اور محاصل کی تجاویز شامل ہیں اور اسے حوصلہ افزا اور سخت بنایا گیا ہے۔

محاصل کے متعلق سب سے اہم چیز یہ ہے کہ موجودہ تمام محاصل پر ۲۵ فی صدی زیادہ محصول وصول کیا جائے گا۔ [illegible]

وائسرائے نے عارضی طور پر رضاکارانہ طور پر اپنی تنخواہ میں ۲۰ فی صدی تخفیف منظور کر لی ہے۔ وائسرائے کی ایگزیکٹو کونسل کے ممبران اپنی تنخواہ میں ۱۵ فی صدی تخفیف پر رضامند ہو گئے ہیں۔ [illegible]

اس کمی میں انکم ٹیکس کی زیادتی بھی شامل ہے تنخواہوں میں تخفیف مارچ ۱۹۳۳ء تک جاری رہے گی لیکن اس سے قبل بھی اس پر غور کیا جا سکیگا۔ آئندہ سال فوج میں تخفیف [illegible] کروڑ ہوگی اس طرح دو سال میں فوج کے اخراجات ۵۵ کروڑ سے کم ہو کر ۴۶ کروڑ رہ جائیں گے۔ [illegible]

برمی باغیوں پر فوج کا حملہ

کئی باغی ہلاک و مجروح۔ ایک گرفتار

رنگون ۷۰ ستمبر۔ سرکاری فوج کے ایک دستہ نے کا ماکے شمال مغربی علاقہ میں دس میل کے فاصلہ پر باغیوں کی ایک جماعت پر حملہ کیا۔ باغیوں اور سپاہیوں کے درمیان گولیوں کی بارش ہوئی۔ دو باغی مارے گئے جن میں باغیوں کا ایک بہت بڑا سردار بھی شامل ہے۔ ایک باغی زخمی ہوا اور ایک گرفتار کر لیا گیا اور دو بندوقیں اور بہت سے کارتوس برآمد ہوئے کوئی سپاہی ہلاک یا مجروح نہیں ہوا۔ [illegible]

برما کی مسلم آبادی کم ہوگئی

رنگون ۹ ستمبر۔ تازہ مردم شماری سے ظاہر ہوتا ہے کہ برمی مسلمانوں کی تعداد گذشتہ دس سال کی نسبت [illegible]

خلاف تحریر تو قیمت واپس

ہمارے کارخانہ قائم شدہ ۱۹۱۴ء کی تیار کردہ مقبول عام چیل کی خوبصورت پالش شدہ مشینوں میں [illegible]

نو ایجاد مشین سویاں

قیمت فی مشین [illegible]

ملنے کا پتہ۔ ہندوستانی ایجاد گھر دہلی

سفید بال پندرہ دنوں میں ہمیشہ کے لئے کالا

[illegible]

شربت اکسیر

اگر تندرستی میں فرق ہے تو زندگی بیکار ہے

[illegible]

جریان

تازہ سرٹیفکیٹ

ملنے کا پتہ۔ ایس۔ آر۔ بھٹی اینڈ کمپنی [illegible] کلکتہ

اعلان

بسلسلہ اعلان سابقہ شہر کیا جاتا ہے کہ [illegible] ۱۰۰ صفحات [illegible]

محمد عنایت اللہ ناظم شعبہ تالیف و ترجمہ جامعہ عثمانیہ حیدر آباد (دکن)

سرمہ عزیزی

[illegible]

حکیم سید محمد عزیز الحسن بری گھاٹ بھوپال

ہیضہ اچانک آتا ہے

اور طبی امداد حاصل کرنے کا موقع تک نہیں دیتا

لہذا

امرت دھارا

[illegible]

احتیاط

خط و کتابت و تار کے لئے پتہ۔ امرت دھارا [illegible] لاہور

کوکین کی لذت

حاصل کرنے کے لئے نئی ایجاد دوا

لذت کوکین استعمال کیجئے

[illegible]

ملنے کا پتہ۔ سعید برادرس اینڈ کو کلاں محل دہلی

دارالاسلام

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

جمعیۃ علماء ہند کی خدمات کا اعتراف

مسلمانان بمبئی کا اظہار عقیدت

منجانب جمیع شیدایان اسلام از بمبئی عرب لین۔

عالیجناب مولانا و مرشدنا حاجی مولوی احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند دام ظلہ
السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ عرض یہ ہے کہ ہم جس قدر خدا وند عالم کا شکریہ ادا کریں کم ہے اور جس قدر اپنی قسمتوں پر فخر کریں بجا ہے کہ ایسے وقت میں جبکہ ہر طرف شیدایان دین مبین پر طرح طرح کی غریب کاریاں کی جا رہی ہیں اور توحید پرستوں کو مٹانے کی کوشش کی جا رہی ہے آپ جیسے سرور رہنما کو خدا نے پاک ہمارے لئے بھیجا۔ ہم نے مورخہ ۲۸ اگست ۱۹۳۱ء کا اخبار الجمعیۃ دیکھا اور اس میں آپ کی وہ تقریر پڑھی جو آپ نے سہارنپور میں فرمائی تھی ہم خدا کو گواہ کر کے کہتے ہیں کہ آپ کی زبان حقگو سے جو جو الفاظ اس تقریر میں ادا ہوئے۔ ان کے ایک ایک حرف نے ایک ایک نقطہ نے ہمارے قلبوں کو منور کر دیا۔ اور ہمارے ایمانوں کو تازہ کر دیا اور ہم کو اپنی غفلتیں محسوس ہونے لگیں جب ہم کو آپ کی اور جناب مفتی مولانا کفایت اللہ صاحب کی اور دیگر صاحبان حامیان اسلام کی قربانیوں کا خیال آتا ہے تو اس زمانہ کی یاد تازہ ہو جاتی ہے۔ [illegible] آج ان ہی کے نام لیوا ان ہی کے شیدائی انہی کی طرح کیا کیا تکلیفیں برداشت کر رہے ہیں آپ کی وہ تقریر ہمارے واسطے چراغ ہدایت بن گئی ہمارے قلوب کی روشنی بڑھا دی ہمارے دلوں میں دردِ اسلام پیدا کر دیا۔ ہم خدا کی درگاہ میں دست بدعا ہیں کہ اللہ تعالیٰ ایسے رہنما قوم کو ہمارے سر پر تا قیامت قائم و دائم رکھے۔ آمین ثم آمین فقط والسلام

راقم

عقیدتمند الناس۔ سید امداد علی۔ سید امیر علی۔ سید منور علی۔ ابراہیم صاحب محمد صاحب۔ عبدالقادر۔ شیخ عبداللہ پیرجی۔ عبدالمجید خاں۔ عبدالحکیم [illegible]

بندہ پرسان حال نہیں ہے۔ اگر ان کنسرونسیات کو بجا یا جاوے تو یقیناً اہل شہر پر مزید محصول کا بار پڑ سکتا ہے اور نہ کمیٹی کی حالت خراب ہو سکتی ہے چنانچہ سب سے اول سیلچھ کے محکمہ پر درش مچکان کو لیجئے شہر میں آٹھ یا دس سنٹر قائم کئے ہوئے ہیں اور اضافہ ہوتا جاتا ہے۔ [illegible]

(۳) داروغہ صفائی کم کئے جا سکتے ہیں یعنی بعض بعض وارڈ میں دو اور تین اور چار تک ہیں حالانکہ اس سے پیشتر ہر بڑے وارڈ میں صرف دو جمعدار ہوا کرتے تھے [illegible]

اگر معقول رقم بچ سکتی ہے۔

(۴) ایم۔ بی۔ سکول کی شاخیں کم ہو سکتی ہیں یہ کیا ضروری امر ہے کہ ہر وارڈ میں دو دو تین تین و چار چار سکول کھول رکھے ہیں ہر وارڈ میں صرف ایک ہی سکول کفایت کر سکتا ہے۔ [illegible]

(۵) اسی طرح عارضی عملہ میں بھی کافی تخفیف ہو سکتی ہے مثلاً جو عملہ آوارہ جانوروں وغیرہ پکڑنے کے لئے مقرر ہے اس کو الگ کر کے اس کے اختیارات پولیس کو دیدئے جاویں۔

(۶) سٹینیٹری کلرک جو پہلے کمیٹی میں نہیں تھا اور اب کچھ سال سے مقرر کیا گیا ہے اس کی جگہ تخفیف کر دی جاوے [illegible]

(۷) سکریٹری صاحب و ہیلتھ افیسر صاحب و انجینیر صاحب معمولی تنخواہوں پر اچھے قابل آدمی رکھے جا سکتے ہیں موٹر الاؤنس وغیرہ قطعی بند کر دئے جاویں نیز اسی طرح دیگر عملے میں بھی حسب ضرورت کمی کی جا سکتی ہے اگر مذکور بالا تجاویز پر عمل درآمد کیا جاوے تو یقیناً کمیٹی دہلی بغیر کسی جدید چندے کے کافی بچت ہو سکتی ہے۔ اور باشندگان شہر بھی مزید محصولات وغیرہ سے محفوظ رہ سکتے ہیں فقط

محمد امتیاز الحق

گلاوٹھی میں قصابوں کی ہڑتال

وفاداران حکومت کا غریبوں پر ظلم

گلاوٹھی ضلع بلند شہر کا مشہور قصبہ ہے جس میں غریب مسلمان ہر طبقہ کے آباد ہیں یہاں کے ٹاؤن ایریا میں ایک عرصہ سے پبلک کے منتخب ممبر کام کرتے تھے جن سے عوام کو کبھی کوئی تکلیف یا شکایت نہ ہوتی تھی غالباً محرر [illegible]

ٹاؤن ایریا کی کسی غلطی کی پاداش میں لوکل حکومت نے سابق چیرمین اور ممبران کو ان کی خدمات سے علیحدہ کر کے نئے ممبر باختیار خود مقرر کر دئے ہیں جو حکومت کے کاسہ لیس اور دیرینہ خدمت گذار ہیں۔ [illegible]

راقم
ع۔ح۔ گنجی گلاوٹھی

مسلم یونیورسٹی کے نصاب میں ایک دل آزار کتاب

مسلم یونیورسٹی کے نصاب تعلیم میں ایچ۔ جی۔ ویلز کی مرتبہ ایک کتاب موسوم بہ آؤٹ لائن آف ہسٹری [illegible]

سناٹوجن کے استعمال سے ہی تکلیف کا ازالہ

[illegible]

SANATOGEN

[illegible]

منہ میں سانپ

[illegible]

واحدی صاحب کا منجن

اکسیر دندان

[illegible]

ملنے کا پتہ۔ احمد مجتبیٰ منیجر رسالہ نظام المشائخ دہلی

ممبران میونسپل کمیٹی دہلی توجہ فرمائیں

[illegible]

ضرورت

[illegible]

چوہوں کی دوا

[illegible]

دفتر تجارتی اسٹور [illegible] مظفر گڑھ

سگنل ڈاؤن ہوگیا

جلد دوڑو ورنہ خطرہ ہے

[illegible]

حب مشتہی

معدہ کی بیماریوں کا علاج

[illegible]

مظفر نگر

سستے کٹ پیس

[illegible]

کراچی

علاج کا تیسواں سال [illegible]

تارکا پتہ الجمعیۃ دہلی

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

سہ روزہ

ید اللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دہلی

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
۱ ۵ ۹ ۱۳ ... ۲۱ ۲۵ ۲۹
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار) ... للعہ
نصف صفحہ (") ... للعہ
ایک کالم (") ... للعہ
نصف کالم (") ... للعہ
پاؤ کالم (") ... للعہ

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مسئول
مدیر
ہلال احمد زبیری (بی اے)

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ...
ششماہی ...
سہ ماہی ...
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ...
ششماہی ...
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

جلد ۱۴ | دہلی - یوم جمعہ ۲۶ رجمادی الاول سنہ ۱۳۵۰ھ مطابق ۹ راکتوبر سنہ ۱۹۳۱ء | نمبر ۲۶

”درسِ عمل“

(از حضرت کوکب شاہجہان پوری)

انساں تک رسائی دستِ فنا نہیں
تحلیلِ زندگی ہی اساسِ حیاتِ نو

اعمال زشت و خوب نہ جائیں گے رائگاں
تیار ہو رہا ہے لباسِ حیاتِ نو

تکلیف دست و پا سے کسی کو مفر نہیں
آسودگیٔ دل ہی مگر جنّتِ حیات

آلودۂ گناہ نہ ہو دامنِ خیال
پاکیزگیٔ روح سی ہی نزہتِ حیات

بیکار کارزارِ جہاں میں نہیں گزر
مردانہ وار راہِ طلب میں ہو گام زن

دار العمل میں کوشش پیہم ضرور ہے
ناکامیوں کا رنج نہ ہو حوصلہ شکن

ہر لمحۂ حیات ہو صرف تلاشِ حق
ہر حال میں ہو پیشِ نظر اسوۂ سلف

حسنِ عمل سی دے وہ پیامِ نشاطِ روح
دُنیا تجھے بعجز کہے ارشدِ خلف

تیرا وجود ہو سبق آموزِ زندگی
تیری حیات گرمیٔ ہنگامۂ عمل

کہتے ہیں جسکو اہلِ نظر راہِ مستقیم
سب مان لیں کہ ہے وہ ترا جادۂ عمل

عقلِ سلیم، فکرِ رسا، مایۂ یقین
عزمِ صمیم، جوشِ عمل، ہمّتِ بلند

طغرائے امتیاز ہیں ـ طغرائے انبیاء
قومیں انہیں سے ہوتی ہیں عالم میں ارجمند

ضروری اطلاع

اخبار کے اکثر خریدار صاحبان وی پی وصول کرنے کے بعد ہی اخبار کا انتظار کرنے لگتے ہیں اور دو چار دن انتظار کرنے کے بعد شکایتی خطوط کا سلسلہ شروع کر دیتے ہیں حالانکہ اخبار اسی وقت جاری کیا جاتا ہے جب وی پی کی رقم دفتر کو وصول ہو جاتی ہے۔

(مینیجر)

معاصرین کے افکار و آراء

کشمیر کا حادثہ خونیں (مدینہ)

کشمیر کی خبر ہے اور کس قدر دردناک خبر ہے کہ حکومت کشمیر اپنے ظلم و ... پوری قوتوں کے ساتھ اپنی غریب و معصوم اور بے گناہ رعایا کے مقابلہ کے لئے نکل آئی ہے۔ ...

[illegible]

ببیں تفاوت (حقیقت)

یہ واقعہ ہے کہ مولانا محمد علی مرحوم و مغفور نے اپنی عمر آزادیٔ وطن اور مذہب اسلام میں صرف کر دی قید فرنگ کی سختیاں جھیلیں ...

[illegible]

لندن کانفرنس کے مسلمان رضیت پسند

[illegible]

ہز ہائی نس آغا خان کی تقریر

[illegible]

حکیم محمود خاں اعظم اور حکیم اجمل خاں صاحب کے خصوصی مجربات واقعی اکسیر دوائیں جو اہالیان ملک کو بھی بآسانی میسر نہ تھیں انکی عجیب و غریب اور تازہ فہرست مفت ملے پتہ منیجر ہندوستانی دواخانہ ”پوسٹ بکس ۲۲“ دہلی

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ کیسٹوفین
(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرہ سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹر اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر یورپ میں تیار ہوتی ہیں مرد عورت بچے بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں۔

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی

Castophen Mafg Co: (India)
P.O. Box 88 Karachi

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

ہزاروں کا بال کالا کر دیا ... قیمت چار روپیہ (للعہ)

پتہ: منیجر گنگا پرشاد گپتا بہار سیڈیکل اسٹور - دربھنگہ

سفید بال
سات دن میں جڑ سے کالا

ہزاروں کا بال جڑ سے کالا ہو چکا جوان اور بڈھے بہوں کا بال اگر اس خضاب اور تیل سے جڑ سے کالا نہ ہو تو دوگنا قیمت واپس ... قیمت چار روپیہ (للعہ)

پتہ: منیجر مہرشی اوشدھالیہ ۹ دربھنگہ

حلفیہ بیان اور سابق مشیر مالیات ...

[illegible]

منیجر دواخانہ ... محلہ شاہ نظر دیوان ... راولپنڈی شہر

غبار افق

یہ کتاب کیا ہے؟ مختصر لفظوں میں بے خبر مسلمانوں کو خبردار کرنے ہمیں لوگوں میں حس و حرکت پیدا کرنے اور بیگانۂ عمل کو آشنائے عمل بنانے کے لئے ایک کشف حقیقت ہے۔ ایک تازیانۂ عبرت ہے ایک اتمام حجت ہے۔ اس میں تحریک شدھی و سنگٹھن کی مجمل تاریخ بیان کر کے ان دو نوں تحریکوں کی غرض و غایت واضح کی گئی ہے۔ ...

دفتر مرکزیہ تبلیغ الاسلام انبالہ شہر

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ
قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جسکی وجہ سے دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں اس نقص کو دور کرنے کیلئے ایک ایسے اردو قرابادین کی شدید ضرورت محسوس کی جارہی تھی الحمد للہ کہ حکیم مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کر کے اس کمی کو پورا کر دیا ...

قرابادین مفید عام کا ہر با اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیماردار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ علاوہ محصولڈاک رکھی گئی ہے۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

بے روزگاروں کیلئے سنہری موقع

گورنمنٹ آف انڈیا سے تمام ہندوستان کے لئے رجسٹری شدہ ہندوستان میں اس سے بہتر کوئی اور کالج نہیں ہے اس کالج کا پاس شدہ تمام انڈیا میں کام کر سکتا ہے کالج ہذا صرف پچاس روپے فیس داخلہ لے کر دو ماہ میں مکمل موٹر ڈرائیور اور موٹر فٹری کا کام سکھا دیتا ہے اور ملازمت کی ذمہ داری بھی لیتا ہے پردیسی طلباء کے لئے رہائش کا بھی اعلیٰ انتظام ہے مکمل حالات معلوم کرنے کے لئے پراسپکٹس مفت طلب کیجئے۔

منیجر دی کیپٹل پریکٹیکل موٹر ٹریننگ کالج حلقہ ۲ جامع مسجد دہلی

اعلیٰحضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا
قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشۂ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہتے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰحضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو سن کر اور دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرمالیا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب۔ مولانا شاہ عبد القادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے عمدہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ دس روپے علاوہ محصولڈاک۔

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما، اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملے گا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کے لئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے با موقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے، بچے، جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر زمین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی عمر بلا جلد، مجلد پارچہ عہ، مجلد چرم نقرہ علاوہ محصولڈاک (دو روپے دعا)

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے سے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ۔ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ ... قسم دوم حنا شدہ ... علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ... چرم ...

منیجر اخبار الجمعیۃ بلی ماران دہلی

مجاہد ملت سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے مقدمہ کی کاروائی

ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ سی۔ آئی۔ ڈی کا بیان

مسٹر آصف علی بیرسٹر کی مفصل جرح

(از نامہ نگار خصوصی)

دہلی ۵ اکتوبر۔ آج مولانا سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری کے خلاف زیر دفعہ ۱۲۴ الف مسٹر الیسر اڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی عدالت میں مقدمہ کی سماعت ہوئی۔ چونکہ کورٹ انسپکٹر تاخیر سے عدالت میں پہنچے اس لئے کاروائی مقدمہ ساڑھے بارہ بجے سے پہلے شروع نہ ہوسکی۔ آپ کے آنے کے بعد کاروائی کا آغاز ہوا۔ عدالت میں بہت کثیر ہجوم تھا۔ اخبارات کے رپورٹر ...

ج: مجھے معلوم نہیں۔

س: کیا آپ کو معلوم ہے کہ دہلی میں گرفتار شدگان ...

ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ سی آئی ڈی کا بیان

مسٹر آصف علی صاحب کی جرح

بچ کے فیصلہ کی کاروائی

افغانستان کے سیاسی۔ اقتصادی تعلیمی اور تمدنی حالات

تمام ملک میں ریلوے لائن کی تعمیر اور محکمہ خبر رسانی کا قیام

افواج کی جدید تنظیم۔ تعلیم و تربیت کے زبردست انتظامات

(ترجمہ خصوصی)

ٹوکیو کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ افغانستان میں ریلوے کی تعمیر کے سلسلہ میں حکومت افغانستان، حکومت جاپان سے گفت و شنید میں مشغول ہے لیکن اس بارے میں کوئی ذمہ دارانہ اطلاع ابھی تک موصول نہیں ہوئی ہے۔ ...

اگر سرمایہ کی قلت اس میں مانع نہ ہوئی تو دو سال میں یہ محکمہ بھی مکمل ہو جائیگا۔ اور عنقریب دنیا کے مختلف ممالک افغانستان سے منسلک ہو جائیں گے۔

فوج اور سامان جنگ کا جدید نظام

افغانستان میں اس وقت افواج کو یورپین طریقہ پر منظم کیا جارہا ہے ...

ریلوے کی وسعت

افغانستان میں تعلیمی ترقی

افغانستان کے مرکزی موٹر روڈ

جمعیۃ الاقوام کی ممبری کیلئے کوشش

افغانی حکومت کی مالی حالت

افغانستان کا محکمہ خبر رسانی

(بسلسلہ کالم ۲)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم جمعہ ۲۶ جمادی الاول ۱۳۵۰ھ

گول میز کانفرنس کے مباحث

اقلیتوں کی سب کمیٹی کا اجلاس

(۵)

قارئین کرام کو لندن کی خبروں سے یہ معلوم ہوچکا ہوگا کہ فیڈرل سب کمیٹی کا اجلاس دفعتہً ملتوی کردیا گیا تھا اور اس کی کاروائی ختم ہوئے بغیر درمیان میں اقلیتوں کی سب کمیٹی کا اجلاس شروع ہوگیا تھا۔ اور اس کاروائی کا مقصد یہی تھا کہ "مرکز میں ذمہ داری" کی بحث سے قبل اقلیتوں کے درمیان کوئی سمجھوتہ ہوجائے۔ انگریزوں کی پوزیشن اس کاروائی سے بالکل محفوظ ہوگئی تھی ...

ڈاکٹر انصاری کی موجودگی

گاندھی جی کی تجویز یہ تھی کہ ہندو مسلم مسئلہ کو طے کرنے کے لئے نیشنلسٹ مسلم پارٹی کے صدر ڈاکٹر انصاری کو بھی اقلیتوں کی سب کمیٹی میں موجود ہونا چاہیے ...

اختلافات کا مظاہرہ

کمیٹی کا کام

ہندو مسلم مسئلہ

(باقی آئندہ)

مجلس احرار اسلام کا اقدام

سخنو عام کے لیے

قانون مطابع

اسلامی جمعیت پر کاری ضرب

تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ

یونیورسٹی کی دانشمندی

اکاخیل اور کجھوری پر قبضہ

(مدیر الجمعیۃ)

مجاہد ملت حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری کی رہائی

سیشن جج کی عدالت میں ادخال ضمانت پر بحث

جیل کے دروازہ پر خلقت کا ہجوم

[illegible]

استقبال کیا۔ شاہ صاحب نے مخلصین کا شکریہ ادا کیا اور ان سے درخواست کی کہ چونکہ میرے پیر میں زخم ہے اسلئے میں پیدل چلنے سے معذور ہوں۔ لہٰذا آپ حضرات مجھے اجازت دیں اور منتشر ہو جائیں۔ مجلس احرار اسلام دہلی کے رضا کار جھنڈا لئے ہوئے ہمراہ چلنے کے واسطے اصرار کرنے لگے لیکن شاہ صاحب نے ان سے بھی معذرت کی اور جیل کے صدر دروازہ پر مجمع سے رخصت ہوکر دفتر جمعیۃ علمائے ہند میں تشریف لے آئے۔ آپ جلد از جلد لاہور کی روانگی کے لئے آمادہ ہیں۔

کشمیر جانے والے ڈیڑھ سو مسلمانوں کے جتھے کی گرفتاری

دفعہ ۱۴۴ کی خلاف ورزی اور حکومت پنجاب کا اعلان

[illegible]

انکار کردیا۔ بعد ازاں اس کو خلاف قانون اجتماع قرار دیدیا گیا اس کے بعد لیڈران نے پولیس کے گھیرے کو توڑ کر نکلنے کی کوشش کی چنانچہ ان کو گرفتار کرلیا گیا جتھے کے آدمی ۵ بجے شام تک وہیں پر جمع رہے۔ اس وقت تک تعداد دو سو تک پہنچ گئی تھی۔ جتھے کے آدمیوں نے پھر حلقہ کو توڑ کر اندر داخل ہونے کی کوشش کی ان لوگوں کو گرفتار کرکے واپس سیالکوٹ بھیجدیا گیا گرفتاریاں کرنے میں تو طاقت کا استعمال کیا گیا اور نہ ہی کوئی شخص مجروح ہوا ہے۔ سیالکوٹ میں امن وامان ہے۔

حکومت کا سرکاری بیان

[illegible]

مہاراجہ کشمیر کی طرف سے عفو عمومی کا اعلان

تمام افواج واپس بلالی گئیں

سرینگر ۸ راکتوبر۔ کشمیر دربار میں آج مہاراجہ صاحب کی ۳۷ ویں سالگرہ منائی گئی اس موقع پر ان تمام سیاسی اسیروں اور زیر سماعت قیدیوں کی رہائی کا اعلان کردیا گیا جو کہ ریاست کے فسادات جو اخیر میں رونما ہوئے تھے۔ اسپیشل نوٹیفکیشن جس کی رو سے شہر میں امن و امان قائم کرنے کے لئے فوج اور پولیس کو مخصوص اختیارات دئے گئے ہیں۔ واپس لے لیا گیا ہے اور فوج شہر سے واپس بلالی گئی ہے۔ وزیر اعظم نے آج یہ شاہی اعلان دربار میں پڑھ کر سنایا۔

فسادات کشمیر کی رپورٹ شائع ہوگئی

سول اور ایگزیکٹو حکام کی نا اہلیت کا اعتراف

ملازمتوں میں مسلمانوں کو نہ لیئے جانیکی عجیب و غریب وجہ

سرینگر ۸ راکتوبر۔ آج مسٹر بی۔ دلال، مسٹر عبدالقیوم اور مسٹر پی آر سادہ نے بغاوت کشمیر کی تحقیقات کرنے کے بعد اپنی رپورٹ پیش کردی ہے۔

رپورٹ میں مذکور ہے کہ حضرت مہاراجہ صاحب کشمیر نے فسادہ کے متعلق [illegible] سول اور ایگزیکٹو حکام نے فسادات کو فرو کرنے میں اپنی نا اہلیت کا ثبوت دیا ہے [illegible] ضرور نااہلیت اور دروماندگی کا ثبوت دیا ہے۔ لوٹ مار کے دوسان میں سب سے پہلے خود مہاراجہ صاحب نے فوجی پہرہ تعینات کرنے کا حکم دیا تھا۔

کمیشن نے تحقیقات کے دوران میں جو نتائج برآمد کئے ہیں ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ مسلمانوں نے افواج پر ہندوؤں کی امداد کرنے کے جو الزامات لگائے ہیں وہ محض تراشیدہ ہیں اور ان کا مقصد افواج کو بدنام کرنے کے سوا کچھ نہیں ہے جس سے کہ صورت حالات کی حقیقت کی اسے مسلمانوں کو مزید جرائم کرنے سے باز رکھا۔ لیکن اس نتیجہ پر پہنچا ہے کہ ریاست کو بدنام کرنے کی تحریک ان مٹھی بھر اشخاص کی ایجاد ذہنی ہے جو کہ یا تو اعلیٰ عہدہ جات حاصل کرنے میں کامیاب نہیں ہوتے تھے اور یا ان کی نا اہلیت کے باعث ان کو ان عہدہ جات سے برطرف کردیا گیا تھا۔ کمیشن کو پورے طور پر یہ اطمینان ہے کہ مسلمانوں کو ریاست میں پوری مذہبی آزادی حاصل ہے اور اس وقت تک مذہبی رسوم کی ادائیگی میں ریاست کی جانب سے کوئی مداخلت نہیں کی جاتی ہے۔ جب تک کہ ان کی ادائیگی میں امن عامہ کو خطرہ نہ ہو۔

سرکاری ملازمتوں میں مسلمانوں کے لئے جانے کے متعلق کمیشن کا یہ بیان ہے کہ درحقیقت مسلمانوں کو ملازم رکھنے میں کوئی مشکل پیش نہیں آتی ہے بلکہ مشکل درحقیقت یہ ہے کہ سرکاری آسامیوں کے لئے مسلمان کافی تعداد میں ملتے ہی نہیں یہ بیان قطعی غلط ہے کہ مسلمانوں کو سرکاری ملازمتوں میں لیا نہیں جاتا۔ ان کو نہ لینے کی وجہ یہ ہے کہ وہ تعلیمی استعداد میں سرکاری عہدہ جات کے نااہل ہیں کمیشن نے یہ بھی سفارش کی ہے کہ پولیس کے ملازمان اور اس کے طریق کار میں مکمل تبدیلی کی جائے۔

سرخ پوشوں کو تین تین سال قید سخت کی سزا

اقدام قتل اور باغیانہ ڈرامہ کھیلنے کا الزام

پشاور ۵ راکتوبر۔ آج ڈویژنل کمشنر نے چھ سرخ پوشوں کی اپیل پر غور کرنے کے بعد دو کو دفعہ ۱۲۴ الف کے ماتحت تین تین سال قید سخت کی سزا کا حکم دیا اور باقی چار کی اپیل کو نامنظور کردیا۔ الزام یہ ہے کہ انہوں نے ۲۳ اپریل [illegible] کو موضع بابڑہ میں ایک مغویانہ ڈرامہ کھیلا اور اسی شب کو مسٹر بارنز اسسٹنٹ کمشنر چارسدہ پر حملہ کیا۔ اس سلسلہ میں بارہ سرخ پوش گرفتار کئے گئے تھے لیکن چھ بری کردئے گئے اور باقی چھ کو دو الزامات کے ماتحت تین تین سال کی قید سخت کا حکم ہوا۔

اسمبلی میں پریس بل پاس ہوگیا

اخبارات کے گلے پر چھری

شملہ ۳ راکتوبر۔ آج مجلس مقننہ میں پریس بل پر پھر بحث ہوتی رہی۔ آخر ۲۴ کے مقابلہ میں ۵۵ رائے سے مسودہ منظور ہوگیا۔

پارٹی کے لیڈروں نے اس امر کی شکایت کی کہ حکومت نے یہ نہیں بتایا کہ مسودہ میں ترمیم یا تنسیخ آیندہ اجلاس میں ہوسکیگی یا نہیں [illegible] ہوم ممبر سر جیمس کریرار نے اس شکایت کی تردید کی کہ حکومت نے جواب دینے میں کوتاہی کی ہے اور ایوان کو منتخبہ کمیٹی کی منظور کردہ ملازمتوں کا حوالہ دیا اور بتلایا کہ مسودہ کو بالکل بے سود ثابت کئے بغیر مزید ترمیم منظور نہیں کی جاسکتیں۔

اس قانون کا مقصد ہے کہ اگر کوئی ایسی تحریر شائع ہو جس میں تشدد یا قتل کی حمایت کی گئی ہو تو حکومت اس پر کارروائی کرے تاکہ کشت و خون کی وارداتیں نہ بڑھیں۔ اس قانون کی میعاد دو سال رکھی گئی ہے۔ زیادہ سے زیادہ ضمانت پہلی بار ۳ ہزار روپیہ کی لی جاسکتی ہے۔ پریس اس صورت میں ضبط کیا جاسکتا ہے جب اخبار ضمانت کی رقم داخل نہ کرسکے گا۔ اس کے ساتھ ہی طلبی ضمانت کے حکم کے خلاف ہائی کورٹ میں اپیل کی جاسکے گی۔

طبیہ کالج میں ہندو طلبا کا شور وشر

جمعہ کو تعطیل منانے پر برافروختگی

دہلی ۵ راکتوبر۔ طبیہ کالج کے منتظمان نے فیصلہ کیا ہے کہ آئندہ کالج میں بجائے اتوار کے جمعہ کے دن چھٹی کی جائے گی اس فیصلہ سے آیورویدک صیغہ کے ہندو طلبا شور و شر پر آمادہ ہوگئے ہیں کل دھنونتری منڈل کی جانب سے ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں اس فیصلہ کے خلاف صدائے احتجاج بلند کی گئی۔ اطلاع ہے کہ کل اتوار کے دن ہندو طالب علم پڑھنے کے لئے کالج میں نہیں گئے اور پروفیسر اکیلے کمروں میں بیٹھے رہے کل کی [illegible]

ریلوے میں سات کروڑ روپے کی بچت

ریلوے تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ پر دستخط

شملہ ۵ راکتوبر۔ مسٹر شانمکھم چیٹی اور دیگر ممبران نے "ریلوے تحقیقاتی کمیٹی" کی رپورٹ پر دستخط ثبت کردئے ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ کمیٹی نے جو سفارشات کی ہیں اگر ان پر عمل کیا گیا تو ۷ کروڑ ۵ لاکھ روپیہ کی بچت ہوگی ریلوے محکمہ خود اس وقت تک ایسے ذرائع اختیار کرچکا ہے جس سے ۵ کروڑ کی بچت کے لئے کمیٹی نے سفارشات پر جلد از جلد عمل کرنے کی ہدایت کی ہے اس کفایت شعاری کے باوجود ایک دسیع خلیج پر کرنی باقی رہتی ہے جس کے لئے کمیٹی نے ایک مخصوص کمیٹی کے تقرر کی سفارش کی ہے جو ریلوے کے انتظام کی پوری تحقیقات کرے گی۔

باردولی کے واقعات کی تحقیقات

معاہدہ شملہ کی تکمیل

باردولی ۵ راکتوبر۔ باردولی تحقیقاتی کمیٹی کے جو معاہدہ شملہ کے مطابق مقرر ہوئی تھی صدر کل یہاں پہونچ گئے ہیں۔ انہوں نے ایک بیان شائع کیا ہے کہ تحقیقاتی معاملات کے متعلق تحریری شکایات دفتر تحقیقات باردولی میں ۱۴ راکتوبر تک موصول ہوجانی چاہئیں۔ شکایتوں میں بہ تفصیل طور سے بیان کرنا چاہئے کہ کس قدر مالیانہ وصول کیا گیا ہے اور پولیس نے مالیانہ وصول کرنے میں کیا کیا سختیاں کی ہیں۔ پبلک مجالس اور انجمنوں کو گواہاں کا نام مع مختصر طور پر شکایات کے ۱۲ راکتوبر تک بھیجدینی چاہئیں۔ تحقیقات کی کارروائی کس طریقہ سے ہوگی اس کے متعلق آج کے اجلاس [illegible]

فیڈرل مالیات کی سب کمیٹی کا اجلاس

محاصل کی تقسیم کے متعلق تجاویز کی منظوری

لندن ۵ راکتوبر۔ فیڈرل مالیات کی سب کمیٹی کا اجلاس آج صبح ختم ہوا۔ توقع ہے کہ کمیٹی عنقریب ہی اپنا کام ختم کردے گی۔ کمیٹی کے اجلاس میں سر سلطان احمد نے جو تجاویز پیش کی تھیں ان کو برطانی اور ہندوستانی ڈیلیگیٹوں نے منظور کرلیا ہے وہ تجاویز حسب ذیل ہیں۔

(۱) ان اشیاء پر ٹیکس لگانے کا اختیار فیڈرل حکومت کو حاصل ہوجن پر شیل اغراض کی بنا پر ٹیکس عائد کیا جاتا ہے مثلاً منشیات اور تمباکو وغیرہ۔

(۲) ذاتی انکم ٹیکس اور سپر ٹیکس عائد کرنے کا اختیار صوبہ جات کو حاصل ہوگا لیکن کارپوریشن ٹیکس عائد کرنے کا اختیار فیڈرل حکومت کو ہوگا۔

(۳) فیڈرل ذرائع آمد و رفت و پیام رسانی مثلاً ریلوے، ڈاکخانہ جات، تار کے محکمہ جات کلیتاً فیڈرل حکومت کے ہاتھ میں ہوں گے۔ لیکن ان کی آمدنی عام مالیہ میں شامل نہیں کی جائے گی بلکہ ان محکمہ جات پر جو خرچ ہوگا اس کو نکال کر بقیہ آمدنی منافع تصور کی جائے گی۔

(۴) بعض ریاستیں جو خراج ادا کرتی ہیں وہ منسوخ کردیا جائے گا۔ اور جب فیڈرل آئین پر عملدرآمد ہونا شروع ہوجائے گا۔ اس وقت بعض ریاستوں کے اس مطالبہ پر کہ ان کو اس علاقہ کے لئے جو کہ انہوں نے خراج کے لئے زر نقد ادا کرنے کے لئے جو کہ انہوں نے خراج کے لئے زر نقد ادا کرنے کے عوض میں حکومت کو دیدیا ہے معاوضہ دیا جائے۔ ایک غیر جانبدار ٹریبونل غور کرے گی۔

ان تجاویز پر ریاستوں کے مندوبین نے کافی احتیاط کے ساتھ غور [illegible]

انگلستان کی تجارت کیلئے مسلمانوں کا تعاون

غلامانہ ذہنیت کا افسوسناک مظاہرہ

[illegible]

شملہ میں ایک موٹر کھڈ میں جاپڑی

[illegible]

کمپنی باغ والی جدید مسجد کی تفتیش

داروغہ نزول کا معائنہ

دہلی ۵ راکتوبر۔ آج جبکہ کمپنی باغ کی قدیم اس مسجد میں جو کوچہ قابل عطار کے نزدیک نمودار ہوئی ہے عصر کی نماز باجماعت ہورہی تھی داروغہ نزول مع ایک ہمراہی کے پہونچے۔ نماز کے بعد آپ نے مسجد کے متعلق استفسارات کئے نمازیوں میں سے شیخ عبدالحئی صاحب پراچہ نے داروغہ صاحب کو مسجد کے اندر لیجاکر اس کی موجودہ صورت کا معائنہ کرایا۔ فرش مسجد جو مٹی کے نیچے دبا ہوا تھا دکھلاکر عبدالحئی صاحب نے کہا کہ آپ خطوط سے دیکھ سکتے ہیں کہ مسجد قبلہ رخ ہے اور اس پر صفوں کے سفید نشانات بنے ہوئے ہیں نیز محرابیں شکستہ حالت میں نمایاں ہیں اسی اثنا میں خان بہادر شیخ عزیز الدین صاحب آگئے اور داروغہ صاحب سے کوچہ بنگشان اور کوچہ قابل عطار کی قدیمی حالت نیز کوچہ بنگشان کے متصل اونچی مسجد کا تذکرہ ہوتا رہا۔ اونچی مسجد بھی منہدم ہوگئی ہے۔ معمولی پوچھ گچھ کے بعد داروغہ صاحب چلے گئے۔ (نامہ نگار)

مقدمہ سازش دہلی کے ایک ملزم کی رہائی

استغاثہ نے مقدمہ واپس لے لیا

دہلی ۵ راکتوبر۔ مسٹر بھوانی سنگھ جن کو حال ہی میں بمبئی سے گرفتار کرکے دہلی لایا گیا تھا اور جن کو مقدمہ سازش دہلی کا مفرور ملزم بیان کیا جاتا تھا ان کو آج اسپیشل ٹریبونل کے روبرو پیش کیا گیا۔ سرکاری وکیل نے کہا کہ چونکہ ملزم نے اس مقدمہ میں سرگرمی سے حصہ نہیں لیا اور اس کے خلاف مقدمہ چلانے میں غیر ضروری تاخیر اور اخراجات ہوں گے اس لئے استغاثہ اس کے خلاف مقدمہ واپس لینا چاہتا ہے۔ عدالت نے یہ درخواست منظور کرلی اور مسٹر بھوانی سنگھ کو بری کردیا ہے۔

برمی باغیوں نے دو افراد کو ہلاک کردیا

رنگون ۵ راکتوبر۔ ضلع تھین سے آمدہ اطلاع مظہر ہے کہ باغیوں کا ایک گروہ علاقہ دکن کے مغرب میں چار میل کے فاصلہ پر ایک دیہات میں لوٹ مار کرنے کے لئے داخل ہوا۔ گاؤں والوں نے خوب دلیری سے ان کا مقابلہ کیا اور ان کو گاؤں سے نکال دیا۔ ضلع پروم کی اطلاع مظہر ہے کہ ۲ راکتوبر کو تیس باغیوں نے علاقہ پوانگ میں ڈاکہ ڈالا اور دو افراد کو ہلاک کردیا علاقہ ہنزادہ اور بیسٹ میو انسین سے بھی ڈاکہ زنی کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔

گرفتار شدہ جتھہ رہا کردیا گیا

مہاراجہ کشمیر کے عفو عمومی کا اثر

شملہ ۸ راکتوبر۔ اپنی سالگرہ کے موقع پر مہاراجہ کشمیر نے معافی کا جو اعلان کیا ہے اس کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ سیالکوٹ نے مولوی مظہر علی اور ان کے جتھہ کے ۱۴۰ مسلم والنٹیروں کو جو ۴ راکتوبر کو سیالکوٹ کے نزدیک موضع ڈالووالی میں گرفتار کئے گئے تھے رہا کردیا ہے۔

ہندو مسلمانوں کے تمام معاملات کا تصفیہ ہوگیا

جداگانہ انتخاب اور پنجاب و بنگال کی اکثریت تسلیم کرلی گئی

اقلیت والے صوبوں میں مراعات

[illegible]

فرقہ جات نے اصول سے اتفاق کرلیا اور اس کے ساتھ یہ شرط رکھی ہے کہ نئے دستور اساسی پر عمل درآمد شروع ہونے کے بعد فوراً انتخابات کے سوال پر پبلک کی رائے دریافت کی جائے۔ مگر اطلاع ملی ہے کہ مسلمانوں کے مذکورہ بالا مطالبات سے متفق ہوتے وقت گاندھی جی نے مسلمانوں سے کہا ہے کہ وہ کانگریس کے مطالبات کو پورے طور پر تسلیم کرلیں۔ معلوم ہوا ہے کہ اس نئی صورت حالات پر غور کرنے کے لئے مسلم مندوبین کا ایک ضروری اجلاس آج بعد دوپہر ہوگا۔ گاندھی جی سکھ مندوبین سے گفت و شنید کررہے ہیں۔

پالیسی کے اعلان سے وزیر اعظم کا انکار

گاندھی جی کانفرنس سے علیحدہ ہونگے؟

وزارت میں مسئلہ ہند پر اختلاف رائے

لندن کی اطلاعات سے پتہ چلتا ہے کہ جن لوگوں کو یہ توقع تھی کہ کل کی گاندھی جی اور وزیر اعظم کی گفتگوؤں سے کچھ نتیجہ نکلے گا۔ انہیں اب مایوس ہونا پڑا۔ وزیر اعظم اس کے لئے قطعاً تیار نہیں معلوم ہوتے کہ ہندوستان کے متعلق برطانوی پالیسی کا اعلان کریں۔

[illegible]

مجلس وفاقی کے سامنے دو ہفتہ کا پروگرام

مرکزی حکومت میں ذمہ داری اور برطانوی تعلقات

لندن ۵ راکتوبر۔ گول میز کانفرنس کا دوسرا اسٹیج فیڈرل تعمیری سب کمیٹی کے آیندہ اجلاس سے شروع ہوگا جو کہ ۵ راکتوبر سے منعقد ہونا شروع ہوگا لیکن یہ اجلاس مختصر ہوگا کیونکہ فرقہ وارانہ مسئلہ پر غیر سرکاری گفت و شنید جاری ہے اس دوران میں لارڈ سینکی آیندہ دو ہفتوں کے لئے پروگرام مرتب کررہے ہیں۔ فیڈرل تعمیری سب کمیٹی کے ممبران کو مطلع کیا گیا ہے کہ آیندہ [illegible]

(۴) مجالس آئین ساز کے ممبران کے تاج برطانیہ کے ساتھ تعلقات۔

(۵) عدم اعتماد کی تحریک منظور ہونے پر وزارت کی برطرفی۔

ان سوالات میں اہم ترین یہ سوال ہوگا کہ صوبہ جات کو کس قدر زائد اختیارات حاصل ہوں اس سوال پر بہت زیادہ اختلاف رائے ہے۔ فیڈرل کورٹ کے متعلق خاص غور طلب امر یہ ہوگا کہ آیا ممبران کا تقرر تاج برطانیہ کرے اور آیا اس کورٹ کو ابتدائی و نیز اپیل کی سماعت کے اختیارات حاصل ہوں گے ممبران کو یہ بھی واضح کرنا ہوگا کہ فیڈریشن میں تنازعات کا فیصلہ کرنے میں کورٹ کے اختیارات کیا ہوں گے۔ اور کورٹ کے فیصلوں پر کن طریقوں سے عملدرآمد کرایا جائے گا۔

برار کی واپسی کے خلاف ہندوؤں کا واویلا

وزیر اعظم اور وائسرائے کو تار

یوتمال ۵ راکتوبر۔ یوتمال ڈسٹرکٹ ایسوسی ایشن کی ایگزیکٹو کمیٹی نے مسٹر میکڈانلڈ صدر گول میز کانفرنس کو مندرجہ ذیل بحری تار ارسال کیا ہے جس کی نقل وائسرائے ہند کے پاس بھی بھیجی ہے۔

یہ ایسوسی ایشن برار کو ریاست حیدرآباد میں پھر سے شامل کرنے کے متعلق حکومت نظام اور برطانی کابینہ میں مبینہ پوشیدہ گفت و شنید کے خلاف پرزور پروٹسٹ کرتی ہے۔ باشندگان برار کی مرضی کے خلاف دوبارہ اس سوال کو اٹھایا جارہا ہے۔ لارڈ ریڈنگ نے برار کو ریاست حیدرآباد میں شامل کرنے کے مطالبہ کو قطعی طور پر غیر محکم قرار دیدیا تھا برار کو فیڈرل آئین میں ریاست برار کا حصہ قرار نہیں بلکہ علیحدہ صوبہ قرار دیا جائے برار کو ریاست حیدرآباد کے رقبہ میں اضافہ کرنا ہوگا لہٰذا یہ شخصی حکومت ہندوستان کی فیڈرل گورنمنٹ کی جمہوریت کے لئے خطرناک ہوگی۔ ایسوسی ایشن برار آل پارٹیز کانفرنس کے پیش کردہ مطالبات کی تصدیق کرتی ہے۔

فرقہ وارانہ مسئلہ ثالثوں کے سپرد کیا جائیگا

تصفیہ کا امکان دور ہوتا جارہا ہے

لندن ۵ راکتوبر۔ گاندھی جی نے مسٹر سرنیواس شاستری، سرتیج بہادر سپرو، مسٹر جیکر، پنڈت مالویہ سے طویل گفت و شنید کی اس کے بعد شام کو سر محمد شفیع اور مسٹر جناح سے صورت حالات پر بحث کی بحث کے دوران میں کیا بات چیت ہوئی اس کے متعلق کچھ معلوم نہیں ہوسکا مگر اس خیال کو تقویت حاصل ہورہی ہے کہ فرقہ وارانہ مسئلہ کے تصفیہ کا امکان دور ہوتا جارہا ہے اور یہ مسئلہ ایک ٹریبونل یا ایک فرد واحد لارڈ سینکی [illegible]

وزیر ہند اور رکن مالیات میں اختلاف

حکومت پر ہندوستان کے احتجاجات کا اثر

اخبار "ڈیلی میل" (لندن) کے نامہ نگار کو معلوم ہوا ہے کہ ہندوستان کے مالی مسئلہ کے سلسلہ میں سر سیموئل ہور وزیر ہند اور سر جارج شسٹر رکن مالیات حکومت ہند کے مالی معاملات میں کسی قدر اختلاف ہوگیا ہے۔ جنانچہ مسلسل نامہ و پیام کے بعد معلوم ہوا ہے کہ سر سیموئل ہور اس بات پر رضامند ہوگئے ہیں کہ روپیہ اور پونڈ کے مسئلہ پر دوبارہ غور کریں کیونکہ اس مسئلہ نے سارے ملک میں بے چینی پھیلادی ہے اور سب سے زیادہ بمبئی کا تاجر طبقہ اس سے بہت متاثر ہوا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گاندھی جی نے یہاں کے مشہور افراد کے احتجاجات وصول ہونے پر اس معاملہ کو اپنے ہاتھ میں لے لیا ہے اور برطانوی مدبرین سے بھی گفتگو کی ہے۔ بہرحال سر جارج شسٹر وزیر ہند کو یہ یقین دلا رہے ہیں کہ روپیہ کو پونڈ کے ساتھ وابستہ کرنے میں ان سے غلطی ہوئی [illegible] اور انگی اصلاح جلد کرنی چاہئے۔ توقع ہے کہ وزیر ہند عنقریب ایک ایسا اعلان کریں گے جس میں اپنے گزشتہ اعلان کی اس طرح وضاحت کردیں گے کہ سر جارج شسٹر جن امور کی اصلاح چاہتے ہیں وہ بھی ہو جائے اور ہندوستان کے تجارتی طبقہ میں جو شور برپا ہے وہ بھی فرو ہوجائے۔

مصطفیٰ نحاس پاشا کا پیام گاندھی جی کے نام

مصر کی غلامی ہندوستان کے مشابہ ہے

صاحب السعادہ مصطفیٰ نحاس پاشا جو مصر میں جماعت وفد کے قائد اور سعد زاغلول پاشا کے جانشین ہیں، گاندھی جی کی سالگرہ کے موقع پر مندرجہ ذیل پیام بھیجا ہے۔

"گاندھی جی کی سالگرہ ایک عالمگیر واقعہ ہے جسے ساری دنیا کو منانا چاہئے۔ خصوصاً مشرق کی غلام اقوام کے لئے تو بہت ضروری ہے۔ ہندوستان کی جدوجہد کا نمونہ ہونے کے ساتھ ساتھ وہ مشرق کے بھی صحیح ترین نمونہ ہیں جو مصیبت [illegible]

کونسل آف اسٹیٹ میں پریس بل کی پیشی

[illegible]

حکومت کے سامنے آفریدیوں نے ہتھیار ڈال دئے!

کھجوری کے میدان پر حکومت کا قبضہ ہوگیا

اپنی شکست اور معاہدہ کی خلاف ورزی کا اعتراف

[illegible]

۳۰ ستمبر کو جرگہ سے چیف کمشنر صوبہ سرحد نے ملاقات کی اور اس مسئلہ پر گفتگو کا آغاز کیا۔ جرگہ نے اسے تسلیم کیا کہ آفریدیوں نے خود اپنے فعل سے اپنے معاہدہ کو پامال کیا اور اپنے ہی ہاتھوں اپنے سر مصیبت لی۔ اس کے بعد لوگوں نے امن و صلح کی درخواست کی انہوں نے اسے بھی قبول کرلیا کہ ان کو جو رقم ملا کرتی تھی وہ اس زمانہ کی ضبط کرلی جائے جبکہ معاہدہ قائم نہ تھا۔ انہوں نے کاجل اور کھجوری کے میدان کی سڑک کی حفاظت کا بھی وعدہ کرلیا۔ حکومت نے اس کے معاوضہ میں قدیم مقررہ رقم کو پھر جاری کردینا منظور کرلیا اور اس طرح آفریدیوں پر جو بندش تھی وہ اٹھالی گئی اور آئندہ موسم سرما میں وہ میدان میں آسکیں گے۔

اقلیتوں کے مسائل کا تصفیہ ہوگیا!

مسلمان اور سکھوں کیساتھ دوسروں کو زائد نشستیں

گاندھی جی کی طرف سے سخت مخالفت

لندن ۵ راکتوبر۔ اقلیتوں کے مسئلہ کو طے کرنے کے لئے پرسوں جو سب کمیٹی بنائی گئی تھی اس نے اپنا کام آج ختم کردیا۔ اس مشاورت کا اجلاس کل ہوا تھا جس کی صدارت گاندھی جی نے کی کل سب سے پہلے مسٹر فیلر سلام ہندوستانی عیسائی مندوب نے تقریر کی۔ اس کے بعد ڈاکٹر امبیدکر نے تقریر کی دونوں نے نیابت خصوصی پر زور دیا۔ سر تیج بہادر سپرو، سر اے پی پیٹرو، مسٹر مدالیر اور مسٹر رام چندر راؤ نے ان کی پرزور تائید کی۔

سردار سمپورن سنگھ نے اپنی تقریر میں اچھوت ذات والوں کے لئے خصوصی نیابت دئے جانے کی مخالفت کی اور کہا کہ یہ عام طور پر تسلیم کیا جاتا ہے کہ وہ آہستہ آہستہ دوسری ملتوں میں مدغم ہوتے جارہے ہیں اس لئے یہ کسی طرح مناسب نہ ہوگا کہ ان کو علیحدہ حق نیابت دے کر ان کے وجود کو ہمیشہ کے لئے مستحکم کردیا جائے۔

گاندھی جی نے کانگریس کی طرف سے اس کی مخالفت کی کہ سوائے مسلمان اور سکھوں کے کسی اور کو خصوصی نیابت کا حق دیا جائے انہوں نے کہا کہ لاہور کانگریس نے اس قسم کی قرارداد منظور کردی تھی اور اس کی تائید بعد کے اجلاس کراچی میں بھی کی گئی ہے اور مجلس عاملہ نے بھی کی ہے۔

مسٹر ہربرٹ کار نے کل بھی تقریر کی تھی اور آج پھر یورپینوں کو خصوصی نیابت کا حق دئے جانے پر زور دیا۔ انہوں نے اپنی جماعت کے پوزیشن بیان کی اور حالات کی دشواریوں اور نقصانات کو پیش کیا جو انہیں خاص طور پر نیابت کا حق نہ دینے کی وجہ سے اٹھانی پڑیں گی۔

[illegible]

آخر میں سوائے گاندھی جی کے سب اس بات پر راضی ہوگئے کہ اقلیتوں کو نیابت خصوصی کا حق دیا جائے۔ گاندھی جی یہ کہتے تھے کہ صرف سکھوں اور مسلمانوں کو دینا چاہئے۔ وہ بھی صرف اس وجہ سے کہ وہ بغیر اس کے راضی نہیں ہوتے ورنہ خود مختار ذمہ دار حکومت میں علیحدہ علیحدہ نیابت کا مطلب صرف یہ ہے کہ خود مختار حکومت نہ قائم ہو۔

نشستوں کے تعین کا سوال

لندن ۳ راکتوبر۔ اقلیتوں کی بے ضابطہ مشاورت کے بعد پرسوں دوشنبہ کو فیڈرل کمیٹی کا اجلاس ہوگا جس میں خیال ہے کہ خوب بحثیں ہوں گی خیال ہے کہ اس اجلاس میں مسلمانوں کو صوبہ جات کی مجالس قانون ساز میں زائد نشستیں دئے جانے پر اور مرکزی میں اہم بحث ہوگی۔ یہ دونوں مسائل نہایت اہم ہیں اور سب سے زیادہ مختلف فیہ لیکن بہرحال امید ہے کہ ان کا تصفیہ کسی نہ کسی صورت میں ہوجائے گا۔

فرقہ وارانہ مسئلہ کے تصفیہ کے سلسلہ میں گو ناگوں مشکلات کا خیال کرکے گاندھی جی نے اپنا سفر اسکاٹلینڈ بھی ملتوی کردیا ہے جہاں وہ لیبر پارٹی کے سالانہ جلسہ میں شرکت کے لئے جارہے تھے جو چہار شنبہ کو ہونے والا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ بیگم شاہنواز نے انصاری کی موجودگی کے گاندھی جی نے مسلمانوں کے مطالبات کو قبول کرنے کے لئے یہ شرط پیش کی [illegible] مسلمان مندوبین یہ یقین دلادیں کہ وہ گاندھی جی کے اس مطالبہ میں جو وہ حکومت کے سامنے ہندوستان کی ذمہ دار حکومت کے لئے پیش کریں گے بالاتفاق اور کامل یکجہتی کے ساتھ شریک ہوں گے۔

کیا نمک کے محصول میں اضافہ کیا جائیگا؟

واپس آکر گاندھی جی پھر مقابلہ کرینگے!

[illegible]

عصمت پاشا کے قتل کا اقدام

جہاز پر دو آدمیوں کی گرفتاری

قسطنطنیہ ۳ راکتوبر۔ ترکی وزیر اعظم عصمت پاشا کو قتل کرنے کی سازش کا حال ہی میں انکشاف ہوا ہے جبکہ آرمینیا کی خفیہ سوسائٹی کے دو مسلح شخص بندوقیں لئے ہوئے اس جہاز کے اندرونی حصہ میں پائے گئے ہیں جس پر عصمت پاشا یونان جارہے تھے۔ گرفتار شدگان میں ایک وہی شخص ہے جس کو خفیہ سوسائٹی نے گزشتہ سال کراخان کو قتل کرنے کی غرض سے روس روانہ کیا تھا اور جس وقت اس نے دیکھا کہ پولیس نے اس کو گھیر لیا ہے تو اس نے خودکشی کرنے کی کوشش کی تھی۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ اس نے اپنے آپ کو خود زخمی کرکے خودکشی کرلی ہے۔

چار سو چینیوں کا قتل

چینی فوج پر جاپانی جہازوں کی گولہ باری

ٹوکیو ۳ راکتوبر۔ ۴ سو مسلح چینیوں نے نیوشانگ دانچو پر حملہ کیا اور وہ چینیوں کو قتل کردیا۔ ٹیلیگراف اور ٹیلیفون کے تار کاٹ ڈالے اور شہر میں آگ لگادی۔

شانگ خون کے مقام پر جو ہزاروں چینی جنہیں جاپانی ہوائی جہازوں پر گولہ باری کی جس کے جواب میں جاپانی جہازوں نے ۹۰ بم ان پر گرائے جانی نقصان کا صحیح اندازہ اس وقت نہیں ملا ہے۔

جنگ کے لئے تیار ہوجاؤ

سردار پٹیل کا اعلان

بمبئی ۵ راکتوبر۔ گاندھی ہفتہ کے دوسرے یوم کے سلسلہ میں منعقدہ پبلک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے سردار پٹیل نے اعلان کیا کہ جنگ کا زمانہ آرہا ہے سمندر پار سے جنگ کے بگل بجنے کی آواز آرہی ہے شاید جنگ دوبارہ شروع کرنی پڑے گی اب فیصلہ کن جنگ ہوگی اور مادر وطن کی خاطر اپنا سب کچھ قربان کرنے کو تیار رہو۔

وزیر اعظم اور ملک معظم میں گفتگو

پارلیمنٹ توڑ دی جائیگی

لندن ۵ راکتوبر۔ پارلیمنٹ کے ٹوٹ جانے اور برطانیہ میں عام انتخابات ہونے کے امکانات پیدا ہوگئے ہیں۔ چنانچہ آج ۹ بجے صبح وزیر اعظم نے بکنگھم پیلس میں پہونچ کر ملک معظم سے ملاقات کی۔ چنانچہ ۷ راکتوبر کو پارلیمنٹ توڑ دیجائے گی اور ۲۷ راکتوبر کو عام انتخابات ہوں گے۔

ہندوستان میں بیوہ عورتوں کی تعداد

ہندوستان میں بیوہ عورتوں کی بڑی کثرت ہے ان کی کیفیت ذیل کے اعداد شمار سے ظاہر ہے:

عورتوں کی مجموعی تعداد	۱۵۴۹۴۴۹۲۶
بیوائیں	۲۶۸۳۴۸۳۸
ہندو عورتیں بحیثیت مجموعی	۱۰۵۸۲۱۸۲۵
[illegible]	[illegible]

[illegible]

نگار اور نیاز کی الحاد پرستی

علمار سہارنپور کی تجاویز

آج ۲۰ ستمبر سنہ ۳۱ء کو فتنہ پرور رسالہ نگار کے کفر و الحاد کی انسدادی تدابیر پرغور کرنے کے لئے مدرسہ عالیہ مظاہر علوم سہارنپور کے دار الحدیث میں زیر صدارت حضرت مولانا عبد اللطیف صاحب ناظم مدرسہ تمام علمار و طلبار مدرسہ و عمائد و روسار شہر کا عظیم الشان اجتماع ہوا۔ جناب مولانا اسعد اللہ صاحب ناظم مدرسہ تمام علمار و طلبار مدرسہ و عمائد و روسار شہر کا عظیم الشان اجتماع ہوا۔ چنانچہ مولانا اسعد اللہ صاحب نے نہایت موثر انداز سے نیاز کی کفر نوازی الحاد پروری رند تطرازی پر مفصل و مبسوط تقریر فرمائی اس کی ان مزخرفات و اباطیل کی جو مسلمان تو کیا کسی مہذب کافر کے قلم سے بھی نہیں نکل سکتی ہیں عقل سلیم و نقل صحیح و ادب کامل کی روشنی میں تردید فرمائی۔ اخبار سچ ۳۲ جلد ۵ سے کچھ اقتباسات پڑھکر سنائے جناب موصوف کی تقریر کے بعد ذیل کی اہم تجاویز باتفاق حاضرین منظور کی گئیں۔

(۱) اساتیذ و تلامیذ مدرسہ مظاہر علوم اور عمائد سہارنپور کا یہ زبردست اجتماع اپنے قلبی جذبات سے مجبور ہو کر جناب مولوی عبد الماجد صاحب وغیرہ حضرات کی خدمت میں تحفہ تہنیت و ارمغان مبارکباد و ہدیہ تشکر و امتنان پیش کرتا ہے کہ انہوں نے اپنی مخلصانہ مساعی سے اسلامی پریس اور ملی درسگاہوں کو اس مار آستین پیکر تسخر و استہزا (نیاز) کے فتنہ انگیزیوں پر مطلع فرمایا اور ان کی تردید کی جانب عالم اسلام کی توجہات مبذول کرائیں شکر اللہ مساعیہم

(۲) یہ جلسہ نیاز کی لامذہبیت و دہریت کو انتہائی تحقیر و تنفر کی نظر سے دیکھتا ہے اس کی بد دینی اور بد تہذیبی کو انسانیت سوز سمجھتا ہے اس نے حق تعالےٰ شانہ، سید الرسل صلے اللہ علیہ وسلم، جملہ انبیار علیہم السلام تمام مذاہب عالم کتب سماوی، احادیث، حضرات صحابہ رض، ائمہ عظام صوفیائے کرام اکابر ملت علمار و فقہار کے خلاف جو مضامین شائع کئے ہیں ان کو پائے استحقار سے ٹھکراتا ہے۔ اس کی سیطنت و دہریت پر دلی غم و غصہ کا اظہار کرتا ہے۔

کشمیر میں اسلامی خون کا دریا بہہ رہا ہے

اور برطانیہ خاموش ہے

چین اور جاپان میں صرف ایک شخص کے قتل پر خونریز آزمائی ہو رہی ہے

(از جناب بہلول خاں صاحب)

آزادی بھی عجیب نعمت ہے آزاد قوم کے افراد کی جان کس قدر گراں قیمت ہوتی ہے اس کا اندازہ لگانا ہو تو جاپان کے احتجاجی نوٹوں کا مطالعہ کرو جو ایک جاپانی کپتان ناکامورا کے حادثۂ قتل پر چین کو بھیجے گئے اور تشفی بخش جواب نہ ملنے پر حال ہی میں جاپان نے جنگی کارروائی شروع کر دی دیکھا ایک آزاد جاپانی کی جان جاپانیوں کے نزدیک کتنی قیمتی ہے گورنمنٹ جاپان اس کے لئے اربوں روپیہ اور ہزاروں لاکھوں جانیں قربان کرنے کا اعلان کر رہی ہے اور عملی قدم اٹھا چکی ہے۔ اب ذرا محکوم مسلمانانِ کشمیر کے خون کی قدر و قیمت کا بھی اندازہ لگاؤ پچاسوں مظلوم مسلمان وادی کشمیر میں ڈوگرہ راج کی بندوقوں کا اور سنگینوں کا نشانہ بن چکے ہیں ان کا جرم صرف اتنا ہے کہ وہ اپنے راجہ سے انصاف مانگتے تھے اور انہیں اس کی طرف سے جواب ملا تو تیغ و تفنگ کی زبان و آواز سے ملا۔ وادی کشمیر میں اسلامی خون کا دریا بہہ نکلا لیکن گورنمنٹ ہند خاموش ہے اور صرف اس لئے خاموش ہے کہ کشمیری آزادی کی نعمت سے محروم ہیں اور ان کا خون آزاد آدمیوں کا خون نہیں ہے، اگر کشمیری مسلمانوں کے دریائے خون کے بجائے کسی آزاد برطانوی کی نکسیر بھی پھوٹ جاتی اور وہ جھوٹے سے کشمیری راج پر اسکا الزام لگا دیتا تو مہاراجہ کشمیر کی کبھی کی آنکھیں کھل جاتیں لیکن بیچارے مصیبت کے مارے غریب کشمیری مسلمانوں کے خون کے دریا بہہ رہے ہیں اور ڈوگرہ راج سے کوئی یہ بھی نہیں پوچھتا کہ آخر یہ ہیبت کے مظاہرے کیوں ہو رہے ہیں۔ ان واقعات کو مطالعہ کرو اور خود مختار اور محکوم اقوام کی جان کی قدر و قیمت پہچانو کہ دونوں میں کتنا فرق ہے؟

انجمن مغل اتحاد کے زیر اہتمام ایک جلسہ

مغلوں کا ایک جلسہ بسرپرستی انجمن مغل اتحاد بتاریخ ۳ اکتوبر سنہ ۳۱ء بوقت ۶ بجے شام منشی والاں میں منعقد ہوا۔ جلسہ کی صدارت مرزا محمد حکیم مرزا صاحب سیکرٹری انجمن نے فرمائی چند اصحاب رکن بنے جن میں قابل ذکر نواب سکندر بیگم و نواب ناصر الدین احمد خاں و مرزا بلند بخت صاحبان ہیں۔ دوسرا جلسہ بتاریخ ۱۰ اکتوبر سنہ ۳۱ء اسی محلہ میں برمکان مرزا احمد شاہ صاحب بعد مغرب منعقد ہو گا۔

نور الحسن برلاس معتمد

مولانا سید عطار اللہ شاہ بخاری کی گرفتاری پر احتجاج

ڈسٹرکٹ کانگرس کمیٹی دہلی کی تجویز

گاندھی اروِن سمجھوتہ کی صریح خلاف ورزی تصور کرتا ہے اور مولانا موصوف کی قومی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے ان کو اس گرفتاری پر مبارکباد دیتا ہے۔

حضرت قاضی سید عبد الرشید صاحب شہید رحمۃ اللہ علیہ

کی روح کو ایصال ثواب

ہندوستان میں شاید ہی کوئی ایسا مسلمان ہوگا جو قاضی سید عبد الرشید صاحب شہید رحمۃ اللہ علیہ کے نام نامی سے ناواقف ہو۔ چار سال ہوئے کہ آپ نے ناموس رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم پر اپنی جان فدا کی تھی اور دہلی جیل کے تختہ دار پر جام شہادت نوش کیا تھا۔ شہید صاحب موصوف کی روح پرفتوح کو ایصال ثواب کے لئے بتاریخ ۵ ماہ جمادی الاول سنہ ۱۳۵۰ھ مطابق ۹ اکتوبر سنہ ۱۹۳۱ء بروز جمعہ صبح ۷ بجے سے ۹ بجے تک دہلی کے جدید قبرستان میں قرآن خوانی ہوگی اور اسی دن بعد نماز جمعہ مدرسہ حسین بخش میں فاتحہ خوانی کی جائے گی۔ برادران ملت کی خدمت میں التماس ہے کہ دونوں جگہ وقت معینہ پر پہونچکر ایصال ثواب اور حصول سعادت میں حصہ لیں۔ مسلمانان بیرونجات سے بھی توقع ہے کہ حسب معمول وہ اپنے اپنے مقامات پر قرآن خوانی اور ایصال ثواب کا انتظام کر کے اجر اخروی حاصل کریں گے۔

جمیل احمد برادر حضرت قاضی سید عبد الرشید صاحب شہید رحمۃ اللہ علیہ

تحصیل بلاری کی مسجد میں اذان و نماز کی اجازت

جمعیۃ العلمار مراد آباد کی مساعی جمیلہ

"بظاہر میرے احکام غلط سمجھے گئے"

تحصیل بلاری کی مسجد سے ناظرین اخبار اس سے پیشتر تعارف حاصل کر چکے ہیں یہ وہی مسجد ہے جس کے متعلق کلکٹر صاحب مراد آباد نے از خود یا کسی گہری سازش کے ماتحت (جیسا کہ ایک قرین قیاس افواہ ہے) ۹ ارجون سنہ ۳۱ء کو یہ حکم نافذ کر دیا تھا کہ چونکہ احاطۂ تحصیل بلاری کی کل زمین نزول سرکاری ہے لہذا اگر کوئی آہستہ یا با واز بلند نماز پڑھیگا یا اذان دیگا یا اس حکم کی خلاف ورزی کرے گا تو وہ مستوجب اس سزا کا ہوگا جو اس کو قانونا دی جاسکتی ہے۔

الٰہ کے گھر میں اللہ کے نام لینے کی ممانعت۔ یہ تصور ایسا نہ تھا جو کسی مسلمان کے سینے میں اضطراب اور غضب کے تنور نہ سلگا دیتا چنانچہ عام جذبات کا اندازہ کرتے ہوئے جمعیۃ علمار مراد آباد نے ...

...

ضرورت

عبد الغفور خاں معرفت پوسٹ بکس ۱۴۷ دہلی

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

منیجر گنگا پرشاد گپتا بہار ہیلپ لیبارٹری درسنگہ

سوراج ضرور ملے گا

کوکین کی لذت

لذت کوکین

سعید برادرس اینڈ کو کلاں محل دہلی

والبتدگان اقدس اعلیٰ کی کوٹھی پر کرم

اصل واقعہ کی حقیقت

... کے برآمد ہونے کی اطلاع پولیس کو سب سے پہلے حیدرآباد کے ایک مسلمان باشندے نے کی جو پہلے پولیس میں ملازم تھا۔ تحقیقات کرنے پر پتہ چلا کہ اس نقل کی ذمہ داری خود اس اطلاع کنندہ پر ہی تھی اسکو بس اسی الزام میں گرفتار کر لیا گیا ہے۔

عزیز احمد مددگار ناظم

ہم با آواز بلند کہتے ہیں کہ آج جو صاحب ہماری بہراپن کی دوا (روغن کرامات) کی برابر کوئی دیگر اسی مجرب و مشہور دوا بتلادیں کہ جیسے ہماری دوا کے برابر شہرت اور سارٹیفکٹ حاصل کئے ہوں اور ہماری دوا کے برابر کان کی تمام بیماریوں اور نیٹ بہراپن پر ایسی مفید ثابت ہوئی ہو تو ہم مبلغ پچاس روپے نقد انعام دیں گے جن صاحبان کو اعتبار نہ ہو وہ یہاں بھی جب چاہیں تشریف لاکر علاج کرا سکتے ہیں دھوکہ دینے والے ٹھگ اور مکاروں سے بچنا آپ کا فرض ہے آرڈر کے وقت اپنا پورا پتہ معہ نام صاف لکھیے۔

نیٹ بہراپن کا شرطیہ علاج

کان بہنے، زخم، کم سننے، کان بند یا بھاری رہنے، پھنسی، ناسور، کیڑے پڑجانے، درد، طرح طرح کی آوازیں ہونے پردوں کی کمزوری اور کان کی تمام بیماریوں کی ایک مجرب و اکسیر بے خطا دوا

بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات ہے

فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ (عہ) تین شیشی ایک ساتھ طلب کرنے پر محصول ڈاک و پیکنگ معاف

ہمادری سرمہ ضعف بینائی، سرخی، دیرینہ، ککرے، نزول اور ڈھلکہ کی خاص دوا ہے۔ ہر عمر اور ہر موسم میں قابل استعمال ہے فی شیشی چار آنے (۴ر)

کان کی دوا بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یو۔پی)

حریت اسلام

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

مسلمانان بہار کے لئے اصلاحی پروگرام

برادران قوم!

یہ روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ مسلمانان بہار علی العموم اور شیوخ بہار علی الخصوص اپنی قدامت پسندی تن آسانی اور اولو العزمی کی کمی "جھکڑ" دراں دیار کہ راندہ آنجاند" اور ان کے پاس سوائے پرانی ہڈیوں کے چچوڑنے کے اور "پدرم سلطان بود" پر فخر کرنے کے اور کوئی ذریعہ اظہار برتری کا نہیں ہے۔ اور اسی فخر و پندار کے کارن وہ ایسے لاحاصل و غیر منفعت رساں و تباہ کن اخراجات کر ڈالتے ہیں علی الخصوص شادیوں کے موقعوں پر ایسا لایعنی طول فضول اور بیکار زیوروں و کپڑوں اور تکلفاتی کھانوں میں خرچ کر ڈالتے ہیں کہ بجز نقصان مایہ و شماتت ہمسایہ و خسران مبین کے کچھ حاصل نہیں اور جسکا خمیازہ مدت العمر اور اکثر ان کے مرنے کے بعد ان کی اولاد بھگتتی رہتی ہے۔

شارع علیہ التحیۃ والسلام نے جس سادہ زندگی اور میانہ روی کی تعلیم دی تھی اسکو ہم لوگوں نے بھلا دیا۔ اور جس اسراف و فضول خرچی سے روکا تھا اسی کو ہم لوگوں نے اپنا دستور العمل بنا رکھا ہے اس سے بڑھکر اور بدنصیبی کیا ہو گی کہ نہ خدا ہی ملا نہ وصال صنم نہ ادھر کے رہے نہ ادھر کے رہے۔ برادران قوم! کب تک خدا و رسول سے منہ موڑ کر شیخی و مشیخت کی درگاہ میں سربسجود رہو گے ...

...

انجمن سعادت بخارا و ترکستان کی تاسیس و احیاء

مولانا عبد الحکیم صاحب امیر منتخب ہوئے

... کی زیر صدارت شروع ہوئی۔ جناب محمد الٰہ بخش صاحب ضیار ایڈیٹر روزنامہ سرحد نے زبان فارسی میں ایک بصیرت افروز تقریر فرماتے ہوئے مہاجرین و انصار اہل بخارا سے یگانگت اور یکجہتی کے جذبات رکھتے ہوئے اہل بخارا و ترکستان کی بہتری و بہبودی کے لئے ایک صحیح طریق کار پر عمل پیرا ہوں۔ چنانچہ آپ نے تجویز کی کہ انجمن سعادت بخاریان و ترکستان جو مولانا عبد القادر صاحب کی مساعی جمیلہ سے ایک دفعہ قائم کی گئی تھی بغیر تعطل کی جائے۔ اور سال رواں کے لئے انتخاب کرتے ہوئے جلد از جلد کوئی صحیح لائحہ عمل مسلمانوں کے پیش کیا جائے۔ حاضرین نے یک زبان اس تجویز کی تائید کی اور انجمن سعادت بخارا و ترکستان کی مجلس عاملہ کی رکنیت کے لئے اپنے نام و رجسٹر کرائے۔

ازاں بعد مجلس منتظمہ کے لئے انتخاب عمل میں آیا اور حسب ذیل عہدیدار منتخب ہوئے۔

سرپرستان	امیر جماعت	جناب مولانا عبد الحلیم صاحب صدر مجلس خلافت پشاور
	سرپرست	جناب محترم محمد الٰہ بخش صاحب ضیار ایڈیٹر روزنامہ سرحد
		جناب محترم ڈاکٹر گیلانی صاحب رکن مجلس خلافت پشاور
عہدیداران	صدر	جناب محترم محمد الٰہ بخش صاحب ضیار ایڈیٹر روزنامہ سرحد
	نائب صدر	جناب محترم قاری عبد اللہ صاحب مہاجر
	ناظم اعلیٰ	جناب مولانا عبد القادر صاحب مہاجر
	ناظم	جناب محترم ملا عمر جان صاحب مہاجر
	نائب ناظم	جناب محترم حاجی غلام جان صاحب مہاجر

انتخابات کے بعد جناب محمد الٰہ بخش صاحب ضیار ایڈیٹر روزنامہ سرحد نے کرسی صدارت کو زینت بخشی اور فیصلہ ہوا کہ جناب صدر محترم نے بعض اراکین مجلس کو مامور فرمایا کہ ایک مجلس ماتحت کی تشکیل فرمائی۔ جو آئندہ اجلاس میں انجمن سعادت بخارا و ترکستان کے لئے ایک مکمل دستور اساسی منظوری کے لئے مجلس منتظمہ میں پیش کرے ...

اس کے بعد دعا کی گئی اور جلسہ برخاست ہوا۔ حاضرین نے جناب محمد الٰہ بخش صاحب ضیار صدر مجلس و جناب ڈاکٹر گیلانی صاحب صدر انجمن و مولانا عبد القادر صاحب مہاجر ناظم اعلیٰ کا شکریہ ادا کیا۔ اور سب رخصت ہوئے۔

(نامہ نگار)

محرومی کے اسباب

واقعہ یہ ہے کہ اسلام صرف عقائد و نظریات کا مجموعہ نہیں ہے۔ قرآن عظیم دنیا میں اس لئے نازل نہ ہوا تھا کہ دنیا کی علمی اور ادبی لائبریریوں میں ایک فصیح و بلیغ اور دلکش و دلفریب کتاب کا اضافہ ہو جائے۔ اسلام ایک "حکومت" ہے ایک "تنظیم" ہے ایک "نظام عمل" ہے۔ اللہ کے وعدے، قرآن عظیم کی بشارتیں اور اسلام کی برکات و فتوحات اور شخصی اور انفرادی عقائد اور اخلاق کی ساتھ وابستہ نہیں ہیں۔ اسلام کا ورثہ حاصل کرنے کے لئے "اسلامی تنظیم" "اسلامی نظام" اور اسلامی جمعیت کی ضرورت ہے۔ ہم پوچھتے ہیں کہ مسلمانان الملسو کے "واحدی" کے معیار پر پورے اترتے ہیں۔ اور کیا انہیں قرآن "امت د ادب" کے مطابق ایک امت قرار دیا جاسکتا ہے۔ اگر نہیں تو انسان کا ایک منتشر گروہ اور ایک پراگندہ ہجوم اس کی شکایت نہیں کرسکتا کہ وہ میراث خلیل سے محروم ہے اور نبی آخر الزماں صلعم کی مصداق نہیں۔ لہذا سارے مسلمانوں کی خدمت میں درخواست ہے کہ سب کے سب تنظیم ملت اسلامیہ پر غور فرمائیں۔

مولوی محمد شعیب
ناظم جمعیۃ العلمائے میرٹھ

سفید بال

سات دن میں جڑ سے کالا

منیجر مہرشی اوشدھالیہ، درسنگہ

سگنل ڈون ہوگیا

جلد دوڑو ورنہ خطرہ ہے

وید شاستری جامع مسجد آگرہ

چوہوں کی دوا

گھروں میں چوہوں کی کثرت سے بائی امراض کا اندیشہ

پندرہ منٹ میں تمام چوہے ہلاک

دفتر مسلم تجارتی اسٹور جھاڑ کشی مظفر نگر

ریٹی قلم کی انقلاب انگیز فہرست

خدمت

ریٹی قلم کمپنی نئی سڑک دہلی

بیروزگاروں کے لئے سنہری موقع

منیجر دی کیپٹل پریکٹیکل موٹر ٹرینگ کالج جامع مسجد دہلی

سرمہ عزیزی

حکیم سید محمد عزیز الحسن پری گھاٹ بھوپال

حاکیہ بیان اور سابق مثبت

منیجر دوا خانہ ہس محلہ شاہ نظر راولپنڈی

عطاروں اور طبیبوں کو نوید قرابادین مفید عام

منیجر کتب طبیہ بازار بلی ماران دہلی

خالص گیسٹرائیل سے تیار کردہ کیسٹوفین

جلاب کی میٹھی گولیاں

Castophen Mafg. Co. (India)
Post Box 88, Karachi.

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنہ

ید اللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دہلی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
کو شائع ہوتا ہے
نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ
ایک کالم
نصف کالم
ربع کالم

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی۔ اے)

معاون
محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۴ | دہلی۔ یوم سہ شنبہ یکم جمادی الثانی ۱۳۵۰ھ مطابق ۱۳ اکتوبر ۱۹۳۱ء | نمبر ۲۷

معاصرین کے افکار و آراء

فسادات کشمیر کی تحقیقات (زمیندار)

۱۳ جولائی کو سری نگر میں جو خونریز واقعات پیش آئے ان کے متعلق تحقیقات کرنے کی غرض سے حکومت کشمیر نے ایک تحقیقاتی کمیٹی مقرر کی تھی اس کمیٹی کے صدر کشمیر کی عدالت عالیہ کے چیف جج جسٹس دلال تھے اور اس کے ارکان مسٹر عبدالقیوم اور مسٹر ساہنی تھے جو کشمیر کی سول سروس کے ارکان ہیں اس رپورٹ میں عام پولیس، خفیہ پولیس، افسران انتظامی اور خدا ودان شعبۂ عدالت گستری کی نااہلیت وبے خبری کا اعتراف کرنے کے باوجود رپورٹ کے مرتب کرنے والے اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ انہوں نے حکام کی ...

سیاسی ملزموں کو سزائے تازیانہ دی جائے لیکن تمام سمجھدار حلقوں نے اس وقت اس منحوس تجویز کی پرزور مخالفت کی تھی اور صاف کہہ دیا تھا کہ اگر حکومت اس قسم کے اوچھے ہتھیاروں پر اتر آئی تو ملک میں عام بغاوت ہو جائے گی ...

فتنہ نگار (سچ)

مسلمانان کشمیر پر حکومت کے مظالم کی پر درد داستان

ٹیکسوں کے ذریعہ کس طرح غریب رعایا کا خون نچوڑا جاتا ہے!

(از جناب محمد نذیر صاحب لدھیانوی)

اگرچہ دربار کشمیر نے عفو عمومی کا اعلان کر کے محبوسین اور زیر سماعت ملزمین کو رہا کر دیا ہے ... مسلمانان کشمیر کے سامنے جو اصل مشکلات اور مصائب ... جب تک ان کو پورا نہ کیا جائے گا اس وقت تک حقیقی امن ... پیدا نہیں ہو سکتی ...

کشمیر کا وحشیانہ آرڈیننس

غریب کسانوں پر مالیہ کا بار

آثار صنادید

یعنی

میرے خاندان عالی کے ان نادر و نایاب صد ہا سالہ مصدقات سنیہ میں سے چند تحائف

نوٹ

طلاء مبارک کا مکمل بکس

دوائی سل کا مکمل بکس

دوائی تپ کہنہ

دوائی ضیق النفس کا مکمل بکس

دوائی آتشک

مبارک

دوائی سوزاک

دوائی سرعت انزال

دوائی برص

معلی القاب عالیجناب آقائے مقرب الخاقان سفیر کبیر دولت علیہ ایران

صحت عاجلہ و شفاء کاملہ کی بشارت

"میں تصدیق کرتا ہوں"

"میری بڑی بیٹی کو ٹی بی کی عمر"

"ایک اولکارست سری اکال"

"کلجگ میں ست جگ کا جلوہ"

"میں تصدیق کرتا ہوں"

"مدقوق و مسلول اصحاب بغور مطالعہ کریں"

"ایک حیرت انگیز کرامت"

"ایک پاک و نیکار پر میری ایک تند فضل کر"

"یہ تصدیق کیا جاتا ہے"

"یہ تصدیق کیا جاتا ہے"

"مجھ کو چھ برس سے عرق النساء"

"حال محمود"

ان اللہ مع الصادقین

المشتہر: حکیم سید امیر علی شاہ قادری بغدادی کراچی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجمعیۃ دہلی
یوم سہ شنبہ یکم جمادی الثانی ۱۳۵۰ھ

گول میز کانفرنس کے مباحث

اقلیتوں کی سب کمیٹی کا اجلاس

(۶)

جب گاندھی جی نے گول میز کانفرنس میں ڈاکٹر انصاری کی شمولیت پر مسلم مندوبین "کو رضامند کرنے کی تمام کوششیں کرلیں اور یہ معلوم ہوگیا کہ مسلم نمائندے" کسی طرح یہ نہیں چاہتے کہ ڈاکٹر انصاری لندن آکر صلح کی مساعی میں امداد پہنچا سکیں تو انہوں نے فرقہ وارانہ مسئلہ کے حل کے متعلق کانگریس کی جانب سے ایک دوسری تجویز پیش کی اور وہ یہ تھی کہ کانگریس سوائے ہندوؤں، مسلمانوں اور سکھوں کے کسی دوسری اقلیت کے لئے جداگانہ نیابت برداشت نہ کریگی۔ اگر اس پر تمام ملتیں راضی ہوجائیں تو میں آئندہ کے لئے گفت و شنید شروع کروں۔ سر آغا خاں اور گاندھی جی کی نجی گفتگو کے دوران میں جس کا ذکر پہلے کیا جاچکا ہے دوسری اقلیتیں بہت پریشان ہو رہی تھیں اسلئے جیسے ہی کہ یہ تجویز پیش کی گئی سب کی رائے سے بہ تکرار منظور ہوئی کہ اقلیتوں کی سب کمیٹی میں کوئی باضابطہ فیصلہ ہونے سے قبل ایک بے ضابطہ سب کمیٹی بنادی جائے جو فرقہ وارانہ مسئلہ کے متعلق بحث و تحقیق کے بعد کوئی حل تلاش کرے۔ چنانچہ ایک کمیٹی بنائی گئی جس کے ارکان گاندھی جی، سر آغا خاں، سر محمد شفیع، ڈاکٹر مونجے، پنڈت مالویہ، راجہ نریندر ناتھ، مسٹر جناح، مسٹر بارلر، مسٹر تامبے، مولانا شوکت علی، سر علی امام، ڈاکٹر سپرو، مسٹر جیکر، مسٹر شاستری، دیوان بہادر رام چندر راؤ، سری نواس، سر فیروز سیٹھنا، سر اے۔ پی۔ پیٹرو، سردار اجل سنگھ، سردار سمپورن سنگھ، ڈاکٹر امبیدکار، مسٹر سی۔ ای۔ ہام، مسٹر نگاسوامی اینگر، اور مسز نائیڈو تھیں۔ گاندھی جی اس بے ضابطہ کانفرنس کے صدر تھے۔

کے لئے آمادہ ہوں لیکن اگر ایسا نہیں ہے اور مسلمان یہ چاہتے ہیں کہ کانگریس سے من حیث الجماعت اور بجہت میری ذاتی حیثیت میں اتحاد کریں تو میں ان کے مطالبات کی تائید کرونگا بشرطیکہ وہ میری شرائط کو قبول کرلیں۔

رجعت پسندوں میں اضطراب

جیسے ہی کہ اس گفت و شنید کی خبر پردۂ راز سے نکل کر سرکاری اور غیر سرکاری حلقوں میں پہنچی اور ان لوگوں کو جو کانگریس کے ساتھ مسلمانوں کا اتحاد کسی طرح پسند نہیں کرسکتے اور جن کے نزدیک اقلیتوں کے مسئلہ کا اطمینان بخش حل انگریزی راج کے لئے پیغام موت ہے۔ یہ خبر ہوئی کہ معاملات اس مرحلہ تک پہنچ چکے ہیں اور بہت ممکن ہے کہ مسلمان گاندھی جی کی شرائط تسلیم کرکے ایک نئی صورت حال پیدا کردیں۔ رجعت پسند حلقوں میں کھلبلی مچ گئی اور ہندوؤں، سکھوں، اچھوتوں اور مسلمانوں کو اس معاہدہ کے خلاف برانگیختہ کرنا شروع کردیا گیا نتیجہ یہ ہوا کہ ایک طرف تو مسلمانوں نے گاندھی جی کو جواب دینے میں غیر معمولی لیت و لعل سے کام لیا اور جواب دیا تو یہ کہ آزادیٔ ہند کے متعلق وہ اپنا مطالبہ خود مرتب کریں گے اور کانگریس کے ساتھ متحد نہ ہونگے اور دوسری طرف ہندوؤں سکھوں اور اچھوتوں نے یہ شور مچایا کہ گاندھی جی مسلمانوں کے سامنے ہتھیار ڈالے دیتے ہیں یہ کبھی نہ ہوگا کہ دوسری اقلیتیں اسے برداشت کرلیں۔

ناکامی کا اعلان

جب بے ضابطہ کانفرنس کا اجلاس دوبارہ منعقد ہوا تو گاندھی جی کو مجبوراً یہ اعلان کرنا پڑا کہ گفت و شنید کامیاب نہیں ہوسکی مسلمانوں کے اقل قلیل مطالبات پڑھ کر سنائے گئے اور یہ بتایا گیا کہ سکھوں اور ہندوؤں نے ان مطالبات کو منظور نہیں کیا۔ اسی اجلاس میں گاندھی جی نے یہ بھی کہدیا کہ اب یہ پنجشنبہ کے دن جو اقلیتوں کی سب کمیٹی کا اجلاس ہوگا اس میں وزیر اعظم کو جو سب کمیٹی کے صدر ہیں اس امر کی اطلاع کردیا جائے گا کہ باوجود کوشش کے کوئی باہمی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکا اسلئے اقلیتوں کی سب کمیٹی کا اجلاس ایک غیر معین مدت کے لئے ملتوی کردیا جائے اور فیڈرل اسٹرکچر کمیٹی کا کام جاری رکھا جائے ...

بے ضابطہ کانفرنس

بے ضابطہ کانفرنس کا جب پہلا اجلاس ہوا تو اس میں اچھوتوں، عیسائیوں، مسلمانوں، سکھوں، یورپینوں، اور اینگلو انڈینوں کی جانب سے اسقدر شدید مطالبات پیش کئے گئے کہ ان کو ایک جگہ جمع کرنا قطعاً غیر ممکن تھا اور یہ بالکل صاف ظاہر تھا کہ اگر ان اقلیتوں میں سے ہر اقلیت کا مطالبہ علیحدہ علیحدہ تسلیم کرلیا جاتا تو ہندوؤں کی کوئی حیثیت باقی نہ رہتی اور وہ ہر جگہ اقلیت میں ہوجاتے ...

مسلمانوں کے اقل قلیل مطالبات

سب کمیٹی کا اجلاس

گاندھی جی کی شرائط

قدامت پسند حکومت کا امکان

(باقی آئندہ)

کامیابی کا راز

جیسا کہ ہم نے اشاعت گزشتہ میں عرض کیا تھا یہ ایک حقیقت ہے کہ کشمیر کا مسئلہ کوئی ایسا مسئلہ نہیں ہے جو صرف مہاراجہ صاحب کشمیر کے ایک سرسری اعلان اور عفو عام سے حل ہوجائے۔ کشمیر کی ۹۵ فی صدی مسلم رعایا ایک عرصہ سے تکالیف برداشت کر رہی ہے اور اب اس کا پیمانۂ صبر لبریز ہوکر چھلک گیا ہے۔ جب تک ان تکالیف کا مداوا نہ ہوگا، جب تک مہاراجہ اور ان کی حکومت کا زاویۂ نگاہ نہ بدلے گا اور وہ رعایا کے ساتھ انصاف کرنے اور اس کے جائز حقوق اسے واپس دینے کے لئے تیار نہ ہوگی اس وقت تک کشمیر میں امن و امان کی امید رکھنا قطعاً غلط ہے۔

این خیال است و محال است و جنوں

بیشک عفو عام سے ظاہری شورش میں کسی قدر کمی ہوسکتی ہے اور بلا شبہ ہزاروں لاکھوں انسانوں کا ایجی ٹیشن ان کے زعماء کی رہائی سے عارضی طور پر ملتوی کیا جاسکتا ہے، مگر اس کا مطلب ہرگز یہ نہیں سمجھنا چاہئے کہ "عفو عام" سے ان تمام شکایات کی تلافی ہوجاتی ہے جو اب تک مہاراجہ کی حکومت کے خلاف باشندگان کشمیر کو تھیں بلکہ اس کے بالکل برعکس صورت حال اب بھی وہی ہے جو "عفو عام" سے پیشتر تھی، ضرورت اس امر کی ہے کہ مہاراجہ صاحب کشمیر اب اس قدم کے بعد جو ...

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک مسجد آباد ہے۔ اس کے امام صاحب مغرب، عشاء و فجر کی نمازوں میں محض سورتیں پڑھتے ہیں سال بھر میں دو ایک مرتبہ ادھر ادھر کی سورتیں بھی پڑھ دیا کرتے ہیں۔ اس پر زید یہ کہتا ہے کہ امام صاحب نے قرآن شریف کو بند کردیا ہے۔ چند مقرر سورتیں پڑھتے ہیں۔ ادھر دوسری سورتیں نہیں پڑھتے کیا وجہ ہے؟ اس پر امام صاحب نے جواباً کہا کہ متحسن یہی ہے لیکن پھر بھی گاہے گاہے دوسری سورتیں پڑھ دیا کرتا ہوں اس پر زید کہنے لگا کہ یہ گاہے گاہے کیا ہے ...

الجواب

استفتاء

الجواب

مسلم نوجوانوں سے

صدر اور ناظم جمعیۃ علماء ہند کی واپسی

روس کی تہذیب و تمدن کا ایک تاریک پہلو

عورتوں کی زندگی کے المناک مناظر

مغرب کی مادیت پرستی کے نتائج

(ترجمہ خصوصی)

آج کل روس میں گھریلو زندگی کا فقدان ہے۔ میں نے سوویٹ روس میں بار بار یہ درخواست کی کہ مجھے ایک نمونہ کا روسی گھر دکھا دو کیونکہ میں یہ دیکھنا چاہتا تھا کہ ماسکو اور لینن گراڈ اور کیویں میں بھی زندگی وہی ہے یا نہیں جیسی لندن، مانچسٹر، اور گلاسکو کے نواح میں ہے۔ مگر مجھے معلوم ہوا کہ وہاں چھوٹے چھوٹے مکانات جن کے ساتھ خوبصورت باغیچے شامل ہوں نہیں ہیں اس آج آپ کو تمام روس میں وہ بے تکلفی اور خوش طبعی نظر نہیں آسکتی جس کا اظہار ہمارے شام کی صحبتوں اور باغ کی گفتگوؤں میں ہوتا ہے۔

"قومی مکانات"

اور گھر کا کام کاج کرنے میں صرف کرے اور نہ کسی عورت سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ وہ اپنے گھر میں خاموشی کے ساتھ شام گزارنے پر قناعت کرے۔ یہ کلب ایسے ایسے مشاغل پیش کرتے ہیں کہ انگلستان میں مزدوروں کا کوئی جدید سے جدید ادارہ بھی ان کی گرد کو نہیں پہنچ سکتا۔

ایک بہت بڑی چھت کے نیچے آپ کو اکثر ایسا تھیٹر نظر آئے گا جس میں مشہور کمپنیاں اپنے کھیل دکھاتی ہیں، رقص و سرود کی محفلیں گرم ہوتی ہیں لکھنے اور پڑھنے کے کمرے بھی ہوتے ہیں ...

زن و شو کے تعلقات

دیہات کی حالت

روزانہ کی زندگی

تہذیب جدید کی تباہ کاریاں

مغرب کی تہذیب جدید نے دنیا کی آنکھوں کو اپنی جگمگاہٹ سے خیرہ کردیا ہے۔ ایشیا کی بہت سی غلام قومیں اس تہذیب کی ظاہری ٹیپ ٹاپ کو دیکھکر قابو سے باہر ہوئی جاتی ہیں۔ اور سمجھتی ہیں کہ یہی تہذیب انہیں معراج ترقی پر پہنچائیگی حالانکہ حقیقت بالکل اس کے برعکس ہے مغرب کا تمدنی نظام اسے ایک ایسی خوفناک تباہی کی طرف لیجارہا ہے جسکے تصور سے رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں۔ انسان اپنی تمام مخصوصیات کو ایک ایک کرکے چھوڑ رہا ہے اور اسکا نام اس نے تہذیب اور تمدن رکھا ہے۔ جب یہ عمل پایۂ تکمیل کو پہنچ جائیگا اور انسانی زندگی پر روحانیت کے بجائے صرف مادیت کا تسلط ہوجائیگا تو دنیا اس تہذیب کے وحشتناک انجام کو خود اپنی آنکھوں سے دیکھ لیگی۔ مغرب کی مہذب قومیں آج "تہذیب و شائستگی" کے جس مرحلہ پر پہنچ چکی ہیں وہ اس آخری تباہی کے آثار و علائم کی طرف صاف اشارہ کر رہا ہے۔ وہ امریکہ ہو یا برطانیہ، فرانس ہو یا جرمنی، اٹلی ہو یا اسپین، روس ہو یا جاپان، غرض اس تہذیب کے تمام حلقہ بگوش حقیقتاً ایک ہی کشتی کے سوار ہیں اور جب طوفان آئیگا ایک ہی ساتھ ڈوبیں گے۔ روس اور اس کے عائلی نظام کے خلاف دوسرے "مہذب ممالک" میں محض اسوجہ سے اظہار ناپسندیدگی کیا جارہا ہے کہ وہ کسی قدر سرعت کیساتھ آگے بڑھنا چاہتا ہے۔ انسان کے ہر فعل کو منطق کے مطابق بنیاد دینے کی جو کوشش تمام "مہذب دنیا" میں کی جارہی ہے وہی کوشش روس نے کی ہے۔ اگر روس قابل مذمت ہے تو کیا دوسرے ممالک جو عنقریب روس سے قریب تر ہونیوالے ہیں۔ اس مذمت سے بچ سکتے ہیں۔ روسی تمدن کے متعلق ایک انگریز کا جو مضمون آج ہم شائع کر رہے ہیں اسے نہ صرف روس بلکہ تمام مغرب کیلئے یکساں حیثیت ہے۔ دیکھنا چاہئے کہ انگریزوں کی تہذیب عورت کی نسائیت کو برباد اور انسانی زندگی کو تاریک نہیں کررہی ہے۔ ہم اسوقت اس پر تفصیل سے کچھ نہیں لکھ سکتے۔ مگر ان کالموں میں متعدد بار یہ ظاہر کیا جاچکا ہے کہ مغرب کی تہذیب سب کو ایک ہی تباہی کی طرف لیجارہی ہے اور سب کا انجام یکساں ہونیوالا ہے۔

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

بلاد عربیہ میں قادیانی پروپیگنڈہ

قادیانی مبلغ کو ہر جگہ شکست اور رسوائی کا منہ دیکھنا پڑ رہا ہے

قادیانی امت نے آج کل ہندوستان سے مایوس ہوکر بلاد عربیہ کو اپنی تبلیغ کا مرکز بنایا ہے اور وہاں مقامات میں دجال مسیح قادیانی کی پرزور تبلیغ کر رہے ہیں قادیان کے سرکاری گزٹ اخبار الفضل میں ایک شخص جلال الدین شمس مقیم فلسطین کے تبلیغی خطوط شائع ہوتے رہتے ہیں جن میں ظاہر کیا جاتا ہے کہ ممالک اسلامیہ میں اس دجالیت کو خاص فروغ حاصل ہو رہا ہے ...

سیدی عبدالکریم مجاہد ریف!

کیا ریفی لیڈر فرانس کے مقابلہ کیلئے پھر تیاریاں کر رہا ہے؟

عربی اخبارات کو میڈرڈ (پایہ تخت اسپین) سے یہ اطلاع پہونچی ہے کہ ریف کے مشہور و معروف مجاہد سید عبدالکریم جزیرہ ری یونین سے بچ کر نکل گئے ہیں۔ سید موصوف کو جنگ ریف کے زمانہ سے فرانس نے نظر بند کر رکھا تھا لیکن اب وہ موقعہ پاکر وہاں سے چلے گئے ہیں۔

یہ بھی افواہ ہے کہ یہ مجاہد ری یونین سے نکل کر مراکو تشریف لیگئے ہیں، جہاں پہونچ کر انہوں نے ہسپانی حکومت کے خلاف بغاوت (جہاد) کے لئے تیاریاں شروع کردی ہیں۔ ریف کے دیگر قائدین نے آپ کی امداد پر آمادہ ہوگئے ہیں۔

فلسطین میں امریکن سیاحوں کا استقبال

مسلمانوں کے مطالبات سے ہمدردی کا اظہار

طرابلس اور برقہ کے تازہ حالات

قائد اعظم سید عمر مختار کی قوت کا اعتراف

عربی ممالک میں بالشویکی اثر و نفوذ

بلاد عربیہ پر تسلط جمانے کے لئے یورپین پروپیگنڈا

بغداد اور بصرہ میں مسیحی پادریوں کی یورش

مسلمان عربوں کو مرتد کرنے کیلئے خزانوں کے منہ کھولدیئے گئے

ٹیونس میں عربوں پر مظالم

عربوں اور اٹلی والوں میں دست بدست جنگ

تحصیل علوم و فنون کیلئے عراقی طلباء کا تقرر

امسال اطلباء یورپ روانہ ہوں گے

جمعیۃ الاقوام کی ممبری کیلئے ٹرکی حکومت کی کوشش

مجاہدین طرابلس کے قائد اعظم سید عمر مختار گرفتار کر لئے گئے

علاقہ سلونتا کا محاصرہ اور جانبین میں خونریز جنگ

کیا حق و صداقت کی صدا ہمیشہ کیلئے دب جائیگی؟

"الاہرام" "اعذا الادب" کے نامہ نگار خصوصی اطلاع دیتے ہیں کہ لیطل کبیر داعیہ اسلام سید عمر مختار جو طرابلس در جبل اخضر میں اٹلی کی فوج کا پامردی سے مقابلہ کر رہے تھے اور جنہوں نے اٹلی کی افواج کو پیلے در پیلے متعدد بار شکستیں دی تھیں وہ گیارہ ستمبر کو گرفتار کر لئے گئے۔ ۱۱ تاریخ مذکور کو اطالوی افواج نے مجاہدین پر یورش کی اور مقام "سلونتا" کا محاصرہ کر لیا۔ اس جگہ جانبین میں خوب خونریز جنگ ہوئی جس میں ۹ مجاہد شہید ہو گئے اور ان کے ۱۷ گھوڑے مارے گئے۔ سلونتا کا محاصرہ ان لوگوں کی وساطت سے کیا گیا جنہوں نے عربی لباس پہن کر جاسوسی کی تھی اور اطالوی افواج کو ایسے وقت میں چڑھا لائے، جبکہ مجاہدین کی فوج غافل اور اکثر خبر مسلح تھی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اطالوی درندوں نے محاصرہ کر کے اس قائد اعظم کو گرفتار کر لیا۔ اطالوی اخبارات نے موصوف کی گرفتاری کے بعد متعدد مضامین شائع کئے ہیں جن میں آپ کی شجاعت و بسالت، ہمت و استقلال اور مجاہدانہ سرگرمیوں کی تعریف کی گئی ہے اور اقرار کیا گیا ہے کہ جبل اخضر کی جنگ آپ ہی کے دم خم سے جاری تھی۔ اطالوی اخبارات کے بیان کے بموجب اب آیندہ جنگ کی کوئی امید نظر نہیں آتی۔

طرابلس اور اس کے گرد و نواح میں جس وقت آپ کی گرفتاری کی خبر پھیلی تو عربوں میں ایک ماتم بپا ہو گیا مگر فوراً ہی مجاہدین نے اپنی تنظیم شروع کر دی۔ مجاہدین کا بیان ہے کہ یہ جنگ کبھی ختم نہ ہوگی تا وقتیکہ عربوں کے جملہ مطالبات تسلیم نہ کر لئے جائیں۔ سید عمر مختار کی گرفتاری سنوسیوں کی گرفتاری کے مانند نیسا ... کی جاری رہیگی۔

بیری باغیوں پر فوج کا زبردست حملہ

کئی ہلاک و مجروح اور باقی فرار

بندوقیں۔ بموں اور کارتوسوں کی برآمدگی

رنگون ۱۰ اکتوبر۔ سرکاری اطلاع ہے کہ ... تھراوڈی کے ضلع ... باغیوں کا گروہ دریا کو عبور کر کے حملہ آور ہونا چاہتا تھا۔ اس پر جنگل میں زبردست حملہ کیا گیا۔ اطلاعات موصول ہونے پر ... اور اس کے تیس سپاہی نصیبہ کالی کی طرف روانہ ہوئے اس جماعت میں چھ پنجابی فوجی جوان اور ایک افسر بھی تھا۔ یہ لوگ پیدل ... کی طرف بڑھے۔ اس کے بعد جمعدار نے ... ذریعہ مقررہ وقت پر باغیوں کی جماعت پر حملہ کیا۔ اس کے بعد فوجی سپاہیوں اور پولیس کے سپاہیوں نے گولی چلانی شروع کی جس سے دو باغی ہلاک ہو گئے اور باقی بھاگ گئے۔

باغیوں کے کیمپ کو دیکھنے سے معلوم ہوا کہ وہ اپنا سامان چھوڑ کر فرار ہو گئے ہیں۔ چنانچہ تین بھری ہوئی بندوقیں، پانچ بم، کچھ کارتوس اور ... بھی مل گئے۔ زخمی اور مفرور باغیوں کا دور تک تعاقب بھی کیا گیا ...

رقبہ منتہرہ میونسپلٹی دہلی میں تخفیف

صحت عامہ، روشنی اور آبرسانی کے اخراجات میں کمی

دہلی ۱۰ اکتوبر۔ دہلی نوٹیفائڈ ایریا میونسپل کمیٹی کے اجلاس میں کمیٹی کی مالی حالت پر غور و خوض کیا گیا۔

... ہدایت کی گئی کہ حکومت کی جانب سے کمیٹی کو جو لاکھ روپیہ کی امداد ملتی تھی لیکن بعد میں کم ... حکومت نے اب دس فیصدی تخفیف کر دی اور ... چنانچہ سکرٹری نے تخفیف اخراجات کو ملحوظ رکھتے ہوئے بجٹ میں حسب ذیل تخفیف کی ہے۔

	۳۲-۱۹۳۱ء کے بجٹ کی مجوزہ رقم	تخفیف
آبرسانی	۲۷۹۹۵۱	۲۵۲۰
روشنی	۴۲۰۰۰	۵۰۰۰
محکمہ صحت عامہ	۵۵۵۰۰	۳۰۰
باغات	۱۹۸۰۰	۱۹۰۰
[illegible]	۱۳۱۰	۱۵۰۰

طبیہ کالج میں یوم تعطیل کا تصفیہ

افغانستان کا اصلاحی پروگرام

گالیاں دینے پر ایک سپاہی کو تنبیہ

غیر ممالک کو ہندوستانی سونے کی برآمد

رضا کاروں کے سلسلے میں حکومت کشمیر نے سبھا اور الدین ...

کشمیری مسلمانوں کے مطالبات پر سول کا تبصرہ

ریاست کشمیر میں مجلس مقننہ کی ضرورت

کرنال میں فتنہ نگار سے اظہار بیزاری

دہلی میں رام لیلا کے لئے زبردست انتظامات

فتنہ نگار کے خلاف احتجاج

مجلس احرار اسلام دہلی کی سرگرمیاں

کشمیر جانے والے رضا کاروں کی مالی امداد

حکومت کشمیر کی طرف سے رہنمایان پنجاب کو دعوت

آدھرمیوں کو ہندوؤں میں شامل کرنیکی کوشش

حکومت کشمیر کو آخر کار جھکنا پڑا

مجلس احرار کے جتھے واپس بلالئے گئے

کشمیری جتھوں کی روانگی میں عارضی التواء

مندوبین کانفرنس کو وزیر اعظم کی لتاڑ

نہایت شرم افسوس اور ذلت کا مقام

فرقہ وارانہ تصفیہ کی ناکامی پر اظہار تاسف

لندن ۸ اکتوبر۔ وزیر اعظم مسٹر ریمزے میکڈانلڈ نے میناریٹی سب کمیٹی میں گاندھی جی کی تقریر کے بعد اعلان کیا کہ برطانوی ہندوستانی ڈیلیگیشن ہر طرح سے ہندوستانی لوگوں کا نمائندہ وغیرہ ہے۔ لیکن اگر اس حقیقت سے باوجود ہم فرقہ وارانہ مسئلہ کے متعلق کسی متفقہ مصالحت پر نہیں پہنچ سکتے تو یہ نہایت ہی افسوس اور ذلت کا مقام ہے اور جس تحقیر اور تاسف کا اظہار گاندھی جی نے کیا ہے اس نے ہم میں سے اکثر اصحاب کے دلوں پر گہرا اثر کیا ہے وہ واقعی یہ ایک دلگداز واقعہ ہے۔ کہ جن لوگوں کا یہ پکا یقین ہے کہ ہندوستان کا مستقبل ہندو مسلم اتحاد کے سوال کے اطمینان بخش حل اور ہندوستان کی اقلیتوں کے جھگڑوں کے تصفیہ پر منحصر ہے۔ ان کی مساعی جمیلہ کے باوجود ہم اس قابل نہیں ہو سکے کہ آپس میں کوئی فیصلہ کر سکیں۔ ہم کو گفت و شنید کے اس سلسلہ کے ٹوٹ جانے پر سخت افسوس ہے۔

صوبہ برار کی واپسی کا مطالبہ

اعلیٰ حضرت میر عثمان علی خاں برطانیہ کو قرضہ دینگے

لندن ۷ اکتوبر۔ اقلیتوں کے مباحثات کے دوران میں والیان ریاست کی سرگرمیاں اس خراج کے مسئلہ کی طرف مبذول رہیں جو وہ برطانیہ کو ادا کرتے ہیں۔ اس مسئلہ کے متعلق توقع سے زیادہ اختلاف رائے پیدا ہوا ہے ہندی رہنماؤں کے لئے اس کا آئینی جواب دینا مشکل ہے۔ اس کے علاوہ والیان ریاست ان علاقوں کی واپسی کا مطالبہ بھی کر رہے ہیں جس پر حکومت برطانیہ نے قبضہ کر رکھا ہے گائیکواڑ بڑودہ نے احمد آباد اور کیرا کی واپسی کا مطالبہ کیا۔ گوالیار نے زمینی اور ... کا اندورنے قلعہ جاندگار اور نواحی علاقہ کی واپسی کا مطالبہ پیش کیا ہے اور شہریار دکن نے برار کی واپسی کے لئے کوشش کی ہے ہز اگزالٹڈ ہائی نس کا منشا یہ ہے کہ وہ برار کو اندرونی خود مختاری دینے پر آمادہ ہیں اور ایسے ہی ... اور مراعات دیدی جائیں گی جیسی کہ برطانی ہند کے دیگر صوبجات کو حاصل ہوں گی لیکن حضور نظام کو وہاں ایسے ہی حاکمانہ اور شاہانہ اختیارات حاصل ہوں گے جیسے کہ مرکزی حکومت کو ہندوستان کے صوبوں میں حاصل ہوں گے۔

اعلیحضرت برطانیہ کو قرضہ دیں گے

حکومت پنجاب کی آمدنی میں اضافہ کی تجویز

مردہ لاشوں پر ٹیکس

شملہ ۸ اکتوبر۔ حکومت پنجاب کے ذرائع آمدنی کو ترقی دینے کے لئے حکام کے سامنے یہ سوال پیدا ہو رہا ہے کہ ٹیکسوں کے لئے کیا نئے ذرائع اختیار کئے جائیں۔ اس مطلب کے لئے ایک کمیٹی مقرر کی گئی تھی جس کی رپورٹ ... معلوم ہوتا ہے کہ جو ٹیکس تجویز کئے جانے والے ہیں ان میں ایک مردہ پر ٹیکس ہوگا لیکن اس کے لئے مرکز کی منظوری کی ضرورت ہے کیونکہ یہ سوال مرکز سے تعلق رکھتا ہے۔

تخفیف کے سلسلہ میں براڈکاسٹنگ سروس بھی بند

حکومت ہند کا فیصلہ

شملہ ۱۰ اکتوبر۔ حکومت ہند نے مجلس تخفیف اخراجات کی سفارش کی بنا پر انڈین سٹیٹ براڈکاسٹنگ سروس کو بند کرنے کا فیصلہ کر دیا چنانچہ ہفتہ عشرہ میں براڈکاسٹنگ کے تمام سٹیشن بند کر دئے جائیں گے۔

اقلیتوں کی کانفرنس کا غیر معین التواء

ناکامی کا سبب ہندوستانی مندوبین کی ترتیب ہے

گاندھی جی کی تحریک پر وزیر اعظم کا اعلان

مجلس وفاقی میں لارڈ سینکے کی تقریر

اگر ہم ناکام ہوئے تو دنیا ہم پر ہنسیگی

اتحاد کے بغیر ہندوستان کا ترقی کرنا محال ہے

ہل چلاتے وقت کیمپ میں بم پھٹ گیا

ایک کسان ہلاک ایک مجروح

فوجی اخراجات میں کئی کروڑ کی بچت

سپاہیوں کی تنخواہ میں ۵ اور ۱۰ فیصدی تخفیف

سب کمیٹی کی رپورٹ اور سفارش

دارالعوام میں ملک معظم کی تقریر

گول میز کانفرنس کی کارروائیوں سے دلچسپی

مسٹر انگلستان کی تعریف

فرقہ وارانہ تصفیہ کی ناکامی پر ٹائمز کا تبصرہ

کانگریس کو مورد الزام بنانے کی کوشش

بین الاقوامی لیگ میں چین و جاپان کا تنازعہ

لندن سے لارڈ ریڈنگ بھی روانہ ہوں گے

لندن کے ایک جلسہ میں مولانا شوکت علی کی تقریر

اگر ہندو مسلم سمجھوتہ ہو تو انگریز سے صلح کر لونگا

وزیر اعظم نے مسٹر علی امام کو بولنے کی اجازت نہیں دی

سر آغا خاں کا اشارہ

فیڈرل کمیٹی کا اجلاس بھی ملتوی ہو گیا

چینی شہر پر جاپانی طیاروں کی گولہ باری

چین اور جاپان کی جنگ کا خوفناک نتیجہ

چین پر حملہ کرنے کیلئے جاپان کی دھمکی

چینی حکومت کے خلاف جاپانی پروپیگنڈہ

لبرل پارٹی کے نام مسٹر لائڈ جارج کا نوٹس

خزانہ کے صندوق کو مقفل کر دیا گیا

کولمبو میں ایک ہندوستانی طالبعلم کی گرفتاری

ریوالوروں، کارتوسوں اور گولیوں کی برآمدگی

مسلمانانِ کشمیر پر حکومت کے مظالم کی پُردرد داستان

(بسلسلہ صفحہ اول)

(باقیات) پر سیب کے درخت پر مالیہ ہے۔ بالفرض ایک باغ کے درخت کو بیماری لگ جاتی ہے یا سوکھ جاتے ہیں تو مالک باغ کو ہر صورت میں مالیہ پچاس برس تک حسب دستور دینا ہوگا۔ کشمیر میں ایسی مثالیں سینکڑوں مل جائیں گی جس سے معلوم ہو جائے گا کہ کتنے غریب زمینداروں کے باغ سوکھ گئے ہیں اور اب وہ مالیہ اسی طرح تا اختتام موجودہ بندوبست ادا کرتے رہیں گے۔ مثال کے طور پر دو زمینداروں کے پیش کرتا ہوں۔

(۱) اکبر ڈار موضع فیروزپورہ تحصیل بیروہ ... درخت لگائے ہوئے ... مالیہ بدستور ... تا اختتام مدت بندوبست دینا ہوگا۔

(۲) قاضی عبدالغنی موضع ... تحصیل بارہ مولا ... درخت بجائے ایک سال پھل اترا درختوں کو بیماری لگ گئی اور سوکھ گئے۔ مالیہ ... روپیہ بدستور جاری رہے گا۔

[illegible]

محمد نذیر سودیانوی ۲۹ ستمبر ۱۹۳۱ء

مولوی حبیب الرحمٰن صدر مجلس احرار اسلام پنجاب

کا اہم اعلان

مجلس احرار اسلام کشمیر میں ذمہ دار اسمبلی سے کم پر راضی نہیں ہو سکتی

[illegible]

ہمارا مطالبہ کیا ہے

[illegible]

کشمیر کے مسلمانوں کو ہوشیار رہنا چاہیے

[illegible]

تمام اسلامی انجمنوں کا فرض

[illegible]

مسلمانانِ ہند کی خدمت میں

[illegible]

امرتسر میں "مباہلہ کانفرنس" کا انعقاد

زیر صدارت مولانا ظفر علی خاں صاحب

مرزائی جماعت ملک میں اپنا وقار پیدا کرنے اور تبلیغ مرزائیت کے لئے فضا کو موافق و ہموار بنانے کی غرض سے آئے دن نئی نئی تدبیریں اختیار کرتی رہتی ہے جن کے زہریلے اثرات کا مسلمانوں میں سرایت کر جانے کا خطرہ محسوس کیا جا رہا ہے۔ اس بہت بڑے فتنہ کے انسداد کی تجاویز پر غور کرنے اور ان کو عملی جامہ پہنانے کی غرض سے "مباہلہ کانفرنس" کے انعقاد کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ جو ۹ و ۱۰ اکتوبر ۱۹۳۱ء کو بمقام ... زیر صدارت جناب مولانا ظفر علی خاں صاحب ... امرتسر میں پوری شان و شوکت کے ساتھ منعقد ہوگی۔

[illegible]

دفتر مجلس استقبالیہ مباہلہ کانفرنس امرت سر

(سید شریف احمد چشتی بی۔ اے۔ سکریٹری)

(مجلس استقبالیہ مباہلہ کانفرنس امرتسر)

انتقالِ پُرملال

مورخہ ۲۰ اگست ۱۹۳۱ء کو جناب حاجی حامد خاں صاحب سدوزئی رکن مسلم نمائندگان کمیٹی بقضائے الٰہی فوت ہوگئے۔

"انا للہ وانا الیہ راجعون"

مسلمانان ڈیرہ اسمٰعیل خاں کو ان کی وفات پر سخت صدمہ پہونچا ہے کیونکہ جناب حاجی صاحب مرحوم و مغفور نے خدمات ... ڈیرہ اسمٰعیل خاں میں نہایت جوش و خروش اور اخوت اسلامی کے ماتحت خدمات انجام دے رہے تھے اور مسلمانوں کی ہر طرح سے جانی و مالی امداد فرما رہے تھے۔ ڈیرہ اسمٰعیل خاں کے اجلاس منعقدہ بتاریخ ۲۰ اگست میں ایک تجویز بھی پاس ہوئی جس میں خاں صاحب کی خدمات ملی کا اعتراف کیا گیا۔

محمد حیات عفی عنہ

پریسیڈنٹ تحفظ ناموس شریعت

ڈیرہ اسمٰعیل خاں

فرقہ وارانہ تصفیہ میں سکھوں کی مزاحمت

راولپنڈی اور ملتان کو صوبہ سرحد میں شامل کر لیا جائے

لندن ۹ اکتوبر۔ سردار اجل سنگھ اور سردار سمپورن سنگھ نے آج صبح گاندھی جی سے ڈیڑھ گھنٹہ تک ملاقات کی۔ ہر دو صاحبان نے پنجاب میں سو فی صدی نمائندگی کا مطالبہ کیا۔ لیکن اس پر آمادگی ظاہر کی کہ اگر کسی دوسری قوم کو آئینی کثرت منظور ہو تو وہ مستقل مفاہمانہ معاہدہ کو قبول کر لیں گے۔

سردار اجل سنگھ نے گاندھی جی کے سامنے ایک یہ تجویز بھی پیش کی کہ صوبہ پنجاب کو دوبارہ تقسیم کیا جائے۔ راولپنڈی و ملتان کی قسمتوں کو صوبہ سرحد میں شامل کر دیا جائے۔ ان میں سے لائلپور اور منٹگمری کے اضلاع نکال کر پنجاب میں شامل کر دئے جائیں۔ اس حالت میں سکھ توازن یا دستوں کی تخصیص کا مطالبہ نہیں کریں گے۔

معلوم ہوا ہے کہ گاندھی جی نے ہر دو صاحبان کی گفتگو ہمدردانہ طریقہ پر سنی اور اپنی مشکلات ظاہر کیں۔ آپ نے فرمایا کہ وہ کسی ایسے سمجھوتہ کی تائید نہیں کر سکتے جو ہر دو فریق کے لئے قابل قبول نہ ہو۔

افغانستان کے شمالی حصہ میں بغاوت

لندن ۹ اکتوبر۔ ... افغانستان کے شمالی علاقہ میں جو کہ روس ایرانی سرحدوں سے ملحق ہیں بغاوت شروع کر دی گئی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ روس اور سابق شاہ امان اللہ خاں کی جانب سے باغی قبائل کی امداد کی جا رہی ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ ایران و ترکی میں شاہ امان اللہ خاں کو جو سیاسی اختیارات حاصل تھے وہ ضبط کر لئے گئے ہیں۔

آل انڈیا سودیشی نمائش دہلی

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کا استعفاء

دہلی ۹ اکتوبر ۱۹۳۱ء معلوم ہوا ہے کہ حضرت مولانا احمد سعید صاحب ... آل انڈیا سودیشی نمائش ... کمیٹی سے استعفاء دے دیا ... اس معاملہ کے متعلق ایک مفصل بیان شائع کرنے والے ہیں۔

پشاور میں چکلوں پر پکٹنگ

پشاور ۹ اکتوبر۔ مقامی خلافت کمیٹی کے رضاکار اور سرخ قمیص والے چکلوں پر برابر نہایت ہی امن کے ساتھ پکٹنگ کر رہے ہیں۔ کل انہیں میں سے دو رضاکار دفعہ ۱۴۴ کے ماتحت گرفتار کر لئے گئے تھے لیکن آج انہیں رہا بھی کر دیا گیا۔ ان پر راستہ روکنے کا الزام تھا۔

فتنہ نگار کے خلاف عالمگیر ہیجان

جمعیۃ الطلباء کانپور کا جلسہ

جمعیۃ الطلباء کانپور کا جلسہ مورخہ ... جمادی الاول ۱۳۵۰ھ مطابق ... اکتوبر ۱۹۳۱ء بروز ... بعد نماز مغرب جامع مسجد کانپور میں گستاخ ایڈیٹر نیاز فتحپوری رسالہ نگار کے ملحدانہ و خلاف اسلام مضامین و نیز مظالم مسلمانانِ کشمیر پر اظہار نفرت و حقارت بلند کرنے کے لئے زیر صدارت محترمی جناب مولانا اکرم علی صاحب ملیح آبادی منعقد ہوا۔ ... حسب ذیل ریزولیوشن بالاتفاق رائے پاس ہوئے۔

۱۔ جمعیۃ الطلباء کانپور کا یہ اہم ترین جلسہ رسالہ نگار کے بے ادب گستاخ ملحدانہ مضامین کو جس کا سلسلہ ایک عرصہ سے جاری ہے اور اب اس سے مسلمان باخبر ہوئے ہیں انتہائی نفرت و حقارت کا اظہار کرتے ہوئے اپنے پورے جذبات و دلی تاثرات کے ساتھ مسلمانوں کو آگاہ کرتا ہے کہ راجپال کا دوسرا بھائی نیاز کی صورت میں اعدائے اسلام سے سازش کر کے اسلام کی بیخکنی کیلئے نمودار ہوا ہے اور تمام مسلم طلباء و زعمائے اسلام کے ایمان و ایقان سے استدعا کرتا ہے کہ وہ جلد سے جلد اس کے سد باب کا انتظام کریں۔

۲۔ یہ جلسہ ہندوستان کی مشہور اسلامی ریاست بھوپال کے متعلق ...

محمد اشرف علی ناظم جمعیۃ الطلباء مدرسہ جامع العلوم کانپور

دار العلوم دیوبند کے علماء کا احتجاج

نگار کی ملحدانہ اور کفر نواز تحریریں جو نہایت ہی اسلام کش اور حد درجہ خطرناک ...

پریس ایکٹ پر وائسرائے کے دستخط ہو گئے ہیں

شملہ ۹ اکتوبر۔ جدید پریس ایکٹ پر جو حال ہی میں دونوں مرکزی مجالس قانون ساز سے منظور ہوا ہے، آج بالکل گورنر جنرل کے دستخط ہو جائیں گے۔

شربتِ اکسیر (رجسٹرڈ)

اگر تندرستی میں فرق ہے تو زندگی بیکار ہے

اگر آپ اشتہاری ادویات سے بدگمان ہوگئے ہوں تو صرف ایک روپیہ ادنیٰ خرچ کر کے ہمارے کارخانے کا شربت اکسیر استعمال کر کے قدرت کا تماشہ دیکھئے

جریان

تازہ سرٹیفکیٹ

ملنے کا پتہ:۔ ایس۔ اے۔ بی۔ بخشی اینڈ کمپنی کوٹھی نمبر ۸ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

چمٹے ہوئے کنکھجورے کا مرکر اترنا اور بچھو کا ڈنک مار کر خود مرنا

"امرت دھارا"

اور اسکے عجیب کرشمہ کو پڑھو اور سوچو کہ یہ خداداد نعمت ہے یا نہیں! اور اسکا ہر گھر میں رکھنا ضروری ہے

خط و کتابت و تمسک کے لئے پتہ:۔ امرت دھارا ... لاہور

منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ۔ امرت دھارا بھون۔ امرت دھارا روڈ۔ امرت دھارا ڈاک خانہ لاہور

ضرورت ہے

چوہوں کی دوا

دفتر تجارتی اسٹور چرتھاول مظفر نگر یوپی

سفید بال

سات دن میں جڑ سے کالا

منیجر مہرشی اوشدھالیہ ۵ سور بھنگہ

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

کشمیر کے مظلوم بھائیوں کی مدد کرو

محکمہ امارت شرعیہ کا اعلان

مسلمانان کشمیر اس وقت جن مصائب میں مبتلا ہیں وہ کسی سے پوشیدہ نہیں ہے۔ ان غریبوں اور مظلوموں کی اس وقت اعانت و امداد کرنا ایک انسانی اور مذہبی فریضہ ہے۔

جلوس و جلسے اور تجویزوں سے ممکن ہے کہ ریاست کچھ متاثر ہوں اور شاید آئندہ ان غریبوں پر ایسے بدترین مظالم نہ ہو سکیں مگر نتیجہ اسی وقت حاصل ہوگا جب کہ ریاست کشمیر کے مظلوم باشندے اپنی مظلومیت کو دور کرنے کے لئے پر امن طریقہ پر مسلسل جد و جہد کرتے رہیں۔ ہندوستان کے گوشہ گوشہ میں اگر جلوس و جلسے بار بار بھی ہوتے رہیں تو ان سے ان کی مظلومیت دور نہیں ہو سکتی لیکن اگر ہم ان مظلوموں، بیواؤں، یتیموں کی مالی مدد کریں تاکہ وہ زندہ رہ کر اپنی انسانیت اور شرافت نفس کا ثبوت دنیا میں پیش کر سکیں تو یہ ان کی سب سے بڑی خدمت ہوگی اور سردست ہم ان کی خدمت اسی طرح کر سکتے ہیں۔

کشمیر کے حالات و واقعات پر غور کر کے حضرت امیر شریعت مدظلہ العالی نے ارشاد فرمایا ہے کہ امارت شرعیہ کی طرف سے اعلان کر دیا جائے کہ مظلومیا کشمیر کے لئے بیت المال میں کشمیر فنڈ کھول دیا گیا تاکہ معتمد اور قابل وثوق ذرائع سے وہاں بھیجا جائے۔

اس تجویز کا حکم دیتے ہوئے سب سے پہلے حضرت نے خود اپنا چندہ بیت المال میں داخل فرمایا۔ روپیہ بھیجنے کے لئے خاص اہل کشمیر کے ذمہ دار لوگوں سے خط و کتابت شروع کر دی گئی ہے۔ بحالت موجودہ مسلمانان ...

سید محمد عثمان غنی

ناظم امارت شرعیہ صوبہ بہار پھلواری شریف (پٹنہ)

مظالم کشمیر کے خلاف احتجاج

کل بعد نماز عشاء جامع مسجد حضرت قلندر صاحب انجمن تحفظ ناموس شریعت کا ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا جس میں مظالم کشمیر پر ایک پرزور تقریر کے بعد مندرجہ ذیل قرارداد بالاتفاق رائے منظور ہوئیں۔

تجویز نمبر ۱۔ انجمن کرنال کا یہ جلسہ مسلمانان کشمیر پر مظالم کی خبروں سے بیحد متاثر و رنجیدہ ہے اور اپنے بھائیوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ...

تجویز نمبر ۲۔ یہ جلسہ شہدائے کشمیر کے حق میں دعائے مغفرت کرتا ہے ...

تجویز نمبر ۳۔ یہ جلسہ مہاراجہ صاحب کشمیر سے اپیل کرتا ہے کہ وہ اپنی مسلم وفادار رعایا سے ہمدردی کا اظہار صورت میں کریں کہ آپ کے دردناک مصائب کا جلد خاتمہ ہو۔

تجویز نمبر ۴۔ یہ جلسہ برٹش گورنمنٹ سے مطالبہ کرتا ہے کہ جب رعایائے کشمیر پر وحشیانہ مظالم توڑے جا رہے ہیں تو گورنمنٹ کیوں خاموشی سے مسلمانوں کی خونریزی کو دیکھ رہی ہے حالانکہ برطانیہ کا دعویٰ ہے کہ رعایائے کشمیر بھی سلطنت ہند کے زیر اثر ہے اس لئے قتل عام کی ذمہ داری در اصل گورنمنٹ کے سر ہے۔

ڈاکٹر محمد یٰسین خاں

سکریٹری انجمن تحفظ ناموس شریعت کرنال

بفہ میں عظیم الشان اجلاس

قومی خدام کا شاندار استقبال

بفہ میں جب یہ خبر پہنچی کہ فقیر خان صاحب نے ایبٹ آباد جیل میں مظالم گورنمنٹ کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے مقاطعہ جوع کر دیا ہے اور تین دن کے بعد آج ان کی حالت نازک ہے اس خبر کے پہنچتے ہی بفہ میں غیر معمولی کیفیت پیدا ہوگئی۔ لوگ جوق در جوق دفتر کانگریس کے آگے جمع ہونے لگے عشاء کے وقت زبردست احتجاج ہوا۔ زیر صدارت مولانا محمد شریف صاحب جلسہ شروع ہوا۔ مولانا مولوی غلام غوث صاحب امیر شریعت نے واقعات پر مفصل روشنی ڈالی۔ محمد زمان خاں تیتوال کی تحریک سے ...

امان گل اسیر بفہ کو سزائے تازیانہ

مظلوم کا اپنا بیان

مجھے دفعہ ۱۲۴ الف کے ماتحت اپنے ہمسایوں کے ساتھ گرفتار کیا گیا تھا ۲۲ اکتوبر مسٹر فقیر جی الدین خاں۔ ای۔ اے۔ سی کی عدالت میں ضمانت داخل ہونے کے بعد ... پولیس کی حراست میں مانسہرہ لیجایا جا رہا تھا کہ مسٹر ...

... بالاتفاق یہ قرار پایا کہ فور ۲ ایبٹ آباد جیل جائے اور اپنے رہنماؤں کی رہائی کے مطالبات کے لئے اگر ضرورت پڑے تو آئینی قربانی کرنی پڑے تو دریغ نہ کیا جائے۔ چنانچہ اسی وقت راتوں رات ایک جتھا با سخت فدائیوں کا بفہ سے پیدل روانہ ہوگیا ... وقت خان صاحب موصوف بمعیت گوہر زمان خاں و با زید خاں ... اسیران بفہ ... سے ہوتے ہی جلسہ میں مولانا خائیز صاحب بلالی خاں کرم داد خاں صاحب کو ان کی گرفتاری پر مبارکباد دی گئی۔ اور حکومت کی ظالمانہ طرز عمل کے خلاف اظہار نفرت کیا گیا۔ فقط

میاں عبدالقیوم قائمقام

سکریٹری کانگریس کمیٹی بفہ

دہلی کے مسلمانوں کو سچی خوشخبری

جناب قاری حافظ محمد عثمان صاحب پانی پتی نے اپنی دیرینہ تجویز کے بنا پر قرآن کریم کی تعلیم کا اہتمام فرمایا ہے کہ جس کے ذریعہ ہر ... مسلمان ... قرآن مجید حفظ ... کر سکتے ہیں ...

امان گل خاں

ہندوستانی ایجاد دیسی

ایجاد قیمہ مشین ... ایجاد کدوکش ... ایجاد مشین سویاں

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ

کیسٹوفین

(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرہ سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹر اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائینٹفک طریقہ پر یورپ میں تیار ہوتی ہیں مرد عورت بچے بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں۔

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی

Castophen Mfg: Co. India Post Box 88, Karachi

منہ میں سانپ

واحدی صاحب کا منجن

اکسیر دندان

ملنے کا پتہ:۔ احمد مجتبیٰ منیجر رسالہ نظام المشائخ دہلی

قوتِ مردمی کیلئے بے نظیر دوا

پتھری توڑ

اب بالوں کا گرنا بند ہو جائیگا

منیجر دواخانہ حسینی حسن منزل ۳۱ الف لال چاہ دہلی

سگنل ڈاؤن ہوگیا

جلد دوڑو ورنہ خطرہ ہے

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

منیجر گنگا پرشاد گپتا بہار میڈیکل اسٹورز دربھنگہ

جڑی بوٹی کا کمال

تیر بہدف

منیجر دواخانہ حسینی حسن منزل ۳۱ الف لال چاہ دہلی

ناظرین الجمعیۃ مشرق کے مایہ ناز جناب ... حکیم صاحب ... سالہا سال سے ... شہرت رکھتے ہیں۔

مسلمانان کشمیر پر حکومت کے مظالم کی پر درد داستان

(بسلسلہ صفحہ اول)

(باغات) پر سیب کے درخت پر مالیہ ہے۔ بالفرض ایک باغ کے درختوں کو بیماری لگ جاتی ہے یا سوکھ جاتے ہیں تو مالک باغ کو ہر صورت میں مالیہ چالیس برس تک حسب دستور دینا ہوگا۔ کشمیر میں ایسی مثالیں سینکڑوں مل جائیں گی جس سے معلوم ہو جائے گا کہ کتنے غریب زمینداروں کے باغ سوکھ گئے ہیں اور اب وہ مالیہ اسی طرح تا اختتام موجودہ بندوبست ادا کرتے رہیں گے۔ مثال کے طور پر دو زمینداروں کے پیش کرتا ہوں۔

(۱) کبیر ڈار سوضع فیروزپورہ تحصیل بیروہ ۸۰ درخت لگائے وہاں پھل دینے کے بعد درخت سوکھ گئے۔ مالیہ بدستور عہ/ روپیہ تا اختتام موجودہ بندوبست دینا ہوگا۔

(۲) قاضی عبدالغنی سوضع ولنہ تحصیل بارہ مولا ۸۰ درخت لگائے ایک سال پھل اترا درختوں کو بیماری لگ گئی اور سوکھ گئے۔ مالیہ عہ/ روپیہ بدستور جاری رہے گا۔

جندر اگر کسی زمیندار نے جندر (آٹے پیسنے کی چکی جو پانی کے ذریعہ چلتی ہے) لگوایا۔ نہر کے ٹوٹ جانے یا سیلاب کے آجانے یا زمین کے گر جانے سے جندر بند کر دیا تو اسے مالیہ بدستور عہ/ روپیہ تا اختتام بندوبست دینا ہوگا۔

آپ ان مندرجہ بالا مثالوں پر غور فرمائیں کہ زمیندار کس قدر ظلم کے نیچے دبا ہوا ہے۔ جب ظلم و تشدد کی انتہا ہو جاتی ہے تو ہر قوم خواہ کتنی ہی خواب خرگوش میں کیوں مبتلا ہو ضرور کروٹ بدلتی ہے اور یہ ایسی کروٹ ہوتی ہے کہ یا خود فنا ہو جاتی ہے یا ظالم سے اپنے حقوق منوا کے رہتی ہے۔ آج حکومت کی مشینری اپنے جدید آلات کے ذریعہ اس تحریک کو دبانا چاہتی ہے۔ مگر اسے معلوم ہونا چاہئے کہ جو تحریک حق پر اٹھائی گئی ہو آخر اس کی فتح ہوا کرتی ہے خود غرض حکام جن کے تدبر کا دیوالہ نکل چکا ہے۔ وہ چاہتے ہیں کہ سنگین کی نوک سے اپنے ناجائز حکم منوائیں۔ اگر یہی حالت رہی تو زمانہ بتلائے گا کہ ظالم اپنے کئے کا ایسا تلخ پھل پائیگا کہ آنے والی نسلوں اور ظالموں کے لئے عبرت کا سبق ہوگا۔

محمد نذیر نو دیانوی ۱۰ ستمبر ۱۹۳۱ء

مولوی حبیب الرحمن صدر مجلس احرار اسلام پنجاب کا اہم اعلان

مجلس احرار اسلام کشمیر میں ذمہ دار اسمبلی سے کم پر راضی نہیں ہو سکتی

(الف) چوہدری افضل حق رکن تحقیقات کمیٹی احرار اسلام پنجاب نے کشمیر کے متعلق جو بیان مجلس عاملہ کے سامنے دیا ہے وہ موجودہ جنگ کی حالت میں شائع نہیں کیا جا سکتا۔ صرف اتنا کہا جا سکتا ہے کہ جب وہ بیان شائع ہوگا تو دنیا حیرت زدہ رہ جائے گی کہ کشمیر میں مسلمانوں کو مٹانے کے لئے کیسی کیسی خطرناک سازشیں ہو رہی ہیں۔

ہمارا مطالبہ کیا ہے

(ب) کشمیر کے مسلمانوں کی آئندہ زندگی کے لئے تمام قربانیوں کا معاوضہ ایک صرف ایک ہی ہو سکتا ہے کہ کشمیر میں ایک منتخب شدہ اسمبلی کا قیام ہو تاکہ ۹۵ فیصدی مسلمان حکومت کشمیر میں پورے حصہ دار ہوں۔ ریاست اس وقت یہ کوشش کرے گی کہ وہ مسلمانوں کو کچھ روپیہ دے کر بیوگان وظائف وغیرہ اور کچھ ملازمتیں دیکر کشمیری مسلمانوں کو راضی کرے کیونکہ کشمیر کے مسلمان سیاسیات میں ابھی تک اتنے چالاک نہیں ہوئے۔ جتنے کہ ریاست کے موجودہ وزراء ہیں۔

کشمیر کے مسلمانوں کو ہوشیار رہنا چاہیے

(ج) کشمیر کے مسلمانوں اچھی طرح سن لو اور سمجھ لو۔ کہ تم نے جس بہادری اور شجاعت اور قربانی کی نظیر دنیا میں قائم کی ہے اس کا فائدہ اٹھانے کے وقت کسی کے فریب میں نہ آجانا۔ تم کسی خون کا معاوضہ مانگو نہ ملازمتوں کی خواہش کرو بلکہ تم صرف ایک ہی مطالبہ کرو کہ ہم اس وقت کشمیر میں ایک ذمہ دار حکومت سے کم پر راضی نہیں ہو سکتے۔ تمام دنیا کے مسلمان اور انصاف پسند انسانوں کی ہمدردی تمہارے ساتھ ہے۔ جو ظلم و ستم تم پر ہو رہا ہے اس کو برداشت کرتے ہوئے پرامن رہتے ہوئے قدم آگے ہی بڑھتے چلے جاؤ۔ کامیابی تمہارے قدم چومے گی پنجاب کا مسلمان اپنے جان و مال سے تم پر نثار ہو گیا ہے۔

تمام اسلامی انجمنوں کا فرض

مجلس احرار اسلام نے کشمیر کے دورے کو گفت و شنید کے سلسلے میں ناقابل حل سمجھا تو اس نے ... کے میدان میں عملی قدم بڑھا دیا۔ تمام انجمنوں اور تمام مسلمانوں کا فرض ہے۔ وہ انجمن احرار اسلام کی ہر طرح سے تائید کریں۔ کہ ہم مجلس احرار اسلام کے اس مطالبہ کے ساتھ پورا پورا اتفاق رکھتے ہیں۔

مسلمانان ہند کی خدمت میں

اگر آپ ترکوں کی مصیبت سے بیقرار ہو سکتے تھے اور مسلمانان طرابلس کی بے چینی کو دیکھ کر مضطرب ہو سکتے تھے۔ غرضیکہ ہر بیرون ہند کے مسلمان کی مصیبت سن کر یا کسی حکومت کا زوال دیکھ کر آپ نے لاکھوں روپیہ اس کی مدد کے لئے دیا ہو اور ہندوستان میں مہاجرین کے لئے لاکھوں روپیہ خرچ کیا ہزار ہا کی تعداد میں ان کی ہمدردی میں قید ہوئے۔

آج کشمیر کے مسلمان تمہارے پڑوس میں پٹتے ہیں۔ جن پر وہ ظلم و ستم ہو رہا ہے جس کی نظیر دنیا میں نہیں ملتی۔ کیا ان کی امداد تم پر بیرون ہند کے مسلمانوں سے زیادہ نہیں ... اٹھو اور تمام اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر مجلس احرار اسلام پنجاب کے جھنڈے کے نیچے جمع ہو جاؤ۔ اور جان و مال سے ان کی مدد کرو۔

مندرجہ ذیل تار چوہدری افضل حق صاحب رکن تحقیقات وفد کشمیر احرار پنجاب نے گاندھی جی اور مرزا ظفر علی خان کو روانہ کیا ہے۔

کشمیری معاملات کی تحقیقات کر کے واپس آگیا ہوں۔ مسلمانوں کو نہایت بے دردی سے قتل کیا گیا ہے۔ ... کیا گیا اور ان پر تازیانے چلائے گئے ہیں۔ مارشل لاء کا نفاذ کر دیا گیا ہے۔ مسلمانوں کو جیل میں ٹھونسا جا رہا ہے اور ایسے مظالم کا مظاہرہ کیا جا رہا ہے۔ جس کی نظیر نہیں ملتی۔ تمام ہندوستان میں مسلمانوں کی جانب سے اس کے خلاف سخت احتجاج کیا جا رہا ہے۔

امرتسر میں "مباہلہ کانفرنس" کا انعقاد

زیر صدارت مولانا ظفر علی خان صاحب

مرزائی جماعت ملک میں اپنا وقار پیدا کرنے اور تبلیغ مرزائیت کے لئے فضا کو موافق و ہموار بنانے کی غرض سے آئے دن نئی نئی تدبیریں اختیار کرتی رہتی ہے جن کے زہریلے اثرات کا مسلمانوں میں سرایت کر جانے کا خطرہ محسوس کیا جا رہا ہے اس بہت بڑے فتنہ کے انسداد کی تجاویز پر غور کرنے اور ان کو عملی جامہ پہنانے کی غرض سے "مباہلہ کانفرنس" کے انعقاد کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ جو ۱۹ و ۲۰ اکتوبر ۱۹۳۱ء کو سپر بور منگل کے روز بمقام امرتسر جناب مولانا ظفر علی خان صاحب (مالک روزنامہ زمیندار) امرتسر میں پوری شان و شوکت کے ساتھ منعقد ہوگی۔ پنجاب و بیرون پنجاب کے مقتدر اور مشاہیر علمائے کرام اور قومی کارکنوں کی طرف سے شمولیت کے وعدے موصول ہو رہے ہیں۔ مجلس استقبالیہ (جس کے صدر مولانا پیرزادہ محمد بہاؤالحق صاحب قاسمی مقرر ہوئے ہیں) کانفرنس کو کامیاب اور شاندار بنانے میں سرگرمی سے مصروف عمل ہے بہت سے مسلمانوں نے اپنی خدمات کمیٹی کے سپرد کر دی ہیں۔ پنجاب و بیرون پنجاب کی تمام اسلامی انجمنوں سے عموماً اور صدر انجمن مباہلہ کی ماتحت شاخوں سے خصوصاً درخواست ہے کہ اپنے نمائندے کانفرنس کے لئے منتخب کر کے ان کی تعداد و ان کے اسمائے گرامی سے بہت جلد مطلع فرمائیں۔ علمائے کرام و دیگر مدعو حضرات اور انجمنوں کے نمائندوں کے طعام و قیام کا انتظام مجلس استقبالیہ کے ذمہ ہوگا بشرطیکہ وہ اپنی تشریف آوری کی اطلاع ۱۵ اکتوبر تک بھیج دیں۔ بستر ہر مہمان کو اپنے ہمراہ لانا چاہئے اگر کوئی صاحب کوئی تجویز پیش کرنا چاہیں تو وہ بھی ۱۵ اکتوبر تک دفتر میں پہنچ جانی چاہئے۔

خط و کتابت کے لئے یہ پتہ کافی ہے۔

"دفتر مجلس استقبالیہ مباہلہ کانفرنس امرتسر"

(سید شریف احمد چشتی بی۔ اے۔ سکریٹری)

(مجلس استقبالیہ مباہلہ کانفرنس امرتسر)

انتقال پر ملال

مورخہ ۲۰ اگست ۱۹۳۱ء کو جناب حاجی حامد خاں صاحب سدوزئی رکن مسلم نمائندگان کمیٹی بقضائے الٰہی فوت ہو گئے۔

"انا للہ و انا الیہ راجعون"

مسلمانان ڈیرہ اسمعیل خاں کو ان کی وفات پر سخت صدمہ پہونچا ہے کیونکہ جناب حاجی صاحب مرحوم و مغفور فسادات ڈیرہ اسمعیل خاں میں نہایت جوش و خروش اور اخوت اسلامی کے ماتحت خدمات انجام دے رہے تھے اور مسلمانوں کی ہر طرح سے جانی و مالی امداد فرما رہے تھے۔ ڈیرہ اسمعیل خاں کے اجلاس منعقدہ بتاریخ ۳۰ اگست میں ایک تجویز بھی پاس ہوئی جس میں خان صاحب کی خدمات ملی کا اعتراف کیا گیا۔

محمد حیات عفی عنہ

پریسیڈنٹ تحفظ ناموس شریعت

ڈیرہ اسمعیل خاں

فرقہ وارانہ تصفیہ میں سکھوں کی مزاحمت

راولپنڈی اور ملتان کو صوبہ سرحد میں شامل کر دیا جائے

لندن ۷ اکتوبر۔ سردار اجل سنگھ اور سردار سمپورن سنگھ نے آج صبح گاندھی جی سے ۲ گھنٹہ تک ملاقات کی۔ سردو صاحبان نے پنجاب میں ۳۰ فی صدی نمائندگی کا مطالبہ کیا۔ لیکن اس پر آمادگی ظاہر کی کہ اگر کسی دوسری قوم کو آئینی کثرت مل گئی تو وہ معقول مفاہمانہ معاہدہ کو قبول کر لیں گے۔

سردار اجل سنگھ نے گاندھی جی کے سامنے ایک یہ تجویز بھی پیش کی کہ صوبہ پنجاب کو دوبارہ تقسیم کیا جائے۔ راولپنڈی و ملتان کی قسمتوں کو صوبہ سرحد میں شامل کر دیا جائے۔ ان میں سے لائلپور اور منٹگمری کے اضلاع نکال کر پنجاب میں شامل کر دئے جائیں۔ اس حالت میں سکھ "توازن" یا نشستوں کی تخصیص کا مطالبہ نہیں کریں گے۔

معلوم ہوا ہے کہ گاندھی جی نے سرود صاحبان کی گفتگو ہمدردانہ طریقہ پر سنی اور اپنی مشکلات ظاہر کیں۔ آپ نے فرمایا کہ وہ کسی ایسے سمجھوتہ کی تائید نہیں کر سکتے جو ہر دو فریق کے لئے قابل قبول نہ ہو۔

افغانستان کے شمالی حصہ میں بغاوت

لندن ۹ اکتوبر۔ سفیر ننکاگو ٹریبون رقمطراز ہے۔ افغانستان کے شمالی صوبجات میں جو کہ روس ایرانی سرحدوں سے ملحق ہیں بغاوت شروع کر دی گئی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ روس اور سابق شاہ امان اللہ خاں کی جانب سے باغی قبائل کی امداد کی جا رہی ہے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ ایران و ترکی میں شاہ امان اللہ خاں کو جو سیاسی اختیار حاصل تھے وہ ضبط کر لئے گئے ہیں۔

پشاور میں چکلوں پر پکٹنگ

پشاور ۹ اکتوبر۔ مقامی خلافت کمیٹی کے رضاکار در سرخ قمیص والے بطلا پر برابر نہایت ہی امن کے ساتھ پکٹنگ کر رہے ہیں۔ کل ان میں سے دو رضاکار دفعہ ۱۴۸ کے ماتحت گرفتار کر لئے گئے تھے لیکن آج انہیں رہا بھی کر دیا گیا۔ ان پر راستہ روکنے کا الزام تھا۔

فتنہ نگار کے خلاف عالمگیر ہیجان

جمعیۃ الطلباء کانپور کا جلسہ

جمعیۃ الطلباء کانپور کا جلسہ مورخہ ۱۹ جمادی الاول ۱۳۵۰ھ مطابق ۲ اکتوبر ۱۹۳۱ء یوم جمعہ بعد نماز مغرب جامع مسجد کانپور میں گستاخ (ایڈیٹر نیاز فتحپوری) رسالہ نگار کے ملحدانہ و خلاف اسلام مضامین و نیز مظالم مسلمانان کشمیر پر صدائے نفرت و حقارت بلند کرنے کے لئے زیر صدارت مخدومی جناب مولانا اکرم علی صاحب ملیح آبادی منعقد ہوا جس میں حضرات اساتذہ نے بھی شرکت فرمائی صدر موصوف نے اپنی صدارتی تقریر میں رسالہ نگار کے ملحدانہ مضامین و مظالم کشمیر پر بالوضاحت روشنی ڈالی بعدہ حسب ذیل ریزولیوشن باتفاق رائے پاس ہوئے

۱۔ جمعیۃ الطلباء کانپور کا یہ اہم ترین جلسہ رسالہ نگار کے بے ادب گستاخ ملحدانہ مضامین کو جس کا سلسلہ ایک عرصہ سے جاری ہے اور اب اس سے سلمان باخبر ہوئے ہیں انتہائی نفرت و حقارت کا اظہار کرتے ہوئے اپنے پورے جذبات و دلی تاثرات کے ساتھ مسلمانوں کو آگاہ کرتا ہے کہ رسالہ نگار کا دوسرا ابھائی نیاز کی صورت میں اعدائے اسلام سے سازش کر کے اسلام کی بیخکنی کیلئے نمودار ہوا ہے اور تمام مسلم طلباء بزرگان اسلام سے ایمان و ایقان سے استدعا کرتا ہے کہ وہ جلد سے جلد اس کے سدباب کا انتظام کریں۔

۲۔ یہ جلسہ ہندوستان کی مشہور اسلامی ریاست بھوپال کے متعلق ...

محمد اشرف علی ناظم جمعیۃ الطلباء مدرسہ جامع العلوم کانپور

دارالعلوم دیوبند کے علماء کا احتجاج

آل انڈیا سودیشی نمائش دہلی

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کا استعفاء

پریس ایکٹ پر لیڈروں کے دستخط ہونیوالے ہیں

شملہ ۹ اکتوبر۔ ...

شربت اکسیر

اگر تندرستی میں فرق ہے تو زندگی بیکار ہے

...

پتہ: ایس۔ اے۔ بی بھٹی اینڈ کمپنی ... کلکتہ

چمٹے ہوئے کنکھجورے کا مرکر اترنا اور بچھو کا ڈنک مار کر خود مرنا

"امرت دھارا"

... امرت دھارا فارمیسی ... لاہور

ضرورت ہے

...

چوہوں کی دوا

سفید بال

سات دن میں جڑ سے کالا

...

منیجر مہرشی اوشدھالیہ ... شیر ہنگا

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

کشمیر کے مظلوم بھائیوں کی مدد کرو

محکمہ امارت شرعیہ کا اعلان

مسلمانان کشمیر اس وقت جن مصائب میں مبتلا ہیں وہ کسی سے پوشیدہ نہیں ہے۔ ان غریبوں اور مظلوموں کی اس وقت اعانت و امداد کرنا ایک انسانی اور مذہبی فریضہ ہے۔

جلوس و جلسے اور تجویزوں سے ممکن ہے کہ عمال ریاست کچھ متاثر ہوں اور شاید آئندہ ان غریبوں پر ایسے بدترین مظالم نہ ہو سکیں مگر نتیجہ اسی وقت حاصل ہوگا جب کہ ریاست کشمیر کے مظلوم باشندے اپنی مظلومیت کو دور کرنے کے لئے پرامن طریقہ پر مسلسل جد و جہد کرتے رہیں۔ ہندوستان کے گوشہ گوشہ میں اگر جلوس و جلسے بار بار بھی ہوتے رہیں تو ان سے ان کی مظلومیت دور نہیں ہو سکتی لیکن اگر ہم ان مظلوموں، بیواؤں، یتیموں کی مالی مدد کریں تاکہ وہ زندہ رہ کر اپنی انسانیت اور شرافت نفس کا ثبوت دنیا میں پیش کر سکیں تو یہ ان کی سب سے بڑی خدمت ہوگی اور سر دست ہم ان کی خدمت اسی طرح کر سکتے ہیں۔

کشمیر کے حالات و واقعات پر غور کر کے حضرت امیر شریعت مدظلہ العالی نے ارشاد فرمایا ہے کہ امارت شرعیہ کی طرف سے اعلان کر دیا جائے کہ مظلومین کشمیر کے لئے بیت المال میں کشمیر فنڈ کھول دیا گیا تاکہ معتمد اور قابل وثوق ذرائع سے وہاں بھیجا جائے۔

اس تجویز کا حکم دیتے ہوئے سب سے پہلے حضرت نے خود اپنا چندہ بیت المال میں داخل فرمایا۔ روپیہ بھیجنے کے لئے خاص اہل کشمیر کے ذمہ دار لوگوں سے خط و کتابت شروع کر دی گئی ہے۔ بحالت موجودہ مسلمانان ہندوستان سے درخواست ہے کہ امدادی رقمیں فنڈ کشمیر میں ارسال فرمائیں۔

سید محمد عثمان غنی

ناظم امارت شرعیہ صوبہ بہار پھلواری شریف (پٹنہ)

مظالم کشمیر کے خلاف احتجاج

کل بعد نماز عشاء جامع مسجد حضرت قلندر صاحب انجمن تحفظ ناموس شریعت کا ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا جس میں مظالم کشمیر پر ایک پرزور تقریر کے بعد مندرجہ ذیل قرار دادیں باتفاق رائے منظور ہوئیں۔

تجویز ۱۔ اہالیان کرنال کا یہ جلسہ مسلمانان کشمیر پر مظالم کی خبروں سے بیحد متاثر و رنجیدہ ہے اور اپنے بھائیوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں یقین دلاتا ہے کہ مسلمانان کرنال ان کے غم و مصائب میں برابر کے شریک ہیں۔

تجویز ۲۔ یہ جلسہ شہدائے کشمیر کے حق میں دعائے مغفرت کرتا ہے اور پسماندگان سے ہمدردی کا اظہار کرتا ہے۔

تجویز ۳۔ یہ جلسہ مہاراجہ صاحب کشمیر سے اپیل کرتا ہے کہ وہ اپنی مسلم وفادار رعایا سے ہمدردی کا اظہار صورت میں کریں کہ آپ کے دردناک مصائب کا جلد دفعیہ ہو۔

تجویز ۴۔ یہ جلسہ برٹش گورنمنٹ سے مطالبہ کرتا ہے کہ جب رعایائے کشمیر پر وحشیانہ مظالم توڑے جا رہے ہیں تو گورنمنٹ کیوں خاموشی سے مسلمانوں کی خونریزی کو دیکھ رہی ہے حالانکہ برطانیہ کا دعوےٰ ہے کہ رعایائے کشمیر بھی سلطنت ہند کے زیر اثر ہے اس لئے قتل عام کی ذمہ داری دراصل گورنمنٹ کے سر ہے۔

ڈاکٹر محمد یسین خاں

سکریٹری انجمن تحفظ ناموس شریعت کرنال

بفہ میں عظیم الشان اجلاس

قومی خدام کا شاندار استقبال

بفہ میں جب یہ خبر پہنچی کہ فقیر خاں صاحب نے ایبٹ آباد جیل میں مظالم گورنمنٹ کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے مقاطعہ جوعی کر دیا ہے اور تین دن کے بعد آج ان کی حالت نازک ہے اس خبر کے پہنچتے ہی بفہ میں غیر معمولی کیفیت پیدا ہو گئی۔ لوگ جوق در جوق دفتر کانگریس کے آگے جمع ہونے لگے عشاء کے وقت زبردست احتجاج ہوا۔ زیر صدارت مولانا محمد شریف صاحب جلسہ شروع ہوا۔ مولانا مولوی غلام غوث صاحب امیر شریعت نے واقعات پر مفصل روشنی ڈالی۔ محمد زمان خاں نیتوال کی تحریک سے بالاتفاق یہ قرار پایا کہ فوراً ایبٹ آباد جیل جائے اور اپنے رہنما کی رہائی اور مطالبات کے لئے اگر اخیری آئینی قربانی کرنی پڑے تو دریغ نہ کیا جائے چنانچہ اسی وقت راتوں رات ایک جتھا باسٹھ فدائیوں کا بفہ سے پیدل روانہ ہو گیا۔ دوسرے لوگ خاکی ڈوکوٹ ... ۹ تاریخ کے ظہر کے قریب تک ایبٹ آباد جاتے رہے۔ یہاں تک کہ عصر کے وقت خانصاحب موصوف بمعیت گوسرا ان خاں ... اسیران بفہ رہا ہو کر بفہ پہنچ گئے۔ فقیر خانصاحب کی کمزوری حد سے بڑھی ہوئی ہے جلسہ میں مولانا فائز صاحب ... کی گرفتاری پر ... اور حکومت کی ظالمانہ طرز عمل کے خلاف اظہار نفرت کیا گیا۔ فقط

میاں عبدالقیوم قائمقام

سکرٹری کانگریس کمیٹی بفہ

امان گل اسیر بفہ کو سزائے تازیانہ

مظلوم کا اپنا بیان

کچھ عرصہ پہلے مصر میں ایک قانون نافذ کیا گیا تھا جس کی رو سے ہر وہ مصر کا باشندہ جو بالشویک تحریک کے ساتھ آغشتہ ہو یا اشتراکی جدوجہد میں شامل ہو جائے وہ مصر کے قومی حقوق سے محروم کر دیا جاتا ہے۔ یہ قانون مصر میں سوویٹ تحریک کی اشاعت کو روکنے کے لئے بہت مفید ثابت ہوا جس کے بعد بالشویک پروپیگنڈہ بھی رک گیا۔ بدقسمتی سے اس قسم کا کوئی قانون شام، عراق اور فلسطین میں موجود نہیں ہے اس وجہ سے سوویٹ پروپیگنڈہ کے لئے ان مقامات کے دروازے کھلے ہوئے ہیں اور یہ تحریک خطرناک صورت اختیار کرتی جا رہی ہے۔ اگر ابتدائی حکومت مصر کے نقش قدم پر چلنا چاہے تو اعلیٰ حکام کی یہ رائے ہے کہ مشرق قریب اور وسطی میں بالشویک پروپیگنڈہ کو بالکل ختم کیا جا سکتا ہے۔ مزید برآں بیان کیا جاتا ہے کہ حجاز میں بالشویک تحریک نے اس وقت سے ایک خطرناک نتیجہ پیدا کر دیا ہے جب سے حجاج میں سوویٹ تبلیغ کے لئے کوشش ہونے لگی ہے چونکہ حجاز میں تمام دنیا کے مسلمان بالخصوص برطانوی علاقوں کے حجاج لاکھوں کی تعداد میں جمع ہوتے ہیں اس لئے سوویٹ تحریک کیلئے اس سے بہتر اور کوئی موقع نہیں ہو سکتا۔

(اسٹیٹسمین)

حکومت کے ساتھ صلح یا جنگ کا فیصلہ

لندن ۲۳ر اکتوبر۔ اس امر کا فیصلہ کہ آئندہ گورنمنٹ اور کانگریس کے درمیان صلح ہوگی یا جنگ، عام انتخابات کے بعد نومبر کے پہلے ہفتہ میں ہو جائے گا۔

جمعیۃ الاقوام میں چینی و جاپانی مسئلہ

لیگ کی طرف سے چین کو مشورہ

وفاقی تعمیری کمیٹی میں کانگریس کا نقطۂ نظر

سپریم کورٹ کے لئے وسیع اختیارات کا مطالبہ

... کہ ہندوستان کی ابتدائی کونسل ہونی چاہیئے۔

شادیوں اور دعوتوں پر ٹیکس لگانے کی تجویز

بمبئی ... اکتوبر۔ بمبئی میونسپلٹی نے اپنی آمدنی کے ذرائع بڑھانے کے لئے ...

لکھنؤ کی خبر۔ اردو اخبار روزانہ ہمدم لکھنؤ ... ہمارے صوبہ کے نامور اور باوقار طبیب جناب ... حکیم صاحب بانی و مہتمم ادویہ شفاخانہ نے ضعف جسمانی و کمزوری اعصاب کے علاج میں کمال حاصل کر لیا ہے (خلاصہ ریویو) حاجتمند آئیں یا فارم تشخیص مرض مفت طلب کریں

جامع مسجد دہلی میں سردار اللہ نواز خاں سفیر اعلیٰ حضرت بادشاہ افغانستان کا خیر مقدم

حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صدر جمعیۃ علماء ہند کی بصیرت افروز تقریر

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کا پیغام شاہ غازی کے نام

سردار کا اظہار تشکر و امتنان

(از نامہ نگار خصوصی)

سردار کی تقریر

حضرت مفتی صاحب کی تقریر

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کی تقریر

اقلیتوں کا مسئلہ اب حکومت کی طرف سے طے ہوگا

وفاقی عدالت سے والیان ریاست کا اطمینان

اچھوت اور اینگلو انڈین جماعت کی پریشانی

لندن ۲۳ اکتوبر۔ گول میز کانفرنس کے سلسلہ میں یہ افواہ گرم ہے کہ فرقہ وارانہ مسئلہ کا تصفیہ اب حکومت کرنا چاہتی ہے۔ چنانچہ اس خبر سے اقلیتوں کے حلقے میں بڑی تشویش پیدا ہوگئی ہے۔ اسی سلسلہ میں معلوم ہوا ہے کہ ان لوگوں کا ایک وفد وزیر ہند کی خدمت میں حاضر ہونے والا ہے تاکہ اپنے حقوق کے متعلق اطمینان کرے۔ سر ہیوبرٹ کار اور ڈاکٹر امبیدکر اس وفد کا انتظام کر رہے ہیں۔

جمعیۃ اسلامیہ بغداد سے مظلومین کانپور کی امداد

حضرت ناظم صاحب کی خدمت میں معتمد جمعیۃ اسلامیہ کا خط

مسلمانان ڈربن اور مظلومین کانپور کی امداد

اخبار الجمعیۃ

قبرص میں برطانیہ کے خلاف زبردست بغاوت

جزیرہ کو یونان سے ملحق کرنے کی خواہش

گورنمنٹ ہاؤس پر حملہ۔ پولیس کے فائر

مجمع پر پولیس کے فائر

بعد کی اطلاع

سابق سلطان کی خلافت کا مسئلہ

سیٹھ یعقوب حسن صاحب کا بیان

مدراس ۱۶ اکتوبر۔ سابق سلطان عبدالمجید خاں کی احیائے خلافت پر مولانا یعقوب حسن نے اخبارات میں ایک بیان شائع کیا ہے کہ یہ ایک شرارت پر مبنی ہے اور اگر ایسا ہوا تو اس کے نتائج تباہ کن ہوں گے۔ ... خلافت کا کام مسلمانوں کی متفقہ رائے سے ہونا چاہیے ... تمام مختار اسلامی حکومتیں ایک اتحاد قائم کر کے مقررہ وقت کے لئے سب ایک خلیفہ کا انتخاب کریں۔

تاجدار افغانستان کے اے ڈی سی کا دہلی میں ورود

مشترکہ بورڈ کی طرف سے شاندار استقبال

سردار اللہ نواز خاں صاحب سردار والا اے ڈی سی تاجدار افغانستان کے دہلی میں تشریف لانے کی اطلاع تمام شہر میں مشترکہ بورڈ کی طرف سے کر دی گئی تھی اور معززین شہر کو بھی دعوت شرکت دی گئی تھی۔ چنانچہ اسٹیشن پر مسلمانان دہلی کثیر تعداد میں موجود تھے۔ ...

سفیر صاحب نے معززین کا تعارف کرایا۔ اس موقعہ پر سید رضا مرزا صاحب نے مشترکہ بورڈ کی طرف سے سپاسنامہ پڑھ کر سنایا جس میں آپ کی شاندار ملی سیاسی خدمات کا اعتراف کیا گیا تھا۔

مصر کے مسلمان ہندوستان کی تحریک کے حامی ہیں

وزیر اعظم کے ایک پرانے قول کا اعادہ

مصر کے سابق سفیر کی لندن میں تقریر

لندن ۲۳ اکتوبر۔ ہائیڈ پارک ہوٹل میں ۹ تاریخ کو مصریوں اور ہندوستانیوں کی ایک صحبت میں مصری اصحاب نے ہندوستان کی تحریک آزادی کے ساتھ ہمدردی کے جذبات ظاہر کئے۔ گاندھی جی اور پنڈت مدن موہن مالویہ کی جانب سے ... گاندھی جی اور مالویہ جی بعض دیگر اہم مصروفیات کی بنا پر شرکت نہیں کر سکتے تھے۔

حجاز اور یمن کی سرحد پر جنگ کا خطرہ

سلطان ابن سعود کی مصالحانہ کوشش

یمنی افواج کو ہٹا لیا جائے

سول نافرمانی کی تحریک دوبارہ شروع کی جائیگی

گاندھی جی نے بھی لندن سے اجازت دیدی

پنڈت جواہر لال نہرو کا اعلان

گاندھی جی کی اجازت

مسٹر شوکت عثمانی کی درخواست ضمانت نامنظور

وکیل استغاثہ کی طرف سے مخالفت

دہلی الیکٹرک کمپنی کے خلاف جوش

برقی روشنی کی شرح میں اضافہ

قوم پرور کانفرنس کے اجلاس کی کاروائی

فساد برپا کرنے کے لئے شریروں کی شرمناک کوششیں

ڈاکٹر انصاری صاحب کا خطبہ صدارت

کانفرنس کا اجلاس

سکھوں کی تجویز متعلق تقسیم پنجاب

خطبہ صدارت

صوبہ سندھ میں مسکینی قبیلے کے ... افراد کی آمد

وزیر اعظم قلات کے استبداد پر احتجاج

سابق خلیفہ کی صاحبزادی کی شادی

شہزادہ نظام کی شادی ہونے والی ہے

لندن ۲۲ اکتوبر۔ اخبار ڈیلی ایکسپریس لکھتا ہے ... اعلان ہونے والا ہے کہ شہزادہ نظام اور سابق خلیفہ عبدالمجید کی شہزادی کی نسبت قرار پا گئی ہے۔ شہزادی موصوف بالیس زبانوں کی ماہر ہیں اور نہایت ہی لائق ہیں۔ ... شہزادگان آصفجاہی کے سفر لندن کی اصل غرض بھی یہی تھی ... یہ شادی لندن میں ہوگی اور اسی سال ہو جائے گی۔ (اسٹیٹسمین)

ایک اینگلو انڈین کو سزائے قید و جرمانہ

چلتی ٹرین میں عصمت دری کی کوشش

ملتان، ۲۳ اکتوبر۔ ایک ہندو عورت کی عصمت برباد کرنے کے الزام میں جو مقدمہ ایک ریلوے گارڈ مسمی کنگ کے خلاف ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ مظفر گڑھ کی عدالت میں چل رہا تھا اس کا فیصلہ سنا دیا گیا ہے۔ ملزم کو مجرم قرار دیا گیا اور دو ماہ قید اور دو صد روپیہ جرمانہ کی سزا دی گئی ہے۔

ریلوے لائن اکھاڑ دی گئی

گاڑیوں کو تباہ کرنیکی کوشش

مدراس ۲۳ اکتوبر۔ اطلاع ملی ہے کہ ... ریلوے اسٹیشنوں کے درمیان ریلوے لائن سے کسی نامعلوم شخص نے ایک پٹری نکال دی جس سے تمام گاڑیاں ایک گھنٹہ تاخیر سے آئیں۔ لائن کو درست کر دیا گیا ہے اور پولیس معاملہ کی تحقیقات کر رہی ہے۔

ریاست حیدرآباد کیطرح کشمیر میں تحقیقات کیجائے

دلال کمیشن پر مسلمانوں کو اعتماد نہیں

سری نگر ۲۳ اکتوبر۔ جناب ایس۔ ایم عبداللہ، گوہر الرحمن، عبدالمجید، غلام عباس اور یعقوب علی صاحبان نمایندگان مسلمانان کشمیر نے بذریعہ پیغام مطلع فرمایا ہے کہ ریاست کی طرف سے جدید دلال کمیشن کا تقرر ہوا ہے۔ گذشتہ دلال کمیشن پر مسلمانان کشمیر کو کوئی اعتماد نہ تھا ... تمام فسادات کے دوران میں سرکاری افسروں کے رویہ کی ایک آزادانہ کمیشن تحقیقات کرے اور اس کمیشن کے ارکان حکومت ہند سے طلب کئے جائیں جیسا کہ ریاست حیدرآباد نے سکھوں کے تنازعہ پر کیا تھا۔ ورنہ انصاف نہ ہو سکے گا۔

فوج کو ہندوستانی بنانے کا مسئلہ

لندن میں مندوبین کی بیضابطہ کانفرنس

وزیر اعظم کے انتخاب میں سخت مقابلہ

لندن، ۲۳ اکتوبر۔ خیال کیا جاتا ہے کہ پارلیمنٹ کے انتخابات کا اعلان بدھ کی دوپہر تک کر دیا جائے گا۔ ... مسٹر میکڈانلڈ کے حلقہ انتخاب میں ہم کا اعلان بدھ کی دوپہر کو کیا جائے گا۔ مسٹر میکڈانلڈ کو اس حلقہ میں بہت زیادہ مقابلہ کرنا پڑا ہے۔

ہندوستان مکمل آزادی لیکر چھوڑے گا

انگریزوں کے سامنے گاندھی جی کی تقریر

لندن ۲۲ اکتوبر۔ انگریزوں کے ایک اجتماع کے سامنے تقریر کرتے ہوئے گاندھی جی نے کہا کہ میں یہاں اس لئے آیا ہوں کہ آپ کو ہندوستان کا حامی بنا سکوں۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہندوستان کے عام لوگ کامل آزادی سے کم کسی چیز پر راضی نہیں ہوں گے۔ اگر آپ نے ہماری امداد کی تو ہم آپ کی امداد سے ورنہ آپ کی امداد کے بغیر ہی اسے حاصل کریں گے۔ کوئی طاقت آزادی کی جانب بڑھنے سے ہمیں نہیں روک سکتی۔

ہندوستان میں روسی مسلمانوں کی ہجرت

روسی مظالم کی دردانگیز داستان

پنجاب اور دہلی میں کچھ روسی ترکستان کے باشندے آئے ہیں۔ ان کا بیان ہے کہ سوویٹ گورنمنٹ نے ان کے مذہبی فرائض پر پابندیاں عائد کی ہیں جس کی وجہ سے انہیں گھر بار چھوڑنا پڑا۔ تقریباً ۳۲ ایسے اشخاص دہلی میں موجود ہیں ... روسی ترکستان میں کوئی اچھا مسلمان نہیں ... قرآن اور دیگر مذہبی کتب ضبط کر لی گئی ہیں ... مسلمانوں ہی کی نہیں بلکہ عیسائیوں کی بھی یہی حالت ہے ... آخر کار یہ لوگ خفیہ اپنے ملک سے بھاگ کر چینی ترکستان میں آئے اور وہاں سے چترال پہنچے۔

صوبہ دہلی کی توسیع کیلئے کانفرنس کا انعقاد

امرتسر کے ایک مندر پر پکٹنگ

غیر ملکی پارچہ پوشوں کو داخل نہیں ہونے دیا

امرتسر ۲۲ اکتوبر۔ درگیانہ مندر پر کھدر پرچارنی سبھا کی جانب سے پکٹنگ جاری ہے۔ ... ایک بدیشی پوش عورت نے ایک رضا کار عورت کے منہ پر تھپڑ مارا۔

مباهلہ کانفرنس کا خطبۂ استقبالیہ
(بسلسلہ صفحہ اول)

اس نہایت ہی ناپاک مقصد کی تکمیل کے لئے مرزا صاحب نے اپنے مریدوں کو تیار کیا۔ اور عملی طور پر بتادیا کہ مرزائی مذہب کے عالم وجود میں آنے کی غرض وغایت کیا ہے؟ چنانچہ آپ فرماتے ہیں کہ:-

"وہ جماعت جو میرے ساتھ تعلق بیعت و مریدی رکھتی ہے وہ ایک ایسی سچی، مخلص اور خیرخواہ اس گورنمنٹ کی بن گئی ہے کہ میں دعوے سے کہہ سکتا ہوں۔ کہ ان کی نظیر دوسرے مسلمانوں میں نہیں پائی جاتی۔ وہ گورنمنٹ کیلئے ایک وفادار فوج ہے۔ جن کا ظاہر و باطن برطانیہ کی خیرخواہی سے بھرا ہوا ہے" (تحفۂ قیصریہ صفحہ ۱)

چونکہ مرزا صاحب کے مشن کا مقصد و مدعا صرف یہ تھا کہ گورنمنٹ کی ہر صورت میں خوشامد کی جائے۔ اور چونکہ رعایا کی باہمی لڑائی حکومتوں کے استحکام کا باعث ہوا کرتی ہے۔ اس لئے مرزا صاحب نے "لڑاؤ اور حکومت کرو" کے اصول کو ملحوظ رکھکر ہندوستان کی مختلف قوموں میں جنگ وجدل کی آگ مشتعل کی۔ کبھی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو گالیاں دیں۔ اور کبھی ہندوؤں کے پیشواؤں کو۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہندوؤں اور عیسائیوں کی بدزبانی اسلام اور بانیٔ اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نسبت بڑھ گئی یہ وہ آگ ہے جس کی بدولت ہمارے ملک میں آئے دن خونریز لڑائیاں ہوتی رہتی ہیں اور اس کے شراروں نے ہندوستان کے خرمن امن کو جلا کر خاکستر بنا رکھا ہے۔ آپ نے حکومت کی جو خدمات انجام دی ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ان سب کے مقابلہ میں یہ خدمت بہت اہم ہے۔

مسلمانوں کی تکفیر اور مقاطعہ

مختلف قوموں کو لڑانے کے علاوہ آپ نے مسلمانوں میں بھی افتراق پیدا کرنا ضروری سمجھا چنانچہ آپ نے اعلان کیا کہ جو مسلمان مجھے نہیں مانتا یعنی میری "نبوت" و "رسالت" اور دوسرے دعاوی کا قائل نہیں ہوتا وہ کافر ہے گویا آپ نے بیک جنبش قلم دنیا بھر کے تمام مسلمانوں کو کافر ٹھہرایا۔ ان کے ساتھ رشتہ ناطہ کرنے کو ناجائز قرار دیا۔

صرف "کافر" کہنے پر ہی کفایت نہیں کی بلکہ اپنے مریدوں کو یہ بھی تعلیم دی کہ تمام اسلامی فرقوں کا بائیکاٹ کیا جائے۔ جیسا کہ آپ کی کتاب "اربعین" میں ہے کہ:-

...

سرکاری ملازم مرزائیت کے مبلغ

سیاسیات ملکی اور خلیفہ قادیان

اتحادی رٹ لگانے والوں سے خطاب

تبدیلی لباس

کارکنان مباہلہ کی مظلومیت

"نگار" کے "حق گو" مقالہ نگار کا توبہ نامہ
نیاز کے دست راست کی تجدید ایمان

(از عبدالماجد) ایڈیٹر "سچ"

"نگار" کے ایک مشہور و مقبول مضمون نگار جو "حق گو" کے نام سے بعض صحابہ کرام پر سخت سے سخت الفاظ میں جرح کیا کرتے تھے، گو ان کی فرد جرم، اڈیٹر نگار کے برابر سنگین و شقی، یعنی انہوں نے نہ کبھی حق تعالیٰ سے تمسخر کیا تھا، نہ ملائکہ، رضوان و مالک، جنت و دوزخ پر پھبتیاں کہیں تھیں، نہ انبیاء کرام علیہم السلام کی توہین کی تھی تاہم بعض صحابہ سے متعلق ان کا طرز تحریر سخت گستاخانہ تھا۔ چنانچہ لکھنؤ کے جلسۂ عام میں مسلمانوں نے ان پر بھی ملامت کی ایک تجویز پاس کی تھی، لیکن ہادی مطلق کو شرح صدر کرتے کیا دیر لگتی ہے۔ دلی مسرت کے ساتھ مسلمانوں کے اطمینان کے لئے اعلان کیا جاتا ہے، کہ ہمارے ان بھائی کو اپنی گمراہی پر تنبہ ہو گیا، اور ذیل کے توبہ نامہ میں انہوں نے بغیر کسی لیت و لعل کے، ایک سچے مسلمان کی طرح صاف، صریح، و واضح الفاظ میں اپنی گزشتہ گمراہی سے رجوع کا اعلان اور آئندہ کی اطلاع حال کا وعدہ کرکے، معاملہ کو ختم کر دیا ہے۔ اللہ انہیں استقامت نصیب کرے، اس توبہ کے بعد آج سے وہ پھر ہمارے بھائی اور معزز بھائی ہیں اور ان کی عزت عین ہماری عزت ہے، وہ یقین فرمائیں کہ اس صریح اعتراف و اعتذار سے ان کی عزت میں ذرہ بھر بھی کمی نہیں ہوئی، بلکہ ہر مسلمان کی نظر میں ان کی قدر بڑھ ہی گئی ہے۔ وہ نسبتاً "سید" ہیں اور شرافت نسب کے جوہر شاید ایسے ہی موقع پر چمکتے ہیں۔ کاش مدیر "نگار" کو انہیں کی تقلید کی توفیق نصیب ہوتی! ذیل میں ان کا اعلان بعض فقروں کو نمایاں کرکے بجنسہ درج کیا جاتا ہے۔

اعتراف و اعتذار

میں نے "سچ" کے مسلسل مضامین کو پڑھا۔ میرا تعلق "نگار" اور اس کے الحادی مضامین سے ہرگز نہیں، ہاں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے متعلق میری تنقید و جرح میں مجھے ایک سخت غلطی کا اشتباہ ہوا ہے اور میرا یہ اسلامی فرض ہے کہ بہت جلد اپنی رائے کا اظہار کرکے اس سے قطعی رجعت کر لوں ...

... کی طرف نسبت دینا یقیناً "مدلسین" کا کام تھا، کیونکہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا انتقال ان خلفاء سے پہلے ہو چکا تھا مجھ کو فی الحقیقت یہ کہنا چاہئے تھا کہ بنی امیہ کے زمانہ میں مدلسین بعض صحابیوں کی مسند سے واقعات بیان کرتے تھے، جن کا قول ان صحابیوں تک پہونچنا مشتبہ ہے۔ حضرت ابو ہریرہ کے خلاف امام رازی، الشعرانی، اندلسی اور اصابہ میں ابن عمر رضی اللہ عنہ و حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے اقوال کے نسبت بھی سکوت اختیار کرتا ہوں، اور میں آپ کے ہاتھ پر تجدید ایمان کرتے ہوئے، آپ سے برادرانہ التماس کرتا ہوں، اور اس امید پر کہ میں آپ سے واقف ہوں اور آپ بھی میرے اسلامی جذبات سے اگر بالکلیہ واقف نہیں تو "اسلامک ریویو" کے مضامین سے آپ معلوم کر سکتے ہیں۔ بہرحال میں دوبارہ لکھتا ہوں کہ مجھے اپنی غلطی پر انتباہ ہو گیا، اور آپ جس طرح چاہیں اس تحریر کو میرے لئے کام میں لا سکتے ہیں میں عرصہ ایک سال سے ہوا کوئی مضمون وغیرہ نہیں لکھتا۔ میری تصنیف (۱۹۲۸ء) ... برتاؤ حدیث پر میری غفلت اور ناعاقبت اندیشی سے کوئی سال بھر ہوا "نگار" کو دے دی گئی تھی۔ مگر میری نیک نیتی پر میں قسم کھانے کو تیار ہوں، اب میں اس کو قطعی واپس لیتا ہوں اور کبھی ایسے مسائل میں قلم نہ اٹھاؤں گا جو عامہ مسلمین کے عقائد کے کسی طرح خلاف ہوں۔ میں نے "نگار" کو بھی آج ہی لکھ دیا ہے کہ وہ اگر مضامین کو نومبر کے پرچے میں درج نہ کر چکے ہوں تو اس کو قطعی بند کر دیں۔ میرا ایمان ہے کہ رسول برحق سے بڑھ کر دنیا و مافیہا میں میرے لئے کوئی دوسری چیز نہیں۔ خواہ اس کو آپ منافقانہ سمجھیں یا اسلامی۔ فقط والسلام

"حق گو"

مدیر نگار کی طرف سے آخری توبہ نامہ
علماء لکھنؤ اور مدیر اخبار سچ کا اظہار اطمینان

...

میرے نزدیک کافی ہے (شمس العلماء نجم الحسن (مجتہد العصر) ابوالحسن النقوی
محمد اعجاز حسن - مرزا عابد حسین آنریری سکریٹری مدرسۃ الواعظین لکھنؤ

اخبار "سچ" کا جو تازہ پرچہ آیا ہے اس سے معلوم ہوا کہ مولانا عبدالماجد صاحب مدیر "سچ" نے بھی اس توبہ نامہ کو قبول فرما لیا ہے۔ "الجمعیۃ"

... خود غرضانہ ہمدردی کا مظاہرہ مسلمانوں کو مطمئن نہیں کر سکتا تاوقتیکہ وہ کھلے الفاظ میں اپنے کفریات اور اعمال شنیعہ سے توبہ کا اعلان نہ کریں اگر بنگل کے درندوں اور سانپ کے بچوں سے کسی بہتری کی توقع نہیں ہو سکتی۔ تو یقین رکھو کہ مرزائی جماعت سے بھی اسلام اور مسلمانوں کی بھلائی کی امید رکھنا پرلے درجہ کی حماقت ہے۔

غمناک و نہایت ضرورت مندوں کیلئے خوشی کا پیغام شادمانی کی لہر

اس میں شک نہیں کہ جھوٹے اشتہاری دوا فروشوں نے اشتہاری دنیا کو بہت بدنام کر دیا ہے۔ لیکن مجبوری یہ ہے کہ کسی سچی چیز کو عام لوگوں کے علم میں لانے کا ذریعہ بھی بجز اشتہار کے اور کوئی نہیں۔ اس لئے ذیل کی دواؤں کو جنہیں دہلی کے مایۂ ناز طبیب ہزاروں نہیں لاکھوں مریضوں پر تجربہ کر چکے ہیں۔ اور ۹۵ فی صدی کامیاب ثابت ہوئی ہیں عام انسانوں کے فائدے کے خیال سے شائع کیا جاتا ہے۔ اگر آپ کا دل ان کی سچائی پر بغیر کسی گواہی بھی دے تو ایک مرتبہ بطور تجربہ ہی منگا کر دیکھ اور رکھ کر فائدہ دیکھئے

حب نعمت (رجسٹرڈ)

دہلی کے بقائی خاندان کو طبی دنیا میں جو غیر معمولی شہرت حاصل ہے وہ محتاج بیان نہیں یہ گولی اس خاندان کے بزرگوں کی حیرت انگیز ایجاد ہے جس نے مردانہ امراض کے مریضوں کی غمناک دنیا میں شادمانی کی لہر دوڑا دی ہے۔ جریان کو دور کرنے، پتلی دھات کو منجمد بنانے، سرعت، انزال اور کثرت احتلام کا ازالہ کرنے مادہ تولید کو کثیر مقدار میں پیدا کرنے، اور جملہ مردانہ کمزوریوں کو مٹا دینے میں بے نظیر آپ ہے۔ حب نعمت کو استعمال کرنے والا انشاء اللہ تعالیٰ اولاد سے محروم نہ رہے گا اس لئے حب نعمت درحقیقت ایک عظیم الشان نعمت ہے۔ ہر غریب امیر کو فائدہ پہنچانے کے خیال سے قیمت فی شیشی جس میں ۴۰ گولیاں ہوتی ہیں صرف ایک روپیہ (عہ)

مستورانی

جس طرح جریان مردوں کی زندگی کو تباہ کر دیتا ہے اسی طرح رطوبت کا خارج ہونا عورتوں کے لئے مہلک ہے۔ اپنی بے زبان مستورات کو اس خوفناک مرض سے بچانا آپکا فرض ہے۔ کیونکہ یہ مرض نہایت سرعت کے ساتھ عورتوں کی جوانی۔ قوت اور تندرستی کو تباہ کرکے ناقابل علاج امراض میں مبتلا کر دیتا ہے۔ مستورانی اس مرض کی حیرت انگیز دوا ہے جو نہایت قیمتی اجزاء سے تیار کی گئی ہے۔ اگر آپ کو اس واجب الرحم طبقہ سے کچھ بھی ہمدردی ہے تو آپ مستورانی سے فائدہ اٹھانے کا موقع بہم پہنچایئے۔ بارہ گولیوں کی قیمت صرف (عہ) ایک روپیہ آٹھ آنہ

طلاء جو تمام مروجہ طلاؤں سے زیادہ مفید ثابت ہوا ہے ...

(نوٹ) محصول ڈاک، اور پیکنگ کا خرچ ان قیمتوں کے علاوہ ہے۔

ملنے کا پتہ: منیجر دواخانہ مجربات خصوصی دہلی

مراسلات
(ایڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

حکومت حجاز کی مخالفت
علامہ توفیق شریف کی افترا پردازیاں

ان خطوط کی تردید میں جو علامہ توفیق شریف کی طرف سے حکومت حجاز کی مخالفت میں اخبار خلافت میں ۷ اکتوبر سے ۱۸ اکتوبر ۱۹۳۱ء تک شائع ہوتے رہے ہیں ہم آپ کی اور ناظرین اخبار کی واقفیت کے لئے لکھنا چاہتے ہیں کہ توفیق شریف صاحب امام عبدالعزیز والی حجاز (ایدہ اللہ) کے ایک خادم سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتے پانچ سال تک جب یہی ذات شریف امام موصوف کی ملازمت میں تھے ان کی توصیف و تعریف میں رطب اللسان نظر آتے تھے۔ لیکن اب کہ انہیں کی طرف سے بھیجے ہوئے ہندوستان میں وارد ہوئے ان کے بقیہ مخالفین کے ساتھ شامل ہو کر انہیں کے خلاف اتہامات کا زہر اگلنے لگے۔

توفیق صاحب! اگر آپ مسلمانوں کے ناصح مشفق نگران کی خیرخواہی کرنا چاہتے ہیں تو صوبجات بربر میں، جہاں مسلمانوں کو بجبر نصرانی بنایا جا رہا ہے، آپ بہتر خدمت انجام دے سکتے ہیں۔ یا مجاہد اعظم عمر مختار مرحوم (رحمۃ اللہ) کے مجاہدین میں شامل ہو کر اٹالویوں سے دست آزمائی کر سکتے ہیں کیونکہ ناصح کے لئے نہایت ضروری ہے کہ پہلے خود اپنے نفس کو نصیحت کرے۔

آخر امام صاحب موصوف کی مخالفت سے آپ کی مراد کیا ہے؟ آیا یہ کہ امیر فیصل کے قائم مقام ہوں یا لندن میں حافظ وہبہ کے منصب پر آپ کا تقرر ہو جائے؟

شریف صاحب! آپ کے متعلق تو یہ مشہور کیا گیا ہے۔ کہ آپ کو فرانسیسی اطالوی اور انگریزی زبانوں پر عبور ہے۔ تو آپ کو توم از کم یہ لازم تھا کہ مصر تشریف لیجا کر شکیب ارسلان۔ سید رشید رضا اور صاحب "الفتح" کی طرح اپنا زیر قلم دکھاتے مگر یہ تو وہ کرے جس کا ظاہر و باطن یکساں ہو ...

یہ عنوان کل ہندوستان کے اہل قلم حضرات کی طبع آزمائی کے لئے تجویز کیا گیا ہے مضمون فلسکیپ کے پندرہ صفحوں سے متجاوز نہ ہو اور ایک ہی رخ پر صاف خط میں لکھا جا کر سر بمہر لفافہ میں ۱۰ رجب ۱۳۵۰ھ تک معتمد مجلس جشن میلاد النبی ﷺ کے پتہ پر آ جانا چاہئے۔

عنوان دوم تعلیم اسلام سے اغیار کا مستفید ہونا

یہ عنوان طلبائے مدرسہ نظامیہ و کالج ہائے حیدرآباد کی تقریری سابقت کے لئے تجویز ہوا ہے نیز یہ طے پایا ہے کہ سابقت کنندے تاریخ ۱۳ رجب ۱۳۵۰ھ بعد نماز جمعہ (۲) بجے بمقام جلسہ واقع میدان ... سکندرآباد میں جمع ہو کر تین فاضل منتخبین و حاضرین جلسہ کے روبرو اپنی اپنی باری سے تقریباً ۱۵ منٹ تقریر کریں۔

مقررین اپنے ہمراہ کوئی کتاب یا یادداشت نہ رکھیں البتہ ... کے کاغذ پر کچھ نوٹ لکھ لانے کے مجاز ہوں گے۔

عنوان سوم مصالح حج بیت اللہ

یہ عنوان طلبائے ہائی اسکولہائے حیدرآباد و مضافات کی تحریری سابقت کے لئے تجویز ہوا ہے طلباء بتاریخ ۹ رجب ۱۳۵۰ھ روز جمعہ کو ۹ بجے اسلامیہ ہائی اسکول سکندرآباد میں جمع ہو کر ٹھیک ۱/۲ ۹ بجے سے ۲ گھنٹے مشغول تحریر مضمون ہوں فلسکیپ کے ۴ سے ۸ صفحات پر مضمون ختم ہو جانا چاہئے۔ سابقت کنندہ کو کوئی کتاب نوٹ یا یادداشت ہمراہ لانے کی اجازت نہ ہوگی۔

(محمد عارف معتمد جشن میلاد النبی سکندرآباد)

زمینداروں اور کاشتکاروں کا اجلاس
قرض اور سود کے متعلق تجاویز

۲۴ اکتوبر کو جمعیۃ زمینداران و کاشتکاران ضلع جھنگ کا ایک سپیشل اجلاس زیر صدارت میاں غلام میراں صاحب منعقد ہوا جس میں حسب ذیل تجاویز باتفاق پاس ہوئیں۔

(۱) میعاد قرضہ بجائے بڑھانے کے کم کی جائے۔

(۲) قرضہ کی مہلک رفتار یہاں تک آ پہنچی ہے کہ جب تک گورنمنٹ پنجاب زمیندار کا سابقہ قرضہ جو آج تک ہے خود اپنے ذمے لے کر ساہوکار کو ادا نہ کرے اور خود زمیندار کی آمدنی اور اراضی کو اپنی تحویل میں لے کر جس سے زمیندار با سانی ...

(۷) بحالات موجودہ محاصل اراضی سے پچاس فی صدی سرکار تخفیف فرمائے۔

سکرٹری
جمعیت زمینداران و کاشتکاران ضلع جھنگ
صدر مقام محمد شاہی ضلع جھنگ

عنوان اول سرور دو عالم ﷺ کا طریق تنظیم سلمانوں کی مشکلات کا حل

اعلان مضامین انعامی بابت ۱۳۵۰ھ

ہندوستانی ایجاد گھر دہلی
سے اس کی تیار کردہ حسب ذیل ایجادوں کی فہرست طلب فرمایئے
نو ایجاد قیمہ مشین • نو ایجاد کدوکش • نو ایجاد مشین سیویاں

زندگی کی کسی کشمکش میں آپ مصروف ہوں!
امرت دھارا کو ضرور پاس رکھیں کیونکہ یہ آپ کو بہت سی تشویش، حرج اور تکلیف سے بچا دیگی!
وہ وقت جبکہ ہر لحظہ پر از خطر ہوتا ہے
یہی ہیضہ کے دن ہیں۔ کیا بھروسہ ہے کہ خوراک جو آپ کھاتے ہوں یا چیز جسے آپ چھوتے ہیں
ہیضہ کے جراثیم
سے اثر پذیر ہو چکی ہو ممکن ہے کہ ۹۰ فیصدی حالات میں آپ خطرہ سے باہر رہیں مگر کل کی کون جان سکتا ہے۔ لہذا یہ لازم ہے کہ آپ ایک حفظ ماتقدم پاس رکھیں اور ان دنوں استعمال جاری رکھیں
"امرت دھارا"
(بہترین خانگی دوا ہے)
اور ان تمام حفاظتی اور صحت بخش ادویات میں جو ہیضہ یا دیگر معدہ کی امراض کے لئے موجود ہیں سب سے زیادہ مشہور و معروف ہے۔ خدا کی مہربانی شامل حال رہے۔ تو
یہ ہمیشہ فائدہ کرے گی!
قیمت:- فی شیشی دو روپے آٹھ آنے۔ نصف شیشی ایک روپیہ چار آنے۔ نمونہ کی شیشی آٹھ آنے
خط و کتابت و تار کا پتہ:- امرت دھارا ۱۲ لاہور
المشتہر منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ۔ امرت دھارا بھون۔ امرت دھارا روڈ۔ امرت دھارا ڈاکخانہ لاہور

ہندو کالج میں نماز جمعہ کیلئے وقفہ کا مطالبہ

مکرمی ایڈیٹر صاحب! ... افسوس ... تعلیم پاتے ہیں نماز جمعہ کی ادائیگی کے لئے کوئی خاص انتظام نہیں کیا گیا ہے ... قریب کا مشن کالج ایک گھنٹہ کے لئے بند ہو جاتا ہے ... نماز جمعہ سے فارغ ہو جاتے ہیں ...

اسلامیہ ہائی اسکول سہارنپور کی تعمیر

... نواب سر محمد مزمل اللہ خاں صاحب کے۔ سی۔ آئی۔ ای۔ او۔ بی۔ ای۔ ... آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس علی گڑھ ...

نواب محمد عادل خاں صاحب
آنریری منصف سکریٹری استقبالیہ کمیٹی سہارنپور

پنجاب میں ایک اسلامی درسگاہ کا قیام

پنجاب کے ایک دور افتادہ ... "جامعہ عربیہ" ...

سُنی باغیوں کی جدید سرگرمیاں
دو دو ہاتھیوں کا قتل، مکانات نذر آتش

زائرین اجمیر کیلئے واپسی ٹکٹ جاری

اسلام کا دوسرا رکن اعظم

۱۹۳۲ء کی جیبی ڈائری

حاقت ہو کبس

سنگل رولان ہوگیا

مسلمانان اسکول کی تعلیم کیلئے

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

سہ روزہ
ید اللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دہلی

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۔ ۵ ۔ ۹ ۔ ۱۳
۱۷ ۔ ۲۰ ۔ ۲۴ ۔ ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار) ۔۔۔ ۵۰
نصف صفحہ (") ۔۔۔ ۳۰
ایک کالم (") ۔۔۔ ۲۰
½ کالم (") ۔۔۔ ۱۰
¼ کالم (") ۔۔۔ ۵

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ۔۔۔
ششماہی ۔۔۔
سہ ماہی ۔۔۔
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ۔۔۔
ششماہی ۔۔۔
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی۔اے)

جلد ۱۴ | دہلی۔ یوم یکشنبہ ۲۰ جمادی الثانی سنہ ۱۳۵۰ھ مطابق یکم نومبر سنہ ۱۹۳۱ء | نمبر ۲۲

معاصرین کے افکار و آراء

مسلمان اور تحریک سودیشی (سرفراز)

تحریک سودیشی سے یوں تو ہندوستان کے ہر ہر طبقہ اور ہر ہر فرد کو عمومی فائدہ پہونچ رہا ہے اور اس تحریک میں جوں جوں تقویت پیدا ہوگی اسی تناسب سے فائدہ بھی ترقی کرتا جائے گا لیکن یہ تحریک اس قوم کے لئے سب سے زیادہ نفع بخش ہے جس کی اقتصادی حالت زیادہ ردی ہو جو فاقہ کشی اور عریانی کی ہولناک مصائب میں مبتلا ہو اور جس کے افراد کی ایک معقول تعداد کبھی صنعت و حرفت کی مالک رہ چکی ہو اور اس گئی گزری حالت میں بھی صنعت و حرفت کے مٹتے ہوئے نقوش ان کے درمیان باقی ہوں۔ حقیقت یہ ہے کہ تحریک سودیشی سے سب سے زیادہ فائدہ مسلمانوں کو پہونچ رہا ہے (اور جب سے دیسی اشیاء سے ہندوستانیوں کو دلچسپی پیدا ہوئی ہے اور اس کے استعمال کا رواج ...

... پیچیدگیاں پیدا ہوگئی ہیں کہ جاپان نے جمعیۃ اقوام ہی سے علیحدگی کا فیصلہ کر لیا۔ ٹوکیو کا ایک تازہ تار مظہر ہے کہ "موجودہ حالات میں حکومت جاپان نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ وہ جمعیۃ اقوام سے الگ ہو جائے" ہمیں تعجب ہے کہ جمعیۃ اقوام کی مجلس جاپان کو مطمئن نہ کر سکی کہ وہ چین میں فوج کشی سے باز آ جائے۔ جاپان کا یہ فیصلہ کہ وہ جمعیۃ کی رکنیت سے الگ ہو جائے ہمیں اندیشہ ہے کہ معاملات کو اور زیادہ نازک بنا دے گا اور بجائے اس کے کہ چین میں امن و صلح کا قیام عمل میں آئے اور زیادہ جنگ کا خطرہ پیدا ہو گیا ہے۔ بہرحال ہمیں حالات کا انتظار کرنا چاہیئے اور امید رکھنی چاہیئے کہ جاپان امن و صلح کے طریقہ کو چھوڑ کر جنگ اور خونریزی کو ترجیح نہ دیگا۔

کشمیر میں امن؟ (اہلحدیث)

[illegible]

مسٹر میکڈانلڈ اور مسلمان (مدینہ)

[illegible]

احیائے خلافت (خیر)

[illegible]

جاپان کی جمعیۃ اقوام سے علیحدگی (ملت)

چین اور جاپان کی جنگ نے آخر کار وہ صورت اختیار کر لی جس کا ابتداء سے اندیشہ تھا۔ جمعیۃ اقوام کی مجلس جاپان کو مجبور رہی ہے کہ جنگی کارروائیوں کو روک دینے پر مجبور کر رہی تھی لیکن معلوم ہوتا ہے کہ اس معاملہ میں اقوام کی ...

مباہلہ کانفرنس میں مولانا احمد سعید صاحب کی تقریر

دس ہزار مسلمانوں کا اجتماع عظیم

مجلس احرار اسلام کی خدمات کا اعتراف

۲۰ اکتوبر کی صبح کو حضرت صدر جمعیۃ علماء مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب اور ناظم جمعیۃ مولانا احمد سعید صاحب امرتسر تشریف لائے۔ شیخ محمد عمر صاحب سوداگر چرم کے مکان پر ان حضرات نے قیام فرمایا۔ مفتی صاحب نے مباہلہ کانفرنس کی سبجیکٹ کمیٹی میں شرکت فرمائی اور شب کے جلسے میں مولانا احمد سعید صاحب نے ایک مفصل اور مبسوط تقریر سے حاضرین کو محظوظ فرمایا۔ جلسے کی کارروائی اخبارات کو دی گئی ہے۔ مولانا کی تقریر کے چند اقتباسات الجمعیۃ کیلئے روانہ کر رہا ہوں ...

آیت کیا اچھے موقع پر استعمال ہوئی ہے۔ وہاں تو یہاں آقائے دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ کا کتا بننے کی تمنا ہے۔ اگر سرکار اپنا کتا فرما دیں تو ہمارے نزدیک دونوں جہان کی نعمتوں سے بہتر ہے۔ لیکن ایک غلام احمد کا دل اور گردہ ہے کہ وہ نبی بنا چاہتا ہے۔

شیطان اور فرعون کا قصہ

[illegible]

نبوت کا دعویٰ اور خاتم المرسلین کی توہین ہے

[illegible]

غلام احمد نے اسلام کی بنیادیں ہلا دیں

[illegible]

چوٹی ہی کیے بچھے گی سے کھاؤ

[illegible]

کشمیر میں ہندو و مسلم

[illegible]

دہلی کی شان

[illegible]

حکیم محمود خاں اعظم اور حکیم اجمل خاں صاحب کے خصوصی مجربات واقعی اکسیر ہیں جو الیان ملک کو بھی بہ آسانی میسر نہیں ان کی عجیب و غریب اور تازہ فہرست مفت ۔ پتہ منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس نمبر ۲۲ دہلی

پیکو آرٹ پریس لاہور کے پنج سورہ شریف اور پارہ اول دنیا بھر میں لاثانی ہیں مفصل حالات اور نمونے کے صفحے آج ہی فہرست منگوا کر مفت ملاحظہ فرمائیں

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ
کیسٹوفین
(جلاب کی میٹھی گولیاں)
کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرہ سے خالی ہیں۔ مشہور ڈاکٹر اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے۔ بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں۔ نہایت سائنٹفک طریقہ پر یورپ میں تیار ہوتی ہیں۔ مرد، عورت، بچے، بڈھے۔ ہر موسم میں کھانے میں گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔ ہر دوا فروش سے مل سکتی ہے۔
کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی
Castophen Mafg: Co: (India) Post Box 88 Karachi.

تجارت کرو فائدہ اٹھاؤ
موسم سرما کی منفعت بخش تجارت
امریکہ کے گرم سیکنڈ ہینڈ کوٹوں کی مزید گانٹھیں ہم سے منگا کر فروخت کرنے والے بیوپاری صرف موسم سرما میں قلیل سرمایہ سے سال بھر کی روزی پیدا کر سکتے ہیں۔
[illegible]
ملنے کا پتہ
امریکن کمرشل کمپنی (رجسٹرڈ) بمبئی ۳

ہر قسم کی عمدہ تازہ اور سستی ادویات آپ کو
احمد اینڈ کو
بلیماران دہلی سے مل سکتی ہیں

سفید بال
سات دن میں ہمیشہ کیلئے کالا
[illegible]
منیجر ہرشی اوشد ھالیہ نمبر ۹ دربھنگہ

حافظہ بڑھانے ۔ ۔ ۔ کا مدعا
[illegible]
منیجر دواخانہ ۔ ۔ ۔ راولپنڈی

بیروزگاروں کیلئے سنہری موقع
گورنمنٹ آف انڈیا سے تمام ہندوستان کیلئے رجسٹری شدہ
میں اس سے بہتر کوئی اور کالج نہیں ہے اس کالج کا پاس شدہ تمام دنیا میں کام کر سکتا ہے ... موٹر ڈرائیور اور موٹر فٹری کا کام سکھایا جاتا ہے۔ اور ملازمت کی ذمہ داری بھی لیتا ہے پردیسی طلباء کے لئے رہائش کا بھی اعلیٰ انتظام ہے مکمل حالات معلوم کرنے کے لئے پراسپکٹس مفت طلب کیجئے۔
منیجر دی کیپٹل پریکٹیکل موٹر ٹریننگ کالج حلقہ جامع مسجد دہلی

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ
قرابادین مفید عام
طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آج کل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے ... اردو قرابادین کی شدید ضرورت محسوس کی جاتی تھی الحمد للہ کہ حکیم مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کر کے اس کمی کو پورا کر دیا ... تمام بڑے بڑے اطباء نے اس کتاب کو بہت پسند کیا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔
قرابادین مفید عام کا ہر اصول اور ترقی خواہ عطار و طبیب بلکہ ہر دار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک
منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا
قرآن شریف
مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔
آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔
اعلیٰ حضرت حضور نظام
جب دہلی شریف لے گئے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیحضرت نے تراجم و تفسیر کی خوبیوں کو سن کر اور دیکھ کر بے حد پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے منظور فرمایا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب، مولانا شاہ عبد القادر صاحب، مولانا شاہ ولی اللہ صاحب، حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ، مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے۔ علاوہ حاشیہ پر کمالین حسن انتظام سے چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مجلد دس روپے علاوہ محصولڈاک۔
فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

غریبوں کا قرآن مجید معرا
اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملے گا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے دہلی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے۔ جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویسوں میں ہے اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے۔ اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت مرد بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر زمین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آ جاتا ہے۔
محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ (عہ) باجلد، مجلد پارچہ عہ مجلد چرم نقرہ علاوہ محصولڈاک دو روپے (عہ)
نورانی قرآن مجید مترجم
اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے حسن ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جن کے دیکھنے سے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔
ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ عہ قسم دوم حنا شدہ عہ علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ۸ چرم عہ
منیجر اخبار الجمعیۃ بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۲۰ رجمادی الثانی ۱۳۵۰ھ

حکومت برطانیہ کا انقلاب

برطانیہ کے جدید انتخابات کا جو نتیجہ برآمد ہوا وہ کچھ ہمارے لئے حیرت انگیز نہیں ہے۔ جبسے کہ مسٹر میکڈانلڈ نے اپنی جماعت کے ساتھ غداری کی ہے اور بالڈون سائمن اور سیموئل وغیرہ کے ساتھ مل کر مخلوط حکومت کا ڈھونگ بنایا ہے۔ ہم اسی وقت سے یہ سمجھ رہے ہیں کہ اب قدامت پسندوں کا اقتدار اپنی نمایاں خصوصیات کے ساتھ جلوہ گر ہونے والا ہے اور قدامت پسندی جو حقیقت میں انگریز کا قومی کریکٹر ہے اب پوری طرح بے نقاب ہو کر دنیا کے سامنے آنے والی ہے۔ جب تک مزدوروں کی حکومت رہی اور مسٹر میکڈانلڈ مزدور جماعت کی قیادت کرتے رہے ہر شخص جانتا ہے کہ اس جماعت نے کوئی کام ایسا نہیں کیا جو اس کے گزشتہ بلند بانگ دعاوی کے مطابق ہوتا یا جس سے یہ معلوم ہو سکتا کہ انگلستان میں آج کل وہ جماعت برسر اقتدار ہے جو مزدوروں کی حامی، غریبوں کی مددگار، مفلسوں کی معین اور ساری دنیا کی علمبردار ہے اور جو ہمیشہ کہتی رہی ہے کہ وہ تمام دنیا کو آزاد دیکھنا چاہتی ہے۔ اس کی وجہ صرف یہی تھی کہ مسٹر میکڈانلڈ اور ان کے بعض دیگر رفقاء کار مزدور جماعت کو قدامت ...

وقت تک نہ ہو سکی کہ تخفیف کا عمل شروع ہو گیا ان حالات میں سیکشن دار موجودہ تناسب سے تخفیف کا عمل مسلمانوں کے حق میں ایک قسم کی ناانصافی سے خالی نہ ہوگا۔

(۲) یہ اصول تو صحیح ہے کہ جن ملازموں کے متعلق شکایات موجود ہوں تخفیف کے وقت پہلے ان کو علیحدہ کیا جائے لیکن میں یہ عرض کئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ ہندوستان کی مسموم آب و ہوا غیر محسوس طور پر فرقہ وارانہ طرز عمل عام میں پیدا کر دیتی ہے اور ڈپارٹمنٹوں کے اعلیٰ افسر قصداً یا بلا قصد اپنی ملت کے افراد کو ترجیح دیتے یا آئندہ ان کے سود و بہبود کے خیال سے ان کے ایسے معمولی قابل ... چشم پوشی کر جاتے ہیں جن کی بناء پر دوسری ملت کے افراد کے ... شکایات سے بہرہ ور ہو جاتے ہیں اور چونکہ بدقسمتی سے اکثر ڈپارٹمنٹوں کے اعلیٰ عہدہ دار غیر مسلم ہیں اس لئے اندیشہ ہے کہ بہت سے مسلمان اعلیٰ عہدہ داروں کی اس غیر محسوس خواہش کا شکار ہو جائیں گے۔

(۳) چونکہ گزشتہ دور میں مسلمانوں کا تناسب بہت کم تھا مسلمانوں کے ...

حوادث و احکام

گول میز کانفرنس کے مباحث

فیڈرل اسٹرکچر کمیٹی کا اجلاس

(۱)

ہم نے گزشتہ اشاعت میں وعدہ کیا تھا کہ ہم آئندہ سپریم کورٹ کے مسئلہ پر بحث کریں گے اور فیڈرل اسٹرکچر کمیٹی میں اس مسئلہ کے متعلق جن آراء کا اظہار کیا گیا ہے ان پر بھی روشنی ڈالیں گے۔ قارئین کرام کو معلوم ہے کہ برطانوی انتخابات کے زمانہ میں جبکہ مسٹر میکڈانلڈ اپنی وزارت عظمیٰ کو سنبھالنے کی فکر کر رہے تھے اور قدامت پسندوں کے ساتھ ساز باز کر کے اپنے ذاتی اقتدار کے لئے اپنی جماعت ...

اگر نا جائز قرار دیدے تو بحث کو از سر نو شروع کر دیا جائے۔ مسٹر گاندھی جی نے جن کی تقریر مسٹر جینا سے پہلے ہو چکی تھی اس پر زور دیا کہ وفاقی عدالت عالیہ کے اختیارات نہایت وسیع اور غیر محدود ہونے چاہئیں۔ اور اسے تمام ہندوستانی باشندوں کے حقوق کی حفاظت کرنی چاہئے خواہ وہ برطانوی ہند کے رہنے والے ہوں یا ریاستوں کے ...

عنوانات کی تقسیم

دائرہ اختیارات

مجوں کا تقرر

پریوی کونسل

تحفظ اور مسلمان

ممالک اسلامیہ کی خبریں

وہ ممالک جہاں اسلامی تہذیب سیلاب کی طرح پھیل رہی ہے

افریقہ کے تمام علاقوں میں مسلمانوں کی آبادی

جہاں تک ہمارا ... تمام دنیا کے مسلمانوں کے اعداد و شمار شائع کئے ہیں اگرچہ ہر ... کی جانب سے ہر جگہ کے مسلمانوں کی تعداد کو گھٹا کر دکھلایا گیا ہے اور کوشش کی گئی ہے کہ اصلی اعداد و شمار منظر عام پر نہ آئیں لیکن تاہم ... کوشش سے اتنا فائدہ ضرور پہونچا کہ ہر مقام کے مسلمانوں کی تعداد کسی نہ کسی صورت میں سامنے آ گئی۔ ذیل میں ملک افریقہ کی مسلم مردم شماری تفصیل وار درج کی جاتی ہے۔

مشرقی افریقہ

مسلمانوں کیلئے ہندو زیادہ خطرناک ہیں یا برطانیہ؟

مولانا شوکت علی صاحب کی رجعت پر جریدہ فلسطین کا تبصرہ

مولانا شوکت علی صاحب نے دوسری گول میز کانفرنس کی شرکت کیلئے لندن جاتے ہوئے فلسطین کی بھی زیارت کی ...

آج برطانیہ کو اسلامی دنیا کی دوستی کی سخت ضرورت ہے ...

شام و عراق پر شاہ فیصل کی حکمرانی

عراق کے وزیر مالیات کی طرف سے تردید

شاہ فیصل والی عراق جب یورپ کے سفر سے واپس ہوئے تو آپ نے اسکندریہ میں ایک تقریر کی ...

آپ نے شام کو عراق کے ساتھ متحد کرنے سے انکار ... یہ کہا کہ اگر شام و عراق کے باشندے اسکو منظور کریں تو یہ ممکن ہے۔ فرانس اور برطانیہ اس میں کوئی مداخلت نہ کرے گی۔

افغانستان میں یاقوت اور ابرک کے ذخائر

غیر ملکی کمپنیوں کو ٹھیکہ دینے کا ارادہ

افغانستان کے محکمہ تجارت نے فیصلہ کیا ہے کہ جدید میدان اور جگدلک کی کانوں میں جو یاقوت کی کانیں ہیں ان میں سے یاقوت کی ایک مقدار حاصل کر کے غیر ملکی افغانی سفراء کے پاس اس کو روانہ کیا جائے تاکہ غیر ممالک کی مختلف کمپنیوں سے گفت و شنید کر کے وہ نتیجہ سے محکمہ تجارت کو مطلع کریں ...

افغانستان میں فن خیاطی کی درسگاہ

جہلم میں مرزائیوں کا اجتماع

کشمیری مسلمانوں کے مطالبات

کشمیری مظالم

مجلس احرار اسلام پنجاب

حکومت کشمیر نے مسلم مطالبات میں سے چار مطالبے تسلیم کر لئے

بکروں کے ٹیکس میں تخفیف۔ ایک مسجد کی واپسی۔ برطرف ملازمین کی بحالی

دیگر مطالبات پر بھی غور کیا جا رہا ہے

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ڈھاکہ پر گولیوں کے فائر

دو بنگالی حملہ آوروں کی مذموم حرکت

مجسٹریٹ کے سر اور چہرہ پر گولیاں لگی ہیں

کانگریس کی مجلس عاملہ کی اہم تجاویز

نئے ٹیکسوں اور ٹیکسوں میں اضافہ کے خلاف احتجاج

حکومت معاہدہ دہلی کی خلاف ورزی کر رہی ہے

دہلی میونسپلٹی کے ہفتہ واری اجلاس کی کارروائی

تانگوں میں چار سواریاں بٹھانے کی اجازت

جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی کا یوم تاسیس

جامعہ کے تعلیمی کارناموں کا اجمالی تذکرہ

شانتی نکیتن کے پروفیسر ڈاکٹر گرمانوس کا قبول اسلام

(از نامہ نگار خصوصی)

ڈاکٹر گرمانوس کی تقریر

مشاعرہ

وائسرائے ہند کی طرف سے ایک نئے آرڈیننس کا نفاذ

متشددانہ جرائم کے انسداد کیلئے ایک نیا حربہ

ٹیکہ چیچک اور اس کا انتظام

میونسپل کمشنران دہلی توجہ فرماویں

پبلک کا خیر خواہ انتظام الدین۔

ہندوستان میں عیسائیت کا تبلیغی نظام

مسلمانان ہند کیلئے عبرت و نصیحت

فرقہ وارانہ مسئلہ کے حل کی ایک نئی تجویز

گاندھی جی اور سر آغا خاں کو ثالث مقرر کر دیا جائے

سابق صدر اسمبلی کی سر آغا خاں سے گفتگو

دہلی میں کانگریس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس

تحریک عدم ادائیگی محصول کی مخالفت

اعلیٰ ذات اور نیچ ذات کے ہندوؤں میں ہنگامہ

ہندو دوکانوں کا بائیکاٹ کر دیا گیا

اسپین میں عام بغاوت کا اندیشہ

مذہبی اداروں کو ختم کر دینے کا ارادہ

لاہور میں انقلاب پسندوں کی گرفتاری

ریوالور اور کارتوسوں کی برآمدگی

متعدد محکموں کو توڑ کر ملازموں کو برطرف کیا جائیگا

حکومت پنجاب کی تخفیف کمیٹی کی سفارشات

لاہور ہائیکورٹ میں نیا جج

پارلیمنٹ کے انتخابات میں قدامت پسندوں کی فتح

مزدور جماعت کے ارکان اور وزراء کو زبردست شکست

کامیاب اور ناکام امیدواروں کی فہرست

۱۹۲۹ء کے انتخاب میں مزدور جماعت کی حیثیت

مختلف جماعتوں کی کامیابی کا تناسب

کون کامیاب اور کون ناکام ہوئے؟

قومی حکومت کی ترکیب

یورپین ایسوسی ایشن کے صدر پر گولیوں کے فائر

گرفتاری کے بعد حملہ آور کے پاس سے دو ریوالور برآمد ہوئے

مسٹر ویلیئر بال بال بچ گئے

کشمیر میں مجلس تقننہ قائم کی جائیگی؟

ڈاکٹر انصاری سے مسلمانان لاہور کی معذرت

چند لفنگوں کی حرکات مذبوحی سے اظہار بیزاری

امام یمن اور والیٔ حجاز کا تنازعہ

تصفیہ کیلئے سلطان ابن سعود کی کوششیں

لنکا شائر کے کارخانے پھر چلنے لگے!

سوتی مال کے آرڈروں کی کثرت

پبلک سروس کمیشن کی رکنیت

ڈاکٹر شفاعت احمد خاں کو مل گیا

سردار کھڑک سنگھ کو ایک سال کی سزا

مجلس وفاق کی تعمیری کمیٹی کی کارروائی

مجالس تقننہ اور وفاقی عدالت کے اختیارات پر بحث

مسٹر جناح کے تین عنوانات

حکومت اپنی پالیسی کا اعلان کرے

مجلس وفاقی میں سر سپرو کا مطالبہ

فوج کا وزیر ہندوستانی ہونا چاہیے

لندن کانفرنس میں مندوبین کی بحث

قبرص میں باغیوں کی مزید شورش

یونین جیک اتار کر یونانی علم نصب کر دیا گیا

ہندو مسلمانوں میں سمجھوتہ کا امکان

فریقین ثالث کے تقرر کو منظور کر لیں گے

برما میں بغاوت کو فرو کرنے میں حکومت ناکام رہی

ہندوستان سے برما کو مزید افواج کی روانگی

پشاور میں آفریدیوں کی آمد و رفت

حکومت ہند کے ساتھ معاہدہ کا نتیجہ

وفاقی مالیات ریاستوں کیلئے ضرری نہیں ہونگے

نواب بھوپال کے نام گاندھی جی کا مکتوب

سیالکوٹ میں مسلمانوں کے ایک جلسہ میں ہنگامہ

مسٹر ریمزے میکڈانلڈ کا اظہار تشکر

خطبۂ صدارت انجمن اصلاح المسلمین

صوبہ بہار کے علماء اور اکابر امت کی مبارک سعی

شادی کی مہلک رسوم کا انسداد

انجمن اصلاح المسلمین (مونگیر) کا پہلا اجلاس بہ صدارت مولوی خلیل الرحمن صاحب ایڈوکیٹ ایم۔ایل۔سی۔ ۲۴ اکتوبر ۱۹۳۱ء بمقام موضع ... منعقد ہوا جس میں ہر طبقہ کے تقریباً ۵ سو حضرات شریک اجلاس تھے۔ صدر اجلاس نے ایک مختصر سی تمہید کے بعد ذیل کا خطبہ ارشاد فرمایا۔

اس اصلاحی انجمن میں ہم سیاسی گتھیوں میں آپ کو الجھانا نہیں چاہتے۔ بلکہ محض اس مبارک تقریب کے متعلق جس پر نوع انسانی کی بقاء کا دارومدار ہے۔ اقتصادی حیثیت سے چند کلمات عرض کرنا چاہتا ہوں۔

کس قدر حسرتناک واقعہ ہے۔ کہ وہ تقریب جس کا مقصد نوع انسانی کی بقا ہے۔ اس کو آج ہم اس طرح انجام دے رہے ہیں کہ وہ ہمارے لئے فنا کا مسئلہ بن رہی ہے۔ اس بربادی کی کوئی انتہا ہے۔ کہ مسلمانوں کی جائداد ان کے ہاتھوں سے نکل کر اغیار کے گھر پہونچ چکی ہے۔ مگر اس پر ہماری ذہنیت کا حال یہ ہے کہ ہم آئے دن ان سب واقعات کو دیکھتے اور سمجھتے ہوئے۔ بجائے اس کے ...

اپنے گھر کی بات ہے۔ اپنے گھر کے لوگ ہیں۔ اپنی بیشانی کا داغ ہے۔ کیا اس کے لئے مثال و نظیر کی ضرورت ہے۔ آپ خود اگر اپنے معلومات کا ایک سرسری جائزہ لیں گے۔ تو اس طرح کے واقعات کم و بیش شکل میں تمام ملیں گے۔

پھر یہ چیزیں کہاں ہو رہی ہیں خصوصیت کے ساتھ اس خطہ میں۔ جس کو اپنی تہذیب پر فخر ہے۔ اپنی طرز معاشرت پر فخر ہے۔ اپنی تعلیم پر فخر ہے اپنے تمدن پر فخر ہے۔ اپنے اخلاق پر فخر ہے۔ اپنی گھریلو زندگی پر فخر ہے اپنی رسمیات اور اپنی طرز حیات پر فخر ہے۔

تعلیم یافتہ جماعت کی توجہ

بزرگان قوم! برادران ملت! پانی سر سے اونچا ہونا چاہتا ہے ضرورت ہے کہ جلد سے جلد اس کی اصلاح کی جائے۔ اور ہم خوش ہیں کہ ہمارے سامنے ہمارے ہی خطہ کی تعلیم یافتہ جماعت کی ایک معتد بہ تعداد موجود ہے ...

تجاویز اصلاح

...

تجویز نمبر ۵ زرین عبا، مسند و تکیہ، جہیز کے اسباب، عصا و سونٹا، پنکھا اور حقہ اور سونے چاندی کے دیگر ظروف اور مجمع وغیرہ قطعاً نہ دیئے جائیں۔

تجویز نمبر ۶ دلہن کو دولہا کی طرف سے دو جوڑے کپڑے متوسط درجہ کے اور دلہا کو جوڑے سادہ دیئے جائیں۔ جو وزیرہ کے استعمال کے لائق ہوں۔

تجویز نمبر ۷ چنگہ کی رسم اور رسم حجام۔ اور سہاگ پورہ اور ... کو بالکل اٹھا دیا جائے۔

تجویز نمبر ۸ بستی کی طعام داری۔ اور ... کے رواج کو کل اٹھا دیا جائے۔

تجویز نمبر ۹ کا مقصد: "نمک" کی رسم سے اور نکاح کے بعد کے لایعنی خرافات سے مسلمانوں کو نجات دلانا ہے۔

عبدالحفیظ ۔ سرگانوی
سکریٹری انجمن اصلاح المسلمین ... گڈہ

شرفا کے لئے مشکلات

...

برہما میں مزید فوجوں کی ضرورت

پونہ ۱۴ اکتوبر۔ معلوم ہوا ہے کہ برہما کیلئے مزید فوجوں کو تیار رہنے کا حکم دیا گیا ہے یہ بھی خبر ہے کہ سکندرآباد سے فورتھ انڈین ڈویژنل سگنل دستہ تین ہی چار دن کے اندر برہما بھیج دیا جائے گا۔ بشرطیکہ وہاں کے فوجی حکام نے ان کی امداد کو ضروری خیال کیا۔

دو فیصدی پر جھگڑا

فرقہ وارانہ مسئلہ کے تصفیہ میں رکاوٹ

فری پریس کے مینیجنگ ڈائرکٹر مسٹر سدانند نے ہوائی ڈاک کے ذریعہ ایک طویل مضمون ہندوستانی اخبارات کو بغرض اشاعت بھیجا ہے جس میں لکھا ہے کہ لندن میں فرقہ وارانہ مفاہمت کا سلسلہ گفت و شنید سر دست بند ہے ہر جماعت اپنے مطالبات پر سختی سے قائم ہے حالانکہ اختلافات اس قدر وسیع نہیں ہیں اس کے سلسلہ میں آپ نے مختلف اقوام کے مطالبات اور تسلیم و رضا پر طویل بحث کرتے ہوئے مسلمانوں کے چودہ نکات کو پیش کرنے کے بعد لکھا ہے کہ گذشتہ سال ہندوؤں نے صوبہ سندھ کی علیحدگی صوبہ سرحد کو کامل اصلاحات ملازمتوں میں مذہب اور قومیت کی بناء پر عدم امتیاز مرکزی اور صوبجاتی کابینہ ہائے وزارت میں مسلم نیابت اور مذہب پیلو رواج کے متعلق مسودات قانون کی خاص شرائط کے مطالبات منظور کرنے تھے اس کے علاوہ اس سال کانگریس نے فرقہ وارانہ مفاہمت کے سلسلہ میں حسب ذیل مطالبات منظور کئے کہ تمام فرقوں کی تہذیب و تمدن۔ زبان۔ تعلیم۔ رسوم۔ مذہب کے تحفظ کا آئینی طور پر یقین دلایا جائے گا۔

۲۔ شخصی قانون کے تحفظ کے لئے آئین میں خاص وضعات رکھی جائیں گی

۳۔ رائے دہندوں کی تعداد ہر جماعت کی مردم شماری کے تناسب ...

اس لحاظ سے مسلمانوں کے جو مطالبات ابھی تک تصفیہ طلب ہیں وہ حسب ذیل ہیں:-

۱۔ اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ مرکزی حکومت سے متعلق نہ ہو۔

۲۔ فیڈرل مجلس قانون ساز میں مسلمانوں کو ۳/۱ نشستیں حاصل ہوں

۳۔ بنگال۔ پنجاب۔ سندھ اور سرحد کے علاوہ دیگر صوبجات میں مسلمانوں کو جو نمائندانہ استحقاق حقوق حاصل ہیں بحال رکھے جائیں ان کے مقابلہ میں صوبہ سرحد۔ بلوچستان اور صوبہ سندھ میں دیگر اقلیتوں کو مسلمان مراعات عطا کریں۔

۴۔ بنگال اور پنجاب میں مسلمانوں کی اکثریت۔

۵۔ جداگانہ انتخاب۔

میرے خیال میں مطالبہ نمبر ۳ کو راؤنڈ ٹیبل کانفرنس کے تسلیم کرنے میں کسی کو اعتراض نہ ہوگا۔ مطالبہ ۵ کا تصفیہ مسلمانوں کے استصواب رائے عامہ پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ اب صرف تین صوبجات کے اختیارات بنگال و پنجاب میں اکثریت اور فیڈرل مجلس قانون ساز میں ۳/۱ نیابت کے مطالبات باقی رہ گئے ہیں۔

ہندو اور سکھ ۳۱ فی صدی اور ۴۹ فیصدی دینے کے لئے تیار ہیں۔

صوبجات متحدہ کی پولیس کا احتجاج

مراد آباد ۲۷ اکتوبر۔ محکمہ پولیس کے ماتحت ملازمین کی تنخواہوں میں تخفیف کی تجویزوں کے بعد ماتحت ملازمین پولیس کی انجمن کا ایک جلسہ یہاں ... اسکول میں ہوا اور طے پایا کہ انجمن تخفیف تنخواہ کے خلاف احتجاج کرے۔

امرتسر اداریہ

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

جمعیتہ اہلحدیث صوبہ پنجاب کا ایک اہم اجلاس

مولوی اسمعیل غزنوی کو نظامت سے علیحدہ کر دیا گیا

جمعیتہ اہلحدیث صوبہ پنجاب کی مجلس منتظمہ کا ایک اہم اجلاس زیر صدارت حضرت امیر سید محمد شریف صاحب ایدہ اللہ بنصرہ مورخہ ۲۴ اکتوبر ۱۹۳۱ء بمقام ... ضلع لاہور ... ۹ بجے شب کو منعقد ہوا جس میں جمعیت کے نظم و نسق کے متعلق علاوہ اور قراردادوں کے مفصلہ ذیل تجاویز منظور ہوئیں۔

(۱) مظالم کشمیر کے خلاف احتجاج۔

جمعیتہ اہلحدیث صوبہ پنجاب کا یہ اجلاس کشمیر کے ان خونچکاں واقعات پر جو ڈوگرہ حکومت کے استبداد کی وجہ سے ظہور پذیر ہوئے ہیں اپنے دلی رنج و افسوس کا اظہار کرتا ہے اور ... شہدائے کشمیر کی پسماندگان کے ساتھ دلی ہمدردی ...

...

جینیاں والی میں منتقل ہو چکا ہے۔ احباب آئندہ اسی پتہ سے خط و کتابت کریں۔

مقبول احمد سیالکوٹی
ناظم جمعیتہ اہلحدیث صوبہ پنجاب
لاہور مورخہ ۲۶ اکتوبر ۱۹۳۱ء

سناٹوجن کے استعمال سے شکمی تکالیف کا ازالہ

اگر کسی شخص کو بدہضمی پیٹ کا درد۔ استفراغ وغیرہ ہو جائے اور وہ معمولی خوراک کھا کر کمزور ہو جائے اور اسکی اعصابی بیماریاں اسکو زندگی کی راحت سے محروم کر دیں تو اس کیلئے ایسی خوراک کی ضرورت ہے جو زود ہضم اور شکم کی کمزوریوں کو دور کرنے والی ہو جس کے استعمال سے اس کے ہاضمے کی تمام خرابیاں دور ہو جائیں اس مقصد کے لئے سناٹوجن کی ضرورت ہے یہ خوراک بدن کو بے انتہا طاقت بخشتی ہے اور شکم کی تمام بیماریوں کو دور کر دیتی ہے۔

آج ہی سناٹوجن کا استعمال شروع کر دیجئے پھر دیکھئے کہ ہر قسم کا درد اور تکلیف کتنی جلدی غائب ہوتے ہیں آپ اس کے استعمال سے طاقت اور صحت محسوس کریں گے اور خوراک کو بغیر کسی دقت اور تکلیف کے ہضم کریں گے۔ صحت کی پہلی نشانی یہ ہے کہ آپ کو بھوک لگے۔

SANATOGEN

ہر دوا فروش سے دستیاب ہو سکتا ہے

سناٹوجن کو دھوکے نہیں جیسا سمجھا جاتا ورنہ اس میں کسی ایسی چیز کی آمیزش ہے جو کسی فرقہ اور مذہب کی رو سے ناجائز ہو۔

ضبط نہ ہوئی تو روانہ ہو گی ورنہ شکایت معاف

گنجینہ عملیات

... حاضرات و مؤکلات و عملیات جلالی و جمالی ...

روح حیات

حکیم ڈاکٹر حامد حسین مالک کارخانہ اکسیر ... تجارتی بارہ بنکی

مدرسہ انوارالاسلام قصبہ جراول کی زندگی

...

(محمد مصطفی خان مدرسہ انوارالاسلام جراول)

مسلم یونیورسٹی کی امداد

سائنس کے طلباء کو وظائف

یہ خبر مسرت کے ساتھ سنی جائے گی کہ نواب سر سالار جنگ بہادر نے مبلغ تین ہزار روپے۔ نواب معین الدین بہادر نے مبلغ تین سو روپے اور جناب مرزا محمود قادیانی نے مبلغ پانچ سو روپے نواب مسعود جنگ بہادر ڈاکٹر سید راس مسعود وائس چانسلر مسلم یونیورسٹی کی خدمت میں ارسال فرمائے ہیں یہ روپیہ سائنس کے طلباء کو وظائف دینے میں صرف کیا جائے گا جس کی بہترین تعلیم اور تربیت کے آپ نے علیگڈھ میں بہترین انتظامات فرمائے ہیں۔ (ڈائرکٹر مسلم یونیورسٹی)

انجمن مغل اتحاد کے متعلق غلط فہمی کا ازالہ

... (سکرٹری تیموریہ ایسوسی ایشن دہلی)

اپیل

برادران اہل اسلام کی خدمت میں عرض ہے کہ باشندگان قصبہ جانسٹھ عرصہ سے بوجہ بڑی مسجد نہ ہونے کے متردد تھے الحمدللہ کہ درمیان شہر وسط بازار میں ایک بڑی جگہ مسلمانان قصبہ نے چندہ فراہم کر کے خرید لی ہے تعمیر مسجد کا تخمینہ بیس ہزار روپیہ ہے۔ اس قدر چندہ غریب مسلمانان قصبہ جانسٹھ تعمیر امداد دیگر برادران فراہم نہیں کر سکتے ...

من بنیٰ للہ مسجدا بنی اللہ لہ بیتاً فی الجنۃ (الحدیث)

یعنی جو شخص خدا کا گھر (مسجد) تعمیر کریگا اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں گھر عطا فرما دیں گے۔ (مولوی محمد انوارالحق جانسٹھ)

طبیہ سکول سہارنپور کا داخلہ ایک ہفتہ کیلئے اور بڑھ گیا

طلباء طبیہ اسکول اور دیگر معززین شہر اور طبیہ مینجنگ کمیٹی کے اصرار پر ایک ہفتہ کے لئے اور داخلہ بڑھا دیا گیا ہے۔ فوراً درخواستیں پرنسپل صاحب طبیہ اسکول سہارنپور کے نام روانہ کریں۔ پراسپکٹس مفت طلب کریں (سکرٹری طبیہ اسکول)

الہ آباد میں قوم پرور مسلم پارٹی کا جلسہ

(از نامہ نگار)

مسلم نیشنلسٹ پارٹی کا ایک عام جلسہ بتاریخ ۲۴ اکتوبر ۱۹۳۱ء زیر صدارت جناب مولانا حکیم ولی احمد صاحب بمقام محمد علی پارک منعقد ہوا جس میں تقریباً تین ہزار آدمی شریک تھے۔

جناب شروانی صاحب و جناب ڈاکٹر سید محمود صاحب نے ملک کے سیاسی مسائل پر پرجوش و پرمغز تقریریں کیں سامعین پر اچھا اثر ہوا۔ جلسہ بہ حسن و خوبی کامیاب رہا۔

ایران کی موجودہ حالت

پروفیسر اشتیاق حسین صاحب قریشی جو حال ہی میں ایران سے تشریف لائے ہیں۔ بروز اتوار یکم نومبر ۱۹۳۱ء شام کے ساڑھے سات بجے ... ہال میں ایران کے متعلق صحیح واقعات (اردو میں) بیان فرمائیں گے۔

جملہ علم دوست احباب کی خدمت میں عموماً اور مسلم نوجوانوں سے خصوصاً التماس ہے کہ شریک جلسہ ہوں۔

۱۹۳۲ء

بہشتی پاکٹ ڈائری ... رنگین دلکش ...

سگنل ڈاون ہو گیا

جلد دوڑو ورنہ خطرہ ہے

... وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

مسلمان لڑکیوں کی تعلیم کیلئے

کتاب تعلیم الاسلام مکمل ۴ حصہ مصنفہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب

نیز

درسی و غیر درسی جملہ اسلامی علوم و فنون کی کتابیں قرآن شریف حمائل اور سپارے۔ بکفایت

ملنے کا پتہ: منیجر کتب خانہ دینیات مدرسہ امینیہ دہلی

نپٹ بہرا پن کا شرطیہ علاج

ہم باواز بلند کہتے ہیں کہ آج جو صاحب ہماری بہرا پن کی دوا (روغن کرامات) کی برابر کوئی دیگر ایسی مجرب اور مشہور دوا بتلاویں کہ جس نے ہماری دوا کے برابر شہرت اور سرٹیفکٹ حاصل کئے ہوں اور ہماری دوا کے برابر کان کی تمام بیماریوں اور نپٹ بہرا پن پر ایسی مفید ثابت ہوئی ہو تو ہم مبلغ پچاس روپے نقد انعام دیں گے ... بچنا آپ کا فرض ہے آرڈر کے وقت اپنا پورا پتہ صاف لکھیے۔

کان بہنے، زخم، کم سننے، کان بند یا بھاری رہنے، پھنسی، ناسور، کیڑے پڑ جانے، درد طرح طرح کی آوازیں ہونے پردوں کی کمزوری اور کان کی تمام بیماریوں کی ایک مجرب و اکسیر بے مثال دوا

بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات ہے

فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ (عہ)، تین شیشی ایک ساتھ طلب کرنے پر محصول ڈاک و پیکنگ معاف

بہادری سرمہ

... استعمال ہے۔ فی شیشی چار آنے (۴ر)

کان کی دوا بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یو۔پی)

حمایت سنت و رد بدعت کے سلسلہ کی چند بے نظیر کتابیں

اب مقامات حریری مشکل نہیں رہی

کیونکہ اس کے ابتدائی تیس مقاموں کی شرح بزبان اردو

الافادات العلیٰ المقامات کامل

...

رد رضاخانیت کا مکمل میگزین

سیف یمانی بر مکائد فرقہ رضاخانی ہر دو حصہ کامل

(مصنفہ رئیس المناظرین حضرت مولانا محمد منظور صاحب نعمانی دامت فیوضہم)

...

حق و باطل کا بے نظیر مظاہرہ

صاعقۂ آسمانی بر فرقہ رضاخانی

ہر دو حصہ کامل

سنبھل ضلع مراد آباد اور درد ضلع نینی تال کے عظیم الشان مناظروں کی مکمل روداد ...

بارقۂ آسمانی بر فرقہ رضاخانی

...

الشہاب الثاقب

...

المہند علی المفند

...

ان کے علاوہ دوسرے مباحث پر بھی قابل دید کتابیں ہیں

ملنے کا پتہ: ناظم دار الاشاعت سنبھل ضلع مراد آباد (یو-پی)

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

سہ روزہ

یداللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دہلی

تاریخہائے اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳
۱۷ ۲۰ ۲۴ ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات

ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ
ایک کالم
½ کالم
¼ کالم

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

معاون محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول ہلال احمد زبیری (بی-اے)

جلد ۱۴ | دہلی - یوم پنجشنبہ ۲۴ جمادی الثانی سنہ ۱۳۵۰ھ مطابق ۵ نومبر سنہ ۱۹۳۱ء | نمبر ۳۳

قصبہ منگلور میں مولانا حافظ احمد سعید صاحب کی مبسوط تقریر

اوچھے ہتھیاروں سے آزادی کی تحریک مٹ نہیں سکتی

بمبئی کے بعد لاہور کے منہ پر کلنک کا ٹیکہ

۲۶ اکتوبر۔ آج مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند ۵ بجے منگلور تشریف لائے اور شب کو مدرسہ نورالعلوم کے جلسے میں موصوف نے تقریر کی۔ جلسات ہزار مسلمانوں کے جلسے میں ایک مفصل تقریر فرمائی۔ تقریر بہت طویل تھی۔ رات کے ساڑھے بارہ بجے تک مولانا کی تقریر جاری رہی ...

[illegible]

خلافت کے روپیہ سے کانگریس کی امداد

مولانا محمد علی اور گاندھی جی

(باقی صفحہ ۷ پر ملاحظہ فرمایئے)

مسلمانوں میں اختلاف

سیاسی دور میں مسلمانوں کی حالت

معاصرین کے افکار و آراء

امارت شرعیہ کے قیام کی ضرورت (حقیقت)

یہ واقعہ ہے کہ عہد اسلامی میں مسلمانوں کے مذہبی معاملات دارالقضاء کے ذریعہ سے طے ہوا کرتے تھے مگر بدقسمتی سے بساط سلطنت کے الٹتے ہی اسلامی قوانین کے ساتھ محکمہ دارالقضاء بھی ختم ہو گیا اور مسلمانوں کے شرعی معاملات قوانین انگریزیہ کے تحت ...

حکومت ہند نے جدید تجاویز طلب کی ہیں جو بذریعہ ہوائی میل حکومت ہند روانہ کر چکی ہے اور اسی ہفتہ لندن پہنچیں گی۔ ان تجاویز کی بنیاد سائمن کمیشن کی سفارشات پر ہے ...

"جنگ کی تیاری"

مصائب کشمیر

افتراق پسندوں کا نامبارک اقدام

نیشنلسٹ مسلم کانفرنس

آنے والے خطرات

[illegible]

حکیم محمود خاں اعظم اور حکیم اجمل خاں صاحب کے خصوصی مجربات واقعی اکسیر دوائیں جو والیان ملک کو بھی بہ آسانی میسر تھیں ان کی عجیب و غریب اور تازہ فہرست مفت طلب فرمائیں۔ منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی

پیکو آرٹ پریس لاہور کے پنج سورہ شریف اور پارہ اول دنیا بھر میں لاثانی ہیں مفصل حالات اور نمونے کے صفحے آج ہی فہرست ۱۶ منگوا کر مفت ملاحظہ فرمائیں

خالص کیسٹر آئل سے تیار کردہ کیسٹوفین (اجلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرہ سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹر اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر یورپ میں تیار ہوتی ہیں مرد، عورت، بچے، بوڑھے۔ ہر موسم میں کھانے ہیں گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں۔

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) Castophen Mfg. Co: India Post Box No: 88, بندر روڈ کراچی Karachi

تجارت کرو فائدہ اٹھاؤ
موسم سرما کی منفعت بخش تجارت

امریکہ کے گرم سیکنڈ ہینڈ کوٹوں کی سربند گانٹھیں ہم سے منگوا کر فروخت کرنے والا بیوپاری صرف موسم سرما میں قلیل سرمایہ سے سال بھر کی روزی پیدا کر سکتا ہے۔

ملنے کا پتہ
امریکن کمرشیل کمپنی (رجسٹرڈ) بمبئی ۱۱

دانت

کی زردی، ہلنا، درد، پانی لگنا، خون بہنا وغیرہ وغیرہ کیلئے منجن مسیحائی استعمال کیجئے۔
منیجر حسینی دواخانہ حسن منزل لال چاہ دہلی

انگریزی ادویات ہر قسم کی عمدہ تازہ اور سستی آپ کو

احمد اینڈ کو

بازار بلیماران دہلی سے مل سکتی ہیں۔ منیجر

نئی دہلی میونسپل کمیٹی نئی دہلی
نوٹس

دھوبی گھاٹ کو ضابطہ میں لانے کے لئے نئی دہلی میونسپل کمیٹی نے زیر دفعہ ۱۸۸ الف و دفعہ ۱۹۹ الف پنجاب میونسپل ایکٹ مجریہ سنہ ۱۹۱۱ء و منظور کردہ چیف کمشنر صاحب دہلی حسب نوٹس نمبری ۹۰۷ مورخہ ۲۳ فروری ۱۹۲۶ء حسب ذیل ترمیمات اشخاص متعلقہ کی آگاہی کے لئے شائع کی ہیں۔ اس مسودہ پر اشاعت کے ایک ماہ بعد ہر موصولہ اعتراض کے ساتھ غور کیا جائیگا۔

ترمیمیں

(۱) ضمنی قوانین کی دفعہ ا کی سطور ۵ و ۶ میں یہ عبارت کہ "جس عرصہ تک کے لئے اجازت دی جائے اس کے لئے ایک روپیہ ماہوار پیشگی ادا کرنے پر" ذیل کی عبارت سے تبدیل کر دی جائے گی "جس طرح میونسپل کمیٹی وقتاً فوقتاً مقرر کرنا مناسب سمجھے گی۔"

(۲) دکلاز ۷ میونسپل کمیٹی گھاٹ کو استعمال کرنے کیلئے وقت مقرر کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

سکرٹری نیو دہلی میونسپل کمیٹی نئی دہلی

بے روزگاروں کیلئے سنہری موقع

گورنمنٹ آف انڈیا سے تمام ہندوستان کیلئے رجسٹری شدہ

ہندوستان میں اس سے بہتر کوئی اور کالج نہیں ہے اس کالج کا پاس شدہ تمام (انڈیا) میں کام کر سکتا ہے کالج ہذا صرف پچاس روپے فیس داخلہ لے کر دو ماہ میں مکمل موٹر ڈرائیوری اور موٹر فٹری کا کام سکھا دیتا ہے اور ملازمت کی ذمہ داری بھی لیتا ہے پردیسی طلباء کیلئے رہائش کا بھی اعلیٰ انتظام ہے مکمل حالات معلوم کرنے کے لئے پراسپکٹس مفت طلب کیجئے

منیجر دی نیشنل پریکٹیکل موٹر ٹریننگ کالج حلقہ جامع مسجد دہلی

حقیقہ بیان سابق مشیر یا ضرغام اللہ خاں کا مدعا

[illegible]

منیجر دواخانہ امیں الغربا محلہ شاہ نظر راولپنڈی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا
قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں

آج تک ہندوستان میں صد ہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰحضرت نے ترجم اور تفسیر کی خوبیوں کو سن کر اور دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرمالیا صحت عبارت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب، مولانا شاہ عبدالقادر صاحب، مولانا شاہ ولی اللہ صاحب، حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے۔ علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ دس روپیہ علاوہ محصول ڈاک۔

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملے گا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دے کر کرائی گئی ہے۔ جو ہندوستان کے ایناز خوشنویسوں میں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے دردِ دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے۔ اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت مرد بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں۔ نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آ جاتا ہے۔

محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی عمر بلا جلد مجلد پارچہ عہ مجلد چرم نقرہ علاوہ محصولڈاک دو روپے (عہ)

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے سے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ: قسم اعلیٰ سفید کاغذ خاشدہ ... قسم دوم خاشدہ ... علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ... چرم ...

منیجر اخبار الجمعیۃ بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۔ ۲۴ جمادی الثانی ۱۳۵۰ھ

گول میز کانفرنس کے مباحث
فیڈرل اسٹرکچر کمیٹی کا اجلاس
(۱۲)

گزشتہ اشاعت میں سپریم کورٹ کے مسئلہ پر گول میز کانفرنس کے اراکین کی بحث کا خلاصہ ہدیہ ناظرین کرام کیا جا چکا ہے ۔ آج ہم اس مسئلہ کے مختلف پہلوؤں پر اپنی رائے ظاہر کرنی ہے اور یہ بتانا ہے کہ ہم سپریم کورٹ کے قیام کو اس قدر ضروری کیوں سمجھتے ہیں اور اس کے اختیارات اور اس کی تشکیل کے متعلق ہمارے کیا خیالات ہیں ۔

قارئین کرام کو یاد ہوگا کہ آل انڈیا کانگریس کمیٹی کی ورکنگ کمیٹی نے فرقہ وارانہ مسئلہ کے ...

سیاسی اور دیگر حقوق کے متعلق شکایات سنے اور فیصلہ کرے ۔

۳ ۔ یہ کورٹ مختلف ملتوں کے ارکان پر مشتمل ہو ۔

۴ ۔ اس کورٹ کے فیصلوں کی تنفیذ فیڈرل حکومت کرے ۔

ہم جانتے ہیں کہ گول میز کانفرنس کے اراکین نے لندن میں جو بحث کی ہے اسے جمعیۃ علماء ہند کے اس مطالبہ کی روشنی میں دیکھیں ...

اقلیتوں کا تحفظ

دوسرے جزو کے متعلق فیڈرل اسٹرکچر کمیٹی میں کافی بحث ہوئی ۔ مسٹر جناح اور ڈاکٹر امبیدکار نے سپریم کورٹ کے جو اختیارات شمار کرائے ان میں اقلیتوں کے تحفظ کے متعلق بھی ایک اختیار شامل تھا ۔ مسٹر جناح نے کہا کہ "اس عدالت کو دستوری معاملات کا فیصلہ بھی کرنا چاہیئے" ...

"اگر کسی مجلس مقننہ میں کسی ملت کی یہ اکثریت کسی مسودہ قانون پر اعتراض کرے تو اس کے متعلق مزید کارروائی خود بخود بند ہو جانی چاہیئے اور متعلقہ ملت کو چاہیئے کہ وہ اس معاملہ کو سپریم کورٹ کے سامنے ایک مدعیہ کی حیثیت سے لے آئے اور اس کا فیصلہ حاصل کرے ۔ اگر سپریم کورٹ اس کے اعتراض کو جائز قرار دے تو اس مسودہ قانون پر آئندہ بالکل بحث نہ کی جائے اور اگر ناجائز قرار دیدے تو بحث کا از سر نو شروع کر دیا جائے ۔"

جمعیۃ کا نقطۂ نگاہ

جمعیۃ علماء ہند کا نقطۂ نگاہ اس معاملہ میں ہمیشہ واضح رہا ہے وہ تمام اقلیتوں کے ساتھ یکساں سلوک کی خواہشمند ہے ۔ اور یہ چاہتی ہے کہ خود دستور اساسی میں ایسی دفعات شامل کر دی جائیں جن سے اقلیتوں کا کما حقہ تحفظ ہو سکے ...

جمعیۃ علماء ہند کا مطالبہ

ہمارا یہ خیال کوئی نیا خیال نہیں تھا بلکہ ہر وہ شخص جو ہندوستان کے مخصوص حالات اور وفاقی طرز حکومت کی ضرورت سے ذرا سی بھی واقفیت رکھتا ہے اس سے انکار نہیں کر سکتا کہ اقلیتوں کے تحفظات اور صوبوں کی خود مختاری کے قیام و بقا کے لئے سپریم کورٹ کی ضرورت ناگزیر ہے ...

"صوبوں اور فیڈرل اسمبلی میں اقلیتوں کے سیاسی اور دیگر حقوق کی حفاظت کے متعلق شکایات سننے اور فیصلہ کرنے کے لئے سپریم کورٹ قائم کیا جائیگا جو مختلف ملتوں کے ارکان پر مشتمل ہوگا ۔ اس کے فیصلوں کی تنفیذ فیڈرل حکومت کریگی ۔"

مطالبہ کے چار اجزاء

اس دفعہ کا اگر تجزیہ کیا جائے تو اس میں آپ کو سپریم کورٹ کے قیام، اس کے اختیارات اور اس کی تشکیل کے متعلق پورا مواد مل جائے گا ۔ جمعیۃ علماء کی مجلس عاملہ نے اس دفعہ کے ذریعہ جن امور کا مطالبہ کیا ہے وہ حسب ذیل ہیں :

۱ ۔ ایک سپریم کورٹ قائم کیا جائے ۔

۲ ۔ ...

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید اور حفصہ دونوں حقیقی بہن بھائی ہیں ۔ زید اور حفصہ کی اولاد حسب ذیل ہیں :

حفصہ		زید
۱ ۔ رشیدہ دختر		۱ ۔ بکر پسر
۲ ۔ حمید پسر	ایک دختر، ۲ پسر	۲ ۔ عمر
۳ ۔ رحیم	نجمہ، کریم، وحید	۳ ۔ مبین
۴ ۔ عزیزہ دختر		۴ ۔ جعفر
۵ ۔ احمد پسر		
۶ ۔ کریمہ دختر		
۷ ۔ رفیق پسر		
۸ ۔ مرقیہ دختر		
۹ ۔ شفیق پسر		

مندرجہ بالا ورثا کے متعلق عرض ہے کہ مبین ... کا پھوپی زاد بھائی ہے اور مبین نے اپنی پھوپی کا دودھ پیا ... کیا حفصہ کی تمام اولاد مبین کی رضاعی بہن بھائی ہیں ۔

الجواب

حفصہ مبین کی رضاعی ماں ہے اور حفصہ کی تمام اولاد مبین کی رضاعی بہن بھائی ہیں ۔ ...

فقط محمد کفایت اللہ غفرلہ، مدرسہ امینیہ دہلی

استفتاء

...

الجواب

...

محمد کفایت اللہ غفرلہ، مدرسہ امینیہ دہلی

ایک رضا کار کی شہادت

سری نگر سے جو تازہ اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ کشمیر کے حالات نے اب نہایت نازک صورت اختیار کر لی ہے ۔ مجلس احرار اسلام پنجاب کے رضا کار گرفتار کئے جا چکے ہیں ...

نوجوانوں کی دیوانگی

بنگال میں ابھی تک انقلاب پسندوں کی تشدد آمیز سرگرمیاں جاری ہیں ، اور کانگریس اور گاندھی جی کی جانب سے متعدد بار صاف و صریح اظہار ملامت کے باوجود گمراہ نوجوانوں نے اپنی بے انتہا مضرت رساں اور مہلک روش کو نہیں بدلا ہے ...

وزیر ہند کا الٹی میٹم

لندن کے تار سے معلوم ہوتا ہے کہ گاندھی جی گول میز کانفرنس کے نتیجہ سے بالکل مایوس ہو چکے ہیں ...

انگریزی اخبارات کے تراجم
(خاص الجمعیۃ کے لئے)

گول میز کانفرنس کا نتیجہ کیا ہوگا؟
برطانیہ کی قدامت پسند حکومت کے ارادے
ہندوستان کا آئندہ دستور اساسی

برطانیہ کے جدید انتخابات میں قدامت پسندوں کو جو زبردست اکثریت حاصل ہوئی ہے اس کی وجہ سے سیاسی حلقوں میں یہ غور کیا جا رہا ہے کہ آئندہ حکومت کا رویہ ہندوستان کے ساتھ کیسا ہوگا ...

ذمہ داری

تحفظات

مالیات

فوج

(۷) جہاں تک کہ فوج کا تعلق ہے اس کا پورا انتظام کیا جائے گا کہ برطانوی پوزیشن کو قطعاً غیر مبہم کر دیا جائے ۔ ...

(ٹائمز آف انڈیا)

ایک ہزار ایجادات کا موجد
مسٹر ٹامس ایڈیسن کی موت

...

چین اور جاپان کی جنگ
جمعیۃ اقوام کی مجبوری

جمعیۃ اقوام ان دعاوی کے باوجود جو بین الاقوامی امن کی حفاظت کے متعلق وہ آئے دن کرتی رہتی ہے مشرق کی نا گوار صورت حال کے درمیان ایک معمولی سے ...

اقلیتوں کے لئے نیا فارمولا

...

کلکتہ میں لڑکیوں کا آشرم
تجارت کی منڈی

...

۱۹۲۱ء کا بالشویک روس اور اسکے مسلمان
روسی مسلمانوں کا نظام شرعی ۔ زار روس اور بالشویک حکومت کا موازنہ
مشہور قائد و امام امیر شکیب ارسلان کے چشم دید حالات
(ترجمہ از عربی برائے الجمعیۃ)

روس کی بالشویک حکومت کے متعلق مشہور ہے کہ وہ مذہب کی دشمن اور روحانی نظام کی سخت مخالف ہے ...

۱۹۲۱ء کے روس میں شرعی نظام

تمام روس میں شرعی قاضیوں کا تقرر

امیر شکیب ارسلان کا سفر روس

روسی مسلمانوں کی تعداد

روس میں جمعہ کا خطبہ

بالشویک حکومت میں اسلام کی ترقی

مصر میں ملکی مصنوعات کی روز افزوں ترقی
اپنے ملک کے ساتھ مصری حکومت کی دوستی

جریدۃ الاہرام اور الصباح لکھتا ہے کہ مصر میں ملکی مصنوعات کو روز بروز ترقی حاصل ہو رہی ہے اور عام باشندوں کو مصری ساخت کی چیزوں سے خاص دلچسپی اور انس پیدا ہو گیا ہے ملکی مصنوعات کو جو عام مقبولیت حاصل ہو رہی ہے اسکی ایک دلیل یہ بھی ہے کہ اس کے باعث ہزاروں غریب مزدور جو روزگار ... اگر مصری مصنوعات کی یہی حالت رہی تو چند سال بعد تمام مصر کے باشندوں پر اس کا خوشگوار اثر نمایاں طور پر محسوس ہونے لگے گا ۔

مصری مصنوعات سے اگر ایک طرف ہر محب وطن کو خوشی اور مسرت ہوگی وہاں اسے یہ دیکھ کر افسوس اور تعجب بھی ہوگا کہ مصری حکومت ملکی مصنوعات کے راستہ میں کانٹے بچھا رہی ہے اور بجائے صنعت و حرفت کو ترقی دینے کے ہر ملکی ساخت پر گراں محصول لگا رہی ہے ۔ چنانچہ ملکی مصنوعات پر محصول کا اضافہ مجلس وزراء میں پاس ہو کر شاہی منظوری کے بعد عملاً نافذ کر دیا گیا ۔

دنیا کی سلطنتیں تو دوسرے ممالک کی چیزوں پر محصول لگاتی ہیں تاکہ ان کی درآمد رکی رہے مگر مصری حکومت کا رویہ دنیا سے نرالا ہے ۔ وہ اپنے ہی ملک کی چیزوں پر زبردست محصول عائد کر کے مصری صنعت و حرفت کو تباہ کرنا چاہتی ہے ۔ (ممکن ہے کہ وہ اجنبی طاقت جو مصر کے سر پر کالبوسانہ اقتدار رکھتی ہے اس حرکت کی ذمہ دار ہو کیونکہ ملکی مصنوعات سے اس کے خزانہ پر زد پڑتی ہے) ۔

اخبار حقیقت روزانہ لکھنؤ رقمطراز ہے ۔ لکھنؤ کے نامور کہنہ مشق طبیب جناب ایس ایم حکیم حسن صاحب ... اسپیشلسٹ مالک ... شفاخانہ نے اپنی زندگی امراض مخصوص کے مسلسل علاج کیلئے تقریباً ۵۰ سال کی وقف کر دی ہے ۔ (خلاصہ ریویو ۱۴ اگست ۱۹۲۲ء) حاجتمند فارم تشخیص مرض مفت طلب کریں

ایران کے دلچسپ حالات

فتحپوری ہال میں پروفیسر اشتیاق حسین صاحب کی تقریر

دہلی ۸ نومبر گزشتہ شب کو بجے فتحپوری ہال میں ینگ مسلم برادرہڈ کے زیر سرگرمی جناب اشتیاق حسین صاحب قریشی ایم اے پروفیسر دہلی یونیورسٹی نے حالات ایران پر ایک دلچسپ تقریر فرمائی۔ جناب بلال احمد صاحب زبیری بی اے نے صدر جلسہ تھے۔ حاضرین کا مجمع بہت کافی تعداد میں تھا اور پروفیسر صاحب کی تقریر سے خاص دلچسپی کا اظہار کیا جا رہا تھا۔

کشمیری قافلوں پر پولیس کے مظالم

سنگینوں سے ایک رضاکار شہید، ایک زخمی

سرینگر ۹ نومبر اس وقت تک دو سو رضاکار کشمیری حدود میں داخل ہوتے ہوئے گرفتار کئے جا چکے ہیں اور مزید قافلوں کی روانگی کی توقع ہے۔ ایک اطلاع مظہر ہے کہ قافلوں نے پولیس کے مقابلہ میں جارحانہ اور تشددانہ صورت اختیار کر لی ہے۔ چنانچہ میرپور کے قریب ہی صورت پیش آئی جس کے باعث ایک سپاہی سخت زخمی ہوا۔ ایک ذیلدار اور ایک سپرنٹنڈنٹ پولیس کو خفیف سی ضربات آئیں۔ اس کے مقابلہ میں پولیس کی سنگینوں سے ایک رضاکار فوت ہو گیا اور ایک کو زخم آئے۔

جموں کے ۸۰ رضاکار بھی گرفتار کئے جا چکے ہیں۔ (اسٹیٹسمین)

قافلوں کی گرفتاری پر حکومت کشمیر کا بیان

کمیشن کی کارروائی کا آغاز

سری نگر یکم نومبر مجلس احرار نے جھتوں کی دوبارہ روانگی کا جو طریقہ اختیار کیا ہے اور پرسوں سوچیت گڑھ اور جہلم پر ریاست کی سرحد میں داخلہ کی کوشش کی اور جس پر مولانا مظہر علی اظہر اور ان کے رضاکاروں کو گرفتار کر لیا گیا ہے اس پر ریاست کشمیر کے پبلسٹی افسر صاحب کا مندرجہ ذیل اعلان شائع ہوا ہے۔

مسٹر مظہر علی اظہر نے جو سیالکوٹ میں رہ کر ایک جتھا تیار کر رہے تھے، گورنر جموں سے ایک ملاقات کے دوران میں اپنے جتھے لانے کی وجہ یہ بیان کی کہ انہیں اس کی اجازت نہیں دی گئی کہ وہ اپنے مطالبات کو بھیجیں تاکہ ان پر غور کیا جائے۔ ان کے اس اعتراض پر انہیں بذریعہ تار مطلع کیا گیا کہ اچھا آپ ڈاک کے ذریعہ اپنے مطالبات بھیجیے ان پر غور کیا جائے گا۔ مگر باوجود اس کے وہ ۱۱۲ آدمیوں کا جتھا لیکر سوچیت گڑھ آ پہنچے اور ریک مجسٹریٹ کے حکم کے خلاف ریاست کے حدود کے اندر داخل ہونے کی کوشش کی چنانچہ انہیں اسی مقام پر گرفتار کر لیا گیا۔

مسٹر گلینسی جو اصلاحاتی کمیشن کی صدارت کے لئے یہاں آگئے ہیں عنقریب اپنا کام شروع کرنے والے ہیں۔ وہ کمیشن کی شرائط تحقیقات اور فرائض کے مطابق سوالات مرتب کر رہے ہیں جس کے بعد تحقیقات شروع کر دی جائے گی۔

مجلس احرار کے ماتحت کشمیر کو قافلوں کی روانگی

رضاکاروں پر پولیس کا حملہ اور گرفتاری

مولانا مظہر علی کو نو سال کی سزا دیدی گئی؟

گرفتاری اور سزائیں

مولانا مظہر علی کو نو سال کی سزا

اب تک کتنے رضاکار محاذ پر بھیجے جا چکے ہیں؟

کشمیر پر احراری فوج کی چڑھائی

مولانا مظہر علی اور ایک سو ستر رضاکاروں کی گرفتاری

امرتسر سے مزید جتھوں کی روانگی

پٹنہ بم کیس کے سلسلہ میں مزید گرفتاریاں

کئی مکانات پر پولیس کا چھاپہ

بکری کا ایک عجیب و غریب بچہ

ریلوے میں ملازمین کی مزید تخفیف

سات ہزار ملازمین اور نکالے جائیں گے

آل انڈیا پوسٹل کانفرنس کا اجلاس

مسٹر آصف علی صاحب بیرسٹر کا خطبہ استقبالیہ

دہلی میں اسمبلی کا آئندہ اجلاس

مسلمانوں کی ایک نئی پارٹی بن رہی ہے

یو۔پی کے ہر محکمہ میں تخفیف

ایک کروڑ روپے کی بچت کی اسکیم

ڈھاکہ میں گرفتاریاں

دارالعلوم دیوبند میں تقسیم انعام کا جلسہ

سات سو طلبا کو انعام تقسیم کیا گیا

اکابر علماء امت کا اجتماع

ناظم جمعیۃ علماء ہند کا وعظ

وفاقی مالیات کی رپورٹ شائع ہو گئی

پارلیمنٹ دو ایوانوں پر مشتمل ہو گی

ریاستوں کو تینتیس اور چالیس فیصدی نمائندگی

قومی سروس کی لاریاں

پولیس اور کارکنان قومی سروس کا تنازعہ

(باقی نوٹ میں ملاحظہ فرمایئے)

برما گول میز کانفرنس کے اخراجات کی منظوری

وائسرائے کی ٹرین کو تباہ کرنے کی سازش

تحقیقاتی کمیٹی کی فضول خرچیوں کی مذمت

وفاقی تعمیری کمیٹی کے اجلاس کی کارروائی

رپورٹ کے مسودہ پر بحث و تمحیص

اختلافی نوٹ بھی شائع کئے جائیں گے

حکومت کو گاندھی جی کا اعلان جنگ

گول میز کانفرنس کی ناکامی کے بعد عدم تعاون کا ارادہ

حکومت ہی فرقہ وارانہ جھگڑوں کی ذمہ دار ہے

ملک معظم کی طرف سے مسٹر وجواہر کو چار کی دعوت

گاندھی جی اور وزیراعظم کی فیصلہ کن ملاقات

ناکامی کی صورت میں گاندھی جی دعوت میں شرکت نہیں کریں گے

وزیراعظم کا مکتوب وائسرائے ہند کے نام

مقررہ حکمت عملی میں کوئی تبدیلی نہ ہو گی

وزیراعظم عراق کا استعفا

عراقی حکومت میں زبردست تبدیلیوں کی توقع

برمی باغیوں کی خونریز سرگرمیاں

متعدد دیہاتیوں کو ہلاک کر دیا

چین و جاپان کی جنگ کے تشدید حالات

اخبار ڈیلی ایکسپریس کے نامہ نگار کا بیان

منچوریہ کی افسوسناک حالت اور تباہی

پناہ گزینوں کا ہجوم

ایک سال تک اسلحہ نہیں بنائے جائیں گے

دس ممالک کا عہد نامہ

شکست خوردہ پارلیمنٹ کے ممبران کی حیثیت

لندن کانفرنس میں بدستور کام کرتے رہیں گے

ہندوستان میں گول میز کانفرنس

حکومت حجاز اور نجد کے مابین جنگ کا کوئی امکان نہیں ہے

معمولی تصفیہ کو خبر رساں ایجنسیوں نے کچھ کا کچھ بنا دیا

اصل واقعات کے متعلق معاصر ام القریٰ کا بیان

لندن کانفرنس میں اقلیتوں کا باہمی سمجھوتہ

فرقہ وارانہ مسئلہ کے تصفیہ کیلئے ایک نئی اسکیم

متفقہ تجویز کو گاندھی جی بھی تسلیم کر لیں گے

سوئٹزرلینڈ سے امان اللہ خاں کی روپوشی

غازی امان اللہ خاں اپنی قیام گاہ سے یکایک غائب ہو گئے۔ ان دنوں وہ سوئٹزرلینڈ میں مقیم تھے اور باضابطہ بود و باش اختیار کئے ہوئے تھے۔ احباب ان سے ملنے گئے تو دروازوں اور کھڑکیوں کو بند پایا۔

سرحدی قبائل کو ایک اور شکست!

علاقہ غیر کے اختلاف کا غائبانہ فیصلہ

محمد پور میں مسلح ڈاکہ

(از نامہ نگار)

دمشق سے ایک علمی مجلہ کا اجراء

بلاد اسلام کو عیسائیت کے فتنہ سے پاک کرنے کا ارادہ

پارلیمنٹ میں وزیراعظم کا پہلا اعلان

نئے کابینہ کی ترتیب کیلئے کوشش

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ڈھاکہ کا اپریشن

جبڑہ سے گولی اور ایک آنکھ نکالدی گئی

ایک پل کے نیچے سے گولیوں کی برآمدگی

قصبہ منگلور میں مولانا حافظ احمد سعید صاحب کی مبسوط تقریر

(بسلسلہ صفحہ اول)

مولانا شوکت علی کے چار نعرے

اسی زمانہ کا ایک اور واقعہ ہے شاہجہانپور میں مولانا شوکت علی صاحب تقریر فرما رہے تھے دوران تقریر میں آپ نے فرمایا۔ لوگ نعروں کو پوچھتے ہیں میں بتاتا ہوں چار نعرے ہیں۔ ایک تو نعرہ تکبیر ہے۔ اللہ اکبر۔ دوسرا نعرہ بندے ماترم ہے تیسرا نعرہ جو بولے وہ نہال ست سری اکال کا ہے۔ ایک نعرہ میرے سردار کا ہے اور وہ نعرہ یہ ہے مہاتما گاندھی کی جے۔ یہ باتیں میں اس لئے عرض کر رہا ہوں تاکہ آپ کو یاد آجائے کہ آپ یہ سب کچھ کر چکے ہیں۔ لیکن آج وہی انگریز ہے وہی مسلمان ہیں وہی ہندو ہیں۔ لیکن خدا جانے تم کو کیا ہو گیا ہے۔

کیا جزیرۃ العرب آزاد ہے

کیوں جناب کیا جزیرۃ العرب یہود و نصاریٰ سے پاک ہو گیا۔ کیا شام کی پیاری سرزمین پر فرانس کا قبضہ نہیں ہے۔ کیا مقدس دمشق گذشتہ دنوں جلا کر خاکستر نہیں کیا گیا کیا بیت المقدس پر انگریزوں کا قبضہ نہیں ہے۔ کیا شرق اردن پر برطانیہ کا اقتدار نہیں ہے۔ کیا عراق جزیرۃ العرب کا حصہ نہیں ہے کیا فلسطین میں فرقہ وارانہ فساد کے سلسلے میں عربوں کو پھانسیاں نہیں دی گئیں۔

آخری پیغمبر کی آخری وصیت

کیوں صاحب کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ آخری وصیت اخرجوا الیہود والنصاریٰ من جزیرۃ العرب پوری ہو گئی کیا برطانیہ کا اثر و اقتدار جزیرۃ العرب سے ہٹ گیا۔ خدا کے واسطے مجھے بتاؤ تو وہ کیا ہو گیا اگر ان باتوں میں سے کوئی بات بھی نہیں ہوئی تو آخر جناب کیوں بدل گئے۔ آج کانگریس میں کیڑے کیوں پڑ گئے آج گاندھی کی صورت سے نفرت کیوں ہو گئی۔ غضب خدا کا تیس برس کے بعد اٹھے تھے چند دن کے لئے کانگریس میں شریک ہوئے اور پھر جو غائب ہوئے تو وہ دن اور آج کا دن۔ اب کانگریس کے سب سے بڑے دشمن آپ ہیں آپ صرف کانگریس ہی کے مخالف نہیں بلکہ آپ تو ہم کو بھی گاندھی کی امت کہتے ہیں آپ اس شخص کو جو اپنے کو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا امتی کہتا ہے آپ اسکو گاندھی کا امتی کہتے ہیں آپ کو شرم نہیں آتی کیا آپ کو خدا کے سامنے جانا نہیں ہے آپ نے ہم کو کانگریس کا ملازم کہا حالانکہ ہم نے علی الاعلان کہا کہ اگر ہم نے کانگریس کا روپیہ لیا ہو تو ہم پر اللہ کی لعنت ہو۔ ہم کو قیامت میں رسول اللہ کی شفاعت نصیب نہ ہو لیکن ظالم ہم کو یقین نہ آیا تم نے جیبڈ کر کیا بدیلی اور سنہری لانچ کا ذکر کیا۔ باوجود صریح حلف کے تم اتہام سے باز نہ آئے۔ اب میں کہتا ہوں قیامت میں ہمارا ہاتھ ہوگا اور تمہارا گریبان ہوگا جب تم دلائل و براہین سے عاجز ہو جاتے ہو تو کمینی اور بازاری حرکتیں کرنے لگتے ہو۔

لاہور کے منہ پر کلنگ کا ٹیکہ

بمبئی کے بعد آپ نے سنا کہ لاہور میں کیا ہوا۔ بمبئی میں جو شرمناک حرکتیں ان سرکار پرستوں نے کیں وہ کیا کم ذلیل تھیں جو لاہور میں ان کا اعادہ کیا گیا۔ کیا تم سمجھتے ہو کہ ان حرکتوں سے تم نیشنلسٹ پارٹی پر فتح حاصل کر سکتے ہو۔ کیا تم کانگریس کی ہمنگیری کو ان بدتمیزیوں سے شکست دے سکتے ہو۔ تم میں سے بعض کو کوئی نوکری مل جائے گی۔ بعض کو خطاب مل جائے گا۔ چند ملت فروش اخباروں کو سرکاری اشتہار مل جائیں گے اور چند غیر ذمہ دار پریسوں کو سرکاری چھپائی مل جائے گی اس سے بڑھ کر کوئی فائدہ تم نہیں اٹھا سکتے۔ کیا تم سمجھتے ہو کہ تم نے ڈاکٹر انصاری کو ذلیل کیا نہیں بلکہ تم نے لاہور کو ذلیل کیا تم نے پنجاب کو ذلیل کیا۔ تم نے مسلم قوم کو بدنام کیا۔ آخر ڈاکٹر انصاری کا وہ کونسا گناہ ہے جس کی بنا پر تم کالے جھنڈے لیکر اسٹیشن پر پہنچے۔ کیا لاہور میں کسی خان بہادر یا سر کی موت واقع ہو گئی تھی۔ جس کا ماتم کرنے اسٹیشن پر گئے تھے۔ اگر تمہیں کوئی اختلاف تھا تو کیا اس کی یہی صورت تھی کہ ایک شریف آدمی کے منہ پر گالیاں دینے لگو۔ یہ طریقہ تو کسی شریف انسان کے نزدیک بھی محمود نہیں ہو سکتا۔ چہ جائیکہ مسلمانوں کے نزدیک تم اپنے جی میں خوش ہو کہ تم نے گورنمنٹ کی بہت بڑی خدمت انجام دی ہے لیکن میں عرض کرتا ہوں کہ تم نے اس حرکت سے گورنمنٹ کی موت کو بہت قریب کر دیا ہے۔ صاحبو! یہ ہے وہ ذہنیت جس کا میں ماتم کر رہا ہوں آج وہ لوگ جنہوں نے خلافت کے زمانہ میں غداری کی جنہوں نے جزیرۃ العرب سے غداری کی جنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آخری وصیت سے غداری کی وہ آج تمہارے خیر خواہ ہیں جو آج بھی تمہارا نام لیکر انگریزوں کی خدمت انجام دے رہے ہیں تم ان کو اپنا نمائندہ سمجھتے ہو۔

مسلمانوں کے نمائندے ہیں یا چماروں کے

ان نمائندگان ملت کا دعویٰ تو یہ ہے کہ ہم سات کروڑ مسلمانوں کے نمائندے ہیں اگرچہ ان کو منتخب گورنمنٹ ہی نے کیا ہے اور میاں سر فضل حسین کی سفارش سے ہی منتخب ہوتے ہیں لیکن ہیں مسلمانوں کے نمائندے۔ اچھا صاحب اس زبردستی اور دھینگا دھینگی کو بھی برداشت کر لیا جائے اگرچہ عام مسلمانوں نے آپ کو منتخب نہیں کیا اور آپ کا انتخاب ان کی مرضی کے خلاف کیا گیا۔ لیکن آپ ان کے نمائندے ہیں۔ اگر یہ تسلیم کر بھی لیا جائے کہ مسلمانوں کی بدقسمتی اب یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ ان کی نمائندگی کے لئے یہی سر اور خان بہادر رہ گئے ہیں تب بھی گذارش یہ ہے کہ کیا یہ اس جھوٹی اور فریب آمیز نمائندگی کا حق ادا کر رہے ہیں؟ میں عرض کرتا ہوں یہ سب کی نمائندگی کر رہے ہیں اگر نہیں کر رہے تو مسلمانوں کی۔ چمار وں کی طرف سے یہ لڑ رہے ہیں بھنگیوں کی طرف سے یہ جنگ کر رہے ہیں غرض تمام اچھوت اقوام کی وکالت کر رہے ہیں۔ عیسائیوں کی وکالت کر رہے ہیں۔ اینگلو انڈینوں کی وکالت کر رہے ہیں۔ سائیکلوں کی تجارت کے لئے لڑ رہے ہیں اور یورپین...

یہ ہے کہ جو انگریز کہہ رہا ہے وہ سب کچھ کر رہے ہیں۔ اور نہیں کر رہے تو مسلمانوں کے مطلب کی ایک بات۔

آغاخانی قرآن کی بے حرمتی

میں تو یہ دیکھ رہا ہوں کہ ۱۹۲۹ء میں جو ہز ہائینس آغاخاں نے دہلی میں قرآن مرتب کیا تھا اس میں کھلی تحریف ہونے والی ہے دو سال تک تو یہ لوگ اس کی تجویز کو قرآن کی طرح لئے پھرے۔ جہاں کوئی ذکر آیا انہوں نے بگڑ کر کہا یہ تجویز تو آخری تجویز ہے اس میں ترمیم کی نیت سے غور کرنا بھی حرام ہے لیکن جب ڈاکٹر انصاری کی گول میز پر ان کو یہ توقع ہوئی کہ سر آغاخاں کے اس قرآن پر ہندو ایمان لانے والا ہے تو انہوں نے نشم تغیر میں عجیب و غریب پارٹ کیا اور خود اس تفسیر میں بیٹھ کر اس آغاخانی قرآن میں ترمیم کر دی اس تجویز میں سے مخلوط انتخاب نکالدیا گیا۔ اور اس کی جگہ جداگانہ انتخاب داخل کیا گیا۔ اور ترمیم کے بعد پھانا شروع کیا دیکھئے صاحب ہندو بے ایمان ہے دیکھئے دیکھئے وہ پھر گیا۔ گاندھی جی کی لنگوٹی چھین لو یہ مسلمانوں کو حق دینا نہیں چاہتے ہندو کے سامنے انہوں نے وہ ترمیم شدہ قرآن رکھدیا اور کہا بس ہمارے پاس وقت نہیں ہے اس قرآن پر ایمان لانے ہو تو لاؤ ورنہ جاؤ اپنا راستہ لو ایک طرف تو یہ مداری کا تماشا دکھاتے رہے اور دوسری طرف سر فضل حسین کی خدمت میں جا کر اس قرآن میں سے پورے دس پارے اڑا دئے۔ جس قرآن میں سے ہندو کے لئے ایک لفظ کی کمی بیشی حرام تھی اسکو سائمن رپورٹ کے مطابق کرنے کے لئے غضب خدا کا اطمینان قرآن کو غدر کرائے۔ اب آپ خدا کے واسطے انصاف کیجئے یہی آپ کے نمائندے ہیں؟ ہندو کے مقابلے میں تو کیا حفظ تحفظ کے بعد بھی مخلوط انتخاب قبول کرنے کو تیار نہیں لیکن انگریز سے صوبہ سرحد کو قربان کرنے کے لئے تیار۔ سندھ کی علیحدگی کو مشروط کرنے کے لئے آمادہ۔ پنجاب میں انچاس اور بنگال میں چھیالیس قبول کرنے کو راضی۔ انگریزوں کو دس سیٹیں دیئے پر خوش۔ اور اچھوتوں کی جداگانہ نیابت پر تو اڑے بیٹھے ہی ہیں گویا کہ امید کاران کا دل بہت ہی قریبی عزیز اور رشتہ دار ہے یہ دعویٰ تو کرتے ہیں کہ ہم مسلمانوں کے نمائندے ہیں لیکن اچھوت اقوام کی حمایت میں صلح کی گفتگو کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیتے ہیں۔

مولانا شوکت علی کا انگریزوں سے اتحاد

زعیم ملت مولانا شوکت علی صاحب نے یہ خوب ہی فرمایا کہ اگر انگریز اور مسلمان متحد ہو جائیں تو پھر دنیا ان کے کارہائے نمایاں سے محو حیرت ہوئے۔ مولانا کا یہ مبارک خیال علامہ اقبال کی اس نازک خیالی سے بڑھ گیا جو انہوں نے ہندوستان کے شمال مغربی حصے میں اسلامی حکومت کے قیام کے متعلق ظاہر کی ہے۔ علامہ کا مطلب تو یہ ہے کہ ہندوستان کے شمال مغربی حصہ میں اسلامی سلطنت تو ضرور قائم ہو لیکن حاشا وکلا خاکساری کی یہ غرض کبھی نہ تھی کہ وہ سلطنت ایسی قائم ہو جو انگریزوں سے بالکل بے نیاز ہو ایسی تو کوئی سلطنت قائم ہو ہی نہیں سکتی کہ جو انگریزوں کے بدوں سہارے زندہ رہ سکے۔ میرا مطلب تو یہ ہے کہ پنجاب اور سرحد میں ایک ایسی اسلامی سلطنت قائم کر دی جائے جو عراق اور شرق اردن کی طرح انگریزوں کے ماتحت ہو اور جب کبھی انگریزوں کو ضرورت ہوا کرے وسط ہندوستان کے ہندوؤں کی سرکوبی کر دیا کریں بس اس سے زیادہ کوئی غرض اسلامی سلطنت کے قیام سے نہیں ہے۔ علامہ نے تو یہاں تک فرما دیا کہ کوئی اسلامی سلطنت ہندوستان کے شمالی کونے پر برطانیہ کی سرپرستی کے بغیر قائم ہی نہیں ہو سکتی لیکن مولانا شوکت علی نے جن خیالات کا اظہار کیا ہے وہ یقیناً اپنی نوعیت اور دور اندیشی کے اعتبار سے علامہ اقبال کے مقابلے میں بہت بلند ہیں انگریزوں کے کارہائے نمایاں اب تک کیا کم ہیں۔ خود ہندوستان میں انگریزوں نے مسلمانوں کے ساتھ جو کچھ کیا وہی کیا کم ہے اس سے زیادہ مناظر انگریز دوستی کے دیکھنے ہوں تو یورپ اور ایشیا کا سفر کر کے دیکھو تیرہ سو برس میں انگریزی قوم نے جو کچھ مسلمانوں کے ساتھ کیا ہے وہ کیا کم عبرت خیز ہے جو مولانا شوکت علی صاحب نئی دوستی گانٹھنے کو چلے ہیں شاید مولانا کو وہ الفاظ یاد نہیں کہ سانپ اور بچھو سے صلح ہو سکتی ہے لیکن انگریز سے نہیں ہو سکتی۔ میں جناب ہی سے دریافت کرتا ہوں کہ جو کچھ مولانا شوکت علی نے کہا اگر وہ صحیح ہے تو کیا یہ سات کروڑ مسلمانوں کی صحیح ترجمانی ہے؟ کیا مسلمان قوم انگریزوں سے اتحاد کرنے کی خواہشمند ہے؟ انگریز جزیرۃ العرب پر قبضہ بھی رکھے گا اور مسلمانوں سے دوستی بھی رہے گی فلسطین پر یونین جیک بھی لہراتا ہوگا اور انگریزوں سے مسلمانوں کا اتحاد بھی ہو جائے گا۔ بغداد شریف اور نجف اشرف پر برطانیہ کی سیادت بھی قائم رہے گی۔ اور ہم انگریزوں کے دوست بھی ہوں گے۔ صوبہ سرحد کو مساوی اختیارات بھی نہیں ملیں گے اور انگریزوں سے دوستی بھی ہو جائے گی۔ پنجاب اور بنگال کی اکثریت بھی قربان کی جائے گی اور انگریز سے اتحاد بھی ہو جائے گا۔ کیوں جناب اگر یہ تمام حرکتیں کرنی ہیں اور سائمن رپورٹ ہی ہے تو پھر ان داموں ہندو کیا برا ہے۔ انگریز سے تو چار آنے میں معاملہ کرنے کو تیار ہو لیکن ہندو سے چودہ آنے میں بھی معاملہ کرتے ہوئے تم کو موت آتی ہے۔ ان تمام کھلی ہوئی دلیلوں کے بعد بھی نیشنلسٹ مسلمانوں کی تذلیل و توہین پر آپ آمادہ ہیں اور کو بے ایمان کہتے ہو کانگریس کے روپیہ کھانے کا طعنہ دیتے ہو۔ ٹوڈی تو ان تمام غداریوں کے بعد بھی آپکے نزدیک ایمان دار ہیں لیکن ہم کلمہ پڑھ پڑھ کر قسمیں کھائیں اور بے ایمان؟ ... سلمون علیٰ امن اللکفٰ ...

مفتی صاحب قبلہ کا حزم و احتیاط

حضرات آپ ان لوگوں کو کانگریس کا رشوت خوار بتاتے ہیں جن کے تقویٰ اور دیانت کی یہ حالت ہے کہ وہ مسلم فنڈ میں بھی ایک پیسے کی بے احتیاطی برداشت نہیں کر سکتے آپ کو یہ تو معلوم ہوگا کہ مفتی صاحب قبلہ مدرسہ امینیہ کی پینتس سال سے خدمت انجام دے رہے ہیں۔ مولانا امین الدین صاحب کی وفات کے بعد سے مدرسہ امینیہ کے اہتمام کا کام بھی مفتی صاحب انجام دے رہے ہیں پڑھاتے بھی ہیں اور اہتمام و انصرام کا کام بھی کرتے ہیں اور ان تمام خدمات کے صلے میں اتنے بڑے قابل آدمی کی تنخواہ کیا ہے؟ کچھ روپیہ۔ اول تو مفتی صاحب کی قابلیت کے مقابلے میں ان روپوں کی کیا حقیقت ہے اب سنئے مفتی صاحب قبلہ کو گرفتار کیا جاتا ہے ... ایک درسگاہ کی خدمت کی ہو اور وہ جیلخانہ بھیجے گئے مدرسہ سے جبراً غیر حاضر کیا جاتا ہے اور وہ اس جبری غیر حاضری کی تنخواہ وصول کرنے سے انکار کر دیتا ہے اور اور یہ بھی نہیں کہ رہائی کے دن سے تنخواہ وصول کی جائے بلکہ رہائی کے بعد بھی پندرہ دن تک مفتی صاحب مکان پر رہے ان پندرہ دن کی تنخواہ بھی مدرسہ سے نہیں لی جو لوگ روپیہ کے معاملے میں اتنے محتاط ہوں ان کے متعلق یہ اتہام کہ انہوں نے کانگریس سے روپیہ لیکر تحریک میں شرکت کی ہے کس قدر شرمناک ہے۔

واللہ المستعان علیٰ ما تصفون

جمعیۃ علماء کو بدنام کرنے کی ناپاک سعی

جناب صدر! ان بدبختوں نے یہی نہیں کہا کہ صرف جمعیۃ علماء کے کارکنوں کو بدنام کرنے کی کوشش کی ہو بلکہ جمعیۃ علماء کو من حیث الجماعۃ بھی متہم کرنے کی ناپاک سعی کی ان بے حیاؤں نے جمعیۃ علماء کو آنجہانی لکھنا شروع کر دیا ایک زندہ جماعت کو مردہ کہا گیا گویا جو جماعت ان کی اغراض باطلہ کو پورا نہ کرے وہ مردہ جماعت ہے کیوں جناب جمعیۃ علماء کا وہ کونسا گناہ ہے جس کی بنا پر اسکو پھانسی کا حکم دیا گیا ہے اور ایک دس سالہ خدمتگذار جماعت کو زندہ درگور کرنے کی سعی کی جا رہی ہے کبھی اس پر غبن کا الزام لگایا جاتا ہے کبھی مدراس کے روپیہ کا طعنہ دیا جاتا ہے کبھی ... شائع کرنے کی تہمت لگائی جاتی ہے اور صبح سے شام تک سینکڑوں ... کی جاتی ہیں کہ کسی طرح اس سرفروش گروہ کو واقعی موت کے گھاٹ اتار دیں اور ہندوستان کی سب سے بڑی جماعت کو ستا اپنے کلیجے کو ٹھنڈا کر لیں۔ میں عرض کرتا ہوں کسی جماعت کا ختم کر دینا کوئی مشکل کام نہیں ہے۔ جماعتوں کا بننا مشکل ہوتا ہے مسلمانوں میں یہ عام مصیبت ہے کہ جب کسی جماعت کا وقار ملک میں قائم ہونے کے قریب ہوتا ہے یا طویل عرصہ کے بعد کوئی جماعت اپنا وقار قائم کر لیتی ہے تو یہ خود اس کو دفن کر دیتے ہیں اگر جمعیۃ علماء ہند سے دل بھر گیا ہے اور آپ کے نزدیک اس کی ضرورت نہیں ہے تو جماعت ملتزمہ کو طلب کر کے اس کے ختم کرنے کا اعلان کیا جا سکتا ہے یہ ایسی کونسی مشکل بات ہے جس کے لئے خواہ مخواہ مختلف سازشیں کرنے کی تکلیف برداشت کی جا رہی ہے۔ اس سے پیشتر کہ آپ کسی جماعت کو ختم کرنے کی کوشش کریں اس کا گناہ تو بتا دیجئے۔ تم کہتے ہو آزادی کی جنگ میں کانگریس کے ساتھ شریک ہو گئی۔ اگر تمہارے نزدیک یہی ناقابل معافی گناہ ہے۔ اور تمہاری یہ خواہش ہے کہ ہندوستان کی آزادی کے سوال کو چھوڑ کر اس مسلم کانفرنس کی تائید کی جائے جس کی تجویزیں گورنمنٹ آف انڈیا کے دفتر میں بنائی گئیں اور پبلسٹی بورڈ کے دفتر میں ٹائپ کی گئیں تو جناب اس کی توقع نہ رکھئے جمعیۃ کل کی فنا ہوتی آج فنا ہو جائے آپ جمعیۃ علماء کو ختم کر سکتے ہیں لیکن ہندوستان کے مذہبی طبقے سے اس کھلی بے ایمانی کی توقع نہ رکھئے۔ ظالمو! ہندوستان کی ایک ہی تو جماعت ہے جو مسلم قوم کی عزت و ناموس کی حفاظت کر رہی ہے اور اسی کو تم انگریزوں کے قدموں پر لیجا کر ڈالنا چاہتے ہو اور ہندوستان کی غلامی کے لئے علماء کو استعمال کرنا چاہتے ہو میں یہ نہیں کہتا کہ تم کو تمہارے مطلب کے علماء نہ مل جائیں گے۔ آخر بے ایمانی سب جماعتوں میں ہوتی ہے تم کو بہتیرے بھیڑئیے ایسے ملیں گے جو تنظیم کے پردے میں اور کبھی نماز کی آڑ میں اور کبھی روزے کا نام لیکر کبھی تو سیع کا بہانہ بنا کر انگریزوں کی خدمت انجام دے سکیں گے وہ تم نے ایک نئی جمعیۃ بنائی تو ہے جس کی تجویزیں گورنمنٹ فوجی سپاہیوں میں تقسیم کیا کرتی ہے اس سرکاری جمعیۃ کو جس طرح چاہو استعمال کرو لیکن ہم سے اس غداری کی توقع نہ کرو آخر ہمارا ایک مسلک ہے ہمارا ایک کیرکٹر ہے کیا تم نے مولانا حسین احمد صاحب مدنی اور مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب اور مولانا انور شاہ صاحب کو بھی اپنا جیسا بے ایمان سمجھا ہے۔ اگر ایسا سمجھا ہے تو میں عرض کروں گا تم نے بہت غلط سمجھا ہے۔ ان لوگوں نے حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت کا فخر حاصل کیا ہے تم چاہتے ہو کہ حضرت شیخ کے غلاموں کو انگریزوں کا غلام بنا دو یہ دوسری بات ہے کہ کسی وقت عدم استطاعت کے باعث ہم لوگ خاموش ہو کر بیٹھ جائیں لیکن ایسی حالت میں جب کہ استطاعت کا امکان پیدا ہو جائے پھر انگریز کی حمایت کرنا ہمارے نزدیک کفر ہے۔ میں نہایت صاف طور پر عرض کرتا ہوں کہ اگر کانگریس نے جنگ شروع کی تو ان شاء اللہ ہمارا قدم پھر میدان میں ہوگا جس کو قیامت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں سرخرو ہونا ہے وہ ہمارے ساتھ آئے اور جس بے ایمان کو اپنا کالا منہ کرانا ہے وہ اپنے گھر بیٹھ جائے اور سمجھ لے کہ اللہ تعالیٰ کا کام کسی پر موقوف نہیں ہے۔

کار ساز ما بہ ساز کار ما — فکر ما در کار ما آزار ما

حضرات آپ نے جمعیۃ علماء کو بدنام کرنے کی کوشش کی لیکن آپ کو معلوم نہیں کہ ... مدراس کے ایک شریف النفس انسان نے جو جمعیۃ کو پہلے چندے میں تین ہزار روپے دے چکا تھا) ایک ہزار روپیہ کا چک اور دے دیا اور یہ کہا کہ اس نے ایک ہزار روپیہ دیا کہ آپ لوگ ان بدمعاشوں کا ہرگز خیال نہ کریں مدراس کے مسلمان آپ پر پورا اعتماد کرتے ہیں یہ لوگ انگریز کا آدمی ہے۔ جو جمعیۃ علماء کو بدنام کرنے کے لئے ایسا کارروائی کرتا ہے۔ معزز حاضرین! آپ کو تعجب ہوگا خدا کی قسم میں جمعیۃ کے رجسٹر نا چکے دکھا تار ہا میں نے کہا آپ کم از کم جمعیۃ علماء کا حساب دیکھ لیجئے لیکن اس کریم النفس انسان نے کہا میں آپ سے حساب کا ذکر کرنا بھی آپ کی توہین سمجھتا ہوں اب تم نے دیکھا ہوگا جمعیۃ علماء چار ہزار روپیہ کی مقروض تھی میں سخت پریشان تھا تقاضوں پر تقاضے ہو رہے تھے مکان دار کے نوٹس پر نوٹس چلے آتے تھے میں نے اپنے مختلف دوستوں کو خطوط لکھے کہ بھائی یہ حالت ہے خدا سے دعا کی الٰہی اگر تو نے یہ ذمہ داری میرے کندھوں پر ڈالی ہے تو تو ہی میری اعانت کر۔ واللہ آپ کو حیرت ہوگی رنگون کے ایک مخیر دوست نے جس کا باپ بھی اپنی سخاوت میں مشہور تھا مجھے تار کے ذریعہ اطلاع دی۔ کہ مولانا گھبرانا نہیں میں نے چندہ شروع کر دیا ہے اگر کاروبار کی حالت اچھی ہوتی تو میں آپ کو عرصہ کے لئے مطمئن کر دیتا لیکن برما کی بغاوت نے یہاں کے سوداگروں کو تباہ کر دیا ہے پھر بھی میں چند روز میں آپکو قرضے سے سبکدوش کرنے کا انتظام کرتا ہوں۔

میرے معزز دوستو! تم نے دیکھا خدا کا کام کس طرح چلتا ہے میں ان سرکاری اخباروں کو پڑھ کر ہنستا ہوں۔ یہ مجھ سے یہی کہتے رہے کہ یہ وعدہ کرو کہ مسلمانوں کا روپیہ کانگریس میں نہیں خرچ ہوگا میں نے اعلان کر دیا اور اب بھی کہتا ہوں کہ جمعیۃ کا روپیہ ہر اس کام ... خرچ ہوگا جس کا فیصلہ مرکزی جماعت کرے گی اگر فرقہ وارانہ کام ہوگا تو اس میں خرچ ہوگا تبلیغ کا کام ہوگا تو اس میں خرچ ہوگا

آل انڈیا کانگریس ورکنگ کمیٹی کا فیصلہ
صوبہ متحدہ کو سول نافرمانی کی اجازت

دہلی ۳۰ اکتوبر۔ کل صبح کو کانگریس کی مجلس عاملہ کا آخری فیصلہ ہوا اور صوبجات متحدہ کے کسانوں کے متعلق ایک تجویز جس پر پرسوں سے بحث ہو رہی تھی منظور کی گئی مجلس کے سامنے تمام مسائل میں سے یہ مسئلہ سب سے زیادہ اہم مسئلہ تھا اور اسی پر معلوم ہوتا ہے کہ مجلس نے اپنا سب سے زیادہ وقت صرف کیا قرارداد حسب ذیل الفاظ میں منظور کی گئی۔

"صوبہ جات متحدہ میں کسانوں کی حالت کے متعلق صوبہ متحدہ کی کانگریس کمیٹی کے صدر اور الہ آباد کانگریس کمیٹی کے صدر کے بیانات پر اس مجلس نے پورے طور پر غور کیا مجلس نے الہ آباد ضلع کانگریس کمیٹی کی اس قرارداد پر بھی غور کیا جس میں اس نے حکومت کی موجودہ روش کے خلاف، خصوصاً موجودہ کساد بازاری کی وجہ سے کسانوں کی ناگفتہ بہ حالت کے باوجود لگان کی وصولی میں جارحانہ کارروائی کے خلاف ستیہ گرہ کی اجازت مانگی ہے یہ مجلس اس امر کو پورے طور پر محسوس کرتی ہے کہ صوبجات متحدہ کے کسانوں پر شدید مشکلات نازل ہو رہی ہیں خصوصاً گذشتہ پانچ ماہ کے عرصہ میں انہوں نے بڑی مصیبتیں اٹھائی ہیں اور اب ان کے لئے ایک نہایت ہی نازک حالت در پیش ہے۔ یہ مجلس تسلیم کرتی ہے کہ کانگریس کا یہ فرض ہے کہ وہ ہر ممکن صورت میں ان کی مدد کرے اور ان کی اقتصادی مصیبتوں کو کم کرنے میں جن میں وہ مبتلا ہیں جو کچھ ہو سکے اس سے دریغ نہ کرے چنانچہ اس مجلس کی رائے میں ابھی سب سے پہلے صوبہ متحدہ کی کانگریس کمیٹی کو بطرف مدافعتی ستیہ گرہ پر غور کرنا ہی اس لئے وہ اس درخواست کو صوبہ کی مجلس کے پاس بھیجتی ہے کہ وہ اس پر اس انداز سے غور کرے اور اگر اس پر غور کرنے کے بعد وہ اس نتیجہ پر پہنچے کہ مدافعتی ستیہ گرہ کیلئے بجز شملہ کے مطابق یہ مناسب اور جائز صورت ہے اور کسانوں کو شروع کر دینا چاہئے تو یہ مجلس صدر کو اختیار دیتی ہے کہ وہ صوبجات متحدہ کی درخواست پر غور کریں اور جو ضروری کارروائی مناسب خیال کریں۔ کریں۔"

مسلمان عورتوں کی تعلیم کیلئے

کتاب تعلیم الاسلام مکمل ۴ حصے مصنفہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب

نیز

درسی و غیر درسی جملہ اسلامی علوم و فنون کی کتابیں

قرآن شریف حمائل اور سپارے بکفایت۔

ملنے کا پتہ: منیجر کتب خانہ دینیات مدرسہ امینیہ دہلی

سگنل ڈاون ہو گیا

جلد دوڑو ورنہ خطرہ ہے

بحر اعظم و دنیائے جسم کی کشتی پر سفر کرنے والوں کو جسم کے محفوظ رکھنے کا راز معلوم ... قدم قدم پر ٹھوکریں کھایا کرتے ہیں اس راز کو فاش کرنے والی صحت و تندرستی کی ... دوسرا ایڈیشن تیار ہو گیا ہے جلد از جلد ایک کارڈ لکھ کر ... منگا لیجئے ...

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

ضرورت مندوں کیلئے خوشی کا پیغام شادمانی کی لہر

اس میں شک نہیں کہ جھوٹے اشتہاری دوا فروشوں نے اشتہاری دنیا کو بہت بدنام کر دیا ہے لیکن مجبوری یہ ہے کہ کسی سچی چیز کو عام لوگوں کے علم میں لانے کا ذریعہ بھی بجز اشتہار کے اور کوئی نہیں ...

حب نعمت

مستورات

طلاء

منیجر دوا خانہ مجربات نصوصی دہلی

انگلستان کے قدامت پسند

جمعیۃ علماء ہند کا حساب

پیشینگوئی ظہور امام مہدی آخر زمان و نزول عیسیٰ علیہ السلام

سرمہ

حکیم و ڈاکٹر حاجی حسین کارخانہ اکسیر امرت بارہ نکی اودھ

امرت دھارا

امرت دھارا بلڈنگ امرت دھارا روڈ لاہور

۱۹۳۲ء بخش کی ڈائری

رنگین لکچس فوٹو والی

جنتری بخش کی ڈائری ... کلکتہ

حلفیہ بیان ... اکسیر ...

نیچر دوا خانہ اکسیر الغربا نصر اللہ شاہ نظر روڈ راولپنڈی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

یداللہ علی الجماعۃ

سہ روزہ

الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول ہلال احمد زبیری (بی۔اے)

معاون محمد عثمان فارقلیط

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ۔۔۔
ششماہی ۔۔۔
سہ ماہی ۔۔۔
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ۔۔۔
ششماہی ۔۔۔
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۔ ۵ ۔ ۹ ۔ ۱۳
۱۷ ۔ ۲۰ ۔ ۲۴ ۔ ۲۸
کو شائع ہوتا ہے
نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار) ۔۔۔
نصف صفحہ ۔۔۔
ایک کالم ۔۔۔
½ کالم ۔۔۔
¼ کالم ۔۔۔

جلد ۱۴ | دہلی۔ یوم دوشنبہ ۲۸ جمادی الثانی ۱۳۵۰ھ مطابق ۹ نومبر سنہ ۱۹۳۱ء | نمبر ۳۴

شریعت حقہ کی روشنی میں شادی کے مراسم کی حقیقت

اصلاح ملکہ کا پہلا مبارک قدم

لوازمات عقد

[illegible]

تلک کی رسم

[illegible]

(باقی صفحہ پر ملاحظہ فرمائیے)

معاصرین کے افکار و آراء

آزادی کا فریب (اجمل)

آج کی اشاعت میں کسی دوسری جگہ ہم ہمعصر بمبئی کرانیکل کے نامہ نگار خصوصی مقیم لندن کا ایک مراسلہ درج کرتے ہیں جس میں ہندوستان کے آئندہ دستور اساسی کا وہ خاکہ پیش کیا گیا ہے جو برطانیہ کی موجودہ برسر اقتدار جماعت یعنی ٹوری جماعت کے ذہن میں ہے۔ اس اسکیم کی سب سے نمایاں خصوصیات یہ ہیں کہ فوج و مالیات پر انگریزوں کو ... [illegible] ... مفادات ہندوستان کے حق میں ہوں اس وجہ سے ان کے الفاظ ایسے رکھے جائیں جن سے یہ معلوم ہو کہ ہندوستان کا مفاد پیش نظر رکھا گیا ہے۔ مگر درحقیقت برطانوی مفاد ہی کا تحفظ کیا جائے گا اور اس کی تاویل یہ کی جائے گی کہ ہندوستان میں برطانیہ کا جو روپیہ لگا ہے اور برطانیہ جو تجارت کر رہا ہے یہ سب ہندوستان ہی کے فائدہ کے لئے ہے۔ دوسرا مسئلہ فوج کا ہے اور اس کے متعلق یہ تشریح کی گئی ہے کہ فوج کا انتظام ہندوستان کی مجلس قانون ساز یا ہندوستانی وزارت کے ہاتھ میں نہ ہوگا بلکہ تدبیر جنگ کا تقرر وائسرائے کے توسط سے عمل میں آئے گا ... وائسرائے ہی کے ماتحت ہوں گے یعنی نہ تو وزارت کے دیگر اراکین کے ساتھ مجلس قانون ساز کا اعتماد اٹھ جانے کی صورت میں انہیں علیحدہ کیا جائے گا اور نہ وہ مستعفی ہوں گے۔ دوسری خاص بات یہ ہے کہ فوج و سرکاری ملازمین کی تنخواہوں کا بار ہندوستانی بجٹ سے پہلے وصول کیا جائے گا اور اس کے بعد ملک کی دیگر ضروریات کا نمبر آئیگا۔ ہم نہیں سمجھ سکتے کہ اگر سوراج اسکیم کے یہی خط و خال ہوں تو سوراج کے بعد ہندوستان کی موجودہ حالت میں کون بڑا فرق واقع ہوگا۔ جب فوج و مالیات کی باگ ... کی حالت میں غیروں کے ہاتھ میں ہوں گے تو وہ بھلا آزادی ہی کیا ہوگی۔ یہ آزادی تو ہرگز نہ ہوگی، ہاں آزادی کا فریب ضرور ہوگا۔

اسلامی اوقاف پر ایک نظر (پیغام سرحد)

[illegible]

گول میز کانفرنس

[illegible]

معاشرت

[illegible]

نئی پارلیمنٹ کا انتخاب

[illegible] ... صرف ایک کمزوری ہے اور وہ یہ کہ کنزرویٹیو ارکان کی تعداد دو تہائی سے بھی زیادہ ہے جس سے اندیشہ ہوتا ہے کہ مخلوط وزارت سا تھ کی ہانڈی زیادہ عرصہ تک سلامت نہیں رہ سکیگی۔

نیاز صاحب کی تحریریں ضبط کی جائیں (ملت)

نیاز فتحپوری صاحب کا فتویٰ نامہ گزشتہ ہفتہ "ملت" میں شائع کیا جا چکا ہے ... [illegible]

حکیم محمود خاں اعظم اور حکیم اجمل خاں صاحب کے خصوصی مجربات واقعی اکسیر دوائیں جو ایمان ملک کو بھی آسانی میسر نہیں انکی عجیب و غریب اور تازہ فہرست مفت۔ منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی

پیکو آرٹ پریس لاہور کے پنج سورہ شریف و پارہ اول دنیا بھر میں لاثانی ہیں مفصل حالات اور نمونے کے صفحے آج ہی فہرست منگوا کر مفت ملاحظہ فرمائیں

تجارت کرو فائدہ اٹھاؤ

موسم سرما کی منفعت بخش تجارت

امریکہ کے گرم سیکنڈ ہینڈ کوٹوں کی سربند گانٹھیں ہم سے منگوا کر فروخت کرنے والا بیوپاری صرف ایک موسم سرما میں قلیل سرمایہ سے سال بھر کی روزی پیدا کر سکتا ہے۔
[illegible]

امریکن کمرشل کمپنی (رجسٹرڈ) بمبئی نمبر ۱۱

بے روزگاروں کیلئے سنہری موقع

گورنمنٹ آف انڈیا سے تمام ہندوستان کیلئے رجسٹری شدہ ہندوستان میں اس سے بہتر کوئی اور کالج نہیں ہے اس کالج کا پاس شدہ تمام (انڈیا) میں کام کر سکتا ہے کالج ہذا صرف پچاس روپے فیس داخلے کر دو ماہ میں مکمل موٹر ڈرائیوری اور موٹر فٹری کا کام سکھا دیتا ہے اور ملازمت کی ذمہ داری بھی لیتا ہے پردیسی طلباء کے لئے رہائش کا بھی اعلیٰ انتظام ہے مکمل حالات معلوم کرنے کے لئے پراسپکٹس مفت طلب کیجئے۔

منیجر دی کیپٹل پریکٹیکل موٹر ٹریننگ کالج حلقہ ۱ جامع مسجد دہلی

خالص کسٹر آئیل سے تیار کردہ

کیسٹوفین

(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرہ سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹر اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر یورپ میں تیار ہوتی ہیں مرد عورت بچے بوڑھے۔ ہر موسم میں کھاتے ہیں گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں۔

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی

Castophen mafg: Co: India Post Box 88 Karachi

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ

قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جن کی وجہ سے دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں اس نقص کو دور کرنے کے لئے ایک ایسے قرابادین کی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی تھی الحمد للہ کہ حکیم مولوی محمد شریف صاحب حیدر آبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کر کے اس کمی کو پورا کر دیا اس کتاب میں دواسازی کے اصول نہایت وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ بھی دوائیں کو خراب نہ کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے۔ ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطباء نے اس کتاب کو بہت پسند کیا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرابادین کا سرمایہ اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیماردار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

نئی دہلی میونسپل کمیٹی نئی دہلی

نوٹس

دھوبی گھاٹ کو ضابطہ میں لانے کے لئے نئی دہلی میونسپل کمیٹی نے زیر دفعہ ۱۸۸ الف و دفعہ ۱۹۹ الف پنجاب میونسپل ایکٹ مجریہ سنہ ۱۹۱۱ء و منظور کردہ چیف کمشنر صاحب دہلی حسب نوٹس نمبری ۹، مورخہ ۲۳ فروری ۱۹۲۷ء حسب ذیل ترمیمات اشخاص متعلقہ کی آگاہی کیلئے شائع کی ہیں۔ اس مسودہ پر اشاعت کے ایک ماہ بعد ہر موصولہ اعتراض کے ساتھ ساتھ غور کیا جائیگا۔

ترمیمیں

(۱) ضمنی قوانین کی دفعہ ۵ کی سطر ۵ و ۶ میں یہ عبارت "کہ جس عرصہ تک کے لئے اجازت دی جائے اس کے لئے ایک روپیہ ماہوار پیشگی ادا کرے" ذیل کی عبارت سے تبدیل کر دی جائے گی۔ "جس طرح میونسپل کمیٹی وقتاً فوقتاً مقرر کرنا مناسب سمجھے گی۔"

(۲) دفعہ ۷ (نمبر ۶) میونسپل کمیٹی گھاٹ کو استعمال کرنے کیلئے وقت مقرر کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

سکریٹری نیو دہلی میونسپل کمیٹی نئی دہلی

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملے گا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے دردِ دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر، زبر، پیش، ایسے باموقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے، بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے۔ ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ (عہ) بلا جلد پارچہ عہ مجلد چرم نقرہ علاوہ محصولڈاک دو روپے (عہ)

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے سے دل مسرور ہوجاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ ... قسم دوم حنا شدہ عار علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ عہ چرم عہ

اعلیٰحضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰحضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰحضرت نے ترجمہ اور تفسیر کی خوبیوں کو سن کر اور دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرما لیا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں۔ مولانا شاہ رفیع الدین صاحب۔ مولانا شاہ عبدالقادر صاحب مولانا شاہ ولی صاحب۔ حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے۔ علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف کا ... ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ دس روپے علاوہ محصولڈاک فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

منیجر اخبار الجمعیۃ بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم دوشنبہ ۲۸ جمادی الثانی ۱۳۵۰ھ

ظالموں اور مظلوموں کی جنگ

مجلس احرار اسلام کا شاندار کارنامہ

کشمیر کی سرزمین پر نہتے اور مظلوم انسانوں کا خون جس بیدردی کیساتھ بہایا گیا ہے اسکی داستان اب نہایت طویل ہوچکی ہے اور اخبارات کے محدود کالموں میں ان واقعات کو شرح و تفصیل کیساتھ بیان کرنے کی قطعاً گنجائش نہیں ہے نوجوان اور سن رسیدہ مسلمانوں کی شہادتیں، انکے شیرخوار بچوں کا قتل، انکی بہنوں بیٹیوں کی عصمت دری ایسے حالات ہیں جنکو سن سنکر ہندوستان کا ہر مسلمان انتہائی اضطراب و ہیجان میں مبتلا ہے۔ اور اس بے غیرتی کی زندگی کو جو مسلمانان کشمیر کیلئے انصاف حاصل کئے بغیر گزر رہی ہے اپنے واسطے موت سے بدتر جانتا ہے۔

اس نازک وقت میں مجلس احرار اسلام پنجاب نے مسلمانوں کی صحیح رہنمائی کرتے ہوئے جس بے نظیر ایثار اور شاندار قربانی کا مظاہرہ کیا ہے وہ ہندوستان کی تاریخ میں ہمیشہ یادگار رہیگا اور اس ملک کے رہنے والے آٹھ کروڑ مسلمانوں کی آئندہ نسلیں اس سے ہمیشہ غیرت حمیت، جرأت و ہمت، اور شجاعت و بسالت کا درس لیتی رہیں گی۔ ایک نہایت مختصر سی مدت میں تمام پنجاب کے اندر زندگی پیدا کرکے ریاست کشمیر کی ظالم حکومت کے مقابل دس ہزار رضاکاروں کو میدان میں اتار دینا اور ان میں باوجود انتہائی اشتعال انگیزی کے اسقدر ضبط و تحمل پیدا کردینا کہ وہ نہ صرف قید و بند کے مصائب جھیلنے کو تیار ہو جائیں بلکہ اپنے سینوں پر گولیاں کھانے اور اپنے پہلو میں برچھیاں پیوست کرنے کی آرزوؤں کو پرورش کرنے لگیں، حقیقتاً ایک ایسا عظیم الشان کارنامہ ہے جس کے لئے مجلس مذکور کو جس قدر بھی مبارکباد دی جائے کم ہے۔ ہمیں معلوم ہوا ہے کہ کل تک سات ہزار فرزندان توحید حکومت کشمیر کے خلاف پرامن جنگ کرکے جیل خانوں کی چہار دیواریوں میں جا چکے ہیں اور شہید ملت الٰہی بخش مرحوم و مغفور کے علاوہ متعدد نوجوانان اسلام انتہائی اشتعال انگیزی کے باوجود ضبط نفس سے کام لیکر ظالم ڈوگروں کے ہاتھوں جام شہادت نوش جان فرما چکے ہیں لیکن اسپر بھی حالت یہ ہے کہ ایسے رضاکاروں کا ایک سیلاب عظیم پنجاب کی سرزمین سے امنڈا ہوا چلا آرہا ہے جن میں سے ہر ایک کے قلب میں غالب کے اس شعر کی کیفیت موجود ہے

مقتل کو کس نشاط سے جاتا ہوں میں کہ ہے
پرگل خیال زخم سے دامن نگاہ کا

ظالموں اور مظلوموں کی یہ جنگ اب جس مرحلہ پر پہنچ چکی ہے اسکا تقاضا تو یہ تھا کہ حکومت ہند اپنی مداخلت سے معاملات کو سلجھانے کی کوشش کرتی اور مہاراجہ کشمیر کو باور کراتی کہ وہ اپنی ستر فیصدی رعایا کے ساتھ انصاف کریں مگر افسوس کہ حکومت ہند نے اس کے بالکل خلاف قدم اٹھایا اور مہاراجہ کی درخواست پر کشمیر میں نہتے رضاکاروں کا مقابلہ کرنے کیلئے گورا فوج کو بھیج کر اور پنجاب میں مجاہدین کی بھرتی کو روکنے کیلئے سال رواں کا دسواں آرڈیننس جاری کرکے یہ ثابت کردیا کہ وہ ظلم کی حمایت کرنا چاہتی ہے اور ڈوگرا سپاہیوں کے ساتھ ساتھ خود بھی مسلمانوں کے خون سے ہاتھ رنگنے پر آمادہ ہے۔

یہ واقعہ ان لوگوں کیلئے ایک تازیانہ عبرت ہے جو آج بھی مسلمانوں سے برطانیہ کی دوستی کے راگ الاپ رہے ہیں اور انگلستان و ہندوستان میں انگریزوں کے ساتھ یہ توقعات وابستہ کئے بیٹھے ہیں کہ وہ انکی امداد کرینگے۔ اگر اب بھی ہماری آنکھیں نہ کھلیں اور برطانوی ڈپلومیسی کی فریب کاریوں کو نہ سمجھیں تو اس سے بڑھ کر ہماری بدقسمتی اور کیا ہوسکتی ہے۔ آج حکومت نے مسلمانوں کے خلاف ایک ریاست کے معاملہ میں پیش قدمی کرکے صاف طور پر یہ ظاہر کردیا ہے کہ وہ صرف مطلب کی دوست ہے۔ سرحیوش احرار کے مقابلہ میں افواج کی روانگی اور آرڈیننس کا نفاذ سوائے اسکے اور کوئی معنی نہیں رکھتا کہ جب تک مسلمان حکومت کے آلہ کار بنے رہیں گے۔ اس وقت تک وہ انکی دوست ہے اور جہاں انہوں نے حقوق طلبی میں حکومت ... کے منشاء سے تجاوز کیا وہ ان کی بدترین دشمن ثابت ہوسکتی ہے۔

بہرحال اب صورت حال یہ ہے کہ مجلس احرار کا مقابلہ ایک طرف ریاست کشمیر کی فوج اور پولیس سے ہے اور دوسری طرف حکومت ہند سے ہے۔ اسلئے جنگ اگرچہ پرامن رہے گی مگر پہلے سے زیادہ خوفناک ہوگی اور اسکے اثرات زیادہ وسیع ہونگے احرار حکومت برطانیہ کے خوف سے ڈرنے والے نہیں ہیں ان کا صدر کشمیر کمیٹی کی طرح پیغمبر قادیان کا امتی نہیں ہے۔ وہ یقیناً اپنی روایات کو قائم رکھیں گے اور دونوں قوتوں کا مقابلہ کرینگے۔ مسلمانان ہند کا فرض ہے کہ وہ ان کی ہر ممکن امداد کیلئے ہر وقت تیار رہیں۔

مولانا حبیب الرحمن صاحب صدر مجلس احرار کا اہم بیان

مسلمان وہ ہے جو نہ ڈوگرہ سے ڈرے نہ گورے سے

چیلنج دے دیا ہے۔ اور آرڈیننس کے ذریعہ اس نے مسلمانوں کی سیاسی زندگی کو ہمیشہ کے لئے موت کا پیغام دینے کی کوشش کی ہے۔ مجلس احرار کے خلاف آرڈیننس صرف اسلئے جاری نہیں کیا گیا کہ وہ کشمیر میں رضاکاروں کو بھیج رہی ہے۔ بلکہ اس لئے ...

کشمیر آرڈیننس کا نفاذ اور حکومت ہند کی افسوسناک غلطی

مجلس احرار اسلام کی سرفروشانہ مساعی پر مبارکباد

مجلس احرار کے دفتر پر پولیس کا قبضہ

حکومت کی شکست

حکومت کی شاطرانہ چالیں

ایک فاضل عیسائی کا قبول اسلام

مسٹر خالس رابرٹسن مسلمان ہو گئے

۱۹ رضاکاروں کے ایک قافلہ کی گرفتاری

لائل پور اسٹیشن پر پولیس کا مظاہرہ

اسمبلی کے سکھ اور ہندو ممبران کی سرچارجی ہسپتال

کشمیر میں اتحاد و اصلاح کیلئے جاری کیا گیا

اسمبلی کے اجلاس میں مسودہ مالیات پر بحث

آٹھ آراء کی کثرت سے حکومت کی کامیابی

مزید نو سو رضاکاروں کی گرفتاری

سیالکوٹ سے گرفتار کر کے لاہور پہنچائے گئے

کرکٹ کھیلتے ہوئے ایک لڑکے کی موت

مولانا داؤد غزنوی گرفتار کر لیے گئے

دہلی میں ۷۰ قمار بازوں کی گرفتاری

گول میز کانفرنس میں مسلمانوں کے مطالبات نامنظور کئے جائینگے

مولانا حبیب الرحمن لدھیانوی صدر مجلس احرار اسلام پنجاب کا اہم بیان

(مولانا) حبیب الرحمن لدھیانوی صدر مجلس احرار اسلام پنجاب

یو۔پی میں کانگریس اور حکومت کا زبردست اختلاف

تحریک عدم ادائیگی لگان عنقریب شروع ہونے والی ہے

حکومت کی کاشتکاروں کو دھمکی

حجاز جانیوالے حجاج کو حکومت کا انتباہ

واپسی ٹکٹ کے بغیر کوئی شخص حجاز کا سفر نہ کرے

خان عبید اللہ کا مقاطعہ جوعی

۲۸ دن کے بعد وزن میں کمی

پٹنہ بم کیس کے ملزم کو کالے پانی کی سزا

ایک انقلابی انجمن کا سراغ

سبھاش چندر بوس کی دوبارہ گرفتاری

مجسٹریٹ ڈھاکہ کی حکم عدولی

صوبجاتی آزادی اور کاربٹ اسلیم گاندھی جی کا اتفاق

ہندو ممبروں کی جانب سے زبردست مخالفت

۵ دسمبر کو وزیر اعظم اعلان کریں گے

جاپان کو مزید اقدام سے روکا جائے

دنیا کی قوموں سے چین کی درخواست

چین اور فرانس کے درمیان معاہدہ کی تصدیق

مسلم ممالک اور حجاز میں بھی معاہدہ ہو گیا

امداد مسلم ریلیف کمیٹی کانپور

جمعیۃ علماء ہند

جمعیۃ الاقوام کے اجلاس میں سر جان سائمن کی شرکت

پیرس میں چین و جاپان کے تنازعہ کی تحقیقات

یو۔پی تخفیف کمیٹی کی اہم سفارشات

ایک کروڑ تین لاکھ روپے کی بچت

صوبہ سرحد کے ایک مشہور لیڈر کو سزا

مولوی رحیم بخش صاحب تین سال کیلئے بھیجے گئے

چین میں دوبارہ بادشاہت قائم کرنے کی سعی

سابق شہنشاہ کی نقل و حرکت

جاپانی افواج پسپا ہو گئیں

پیشقدمی کے لئے نئی تیاریاں

اگر کامیابی نہ ہوئی تو سول نافرمانی شروع ہو گی

لندن کے طلباء سے گاندھی جی کا خطاب

جدید پارلیمنٹ میں حکومت کی پہلی کامیابی

مزدور ممبران کی تحریک مسترد

برطانوی کابینہ میں قدامت پسندوں کا غلبہ

کابینہ کے باقی ارکان کے ناموں کا اعلان

ایک انگریز افسر اور سپاہی گولی سے اڑا دئے گئے

وزیرستان میں ایک فوجی سپاہی کی حرکت

مسٹر ایم این رائے پر فرد جرم لگ گئی

ملزم کا ارتکاب جرم سے انکار

فرقہ وارانہ سمجھوتہ کیلئے ایک اور کوشش

صوبہ بہار میں امارت شرعیہ کی برکات

کس طرح عقائد کی اصلاح اور مفسدات کا تصفیہ

نائب امیر شریعت کے دورہ کے مفصل حالات

مسلمانان سہارنپور کا ایک عظیم الشان جلسہ

مظالم کشمیر کے خلاف زبردست احتجاج

سہارنپور ... کل مسلمانان سہارنپور کا ایک جلسہ زیر صدارت مولانا ... صاحب مہتمم مدرسہ مظاہر العلوم مظالم کشمیر پر صدائے احتجاج بلند کرنے کے لئے منعقد ہوا ...

الٰہی بخش شہید کے پسماندگان کی امداد

چنیوٹ میں پانسو روپے جمع ہو گئے

چنیوٹ ... نومبر مولانا حبیب الرحمٰن صاحب صدر مجلس احرار اسلام ہند آج سیالکوٹ سے ... چنیوٹ پہنچے ...

ڈسٹرکٹ مجلس احرار اسلام چنیوٹ

امرتسر میں "یوم شہید الٰہی بخش"

تین نہیں بلکہ ایک رضاکار شہید ہوا

جمعیۃ علمائے افغان کے نئے عہدہ دار

ایک مسلمان عورت کی جینٹ

احرار اور حکومت کے درمیان مفاہمت

مولانا حبیب الرحمٰن کا تردیدی بیان

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ کیسٹوفین (جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں۔ مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرہ سے خالی ہیں۔ مشہور ڈاکٹر اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے۔ بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں۔ نہایت سائنٹفک طریقہ پر یورپ میں تیار ہوتی ہیں۔ مرد عورت بچے بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔ ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں۔

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی

Castophen Mfg. Co. India P. Box 88 Karachi

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

سگنل ڈاؤن ہو گیا

پانچ سو روپے کا چندن ہار صرف تین روپے میں

پتہ: ٹریڈ ہاؤس جیولری مرچنٹ اجمیری گیٹ دہلی

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ

قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں اس نقص کو دور کرنے کے لئے ایک ایسے اردو قرابادین کی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی تھی الحمد للہ کہ حکیم مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کر کے اس کو پورا کر دیا اس کتاب میں دواؤں کے اصول اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ ہی دواؤں کو خراب نہ کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطباء نے اس کتاب کو بہت پسند کیا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تعریفیں لکھی ہیں۔

قرابادین مفید عام کا ہر با اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیماردار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصول ڈاک

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

بے روزگاروں کیلئے سنہری موقع

حلفیہ بیان سابق منیجر ...

مجلس احرار اسلام کے کام کو برابر جاری رکھو

حکومت ہند کو اپنی پوزیشن صاف کرنی چاہئے

شیخ حسام الدین صاحب ڈکٹیٹر مجلس احرار اسلام کا اہم بیان

سیالکوٹ ... نومبر گورنمنٹ آف انڈیا کی مجوزہ پالیسی کے ماتحت بحکم زبان بندی ...

تمام خرابیوں کی جڑ وزیر اعظم ہے

حکومت اپنی پوزیشن صاف کرے

ہندو مسلم فساد نہ ہونے دو

انبالہ شہر میں مرزائیوں کی ذلت آمیز رسوائی

مرزائیوں کی فریب کارانہ چالوں کا انکشاف

قادیان ... مرزا بشیر الدین ... خلیفہ ...

سیرۃ النبی کے جلسہ میں پولیس کا مظاہرہ

قابل تقلید اعتراف خدمات

گمشدہ کی تلاش

سماۃ احمدی بیگم

متصل مسجد فراشخانہ محلہ شہر دہلی

قاضی محمد سلیمان صاحب مرحوم

جنشن جج ریاست پٹیالہ مصنف رحمۃ للعالمین کے جملہ احباب و حاضرین کی خدمت میں گزارش ہے کہ وہ عقیدت ... کے حالات اور ان کی زندگی کے واقعات سے واقف ہوں ... جلد از جلد مرحوم کی سوانح عمری شائع کر سکیں۔

خط و کتابت کا پتہ

ایڈیٹر مسلمان سودرہ

ضلع گوجرانوالہ پنجاب

بخشی پاکٹ ڈائری ۱۹۳۲ء

رنگین دلکش فوٹو والی

اس سال نئے انداز نئے مضامین اور نئی سجاوٹ کے ساتھ چھپ کر تیار ہو گئی ہے ... صرف ایک آنہ کا ٹکٹ ...

نیجر بخشی پاکٹ ڈائری ... کلکتہ

امراض مخصوصہ کے علاج کے دن یہی ہیں اسلئے

اگر آپ یا آپ کے عزیز واقارب میں کوئی خدانخواستہ کسی ایسی مرض میں مبتلا ہے تو بہتر ہے کہ آپ ان دنوں کو ضائع نہ کریں اور فوراً علاج شروع کر دیں۔ اگر مقامی اس بیماری کا کوئی حکیم آپ کو مل سکے تو بہتر ورنہ اپنے مفصل حالات لکھ کر بصورت دیگر ہمارے ہاں سے "فارم تشخیص و قواعد علاج" منگوا کر علاج شروع کرا دیں۔

کوی ونود ویدیہ بھوشن پنڈت ٹھاکر دت شرما وید موجد امرت دھارا و ایڈیٹر دیش اپکارک مصنف متعدد رسالہ جات طبی۔ امراض مخصوصہ مردان کے بہترین معالج سمجھے گئے ہیں سینکڑوں مریض انکے ہاتھوں سے شفا حاصل کر چکے ہیں۔

یاد رہے کہ ایسی تمام خط و کتابت پوشیدہ رکھی جاتی ہے۔ مفصل حالات جاننے کے لئے رسالہ امراض مخصوصہ مردان مفت طلب کریں۔

خط و کتابت و تار کے لئے پتہ: امرت دھارا (۲۱) لاہور

المشتہر منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ۔ امرت دھارا بھون۔ امرت دھارا روڈ۔ امرت دھارا ڈاکخانہ۔ لاہور

نیٹ بہرا پن کا شرطیہ علاج

بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات ہے

ہماری سرمہ

کان کی دوا: بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یوپی)

ضبط بیرونی تو روانہ ہوگی ورنہ شکایات معاف

گنجینہ عملیات

روح حیات

حکیم ڈاکٹر ماجد حسین مالک کارخانہ اکسیر امرت فیکٹری ...

زبدۃ الحکماء حکیم نصرتی صاحب کا بنایا ہوا

طاقت کا بکس

نامردی کا مکمل علاج

حب ترشیمہ　طلا رشاد مانی

اکسیر جذام

حافظ اقبال حسین ...

واحدی صاحب کا منجن

اکسیر دندان

ملنے کا پتہ: ... منیجر رسالہ نظام المشائخ ... دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

سہ روزہ

الجمعیۃ

دہلی

مسئول مدیر

بلال احمد زبیری (بی۔اے)

معاون

محمد عثمان فارقلیط

تارکا پتہ الجمعیۃ دہلی

قیمت اخبار

جلد ۱۲ | دہلی۔ یوم جمعہ ۹ رجب المرجب سنہ ۱۳۵۰ھ مطابق ۲۰ نومبر سنہ ۱۹۳۱ء | نمبر ۴۷

معاصرین کے افکار و آراء

فرزندان توحید کے ایمان کا آخری امتحان

سلمانوں نے کرکٹ ... بالجزم کر لیا ہے کہ اسلام کی عزت اور وطن کی حرمت پر قربان ہو جائیں گے ... مقصد کو ... پورا کر کے رہیں گے۔ دنیا والے یہ ... حیرت زدہ ...

مسلمانان پنجاب کی قربانی

کشمیر اور متعصب جرائد

چند حقیقتوں کی نقاب کشائی

(نیجر)

مولانا حبیب الرحمن صاحب کا اہم بیان

علماء، انگریزی تعلیم یافتہ اور کارکنوں کے نام اپیل

ہر مسلمان بزدلی کی جگہ بہادری کو کام لے

کارکنوں کے نام

علماء اور انگریزی تعلیم یافتہ طبقہ سے

سرحد کی اسلامی خبریں اپیل

مالی امداد

نعرے جو لگائے جائیں

دعاء

دیہات میں مخالفین کا غلط پروپیگنڈہ

حکیم محمود خاں اعظم اور حکیم اجمل خانصاحب کے خصوصی مجربات دافعی اکسیر دوائیں جو دیہات ملک کو بھی بہ آسانی میسر ہو سکتیں ... عجیب و غریب اور تازہ فہرست مفت۔ منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲

پیکوٹ آرٹ پریس لاہور کے پنجسورہ شریف اور پارہ اول و دنیا بھر میں لاثانی ہیں مفصل حالات اور نمونے کے صفحے ان ہی فہرست ۱۶ منگوا کر مفت ملاحظہ فرمائیں

مفتاح العلوم
شرح مثنوی مولانا روم

فارسی ادب اول حضرت مولانا روم کی مثنوی کو جو مقبولیت و شہرت دنیا کے ہر حصہ اور ہر مذہب میں حاصل ہے محتاج بیان نہیں مسلمانوں میں اس کتاب کی

یہانتک عزت ہے کہ فارسی کا قرآن کہا جاتا ہے

مسلمانوں کے علاوہ ... دیگر مذاہب میں بھی اس کتاب کو خاص مقبولیت حاصل ہے۔ دنیا بھر کی تمام کتابوں میں یہی ایک ایسی کتاب ہے کہ جس کو خاص شوق سے مطالعہ کرتے ہیں ...

اس کتاب کی شرح کو نہایت عظیم الشان پیمانہ پر

آپ کے اطمینان کیلئے

چند معزز حضرات کے اسمائے گرامی :-

چند ہندو معززین کے اسمائے گرامی :-

عالیجناب ... طلائن رام صاحب رئیس اعظم ڈیرہ اسمٰعیل خاں۔ عالیجناب وٹھل راؤ کاشی راؤ وکیل ہائی کورٹ حیدر آباد دکن۔ عالیجناب ڈاکٹر دیونندن پرشاد صاحب گیا۔ عالیجناب رام پرشاد صاحب رئیس اعظم بمبئی۔ عالیجناب سیٹھ دین دیال صاحب علاقہ بہار۔

فرمایئے

... معزز اور ذی وجاہت اور ذی علم حضرات پسند فرما کر خرید فرمائیں اور بعد مطالعہ کتاب کے متعلق نہایت ہی اعلیٰ رائے کا اظہار فرمائیں وہ کتاب کسی مزید تعریف کی محتاج ہے

پس

... کالج کی کسی شہر کی کسی قصبہ اور کسی گاؤں کی لائبریری اور کسی رئیس امیر و غریب کی گھر کی لائبریری اس کتاب سے ...

حصہ اول مجلد ... حصہ دوم ... حصہ سوم ۸ حصہ چہارم ۸ حصہ پنجم ۸ مجلد جس پر سنہری حروف میں کتاب کا نام درج ہے علیحدہ علیحدہ فی حصہ ۲ روپے حصہ اول دوم یکجا مجلد چھ روپے

حصہ پنجم علیحدہ ... پانچوں حصص کے خریداروں کو سوانح مولانا روم از مولانا شبلی اور ترانہ اسلام مفت دیا جائیگا :-

منگوانے کا پتہ: محمد حفیظ اللہ قریشی تاجر کتب و مالک قریشی بک ایجنسی کشمیری بازار لاہور

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

آل انڈیا مسلم لیگ کا اجلاس

حالات کی تبدیلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم جمعہ ۹ رجب المرجب ۱۳۵۰ھ

کیا بغیر حصول مقصد کے جنگ ملتوی کی جا سکتی ہے؟

پنجاب کونسل کے ارکین کی غلط اندیشیاں

مجلس احرار اسلام کا مطالبہ

حکومت ہند اور حکومت کشمیر

حکومت برطانیہ کی مداخلت

گرفتاری سے پہلے مولانا احمد علی صاحب کا بیان

۱۳ دن میں ۱۳ ہزار رضاکاروں کی گرفتاری

اس مہینہ کے اندر تیس ہزار مسلمانوں کو گرفتار ہو جانا چاہئیے

(حضرت مولانا) احمد علی (صاحب) ڈکٹیٹر مجلس احرار اسلام پنجاب

جاں نثاران اسلام کیساتھ جیلوں میں بے رحمانہ سلوک

پنجاب کونسل کے مسلم اراکین سے اپیل

گرفتاری سے پہلے مولانا محمد داؤد غزنوی کا بیان

پنجاب کے جیلوں میں تشدد

مسلم اراکین کونسل اور اسمبلی توجہ فرمائیں

غیر سرکاری جیل وزیٹر کا فرض

اسلامی اخبارات سے اپیل

... انبئنا فانصرنا علی القوم الکافرین۔

(مولانا) محمد داؤد غزنوی، جنرل سکرٹری مجلس احرار اسلام پنجاب

شہید ملت مہر دین کے جنازہ کا عظیم الشان جلوس

نماز جنازہ میں تہرا ہا فرزندان توحید کی شرکت

شیخ حسام الدین صاحب کی گرفتاری کے مزید کوائف

انبوہ کثیر میں ہیجان عظیم

ناظرین الجمعیۃ کی خدمت میں ضروری گزارش

(منیجر)

مولانا محمد داؤد صاحب غزنوی زندہ باد

مولانا موصوف کے نقش قدم پر چلنے کی تلقین

مسلمانان آگرہ کی طرف سے مجلس احرار کی امداد

میونسپل کمشنر صاحبان نے استعفے دے کر کشمیر روانہ ہو گئے

علمائے کرام کی سرفروشی

مجلس احرار کے پانچویں ڈکٹیٹر کا تقرر

خواتین کے ایک دستہ کی کشمیر کو روانگی

میونسپل کمشنروں کے قافلہ کی گرفتاری

مہاراجہ کشمیر، مسٹر گلانسی اور مسٹر جنکن کے نام برقی پیغام

شہید الٰہی بخش کے قاتل کے عدالتانہ رویہ پر احتجاج

اراکین اسمبلی کے نام صدر مجلس احرار کا پیغام

احراری محبوسین پر جیل میں مظالم کے خلاف احتجاج

ایک ہزار رضاکار زخمی ہو چکے ہیں

رضاکاروں کی کل تعداد

مجاہد ملت مولانا سید عطاء اللہ شاہ صاحب کے مقدمہ کی کارروائی

عدالت عالیہ لاہور کے حکم سے مقدمہ ملتوی کر دیا گیا!!

دلی کورٹ نے مقدمات کی مسلیں طلب کر لی ہیں

انتقال مقدمہ کی درخواست اولاً مسٹر ... کی عدالت میں دی گئی تو ... نامنظور کر دیا گیا۔ اس فیصلہ کی نقل ہی ہائی کورٹ نے طلب کی ہے جو روانہ کر دی گئی ہے۔

دہلی کے ایک مقامی اخبار نے لکھا تھا کہ شاہ صاحب کو عدالت نے سزا کر دی ہے یہ خبر بالکل غلط ہے۔ ایک دوسرے مقامی اخبار نے یہ لکھا تھا کہ سزا تو نہیں ہوئی البتہ انتقال مقدمہ کی درخواست منظور ہو گئی ہے۔ یہ خبر بھی غلط ہے ابھی تک عدالت عالیہ نے انتقال مقدمہ کے متعلق کوئی فیصلہ نہیں کیا۔ (نامہ نگار)

مسجد شاہ گل میں پانچ ہزار مسلمانوں کا اجتماع عظیم

اللہ اکبر کے فلک شگاف نعرے اور حمیت اسلامی کا شاندار مظاہرہ

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کی ایمان افروز تقریر

دہلی ۱۶ نومبر ... دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ زیر صدارت حضرت علامہ ... جمعیۃ علماء ہند منعقد ہوا ... تقریباً پانچ ہزار مسلمانوں کا اجتماع ... صدر مجلس احرار دہلی ... حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ...

وفاقی تعمیری کمیٹی کا اجلاس پھر شروع ہو گیا

افواج - مالیات - تجارتی امتیازات اور امور خارجہ پر بحث

مسلم مندوبین کی مشروط شرکت

لندن ۱۷ نومبر۔ فیڈرل تعمیری کمیٹی کے آج صبح کے اجلاس میں لارڈ سانکی ... سے قبل افواج، امور خارجہ، مالیات اور تجارتی امتیازات وغیرہ اہم امور ... اس خیال سے بہت پریشانی ہو رہی ہے ... کی رائے حاصل نہیں کی گئی تو یہ امر انتہائی افسوسناک ہوگا۔

مسٹر ... نے اس امر کی تائید کی۔

یوم شہید مہر الدین

۲۰ نومبر کو منایا جائے

... سکرٹری مجلس احرار اسلام پنجاب۔

نمک کے محصول میں اضافہ کی تجویز منظور ہو گئی

خطوط اور لفافہ کی قیمت میں اضافہ کی تجویز مسترد

اسمبلی کے اجلاس کی کارروائی

دہلی ۱۷ نومبر۔ آج اسمبلی کا اجلاس حسب معمول گیارہ بجے منعقد ہوا۔ مسٹر ... نے نمک پر محصول کی تجویز پیش کی ... آپ نے فرمایا کہ حکومت کی نظر ہمیشہ غریب کے نمک ... اس پر شدید نکتہ چینی کی۔

... مسٹر راجا نے لفافوں اور کارڈوں کی قیمت میں اضافہ کی سخت مخالفت کی ... آخر حکومت کو ووٹ سے شکست ہوئی۔

شام اور عراق کی سرحد کا پیچیدہ مسئلہ

فرانس اور برطانیہ کی جمعیۃ الاقوام سے درخواست

لندن ۱۷ نومبر۔ برطانیہ اور فرانس کی ایک مشترک خط و کتابت جنیوا میں شائع کر دی گئی ہے اس خط و کتابت میں اس امر کی درخواست کی گئی ہے کہ عراق اور شام کے درمیان کی سرحد کا مسئلہ جمعیۃ الاقوام کی کونسل میں طے ہونا چاہئے ... (رائٹر)

چین اور جاپانی افواج میں زبردست معرکہ

جاپانیوں نے ایک گاؤں پر قبضہ کر لیا

روس کی طرف سے چین کو امداد

... جاپان کے اس الزام کی پرزور تردید کی ہے۔

جمعیۃ الاقوام میں چینی اور جاپانی مسئلہ

منچوریا کی حالت پر غور و خوض!

لندن ... نومبر۔ آج ... کونسل کا اجلاس مسٹر برائنڈ فرانسیسی وزیر خارجہ کی صدارت میں منچوریا کی صورت حالات پر غور کرنے کے لئے منعقد ہوگا ... جاپان دونوں اپنی اپنی افواج کو واپس بلا لیں ...

مسٹر ولیرز کے حملہ آور کو دس سال قید کی سزا

عدالت میں ملزم کا اقبال جرم

کلکتہ ۱۷ نومبر۔ یورپین ایسوسی ایشن کے صدر مسٹر ولیرز ... ملزم نے جرم کا اقرار ... دس سال قید با مشقت کی سزا کا حکم سنا دیا ...

باغیوں کے کیمپ پر فوج کا حملہ

ایک باغی کی ہلاکت - اسلحہ پر پولیس کا قبضہ

رنگون ۱۶ نومبر ... باغیوں کے کیمپ پر چھاپہ مارا ...

صدر اور ناظم جمعیۃ علماء ہند لاہور روانہ ہو گئے

مجلس احرار کی مجلس خصوصی میں شرکت

جریدہ "اصلاح" کابل

مجلس احرار اسلام پنجاب کی حق پرستانہ سرگرمیاں

پنجاب کے طول و عرض میں اسلامی زندگی کے زبردست آثار

پانچویں ڈکٹیٹر کی گرفتاری - چھٹے ڈکٹیٹر کا تقرر

گرفتاری کے وقت مولانا محمد چراغ کا بیان

حکومت ہند کی مداخلت نے حالات کو پیچیدہ کر دیا ہے

۱۲ رضاکاروں کو سزائیں

مسلمانوں کا زبردست جلوس

ماتحت مجالس کو ضروری ہدایات

ماتحت مجالس مجلس احرار اسلام کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ ... دفتر مجلس احرار اسلام پنجاب کو بہ حالات ذیل پہنچاتے رہیں:

(۱) شہر میں تحریک کی عام حالت اور شہر میں اس کا اثر۔

(۲) موجودہ رضاکاروں کی تعداد - گرفتار شدگان کی تعداد اور ان کی میعاد سزا۔

(۳) جلسہ جلوس اور ان کی مفصل رپورٹ۔

(۴) فراہمی مصارف۔

(۵) ڈکٹیٹر کا تقرر اور در سے ضروری حالات۔

محمد شفیع ... آنریری سکرٹری

مجلس احرار اسلام پنجاب لاہور

پندرہ نومبر تک کتنے رضاکار جیل جا چکے ہیں؟

چودہ ہزار رضاکار حکومت کے مہمان ہو گئے

... (سکرٹری مجلس احرار اسلام پنجاب)

کلکتہ میں شہید الٰہی بخش کیلئے دعائے مغفرت

زعمائے پنجاب کی گرفتاری پر مبارکباد

مجلس احرار رہتک کی تجویز

مسلمانان سہارنپور کا زبردست جلسہ

مجلس احرار اسلام پر اعتماد کا اظہار

مجلس احرار کے پانچویں ڈکٹیٹر کی گرفتاری

مولانا عبدالحنان چھٹے ڈکٹیٹر مقرر کئے گئے

لاہور ۱۸ نومبر۔ مولانا احمد علی صاحب کی گرفتاری کے بعد مولانا محمد چراغ صاحب فاضل دیوبند خطیب جامع مسجد گوجرانوالہ ڈکٹیٹر مقرر ہوئے تھے۔ آج شام کے سات بجے آپ مجلس احرار کے جلسہ میں شرکت کرنے کے لئے چوک نواب صاحب کی طرف تشریف لے جا رہے تھے کہ راستے میں ہی گرفتار کر لئے گئے۔ آپ کی گرفتاری زیر دفعات ... تعزیرات ہند عمل میں آئی ہے۔ آپ نے مولانا عبدالحنان صاحب فاضل دیوبند ... ڈکٹیٹر مقرر کئے۔

لدھیانہ میں گیارہ احراری رضاکاروں کی گرفتاری

مولانا محمد نعیم اور مولانا حبیب الرحمن کے بھائی زندان فرنگ میں

دو دستوں کی گرفتاری اور مزید رضاکاروں کی بھرتی

چنیوٹ سے دو دستوں کی روانگی

کانگریس حکومت خود اختیاری کو ترجیح نہیں دیتی

میں حکومت کا زیر بار احسان نہیں ہونا چاہتا

کانفرنس کی ناکامی پر گاندھی جی کے خیالات

مسلمان اور کانگریس

صوبوں کی خود مختاری اور گاندھی جی

گاندھی جی کی شرطیں

گاندھی جی ابھی مایوس نہیں ہوئے

پارلیمنٹ کے سامنے کانفرنس کی رپورٹیں

اس ہفتہ میں پیش کر دی جائیں گی

لندن ۱۷ نومبر۔ مسٹر ... وزیر ہند نے آج دارالعوام میں اعلان کیا کہ گول میز کانفرنس کی رپورٹیں غالباً اس ہفتہ میں دارالعوام کے سامنے پیش کر دی جائیں گی۔

فرقہ وارانہ مسئلہ کے حل کی کوشش

وزیر اعظم کے نام مندوبین کا مکتوب

یو۔پی میں عدم ادائیگی لگان کی تحریک

کانگریس کمیٹی نے فیصلہ کر دیا

رہتک میں مجلس احرار کا قیام

حکومت کشمیر کے مظالم کے خلاف اظہار غیظ و غضب

رہتک۔ آج بتاریخ ۱۳ نومبر بوقت ۸ بجے رات مسلمانان رہتک کا ایک عظیم الشان جلسہ زیر صدارت جناب خلیفہ خدا بخش صاحب منعقد ہوا جس میں مظلومین کشمیر کے متعلق ہمدردی کا اظہار کیا گیا اور مندرجہ ذیل اصحاب عہدے دار منتخب ہوئے۔

صدر۔ جناب خلیفہ خدا بخش صاحب۔ نائب صدر جناب مولوی نور محمد صاحب
سکرٹری۔ قاری صدیق صاحب۔ نائب سکرٹری منشی عبدالغنی صاحب۔
خزانچی۔ حافظ عاشق علی صاحب۔ ڈاکٹر حافظ نعمت الله صاحب
اس کے بعد بالاتفاق رائے مندرجہ ذیل ریزولیوشن پاس کیا گیا۔

۱۔ مسلمانان رہتک کا یہ جلسہ حکومت کشمیر کے مظالم کو نہایت نفرت و حقارت سے دیکھتا ہوا سخت غیظ و غضب کا اظہار کرتا ہے اور مہاراجہ کشمیر سے پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ وہ جلد از جلد ذمہ دار حکومت کا اعلان کر کے ان مظالم کا فوراً خاتمہ کر دے۔

۲۔ مسلمانوں کا یہ جلسہ مجلس احرار اسلام پر پورا پورا اعتماد ظاہر کرتے ہوئے حسب استطاعت جانی اور مالی امداد کا یقین دلاتا ہے ...

کشمیر کمیٹی مشترکہ بورڈ کا جلسہ

حکومت ہند کے آرڈیننس سے اظہار بیزاری

کشمیر کمیٹی مشترکہ بورڈ کا ایک غیر معمولی جلسہ میاں محمد شریف صاحب سوداگر دہلی کے مکان پر منعقد ہوا اور مندرجہ ذیل قراردادیں متفقہ طور پر منظور کی گئیں۔

ا۔ یہ کمیٹی مسلمانان کشمیر کے ساتھ ان کے موجودہ مصائب پر اپنی گہری کامل ہمدردی کا اظہار کرتی ہے۔ اور حکومت کشمیر کی طرف سے ان پر جو مظالم ہوئے ہیں اور ہو رہے ہیں ان پر اظہار نفرت و حقارت کرتی ہے۔

ب۔ مسلہ کشمیر کے سلسلہ میں حکومت ہند نے آرڈیننس نافذ کر کے مسلمانان کشمیر کی امداد میں جو رکاوٹ پیدا کر دی ہے یہ کمیٹی اس پر اظہار بیزاری کرتی ہے

ج۔ کمیٹی ہذا مسلمانان کشمیر کی امداد کے لئے چندہ کی فراہمی کا اہتمام کرے گی اور فراہم شدہ رقم مجلس احرار اسلام پنجاب کو بھیجی جائے گی۔

د۔ کمیٹی ہذا مجلس احرار اسلام دہلی کو کشمیر جانے والے جتھوں کی تیاری اور روانگی میں مدد دے گی۔

۲۔ چونکہ مسلمانان کشمیر اپنے جائز حقوق کے حصول کے لئے جدوجہد کر رہے ہیں اس لئے ہند و برادران وطن سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اسمیں اشتراک عمل کریں۔ عہدہ داران مشترکہ بورڈ میں سے ضیاء الدین احمد صاحب جائنٹ سکرٹری مشترکہ بورڈ اور خواجہ محمد شفیع صاحب سکرٹری کشمیر کمیٹی مشترکہ بورڈ بھی شریک جلسہ تھے۔ (نامہ نگار)

ڈوگرہ سپاہیوں کا زخمی رضاکاروں کے ساتھ سلوک

لاریوں میں بھر بھر کر تالاب کے پاس چھوڑ جاتے ہیں

سیالکوٹ ۱۰ نومبر گذشتہ رات تین بجے پانچ زخمیوں کو ڈوگرے لاری پر لاکر مولا بخش کے تالاب کے پاس پھینک گئے ان میں فضل الدین ولد محمد دین محلہ ارائیں یعقوب کو پیٹ پر زخم ہے۔ محمد اقبال ولد فتح دین محلہ ارائیں یعقوب کو سخت بخار ہے اور باجہ خان کے لڑکے کی حالت بہت نازک ہے ...

امرتسر میں یوم شہید اور دعائے مغفرت

امرتسر ۱۳ نومبر۔ آج امرتسر میں مجلس احرار امرتسر نے یوم شہید منایا۔ تمام مساجد میں دعائے مغفرت کی گئی۔ اور تمام مساجد میں چندہ جمع کیا گیا ...

رضاکاروں کیلئے جیل کی روٹی

سکرٹری مجلس احرار اسلام سیالکوٹ اطلاع دیتے ہیں کہ رات دھم پور جیل سے ٹی کا نمونہ ہمارے پاس پہنچا ہے۔ اس میں جو حقانی ریت ہے اور بالکل کچی ہے

ندوۃ العلماء کا مبارک اقدام

... عبدالعلی (بی۔ ایس۔ سی۔ ایم۔ بی۔ بی۔ ایس) (ناظم ندوۃ العلماء)

لاہور میں مجلس احرار کا جلسہ

لاہور ۱۳ نومبر۔ مولانا محمد چراغ صاحب یا نچویں ڈکٹیٹر مجلس احرار اسلام پنجاب کی صدارت میں ایک عظیم الشان جلسہ چوک وزیر خان میں منعقد ہوا۔ ملک محمد صادق صاحب آنریری سکرٹری مجلس احرار اسلام پنجاب نے حاضرین کو میدان میں آنے کی دعوت دی ... اس کے بعد صاحب صدر نے اپنی خدمات مجلس احرار اسلام پنجاب کے سپرد کرتے ہوئے ایک مبسوط تقریر فرمائی۔ ... چندہ جمع ہوا۔

مشنری پر محصول نہ لگانے کی تجویز منظور

سیاہی اور کاغذ کے محصول میں اضافہ

نئی دہلی ۱۳ نومبر۔ آج اسمبلی کا اجلاس گیارہ بجے شروع ہوا۔ مخالف جماعت کے اکثر ممبران غیر حاضر تھے۔

ضمنی مسودہ قانون مالیات (فنانس بل) پر بحث شروع ہوئی۔ ...

گم شدہ لڑکے کی تلاش

ایک لڑکا بنام ... ریاست الور عمر ۱۳ سال رنگ سفید چہرہ ... جو کوئی شخص اس کا پتہ دے گا ... چالیس روپے انعام ...

چرنجی لال شرما خزانچی ڈاکخانہ چاندنی چوک دہلی

(اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے)

ہندوستان کو مرکزی ذمہ داری دی جائے

انڈین ایسوسی ایشن کا وزیر اعظم کے نام تار

کلکتہ ۱۳ نومبر۔ انڈین ایسوسی ایشن کے سکرٹری نے مسٹر ریمزے میکڈانلڈ وزیر اعظم برطانیہ کے نام ایک بحری پیغام روانہ کیا ہے۔ جس میں ہندوستان کو مرکزی ذمہ داری نہ دینے پر زور دیا ہے کیونکہ ایسوسی ایشن کی رائے میں مرکزی ذمہ داری کا اصول قائم کرنا رجعت پسندانہ فعل ہوگا پیغام میں صوبجات کی دوبارہ تقسیم کی بھی حمایت کی گئی ہے۔

وزیر ہند اور گاندھی جی کی طویل ملاقات

ہندوستان کو صرف صوبجاتی آزادی دیجائے گی

لندن ۱۳ نومبر۔ معلوم ہوا ہے کہ فیڈرل تعمیری سب کمیٹی کا لندن میں آئندہ کوئی اجلاس منعقد نہ ہوگا۔ کانفرنس کا مکمل اجلاس اگلے ہفتہ میں منعقد ہوگا۔ ... آج سہ پہر گاندھی جی نے سر سیموئل ہور وزیر ہند سے طویل ملاقات کی ...

بیان کیا جاتا ہے کہ وزیر ہند نے گاندھی جی سے انکی رائے کو کیبنٹ کے روبرو پیش کرنے کا وعدہ کیا لیکن کہا جاتا ہے کہ کیبنٹ اپنا نظریہ تبدیل نہ کرے گی آج رات کو ڈاوننگ سٹریٹ میں کیبنٹ کا اجلاس منعقد ہوگا جہاں گاندھی جی کی رائے پر غور کیا جائے گا۔
لابی حلقوں کی رائے کے مطابق گول میز کانفرنس کی ناکامی یقینی ہے گاندھی جی انگلستان سے جلدی روانہ ہونے والے ہیں۔

ضرورت

ینگ مسلم ایسوسی ایشن قطب صاحب مہرولی کو ایک میٹرک جے وی ٹیچر لائق مدرس کی ضرورت ہے ... تنخواہ ... درخواست ... مع نقول سند ...

آنریری سکرٹری ینگ مسلم ایسوسی ایشن قطب صاحب مہرولی ضلع دہلی



سناٹوجن سے تمام کمزوریاں دور ہوتی ہیں

اپنے جسم میں از سر نو طاقت پیدا کر کے ہی آپ مردانہ کمزوریوں پر غالب آسکتے ہیں اور دوبارہ مضبوط و توانا بن سکتے ہیں۔ اس مقصد کے لئے سوائے سناٹوجن کے اور کوئی خوراک نہیں ہو سکتی یہ خوراک تمام دنیا میں مشہور اور لاثانی ہے سناٹوجن میں ایسے اجزا شامل ہیں جو بیک وقت جسم اور اعصاب کو مضبوط بناتے اور صحت بخشتے ہیں۔

مشہور ڈاکٹر ڈبلیو ایم این بنٹی سے لکھتے ہیں ...

SANATOGEN

آج ہی سناٹوجن کی ایک بوتل خریدیئے
ہر دوا فروش سے مل سکتا ہے

قدرت کی وہ طاقتیں

جو کہ ہمارے جسم میں موجود ہیں ہر مرض کا مقابلہ کرنے کے لئے کامل اہلیت رکھتی ہیں لیکن ہماری لاپرواہیاں ان تمام طاقتوں کو زائل کر کے امراض کے سینے کا گھر بنا دیتی ہیں ... برہم پرہیز اور خود ضبطی کی عدم موجودگی ہماری طاقتوں کو متواتر خارج کر رہی ہیں ...

ان طاقتوں کو برقرار رکھنے کا واحد طریق

یہ ہے کہ اپنی اپنی طبیعت مزاج اور حالات کے موافق طاقت بخش اکسیروں اور مقوی ادویات کا استعمال کیا جائے مندرجہ ذیل اکسیریں اس غرض کے لئے بہترین ہیں!

اکسیر نمبر ۲۹	اکسیر نمبر ۳۴ الف	اکسیر نمبر ۲۰	اکسیر نمبر ۵۰
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

خط و کتابت و تار کے واسطے پتہ۔ امرت دھارا ... لاہور

سگنل ڈون ہو گیا

جلد دوڑو ورنہ خطرہ ہے

... پنڈت شاستری جاہر گر کا ٹھیا واڑ

واحدی صاحب کا منجن

اکسیر دنداں

...

مراسلات

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

"حکومت حجاز کا کچا چٹھا"

علامہ توفیق شریف کے ارشادات کی حقیقت

علامہ توفیق شریف نے نہ معلوم کن جذبات سے مجبور ہو کر ایک طویل سلسلۂ مضمون حجاز کے خود ساختہ حالات کے متعلق شروع کیا ہے ظاہر ہے کہ ان لغویات کیلئے معزز روزنامہ جریدۂ خلافت ... چنانچہ اس جریدہ میں آپکے ارشادات کا ایک طویل سلسلہ جاری ہے۔ دیکھئے اس ابتدا کی انتہا کہاں ہوتی ہے۔

... چونکہ علامہ موصوف کی ذات (اوس) ہم عقیدت کیشوں کیلئے ہمیشہ گونا گوں دلچسپیوں کا مرکز رہی ہے اس لئے ہمیں ابتدا سے علامہ کی سرگذشت اور ان کی اسلامی خدمات پر نظر غور دیکھنے کا اشتیاق رہا ہے ...

ہم کبھی کسی کی ذات سے بحث کرنا گوارا نہیں کرتے کیونکہ یہ کوئی اچھی بات نہیں کہ لوگوں کی نجی زندگی کا تجسس کیا جائے۔

... حقیقت یہ ہے کہ آج سے کچھ عرصہ قبل سلطان ابن سعود نے خواہ کسی خیال سے ہو علامہ موصوف کی امداد فرمائی اور مسئلہ حجاز کے آغاز سے دو سال قبل برابر مالی اعانت کرتے رہے۔ لیکن جب سلطان کو ... معلوم ہوا ...

سینہ اسکا ہے دل اس کا ہے جگر اس کا ہے
تیر بیداد جو سر رشتہ کرے گھر اس کا ہے

محمد بن العربی نجدی

مرکزی افغان جرگہ کا اجلاس

متعدد اہم قراردادوں کی منظوری

مرکزی افغان جرگہ کا اجلاس زیر صدارت خان عبدالاکبر خان صدر افغان جرگہ بر مکان میاں احمد شاہ صاحب بیرسٹر جنرل سکرٹری افغان جرگہ منعقد ہوا ممبران جرگہ میں سے ۲۵ حضرات حاضر تھے۔ ...

۸۔ چونکہ عام کساد بازاری اور فصل کی خرابی کی وجہ سے زمینداروں کی حالت ناگفتہ بہ ہو گئی ہے۔ لہذا افغان جرگہ حکومت کو متوجہ کرتا ہے کہ وہ تخفیف و وصولی مالیہ و آبیانہ و جملہ ٹیکس وغیرہ میں نہایت نرمی و فیاضی سے کام لے۔

۹۔ افغان جرگہ ان تمام پرانے و نئے اسیران سیاسی کے ساتھ ہمدردی کرتے ہوئے حکومت کی متشددانہ پالیسی پر اظہار نفرت کرتا ہے۔

میاں احمد شاہ جنرل سکرٹری افغان جرگہ
قاضی جدید چارسدہ

مقدمہ سازش میرٹھ کے اخراجات

ستمبر تک ۱۲ لاکھ روپیہ خرچ ہو چکا ہے

... حافظ محمد خان وغیرہ ساکنان دہلی

چندہ نہ دو

ہمارے پاس ... معززین کے دستخطوں سے مندرجہ ذیل بیان غرض اشاعت موصول ہوا ہے۔ ...

۱۹۳۲ء
بہشتی پاکٹ ڈائری
رنگین دلکش فوٹو والی

... منیجر بہشتی پاکٹ ڈائری ...

سرمہ عزیزی

...

حکیم سید محمد عزیز الحسن ... پرانی کٹرہ ...

پانچ سو روپے کا چندن ہار صرف تین روپے میں

... ٹریڈ ہاؤس جوہری مرچنٹ اجمیری گیٹ دہلی



نیدۃ الحکماء حکیم نصرتی صاحب کا بنایا ہوا

طاقت کا بکس

نامردی کا مکمل علاج

جرعۂ بالی ۔ حب کرشمہ ۔ طلاء شادمانی

تینوں ادویہ کے بکس کی رعایتی قیمت ...

مفت

اگر آپ ہمیشہ تندرست جوان اور قوی رہنا چاہتے ہیں تو

رسالہ جسمانی مشنری

ایک کارڈ لکھ کر مفت منگا لیجئے

... جلال آباد ضلع مظفر نگر (یو۔پی)

ضبط شدہ ہوئی تو روانہ ہوگی ورنہ شکایات معاف

پیشنگوئی ظہور امام مہدی آخر الزمان و نزول عیسیٰ علیہ السلام

...

سرمہ ...

کھانے والا انحصاب یا جوہر شباب

حکیم ڈاکٹر ماجد حسین کارخانہ اکسیر امرت بارہ بنکی (اودھ)

بے روزگاروں کیلئے سنہری موقع

گورنمنٹ آف انڈیا نے تمام ہندوستان کیلئے رجسٹری شدہ ... کا کام سکھا دیتا ہے ... کے لئے رہائش کا بھی اعلیٰ انتظام ہے مکمل حالات معلوم کرنے کے لئے پراسپکٹس مفت طلب کیجئے۔

... جامع مسجد دہلی

حلفیہ بیان اور سابق ...

... منیجر ... دواخانہ ...

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

سہ روزہ

ید اللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ
دہلی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کیلئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم - ۵ - ۹ - ۱۳
۱۷ - ۲۱ - ۲۵ - ۲۹
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ
ایک کالم
½ کالم
¼ کالم

مسئول مدیر
ہلال احمد زبیری (بی۔ اے)

معاون
محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۴ | دہلی - یوم سہ شنبہ ۱۳ رجب المرجب ۱۳۵۰ھ مطابق ۲۴ نومبر ۱۹۳۱ء | نمبر ۳۸

نصاب تعلیم اور قرآن عظیم

مدارس اسلامیہ کے موجودہ نصاب میں اصلاح کی ضرورت

(از مولوی خلیل احمد بستوی)

طریق تعلیم

نقائص نصاب

تلک عشرۃ کاملۃ

معاصرین کے افکار و آراء

مجلس احرار اسلام اور حکومت (مدینہ)

انگریزی فوج ریاست سے کب نکلے گی؟ (الجمعیت)

سول نافرمانی کب شروع ہوگی (ملت)

انگریز الحاق کشمیر کا خیال چھوڑ دیں (زمیندار)

ضروری اطلاع

(منیجر)

ذبیحہ گاؤ پر بعض قیود (حقیقت)

حکیم محمود خاں اعظم اور حکیم اجمل خانصاحب کے خصوصی مجربات واقعی اکسیر دوائیں جو والیان ملک کو بھی بآسانی میسر تھیں انکی عجیب و غریب اور تازہ فہرست مفت منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی

پیکو آرٹ پریس لاہور کے پنج سورہ شریف اور پارہ اول دنیا بھر میں لاثانی ہیں مفصل حالات اور نمونے کے صفحے آج ہی فہرست ۱۶ منگوا کر مفت ملاحظہ فرمائیں

گرانڈ کلیرنس سیل

آٹوموٹیا

The Indian Stores, 47/1 Binia Tola Street, P.O. Hatkhola, Calcutta

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ
کیسٹوفین
(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرہ سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹر اور حکیموں نے اس کے حق میں ... ہے
بچے نہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں۔
نہایت سائنٹفک طریقہ پر یورپ میں تیار ہوتی ہیں
مرد۔ عورت۔ بچے۔ بوڑھے۔ ہر موسم میں کھاتے ہیں
دستوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔
ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں۔

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی
Castophen Mfg. Co. India
Post Box 88 Karachi

اخبار الجمعیت میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

وسیلۂ نجات

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

منیجر گنگا پرشاد گپتا بہار میڈیکل سٹورٹ دربھنگہ

اکسیر جذام

حافظ اقبال حسین جبلپوری جبلپور

گرانڈ کلیرنس سیل

دت اینڈ کو ۵/۱۱ راجہ منزا اسٹریٹ پوسٹ بکس کلکتہ

اعلیٰ حضرت حضور نظام دخلد اللہ ملکہ کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو ... دوست ہے۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشۂ عقبیٰ سمجھتے ہیں
آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان و ہندوستان سے باہر بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا ... تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو پسند کر کے نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف ... کی تلاوت کے لئے مخصوص فرمالیا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب مولانا شاہ عبدالقادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے۔ علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن شریف کا حاجی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ دس روپے علاوہ محصول ڈاک
فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما ... صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا ... قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملے گا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس ... کی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویسوں میں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے ورد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت ... بالکل سادہ ... نہایت آسانی کے ... تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں۔ نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر زمین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر کے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ ... کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔
... نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد ... ہدیہ بلاجلد ... علاوہ محصول ڈاک ...

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام الہیٰ میں ترجمہ ... مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹل بھی نہایت رنگین ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور بیچ شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے سے دل سرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہو جاتا ہے۔
ہدیہ ... علاوہ محصول ڈاک ...

منیجر اخبار الجمعیۃ بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم سہ شنبہ ۱۳ رجب المرجب ۱۳۵۰ھ

گول میز کانفرنس کے مباحث

فیڈرل اسٹرکچر کمیٹی میں فوج کا مسئلہ

(۱۵)

گزشتہ ہفتہ اقلیتوں کی سب کمیٹی میں وزیر اعظم کی تقریر سے گول میز کانفرنس کے تیل ... ازوقت ختم ہو جاتے اور فیڈرل اسٹرکچر کمیٹی کے اہم ترین مسائل یعنی فوج، تعلقات خارجہ، مالیات، اور تجارتی تحفظات کے زیر بحث آنے کا جو خطرہ پیدا ہو گیا تھا وہ بعد میں برطانوی ...

صورت سلجھائی تھی اسی پر زور دیا گیا۔

ہندوستانی معتدلین کی تائید

سپرو اور شاستری اس خیال کے ساتھ متفق تھے اور لارڈ ریڈنگ کی اس تجویز کی حمایت ...

کانگریس کا نقطہ نگاہ

گزشتہ سال کی رپورٹ

مسلمانوں کا سکوت

برطانوی سندیوں کا اصرار

اینگلو مسلم اتحاد

گفتگوئے مصالحت

اگر صلح نہ ہوئی

صوبہ سرحد پر تشدد کی گھٹائیں

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

استفتاء

الجواب

ابھی تک صلح کیلئے کوئی گفتگو نہیں ہوئی ہے

مخالفین کے پروپیگنڈہ سے ہوشیار رہو

مجلس احرار کے رضاکاروں نے معافی نہیں مانگی

مولانا عبدالحنان صاحب ڈکٹیٹر مجلس احرار اسلام پنجاب نے ذیل کا بیان بغرض اشاعت اخبارات کو دیا ہے:۔

"فری پریس کی ایک خبر ہندو اخبارات میں درج ہوئی ہے جس میں تحریر ہے کہ مولانا حبیب الرحمٰن صاحب و مولانا احمد علی صاحب و مولانا محمد چراغ صاحب کے ساتھ مجلس احرار اسلام کے ذمہ دار ارکان نے صلح کی گفت و شنید کی ہے مسلمانوں کو اس خبر سے متاثر نہ ہونا چاہئے۔ بلکہ اپنی سرگرمیوں کو بیش از بیش قائم رکھیں مسلمانوں کو صلح کے جاری یا ٹوٹ جانے کے متعلق بالکل لاپرواہ ہونا چاہئے۔ آج تو ہر ایک مسلمان کا یہی ...

مولانا عبدالحنان صاحب کا بیان

... عدالت میں پیش ہوا مختصر کارروائی مقدمہ کے بعد محمود صاحب کو ایک سال قید با مشقت اور پانچ سو روپیہ جرمانہ کی سزا ہوئی۔ عدم ادائیگی جرمانہ کی صورت میں چھ ماہ مزید قید۔ یعقوب صاحب ۱۲ نومبر کو دستہ لیکر روانہ ہوئے تھے۔ فیصلہ سننے کے بعد یعقوب صاحب نے عدالت میں ملوکیت برباد اور انقلاب زندہ باد کے نعرے لگائے۔

مولانا حبیب الرحمٰن اور مولانا احمد علی صاحب کے مقدمہ کی سماعت

خوراک کے خلاف رہنماؤں کا احتجاج

رضاکار گرفتاری کیلئے خود تھانہ چلے گئے

ڈاکٹر محمد صاحب کے مقدمہ کی سماعت

مولوی عبدالعزیز صاحب کا اتہام

ڈوگرہ سپاہی رضاکاروں کو چھوڑ کر بھاگ گئے

رضاکار دوبارہ کشمیر روانہ ہوگئے

ایک اور میونسپل کمشنر میدان عمل میں

مستری محمد حسین صاحب کے دستے کی روانگی

گوجرانوالہ میں ۴۸ رضاکاروں کی گرفتاری

جہلم اور سیالکوٹ میں گرفتاریاں

شہید الٰہی بخش کے ساتھی کی رہائی

کشمیر کا ذکر پارلیمنٹ میں

مزید فوجیں بھیجنے سے انکار

وزیر آباد میں گرفتاریاں

ایک دستہ رضاکاروں کا گرفتار کر لیا گیا

گوجرانوالہ میں مجلس احرار کا جلسہ

ایک رضاکار کو قید اور جرمانہ کی سزا

جیل میں رضاکاروں کے ساتھ بدسلوکی

گھوڑوں کے ایک اصطبل میں تین سو رضاکار بھرے ہوئے ہیں

نماز تیمم سے ادا کی جاتی ہے

امرتسر ۱۷ نومبر۔ حکیم مظفر علی صاحب موڑ والے نے اپنا حسب ذیل بیان اخبارات کو بغرض اشاعت دیا ہے:۔

"کل مورخہ ۱۶ نومبر کو میں بغرض ملاقات ان رضاکاران کے جو کو ہنہ پور تیگلہ میں زیر حراست ہیں جہلم پہنچا۔ معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ زیر حراست قیدیوں کو سخت تکلیف دی جاتی ہے۔ ملاقات کرنے کی اجازت نہیں دی جاتی بلکہ گرفتار کر لیا جاتا ہے۔ پانی وہاں بالکل نہیں ملتا ضروریات کے لئے نہ وضو کے لئے۔ نماز تیمم سے ادا کی جاتی ہیں۔ روٹی کچی ریت ملی ہوئی ملتی ہے۔ بیماروں اور زخمیوں کو کوئی پوچھتا بھی نہیں۔ زخم خراب ہو رہے ہیں۔ یہاں کوئی جیل نہیں ہے۔ صرف ایک اصطبل گھوڑوں کا ہے جس میں تقریباً تین سو آدمی بھرے ہوئے ہیں۔ اتنے آدمیوں کی یہاں گنجائش نہیں۔ رات کو باہر سونا پڑتا ہے۔ سخت سردی ہے اور سردی سے ...

ستواری جیل میں رضاکاروں پر مصائب

خوراک اور سردی سے بچنے کے لئے کوئی انتظام نہیں

رضاکاروں کو دھوکہ سے چھوڑ دیا جاتا ہے

عمال حکومت کی فریب کاریاں

رضاکاروں کو بیڑیاں لگا کر بند کیا جاتا ہے

ستواری جیل کے رضاکاروں کی حالت زار

رام تلائی میں پبلک جلسہ

میونسپل کمشنوں کو سی کلاس میں رکھنے پر احتجاج

اسلامیان سرگودھا میں جہاد کی تڑپ

... تقریر کی۔ مجمع کثیر التعداد تھا۔ مجلس احرار اسلام قائم کی گئی۔ شہر میں خوب جوش و خروش ہے۔ رضاکار بھرتی ہو رہے ہیں اور فراہمی سرمایہ کا کام جاری ہے۔

۲۴ رضاکاروں کو سزائیں

لدھیانہ ۱۷ نومبر۔ ۱۳ رضاکاروں کو ایک ایک ماہ قید سخت دیگر ۲ رضاکاروں کو تین تین ماہ قید سخت کی سزا ہوئی۔ ماسٹر تاج الدین میونسپل کمشنر، مولانا مفتی محمد نعیم و ڈاکٹر محبوب عالم قریشی و مولانا محمد یحییٰ صاحب کو ۱۶ نومبر کو چودھری دیا رام ... مجسٹریٹ کے سامنے پیش کیا جائے گا۔

مجلس احرار اسلام رہتک کی تجاویز

مولانا احمد علی صاحب کی گرفتاری پر مبارکباد

عالی ہمتی کی ایک نظیر

طلبائے ندوۃ العلماء کا ایثار

کشمیر کی امداد کیلئے سرمایہ کی فراہمی

احراری قیدیوں پر سختی کے خلاف احتجاج

کشمیر جانیوالے رضاکاروں کا جلوس

امرتسر سے تین رضاکاروں کے ایک دستے کی روانگی

وزیر آباد میں گیارہ رضاکار گرفتار

جموں سے گورہ فوج واپس نہیں بلائی جائیگی

حکومت ہند کی طرف سے اعلان

نئی دہلی ۱۹ر نومبر۔ حکومت ہند نے ایک سرکاری اعلان شائع کیا ہے جس میں اخبارات کے اس بیان کی تردید کی گئی ہے کہ حکومت ہند عنقریب کشمیر سے گورہ فوج واپس بلانے کا ارادہ رکھتی ہے۔ اصل واقعات یہ ہیں:۔

”چونکہ میرپور میں برطانی فوج کے پورے بٹالین کے قیام کا بندوبست ممکن نہیں اور چونکہ اس علاقہ میں صورت حالات بہتر ہو گئی ہے۔ اسلئے فیصلہ کیا گیا ہے کہ چند دنوں میں اس بٹالین کا کچھ حصہ جہلم آجائے گا اور صرف ایک کمپنی میرپور میں رہ جائے گی۔ اس بٹالین کا جو حصہ جہلم جائے گا وہ وہیں رہے گا اور بوقت ضرورت میرپور روانہ ہونے کے لئے تیار رہے گا۔ جہلم سے یہ فوج تین گھنٹہ کے عرصہ میں میرپور پہنچ سکتی ہے۔ حکومت کے دل میں جموں کے علاقہ سے گورہ فوج واپس بلانے کا ابھی مطلقاً کوئی ارادہ نہیں۔“

مجلس احرار کے خلاف حکومت کا نیا پروپیگنڈا

سکرٹری مجلس احرار اسلام پنجاب کا اعلان

لاہور ۲۰ر نومبر۔ ملک محمد صادق سکرٹری مجلس احرار اسلام پنجاب نے ذیل کا بیان بغرض اشاعت اخبارات کو دیا ہے۔

اینگلو انڈین دشمن اسلام اخبارات ایسے بیانات شائع کر رہے ہیں جن سے یہ ظاہر ہو کہ تحریک اب دب گئی ہے۔ یہ بات یاد رہے کہ پچھلے ہفتہ میں مجلس احرار کے نمبری رضاکاروں پر معافی مانگنے کا الزام لگا کر بدنام کرنے کی کوشش کی گئی تھی۔ اب یہ دوسرا سرکاری پروپیگنڈا شروع کیا گیا ہے۔ مسلمانوں کو ایسے غلط پروپیگنڈا سے ہوشیار رہنا چاہئے اور یہ یاد رکھنا چاہئے کہ اب تمام مرکزی اضلاع میں جہاں اب تک خاموشی تھی پورے زور سے کام شروع ہو گیا ہے۔ الحمد للہ مسلمانوں نے عزم بالجزم کر لیا ہے کہ وہ اس تحریک کو کامیاب بنا کر چھوڑیں گے۔

(ملک محمد صادق سکرٹری مجلس احرار اسلام پنجاب)

آج سول نافرمانی کا اکیسواں روز ہے
ابتک شمع حریت کے ۱۶۶۳۳ پروانے گرفتار ہو چکے ہیں۔
آج کے گرفتار شدگان کی تعداد
۲۱۲

حضرت مفتی صاحب اور مولانا احمد سعید صاحب کی واپسی

۲۱ر نومبر۔ آج شام کو اکسپریس سے حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب اور مولانا احمد سعید صاحب پنجاب سے واپس آگئے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ واپسی کسی خاص ضرورت کے ماتحت ہوئی ہے غالباً دو ایک روز ہی میں پھر یہ حضرات لاہور تشریف لے جائیں گے۔

مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی علالت

۲۲ر نومبر۔ مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند جو کل ہی لاہور سے تشریف لائے ہیں معلوم ہوا ہے کہ موصوف سخت علیل ہیں۔ سیالکوٹ اور لاہور کے سفر سے کچھ تکان ہو گیا تھا جس کی وجہ سے لاہور ہی میں آپ کو بخار ہو گیا اور ۲۰-۲۱ کی درمیانی شب میں انفلوئنزا کا سخت حملہ ہوا جس کے باعث بخار میں زیادتی ہو گئی اسی حالت میں دہلی کا سفر کیا گیا جس کے باعث مرض میں اور بھی اضافہ ہو گیا۔

مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی تقریریں

سفر پنجاب کے سلسلے میں مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی تین تقریروں کا تذکرہ اخبارات میں آیا ہے۔ ایک تقریر مولانا موصوف نے سیالکوٹ میں فرمائی تھی اور دو تقریریں مولانا کی لاہور میں ہوئی ہیں۔ ایک لائن والی مسجد میں اور دوسری وزیر خاں کے چوک میں۔ لاہور کی دونوں تقریروں کے متعلق معلوم ہوا ہے کہ سکرٹری مجلس احرار اسلام نے کچھ نوٹ لئے ہیں۔ اسی طرح سیالکوٹ کی تقریر کے بھی چند نوٹ محمد بشیر صاحب بی اے نے حاصل کئے ہیں۔ ان حضرات نے وعدہ کیا ہے کہ وہ ان تقریروں کا خلاصہ روانہ کرینگے اگر ان تقریروں کا خلاصہ ہمیں موصول ہو گیا تو ہم انشاء اللہ ناظرین الجمعیۃ کی خدمت میں پیش کرنے کا فخر حاصل کرینگے۔

(اسسٹنٹ ایڈیٹر)

حکام رضاکاروں کو معافی مانگنے پر مجبور کر رہے ہیں

ایک رضاکار کو زدوکوب کیا گیا

تمام رضاکاروں نے بھوک ہڑتال کر دی

ملتان ۲۰ر نومبر۔ بیان کیا جاتا ہے کہ سلامت رائے اسسٹنٹ جیلر اور ڈپٹی خان وارڈر نے سیالکوٹ کے ایک رضاکار کو پرانی ملتان سنٹرل جیل میں بہت بری طرح زدوکوب کیا۔ آپ کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرنے کے لئے جیل کے تمام قیدیوں نے بھوک ہڑتال کر دی۔ حکام جیل کا بیان ہے کہ قوانین جیل کی خلاف ورزی کرنے پر رضاکار کو پیٹا گیا تھا مگر دوسرے لوگ کہتے ہیں کہ حکام جیل نے رضاکار مذکور سے کہا تھا کہ وہ خود بھی معافی مانگ لے اور دوسرے قیدیوں کو بھی معافی مانگنے پر رضامند کرے مگر چونکہ اس نے صاف انکار کر دیا۔ اس لئے حکام جیل نے برافروختہ ہو کر اسے زدوکوب کیا۔ سپرنٹنڈنٹ جیل نے مداخلت کی اور قیدیوں نے بھوک ہڑتال کر دی۔

اللہ بخش نامی ایک شخص نے ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی عدالت میں درخواست دی ہے کہ مجروح کا معائنہ کرنے کے لئے ایک ڈاکٹر متعین کیا جائے۔ اور اس واقعہ کی تحقیقات کیلئے ایک ڈاکٹر مقرر کیا جائے۔

ایک دوکان سے مادہ آتشگیر برآمد ہوا

امرتسر ۲۰ر نومبر۔ ایک اطلاع مظہر ہے کہ محکمہ سی۔ آئی۔ ڈی کے افسروں نے نوجوان بھارت سبھا کے دفتر کے قریب کی ایک دوکان سے کچھ مادہ آتشگیر برآمد کیا ہے۔ ابھی معاملہ کی تحقیقات ہو رہی ہے لیکن کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔

دہلی میں یوم مہر دین

جامع مسجد میں بیس ہزار مسلمانوں کا اجتماع

سرخپوش احراریوں کا عظیم الشان جلوس

۲۰ر نومبر بروز جمعہ جامع مسجد دہلی میں مہر دین شہید کے سلسلہ میں ایک عظیم الشان جلسہ زیر صدارت مولانا عبدالماجد صاحب دہلوی صدر مجلس احرار اسلام منعقد ہوا۔ حاضرین کی تعداد تقریباً بیس ہزار تھی۔ قرآن خوانی کے بعد جناب مولوی محمد ابراہیم صاحب سکرٹری مجلس احرار نے ایک زبردست تقریر فرمائی جس میں مسلمانوں کو مخاطب فرما کر کہا کہ اب تمہاری آزمائش اور امتحان کا وقت ہے۔ تم کو چاہئے کہ مجلس احرار کی تحریک کو جانی اور مالی قربانی دیکر کامیاب بناؤ۔ اگر تم نے اس وقت غفلت کی تو تمہاری مذہبی اور سیاسی زندگی فنا ہو جائے گی اس واسطے جن حضرات کو مالی امداد کی توفیق ہو وہ مال سے اور جو صاحب مالی قربانی نہ دے سکیں ان کو چاہئے کہ جلد سے جلد اپنے آپ کو جتھا کاروں میں اپنا نام لکھا دیں آپ کے بعد مولانا عبدالماجد صاحب صدر مذکور نے آج کے جلسہ کی غرض و غایت بیان کرتے ہوئے بتلایا کہ خدا کے فضل و کرم سے قوم و ملت پر قربان ہونے والے کثرت سے اپنی خدمات پیش کر رہے ہیں اور پہلا قافلہ دہلی سے سیالکوٹ جانیوالا ہے۔ جو صاحب اس قافلہ میں جانا چاہیں وہ اپنا نام مجلس احرار اسلام کے دفتر میں درج کرا دیں۔ اس پر بہت سے مسلمانوں نے اپنا نام پیش کیا۔

اس کے بعد چندہ کی اپیل کی گئی۔ اسی وقت ایک سو دس روپے وصول ہوئے اور حاجی وحیدالدین صاحب سوداگر لیس کی معرفت میں کمبل طالبین کی قسم کے وصول ہوئے اور شیخ سراج الدین صاحب خلف جناب حاجی فضل الرحمن صاحب نے تین رضاکاروں کے کرایہ کا وعدہ فرمایا۔ اور پھر مہر دین شہید کے لئے دعاء مغفرت کی گئی اور جلسہ کے اختتام پر حسب اعلان جامع مسجد کے شاہی دروازہ سے سرخ پوش فدا کاروں کا جلوس مرتب ہوا۔ تقریباً پانچ ہزار آدمی جلوس کے ہمراہ تھے۔ جلوس روانہ ہونے سے پہلے نظم پڑھی گئی اور ”شہید مہر دین زندہ باد“ ”الٰہی بخش زندہ باد“ ”میراں بخش زندہ باد“ کے فلک شگاف نعرہ لگاتا ہوا جلوس نہایت پرامن طریقہ سے ایسپلینیڈ روڈ سے ہوتا ہوا چاندنی چوک، فتح پوری، کٹرہ ٹہریاں، لال کنواں، حوض قاضی، چاوڑی بازار سے گزرتا ہوا مجلس احرار کے دفتر کے سامنے ختم ہوا۔

سکرٹری مجلس احرار اسلام۔ دہلی

حکومت یو۔ پی لگان میں مزید تخفیف پر آمادہ ہو گئی

حکام ضلع سے گورنر کا مشورہ

الہ آباد۔ ۲۱ر نومبر۔ معلوم ہوا ہے کہ لگان میں مزید معافی کرنے کے لئے حکومت ہر ممکن ذرائع پر غور کر رہی ہے۔ ضلع الہ آباد میں موروثی کھاتہ جات کی دوبارہ پڑتال ہو رہی ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ مسٹر بیفورڈ ڈپٹی کلکٹر خود ہر ایک کھاتہ کی پڑتال کریں گے۔ اس کام کے لئے آپ مختلف سب ڈویژنوں کا دورہ کر رہے ہیں۔ اپنے قیام کے دوران میں گورنر یو۔ پی سر میلکم ہیلی نے صورت حالات کے متعلق حکام ضلع سے تبادلہ خیالات کیا ہے کئی حلقوں میں یہ یقین کیا جاتا ہے کہ کانگریس کے پروپیگنڈے کو روکنے کے لئے ذرائع تجویز کئے جائیں گے۔

کابل میں برف باری شروع ہو گئی

ٹیلیفون اور برقی لائن کو نقصان

گذشتہ ہفتہ سے کابل میں برف باری کا آغاز ہو گیا اور نتیجتاً اس نے تمام کابل اور پہاڑوں کو اپنی آغوش میں لے لیا۔ بعض مقامات پر نصف بالشت تک برف پڑی ہے جن مقامات میں پانی کی کمی کے باعث اب تک تخم ریزی نہیں ہوئی تھی ان کے لئے یہ برف باری مفید ثابت ہوئی ہے اور آئندہ موسم کے لئے بھی اس کو مفید تصور کیا جا رہا ہے لیکن اس کے ساتھ ہی اس برف باری نے انگور کے خوشوں کو سخت نقصان پہونچایا ہے اور بعض خیابانات کی بالیدگی بھی اس کے باعث رک گئی ہے برف باری کے باعث کابل اور اس کے اطراف کی برقی اور ٹیلیفون لائن بھی خراب ہو گئی ہے۔

(اصلاح کابل)

شاہ نادر خاں کی خدمت میں برقی پیغامات

سلاطین عالم کی جانب سے ہدیہ تبریک و تہنیت

جشن آزادی افغانستان کے سلسلہ میں اعلیٰ حضرت نادر شاہ غازی کو ہر چہار اطراف سے پیغامات تبریک و تہنیت موصول ہو رہے ہیں۔ اور اعلیٰ حضرت ان کے جواب میں تشکر و امتنان کا اظہار فرما رہے ہیں۔ دنیا کی تمام حکومتوں نے اعلیٰ حضرت کی خدمت میں تبریک کے برقی پیغامات ارسال کئے ہیں مندرجہ ذیل حکومتوں کے ملوک و سلاطین نے خصوصیت سے اس میں حصہ لیا ہے۔

غازی مصطفیٰ کمال پاشا صدر جمہوریہ ترکیہ، اعلیٰ حضرت رضا شاہ پہلوی والی ایران اور اعلیٰ حضرت شاہ فواد شاہ مصر۔

یورپ کے مختلف حکمرانوں کی جانب سے بھی آپ کی خدمت میں مسرت اور شادمانی کے برقی پیغامات موصول ہوئے ہیں۔ (اصلاح کابل)

بیت المقدس میں موتمر اسلامی کا اجلاس

والی یمن کی طرف سے نمائندوں کی شرکت

قاہرہ ۱۷ر نومبر۔ بیت المقدس میں جو موتمر اسلامی کا عظیم الشان اور زمانہ یادگار اجلاس منعقد ہونے والا ہے اس کی شرکت کے لئے امام یحییٰ والی یمن اپنی جانب سے نمائندے بھیجیں گے۔ امام موصوف نے مفتی اعظم فلسطین کو ایک مکتوب کے ذریعہ اس امر کی اطلاع دیدی ہے۔ امام یحییٰ کے مکتوب سے یہ بھی معلوم ہوا کہ آپ موتمر میں شریک ہونے والے مہمانوں کے لئے ایک ٹن کافی حدیدہ سے ارسال فرمائیں گے تاکہ موتمر میں حصہ لینے والوں کو کافی کے لئے جدوجہد نہ کرنی پڑے اور ان کو بلا کسی دقت کے میسر آسکے۔

حکومت مجلس احرار کی شرائط تسلیم کرنے کیلئے تیار ہے

جیل کے اندر ورکنگ کمیٹی کے اجلاس کی توقع

سیالکوٹ میں حضرات علماء کرام اور مسلم زعماء کا اجتماع

سیالکوٹ ۱۹ر نومبر۔ کل ۴ بجے سہ پہر کو مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند، مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند، خواجہ عبدالرحمان غازی، چوہدری افضل حق، رانا فیروزالدین، شیخ محمد صادق صاحب ایم۔ ایل۔ سی، مولانا عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری نے سیالکوٹ جیل میں مولانا داؤد غزنوی اور شیخ حسام الدین صاحب سے ملاقات کی۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ ملاقات کا سلسلہ رات کے دس بجے تک جاری رہا۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ ملاقات بند کمرے میں ہوئی۔ حکام جیل کا رویہ نہایت شریفانہ تھا مغرب اور عشاء کی نماز ان حضرات نے جیل ہی میں ادا کی۔

جیل سے جب معزز رہنما باہر تشریف لائے تو نمائندہ پریس نے بیان حاصل کرنے کی کوشش کی لیکن انہوں نے بیان دینے سے انکار کر دیا۔ بعض حضرات نے صرف اس قدر فرمایا کہ جب تک مجلس احرار کے ڈکٹیٹر سے ملاقات نہ ہو کوئی بیان نہیں دیا جا سکتا۔

بعض معتبر حلقوں میں بیان کیا جاتا ہے کہ مجلس احرار کی مرتب کردہ شرائط کا بہت بڑا حصہ حکومت تسلیم کرنے کو تیار ہے لیکن اصرار کرتی ہے کہ دوستوں کی رضا جس طرح ممکن ہو ملتوی کرائی جائے۔ لیکن احراریوں نے فیصلہ کر لیا ہے کہ وہ اس جنگ کو آخر تک کامیاب بنائیں گے۔ پنجاب کے دیہات سے پرائیویٹ سندوں کی آمد کا سلسلہ جاری ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ گفتگوئے مصالحت میں مولانا عطاء اللہ صاحب کا مقدمہ بھی زیر بحث ہے۔ بہر حال جب تک طرفین کا کوئی بیان شائع نہ ہو ہر قسم کی خیال آرائیاں قبل از وقت ہیں۔ آج صبح تمام رہنما مہاراجہ کشمیر کی اجازت سے جموں تشریف لے گئے ہیں۔ تاکہ مجلس احرار کے ڈکٹیٹر مولانا مظہر علی صاحب اظہر سے تبادلہ خیالات کیا جا سکے۔ امید ہے کہ شام تک تمام حضرات واپس آجائیں گے۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ مولانا مظہر علی صاحب کی ملاقات کے بعد مجلس احرار کی ورکنگ کمیٹی کے تمام ممبروں کو کسی ایک جیل میں جمع کیا جائے گا تاکہ حکومت کی شرائط پر متفقہ طور پر غور کیا جا سکے۔ (نامہ نگار)

اسمبلی میں حکومت کو تیسری زبردست شکست

ایوان نے مسودہ مالیات مسترد کر دیا

مخالف جماعت کی طرف سے حکومت کے رویہ کی مذمت

دہلی ۱۰ر نومبر۔ آج اسمبلی کا اجلاس ۲ بجے شروع ہوا۔

سر ابراہیم رحمت اللہ صدر اسمبلی نے ضمنی قانون مالیات کا وہ مسودہ پڑھ کر سنایا جس کی وائسرائے نے سفارش کی ہے۔

سر ہری سنگھ گور نے حکومت کے اس رویہ کی سخت مخالفت کی کہ اس نے مسودہ کو گورنر جنرل کی سفارش حاصل کرکے منظور کرانے کی کوشش کی ہے۔

آپ نے کہا کہ حکومت کا یہ فعل عوام کی خواہشات کے خلاف ہے۔

سر عبدالرحیم نے سر ہری سنگھ گور سے اتفاق کرتے ہوئے کہا [illegible]

مسٹر یامین خان نے توقع ظاہر کی کہ ایوان اور حکومت کے درمیان سمجھوتہ ہو جائے گا۔

آپ نے تجویز کی کہ ایوان کو کل تک کے لئے ملتوی کر دیا جائے۔ مسٹر آرتھر مور نے کہا کہ وائسرائے نے جس صورت میں مسودہ قانون کی سفارش کی ہے اس صورت میں ایوان کو منظور کر دینا چاہئے کیونکہ وائسرائے نے جو وجوہ ظاہر کی ہیں۔ ان سے اس کی ضرورت صاف طور پر ظاہر ہوتی ہے۔

آخر میں بل کی منظوری پر رائے شماری کی گئی اور حکومت کو ۱۵ آراء سے شکست ہو گئی۔

دہلی میں آٹھ مقامات کی خانہ تلاشیاں

انقلابی جماعت کے اسلحہ پر قبضہ کرنے کی کوشش

مسلح پولیس کی دوڑ دھوپ ایک شخص گرفتار

دہلی ۱۸ر نومبر۔ آج شہر کے مختلف مقامات میں اس وقت تلاشیاں شروع کی گئیں جب کہ بجلی کی روشنی بھی گل نہ ہونے پائی تھی۔ ایک ہی وقت میں مختلف مقامات کی پولیس تلاشیوں میں مصروف ہو گئی۔ تلاشیاں لینے والی پولیس پارٹی مسلح تھی۔ یہ تلاشیاں کوتوالی تھانہ حوض قاضی، صدر بازار، سبزی منڈی وغیرہ تھانوں کے علاقوں میں ہوئیں معلوم ہوا ہے کہ پولیس ہر مکان پر کئی گھنٹہ تک تلاشی میں مصروف رہی مگر کہیں سے کوئی قابل اعتراض چیز برآمد نہیں ہوئی۔

محلہ مالی واڑہ میں لالہ بھیول چند جین کی تلاشی لی گئی۔ نئی سڑک پر لالہ خیراتی لال اور لالہ برجموہن لال کی تلاشی لی گئی۔

صدر بازار میں مسٹر بمل پرشاد جین مالک فرم لاہوری مل نتھو مل کے مکان اور دوکان کی تلاشی لی گئی۔ ان کے مکان و دوکان کی تلاشی سے بھی کوئی قابل اعتراض چیز برآمد ہونے کی اطلاع نہیں ملی مگر معلوم ہوا ہے کہ مسٹر بمل پرشاد جین کو گرفتار کر لیا گیا ہے اور ان کو ہنوز تھانہ صدر بازار میں ہی رکھا گیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ پولیس کو یہ شبہ ہے کہ انقلابی پارٹی کے ممبران بم اور دیگر اسلحہ ادھر ادھر ہٹانے کی کوشش کر رہے ہیں کیونکہ حال میں ہی دہلی کلاتھ مارکیٹ اور ریلوے سے کچھ سامان کارتوس وغیرہ ملا ہے۔ پولیس اس سلسلہ میں ابھی تک خاموش ہے مگر خاموشی کے ساتھ ہی سرگرمی سے تفتیش میں مصروف ہے۔ اسی سلسلہ میں معلوم ہوا ہے کہ پولیس نے ٹریبونل کے ایک ریڈر کے مکان کی بھی تلاشی لی ہے ابھی تک معلوم نہیں ہو سکا کہ ایک سرکاری ملازم اور خاص طور پر ٹریبونل کے ریڈر کی تلاشی سے پولیس کا کیا مقصد تھا۔ سنا جاتا ہے کہ پولیس کو کوئی قابل اعتراض چیز اس مکان سے بھی ہاتھ نہ لگی۔

عدالت میں اور جیل کے باہر نعرے لگانے کی ممانعت

مقدمہ سازش دہلی کے ملزمان پر پابندیاں

دہلی ۱۹ر نومبر۔ معلوم ہوا ہے کہ آج ملزمان مقدمہ سازش کو حکام جیل نے آخری حکم دیا ہے کہ وہ جیل کے باہر یا عدالت میں نعرے وغیرہ لگانے بالکل بند کر دیں ورنہ بصورت دیگر ان کے خلاف مناسب کارروائی کی جائے گی مگر اس حکم کو سنکر ملزمان نے حسب دستور نعرہ لگایا۔

مولانا حبیب الرحمن صاحب کا ایک اہم اعلان

قیدی رضاکاروں کے پسماندگان اور مسلمانوں کا فرض

حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب صدر مجلس احرار اسلام پنجاب کا بیان جو انہوں نے اپنی گرفتاری سے پہلے دیا تھا۔ وہ دفتر کی غلطی سے رہ گیا جو اسی روز شائع ہو جانا چاہئے۔ آج کاغذات میں سے ملا ہے۔ (سکرٹری مجلس احرار پنجاب)

ہندوستان کے مسلمانوں کو خصوصاً پنجاب کے مسلمانوں کو اچھی طرح سمجھ لینا چاہئے کہ جس طرح ان کا یہ فرض ہے کہ وہ اپنے شہر کے ہر اس رضاکار کے پسماندہ بال بچوں کی مدد کریں۔ جو اسلام کے لئے قید و بند کی تکالیف برداشت کر رہا ہے اسی طرح ان کا اہم اور ضروری فرض یہ ہے کہ جو کارکن جیل میں چلے گئے ہیں ان کے اہل و عیال کی مالی امداد کریں۔ مسلمانوں میں [illegible] ان کے بچوں کو ان کے جیل جانے کے بعد سی کلاس کی روٹی بھی نہیں ملتی جو ان کو جیل میں ملتی ہے۔ تو ان کی قید کی مصیبت دس گنا ہو جاتی ہے۔ مجلس احرار کے اس وقت تک کل اضلاع میں اتنے کارکن گرفتار ہو چکے ہیں جن کی اگر معمولی امداد بھی کی جائے تو کم از کم تین ہزار روپیہ ماہانہ مجلس احرار کو ان کے بال بچوں کے لئے چاہئے۔ اس لئے ہر مسلمان کا فرض ہے کہ وہ کارکنوں کی امداد کے لئے زیادہ سے زیادہ روپیہ مجلس مرکزیہ کو دے۔ یا مقامی طور پر جو شخص یہاں سے گرفتار ہوا۔ اس کے بال بچوں کی امداد کرے مجلس احرار اسلام پنجاب کو اطلاع دی جائے۔ ایسا نہ ہو کہ ہماری گرفتاری کے بعد کارکنوں کی طرف سے غفلت کی جائے اور ان کے بال بچوں کی بد دعائیں کہیں جیل پہنچتی رہیں۔ اور میں کارکنوں سے بھی کہتا ہوں کہ وہ قوم سے کسی قسم کی مدد لینے سے شرم نہ کریں کیونکہ ضروریات زندگی کے لئے امداد لینے سے خلوص میں کوئی فرق نہیں آتا۔

(مولانا) حبیب الرحمن ۱۲ر نومبر ۱۹۳۱ء

مجلس احرار اسلام پنجاب کی اعانت

مسلمانان سہارنپور و بنارس کی امداد

جناب محمد لبین صاحب نایب ناظم جمعیۃ علمائے ضلع سہارنپور نے مجلس احرار اسلام پنجاب کی اعانت کے لئے مبلغ چونسٹھ روپیہ دس آنہ (للعہ) ہمارے پاس بھیجے ہیں۔ ان میں سے مبلغ (عہ) جامع مسجد سہارنپور میں عام مسلمانوں نے چندہ دیا اور راجپوت بساطیان سہارنپور نے چودھری عمردراز صاحب کی معرفت مبلغ (عہ) روپیہ دئے۔ مزید اعانت کی سعی جاری ہے۔ اسی طرح مولوی امام الدین صاحب مالک ترجمان ایجنسی بنارس نے حلقہ درس قرآن مجید بنارس کی جانب سے مبلغ پندرہ روپیہ چار آنہ (صہ) بھیجے ہیں اور آپ نے اطلاع دی ہے کہ اس سے قبل مولانا محمد یحییٰ صاحب نے مبلغ نو روپیہ (لعہ) بذریعہ منی آرڈر ڈکٹیٹر صاحب مجلس احرار اسلام سیالکوٹ کے نام بھیجے ہیں۔ ہم یہ وصول شدہ رقوم بہت جلد مجلس احرار اسلام کے سکرٹری صاحب کے پاس لاہور بھیج رہے ہیں اور ہدایات آنے پر معطیان کرام کو بھیج دی جائیں گی۔ آئندہ تمام رقوم سکرٹری صاحب مجلس احرار اسلام پنجاب کے نام براہ راست لاہور بھیجی جائیں تاکہ ڈاک کے دوہرے مصارف برداشت نہ کرنے پڑیں۔

سید محمد شفیع عفی عنہ
[illegible] جمعیۃ علمائے ہند دہلی

مظفرآباد (کشمیر) جیل میں اذان پر پابندیاں

اذان دینے والے رضاکاروں کو زدوکوب کیا گیا

ایک ہفتہ سے رضاکاروں کا مقاطعہ جوعی

راولپنڈی ۱۸ر نومبر۔ ڈکٹیٹر مجلس احرار اسلام راولپنڈی اطلاع دیتے ہیں:۔

مظفرآباد جیل ریاست کشمیر سے چار رضاکار جنہیں پندرہ پندرہ یوم کی سزائے قید ہوئی تھی رہا ہو کر راولپنڈی پہنچے ان کا بیان ہے کہ جیل میں اذان دینے کے جرم میں مسلسل تشدد کیا جا رہا ہے۔ چند روز کا ذکر ہے۔ ایک رضاکار نے اذان دی تو اس پر نہایت بے دردی سے حملہ کیا گیا۔ اس قدر پیٹا گیا کہ وہ بیچارے مارے چوٹوں کے نیم جان ہو گیا۔ اذان دینے پر جس قدر دہشت اور بربریت سے پیٹا جاتا ہے رضاکار نہایت صبر و تحمل سے جھیل رہے ہیں اور بیان کرتے ہیں کہ جب تک ہمارے جسم میں ایک قطرہ بھی خون کا باقی ہے گا۔ ہم اپنے مذہبی فریضہ کو نہیں چھوڑیں گے زخمی رضاکاروں میں سے رفیق عبدالعزیز سالار اور مولانا مشتاق احمد خاص طور پر قابل ذکر ہیں اور یہ بھی بیان کرتے ہیں کہ ایک ہفتہ سے بھوک ہڑتال بطور پروٹسٹ وہاں جاری ہے۔ کوئی ایسا مسلمان ہے جو ان کی حالت پر رحم کھائے اور اپنی فرض شناسی کا ثبوت دے۔

جیلوں میں رضاکاروں کیساتھ انتہائی بدسلوکی کی جا رہی ہے

اسمبلی اور کونسل کے مسلم اراکین حکومت کو اس طرف توجہ دلائیں

حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند کا بیان

لاہور ۱۹ر نومبر۔ حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند نے اپنا بیان بغرض اشاعت اخبارات کو دیا ہے۔

”میں ۱۷ر نومبر کو مجلس احرار اسلام کے تار پر لاہور پہنچا۔ مجلس کے حالات معلوم کئے۔ معتبر طور پر معلوم ہوا کہ آج ۱۹ر نومبر تک گرفتار شدہ رضاکاران کی تعداد ساڑھے سولہ ہزار تک پہنچ گئی ہے۔

صرف سیالکوٹ نے ساڑھے نو ہزار مجاہد میدان میں بھیجے۔ اسمیں کوئی شبہ نہیں کہ مسلمانان سیالکوٹ نے اس حق و مظلومیت کی جنگ میں بے نظیر قربانی پیش کرکے قرون اولیٰ کا نقشہ آنکھوں کے سامنے پیش کر دیا ہے۔

تحریک کی ابتداء سیالکوٹ سے ہوئی تھی اور کئی روز تک سیالکوٹ کے نوجوان ہی آگے بڑھتے چلے گئے۔ لیکن اب تحریک پنجاب کے دیگر اضلاع میں نہایت سرعت سے پھیلتی جا رہی ہے۔ ضلع گجرانوالہ، گجرات، جہلم، راولپنڈی، لاہور اور دوسرے اضلاع کے مسلمان شوق قربانی میں آگے بڑھ رہے ہیں۔

انگریزی گورنمنٹ نے علماء و رہنماؤں کی کافی تعداد گرفتار کرکے جیل میں بند کر دی ہے۔ رہنماؤں کی گرفتاری کا افسوسناک نتیجہ یہ ہوا کہ تحریک آگ کی طرح وسعت پذیر ہو رہی ہے۔

پندرہ سولہ دن کے قلیل عرصہ میں صرف پنجاب کے دو تین ضلعوں سے سولہ ہزار مسلمان خوشی خوشی جیل میں چلے گئے اور رضاکارانہ بیتابانہ آ رہے ہیں۔

میں لاہور سے سیالکوٹ گیا۔ سیالکوٹ جیل میں مولانا محمد داؤد غزنوی، شیخ حسام الدین بی اے سے ملاقات کی۔ معلوم ہوا ہے کہ سیالکوٹ اور لاہور جیل میں رضاکاروں کے ساتھ نہایت بے رحمانہ سلوک کیا جا رہا ہے۔ سردی کے موسم میں نہ ان کے لئے سردی سے بچنے کا سامان مہیا کیا گیا۔ نہ ان کو کھانے کے قابل خوراک دی جاتی ہے۔ تیرہ تیرہ چودہ چودہ سو روپیہ انکم ٹیکس دینے والوں کو بھی ”سی“ کلاس میں رکھا گیا ہے۔

مسلم ممبران کونسل و ممبران اسمبلی کا فرض ہے کہ وہ خود پنجاب جیلوں میں جا کر ان رضاکاروں کی حالت بچشم خود معائنہ کریں۔ اور حکومت سے پوچھیں کہ وہ اس قسم کا بیرحمانہ اور خلاف قانون سلوک کیوں کر رہی ہے اور مسلمانوں سے کس بات کا انتقام لے رہی ہے۔

مجھے یقین ہے کہ سرفروش مسلمان ان سختیوں سے بددل اور برداشتہ خاطر نہ ہونگے بلکہ ان کا جوش اور اشتیاق اور بڑھے گا اور وہ فوج در فوج قربانی پیش کرنے کے لئے آگے بڑھیں گے۔“

(مولانا مفتی) محمد کفایت اللہ عفا عنہ
۱۹ر نومبر ۱۹۳۱ء

مسلمان مندوبین پر وزیر اعظم کا الزام

اب وزیر اعظم گاندھی جی کی حمایت کرنے لگے

مسلمانوں کو اپنے کئے کا خمیازہ

لندن ۱۸ر نومبر۔ اخبار ”بمبئی کرانیکل“ کا نامہ نگار لکھتا ہے کہ وزیر اعظم نے جو ادعا مسلسل براہ راست یا بالواسطہ مسلمانوں اور دیگر اقلیتوں کو شہ دیتے رہے ہیں کہ وہ کمیٹی کی کارروائیوں کے سلسلہ میں اپنا رویہ نہایت سخت رکھیں۔ اب یکایک نہ معلوم کیوں ایسا پلٹا کھایا کہ لارڈ سینکے کے بعد بہت کچھ مسلمانوں کی خواہشات کے بالکل خلاف یہ کہنے لگے کہ کانفرنس کا اپنا پروگرام طے کرتے جانا چاہئے۔ اور اقلیتوں کے مسئلہ کا کوئی انتظار نہ کرنا چاہئے۔

قدرتی طور پر وزیر اعظم کے اس اعلان سے ان حلقوں میں جو اب تک سرکاری مفادات اور سرکاری خیالات کی تائید کر رہے تھے سخت تشویش اور تعجب پیدا ہو گیا ہے جنہیں اب تک گاندھی جی کے مقابلہ میں استعمال کئے جا رہے تھے اور جو بار بار بنیادی امور پر بحث کرنے پر معترض رہے تھے۔

مسٹر رمزے میکڈانلڈ نے جس طرح گذشتہ ہفتہ مسلمان مندوبین اور دیگر اقلیتوں سے جبکہ انہوں نے اپنے حقوق کی حفاظت کے لئے ضمانت اور اطمینان کا مطالبہ کیا تھا یہ کہا کہ آپ لوگوں نے اپنے مطالبات پیش کرکے لوگوں کو کافی طور پر اپنا موافق بنا لیا ہے۔ اگر یہی وہ ایک مہینہ پہلے کہہ دیتے تو شاید کانفرنس کے عام مندوبین میں اس قدر بےچینی اور بددلی پیدا نہ ہوتی جس قدر کہ اب پیدا ہو گئی تھی۔

ہندوستانی مندوبین کو آپس میں خوب لڑانے اور مسلمانوں پر اپنا اچھی طرح اعتماد جمانے کے بعد انہوں نے اب آخر میں آکر ایک ایسا رخ بدلا ہے کہ تصویر کا سارا نقشہ ہی بدل گیا۔ اب وہ مسلمانوں اور دیگر اقلیتوں کو چھوڑ کر گاندھی جی کی حمایت کر رہے ہیں۔

گو مسٹر میکڈانلڈ نے پوری کوشش کی لیکن گاندھی جی اور ڈاکٹر سپرو ان کی ترکیبوں میں نہیں آئے یہاں تک کہ اب جبکہ فوج، مالیات اور امور خارجیہ کے مسائل کو طے کرنا ہی پڑ رہا ہے لیکن اس سے وہ مسلمانوں کے سامنے بظاہر بہت شرمندہ ہیں کیونکہ مسلمانوں کا مطالبہ یہ تھا کہ ان امور کو اس وقت تک طے نہ کیا جائے جب تک اقلیت کا مسئلہ طے نہ ہو جائے اور جس کی وزیر اعظم شروع میں تائید کر رہے تھے لیکن اب وہ مسلمانوں کو بالکل بھول گئے اور اقلیت کا مسئلہ بالکل پیچھے ڈال دیا گیا۔ مسلمان مندوبین میں اکثر بد دل ہیں اور اس چالبازی کو سمجھ گئے ہیں لیکن اب سوائے اس کے اور کوئی صورت نہیں ہے کہ چپ چاپ رہیں۔

گجرانوالہ میں ایک ہندو مجسٹریٹ کی شرارت

نماز کی توہین۔ اسلام کی شان میں گستاخی

احراری رضاکاروں میں جوش

گجرانوالہ ۱۷ر نومبر۔ (بذریعہ ٹیلیفون) بوقت شب ۱۱ بجے سکرٹری مجلس احرار اطلاع دیتے ہیں کہ ۱۲ رضاکاروں کا جلوس دفتر احرار سے روانہ ہوا۔ بازاروں سے ہوتا ہوا جب دریا پہونچا تو وہاں نماز مغرب کا وقت تھا ایک رضاکار اذان کہنے لگا تو اسے لالہ ملکھی رام مجسٹریٹ نے روکا، اذان بیچ میں رکوا دیا اور نماز پڑھنے سے روکا اور نماز کو فضول بکواس اور بیہودہ کہا اور اسلام کی شان میں ناشائستہ الفاظ استعمال کئے اور کہا کہ میں ہرگز نماز نہ پڑھنے دونگا۔ اس پر تمام مجمع جو ہزاروں کی تعداد میں تھا جوش میں آکر برافروختہ ہو گیا۔ مگر کپتان احرار کی سعی اور کوشش سے پر امن طریق پر منتشر ہو گیا۔ بعد ازاں نماز ادا کی گئی۔ رضاکاروں کو اسی وقت جیل بھیج دیا اور تین تین ماہ قید سخت کا حکم سنا دیا۔

اسی وقت عام جلسہ ہو رہا ہے اور یہ ریزولیوشن پاس کیا ہے کہ ”یہ جلسہ لالہ ملکھی رام مجسٹریٹ گجرانوالہ کے اذان سے روکنے اور نماز بند کرنے اور اسلام کی شان میں بیہودہ اور ناشائستہ الفاظ کے استعمال کرنے کے رویہ پر سخت نفرت و حقارت کا اظہار کرتا ہے۔ اور صدائے احتجاج بلند کرتا ہے اور گورنر پنجاب سے درخواست کرتا ہے کہ اس پر مقدمہ چلانے کی اجازت مرحمت فرمائی جائے۔“

قرار پایا کہ اسکی نقول بذریعہ تار بخدمت گورنر صاحب پنجاب اور چیف سکرٹری پنجاب، ڈپٹی کمشنر گجرانوالہ کو ارسال کی جائیں۔

ناظرین الجمعیۃ کی خدمت میں گذارش

الجمعیۃ جو جمعیۃ علماء ہند کا واحد آرگن ہے سات سال سے بلا خوف لومۃ لائم ملت اسلامیہ کی صحیح خدمت انجام دے رہا ہے اس عرصہ میں آپ کے اس صحیح خدمتگذار کو حوادث روزگار کے ہاتھوں جن جن مصائب کا سامنا کرنا پڑا اس کو کارکنان الجمعیۃ ہی کا دل جانتا ہے۔ گذشتہ تحریک [illegible] کے دوران میں باوجود اپنے اور بیگانوں کی یورش اور باوجود ہزاروں روپیوں کے نقصان کے اخبار الجمعیۃ کا زندہ رہنا ایک معجزہ تھا مگر گذشتہ سال اخبار کو جس قدر کثیر نقصان برداشت کرنا پڑا اس کی تلافی باوجود روزانہ اخبار کو عارضی طور پر بند کر دینے کے بھی نہ ہو سکی اور اس وقت تک نقصان کا سلسلہ برابر جاری ہے۔ اگرچہ کارکنان الجمعیۃ اخبار کے آمد و خرچ کو برابر کرنے اور اخبار کو مسلسل و متواتر نقصان سے بچانے کی پوری جد و جہد کر رہے ہیں لیکن وقتاً فوقتاً کاغذ کی گرانی اور وی پی کے محصول کی زیادتی نے ادارہ الجمعیۃ کو مجبور کر دیا ہے کہ وہ ناظرین الجمعیۃ کو توجہ دلاتے ہوئے اس جد و جہد میں شرکت کی دعوت دے جس میں تقریباً ایک سال سے وہ مصروف عمل ہے۔ اس سلسلے میں ہم ناظرین کرام سے صرف دو باتیں عرض کرنا چاہتے ہیں۔ ایک تو یہ کہ آئندہ وی پی طلب کرنے کے بجائے منی آرڈر روانہ کرنے کا انتظام کر دیں۔ جب آپ کی خدمت میں اطلاع کارڈ پہونچے اور آپ کو یہ معلوم ہو کہ آپ کی مدت خریداری ختم ہو رہی ہے تو وقت سے بیشتر آپ فوراً منی آرڈر روانہ کر دیں۔ اگر اطلاع کارڈ وصول ہونے کے وقت آپ کے پاس روپیہ موجود نہ ہو تو دفتر کو اسی مضمون کی اطلاع دیدیجئے کہ میں جلد از جلد روپیہ روانہ کرتا ہوں مجھے وی پی نہ کیا جائے۔ اس اطلاع پر آپ کو وی پی نہیں کیا جائے گا بلکہ آپ کے روپیہ وصول ہونے کا انتظار کیا جائے گا۔ دوسری گذارش یہ ہے کہ ہر خریدار کم از کم پانچ خریداروں کا چندہ دفتر میں بھجوا دے۔ ایک شخص کو ہندوستان کی سب سے بڑی مذہبی جماعت کے واحد آرگن کے لئے پانچ خریدار پیدا کر لینا کچھ مشکل نہیں ہے۔ بشرطیکہ آپ میں سے ہر شخص اس امر کی ضرورت کو محسوس کرے کہ صحیح سیاسی خیالات اور مذہبی اور ملکی خدمتگذار کو زندہ رکھنا کس قدر ضروری ہے۔ مجھے امید ہے کہ ہر مخلص مسلمان جو الجمعیۃ کے اعلیٰ صحافتی طرز عمل اور اس کے بلند پایہ مضامین کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ میری اس عاجزانہ اپیل کو کامیاب کرنے میں امکانی سعی کرتے ہوئے ادارہ الجمعیۃ کو ممنونیت کا موقع دے گا۔

(منیجر)

سرحد کے سرخپوشوں پر حکومت کا عتاب

دارالعوام میں خدائی خدمتگاروں کے خلاف اظہار خفگی

لندن ۱۸ر نومبر۔ دارالعوام میں صوبہ سرحد کی صورت حالات کے سلسلہ میں سوالات کا جواب دیتے ہوئے سر سیموئیل ہور وزیر ہند نے کہا کہ اگرچہ ابھی صوبہ سرحد کی صورت حال تسلی بخش نہیں ہے کہ سکون و اطمینان ترقی پذیر حالت میں ہے۔ آفریدیوں نے حکومت کی شرائط کو منظور کر لیا ہے۔ وزیرستان کی حالت تسلی بخش ہے۔ صرف پشاور کے اضلاع کی حالت کو تشویشناک بتایا جاتا ہے جس کی سخت نگرانی کی جا رہی ہے۔ اور قانون ضابطہ فوجداری کے ماتحت احکام جاری کرکے جلسوں اور مظاہروں کو ممنوع قرار دیدیا گیا ہے۔

سر الفریڈ نوکس نے کہا کہ حکومت کے لئے بہتر یہی ہے کہ وہ سرخپوشوں کی تحریک کو قطعی بند کر دے۔ یہ تحریک کسی وقت سخت خطرات اور خونریزی کا باعث ہو گی۔ وزیر ہند نے جواباً کہا کہ حکومت حالات کا سختی سے مقابلہ کر رہی ہے اور ہم بھی ضروری کارروائی کرنے کو تیار ہیں۔

مسٹر بیل نے دریافت کیا کہ حکومت نے ایسی تحریک کو جاری رکھنے کی کیوں اجازت دے رکھی ہے جو خلاف قانون ہے وزیر ہند نے کہا اس کا جواب پھر دیا جائے گا۔

الہ آباد میں سول نافرمانی شروع کرنے کا فیصلہ

کسانوں سے لگان رکوا دیا گیا

الہ آباد ۱۸ر نومبر۔ ضلع الہ آباد میں لگان اور مالگذاری کی ادائی کے سلسلہ میں جو جھگڑا کئی ہفتوں سے چلا آرہا تھا اور جس کو طے کرنے کے لئے کانگریسی کارکنوں اور چیف سکرٹری حکومت صوبجات متحدہ کمشنر الہ آباد اور حاکم بندوبست میں جو گفتگو ہو رہی تھی گو ابھی تک وہ جاری ہے لیکن باوجود اس کے معلوم ہوا ہے کہ ضلع کانگریس کمیٹی کا ایک اجلاس کل بابو پرشوتم داس ٹنڈن کی صدارت میں ہوا تھا جس نے خیال ہے کہ یہ فیصلہ کیا ہے کہ کسانوں کو یہ مشورہ دیا جائے کہ وہ سردست جب تک مصالحت کی گفتگو ہو رہی ہے، لگان دینا روک دیں۔ معلوم ہوا ہے کہ انہوں نے اس مضمون کا ایک خط بھی چیف سکرٹری حکومت صوبجات متحدہ کے پاس بھیجدیا ہے۔

کانگریس کے اس فیصلہ سے کسانوں میں خاصی ہلچل ہے کیونکہ موجودہ حالات میں اس فیصلہ کو ابتدا میں تو اس کے عواقب اور نتائج کو سوچے بغیر کسان مسرت کے ساتھ قبول کر لیتا ہے۔ چنانچہ خیال ہے کہ اس کی وجہ سے صورت حال زیادہ پیچیدہ ہو جائیگی لیکن حکومت کی طرف سے پوری کوشش کی جا رہی ہے کہ کسانوں کے اس اقدام سے پہلے ہی معاملہ طے کر دیا جائے۔ تاکہ عدم ادائے لگان کی تحریک شروع کرنے کی ضرورت ہی نہ پڑے۔

ضلع بھر کے کسانوں کی ایک سبھا کا بھی انتظام ہو رہا ہے جس کا اجلاس غالباً ماہ نومبر میں ہوگا۔

ترکی میں غیر ملکی مال کی درآمد ممنوع قرار دیدی گئی

جاپانی اور انگریزی مال کا مکمل بائیکاٹ

قسطنطنیہ ۱۷ر نومبر۔ آج تمام اسلامی ممالک یورپ کی اقتصادی غلامی کا جوا اپنے کندھوں سے اتارنے میں مشغول ہیں۔ ایران اس معاملہ میں خاص آمادگی اختیار کر رہا ہے۔ اب حکومت ترکی نے بھی اس طرف پوری توجہ مبذول کی ہے۔ ترکی حکومت نے ایک جدید قانون کے ذریعہ غیر ملکی مال کی درآمد پر سخت پابندیاں عائد کر دی ہیں اور پچاس قسم کی چیزوں کا داخلہ تو بالکل ممنوع قرار دیدیا ہے جن میں اشیاء خوردنی، شراب و مسکرات بھی شامل ہیں۔ جاپانی اور روئی کے اسباب کی درآمد کو بھی ناجائز قرار دیدیا گیا ہے۔ ان ہر دو ممالک کے اسباب کی درآمد ترکی میں بہت کثرت سے ہوتی تھی جس کی وجہ سے ترکی کی اقتصادی حالت تباہ ہو چکی ہے۔

اندازہ لگایا گیا ہے کہ صرف گذشتہ نو ماہ کے عرصہ میں ترکی کے اندر ایک کروڑ چالیس لاکھ ترکی پونڈ کی قیمت کا سامان جاپان اور یورپ کا آیا ہے اگر اس قانون کے ذریعہ سے غیر ملکی اسباب کی درآمد کو نہ روکا جاتا تو ترکی کی اقتصادی حالت بہت خراب ہو جاتی۔

ایک اور رضاکار کی شہادت

وزیرآباد میں ہڑتال اور جنازہ کا جلوس

وزیرآباد (بذریعہ ٹیلیفون) ۱۸ر نومبر۔ رحمت اللہ رضاکار آج سنٹرل جیل میں شہید ہو گیا جس کی لاش آج یہاں پہنچی۔ نہایت تزک و احتشام سے جنازہ کا جلوس نکالا گیا۔ دس ہزار کے مجمع میں نماز جنازہ پڑھی گئی اور دعائے مغفرت کی گئی۔ تمام دن شہر میں ہڑتال رہی۔

سلاطین اسلامیہ کی ایک زبردست کانفرنس

فرمانروایان عرب کا اجتماع

”کوکب الشرق“ رقمطراز ہے کہ بعض خبروں سے معلوم ہوتا ہے کہ امیر فیصل بادشاہ عراق، سلطان عبدالعزیز بادشاہ نجد و حجاز، امیر عبداللہ امیر شرق اردن عنقریب یکجا ہو کر نہایت اہم مسائل پر گفتگو کریں گے اور اس اجتماع کا خاص مقصد ایک اتحاد ثلاثہ کا قیام ہوگا۔

اگر یہ خبر صحیح ثابت ہوئی تو ہم کو توقع رکھنی چاہئے کہ یہ اجتماع ایک دوسرے عظیم الشان اتحاد کا پیش خیمہ ہوگا جس میں سلطان نجد کے ساتھ بادشاہ یمن اور امراء خلیج فارس بھی شریک ہوں گے۔ اگر یہ خواب سچے ہوئے تو عنقریب وہ زمانہ آئے گا جب کل کے رقیب باہم دوست بن جائیں گے۔

دارالعوام میں مسٹر چرچل کی شعلہ افشانی

ہندوستان کو درجہ مستعمرات نہ دیا جائے

لندن ۲۰ر نومبر۔ مسٹر جے۔ ایچ۔ طامس وزیر نو آبادیات نے آج دارالعوام میں ایک مسودہ قانون پیش کیا جس کے ماتحت امپیریل کانفرنس منعقدہ ۱۹۲۶ء و ۱۹۳۰ء کی تجاویز کو بروئے کار لانے کی سعی کی جائیگی۔ مذکورہ مسودہ قانون میں مختلف مستعمرات کے باہمی رشتہ اور آئینی اختیارات کی تشریح کی گئی ہے۔

مسٹر ونسٹن چرچل نے نہایت پرزور الفاظ میں کہا کہ اگر ہندوستان کو مکمل درجہ مستعمرات دیدیا گیا تو برطانیہ کو عظیم مصیبت کا مقابلہ کرنا پڑیگا۔ مسٹر چرچل نے برطانیہ کو ان خطرات سے آگاہ کیا جو ہندوستان میں درجہ مستعمرات کا قانون منظور ہونے کے بعد پیدا ہوں گے۔

چینی افواج پر زبردست گولہ باری

مکڈن میں مزید جاپانی افواج کی آمد

لندن ۲۰ر نومبر۔ جاپانی ہوائی جہازوں نے ہیلون کے مقام پر چینی فوج پر سخت گولہ باری کی اس جنگ میں سائنس کے جملہ حربی آلات استعمال کئے گئے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ جاپانی افواج نے ٹیلی گراف کے تار کاٹ ڈالے ہیں اور اس طرح سلسلہ مراسلت منقطع کر دیا ہے۔ مکڈن میں مزید جاپانی افواج پہنچ گئی ہیں۔ اس خبر نے صورت حال میں اور بھی زیادہ پیچیدگی پیدا کر دی ہے کہ نانکن حکومت کا صدر جنرل چیانگ کائی شیک عنقریب منچوریہ روانہ ہو جائیگا۔

سابق شاہ اسپین کو ہمیشہ کی جلاوطنی

قومی عدالت نے جائداد بھی ضبط کر لی

میڈرڈ ۲۰ر نومبر۔ قومی عدالت نے سابق شاہ الفانسو کو غداری کے جرم میں دائمی طور پر جلاوطن کر دیا ہے۔ اگر سابق شاہ الفانسو ہسپانیہ کی زمین پر قدم رکھیں گے تو ہر شخص کو انہیں گرفتار کرنے کا اختیار حاصل ہوگا جمہوریہ حکومت نے آپ کی جائداد بھی ضبط کر لی ہے۔

فرقہ وارانہ مسئلہ کے حل کا امکان

ہندو مسلم مندوبین کی آخری کوشش

لندن ۲۰ر نومبر۔ فرقہ وارانہ مسئلہ کے حل کے سلسلہ میں سرکردہ ہندو مسلم لیڈران کے مابین جو گفت و شنید جاری ہے وہ اب کامیاب درجہ تک پہنچ گئی ہے اور یقین کیا جاتا ہے کہ جو چند مشکلات اس وقت پیش ہیں وہ بھی دور ہو جائے گی۔ جملہ ہندو مسلم لیڈران اس وقت فرقہ وارانہ مفاہمت کیلئے انتہائی جد و جہد کر رہے ہیں تاکہ یہ آخری موقعہ ہاتھ سے نہ جائے اور گذشتہ سال کی طرح ناکام واپس نہ جانا پڑے۔ گاندھی جی سر آغا خاں سر براہ کی گفت و شنید میں نمایاں حصہ لے رہے ہیں۔

جاپانیوں نے ایک چینی شہر پر قبضہ کر لیا

جمعیۃ الاقوام کے خلاف جاپانیوں کا مظاہرہ

مصالحت کی سب گفتگو ختم ہو گئی

ٹوکیو ۱۸ر نومبر۔ تاننگ کے شمال میں جنرل ما چنگ شان کی فوجوں کے ایک زبردست معرکہ ہوا۔ چنانچہ جاپانیوں کے متعلق اطلاع ملی ہے کہ انہوں نے انکانچی پر قبضہ کر لیا ہے۔ چین اور جاپان کی آویزش میں یہ ایک اہم اور تشویشناک واقعہ ہے جس کی وجہ سے لوگوں کا خیال ہے کہ جاپان کو اطمینان ہو گیا ہے۔

جاپان کی طرف سے جارحانہ اقدام کا الزام جنرل ما چنگ شان کی فوجوں پر لگایا جاتا ہے جن کے سواروں نے جاپانیوں کے ایک دستہ پر ایک حملہ کر دیا تھا۔ جاپانی سپہ سالار نے جو حملہ کیا وہ اسی حملہ کے جواب میں تھا۔ انکانچی میں زبردست جنگ ہوئی جس کے بعد جنرل ما چنگ کی فوجیں تسیت سی بر کی طرف پیچھے ہٹ گئیں۔

مگر اسی کے ساتھ ساتھ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ جاپانی سفیر متعینہ پیرس نے (جو جاپان کی طرف سے جمعیۃ اقوام میں گفتگو کر رہا ہے) مصالحت کی گفتگو کے لئے چند شرائط مرتب کی تھیں۔ اس نے حکومت جاپان کے پاس ٹوکیو منظوری کے لئے بھیجا ہے۔ ان کی تجویز یہ ہے کہ جمعیۃ اقوام منچوریا اور چین ایک وفد روانہ کرے جو وہاں جا کر اس بات کی تحقیقات کرے کہ آیا چین اپنے ملک میں امن و امان قائم کر سکتا ہے یا نہیں اور کیا اس میں اپنے معاہدوں کو پورا کرنے کی کوئی صلاحیت بھی ہے یا نہیں یہ وفد جو رپورٹ دے اسی کی بنیاد پر تصفیہ کیا جائے۔

مکڈن میں جاپانیوں کے ایک مظاہرہ میں جمعیۃ اقوام کے خلاف سخت غصہ کا اظہار کیا گیا۔ ان لوگوں نے لارڈ سیسل اور موسیو بریاں پر سخت اعتراضات کئے۔

لندن ۱۸ر نومبر۔ سر جان سائمن آج پیرس سے واپس آرہے ہیں تاکہ برطانوی وزارت کے ایک اہم اجلاس میں شریک ہوں۔ ان کی جگہ لارڈ سیسل جمعیۃ اقوام کی مجلس میں برطانیہ کی طرف سے کام کریں گے۔ مجلس کے اراکین میں آج صبح کو منچوریا کے مسئلہ پر غور کیا گیا۔ عام اجلاس کی تاریخ ابھی تک مقرر نہیں ہوئی ہے۔

لارڈ ریڈنگ نسلی امتیاز کی مخالفت کرینگے

لندن ۲۰ر نومبر۔ مجلس وضع دستور وفاقی (فیڈرل سٹرکچر کمیٹی) کا اجلاس ملتوی ہو گیا ہے خیال کیا جاتا ہے کہ جمعہ سے قبل کانفرنس کا مکمل اجلاس منعقد نہیں ہو سکیگا تجارتی حکمت عملی پر جو بحث ہوئی تھی اس میں خطرہ کے مقام سے آگاہ کرتے ہوئے لارڈ ریڈنگ نے کہا کہ وہ ہر ایسے آئین کی شدید مخالفت کریں گے جس کے ماتحت نسلی امتیاز قائم رکھنے کی کوشش کی جائیگی۔

شاہجہانپور میں سیرت رسول کا عظیم الشان جلسہ

قادیانیوں کی تبلیغی فریب کاریوں کا انکشاف

الجمعیۃ، زمیندار اور مجلس احرار کی خدمات کا اعتراف

دہلی میں قرآن و حدیث کیلئے ایک انجمن کا افتتاح

۱۔ صدر۔ جناب امام صاحب جامع مسجد دہلی۔
۲۔ نائب صدر۔ جناب مولانا عبدالعلیم صاحب مالک مطبع علیمانی دہلی
۳۔ جنرل سکریٹری۔ جناب مستری صلاح الدین صاحب سبزی منڈی دہلی
۴۔ نائب سکریٹری۔ جناب مرزا ... صاحب سبزی منڈی دہلی۔
۵۔ خزانچی۔ جناب ... محمد یعقوب صاحب ... سبزی منڈی دہلی۔
سکریٹری انجمن تنظیم القرآن

تین ہزار چینی اور تین جاپانی ہلاک

سوویٹ روس کو جاپان کا انتباہ

فیڈرل کمیٹی میں گاندھی جی کی تقریر

قومی حکومت پہلے نئی دہلی کی عمارتوں پر قبضہ کرے گی

فرقہ وارانہ امتیاز قائم کرنے کی مخالفت

برمی مسلح باغیوں کا ایک گاؤں پر حملہ

جھونپڑیوں کو آگ لگا کر تین اشخاص کو گولی ماردی

پنجاب میل میں دو فوجی افسروں کا قتل

دریائے گنگا میں ایک کشتی الٹ گئی

دو آدمی غرقاب ہوگئے

۱۹۳۲ء
بخشی پاکٹ ڈائری
رنگین دلکش فوٹو والی
... بخشی پاکٹ ڈائری ... کلکتہ

صدر کانگریس کے نام صدر افغان جرگہ کا مکتوب

خان عبدالغفار خاں صاحب سے متعلق سوالات

آپ کا خیر اندیش
عبدالاکبر خان صدر افغان جرگہ

رہتک میں مجلس احرار کی مساعی

رضاکاروں کا شاندار جلوس

سکریٹری مجلس احرار اسلام رہتک

رعایتی اعلان فتاوی عثمانی کا رمضان المبارک تک کیلئے

اگر آپ روزے درست اور صحیح رکھنا چاہتے ہیں تو آج ہی فتاوی عثمانی منگائیں

فتاوی عثمانی

فتاوی عثمانی کی فہرست مضامین
جو چھ باب اور ۲۷ فصل وضمیمہ وانڈکس اور چند نقشے پر منقسم ہے

باب اول — فصل اول · باب دوم (ہلال رمضان) · باب سوم (سحری روزہ افطار) — فصل اول سحری · باب چہارم · باب پنجم — فصل اول · باب ششم — فصل اول · ضمیمہ · انڈکس

کتاب النکاح · عارفات سلطانی · تفسیر ... · تحفہ موحدین

وہ کونسی کتاب ہے؟
علاج الامراض خاص ایڈیشن (فارسی)

تمام خط و کتابت ... مالک قبال پرنٹنگ ورکس دہلی

پیلی بھیت کیوں مشہور ہے
اس لئے کہ وہاں سے بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کی ایک مشہور دوا بہراپن کی روغن کرامات تمام دنیا میں پہنچتی ہے۔ ہزار ہا ڈاکٹر اور انگریز جس کی قدر کرتے ہیں۔
بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات
نپٹ بہراپن کان بہنے اور طرح طرح کی آوازیں ہونے اور کان کی ہر ایک چھوٹی سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی بیماری کی ایک خاص صفت دوا ہے۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ (عہ)
جن صاحبان کو اعتبار نہ ہو وہ خود یہاں تشریف لاکر علاج کراسکتے ہیں دھوکہ دینے والوں مکار ٹھگوں اور جعلسازوں نقالوں سے بچنا آپ کا فرض ہے۔ ہمارا پتہ یہ ہے:
کان کی دوا بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یو۔پی)

پانچ سو روپے کا چندن ہار صرف تین روپے میں
پتہ:۔ ٹریڈ ہاؤس جویلری مرچنٹ اجمیری گیٹ دہلی

ضبط نہ ہو تو روانہ ہوگی ورنہ شکایت معاف
گنجینہ عملیات
روح حیات
حکیم ڈاکٹر ماجد حسین مالک کارخانہ اکسیر امرت کتب خانہ نعمانی تجارتی بارہ بنکی

تجارت کرو فائدہ اٹھاؤ
نرخ حسب ذیل ہے کرایہ مال گاڑی ہم دیں گے

قسم کوٹ	تعداد کوٹ	قیمت درجہ اول	قیمت درجہ دوم
مردانہ ہاف کوٹ	۱۰۰	۱۹۵/-/-	۱۵۰/-/-
مردانہ اوورکوٹ	۵۰	۱۹۰/-/-	۱۴۰/-/-
اوور جیکٹ کوٹ	۵۰	۱۲۵/-/-	۹۰/-/-
واسکٹ	۳۰۰	۱۳۰/-/-	۱۰۵/-/-
بچوں کی واسکٹ	۳۰۰	۹۵/-/-	۹۵/-/-
لڑکوں کے اوورکوٹ	۶۰	۱۲۰/-/-	۸۵/-/-

امریکن کمرشل کمپنی، بمبئی نمبر ۱۱
Amrecom Bombay

حصول طاقت کے تین زرین اصول!
ورزش — پرانا بام — اکسیروں کا استعمال
اگر ان تینوں اصولوں پر عمل کیا جائے تو جانو سونے پر سہاگہ ہے !!!
مندرجہ ذیل مقوی اعلیٰ اکسیریں شرمان پنڈت ٹھاکردت شرما وید موجد امرت دھارا کی زیر نگرانی تیار ہوتی ہیں۔ اس موسم سرما میں کسی ایک کا استعمال کریں!
اکسیر نمبر ۵ · اکسیر نمبر ۱ · اکسیر نمبر ۲ · اکسیر نمبر ۶
خط و کتابت و تار کے واسطے پتہ:۔ "امرت دھارا (۷۱) لاہور"
المشتہر: منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ، امرت دھارا بھون، امرت دھارا سڑک، امرت دھارا ڈاکخانہ، لاہور

واحدی صاحب کا منجن
اکسیر دندان
ملنے کا پتہ:۔ مجتبائی ... درگاہ سلطان المشائخ ... دہلی

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے
زبدۃ الحکماء حکیم نصرتی صاحب کا بنایا ہوا
طاقت کا بکس
منیجر نصرتی دواخانہ ... مظفر نگر

ضرورت
آنریری سکریٹری ینگ مسلم ایسوسی ایشن قطب مینار مہرولی صوبہ دہلی

رسالہ معراج النبی صلعم
ناظم انجمن خدام الدین دروازہ شیرانوالہ لاہور

تار کا پتہ "الجمیعۃ دہلی"

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

الجمیعۃ

سہ روزہ — دہلی

یداللہ علی الجماعۃ

تاریخہائے اشاعت: ہر عیسوی ماہ کی یکم، ۵، ۹، ۱۳، ۱۷، ۲۱، ۲۵، ۲۹ کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات: ایک صفحہ (ایک بار) … نصف صفحہ … ایک کالم … نصف کالم … ربع کالم …

قیمت اخبار — ہندوستان کیلئے: سالانہ … ششماہی … سہ ماہی … ممالک غیر کے لئے: سالانہ … ششماہی … نمونہ مفت — فی پرچہ ایک آنہ

مسئول مدیر: جلال احمد سیری (بی اے)

معاون: محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۴ — دہلی، یوم شنبہ ۱۷ رجب المرجب ۱۳۵۰ھ مطابق ۲۸ نومبر ۱۹۳۱ء — نمبر ۳۹

مدارس اسلامیہ کے نصاب میں اصلاح کی ضرورت

جمعیۃ علماء ہند سے پُرزور اور مؤدبانہ درخواست

[illegible]

معاصرین کے افکار و آراء

مہاراجہ کشمیر اور مسئلہ کشمیر

[illegible]

مسلمانان ہند اور حکومت ہند

[illegible]

فوجی اخراجات کم کئے جائیں

[illegible]

دنیا میں قیام امن کی تجاویز

[illegible]

غداری

[illegible]

حکیم محمود خاں اعظم اور حکیم اجمل خانصاحب کے خصوصی مجربات واقعی اکسیر دوائیں جملہ ممالک کو بھی آسانی میسر ہیں انکی عجیب و غریب تازہ فہرست مفت — منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۱ دہلی

پیکو آرٹ پرس لاہور کے پنج سورہ شریف اور پارہ اوّل دنیا بھر میں لاثانی ہیں مفصل حالات اور نمونے کے صفحے آج ہی فہرست مفت منگوا کر ملاحظہ فرمائیں

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ
کیسٹوفین
(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرہ سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹروں اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر یورپ میں تیار ہوتی ہیں مرد، عورت، بچے، بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں۔

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی

Castophen Mafg: Co: India
Post Box 88 Karachi

وسیلۂ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کر کے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں۔ ایک کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اسمیں وہ احادیث درج ہیں جنہیں اعمال سیئہ کے ارتکاب پر عذاب الٰہی اور دوزخ کی وعید ہے اور عذاب الٰہی سے خوف دلا کر اعمال سیئہ سے بچنے کی ترغیب ہے مکمل کتاب احادیث پر مشتمل ہے ہر حدیث کا اردو ترجمہ اس کے ساتھ ہی دیا گیا ہے۔ کاغذ عمدہ لکھائی چھپائی دیدہ زیب قیمت فی جلد ۸؍

دوسری کتاب کا نام "جنت کی کنجی" ہے اور اسمیں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جسمیں اعمال حسنہ کی بنا پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے اسمیں ۱۱۵ احادیث درج ہیں ہر حدیث کا ترجمہ ان کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ چکنا سفید اور لکھائی چھپائی بہترین ہدیہ فی جلد ۸؍ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا اور دوسرے ایڈیشن بھی قریب الختم ہیں۔

[illegible]

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

[illegible]

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشۂ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰحضرت نے ترجم اور تفسیر کی خوبیوں کو سن کر اور دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرمالیا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں۔ مولانا شاہ رفیع الدین صاحب، مولانا شاہ عبدالقادر صاحب، مولانا شاہ ولی اللہ صاحب، حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے۔ علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمیعۃ کیلئے صرف دس روپے علاوہ محصولڈاک۔ فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

غریبوں کا قرآن مجید معرّا

اس شان کا اتنا خوشنما، اتنی صحت اور قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے حلبی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں۔ اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے۔ نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے، بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی عمر بلا جلد مجلد پارچہ عہ مجلد چرم نقرہ علاوہ محصولڈاک دو روپے (دعا)

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے سے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے

ہدیہ: قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ ۸؍ قسم دوم حنا شدہ ۶؍ علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ۸؍ چرم ۱۲؍

منیجر اخبار الجمیعۃ بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم شنبہ ۱۷ رجب المرجب ۱۳۵۰ھ

گول میز کانفرنس کے مباحث

فیڈرل اسٹرکچر کمیٹی میں اہم تحفظات پر اظہار رائے

(۲)

ہم نے گزشتہ اشاعت میں یہ بتایا تھا کہ اس وقت فیڈرل اسٹرکچر کمیٹی کے سامنے ...

تو سب سے پہلے ہندوستان کو آزاد کرانے کی فکر کرنی چاہئے ... ہندوستان کا روپیہ اور ہندوستان ...

تعلقات خارجہ کا مسئلہ

مسلم حقوق کا تحفظ

مسلم ممالک و ہند کی افسوسناک روش

مولانا محمد علی کا مقولہ

گفتگوئے مصالحت کی ناکامی

... سولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند اور حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کو مشورہ کی غرض سے لاہور آنے کی دعوت دی تھی اور حضرات ممدوحین دہلی سے لاہور اور لاہور سے سیالکوٹ تشریف لے گئے تھے ...

(باقی آئندہ)

ٹیکہ لگانے کے اوقات

دہلی کی میونسپل کمیٹی کو جب تک کسی ضرورت کی طرف بار بار توجہ نہ دلائی جائے اس وقت تک اس پر کوئی اثر ہی نہیں ہوتا ...

ہندوؤں کے مسلمانوں پر مظالم

ریاست ... پور کی مسلم آبادی پر ایک عرصہ سے غیر ذمہ دار اور متعصب ہندوؤں کی طرف سے مظالم کئے جا رہے ہیں ...

گمراہ کن اور اشتعال انگیز

سکھ یوتھ لیگ ... کانفرنس ننکانہ کی صدارت کرتے ہوئے ... سنگھ رکن اسمبلی نے جو تقریر کی ہے اس کے مندرجہ ذیل الفاظ اس اسپرٹ کو صاف ظاہر کرتے ہیں ...

پنجاب کونسل میں ایک خلاف شریعت مسودہ قانون

حضرت مولانا انور شاہ صاحب اور دیگر علماء کا فتوی

مکرم و محترم جناب اڈیٹر صاحب اخبار الجمعیۃ دامت الطافکم

... اسلام کے بالکل برخلاف اور صریح ظلم ہے۔

سوال

الجواب

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ

عتیق الرحمن عثمانی دیوبندی عفی عنہ

(جامعہ ملیہ) مدرس تعلیم الدین ڈابھیل ضلع سورت

الجواب صواب	الجواب صحیح	الجواب حق
محمد انور عفا اللہ عنہ	شبیر احمد عثمانی عفا اللہ عنہ	محمد حفظ الرحمن عفا اللہ عنہ

ضروری اطلاع

اکثر خریداران دی پی وصول کرنے کے بعد ہی اخبار کا انتظار کرنے لگتے ہیں ... انتظار کرنے کے بعد شکایتی خطوط کا سلسلہ شروع کر دیتے ہیں حالانکہ اخبار اسی وقت جاری کیا جاتا ہے جب دی پی کی رقم دفتر کو وصول ہو جاتی ہے۔

(منیجر)

سیالکوٹ میں یوم شہید مہرالدین پر فرزندان اسلام کا عدیم النظیر مظاہرہ

جلوس کو روکنے کیلئے حکومت کے عمال کی وحشیانہ حرکات

سات ڈکٹیٹروں کی گرفتاری کے بعد حکومت کو راستہ چھوڑنا پڑا

سیالکوٹ ۲۰ نومبر: سیالکوٹ کی سرزمین میں ایک ہفتہ سے جو واقعات پیش آ رہے ہیں ...

نگار کی تازہ فتنہ نگاری

حیرت انگیز دیدہ دلیری اور بدعہدی

(از مولانا عبدالماجد صاحب دریابادی)

(۲)

(۳)

"تمہاری سنگین کا ڈر ہے نہ ڈوگرے کے تیر کا"

مولانا داود غزنوی کے مقدمہ کا التواء

کورٹ انسپکٹر کی فرعونیت - مولانا کے ہاتھوں میں ہتھکڑی

آرڈیننس کے باوجود کشمیر کو جتھوں کی روانگی

سانگلہ ہل سے ۲۳ رضاکاروں کی گرفتاری

تمام رضاکاروں کو ایک ایک ماہ کی سزا دیدی گئی

جموں میں ایک مسلم گورنر کا تقرر

دلال کمیشن کی سفارشات کو عملی جامہ پہنانے کی سعی

باقی میونسپل کمشنر بھی میدان میں آنیوالے ہیں

رائے دہندگان کی طرف سے اصرار

(مسلم پریس)

ایک مسلم خاتون کا شوق جہاد فی سبیل اللہ

لڑکے کی گرفتاری کے بعد اپنی جان اور لڑکی اور بہو کی پیشکش

مشترکہ بورڈ کی سب کمیٹی کا اجلاس

تحریک کشمیر کو پان اسلام ازم سے کوئی تعلق نہیں ہے

سید صغیر علی قادری

جیش احرار کے قائد کا ارتحال

اللہ کے راستہ میں ایک اور شہادت

ملتان ... انا للہ وانا الیہ راجعون ...

ویلور میں مسلمانان کشمیر کے ساتھ ہمدردی

شہداء کیلئے دعائے مغفرت - مہاراجہ کو انتباہ

جنرل سکریٹری ... ویلور (مدراس)

میرٹھ سے بھی کشمیر کو قافلے روانہ کئے جائیں گے

دربھنگہ میں مظلومین کشمیر کی امداد کیلئے کمیٹی کا قیام

فیڈرل تعمیری کمیٹی کے اجلاس میں گاندھی جی کی زبردست تقریر

فوج اور مالیات پر ہمارا پورا قبضہ ہونا چاہئے

میں مایوس ہو کر ہندوستان کو مصائب کے لئے دعوت دونگا

لندن ۲۵ نومبر فیڈرل تعمیری سب کمیٹی کے اجلاس میں آج مالیات کی بحث میں گاندھی جی نے شرکت کی آپ نے فرمایا کہ اگر صوبجاتی آزادی میری امید کے مطابق ہو تو اس کو قبول کرنے میں جس دیانتداری کے ساتھ بحث کرنے پر معلوم ہوا کہ حکومت کا صوبجاتی آزادی سے جو مطلب ہے وہ میری توقع اور امید کے خلاف ہے پس اب میں دوستوں سے ہدایت چاہتا ہوں ... میں ایسی ذمہ داری ... ملک کو فوج اور مالیات پر قبضہ حاصل ہو جائے ... تو مجھے ... مصائب کے لئے دعوت دینی پڑے گی۔

وزیر ہند کا جواب

اس اجلاس میں سر سیموئل ہور نے فرمایا کہ حکومت برطانیہ ہندوستان سے جو وعدے کئے ہیں وہ پورے کئے جائیں گے۔ آپ کو فیصلہ سنانے کے لئے نہیں بلکہ آپ کے خیالات معلوم کرنے کے لئے بلایا گیا ہے۔ آپ نے جن خیالات کا اظہار کیا ہے ان پر نہایت احتیاط سے غور کیا جائیگا۔

احرار اسلام دہلی کا پہلا قافلہ کشمیر کو روانہ ہو گیا

جامع مسجد میں عظیم الشان جلسہ اور رضاکاروں کا زبردست جلوس

اسٹیشن پر مسلمانوں کا ہجوم

دہلی ۲۵ نومبر کل بعد نماز ظہر جامع مسجد دہلی میں مسلمانان دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا ...

عظیم الشان جلوس

جلسہ کے اختتام کے بعد رضاکاروں کا جلوس مرتب ہوا ...

(نامہ نگار)

مجلس احرار دہلی کی قابل قدر امداد

دہلی کے ایثار پیشہ مسلمانوں کی قابل تقلید مثال

(معاون مدیر)

صلح کیلئے مجلس احرار نے کوئی درخواست نہیں کی

شیخ صادق حسن صاحب ممبر کونسل کا اعلان

لاہور ۲۴ نومبر ایک مقامی مسلم روزنامہ نے یہ اطلاع شائع کی ہے کہ ...

(غلام حسین سیکرٹری مجلس احرار)

دہلی کا قافلہ مع الخیر لاہور پہنچ گیا

الہ آباد کے مسلم طلباء کا ایثار

طلبائے مدرسہ عالیہ فتحپوری دہلی کا ایثار

مجلس احرار اسلام پنجاب کی امداد

صرف سیالکوٹ کے رضاکاروں کی تعداد

جاپان کے خلاف اعلان جنگ کر دیا جائے

منچوریہ کے گورنر کو تختہ دار پر لٹکا دو

جدید آئین میں مسلمانوں کے حقوق

مسلم ایسوسی ایشن کو وائسرائے کا جواب

ناظرین الجمعیۃ کی خدمت میں گزارش

(منیجر)

موتمر اسلامی کی شرکت سے والی حجاز کا انکار

موتمر کا مقام برطانوی اقتدار کے زیر اثر ہے!

(رائٹر)

احراری قیدیوں کی سزاؤں میں تخفیف

مہاراجہ کشمیر کا اعلان

برطانیہ کو امریکہ کا جواب

غیر ملکی مال کی درآمد پر زبردست محصول

راجہ خان فضل خان جموں کے گورنر مقرر ہو گئے

ضلع الہ آباد میں لگان کی معافی

یو پی حکومت کا اعلان

برمی باغیوں اور فوجی دستہ میں مڈبھیڑ

دو باغی ہلاک اور ایک مجروح

مہاراجہ جیپور کا ایک مستحسن فیصلہ

لگان میں ۳۲ لاکھ کی معافی

میواڑ اور مارواڑ میں بیواؤں کی تعداد

گیارہ فیصدی بیوائیں اور رنڈوے

خاص قوانین کو ابھی واپس نہیں لیا جائیگا

ہندوستان کے حالات کے متعلق پارلیمنٹ میں سوال و جواب

لگان کی ادائیگی بند کر دی گئی

الہ آباد کے مزارعین کی کانفرنس کا فیصلہ

ایک نمبردار کو گولی سے اڑا دیا گیا

مجاہد ملت مولانا سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری کا اعلان

یا قومنا اجیبوا داعی اللہ!

امیر شریعت پنجاب مولانا سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری نے ذیل کا بیان بغرض اشاعت ارسال فرمایا ہے۔

پنجاب کے مسلمانوں پر یہ بات واضح ہو چکی ہے کہ حکومت برطانیہ نے بلا وجہ مسلمانوں کی غیرت اور حمیت کو چیلنج دیا ہے۔ اور ایسی حالت میں جب کہ مجلس احرار اسلام پنجاب نے مظلومین کشمیر کی حمایت کا قدم اٹھایا تھا برٹش گورنمنٹ ظالم کی حمایت کیلئے مجلس احرار کے مقابلہ میں اتر آئی ...

فقیر

سید عطاء اللہ شاہ بخاری (امیر شریعت پنجاب)

گول میزی مندوبین سے وزیر اعظم کی ملاقات

اہم مسائل پر گفت و شنید

حکومت اپنا بیان جلد شائع کرے گی

لندن ۲۵ نومبر مسٹر میکڈانلڈ نے آج تمام دن گول میز کانفرنس کے مندوبین سے ملاقات میں صرف کیا تاکہ ان معاملات کے متعلق ان کے خیالات معلوم ہو جائیں جو ابھی تک کانفرنس کے سامنے نہیں آئے ہیں ...

وزیر اعظم کو اختیار دیدیا گیا

حکومت کی پالیسی کا اعلان

انیس احراری رضاکار گرفتار

میونسپل کمشنران کوہاٹ شہر کا الٹی میٹم

ماتحت مجالس احرار اسلام پنجاب کے نام

ضروری ہدایات

محمد صادق
سکرٹری احرار پنجاب

تمام ہندوستان میں سیالکوٹ ڈے منایا جائے

سیالکوٹ کے مجاہدین کی یاد تازہ کی جائے

حکومت کو اپنی پالیسی کا اعلان نہ کرنا چاہئے

نائب وزیر ہند کا برطانیہ کو مشورہ

ہندوستان کو مکمل درجہ مستعمرات دیا جائے

چرچل پر لارڈ اروِن کی نکتہ چینی

گاندھی جی کی واپسی کب ہو گی؟

گول میز کانفرنس کے مسلم مندوبین کا رویہ

فرقہ وارانہ مسئلہ کے تصفیہ کا پرزور مطالبہ

ہندوستان کو مرکزی ذمہ داری عطا کیجائے

وزیر اعظم سے وائسرائے ہند کی سفارش

توپوں اور ہوائی جہازوں سے گولہ باری

چینی اور جاپانی افواج میں دوبارہ جنگ

برطانیہ کو جنرل اسمٹس کا مشورہ

جبر و استبداد سے معاملات حل نہیں ہو سکتے

دوستی کے بعد برطانیہ کیا دینا چاہتی ہے؟

الوداعی دعوت میں ہز ہائینس آغا خان کی تقریر

مجلس وفاقی میں مالیات پر بحث

مالیات کی ذمہ داری ہندوستانی وزیر کے سپرد کیجائے

مختلف مقامات سے جیوش احرار کی روانگی

وزیر اعظم اور دیگر ارکان سے گاندھی جی کی گفتگو

واپس آنے پر گاندھی جی کو گرفتار کر لیا جائیگا

سول نافرمانی دوبارہ شروع کی جائیگی

حکومت ابھی اپنی پالیسی کا اعلان نہیں کریگی

مسئلہ ہند کے متعلق کابینہ کے خلاف توقع اقدام

غیر ملکی اشیاء کی درآمد پر پچاس فیصدی محصول

اپنی بہتری کیلئے انگلستان کی سعی

مندروں میں داخلہ کیلئے اچھوتوں کی کوشش

گڈھ مکتیشر کے میلہ میں ستیہ گرہ کا اعلان

ہم ہندوستان میں امتیازی حقوق نہیں چاہتے

عیسائی مشنریوں کا اعلان

(ایسوسی ایٹیڈ پریس)

حضرات رنگون اور جمعیۃ علماء ہند کی امداد

مولانا احمد اشرف رانديری اور مولانا مفتی اسمٰعیل بن محمد بسم اللہ کی مساعی حسنہ

معطیان کرام کے اسمائے گرامی کی فہرست

حضرات رنگون نے جمعیۃ علمائے ہند کی ہر ضرورت کے موقع پر امداد کی ہے اس مرتبہ جب کہ قرضہ کے بارگراں اور فقدان سرمایہ کے باعث جمعیۃ علمائے ہند موت و حیات کی کشمکش میں مبتلا تھی رنگون کے مخیر اور ہمدرد اسلام مسلمانوں نے دالہٰ تعالیٰ انہیں جزائے خیر دے) اس بروقت اعانت سے جمعیۃ کو پھر اس قابل بنادیا کہ وہ تبلیغ دین متین تنظیم تو مسلمین اور تحفظ حقوق مسلمین کیلئے سرگرم عمل رہ سکے جناب مولانا احمد اشرف صاحب رانديری اور جناب مولانا مفتی اسمٰعیل بن محمد بسم اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء صوبہ برما کی مساعی سے حضرات رنگون نے مبلغ چھ ہزار چار سو روپیہ چندہ دے کر جمع کردیے جن میں سے معطیان کے مشورہ کے بموجب ایک ثلث مقامی جمعیۃ علمائے صوبہ برما کے لئے رکھ لئے گئے اور مصارف ڈاک وغیرہ کے علاوہ مبلغ چار ہزار دو سو چھتر روپے ساڑھے چھ آنے دفتر ہذا کو وصول ہوگئے چونکہ آخری قسط کے ساتھ حضرات رنگون کے چندہ کی فہرست بھی آگئی ہے اس لئے ہم دلی شکریہ کے ساتھ معطیان کرام کے اسمائے گرامی معہ رقم عطیہ درج ذیل کرتا ہوں اور خدائے ذوالجلال کی بارگاہ میں دست بدعا ہوں کہ وہ جمیع معاونین کے کاروبار میں برکت دے اور ان کی اس اعانت کو شرف قبولیت سے نوازے۔ آمین۔

احمد سعید۔ ناظم جمعیۃ علمائے ہند

فہرست اسمائے گرامی معہ رقوم اعانت

مولانا محمد ابراہیم صاحب المدیری
مولانا احمد اشرف صاحب رانديری
مولانا ناظر احمد صاحب تھانوی
مولانا مفتی اسمٰعیل بن محمد بسم اللہ صاحب
مولانا اسمٰعیل صاحب خطیب سورتی
ایم۔ ای داداابھائی سنز
محمد غلام ملا
حسین داؤد جی اچھا
ضیاء الحسن مٹھائی والا
محمد حنیف تاجر کتب
حاجی عبدالرحیم عثمان
سلیمان حاجی برادرس
ابراہیم مومن
حاجی شکور غنی
حاجی ابوبکر جیوا بھائی کمپنی
یوسف قاسم ارغانی
اسمٰعیل ابراہیم مپارا

[illegible]

زکام کھانسی و دمہ خشک و تر

موذی مرض جو بسا اوقات انسان کو گھن کی طرح کھاتی جاتی ہیں اور اگرچہ جب جاتی ہیں مگر جڑ سے نہیں چھوڑتیں ان کو جڑ سے اکھاڑنے کے واسطے کوئی دوائیں ایسی بھی ہیں پنڈت ٹھاکر دت شرما ویدیہ موجد امرت دھارا نے بہت تجربوں کے بعد مندرجہ ذیل ادویات ایجاد کیا ہے جو ہزاروں کو صحت بخش چکی ہیں!

گولی کھانسی | کیسرن | کٹ کینورس | صدری | جیا گیکا | راحت | مرسپ | چوہن شالیہ | گولی کھانسی رتنی

امرت دھارا اوشدالیہ۔ امرت دھارا بھون۔ امرت دھارا سٹرک۔ امرت دھارا ڈاکخانہ۔ لاہور

۱۹۳۲ء کی جنتری پاکٹ ڈائری

چھپ کر تیار ہوگئی ہے

منیجر جنتری پاکٹ ڈائری

تجارت کرو فائدہ اٹھاؤ

سردی کا موسم آگیا ہے حوصلہ کرو۔ امریکہ کے پرانے دسکٹ ہیند، کوٹوں کی گانٹھیں ہم سے منگا کر فائدہ اٹھاؤ اس تجارت سے ایک محنتی آدمی صرف موسم سرما میں سال بھر کی روزی پیدا کرسکتا ہے۔ ہمارا مال صاف ستھرا بنا ہوا پہننے کے موافق ہے۔ نرخ سب سے ارزاں ہے تمام ہندوستان میں مال جارہا ہے کام دیانتداری سے ہوتا ہے۔

نرخ حسب ذیل ہے کرایہ مال گاڑی ہم دیں گے

قسم کوٹ	تعداد فی گٹھڑی	قیمت درجہ اول	قیمت درجہ دوم
مردانہ ہاف کوٹ	100	195/-/-	150/-/-
مردانہ اوورکوٹ	50	180/-/-	140/-/-
اوورچیسٹر کوٹ	50	125/-/-	90/-/-
واسکٹ	300	130/-/-	105/-/-
بچوں کے واسکٹ	300	95/-/-	95/-/-
لڑکوں کے اوورکوٹ	60	120/-/-	85/-/-

امریکن کمرشل کمپنی بمبئی۔ گورنمنٹ سے رجسٹری شدہ

ہمارا تار کا رجسٹری شدہ پتہ

American Bombay

زبدۃ الحکماء حکیم نصرتی صاحب کا بنایا ہوا

طاقت کا بکس

نامردی کا مکمل علاج

جریانی | حب کرشمہ | طلا رشادمانی

منیجر نصرتی دواخانہ چرتھاول مظفر نگر

اکسیر جذام

حافظ اقبال حسین چھیا بھاگلپور

اخبار الجمعیۃ

میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

گرانڈ کلیرنس سیل

دت اینڈ کو ۱۵/۱ اے مانسٹر اسٹریٹ پی او بہٹ کھولا کلکتہ

پانچ سو روپے کا چندن ہار صرف تین روپے میں

ٹریڈ ہاؤس جیولری مرچنٹ اجمیری گیٹ دہلی

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

منیجر گنگا پرشاد گپتا بہار میڈیکل اسٹورس دربھنگہ

سگنل ڈاؤن ہوگیا

ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

ضبط نہ ہوئی تو دانا ہوگی ورنہ شکایت معاف

پیشینگوئی ظہور امام مہدی آخر الزماں و نزول عیسیٰ علیہ السلام

پیشینگوئی کا جب احوال ہویدا ہوگا
کوئی پا جائے گا عزت کوئی رسوا ہوگا
کفر دنیا سے یقین ہے کہ فراری ہوگا
سکہ اسلام کا آفاق میں جاری ہوگا
مومنو پر کرم حضرت باری ہوگا
مورد قہر اک کافر و ناری ہوگا

سرمہ ممیرہ

لگانے والا خضاب یا جوہر شباب

حکیم ڈاکٹر ماجد حسین کارخانہ اکسیر مرت بارہ بنکی (اودھ)

اردو زبان میں غزنوی سلاطین کی پہلی مستند تاریخ

دولت غزنویہ

قیمت تین روپے علاوہ محصول ڈاک

خاندان غزنویہ کے تمدنی، تعلیمی، سیاسی، علمی، تاریخی، عسکری اور جہادی کارنامے مستند تواریخ کے حوالہ سے نہایت سلیس و فصیح اردو زبان میں قلمبند کیے گئے ہیں

سلطان محمود غزنوی

کے حملوں کی علت غائی اور سبب پر تفصیل کے ساتھ بحث کی گئی ہے اور ثابت کیا ہے کہ یہ فاتح اعظم بہترین محاسن و اوصاف کا فرمانروا تھا قیمت

سوانح سلطان صلاح الدین اعظم دو روپے
سوانح شوکت پاشا آٹھ آنے
سوانح مصطفےٰ کمال پاشا تین روپے

محصول ڈاک بذمہ خریدار

مہتمم کتب خانہ دار الادب بھاٹی دروازہ لاہور

واحدی صاحب کا منجن

اکسیر دندان

یہ منجن اس نسخے سے بنایا گیا ہے جو ملا واحدی صاحب ایڈیٹر نظام المشائخ کو ان کی اڈیٹری طب کے زمانہ یعنی ۱۹۱۰ء میں مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں صاحب مرحوم نے عنایت فرمایا تھا اس سے دانتوں اور مسوڑھوں کی تمام خرابیاں اور تکلیفیں رفع ہوجاتی ہیں چودہ پندرہ سال سے واحدی صاحب خود بھی استعمال کرتے ہیں اور اپنے شہر کے ہر خورد و کلاں کو بھی دیتے ہیں ہر شخص اس کا ثناخواں ہے اور اسے سب سے اچھا منجن تسلیم کرتا ہے۔

[illegible]

ملنے کا پتہ: احمد مجتبیٰ منیجر رسالہ نظام المشائخ ۲۲ کوچہ چیلان دہلی

بے روزگاروں کے لئے سنہری موقع

گورنمنٹ آف انڈیا سے تمام ہندوستان کیلئے رجسٹری شدہ ہندوستان میں اس سے بہتر کوئی اور کالج نہیں ہے اس کالج کا پاس شدہ تمام (انڈیا) میں کام کرسکتا ہے کالج ہذا صرف پچاس روپے فیس داخلہ لیکر دو ماہ میں مکمل موٹر ڈرائیوری اور موٹر مستری کا کام سکھا دیتا ہے اور ملازمت کی ذمہ داری بھی لیتا ہے پردیسی طلباء کیلئے رہائش کا بھی اعلیٰ انتظام ہے مکمل حالات معلوم کرنے کے لئے پراسپکٹس مفت طلب کیجئے۔

منیجر دی کیپٹل پریکٹیکل موٹر ٹریننگ کالج حلقہ نمبر ۱ جامع مسجد دہلی

حلفیہ بیان اور سابق مشیر یار ضرغام اللہ خاں کا مدعا

فی زمانہ جھوٹے مکار حکمت سے ناآشنا پیٹ کے مجبور حرصی سارٹیفکیٹوں کے اختیار سے بیمار نامردی کے گلے پر چھری پھیرنے میں دریغ نہیں کرتے ورنہ اصول قدیم اور جدید کی رو سے کسی ایک اکسیر کا نامردی جریان منی سرعت انزال کثرت احتلام کیلئے صحیح ثابت ہونا قطعاً غلط اور سفید جھوٹ ہے ایک اکسیر جلیے دس ہزار کی قیمت سے کیوں نیار نہ کیا ہو لیسے مایوس بیمار خانصاحب کا مجوزہ نقشہ سوالات ہم سے مفت منگوا کر بعد خانہ پری واپس بھیجکر خانصاحب کے تیار کردہ اکسیرات کے استعمال سے قدرت کا نظارہ دیکھیں سولہ ماور زاد باقی ہر قسم اور ہر عمر میں گیا گزرا نامرد بھی دنوں میں مثل جاد و مرد کامل بن سکتا ہے۔ تجربہ شرط ہے المشتہر

منیجر دواخانہ امین الغربا محلہ شاہ نظر راولپنڈی

تارکا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

سہ روزہ

الجمعیۃ دہلی

یداللہ علی الجماعۃ

تاریخہائے اشاعت ہر عیسوی ماہ کی

نرخنامہ اشتہارات

ایک صفحہ (ایک بار)

نصف صفحہ

ایک کالم

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے

سالانہ

ششماہی

سہ ماہی

ممالک غیر کے لئے

سالانہ

ششماہی

نمونہ مفت

فی پرچہ ایک آنہ

معاون محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول ہلال احمد زبیری (بی اے)

جلد ۱۴ | دہلی۔ یوم سہ شنبہ ۲۰ رجب المرجب ۱۳۵۰ھ مطابق یکم دسمبر ۱۹۳۱ء | نمبر ۸۰

جامع مسجد دہلی میں وحدت اسلامی کا پُرجوش مظاہرہ

جیش اسلامی کے پہلے دستے کو مسلمانان دہلی کی جانب سے مبارکباد

جناب مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی بصیرت افروز تقریر

جیل خانہ عزت کا مکان ہے

حجاج بن یوسف ثقفی کا واقعہ

گورنمنٹ سے اثر ہ انفصال

جنگ بدر میں کیا ہوا تھا

مسلمانوں کی گزشتہ تاریخ

کسریٰ کے دربار کا واقعہ

معاصرین کے افکار و آراء

مسلم منذوبین کے کارنامے (ہلال)

علماء حق کی بے بسی (زمزم)

مجلس احرار کے فیصلوں کی تیاریاں

پین اسلام ازم کی کوئی حقیقت نہیں

الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے سلسلے میں سعی فرما کر اپنی علم نوازی اور دینداری کا ثبوت دیجئے۔

(منیجر الجمعیۃ دہلی)

حکیم محمود خاں اعظم اور حکیم اجمل خاں صاحب کے خصوصی مجربات واقعی اکسیر دوائیں جو والیان ملک کو بھی آسانی میسر نہیں انکی عجیب و غریب اور تازہ فہرست مفت منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس دہلی

پیکو آرٹ پریس لاہور کے پنج سورہ شریف اور پارہ اول دنیا بھر میں لاثانی ہیں مفصل حالات اور نمونے کے صفحے آج ہی فہرست ۲۶ منگوا کر مفت ملاحظہ فرمائیں

تین روپیہ چار آنہ میں سچی گھڑیاں مفت



نرملی واچ کمپنی ہاٹ کھولہ کلکتہ

خالص کسٹرآئیل سے تیار کردہ

کیسٹوفین

(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرہ سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹر اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے

بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں

نہایت سائنٹفک طریقہ پر یورپ میں تیار ہوتی ہیں

مرد عورت بچے بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں

گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں

ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں

Castophen Mafg. Co. India Post Box 88 Karachi

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی

اکو پانچ آنہ صرف ایک گھڑیاں مفت



ایل اوکس فورڈ واچ کمپنی ہاٹ کھولہ کلکتہ

انگریزی ادویات ہر قسم کی عمدہ تازہ اور سستی آپ کو

احمد اینڈ کو

بازار بلی ماران دہلی

سے مل سکتی ہیں (منیجر)

مفت

اگر آپ ہمیشہ تندرست جوان اور قوی رہنا چاہتے ہیں تو رسالہ ہمالی منتری

ایک کارڈ لکھ کر مفت منگائیے

منیجر فارمیسی۔ جلال آباد ضلع مظفرنگر (یو۔پی)

مفت! مفت!! مفت!!!

ایس کٹی ہاٹ کھولہ کلکتہ

رسالہ معراج النبی صلی اللہ علیہ وسلم

عمدہ اور قابل اعتماد قرآن مجیدوں کیلئے

دفتر الجمعیۃ دہلی کا پتہ یاد رکھئے

منیجر الجمعیۃ دہلی

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا آسمانہ شنیدہ آتی ہے صحت اور قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے۔ نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت مرد بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں۔ نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی بلا جلد، مجلد پارچہ، مجلد چرم نقرہ علاوہ محصولڈاک دو روپے

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کیلئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ مع علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ چرم

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اسکو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو سن کر اور دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرمایا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب، مولانا شاہ عبدالقادر صاحب، مولانا شاہ ولی اللہ صاحب، حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ من المسطور لکھا گیا ہے۔ علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ دس روپے علاوہ محصولڈاک

